۵۸۷	باپ کی طرف سے برادر کا حج کرے تو بہتر ہے	〃	اگر کسی کے پاس تہبند نہ ہو تو وہ پاجامہ پہن لیوے	۶۰۰	قران کا بیان۔	〃	ہدی کے گلے میں جوتی لٹکانا
〃	بچہ لڑکے کا حج کرنا	〃	جو عورت احرام باندھے وہ منہ پر نقاب نہ ڈالے۔	۶۰۱	تمتع کا بیان۔	〃	اونٹ کے گلے میں پانی لٹکانا
〃	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	〃	احرام میں ٹوپی پہننے کی ممانعت	۶۰۲	احرام کے وقت حج یا عمرہ کا نام نہ لینا	〃	بکریوں کے ہار لٹکانا
		〃	احرام میں عمامہ باندھنے کی ممانعت			613	ہدی کے گلے میں جوتیاں لٹکانا
		〃	احرام میں موزے پہننے کی ممانعت	۶۰۳	دوسری کی نیت پر حج کا احرام باندھنا۔	〃	کیا ہدی کو تقلید کرنی ہے
		〃	جس کو جوتیاں نہ ملیں اوسکو	۶۰۴	اگر عمرہ کا احرام باندھا ہو تو اوس کے ساتھ بھی حج کرسکتا ہے	〃	احرام بندھ جاتا ہے
		〃		۶۰۶	لبیک کیونکر کہے۔	614	ہدی کو اپنے ساتھ لیجانا۔
						〃	ہدی کے جانور پر سوار ہونا۔
						〃	جو چلتے چلتے تھک جاوے وہ

۶۱۴ ہدی کے جانور پر ضرورت کے وقت چڑھنا

۶۱۵ جو شخص ہدی ساتھ نہ لیجا سکے وہ جو کا احرام فسخ کرکے عمرہ کرکے احرام کھول سکتا ہے

۶۱۷ محرم کو کونسا فکا کہانا درست ہے

۶۱۸ جس شکار کا کھانا محرم کو درست نہیں

۶۱۹ محرم شکار کو دیکھکر خوش ہو اور حلال سمجھے اور شکار بتاوے تو اسکا کھانا درست نہیں

۶۲۰ جب محرم شکار کی طرف اشارہ کرے یا خبر دے محرم کو شکار کے تو کیا حکم ہے

" کتنے کتے کا مارنا درست ہے

" سانپ کا مارنا درست ہے

" چوہے کا مارنا درست ہے۔

" گرگٹ کا مارنا درست ہے

۶۲۴ " بچھو کا مارنا درست ہے

" چیل کا مارنا درست ہے

" کوے کا مارنا درست ہے

" جس جانور کا مارنا محرم کو درست نہیں۔

" محرم کو نکاح کرنے کی اجازت

۶۲۲ " محرم کو نکاح کرنیکی ممانعت

" محرم کو پچھنے لگانا۔

" محرم کا کسی بیماری کی وجہ سے پچھنی لگانا

" پاؤں پر پچھنی لگانا۔

" محرم کو اپنے چہیا پر پچھنی

۶۲۶ لگانا کیسا ہے

" محرم کو اگر جوؤں سے تکلیف ہو

۶۲۲ اگر محرم مرجاوے تو اوس کو بیری کے پانی سے غسل دینا

" محرم جب مرجاوے تو کتنی کپڑے ملیں دفن کیا جاوے

" محرم جب مرجاوے تو اوس کے خوشبو لگانا۔

۶۲۳ حج میں امام کے آگے چلنا

" کعبے کو دیکھکر ہاتھ اٹھانا

" کعبے کو دیکھتے وقت دعا کرنا

" مسجد حرام میں شادی پڑھنے کی فضیلت

۶۲۷ کعبے کے بنانے کا بیان

۶۳۲ کعبے کے اندر جانا

" بیت اللہ میں کس جگہ نماز پڑھنا

" حطیم کہاں ہے

۶۳۳ " حطیم میں نماز پڑھنا

۶۳۴ کعبے کے کونوں میں کیا کہنا۔

" بیت اللہ کے اندر اللہ کا ذکر کرنا اور دعا کرنا۔

" کعبے کی دیوار پر منہ اور سینہ لگانا

" کعبہ میں نماز کس جگہ پڑھے

۶۳۵ خانہ کعبہ کے طواف کی فضیلت

۶۲۸ حرم میں سانپ کو مارنا

۶۲۹ گرگٹ کو مارنا۔

" بچھو کا مارنا۔

" چوہے کو حرم میں مارنا۔

" چیل کو حرم میں مارنا

" کوے کو مارنا حرم میں

" حرم کے شکار کو بھگانے کی فضیلت

۶۳۰ " طواف میں باتیں کرنا۔

" طواف میں باتیں کرنا درست ہے

" ہر وقت طواف درست ہے

۶۳۶ بیمار کیونکر طواف کرے۔

" مرد و نکا طواف کرنا عورتوں کے ساتھ

" اونٹ پر سوار ہوکر طواف کرنا

" جو شخص تنہا حج کرے اوس کا طواف۔

" جو شخص عمرہ کا احرام باندھے اوسکا طواف۔

۶۲۷ جو شخص قران کرے لیکن نہ ہی ساتھ نہ لاوے وہ کیا کرے

" قران کرنیوالا کے طواف کرے

۶۳۸ حجر اسود کا بیان

" حجر اسود کا چومنا

" حجر اسود کا چومنا کس طرح ہو سکے تو دیدی

" طواف کیونکر شروع کرے اور

" حجر اسود کو برابر دیکھکر کہاں چلے

" کتنی پھیروں میں دوڑے

۶۳۹ کتنی پھیروں میں چلے۔

" پہلے تین پھیروں میں دوڑ کر چلنا

" حج اور عمرے میں مل کرنا

" حجر اسود سے کیونکر چلے

(۶۲۱) عمرہ کرکے ان کی جاورا اور ازار دھوڈالے

۶۳۹	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمل کیونکر کیا۔	۶۴۵	صفا پر لا الہ الا اللہ کہنا	۶۴۸	آٹھویں تاریخ سے پہلے
۶۴۰	رکن یمانی اور حجر اسود کو ہر پھیری میں چھونا۔	〃	صفا پہاڑ پر اللہ کا ذکر اور دعا کرنا	۶۴۹	ذوالحلیفہ میں خطبہ پڑھنا
〃	حجر اسود اور رکن یمانی پر ہاتھ پھیرنا۔	〃	اونٹ پر چڑھ کے صفا مروہ دوڑنا	〃	تمتع کرنے والا حج کا احرام کب باندھے
〃	دو رکنوں کا چھوڑنا	〃	صفا اور مروہ کے بیچ میں چلنا۔	۶۵۰	منا کا بیان
〃	لکڑی سے حجر اسود کو چھونا	۶۴۶	صفا اور مروہ کے بیچ میں دوڑنا	〃	آٹھویں تاریخ کو امام ظہر کی نماز کہاں پڑھے۔
۶۴۱	حجر اسود پر پہنچ کر اشارہ کرنا	〃	صفا مروہ کے بیچ میں دوڑنا	〃	منا سے عرفات کو جانا
〃	اللہ جل جلالہ نے فرمایا اپنی کپڑے پہنو ہر مسجد کے پاس۔	〃	نالے کے اندر دوڑنا	〃	عرفات کو جاتے ہوئے تکبیر کہنا۔
〃	طواف کی دو رکعتیں کہاں پڑھے	〃	کس مقام پر اپنی اپنی چال سے چلے۔	۶۵۱	عرفات کو جاتے ہوئے لبیک کہنا۔
۶۴۲	طواف کا دوگانہ پڑھ کر کیا کہے	〃	رمل کس جگہ پر کرے	〃	عرفے کے دن کی فضیلت۔
۶۴۳	طواف کے دو گانے میں کونسی سورتیں پڑھے	〃	مروہ پر کس مقام پر کھڑا ہو	〃	عرفے کے دن روزہ رکھنی کی ممانعت۔
〃	زمزم کا پانی پینا۔	۶۴۷	قران و تمتع میں کتنی بار سعی کرے۔	۶۵۲	عرفے کے دن جلدی عرفات پر پہونچنا۔
〃	زمزم کا پانی کہڑے ہو کر پینا۔	〃	عمرہ کرنیوالا بال کہاں کتروائے۔	〃	عرفات میں لبیک کہنا
〃	صفا کی طرف اوسی دروازے سے نکلنا جہاں سے حرم سے نکلتے ہیں۔	〃	کس طرح بال کترے	〃	عرفات میں نماز سے پہلے خطبہ پڑھنا
〃	صفا اور مروہ کا بیان	〃	جو شخص حج کا احرام باندھے اور ہدی ساتھ لیجاوے وہ کیا کرے۔	〃	عرفات کے دن اونٹ پر سوار ہو کر خطبہ پڑھنا۔
۶۴۴	صفا پہ چڑھنے کا بیان	〃	جس شخص نے عمرے کا احرام باندھا ہو اور ہدی لایا ہو وہ کیا کرے۔	〃	عرفات میں مختصر خطبہ پڑھنا۔
〃	صفا پہ تکبیر کہنا			۶۵۳	عرفات میں ظہر اور عصر ملا کر پڑھنا
				〃	عرفات میں ہاتھ اوٹھا کر دعا مانگنا
				۶۵۴	عرفات میں ٹھہرنا فرض ہے
				〃	عرفات سے لوٹتے وقت آہستہ چلنے کا حکم
				۶۵۵	عرفات سے کینکر چلنا چاہیے
				〃	مزدلفے میں دو نمازیں ملا کر پڑھنا
				۶۵۶	عورتوں اور بچوں کو آگے سے اپنے ہکانے بھیجدینا مزدلفے میں تاکہ ہجوم میں اون کو تکلیف نہ ہو۔
				۶۵۷	عورتوں کو مزدلفے سے لوٹنے کی اجازت
				〃	فجر ہونے سے پہلے
				〃	مزدلفے میں فجر کی نماز کس وقت پڑھے
				〃	جس شخص کو مزدلفے میں فجر کی نماز نہ کے ساتھ نہ ملے۔

۶۵۸	مزدلفے مین لبیک کہنا	۶۶۰	چلتے وقت لبیک کہنا	۶۶۱	کس وقت ماری
〃	مزدلفے سے کس وقت تک چلے	〃	کنکریان چنا	۶۶۱	آفتاب نکلنے سے پہلے
〃	ضعیف لوگون کو اجازت	〃	کنکریان کہان سے	〃	کنکریان مارنے کی ممانعت
	ہی کہ مزدلفے مین رات	〃	چنی جاوین۔	〃	عورتون کو آفتاب نکلنے سے پہلے
	ہی کو لوٹ جاوین)	〃	کتنی بڑی کنکریان ماری		کنکریان مارنے کی اجازت
	صبح کی نماز منا مین آکر	۶۶۱	سوار ہوکر کنکریان مارنا	۶۶۲	شام ہوئے پر می کرنا
	پڑہین اسوین تاریخ کو۔		اور محرم پر سایہ کرنا	〃	اونٹ چرانیوالونکی رمی کا بیان
۶۵۹	بطن محسر مین اونٹ	〃	جمرہ عقبہ دسوین تاریخ	〃	جمرہ عقبہ کی رمی کہان سے کرین
	جلدی دوڑانا۔				

۶۶۳	کتنی کنکریان مارے	۶۶۴	کنکریان مارنے کے
〃	ہر کنکری کے ساتھ تکبیر کہنا		بعد دعا کرنا
〃	کنکریان مارتے ہی لبیک	〃	محرم جب کنکریان مار چکی
	موقوف کرنا۔		تو اوس کو کیا درست ہوگا

۶۶۴ حج کے احکام تمام ہوئے

بعونہ تعالیٰ

الحمد للہ علی احسانہ و توفیقہ کہ جلد اوّل کتاب مستطاب دررِ یکتا از تالیف لطیف یگانۂ زمان مولوی الزمان

خلف مولوی سمیع الزمان صاحب مرحوم مسمے

بہ روضۂ خلد

من

خزائن الجنان

اعنی

تفسیر القرآن

باہتمام شیخ محی الدین تاجر کتب شہر لاہور بازار کشمیری فی قد اسد ایماناً کا ملا بماہ رمضان المبارک

سنہ ۱۳۰۱ ہجریہ نبویہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والتحیۃ در مطبع صدیقی واقع لاہور مطبوع گردید

سنن نسائی — جلد اوّل



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی صحاح نعوته لا تحصی وحسان سنته لا تقضی ومشاهیر الطافه لا تخفی وغرایب اعطافه لا تعفی ومعارف فضله لا تنسی ومناکیر بهله لا تکسی وقضا افتداء کلامه المجتبی وقضانا اثار من سله المصطفی اصل علیه وعلی اله المرتضی بعدد من التقط من احادیثه البشری والتفت الی سنته الصغری والکبری وارض عن اصحابه الذین هم لاعلام الهدی نهوا عن النکس وامن التقوی وقووا التضعیف ولم یعدوا واعدوی وعن تابعیهم واتباعهم اولی المعروف والنهی بعمل

حمد و صلوٰۃ کے عرض کرتا ہے فقیر حقیر خادم اہل الحدیث والقرآن وحید الزمان ابن مولوی مسیح الزمان مرحوم غفرلہما الرحمن کہ الحمد جل جلالہ اور غرشانہ کے فضل سے اوائل ۱۲۹۰ ہجری مین سنن ابی داؤد علیہ الرحمۃ کے ترجمے سے فراغت حاصل ہوئی۔ اب منجملہ صحاح ستہ کی تین کتابون کا ترجمہ باقی رہا صحیحین اور سنن نسائی شریف۔ ہرچند کہ اکثر احباب کی خواہش اور میری بھی تمنا یہی تھی کہ اب صحیحین کا ترجمہ شروع کیا جاوے اور سنن نسائی کو صحیحین کے فراغت کے بعد رکھا جاوے لیکن بوجہ پریشانی سفر اور قلت سامان کے مناسب یہی معلوم ہوا کہ پہلے سنن نسائی کا ترجمہ کر دیا جاوے کیونکہ یہ چار ون کتابین یعنی موطا امام مالک اور سنن ابی داؤد اور جامع ترمذی اور سنن نسائی علاوہ مختصر ہونے کے چندان شروح اور حواشی کی احتیاج نہین رکھتین اور صحیحین علاوہ کثیر الحجم ہونے کے شروح اور حواشی اور کثرت سامان اور اطمینان قلب کو چاہتی ہین اور جناب فیضمآب محی السنۃ قامع البدعۃ نواب والاجاہ امیر الملک سید محمد صدیق حسن خان بہادر دام مجدہم کا یہی منشا ہوا کہ مقتضی ہوا اس لیے اللہ پر توکل کر کے سنن نسائی کا ترجمہ شروع کیا یا اللہ جیسی تو نے مجھ ضعیف ناتوان کے ہاتھ سے

ہو طاہر اور سنن ابی داود کو تمام کرایا۔ اسی طرح اس کتاب کو بھی تمام کرادے اور میری بھی کو قبول کرا پنے راہ میں اور میرے بقیہ عمر کو صرف کرا وہی حدیث اور قرآن کی خدمت میں اور میرا خاتمہ بخیر کردے اٰمین یا رب العالمین۔

سنن نسائی کے مؤلف کا بیان

نام اوسکا احمد بن شعیب بن علی بن سنان بن بحر ہے دینوری ہے اور کنیت اوسکی ابو عبد الرحمن ہے۔ پیدایش اوسکی ۲۱۵ یا ۲۱۴ یا ۲۱۲ ہجری میں ہے۔ حافظ ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں لکھا ہے کہ نسائی نے کہا پیدایش میری سنہ ۲۱۵ میں ہوگی۔ کیونکہ پہلی بار جو میں قتیبہ بن سعید پاس علم حدیث حاصل کرنیکو گیا تھا۔ تو ۲۳۵ میں گیا تھا اور ایک سال دو مہینے اوس کے پاس رہا اس صورت میں اوسکی عمر اوسوقت میں بیس کی ہوگی لیکن ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں لکھا ہے کہ وہ قتیبہ پاس علم حدیث حاصل کرنیکو ۲۳۰ ہجری میں گئے اور اوسوقت اوسکی عمر پندرہ برس کی تھی اس حساب سے بھی پیدایش اوسکی ۲۱۵ میں معلوم ہوتی ہے بہر حال اوسکی سنہ ولادت میں اختلاف ہے اور نسائی اوسکی نسبت ہے نسا کیطرف جو ایک شہر تھا خراسان میں اور کبھی اس نسبت میں نسوی بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ ہمزہ واو سے بدل جاتا ہے نسبت میں لیکن مشہور نسائی ہے ساتھ ہمزہ کے اب اختلاف ہے کہ نسائی بالمد ہے یا بالقصر مدودہ یعنے نسائی ملا علی قاری نے مرقاۃ کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ نسائی بفتحتین اور مد کے ساتھ ہے جیسی صاحب جامع الاصول نے لکھا ہے یا بغیر مد جیسی طبقات فقہا میں ہے۔ لیکن اہل حدیث کے دہانوں پر یہ لفظ بغیر مد کے سنا گیا ہے پھر ملا علی قاری نے لکھا کہ نسا ایک شہر ہے خراسان میں مرو کے پاس اور ابن حجر نے جو لکھا ہے کہ نسا بمضافات نیشاپور ہے یا فارس کے ملک میں ہے تو صحیح نہیں ہے اور سمعانی نے انساب میں لکھا ہے کہ نسائی بفتحتین اور سین نسبت ہے نسا کیطرف جو ایک شہر ہے خراسان میں اور مشہور نسبت اس شہر کی طرف نسوی ہے اور نسائی اور میں نے اسمٰعیل بن محمد بن فضل حافظ سے سنا اصفہان میں وہ کہتے تھے میں نے سنا امام مظفر محمد بن احمد بیوردی سے کہ صحیح نسبت نسائی ہے ہمزہ کے ساتھ اور اونہوں نے ایک رسالہ لکھا ہے نسا اور ابیورد کی تاریخ میں اور میں نسا میں گیا اور وہاں چالیس دن تک ٹھیرا اور بہت لوگوں سے حدیث لکھی اور میں نے وہاں کے لوگوں سے سنا کہ اس شہر کا نام نسا اس لیے ہوا کہ ابتدا اسلام میں جب مسلمان اوس شہر کو فتح کرنے گئے تو وہاں کے مرد غائب تھے نری عورتیں ہی عورتیں تھیں اونہوں نے فائز یوں کا مقابلہ کیا لیکن غازیوں نے یہ دیکھکر لڑائی موقوف کی اور کہا ہم نے اس شہر کو نسا میں کھا یعنے تاخیر میں نسا تاخیر اور مہلت کو بھی کہتے ہیں اسیواسطے اوہاں کو بھی لشکر بولتے ہیں کیونکہ اوس کے وصول میں دیر اور مہلت ہوتی ہے) مطلب یہ تھا کہ ہم اس شہر میں لڑائی نہ کرینگے۔ جبتک یہاں کے مرد لوٹ کر نہ آویں جب سے اوس شہر کا نام نسا ہو گیا۔ اور بعضوں نے کہا اوس شہر کا نام نسا اس لیے ہوا کہ جو کوئی اوسمیں جاتا تھا وہاں جاکر اپنے وطن کو بھول جاتا تھا نسا ناخوہ یعنی نہیں ہے واللہ اعلم۔ پھر سمعانی نے کہا اس شہر سے بہت بڑے بڑے لوگ منسوب ہیں اور اون میں سے میں ابو عبد الرحمن احمد بن شعیب بن علی بن بحر بن سنان نسائی جو مصنف

میں کتاب سنن کے اور شام میں اپنے زمانے کے مصر میں انکی وفات کے بعد وہاں انکی تصانیف پھیلیں اور انہوں نے حدیث کی
روایت قتیبہ بن سعید اور علی بن حجر وغیرہ سے کی وفات انکی ۳۰۳ھ میں ہوئی کہے میں جنہوں نے کہا ہے میں نے
حافظ ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں لکھا ہے کہ احمد بن شعیب بن علی بن سنان بن بحر بن دینار نسائی نے جنکی کنیت
ابو عبدالرحمن ہے اور وہ قاضی اور حافظ تھے جنہوں نے کتاب سنن کی لکھی انہوں نے سب سے بہت لوگوں سے جنکی گنتی نہیں
ہو سکتی اور ان میں سے کثیر لوگوں کا بیان اس کتاب میں ہے اور روایت کیا انہوں نے احمد بن نصر نیشاپوری اور ابو شعیب حرانی
سے اور ان سے روایت کیا ان کے بیٹے عبدالکریم اور ابو بکر احمد بن محمد بن محمد بن اسحاق بن سنی نے اور ابو علی حسن بن خضر
سیوطی نے اور حسن بن رشیق عسکری نے اور ابو القاسم حمزہ بن محمد بن علی کنانی حافظ نے اور ابو الحسن محمد بن عبداللہ بن
زکریا بن حیوۃ نے اور محمد بن معاویہ بن احمر نے اور محمد بن قاسم اندلسی نے اور علی بن ابی جعفر الطحاوی اور ابو بکر احمد بن محمد بن
اسحاق السنی نے اور ان لوگوں نے روایت کیا ان سے کتاب السنن کو اور روایت کیا ان سے ابو بشر دولابی نے جو ان کے ہم عصر
تھے اور ابو عوانہ نے اپنی معجم میں اور ابو جعفر طحاوی اور ابو بکر بن الحداد الفقیہ اور ابو جعفر عقیلی اور ابو علی بن ہارون اور
ابو علی نیشاپوری حافظ نے اور بہت لوگوں نے جنکا شمار دشوار ہے اور ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں لکھا ہے کہ نسائی نے
سنا حدیث کو قتیبہ بن سعید اور اسحاق بن راہویہ اور ہشام بن عمار اور عیسی بن حمید اور محمد بن نصر مروزی اور ابو کریب اور
سوید بن نصر اور ان کے برابر والے لوگوں سے خراسان اور حجاز اور عراق اور مصر اور شام اور جزیرہ میں اور بہت عمدہ ہوئی اس
فن میں اور دیکھی تھی معرفت اور اتقان میں اور اسناد کی جانچ میں اور وطن بنایا انہوں نے مصر کو روایت کی ان سے ابو بشر
دولابی اور ابو علی حسین بن محمد نیشاپوری اور حمزہ کنانی اور حسن بن خضر السیوطی اور ابو بکر بن السنی اور ابو القاسم طبرانی
اور محمد بن معاویہ بن احمر اندلسی اور حسن بن رشیق اور محمد بن عبداللہ بن حیوۃ اور بہت لوگوں نے انتہی اور طاعلی قاری نے
مقدمہ مرقاۃ میں لکھا ہے کہ امام نسائی حدیث کے حافظوں میں سے ایک حافظ ہیں اور امام ہیں سنا انہوں نے اسحاق بن راہویہ
اور سلیمان بن اشعث اور محمود بن غیلان اور قتیبہ بن سعید اور محمد بن بشار اور علی بن حجر اور ابو داؤد اور اور لوگوں سے بہت
شہروں اور ملکوں میں اور ان سے بہت لوگوں نے روایت کیا جیسے طبرانی نے اور طحاوی اور ابن السنی نے انتہی +

امام نسائی کی تعریف جو اور محدثین نے کی ہے

حافظ ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں لکھا ہے کہ ابن یونس نے کہا میں نے منصور فقیہ اور احمد بن محمد بن سلامۃ طحاوی سے سنا
وہ دونوں کہتے تھے کہ ابو عبدالرحمن (یعنی نسائی) ایک امام ہیں مسلمانوں کے اماموں میں سے اور محمد بن سعید بادوری نے کہا میں نے
نسائی کا ذکر کیا قاسم مطرز کے سامنے انہوں نے کہا وہ امام ہیں اور لائق ہیں امت کے ابو علی نیشاپوری نے کہا میں نے نسائی سے پوچھا جو مسلمانوں کے اماموں میں سے ہے ایک جگہ کہا کہ نسائی جو امام ہیں حدیث کے بلا اختلاف ایک جگہ لکھا میں نے حدیث کے
اماموں میں سے چار کو دیکھا ان کو اپنے وطن اور سفروں میں دیکھا دو تو نیشاپور میں محمد بن اسحاق اور ابراہیم بن ابی طالب اور ایک مصر میں

نسائی اور ابراہیم بن عبدان اور مامون مصری نے کہا ہم طرطوس کو گئے وہان حدیث کے حافظ ہمین سے بہت لوگ تھے عبد الصمد بن احمد اور مرتد اور ابو الاذان اور کبیر بلجہ وغیرہم اون سے نسائی کو پسند کیا ابو الحسین بن مظفر نے کہا ہمین سے زیادہ مشایخ سے سنا مصر مین وہ اقرار کرتے تھے نسائی کے مقدم ہونیکا اور اونکی امامت کا اور تعریف کرتے تھے اونکے زہد اور عبادت کی رات دن اور اونکی مداومت کی حج اور جہاد اور سنتون کے جاری کرنے پر اور بادشاہ کی صحبت سے پرہیز کرنے پر اور ایسا ہی حال اونکا یہانتک کہ وہ شہید ہوے (خارجیون کے ہاتھ سے) حاکم نے کہا ہمین نے علی بن عمر حافظ سے سنا کئی بار وہ کہتے تھے ابو عبد الرحمن مقدم ہین ہر اکیس پانچ مصریون مین سے جنکو کہ کیے جاتے ہین ساتھ معرفت حدیث کے اور ایکبار مین نے علی بن عمر سے سنا وہ کہتے تھے نسائی مصر کے سب مشایخ مین زیادہ فقیہ تھے اور سب سے زیادہ جانتے تھے صحیح اور سقیم (ضعیف) حدیث کو اور سب سے زیادہ جانتے تھے حدیث کو راویونکو جب وہ اسد رجہ کو پہونچے تو لوگون کو اون سے حسد ہوا وہ رملہ مین گئے وہان اونسے سوال ہوا معاویہ کے فضائل کا اونہون نے معاویہ کے فضائل بیان نہین کیے تو مارا اونکو جامع مسجد مین اونہون نے کہا مجھکو مکے مین لیچلو لوگ لیچلے مگر وہ بیمار ہوگئے تھے آخر اونہون نے انتقال کیا اور وہ قتل ہوئے اور شہید ہوے راضی ہو اون سے اللہ تعالے دار قطنی نے کہا مین نے ابو طالب حافظ سے سنا وہ کہتے تھے کون صبر کرسکتا ہے ابو عبد الرحمن کے برابر اونکے پاس ابن لہیعہ کی ایک ایک روایت موجود تھی مگر اونہون نے بیان نہ کی کیونکہ اون کے نزدیک ابن لہیعہ کی حدیث بیان کرنا اور اوس سے روایت کرنا اچھا نہ تھا دار قطنی نے کہا ابو بکر حداد فقیہ بہت حدیث جانتے تھے لیکن اونہون نے کسی سے روایت نہ کی سوا ابو عبد الرحمن نسائی کے اور کہا کہ مین راضی ہوا اونکی حجت ہونے پر اور اللہ تعالے کے پیچھے مین ابن یونس نے کہا وہ مصر مین بہت پہلے آئے اور وہان حدیثین لکھین لوگون سے اور اون سے لکھین اور لوگون نے اور وہ امام تھے حدیث مین اور ثقہ (معتبر) اور ثبت (بہت پکے) اور حافظ تھے اور یافعی نے مرآۃ الجنان اور عبرۃ الیقظان فی معرفۃ حوادث الزمان مین ۳۰۳ھ کے وقایع مین لکھا ہے کہ اس سال مین وفات پائی حافظ امام حدالایۃ الاعلام صاحب المصنفات ابو عبد الرحمن احمد بن علے نسائی نے جو اپنے زمانے کے امام تھے حدیث مین اور اونکی کتاب السنن مشہور ہے مصر مین ہے اور وہان اونکی تصانیف پھیلین اور اون سے لوگون نے روایتین لین وہ ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن افطار کرتے تھے باوجود اس کے قوت باہ رکھتے تھے اور کثرت جماع سے موصوف تھے اونکی چار بی بیان تھین اور لونڈیان بھی تھین سب بیبیونکے پاس باری باری جاتے تھے انتہی مختصرا۔ اور امام ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ مین لکھا کہ نسائی حافظ امام شیخ الاسلام تھے اونہون نے سفر کیا قتیبہ کیطرف ۲۳۱ھ ہجری مین اوسوقت اون کا سن پندرہ برس کا تھا وہان ایک سال اور دو مہینے رہے اور وہ رہا کرتے تھے رملہ مین جو ایک محلہ تھا مصر کا اور اونکے چہرے پر بڑی ملاحت تھی اور خون کی سرخی اونکے بدن پر نمایان تھی اور باوجود کبر سن کے سبز جامہ پہنتے تھے اونکی چار بی بیان تھین ہر ایک کے پاس باری باری رہتے اور اوس کے ساتھ لونڈیان بھی تھین اور کثیر بڑی بڑی مرغ کھایا کرتے تھے وہ

[illegible]

... کتاب الخصائص ...

[illegible]

... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ...

[illegible]

... تہذیب التہذیب ...

احادیث کو سنن کبریٰ میں روایت کیا صرف یہ نہیں کہتے کہ نسائی نے روایت کیا انتہی مع زیادۃ حافظ جلال الدین سیوطی نے زہر الربی علی المجتبے کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ حافظ ابو الفضل بن طاہر نے شروط الائمہ میں لکھا کہ ابو داؤد اور نسائی کے حدیثیں تین طرح کی ہیں۔ ایک وہ صحیح حدیثیں جو صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں موجود ہیں دوسری وہ صحیح حدیثیں جو صحیحین میں نہیں ہیں۔ لیکن بخاری مسلم کی شرط پر ہیں اور ابو عبد اللہ بن مندہ نے کہا کہ ابو داؤد اور نسائی کے شرط یہ ہے کہ اون لوگوں کی حدیثوں کو نقل کرتے ہیں جنکو چھوڑ دینے پر محدثین کا اتفاق نہیں ہوا۔ لیکن یہ ہے کہ وہ حدیث صحیح ہو بے سند اوسکی متصل ہو نہ اوسمیں انقطاع ہو نہ ارسال (یعنے کوئی راوی بیچ میں سے یا خیر میں سے چھوٹ گیا ہو) تو یہ قسم بھی صحیح میں داخل ہے مگر اوس طریقے پر نہیں ہے جو بخاری اور مسلم کا طریق ہے بلکہ دوسرا طریقہ ہے کیونکہ ہم بیان کر چکے ہیں کہ بخاری اور مسلم نے بحث صحیح حدیثوں کو چھوڑ دیا ہے جنکو وہ جانچتے تھے اسواسطے کہ وہ اونکی شرطوں کے موافق نہ تھیں اس سے لازم نہیں آتا کہ جو حدیث صحیحین میں یا صحاح ستہ میں نہ ہو وہ صحیح نہیں ہے نہ بخاری مسلم نے یہ دعوی کیا ہے کہ ہم نے سب صحیح حدیثوں کو جمع کر دیا ہے اور جو حدیث ہماری کتابوں میں نہ ہو وہ صحیح نہیں ہے پھر جو کوئی حدیث صحیحین کے سوا جامع ترمذی یا سنن ابی داؤد یا سنن نسائی یا سنن ابن ماجہ میں ہو یا ان کے سوا اور حدیث کی کتابوں میں پائی جاوے۔ اور محققین اصل حدیث اوسکو صحیح کہیں تو اوسکو تسلیم کرنا اور اوسپر عمل کرنا ضرور ہے ف تیسری وہ حدیثیں جنکو ابو داؤد اور نسائی نے روایت کیا لیکن اونکی صحت پر یقین نہیں کیا اور اسطرح سے اونکا حال کہدیا کہ پہچانا نہیں جاتا ہے یا ایسا پہچانا جاتا ہے اور اس قسم کی حدیثیں ان لوگوں نے اپنی کتابوں میں اسلیے لکھیں کہ اونکو ایک قوم نے روایت کیا ہے اور اون سے حجت پکڑی ہے پھر اوسمیں جو کچھ عیب تھا وہ بھی بیان کر دیا تاکہ شبہ جاتا رہے اور یہ سب ہے کہ سوا اوسکے اور کوئی صحیح طریقہ اوسحدیث کا اونکو نہیں ملا۔ پس وہ بہتر ہے اون کے نزدیک لوگوں کی قیاس اور اسے ابن الصلاح نے کہا ابو عبد اللہ بن مندہ نے نقل کیا محمد بن سعد باوردی سے وہ کہتا تھا نسائی کا یہ مذہب تھا کہ اوس شخص سے روایت کرتے جس کے چھوڑ دینے پر اتفاق نہ ہوتا حافظ ابو الفضل عراقی نے کہا یہ مذہب ضعیف ہے حافظ ابن حجر نے کہا کہ مراد اس اتفاق سے ایک اتفاق خاص ہے کیونکہ ہر ایک طبقہ راویوں کے جانچنے والوں کا متشدد اور متوسط سے خالی نہیں ہے۔ مثلاً پہلے طبقے میں سے شعبہ اور سفیان ہیں اور شعبہ سخت ہیں سفیان ثوری سے اور دوسرے طبقے میں سے یحیی بن سعید قطان اور عبد الرحمن بن مہدی کہا ہیں اور یحیی سخت ہیں عبد الرحمن سے اور تیسرے طبقے میں یحیی بن معین اور احمد بن حنبل ہیں اور یحیی سخت ہیں ان سے اور چوتھے طبقے میں ابو حاتم اور بخاری ہیں اور ابو حاتم سخت ہیں بخاری سے۔ تو نسائی کا یہ مقصود ہے کہ کوئی راوی تیسرے طبقے کا جبتک سب اوس کے چھوڑ دینے پر اتفاق نہ کریں لیکن جب تک کہیں ایک راوی کو عبد الرحمن بن مہدی چھوڑا نہ جاوے گا جبتک سب اوس کے چھوڑ دینے پر اتفاق نہ کریں لیکن جب تک کہیں ایک راوی کو عبد الرحمن بن مہدی اور ضعیف کہیں اوسکو یحیی القطان مثلاً تو وہ نہ چھوڑا جاویگا اس لیئے کہ یحیی کی سختی معلوم ہے راویوں کے جانچنے میں اسیطرح جو یحیی کے مثل ہے حافظ ابن حجر نے کہا جب یہ بات معلوم ہوئی تو ثابت ہو گیا کہ نسائی کا

مذہب راویوں کے باب میں ما تنسادسیح نہیں ہے جیسے اور لوگوں کا ہے تو بہت راوی ایسے ہیں جن سے ابو داؤد اور ترمذی نے روایت کی ہے لیکن نسائی نے اونسے پرہیز کیا ہے بلکہ نسائی نے بعضے ایسے راویوں سے پرہیز کیا ہے جن سے بخاری اور مسلم نے روایت کی ہے۔ ابوالفضل بن طاہر نے نقل کیا کہ سعد بن علی زنجانی نے ایک شخص سے روایت کی اور اوسکو ثقہ کہا میں نے کہا نسائی نے اوس سے حجت نہیں لی اونہوں نے کہا بیٹا ابو عبدالرحمن کے شرط پر راویوں کے باب میں بخاری مسلم کی شرط سے بھی سخت ہے احمد بن محبوب رملی نے کہا میں نے نسائی سے سنا وہ کہتے تھے جب میں نے سنن جمع کرنیکا قصد کیا تو اللہ جل جلالہ سے استخارہ کیا بعض مشایخ سے روایت کرنیمیں جنکیطرف سے دل میں کچھ شبہ تھا۔ تو استخارہ اونکے چھوڑ دینے پر آیا اسوجہ سے میں بعضی حدیثوں میں اتر گیا اور پہلے بلند تھا اسناد میں ابو علی حافظ ابوطالب احمد بن نصر نے کہا جو شیخ تھے دارقطنی کے کون صبر کرسکتا ہے نسائی کے برابر اون کے پاس ابن لہیعہ کی ایک ایک حدیث موجود تھی مگر اونہوں نے کوئی بیان نہیں کے حافظ ابن حجر نے کہا نسائی کے پاس ایک شخص تھا جو شیعہ سے روایت میں بلند تھا۔ مگر اونہوں نے اوس سے روایت نہ کی سنن میں نہ اور کتابوں میں ابوجعفر بن الزبیر نے کہا سب سے بہتر وہ کتابیں ہیں جنپر بالاتفاق مسلمانوں نے اعتماد کیا اور وہ پانچ کتابیں ہیں صحیح بخاری صحیح مسلم سنن ابی داؤد جامع ترمذی سنن نسائی) اور موطا جو تالیف میں سب پر مقدم ہے اور رتبے میں ان سے کم نہیں ہے اور ان لوگوں کے مقاصد مختلف ہیں صحیحین میں اور طرح کی فوائد ہیں اور ابو داود میں احکام کی حدیثیں اتنی جمع ہیں جو اور کسی کتاب میں نہیں ہیں۔ اور ترمذی میں فنون اور علوم حدیث ایسے ہیں جو اور کتاب میں نہیں ہیں۔ اور نسائی نے سب سے باریک اور عمدہ طریقہ اختیار کیا ہے۔ ابوالحسن معافری نے کہا جب تو دیکھے حدیث کی تخریج کیطرف تو جس حدیث کو نسائی نے نکالا وہ صحت کیطرف زیادہ قریب ہے بہ نسبت اوس کے جسکو سوا نسائی کے اور لوگوں نے نکالا۔ امام ابوعبداللہ بن رشید نے کہا نسائی کی کتاب اوس ہی تمام سنن کی کتابوں میں از روی تصنیف اور تالیف کے اور اونکی کتاب گویا جامع ہے بخاری اور مسلم کے طریقے کو باوجود بیان کرنے طالبوں کے اور حاصل کلام یہ ہے کہ سنن نسائی میں صحیحین کے بعد اور سب کتابوں کی نسبت ضعیف حدیثیں کم ہیں اسیطرح ضعیف اور مجروح راوی کم ہیں اور قریب ہے اس کتاب کے کتاب ابو داؤد اور ترمذی کی اور مقابل اس کے سنن ابن ماجہ ہے جس میں وہ احادیث بھی موجود ہیں جنکو ایسے لوگوں نے روایت کیا کہ اونپر جھوٹ بولنے اور حدیث چوری کی نسبت کی گئی اور بعضے حدیثیں ایسی ہیں جنکو اسی قسم کے راوی روایت کرتے ہیں جیسے حبیب بن ابی حبیب کاتب مالک اور علاء بن عبدالرحمن اور داؤد بن المحبر اور عبدالوہاب بن الضحاک اور اسمٰعیل بن زیاد سکونی اور عبدالسلام بن بچیے وغیرہم اور یہ جو ابن طاہر نے سنن ابن ماجہ کے حق میں ابوزرعہ سے نقل کیا کہ اوس میں تیس حدیثیں ہیں ایسی نہیں ہیں جو ضعف سے خالی ہوں تو یہ ایک حکایت ہے جسکی سند متصل نہیں ہے اور اگر سند ہو بھی تب بھی شاید مراد ابوزرعہ کی اون حدیثوں سے ہو کی جو اوس میں انتخاب درج کی ساقط ہیں۔ یا اونہوں نے اوس کتاب کا ایک ہی جزو دیکھا ہو اور اوس میں

کا بھی حال ہوا اور ابو زرعہ نے اوسکی بہت سی حدیثون پر حکم کیا ہے باطل اور ساقط اور سنکر ہونیکا اور یہ قول ابو حاتم کی کتاب العلل مین۔ محمد بن عاویہ نے نسائی ہی سے روایت کیا اوہنون نے کہا سنن کبریٰ کی سب حدیثین صحیح ہین۔ مگر بعضے حدیثون مین کچھ علتین ہین (جنکو خود نسائی نے بیان کردیا ہے) اور اوسکا منتخب جسکا نام مجتبیٰ ہے بالکل صحیح ہے۔ بعضون نے بیان کیا ہے کہ نسائی نے جب سنن کبریٰ کو تصنیف کیا تو امیر رملہ کو ہدیہ دی اوہنون نے پوچھا اس مین سب حدیثین صحیح ہین نسائی نے کہا نہین تو اوہنون نے کہا صحیح حدیثین الگ کردو نسائی نے مجتبیٰ کو جمع کیا اور مجتبیٰ ہی موجودہ ہے۔ زرکشی نے رافعی کی تخریج مین کہا کہ مجتبیٰ نون سی ہی منقول ہے قاضی تاج الدین سبکی نے کہا سنن نسائی جو صحاح ستہ مین محسوب ہے وہ سنن صغریٰ ہے نہ سنن کبریٰ اور سنن صغریٰ ہی سے لوگ نقل کرتے ہین حافظ ابن حجر نے کہا نسائی کی کتاب کو صحیح کہا۔ ابو علی نیسابوری اور ابن حذی اور دارقطنی اور حاکم اور ابن سندہ اور عبد الغنی بن سعید اور ابو یعلی الخلیلی اور ابن السکن اور ابو بکر خطیب وغیرہم نے اور خلیلی نے ارشاد مین بعض راویون کے حال مین لکھا ہے کہ اوس نے ابو بکر بن السنی سے سنا صحیح نسائی کو اور ابن سندہ نے کہا جن لوگون نے صحیح حدیثونکو نکالا وہ یہ ہین۔ بخاری اور مسلم اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن خزیمہ کا اور ابن حبان نے کہا پانچ کتابون کی صحت پر اتفاق کیا ہے مشرق اور مغرب کے علمانے نووی نے کہا اس سے مطلب یہ ہے کہ صحیحین کے سوا اور تین کتابون کی بھی اکثر حدیثین حجت لینے کے لائق ہین زرکشی نے کہا ان تین کتابونکو یعنی ابو داؤد اور نسائی اور ترمذی کو صحاح اسوجہ سے کہتے ہین کہ اکثر حدیثین اونکی صحیح ہین اور جو ضعیف ہین وہ بھی قریب قریب حسن کے ہین انتہی کلام السیوطی فی زہر الربی علی المجتبیٰ اور کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون مین ہے کہ ابو علی اور حاکم اور خطیب نے کہا سنن نسائی صحیح ہے اور نسائی کی وہ شرط ہے راویون مین جو مسلم کی شرط سے بھی زیادہ سخت ہے اور حمزہ مین ہے کہ ابن الاثیر نے کہا بعض امرا نے امام نسائی سے پوچھا کہ سنن کبریٰ کی سب حدیثین صحیح ہین اوہنون نے کہا نہین اوس امیر نے کہا تو ہمارے لیے صحیح حدیثونکو الگ کردو جب اوہنون نے مجتبیٰ کو بنایا سنن کبریٰ کا خلاصہ کرکے اور جو حدیث سنن کبریٰ کی ایسی تھی جسکی اسناد مین لوگونکو کلام تھا اوسکو چھوڑ دیا نقل کیا اس کو ابن عساکر نے اور ملا علی قاری نے مقدمہ مرقاۃ مین لکھا کہ تاج الدین سبکی نے اپنے شیخ امام ذہبی سے نقل کیا اور اپنے والد شیخ امام سبکی سے کہ نسائی زیادہ تر حافظ ہین مسلم سے اور سنن ابن ماجہ کی بعد صحیحین کے اور کتابونکی نسبت ضعیف حدیثین بہت کم رکھتی ہے۔ بلکہ بعض مشایخ نے کہا کہ وہ سب حدیث کی کتابون سے بہتر اور شرف ہے اور اسلام مین اوسکی مثل کوئی کتاب نہین ہے اور ابن سندہ اور ابن السکن اور ابو علی نیسابوری اور ابن عدی اور خطیب اور دارقطنی نے کہا کہ سنن نسائی کی سب حدیثین صحیح ہین لیکن اس قول مین ضعف اور تامل ہے۔ اور بعض مغرب کے علمانے تعجب کی بات کہی یعنے فضیلت دی اس کتاب

کو صحیح بخاری پر اور شاید یہ فضیلت کسی اور حیثیت سے ہو انتہی خلاصہ کلام یہ ہے کہ علماء محققین کے اقوال سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ سنن نسائی اپنے ہی سنن صغریٰ جسکو مجتبیٰ کہتے ہیں حدیث کی ایک صحیح اور عمدہ کتاب ہے اور صحیحین کے برابر نہ سہی مگر اسمیں کچھ شک نہیں ہے کہ بعد صحیحین کے اسی کتاب کا درجہ ہے پھر ابوداؤد کا پھر ترمذی کا اور لیکن ہو لحاظ تو وہ تو اصل ہی صحیحین کے بھی اور برابر ہی نہیں کر سکتی اوسکی کوئی کتاب تقدم اور اختصار اور علو اسناد میں

امام نسائی کی شہادت کا بیان

کچھ حال تو بالاجمال اوپر ابن حجر کی تحریر سے معلوم ہوا۔ اور مفصل قصہ اونکی شہادت کا یہ ہے کہ جب امام نسائی کتاب الخصائص کی تصنیف سے فارغ ہوئے جسمیں فضائل اور مناقب جناب امیر علیہ السلام کے جمع کیے تھے تو اونہوں نے چاہا کہ اس کتاب کو دمشق کی جامع مسجد میں سنادیں جہاں خارجیوں کا بڑا زور تھا اور مروان بنی امیہ کی حکومت اور سلطنت سے کوئی دقیقہ جناب امیر کے بغض اور توہین میں باقی نہیں رکھتے تھے چنانچہ امام نسائی اس کتاب کو لیکر جامع مسجد میں گئے اور وہاں بیان شروع کیا تھوڑا سا بیان کیا تھا کہ آخر میں ایک شخص بولا تم نے امیر المومنین معاویہ کی فضیلت میں بھی کچھ لکھا ہے اونھوں نے کہا معاویہ کو یہی کافی ہے کہ وہ نجات پاجاویں اونکے فضائل کا کیا ذکر۔ اور ایک روایت میں یہ ہے کہ امام نسائی نے کہا میں تو اونکی کوئی فضیلت نہیں جانتا سوا اس حدیث کے لا اشبع اللہ بطنہ یعنی اللہ اونکا پیٹ نہ بھرے یہ سنکر عوام نے کہا یہ شیعہ ہے اور لاتوں سے اونکو مارنا شروع کیا یہانتک کہ چند ضربیں اون کے بغل اور پسلی میں یا فوطوں میں لگیں جنکی وجہ سے وہ نیم جان ہو گئے اون کے خادموں نے اونکو وہاں سے اوٹھایا اور مسجد سے نکالکر گھر میں لائے امام نسائی نے کہا مجھے اسی وقت مکہ معظمہ روانہ کر دو تاکہ میں مکے میں مروں ایکے جاتے مروں منقول ہے کہ وفات آپ کی مکے میں ہوئی اور صفا اور مروہ کے درمیان میں دفن ہوئے وفات اونکی دوشنبہ ۱۳ صفر یا ۱۳ شعبان ۳۰۳ھ تین سو تین ہجری میں ہوئی دارقطنی نے کہا کہ انہوں نے شہادت پائی اور مکے میں انتقال کیا اور بعضوں نے کہا رملہ میں مرے جو فلسطین کا ملک ہے اور نعش اونکی رملے میں سے مکے لے گئے امام یافعی نے مرآۃ الجنان میں لکھا کہ امام نسائی دمشق کیطرف گئے وہاں اون سے پوچھی گئی فضائل معاویہ کے تو اونہوں نے کہا کیا معاویہ اس پر راضی نہیں ہیں کہ نجات پاویں فضائل کا کیا ذکر ایک روایت میں ہے یہ بھی کہا کہ میں اونکی کوئی فضیلت نہیں جانتا سوا اس حدیث لا اشبع اللہ بطنک کے اور امام نسائی کی مزاج میں تشیع تھا اگلے زمانے میں جب خوارج کا زور تھا اور وہ اہلبیت نبوی سے عداوت رکھتے تھے اور معاذ اللہ اونکی برائی کرتے تھے تو اہل سنت وجماعت جو اہل بیت سے محبت رکھتے ہیں اور اونکی تعظیم کرتے ہیں شیعہ کہلاتے اور ایسا تشیع محمود ہے جسمیں محبت رسول اور آل رسول کی ہو نہ وہ تشیع جسکو رفض کہتے ہیں اور وہ باعث ہوتا ہے سب صحابہ اور بزرگان دین کا تو لوگوں نے انکو مارنا شروع کیا لاتوں سے انکے فوطوں پر یہانتک کہ اونکو نسبج کے باہر کر دیا اور ایک روایت میں ہے کہ پہلے اونکے فوطوں پر مارا پھر اونکو کوٹا اور روندا لوگ

لوگ رملے میں اونکو دفنا کر لیگئے وہیں اونکا انتقال ہوا۔ حافظ ابو الحسن دارقطنی نے کہا کہ نسائی کا امتحان ہوا دمشق میں اونہوں نے کہا مجھے کھینچو مکے میں لوگ لیگئے اور اونہوں نے وفات پائی مکے میں اور دفن ہوئے وہیں بین صفا اور مروہ کے حافظ ابو نعیم نے کہا جب اونکو دشمنوں نے زدوکوب کیا اور وہ اوس تکلیف سے مر گئے اور وہ مقتول ہوئے اونھوں نے ایک کتاب لکھی خصائص حضرت علیؓ کی فضیلت میں لوگوں نے اون سے کہا تم نے کوئی کتاب صحابہ کی فضیلت میں نہیں لکھی اونھوں نے کہا میں دمشق میں گیا وہاں کے لوگوں کو حضرت علیؓ سے منحرف پایا تو میں نے یہ چاہا کہ اللہ اونکو ہدایت کرے اس کتاب سے انتہے کلام ابن یافعی اور تاریخ ابن خلکان میں ہے کہ امام نسائی کی مزار میں تشیع تھا لوگوں نے اونکو مارنا شروع کیا بیل سے میدان تک یہانتک کہ مسجد کے باہر کر دیا اور ایک روایت میں یہ ہے کہ اون کے لوگوں میں اترا اور اونکو روندا پھر وہ رملے میں گئے وہاں اونہوں نے انتقال کیا اور ملا علی قاری نے مرقات میں لکھا کہ امام نسائی دمشق میں گئے اون سے سوال ہوا معاویہ کا تو اونہوں نے علیؓ کو فضیلت دی معاویہ پر لوگوں نے اونکو مسجد سے نکال دیا پھر وہ رملے میں اونہوں نے کہا کہ لائے گئی اور وہاں اونکا انتقال ہوا۔ تہذیب میں لکھا ہے کہ میں لائے گئی اور صفا اور مروہ کے درمیان مدفون ہوئے اور بعض حنافہ نے کہا کہ اہل شام کی تو تکی نا کہا کہ مرے اہل شام نے اون سے فضائل معاویہ کے پوچھے اونہوں نے کہا معاویہ کو نجات پا جانا کافی نہیں ہے فضیلت کیا اور کرایت میں ہے کہ اونہوں نے یہ بھی کہا اونکی تو کوئی فضیلت مجھے معلوم نہیں سوا لا اشبع اللہ بطنہ کے لوگوں نے یہ سنکر اونکو لاتوں سے مارا اور مسجد سے نکالدیا پھر وہ مکے میں اٹھا کر لائے گئی اور وہیں اونکا انتقال ہوا اور وہ مقتول اور شہید ہوئے اور عبد ربہ نے کہا وہ رملے میں ہوئے جو فلسطین کا ایک شہر ہے اور دفن ہوئے بیت المقدس میں اور شریف اونکا وقت اٹھاسی برس کا تھا ایسا ہی کہا ذہبی نے لیکن مصنف نے کہا وہ مکے میں ہوئے ۳۰۳ میں اور وہیں دفن ہوئے سمعانی نے انساب میں کہا کہ اونہوں نے وفات پائی ۳۰۲ میں مکے میں اور بعضوں نے کہا رملے میں اور حافظ ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں لکھا کہ وفات پائی اونہوں نے فلسطین میں پھر کے روز ۱۳ صفر سنہ ۳۰۳ میں اور ذہبی نے اپنی مختصر میں لکھا کہ وہ اٹھاسی برس جیے اور یہ مبنی ہے اوس حساب پر جو ذہبی نے لکھا ہے کہ ولادت اونکی ۲۱۵ میں ہوئی اور جو ولادت اونکی سنہ ۲۱۹ میں ہو تو عمر اونکی وقت وفات کی ۸۴ برس کی ہوگی اور اسنے خوب جانا ہے اصل حال کو اور ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں لکھا کہ نسائی پہلے اخیر عمر میں دمشق کو گئے اونسے سوال ہوا اون سے معاویہ کے فضائل کا اونہوں نے کہا معاویہ کو نجات پا جانا اور برابر برابر اترنا کافی ہے فضائل کا کیا ذکر ہے لوگوں نے یہ سنکر مارنا شروع کیا یہانتک کہ مسجد سے نکالدیا پھر وہاں سے مکے میں لائے گئی وہاں اونہوں نے وفات پائی اس روایت کے موافق مقام وفات اون کا مکہ معلوم ہوتا ہے اور صحیح یہ ہے کہ مقام وفات رملہ ہے۔ لیکن دارقطنی نے کہا کہ وہ جو کہ نکلے تھے لوگوں نے اونکا امتحان لیا دمشق میں اونہوں نے شہادت حاصل کی اور کہا مجھ کو مکے لیچلو پھر مکے میں لائے گئے اور وہاں وفات پائی اور دفن ہوئے درمیان صفا اور مروہ کے اور وفات اون کی شعبان کے

مہینے سنہ ۳۰۳ مین ہوئی اور وہ فقیہ اپنے زمانے کے مشایخ مین اور سب سے زیادہ جانتے تھے حدیث اور رجال کو ابو سعید بن یونس نے
اپنی تاریخ مین کہا کہ نسائی امام حافظ ثبت تھے مصر سے نکلے ذیقعدہ کے مہینے مین سنہ ۳۰۲ مین اور وفات پائی فلسطین مین
رملہ کے روز ۱۳ صفر سنہ ۳۰۳ مین واللہ اعلم و علمہ احکم مترجم کی سند اس کتاب کے مؤلف تک
یہ ہے اجازت دی مجھکو اس کتاب کی میرے شیخ علامہ عالم موحد متبع سنت شیخ احمد بن ابراہیم بن عیسی حنبلی
شرقی نے اونکو اجازت دی شیخ المشایخ عبد الرحمن بن حسن نے اون کو اجازت دی شیخ عبد الرحمن جبرتے
نے اونکو اجازت دی شیخ مرتضے حسینی نے اونکو اجازت دی شیخ عمر بن احمد بن عقیل اور شیخ احمد جوہری نے
اور وہ دونو روایت کرتے ہین شیخ عبد اللہ بن سالم بصری سے اور وہ روایت کرتے ہین ابی عبد اللہ محمد بن
علاء الدین بابلی سے اور وہ شیخ سالم سنہوری سے اور وہ شیخ نجم الدین غیطی سے اور وہ شیخ الاسلام زکریا انصاری
سے اور وہ امام حافظ الاسلام شیخ احمد بن علی بن حجر عسقلانی صاحب فتح الباری سے پھر حافظ ابن حجر
رحمۃ اللہ تعالی روایت کرتے ہین اس کتاب کو برہان الدین ابو اسحاق ابراہیم بن احمد بن عبید الواحد تنوخی
سے اور وہ روایت کرتے ہین ابو العباس احمد بن ہاشم ابن الحجار سے اور وہ شیخ عبد اللطیف قبیطی سے اور وہ
ابو زرعہ طاہر بن محمد طاہر مقدسی سے اور وہ ابو محمد عبد الرحمن بن احمد دونی سے اور وہ ابو نصر احمد بن الحسین
قاضی دینوری سے جنکا لقب کسار شہور ہے اور وہ روایت کرتے ہین حافظ ابو بکر احمد بن محمد بن اسحاق قاضی
دینور سے جو شہور مین ساتھ ابن السنی کے وہ کہتے ہین خبر دی مجھکو اس کتاب کی اوس کے مؤلف حافظ امام احمد
بن شعیب بن علی نسائی نے جنکی کنیت ابو عبد الرحمن ہے راضی ہو اللہ ان سب شایخ اور بزرگوارون سے اور مغفرت کرے انکی
مہاتما میرے اور میری والدہ کی حاجی محمد مسیح الزمان مرحوم و مغفور کے جنہون نے وفات پائی ۹ ذیقعدہ سنہ ۱۲۸۶ ھ روز دوشنبہ کے
ملک بعظمہ مین اور دفن ہوئے جنت المعلی مین اور میرے بھائیون کی اور میرے عزیزون کی اور میرے اور مشایخ اور اوستاذ اور بزرگوارون کے اور میرے تمام
مسلمان بھائیون کے آمین یا رب العالمین ۱۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قال الشیخ الامام العالم الربانی الرحلۃ الحافظ الحجۃ الصمدانی ابو عبد الرحمن احمد بن شعیب
بن علی بن بحر النسائی قال کہا شیخ امام عالم ربانی پیشوا حافظ حجت اللہ ابو عبد الرحمن احمد بن شعیب بن علی بن بحر نسائی نے
تاویل قولہ عز و جل اذا قمتم الی الصلوۃ فاغسلوا وجوھکم وایدیکم الی المرافق تفسیر اللہ جل جلالہ کی اس
قول کی جب تم کھڑے ہو نماز کے لیے تو دھو ڈالو اپنی موہنڈھے اور ہاتھ کہنیون تک ف ظاہر اس آیت سے یہ نکلتا ہے کہ جب نماز
کے لیے کھڑی ہو تو وضو کرو حالانکہ یہ حکم نہین ہے اگر وضو ہو تو پھر وضو کرنا ضرور نہین تو مؤلف نے آیت کی تفسیر حدیث سے
کی یعنی مقصود یہ ہے کہ جب سو کر نماز کے لیے اٹھو تو وضو کرو عن ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم
قال اذا استیقظ احدکم من نومہ فلا یغمس یدہ فی وضوئہ حتی یغسلھا ثلثا فان احدکم

کا یدری این باتت یدہ ترجمہ ابوہریرہ رضی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی شخص تم میں سے سو کر جاگے تو اپنا ہاتھ وضو کے پانی میں نہ ڈالے جبتک اوسکو تین بار دھو لے اس لیے کہ کوئی تم میں سے نہیں جانتا کہ رات کو اوسکا ہاتھ کہاں رہا ہے **باب السواک اذا قام من اللیل** رات کو اوٹھکر مسواک کرنا

حذیفہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام من اللیل یشوص فاہ بالسواک ترجمہ حذیفہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو اوٹھتے تو اپنا منہ صاف کرتے مسواک سے **باب کیف یستاک**

یستاک مسواک کیونکر کرے عن ابی موسی قال دخلت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو یستاک وطرف السواک علی لسانہ وھو یقول عاعا ترجمہ ابوموسے سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس گیا آپ مسواک کر رہے تھے اور کنارہ مسواک کا آپ کے زبان پر تھا اور عاعا کی آواز نکل رہی تھی جیسے قے صاف کر رہے ہو **باب ھل یستاک الامام بحضرۃ رعیتہ** امام اپنی رعیت کے سامنے مسواک کر سکتا ہے

ابی موسی قال اقبلت الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومعی رجلان من الاشعریین احدھما عن یمینی والاخر عن یسارہ ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یستاک فکلاھما یسال العمل قلت والذی بعثک نبیا بالحق ما اطلعانی علی ما فی انفسھما وما شعرت انھما یطلبان العمل فکانی انظر الی سواکہ قلصت شفتہ فقال انا او لن نستعین علی العمل من اراد ولکن اذھب انت فبعثہ علی الیمن ثم اردفہ معاذ بن جبل رضی اللہ عنہما ترجمہ ابوموسے سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا اور میرے ساتھ اشعر (ایک قبیلہ ہے) کے دو شخص اور تھے ایک داہنی اور ایک بائیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسواک کر رہے تھے دونوں نے آپ سے خدمت مانگی (یعنے نوکری قاضی یا عامل کی) میں نے کہا قسم اوس شخص کی جس نے آپ کو سچا پیغمبر کر کے بھیجا اونھوں نے اپنے دل کی بات مجھ سے نہیں کہی نہ مجھے معلوم تھا کہ وہ خدمت چاہتے ہیں گویا میں اوسوقت آپ کی مسواک کو دیکھ رہا ہوں وہ آپ کے ہونٹ کے تلے تھے اور اوپر کا ہونٹ اوٹھ گیا تھا آپ نے فرمایا ہم کبھی اوسکو خدمت نہیں دیتے جو اوس کی درخواست کرے لیکن تو جا (اے ابوموسے یعنے تجھکو خدمت دیں گے) پھر آپ نے ابوموسی کو یمن کا حاکم بنا کر بھیجا اور اونکے ساتھ معاذ بن جبل کو کر دیا (اس حدیث سے یہ نکلا کہ امام اپنی رعیت کے سامنے مسواک کر سکتا ہے) **باب الترغیب فی السواک** مسواک کی فضیلت کا بیان

عائشۃ رضی اللہ عنہا عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال السواک مطھرۃ للفم مرضاۃ للرب ترجمہ ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسواک منہ کے پاک کرنے والی ہے اور اللہ تعالی کی خوشنودی کا سبب ہے (یعنی مسواک کرنے والے کا منہ پاک اور اللہ اوس سے خوش رہتا ہے) **آثار فی السواک**

مسواک کی بڑی تاکید کا بیان عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَكْثَرْتُ عَلَيْكُمْ فِي السِّوَاكِ ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے بہت بیان کیا تم سے مسواک کے بیان میں ف یعنی بہت رغبت دلائی تم کو مسواک کرنے کی اور اکثرت بصیغہ مجہول بھی منقول ہے یعنی مجھ بہت حکم ہوا مسواک کے لیے حکم دینے کا اور اکثرت تم علی اور اکثرت علے بھی منقول ہے

بَابُ الرُّخْصَةِ فِي السِّوَاكِ بِالْعَشِيِّ الصَّائِمِ تیسری پھر گو روزہ دار مسواک کر سکتا ہے عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِيْ لَاَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں اپنی امت پر مشکل نہ جانتا تو میں اونکو ہر نماز کے لیے مسواک کرنیکا حکم کرتا یعنی واجب کر دیتا سنت تو اب بھی ہے کہ ہر نماز یا وضو پر مسواک کرے جب ہر نماز پر مسواک سنت ہوئی تو روزہ دار کو تیسرے پہر میں مسواک کرنا جائز ہوا اس لیے کہ ظہر اور عصر تیسرے پہر میں پڑھی جاتی ہے اَلسِّوَاكُ فِي كُلِّ حِيْنٍ ہر وقت مسواک کرنیکا بیان عَنْ شُرَيْحٍ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ بِاَيِّ شَيْءٍ كَانَ يَبْدَاُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ بَيْتَهُ قَالَتْ بِالسِّوَاكِ ترجمہ شریح بن ہانی سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ سے میں نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت مکان میں داخل ہوتے تو کون سے چیز کے ساتھ آپ شروع کرتے تھے حضرت عائشہ نے کہا آپ مسواک کرنا شروع کرتے ف یعنی جب حضرت گھر میں تشریف لاتے تو پہلے مسواک کرتے یہ بیان مزاج اشرف کے کمال لطافت کی ہی کہ بہت خاموشی یا کثرت کلام سے کچھ منہ میں تغیر آیا ہو تو وہ دور ہو جاوے ذِكْرُ الْفِطْرَةِ الْاِخْتِتَانُ پیدائشی سنتوں کا بیان جیسے ختنہ کرنا عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْفِطْرَةُ خَمْسٌ اَلْاِخْتِتَانُ وَالْاِسْتِحْدَادُ وَقَصُّ الشَّارِبِ وَتَقْلِيْمُ الْاَظْفَارِ وَنَتْفُ الْاِبِطِ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ چیزیں پیدائشی سنت ہیں ایک تو ختنہ کرنا دوسرے زیر ناف کے بال مونڈنا تیسری مونچھ کے بال کترنا چوتھے ناخن کاٹنا پانچویں بغل کے بال دور کرنا یہ پرانی سنتیں ہیں جو گلے انبیاء سے برابر چلی آتی ہیں تَقْلِيْمُ الْاَظْفَارِ ناخن کاٹنا عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسٌ مِنَ الْفِطْرَةِ قَصُّ الشَّارِبِ وَنَتْفُ الْاِبِطِ وَتَقْلِيْمُ الْاَظْفَارِ وَالْاِسْتِحْدَادُ وَالْخِتَانُ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ چیزیں پیدائشی سنت ہیں ایک تو مونچھ کترنا دوسری بغل کے بال اکھاڑنا تیسری ناخن کاٹنا چوتھی زیر ناف کے بال مونڈنا پانچویں ختنہ کرنا نَتْفُ الْاِبِطِ بغل کے بال اکھیڑنا عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَمْسٌ مِنَ الْفِطْرَةِ اَلْخِتَانُ وَحَلْقُ الْعَانَةِ وَ

نَتْفُ الْاِبِطِ وَتَقْلِيمُ الْاَظْفَارِ وَحَلْقُ الْعَانَةِ وَنَتْفُ الْاِبِطِ اَنْ لَا نَتْرُكَ اَكْثَرَ مِنْ اَرْبَعِينَ يَوْمًا

فرمایا پانچ چیزیں تو سنت ہیں ایک تو ختنہ کرنا۔ اور دوسری زیر ناف کے بال مونڈنا۔ تیسری مونچھ کے بال اوکھارنا۔ چوتھی ناخن کا ٹنا۔ پانچویں بغل کے بال اپنا ر یعنے مونڈنا یا کترنا اگر ترشت کرنے میں مونڈنا مونچھ کا بہتر ہے اور بعض علما کے نزدیک کترنا بہتر ہے **حَلْقُ الْعَانَةِ** زیر ناف کے بال لینا **عَنْ**

ابن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پندرہ چیزیں سنت ہیں ناخن کا ٹنا اور مونچھ کترنا اور زیر ناف کے بال لینا (یعنے مونڈنا اونکا ستر ہے) **قَصُّ الشَّارِبِ** مونچھ کترنے کا بیان **عَنْ** زید بن ارقم **اَنَّهُ**

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَمْ يَاْخُذْ شَارِبَهُ فَلَيْسَ مِنَّا ترجمہ زید بن ارقم سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مونچھ کے بال نہ لیوے وہ ہم میں سے نہیں ہے **اَلتَّوْقِيتُ**

فِي ذٰلِكَ ان چیزوں کی مدت کا بیان **عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ وُقِّتَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فِي قَصِّ الشَّارِبِ وَتَقْلِيمِ الْاَظْفَارِ وَحَلْقِ الْعَانَةِ وَنَتْفِ الْاِبِطِ اَنْ لَا نَتْرُكَ اَكْثَرَ مِنْ اَرْبَعِينَ يَوْمًا

وَفِي رِوَايَةٍ اُخْرٰى اَرْبَعِينَ لَيْلَةً ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حد اور مدت مقرر کر دی ہمارے لیے مونچھ کے کم کرنے میں اور ناخن ترشوانے میں اور زیر ناف کے بال مونڈنے میں اور بغل کے بال اکھیڑنے میں یہ کہ چالیس دن سے زیادہ نہ چھوڑیں یا چالیس رات سے زیادہ **قص** اور اس سے کم میں افضل ہے **اِحْفَاءُ**

الشَّارِبِ وَاِعْفَاءُ اللِّحْيَةِ مونچھ کے بال دور کرنا اور داڑھیوں کو بڑھانا **عَنِ** ابن عمر **عَنِ** النبی صلی اللہ علیہ وسلم **اَنَّهُ** قَالَ اَحْفُوا الشَّوَارِبَ وَاَعْفُوا اللِّحٰى ترجمہ ابن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مونچھوں کو کم کرو اور داڑھیوں کو چھوڑ دو کترو یعنے بالکل مت مونڈو جیسے اکثر علما کا قول ہے اور بعضوں کے نزدیک لب سے جسقدر زیادہ ہو اسکو کتر دے **اَلْاِسْتِطَابَةُ حِيْنَ يُرِيْدُ الْحَاجَةَ** حاجت کے لیے دور جانیکا بیان

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي قُرَادٍ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْخَلَاءِ وَكَانَ اِذَا

اَرَادَ الْحَاجَةَ اَبْعَدَ ترجمہ عبد الرحمن بن ابی قراد سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میں پاخانہ کو گیا (جنگل میں بستی کے باہر) اور جب آپ پاخانے کے لیے تشریف لیجانے کا ارادہ کرتے تو دور جاتے (تاکہ لوگوں کی نظر نہ پڑے ستر پر) **عَنِ** الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا ذَهَبَ الْمَذْهَبَ اَبْعَدَ

قَالَ فَذَهَبَ لِحَاجَتِهِ وَهُوَ فِي بَعْضِ اَسْفَارِهِ فَقَالَ ائْتِنِي بِوَضُوءٍ فَاَتَيْتُهُ بِوَضُوءٍ فَتَوَضَّاَ وَمَسَحَ

عَلَى النَّعْلَيْنِ ترجمہ مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب پاخانے کو جاتے تو دور تشریف لیجاتے ایک روز کسی سفر میں آپ حاجت کو تشریف لے گئے

صلی اللہ علیہ وسلم جب پائخانہ کو جاتے تو دور تشریف لیجاتے ایک روز کسی سفر میں آپ حاجت کو تشریف لیگئے تو مجھ سے فرمایا پانی لیکر آ وضو کا میں وضو کا پانی لیکر گیا آپ نے وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا ف ان حدیثوں سے معلوم ہوا کہ اگر جنگل میں حاجت کو جاوے اور وہاں آڑ نہ ہو تو دور جانا بہتر ہے تاکہ کسی کی نظر نہ پڑے اور آڑ یا پردہ ہو تو نزدیک جانے میں بھی کچھ قباحت نہیں ہے **اَلرُّخْصَةُ فِيْ تَرْكِ ذٰلِكَ** حاجت کے لیے دور نہ جانیکا بیان **عَنْ** حُذَيْفَةَ قَالَ كُنْتُ أَمْشِيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْتَهٰى إِلٰى سُبَاطَةِ قَوْمٍ فَبَالَ قَائِمًا فَتَحَيَّتُ عَنْهُ فَدَعَانِيْ وَكُنْتُ عِنْدَ عَقِبِهٖ حَتّٰى فَرَغَ ثُمَّ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ

ترجمہ حذیفہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میں میں چلا جاتا تھا یہاں تک کہ آپ ایک قوم کے گھورے پر پہونچے تو آپ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا (تاکہ گھوریکی نجاست چھینٹے میں لگ نہ جاوے) میں آپ سے ہٹ گیا آپ نے مجھکو بلایا تو میں آپ کے ایڑیوں کے پاس کھڑا رہا یہاں تک کہ آپ فارغ ہوئے پھر وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا ف آپ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا اسوجہ سے کہ آپکی پشت میں درد تھا اور قاضی حسین نے اپنی تعلیق میں کہا کہ اہل عراق نے اس کی عادت کرلی ہے کہ ہر سال اکثر بار کھڑے ہو کر پیشاب کرتے ہیں اس سنت پر عمل کرنیکی لیے اور ایک قول یہ ہے جو بیہقی نے روایت کیا کہ آپکے گھٹنوں میں کوئی مرض تھا اسوجہ سے کھڑے ہو کر پیشاب کیا حافظ ابن حجر نے کہا اگر یہ روایت صحیح ہو تو سب توجیہوں سے بے پروائی ہوگی لیکن ضعیف کیا اوسکو دارقطنی اور بیہقی نے اور ایک قول یہ ہے کہ وہاں جگہ نہ تھی بیٹھنے کی سبب لاچاری سے آپ کھڑے رہے۔ کیونکہ سامنے کا کنارہ گھوری کا اونچا ہوگا ماوردی اور قاضی عیاض نے کہا کہ آپ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا تاکہ دوسری جانب سے حدث نہ نکلنے پر اطمینان ہو اور یہ اطمینان بیٹھنے میں نہیں ہوتا۔ اور نووی نے کہا آپ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا تاکہ معلوم ہو کہ کھڑے ہو کر پیشاب کرنا درست ہے اور ابن حجر نے اسی کو ترجیح دی۔ اور منذری نے ایک چھٹی توجیہ کی وہ یہ ہے کہ وہاں گیلی نجاست ہوگی اور قوم آپ کو خوف ہوا کہ بیٹھ کر پیشاب کرینگے وہ اپنے اوپر نہ اوڑھے ابن سید الناس نے شرح ترمذی میں کہا کہ کھڑے ہو کر بھی خوف تھا بلکہ زیادہ تھا اور یہ وجہ تیسری وجہ کیطرف رجوع کرتی ہے اور ابو عوانہ اور ابن شاہین نے کہا یہ منسوخ ہے واللہ اعلم **ذِكْرُ النَّبِيِّ عَلَى الْمُجْتَبٰى السُّيُوْطِيِّ**

اَلْقَوْلُ عِنْدَ دُخُوْلِ الْخَلَاءِ پائخانے جاتی وقت کیا کہے **عَنْ** أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ قَالَ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب پائخانہ کے لیے تشریف لیجاتے تو فرماتی یا اللہ مقرر میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں بھوتوں اور چڑیلوں سے (دونو شیطان کی قسم ہیں) **اَلنَّهْيُ عَنِ اسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ عِنْدَ الْحَاجَةِ** پائخانہ یا پیشاب کیوقت قبلہ کیطرف منہ کرنیکی ممانعت **عَنْ** أَبِيْ أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيِّ وَهُوَ بِمِصْرَ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ مَا أَدْرِيْ كَيْفَ أَصْنَعُ بِهٰذِهِ الْكَرَابِيْسِ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا ذَهَبَ أَحَدُكُمْ إِلَى الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ فَلَا يَسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ وَلَا يَسْتَدْبِرْهَا

ترجمہ ابوایوب انصاری سے روایت ہے جب وہ مصر میں تھے تو کہتے تھے قسم خدا کی میں نہیں جانتا کیا کروں ان پاخانوں کو جو لوگوں نے بنا رکھے ہیں قبلہ کی طرف اور مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی پاخانہ یا پیشاب کے لیے جاوے تو قبلہ کی طرف منہ نہ کرے اور نہ پیٹھ کرے اوسکی طرف (زہری شعر میں ہے یا جنگل میں یہی قول ہے ابوحنیفہ اور ایک طائفہ کا) **الْنَّهْيِ عَنِ اسْتِقْبَالِ بَيْتِ الْقِبْلَةِ عِنْدَ الْحَاجَةِ**

پیشاب پاخانے کے وقت قبلہ کی طرف پیٹھ کرنے کی ممانعت کا بیان **عَنْ أَبِي أَيُّوبَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ** قَالَ لَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ وَلَا تَسْتَدْبِرُوهَا بِغَائِطٍ أَوْ بَوْلٍ وَلٰكِنْ شَرِّقُوا أَوْ غَرِّبُوا ترجمہ ابوایوب انصاری سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ قبلہ کی طرف منہ کرو اور نہ اوسکی طرف پیٹھ کرو پاخانہ پیشاب کی حالت میں مگر پورب یا پچھم کی طرف منہ کرو یہ حکم مدینہ والوں کے لیے خاص ہے اس لیے کہ وہاں پر قبلہ دکھن کی طرف ہے ہندوستان کا قبلہ پچھم کی طرف ہے تو یہاں اوتر یا دکھن بیٹھنا چاہیے **الرُّخْصَةِ فِي اسْتِقْبَالِ الشَّرْقِ وَالْغَرْبِ عِنْدَ الْحَاجَةِ** پاخانہ پیشاب کیوقت پورب یا پچھم کی طرف منہ کرنیکا حکم **عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ** رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتَى أَحَدُكُمُ الْغَائِطَ فَلَا يَسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ وَلٰكِنْ لِيَشْرُقْ أَوْ لِيَغْرُبْ

ترجمہ ابوایوب انصاری سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی بیت الخلا ضرور کو جاوے تو قبلہ کے سامنے نہ بیٹھے بلکہ پورب یا پچھم کی طرف بیٹھے (کیونکہ مدینہ کا قبلہ اوس طرف نہیں ہے اور جہاں کا قبلہ پچھم ہو وہاں اوتر یا دکھن کی طرف بیٹھنا چاہیے) **الرُّخْصَةِ فِي ذٰلِكَ فِي الْبُيُوتِ** گھروں کے اندر حاجت کیوقت قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ کرنا درست ہے **عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ** قَالَ لَقَدْ ارْتَقَيْتُ عَلَى ظَهْرِ بَيْتِنَا فَرَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى لَبِنَتَيْنِ مُسْتَقْبِلَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ لِحَاجَتِهِ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے میں اپنے گھر کی چھت پر چڑھا تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا دو اینٹوں پر بیٹھے ہوئے حاجت کرتے اور بیت المقدس کیطرف تمہارا تو پیٹھ کیطرف ہوگی اس لیے کہ بیت المقدس مدینہ سے جانب شمال میں ہے۔ اسحٰق شیخ امام بخاری نے دلیل پکڑی اور کہا کہ گھروں میں حاجت کیوقت کعبہ کی طرف منہ یا پیٹھ کرنا منع نہیں ہے **بَابُ النَّهْيِ عَنْ مَسِّ اللَّكَرِ بِالْيَمِينِ عِنْدَ الْحَاجَةِ** حاجت کیوقت ذکر کو داہنے ہاتھ سے چھونا منع ہے بلکہ بائیں ہاتھ سے چھوئے **عَنْ أَبِي قَتَادَةَ** أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا بَالَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَأْخُذَنَّ ذَكَرَهُ بِيَمِينِهِ ترجمہ ابوقتادہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی پیشاب کرے تو اپنا ذکر داہنے ہاتھ سے نہ پکڑے دوسری روایت میں یوں ہے **عَنْ أَبِي قَتَادَةَ** قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْخَلَاءَ فَلَا يَمَسَّ ذَكَرَهُ بِيَمِينِهِ ترجمہ یہ فرمایا آپنے جب تم میں سے کوئی پاخانہ میں جاوے تو اپنا ذکر داہنے ہاتھ سے

الرخصة في البول في المخرجة قائما جنگل مین کھڑے ہو کر پیشاب کرنا درست ہے عن حذيفة ان
رسول الله صلى الله عليه وسلم اتى سباطة قوم فبال قائما ترجمہ حذیفہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم ایک قوم کے کوڑے پر تشریف لائے اور وہان پر کھڑے ہو کر پیشاب کیا عن حذيفة قال ان رسول
الله صلى الله عليه وسلم اتى سباطة قوم فبال قائما ترجمہ حذیفہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم ایک قوم کے کوڑے پر تشریف لائے اور آپ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا عن حذيفة ان النبي صلى الله عليه
وسلم اتى سباطة قوم فبال قائما ترجمہ حذیفہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک قوم کے
کوڑے پر گئے اور کھڑے ہو کر پیشاب کیا سلیمان نے اتنا زیادہ کیا کہ صحیح کیا اپنے موزوں پر۔ البول في
البيت جالسا کھر مین بیٹھ کر پیشاب کرنا چاہیے عن عائشة قالت من حدثكم ان رسول الله صلى
الله عليه وسلم بال قائما فلا تصدقوه ما كان يبول الا جالسا ترجمہ ام المومنین حضرت عائشہ سے
روایت ہے جو کوئی تم سے بیان کرے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو کر پیشاب کرتے تھے تو اوسے سچا نہ جانو۔
اس لیے کہ آپ کبھی بیٹھے بغیر پیشاب نہ کرتے ف یہ روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا کہ یہ روایت سب سے
بہتر ہے اس باب مین اور صحیح ہے اور حاکم نے کہا کہ صحیح ہے شیخین کے شرط پر مگر شیخ ولی الدین نے کہا کہ شریک اس کے اسناد
مین ضعیف ہے البول الى سترة يستتر بها کسی چیز کو سامنے رکھکر اوسکی آڑ مین پیشاب کرنے کا بیان
عن عبد الرحمن بن حسنة قال خرج علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم وفي يده كهيئة
الدرقة فوضعها ثم جلس خلفها فبال اليها فقال بعض القوم انظروا يبول كما تبول
المرأة فسمعه فقال او ما علمت ما اصاب صاحب بني اسرائيل كانوا اذا اصابهم شيء
من البول قرضوه بالمقاريض فنهاهم صاحبهم فعذب في قبره ترجمہ عبد الرحمن
بن حسنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف نکلے (یعنی تشریف لائے) اور آپ کے ہاتھ مین
ڈال کی طرح ایک چیز تھی تو آپ نے اوس کو رکھا (یعنی اپنے سامنے) اور اوس کے پیچھے بیٹھ کر اوسی کی آڑ مین آپنے
پیشاب کیا تو قوم کے بعض شریر کہن نے کہا کہ انکی طرف تو دیکھو یہ عورتون کا سا پیشاب کرتے ہین (یعنے
جیسے عورتین کمال حیا سے پردہ مین کرتی ہین) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سنکر فرمایا کیا تو اوس چیز
کو نہین جانتا جو بنی اسرائیل کے رفیق کو پہونچی (یعنے بنی اسرائیل مین ایک شخص کو پہلے یہ بات معلوم نہ تھی
کہ سبب سے عذاب پہونچتا) بنی اسرائیل کے عادت تھی کہ جہان کہین اونہون پیشاب لگ جاتا
تو اپنے بدن کو قینچی سے کتر ڈالتے (یعنے چھیل ڈالتے) تو اون کے ساتھی نے انہین
منع کیا تو وہ اپنی قبر مین

بذاب کیا گیا ف بنی اسرائیل کے شریعت مین نہا کہ اگر بدن کو نجاست لگجاتی تو اوسکو گوشت چمڑی ناخنے اور کپڑے مین
لگ جاتی تو اوسکو کاٹکر پھینک دیتے اگرچہ یہہ بات اونکی شریعت مین پسندیدہ تھی مگر ہر حال مین خلاف عقل معلوم ہوتی
تھی کہ اوسکے لیے جو زخم جان اور مال زوال کا ہے بہتر جیسی بات کے منع کرنے پر وہ عذاب کیا گیا تو جیسا کے منع کرنے
مین بطریق اولی عذاب کے لائق ہین کیونکہ پردہ اور حیا کرنی شریعت اور عقل اونکو ان باتون سے بہتر منع کرتی ہے

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قَبْرَيْنِ فَقَالَ اِنَّهُمَا يُعَذَّبَانِ وَمَا
يُعَذَّبَانِ فِيْ كَبِيْرٍ اَمَّا هٰذَا فَكَانَ لَا يَسْتَتِرُ مِنْ بَوْلِهٖ وَاَمَّا هٰذَا فَاِنَّهٗ كَانَ يَمْشِيْ بِالنَّمِيْمَةِ ثُمَّ دَعَا بِعَسِيْبٍ رَطْبٍ فَشَقَّهٗ بِاثْنَيْنِ فَغَرَسَ عَلٰى هٰذَا وَاحِدًا ثُمَّ قَالَ لَعَلَّهٗ
يُخَفَّفُ عَنْهُمَا مَا لَمْ يَيْبَسَا ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم دو قبرون پر تشریف
اور فرمایا یہہ دونو قبر کے مردے عذاب کیے جاتے ہین اور ایسی کچھ بہت بڑی بات کے لیے اون پر عذاب نہین ہوتا ہے
یہہ تو پیشاب سے نہ بچتا تھا اور یہہ لیتے دوسرا چغل خوری کیا کرتا تھا پھر آپنے ایک کھجور کی تازہ ڈالی منگوائی اور اوسکے
اوسون آدھ سے چیرا اور ہر ایک کے قبر پر ایک ایک شاخ گاڑدی اور فرمایا کہ شاید کہ جبتک یہہ خشک نہ ہون تبتک
اونکے عذاب مین تخفیف ہووے ف یہہ اوسکو وحی سے معلوم ہوا ہوگا اور بعضون نے کہا کہ جبتک درخت ہری رہتی ہے
وہ اللہ کی تسبیح کرتا ہے تو تسبیح کی وجہ سے عذاب مین تخفیف ہوگی خطابی نے کہا یہہ کام اور کسی سے نہین ہوسکتا کہ قبر پر ہری
شاخین گاڑدے بلکہ یہہ خاصہ ہمارے رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا باب البول فی الاناء یعنی برتن مین پیشاب
کرنیکا بیان عَنْ اُمَيْمَةَ بِنْتِ رُقَيْقَةَ قَالَتْ كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدَحٌ مِّنْ عِيْدَانٍ
يَبُوْلُ فِيْهِ وَيَضَعُهٗ تَحْتَ السَّرِيْرِ ترجمہ امیمہ بنت رقیقہ سے روایت ہے ایک لکڑی کا پیالہ رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم کے لیے تھا آپ اوس مین پیشاب کرتے اور تخت کے نیچے رکھدیتے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گھر مین برتن کے اندر پیشاب
کرنا درست ہے باب البول فی الطشت طشت کے اندر پیشاب کرنیکا بیان عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ
النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْصٰى اِلٰى عَلِيٍّ لَقَدْ دَعَا بِالطَّسْتِ لِيَبُوْلَ فِيْهَا فَانْخَنَثَتْ
نَفْسُهٗ وَمَا شَعَرَ فَاِلٰى مَنْ اَوْصٰى ترجمہ ام المومنین حضرت عائشہ سے روایت ہے لوگ کہتے ہین کہ رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم نے وصیت کی حضرت علی کو یعنی اپنی خلافت کو اپنا وصی بنایا مرض موت مین حالانکہ آپنے طشت منگوایا
اوسمین پیشاب کرنیکو تو آپکا بدن ادھر ادھر ہو گیا اور آپکو خبر نہ ہوئی بیماری کی شدت سے پھر بھلا کسکو وصیت کی دیتے
آپکو ہوش کہان تھا وصیت کرنیکا باب البول فی المحش یعنی سوراخ مین پیشاب کرنیکی ممانعت عَنْ
عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِيْ جُحْرٍ قَالُوْا
لِقَتَادَةَ مَا يُكْرَهُ مِنَ الْبَوْلِ فِي الْجُحْرِ قَالَ يُقَالُ اِنَّهَا مَسَاكِنُ الْجِنِّ ترجمہ عبد اللہ بن سرجس سے روایت ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص تم میں سے سوراخ میں پیشاب نہ کرے لوگوں نے کہا قتادہ سے کہا کیا وجہ ہے جو سوراخ میں پیشاب کرنا مکروہ ہوا انہوں نے کہا لوگ کہتے ہیں سوراخوں میں جن ہیں ف سوراخ میں پیشاب کرنا اسلیے منع ہوا کہ سانپ بچھو وغیرہ سوراخ سے نکلکر ایذا نہ پہونچاویں بعضوں نے کہا کہ سوراخ میں جن بھی رہا کرتے ہیں پس آنحضرت سعد بن عبادہ کو اسی وجہ سے ایک جن نے مار ڈالا **النہی عن البول فی الماء الراکد** ٹھہرے ہوئے پانی کے اندر پیشاب کرنا منع ہے **عن** جابر عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ نھی عن البول فی الماء الراکد ترجمہ جابر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے بہتے پانی میں پیشاب کرنے سے یعنے جو پانی بہتا نہ ہو اسمیں پیشاب نہ کرنا چاہیے ایسا نہ ہو کہ پانی اوچھا ہونے میں پیشاب آنے لگے **کراہیۃ البول فی المستحم** غسل خانے میں پیشاب کرنیکی ممانعت **عن** عبد اللہ بن مغفل عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یبولن احدکم فی مستحمہ فان عامۃ الوسواس منہ ترجمہ عبد اللہ بن مغفل سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی تم میں سے اپنے غسل خانہ میں پیشاب نہ کیا کرے اس لیے کہ اکثر اسی سے وسواس پیدا ہوتی ہیں دل میں خیال آتا ہے کہ یہاں پیشاب کیا تھا اب پانی میں چھینٹیں اوڑیں ہونگی پھر نہانا چاہیے **السلام علی من یبول** جو شخص پیشاب کر رہا ہو اوراسکو کوئی سلام کرے **عن** ابن عمر قال مر رجل علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو یبول فسلم علیہ فلم یرد علیہ السلام ترجمہ ابن عمر سے روایت ہے ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سے گزرا آپ پیشاب کر رہے تھے اوسنے آپکو سلام کیا آپ نے سلام کا جواب نہ دیا جب استنجا کرکے وضو سے فارغ ہوئے تو سلام کا جواب دیا **رد السلام بعد الوضوء** وضو کرکے سلام کا جواب دینا **عن** المھاجر بن قنفذ انہ سلم علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو یبول فلم یرد علیہ السلام حتی توضا فلما توضا رد علیہ ترجمہ مہاجر بن قنفذ سے روایت ہے اوس نے سلام کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ پیشاب کر رہے تھے آپ نے سلام کا جواب نہیں دیا یہانتک کہ وضو کیا پھر جب وضو سے فارغ ہوئے تو اوسکے سلام کا جواب دیا **النہی عن الاستطابۃ بالعظم** ہڈی سے استنجا کرنے کی ممانعت **عن** عبد اللہ بن مسعود ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نھی ان یستطیب احدکم بعظم او روث ترجمہ عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہڈی اور لید کے ساتھ استنجا کرنے سے کیونکہ ہڈی جنوں کی خوراک ہے اور لید گوبر اونکے جانوروں کی خوراک ہے **النہی عن الاستطابۃ بالروث** لید سے استنجا کرنیکی ممانعت **عن** ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انما انا لکم مثل الوالد اعلمکم اذا ذھب احدکم الی الخلاء فلا یستقبل القبلۃ ولا یستدبرھا ولا

وَلَا يَسْتَنْجِي بِمَيْتَةٍ وَكَانَ يَأْمُرُ بِثَلَاثَةِ أَحْجَارٍ وَيَنْهَى عَنِ الرَّوْثِ قَالَ الدَّارَقُطْنِيُّ ترجمہ ابوہریرہ
سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوائے اس کے نہیں کہ میں تمہارے لیے بمنزلہ باپ
کے ہوں (اپنے مسئلہ اور نصیحت کے باب میں) تو میں تمہیں سکھلائے دیتا ہوں کہ جب تم میں سے کوئی پاخانہ
کرنے جاوے تو قبلہ کے سامنے اپنا مونھ نہ کرے اور نہ پیٹھ اوسطرف کرے اور نہ داہنی ہاتھ سے استنجا کرے اور آپ
ہمیں تین پتھر وں کا حکم فرماتے (یعنے تین پتھروں سے استنجا کرنے کے لیے) اور ہڈی اور لید سے استنجا کرنے
کو آپ منع فرماتے تھے (کیونکہ لید خود نجس ہے اور ہڈی کھانے کی چیز ہے) اَلَّذِي يَجُوزُ فِيهِ الِاسْتِجْمَارُ
وَالِاسْتِطَابَةُ بِأَقَلَّ مِنْ ثَلَاثَةِ أَحْجَارٍ مِنْ ثَلَاثَةِ سِيَلَانٍ سے کم لینا استنجا میں منع ہے (سبب میں سے کم زمین صفائی نجاست کے
اور جو پورا جاوے تو درست ہے) عَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَالَ لَهُ رَجُلٌ أَرَأَيْتَ صَاحِبَكُمْ يُعَلِّمُكُمْ حَتَّى الْخِرَاءَةَ قَالَ
أَجَلْ نَهَانَا أَنْ نَسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ بِغَائِطٍ أَوْ بَوْلٍ وَنَسْتَنْجِيَ بِأَيْمَانِنَا أَوْ نَكْتَفِيَ بِأَقَلَّ مِنْ ثَلَاثَةِ أَحْجَارٍ
ترجمہ سلمان سے روایت ہے ایک شخص نے اون سے کہا تمہارے صاحب نے تم کو سب چیز میں سکھائیں (یہانتک کہ پاخانہ کرنا بھی
سکھلایا) یہ ایک کافر نے کہا سلمان سے جو تحقیر کی نیت سے کہتا تھا) سلمان نے جواب دیا بیشک سکھلایا ہم کو پاخانہ پھرنا
منع ہے ہمیں پاخانے پیشاب کی حالت میں قبلہ کیطرف مونھ کرنے اور داہنے ہاتھ سے استنجا کرنے اور تین پتھر سے کم میں استنجا
کرنے سے اوس کافر نے شہر کے حوری سلمان پر طعن کیا سلمان نے حکیمانہ جواب دیا اور اوس کے شحی کیطرف خیال
نہیں کیا اَلرُّخْصَةُ فِي الِاسْتِطَابَةِ بِحَجَرَيْنِ دو ڈھیلوں سے استنجا کرنیکی اجازت عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ
أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغَائِطَ فَأَمَرَنِي أَنْ آتِيَهُ بِثَلَاثَةِ أَحْجَارٍ فَوَجَدْتُ حَجَرَيْنِ وَالْتَمَسْتُ
الثَّالِثَ فَلَمْ أَجِدْهُ فَأَخَذْتُ رَوْثَةً فَأَتَيْتُ بِهِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذَ الْحَجَرَيْنِ وَأَلْقَى
الرَّوْثَةَ وَقَالَ هَذَا رِكْسٌ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الرِّكْسُ طَعَامُ الْجِنِّ ترجمہ عبداللہ سے روایت ہے رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاخانہ کیلیے تشریف لے گئے اور مجھ سے فرمایا کہ تین پتھر لے آ (یعنے استنجا کے لیے) تو مجھ دو پتھر ملے اور تیسرا
پتھر ڈھونڈھا مگر نہ ملا تو میں ایک گوبر کا ٹکڑا اوس کو سوکھا ہوا لے آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ دونوں پتھر تو لے لیے
اور گوبر کا ٹکڑا پھینک دیا اور فرمایا یہ رکس ہے (یعنے ناپاک ہو گیا بعد پاکی کے کیونکہ پہلی کہا ہوا تھا اب گوبر ہو گیا نجاست ہی نے
کہا رکس سے مراد جنوں کا کھانا ہے) بَابُ الرُّخْصَةِ فِي الِاسْتِطَابَةِ بِحَجَرٍ
واحد ایک پتھر سے استنجا کرنے کی اجازت عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ
إِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ ترجمہ سلمہ بن قیس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب استنجا کرے تو جفت
کر طاق ڈھیلوں سے (یعنے ایک یا تین یا پانچ ظاہر حدیث سے لگتا کہ ایک ڈھیلا بھی کفایت کرتا ہے) اَلْإِجْزَاءُ
بِالِاسْتِطَابَةِ بِأَقَلَّ مِنْ ثَلَاثَةِ أَحْجَارٍ

اگر فقط ڈیلون سے استنجا کرلیوے تو کافی ہے پانی لینا بہتر ہے مگر ضرور نہیں عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا ذَهَبَ اَحَدُكُمْ اِلَى الْغَائِطِ فَلْيَذْهَبْ مَعَهٗ بِثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ فَلْيَسْتَطِبْ بِهَا فَاِنَّهَا تُجْزِئُ عَنْهُ ترجمہ عائشہ رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلعم اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی شخص جاضرور کے لیے جاوے تو چاہیے کہ استنجے کے لیے تین پتھر ساتھ لیجاوے اس لیے کہ یہی تین پتھر اس کو استنجے کے لیے بس کرتے ہیں ف پھر اگر پانی ڈیلوے تب بھی کافی ہے بشرطیکہ نجاست نے مخرج سے تجاوز نہ کیا ہو ورنہ پانی سے دھونا ضرور ہے اَلْاِسْتِنْجَاءُ بِالْمَاءِ پانی سے استنجا کرنیکا بیان عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ يَقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ اَحْمِلُ اَنَا وَغُلَامٌ مِنَّا نَحْوِيْ اِدَاوَةً مِنْ مَاءٍ فَيَسْتَنْجِيْ بِالْمَاءِ ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلعم اللہ علیہ وسلم جب پاخانے کو جاتے تو میں اور میرا ہمجولی ایک لڑکا ایک ڈول پانی کا ساتھ کرلے چلتے آپ پانی سے استنجا کرتے ف یعنی بعد ڈیلوں کے بعضوں نے کہا یہ قول غلط کا ہے مگر یہ صحیح نہیں ہے صحیح یہ ہے کہ یہ اس کا قول ہے رزین العربی عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ مُرْنَ اَزْوَاجَكُنَّ اَنْ يَسْتَطِيْبُوْا بِالْمَاءِ فَاِنِّيْ اَسْتَحْيِيْهِمْ مِنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُهٗ ترجمہ ام المؤمنین عائشہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا (عورتوں سے) تم حکم کرو اپنے خاوندوں کو پانی سے استنجا کرنے کا کیونکہ مجھے شرم آتی ہے اون سے یہ بات کہنے میں اور رسول اللہ صلعم اللہ علیہ وسلم پانی سے استنجا کیا کرتے تھے (یعنی پاخانہ پھر کر ڈیلے لیتے تھے پھر پانی سے دھوتے تھے یہ افضل ہے اور فقط پانی یا ڈیلوں پر بھی اکتفا درست ہے) اَلنَّهْيُ عَنِ الْاِسْتِنْجَاءِ بِالْيَمِيْنِ داہنے ہاتھ سے استنجا کرنا منع ہے عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا شَرِبَ اَحَدُكُمْ فَلَا يَتَنَفَّسْ فِيْ اِنَائِهٖ وَاِذَا اَتَى الْخَلَاءَ فَلَا يَمَسَّ ذَكَرَهٗ بِيَمِيْنِهٖ وَلَا يَتَمَسَّحْ بِيَمِيْنِهٖ ترجمہ ابوقتادہ سے روایت ہے رسول اللہ صلعم اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی پانی پیوے تو چاہیے کہ پیالے کے اندر سانس نہ لیوے (کیونکہ ممکن ہے کہ کچھ ٹھیکرا پانی میں گرپڑے) اور جب پاخانے کو جاوے تو اپنی ذکر کو داہنے ہاتھ سے نہ چھوئے نہ داہنے ہاتھ سے پونچھے ف یعنی پیشاب کرتے وقت یا بعد پیشاب کے بعضوں نے کہا یہ نفی خاص ہے پیشاب کرتوقت نہ دیکھنے کہا یہ نفی عام ہے اور مقصود تخصیص سے یہ ہے کہ جب تک ضرورت نہ ہو داہنے ہاتھ سے ذکر کا چھونا منع ہوا تو بعد استنجا کے بطریق اولے منع ہوگا عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يَتَنَفَّسَ فِي الْاِنَاءِ وَاَنْ يَمَسَّ ذَكَرَهٗ بِيَمِيْنِهٖ وَاَنْ يَسْتَطِيْبَ بِيَمِيْنِهٖ ترجمہ ابوقتادہ سے روایت ہے رسول اللہ صلعم اللہ علیہ وسلم نے منع کیا برتن میں پھونکنے سے اور داہنے ہاتھ سے ذکر کو چھونے سے اور داہنے ہاتھ سے استنجا کرنے سے

عَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَالَ الْمُشْرِكُوْنَ

إِنَّا لَنَرَى صَاحِبَكُمْ يُعَلِّمُكُمُ الْخِرَاءَةَ قَالَ أَجَلْ نَهَانَا أَنْ يَسْتَنْجِيَ أَحَدُنَا بِيَمِينِهِ وَيَسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ وَقَالَ لَا يَسْتَنْجِي أَحَدُكُمْ بِدُونِ ثَلَثَةِ أَحْجَارٍ ترجمہ مشرکون نے سلمان سے کہا ہم دیکھتے ہین تمہارے صاحب (یعنی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم) کو وہ تم کو پاخانہ بھیجنا سکھاتے ہین سلمان نے کہا ہان بیشک منع کیا آپ نے ہم کو داہنے ہاتھ سے استنجا کرنے سے اور استنجا کیوقت قبلہ کیطرف مونہہ کرنیسے اور فرمایا نہ استنجا کرے کوئی تم مین سے تین ڈھیلون سے کم مین ف ابن حزم ظاہری نے کہا کہ دون اسحدیث مین یا بمعنی الا بمعنی غیر کے ہے توتین ڈھیلون سے کم بھی لینا درست نہین ہے اور زیادہ بھی لینا درست نہین ہے اسلیے کہ ایک معنی پر اقتصار کرنے کی کوئی وجہ نہین ہے پس زیادتی تین ڈھیلون پر نا درست ہوگی مگر جو زیادتی نص مین وارد ہوئے جیسے پانی سے دھونا بعد ڈھیلون کے ابن قدوز نے کہا یہ خطا ہے لغت مین اسواسطے کہ دون سے اقل مراد ہے جیسے لیس فیما دون خمس من الابل صدقۃ لیس فیما دون خمس اواق صدقۃ اور دون کو غیر کے معنے مین یہان لینا بالاجماع غلط ہے (زہر الربی) **باب** ذَلِكَ الْيَدِ بِالْأَرْضِ بَعْدَ الِاسْتِنْجَاءِ استنجا کے بعد ہاتھ کو زمین پر رگڑ کر دھونا عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ فَلَمَّا اسْتَنْجَا دَلَكَ يَدَهُ بِالْأَرْضِ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا پھر جب استنجا کیا تو اپنے ہاتھ کو زمین پر رگڑا ف تاکہ ہاتھ بخوبی صاف ہو جاوے اور اثر نجاست کا بالکل جاتا رہے (طبرانی نے کہا اسحدیث کو ابوزرعہ سے کسی نے روایت نہین کیا سوا ابراہیم بن جریر کے اور ابراہیم بن جریر سے کسینے روایت نہین کیا سوا شریک کے ابن القطان نے کہا اسحدیث مین دو علتین ہین ایک تو شریک کی روایت جو مشہور ہے بسبب نقصان حفظ اور تدلیس کے دوسرے ابراہیم بن جریر جسکا حال معلوم نہین لیکن ابن حبان نے ذکر کیا اوسکو ثقات مین شیخ ولی الدین نے کہا کہ نسائی نے اسحدیث کو ضعیف ہونیکی طرف اشارہ کیا آگے دوسری روایت کے بعد (زہر الربی) عَنْ جَرِيرٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَى الْخَلَاءَ فَقَضَى الْحَاجَةَ ثُمَّ قَالَ يَا جَرِيرُ هَاتِ طَهُورًا فَأَتَيْتُهُ بِالْمَاءِ فَاسْتَنْجَى بِالْمَاءِ وَقَالَ بِيَدِهِ هَذَا بِهَا الْأَرْضَ ترجمہ جریر سے روایت ہے مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا آپ پاخانے مین گئے اور حاجت سے فارغ ہوئے پھر کہا ای جریر پانی لاؤ مین پانی لیگیا آپ نے پانی سے استنجا کیا اور ہاتھ زمین پر رگڑے ف ابوعبدالرحمن نے کہا یہ روایت قریب بہ طرف صواب کی شریک کی روایت سے مگر ابراہیم بن جریر نے اپنے باپ سے نہین سنا یحیی بن معین اور ابوحاتم اور ابوداؤد نے کہا کہ ابراہیم کی روایت اپنے باپ سے مرسل (منقطع) ہے لیکن ابن خزیمہ نے اسکیطرف خیال نہین کیا اور اپنی صحیح مین اس روایت کو بیان کیا اور شیخ ولی الدین نے اعتراض کیا کہ نسائی نے جو ترجیح دیا اس روایت کو شریک کی روایت پر یہ کیونکر ہو سکتا ہے اسلیے کہ شریک اعلی ہی اور اوسع اور حفظ ہے ابان عن عبداللہ سے اور روایت کیا مسلم نے اپنی صحیح مین شریک سے نہ ابان سے اور سپر بھی اختلاف کیا ہے ابان پر اس روایت مین (زہر الربی) باختصار

باب التوقیت فی الماء کسقدر پانی نجاست پڑنے سے نجس نہین ہوتا اوسکی تحدید کا بیان عن
ابن عمر رضی اللہ عنہ قیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن الماء وما ینوبہ من الدواب والسباع
فقال اذا کان الماء قلتین لم یحمل الخبث ترجمہ حضرت عمرؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم سے کسی نے اوس پانی کا حکم پوچھا جسپر چارپائی درندے وغیرہ آیا کرتے ہین (یعنی وہ پانی پیا کرتے
ہین یا اوسمین پیشاب وغیرہ کر جاتے ہین) تو آپ نے فرمایا جب دو قلہ پانی ہو تو ناپاکے کو نہین اوٹھاتا (یعنی
نجس نہین ہوتا ف جیسے ابوداؤد کی روایت ہین ہے اور حاکم کی روایت مین ہے لم ینجسہ شیئ اوسکو
کوئی چیز ناپاک نہین کرتی پھر تفسیر ہے لم یحمل الخبث کی اور اگر اوسکے معنے ہوتے کہ ناپاکی اوٹھانے کی طاقت نہین
رکھتا یعنی نجس ہو جاتا ہے تو قلتین کی تحدید کیا ضرور تھی بلکہ جو پانے اس سے کم ہو وہ بطریق اولی طاقت نہ
رکھیگا (زہر الربی علی المجتبی) نزول التوقیت فی الماء پانی مین کوئی حد مقرر نہ ہونا عن
ابی سعید الخدری قال قیل یا رسول اللہ انتوضأ من بیر بضاعۃ وھی بیر
یلقی فیہ الحیض ولحوم الکلاب والنتن فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ان الماء طھور لا ینجسہ شیئ ترجمہ ابوسعید خدری سے روایت ہے لوگون نے کہا یا رسول اللہ ہمارا
وضو کریں بیر بضاعہ سے (ایک کنوے کا نام ہے مدینہ مین) وہ ایسا کنوان ہے جسمین حیض کے لتے اور مرے ہوے کتے
اور بدبودار چیزین ڈالی جاتی ہین۔ آپ نے فرمایا پانی پاک ہے اوسکو کوئی چیز ناپاک نہین کرتی ف اگرچہ وہ
مقدار مین قلیل ہو یا کثیر دو قلے یا اوس سے بھی کم بشرطیکہ نجاست پر نہ سے اوسکا رنگ یا بو یا مزہ بدل جاوے یہ
حدیث مطلق ہے اسمین کوئی حد پانی کی مقرر نہین کی گئی اور اوسے ساتھ عمل کے بہ نسبت اور حدیثون کے
اس باب مین وارد ہوئی ہے۔ یہ حدیث نسائی کی مطبوعہ نسخون مین اس مقام پر نہین ہے حالانکہ ہونا اس
حدیث کا اس باب مین ضرور ہے ورنہ ترجمہ باب ترک التوقیت فی الماء کسیطرح بن نہین سکتا اور شیخ جلال الدین
سیوطی نے زہر الربی مین اسی مقام پر اس حدیث کو ذکر کیا ہے عن انس ان اعرابیا بال فی المسجد
فقام الیہ بعض القوم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعوہ ولا تزرموہ
فلما فرغ دعا بذنوب فصب علیہ قال ابو عبد الرحمن یعنی لا تقطعوا علیہ ترجمہ
انس سے روایت ہے ایک گنوار نے پیشاب کر دیا مسجد کے اندر لوگ اوسکیطرف جھپٹے (اوسکو مارنے کو یا ہٹانے کو)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چھوڑ دو اوسکو اور مت بند کرو پیشاب اوسکا جب وہ پیشاب کر چکا تو آپ نے
ایک ڈول پانی کا منگوایا اور اوسجگہ بہا دیا ف آپ نے منع کیا اوسکو مارنے یا ہٹانے سے اسمین بہت
مصلحتین تھین ایک تو یہ اگر اوسکو مارتے یا ہٹاتے تو وہ پیشاب کرتا ہوا جاتا اور ساری مسجد نجس ہو جاتی

اوسکو بھی پیشاب پر نا دوسری یہ کہ اگر وہ پیشاب دفعۃً روک لیتا تو احتمال تھا کہ اوسکو کوئی عارضہ ہو جاوے تیسری یہ کہ وہ گھبرا جاتا اور مسلمانوں کو بد خلق سمجھکر خوف تھا کہ اسلام سے پھر جاوے چوتھی یہ کہ جو نصیحت آپ نے اوسکو بعد پیشاب کرنیکو فرمائی اور وہ دوسری روایتوں میں ہے کہ مسجدیں اسکام کے لیے نہیں بنی ہیں وہ نصیحت اوس تک نہ پہونچی اور ڈر کے مارے وہ بھاگ جاتا پانچویں یہ کہ تعلیم نہ ہوئی ہے کہ اگر وہ کوئی کام خلاف شرع دیکھیں تو پہلے نرمی اور ملایمت سے منع کریں نہ سختی اور درشتی سے واللہ اعلم عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ بَالَ اَعْرَابِيٌّ فِي الْمَسْجِدِ فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدَلْوٍ مِنْ مَاءٍ فَصُبَّ عَلَيْهِ ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے ایک گنوار نے مسجد میں پیشاب کر دیا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا ایک ڈول پانیکی سو وہ اوسجگہ ڈالدیا گیا عَنْ اَنَسٍ يَقُوْلُ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى الْمَسْجِدِ فَبَالَ فَصَاحَ بِهِ النَّاسُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتْرُكُوْهُ فَتَرَكُوْهُ حَتّٰى بَالَ ثُمَّ اَمَرَ بِدَلْوٍ فَصُبَّ عَلَيْهِ ترجمہ انس سے روایت ہے ایک گنوار مسجد میں آیا اوس نے پیشاب کر دیا تو لوگ چلائے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چھوڑ دو اوسکو لوگوں نے چھوڑ دیا یہانتک کہ وہ پیشاب کر چکا پھر آپ نے حکم کیا ڈول پانے کے لیے وہ اوس جگہ پہنچایا گیا عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَامَ اَعْرَابِيٌّ فَبَالَ فِي الْمَسْجِدِ فَثَمَّا وَلَهُ النَّاسُ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعُوْهُ وَاَهْرِيْقُوْا عَلٰى بَوْلِهٖ دَلْوًا مِّنْ مَّاءٍ فَاِنَّمَا بُعِثْتُمْ مُيَسِّرِيْنَ وَلَمْ تُبْعَثُوْا مُعَسِّرِيْنَ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے ایک گنوار کھڑا ہوا اوس نے مسجد میں پیشاب کر دیا لوگوں نے اوسکو پکڑنا چاہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چھوڑ دو اوسکو اور جہاں اوس نے پیشاب کیا ہے وہانپر ایک ڈول پانی کا ڈالدو کیونکہ تم بھیجے گئے ہو آسانی کرنیکے لیے اور نہیں بھیجے گئے ہو دشواری کرنیکے لیے ف رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم بھیجے گئے تھے اللہ کیطرف سے آسانی کرنیکی لیے اور خطاب صحابہ کیطرف مجازاً ہے یا صحابہ آپ کیطرف سے بھیجے گئے تھے یا بھیجنے سے مراد سردار کرنا ہے جیسے فرمایا كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ (زہر الربی مع الزیادۃ) **باب** الملک الدائم تھمے ہوئے پانیکا بیان عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ ثُمَّ يَتَوَضَّاُ مِنْهُ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت پیشاب کرے کوئی تم میں سے تھمے ہوئے پانیمیں پھر وضو کرے اوس سے دوسری روایت میں ہے عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ ثُمَّ يَغْتَسِلُ مِنْهُ ترجمہ نیچے پھر نہاوے اوس سے کیونکہ احتمال ہے کہ پیشاب پھر ہاتھ میں آجاوے برخلاف بہتے پانیکے اوس میں نجاست تھہر نہیں سکتی **باب** فی ماء البحر سمندر کے پانی کا بیان عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ سَاَلَ رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ انا نرکب البحر ونحمل معنا القلیل من الماء فان توضانا
بہ عطشنا افنتوضا من ماء البحر فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ھو الطھور
ماؤہ الحل میتتہ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہی ایک شخص نے رسول اللہ صلعم اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو کہا
یارسول اللہ ہم سمندر مین سوار ہوتے ہین اور اپنی ساتھ تہوڑا سا پانی (پینے کے لیے) رکھتے ہین پھر اگر ہم اوس سے وضو
کرین تو پیاسے رہین گیا ہم سمندر کے پانی سے وضو کرین رسول اللہ صلعم نے فرمایا سمندر کا پانی پاک
کرنیوالا ہے اور مردہ اوسکا حلال ہے ف اگرچہ سائل نے صرف سمندر کے پانیکا حال پوچھا تہا مگر آپنے سمندر کے
کہانے کا بھی حال بیان کردیا کیونکہ جیسے وہان پانی کی کمی ہوتی ہی ایسی ہی کبھی کہانے کے بہی کمی ہوجاتی ہی
حلال ہی مردہ اوسکا یعنی جتنے جانور سمندر مین رہتے ہین جنکے زندگے بغیر پانی کے نہین ہوسکتی وہ سب حلال ہین اگرچہ
مچھلی کی صورت پر نہ ہون لیکن امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس حدیث مین جو مچھلی مراد ہے نہ اور جانور سمندر
کے مگر اس تخصیص پر کوئی صریح دلیل قرآن اور حدیث سے موجود نہین ہی اور یہ حدیث مطلق ہے اور کلام اللہ شریف
کی آیت احل لکم صید البحر وطعامہ بھی مطلق ہے یحیی نے کہا یہ دونو حکم عام ہین اور دونون ایک مرتبہ نہین
ہین اسلیے کہ پہلا یعنے الطہور ماءہ تو سوال کے جواب مین واقع ہی اور دوسرا بطریق استقلال کے وارد ہوا ہے
تو اوسکی عموم مین خلاف نہین ہوسکتا اور جو لوگ کہا جاوے کہ سوال سمندر کے پانی سے وضو کرنے کا تہا اور جواب
عام ہی وضو کو اور ہر طہارت کو تو پہلا حکم بھی عام ہوسکتا ہے زرقانی نے موطا کی شرح مین لکہا کہ یہ حدیث ایک بڑی
اصل ہے اسلام کے اصول مین سے تمام ایمہ نے اسکو قبول کیا ہے اور فقہا نے اوسکے ساتہہ تمسک کیا ہی ہر زمانے مین ہر
ملک مین اور روایت کیا اسحدیث کو بڑی بڑی اماموں نے مثل مالک اور شافعی اور احمد اور اصحاب سنن اربعہ اور دارقطنی
اور بیہقی اور حاکم وغیرہم نے طرق متعددہ سے اور صحیح کہا اوسکو ابن خزیمہ اور ابن حبان اور ابن منندہ نے اور ترمذی
نے حسن صحیح کہا اور کہا کہ پوچھا مین نے بخاری سے تو اونہون نے صحیح کہا سیوطی نے مرقاۃ الصعود مین لکہا
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہانے کا بھی حلال بیان کردیا اسلیے کہ جب سائل کو اوسکے پانی مین تردد تہا تو کہانے
مین بطریق اولی تردد ہوگا جسکا حکم مخفی ہی اور اون لوگون نے تمسک کیا سمندر کے پانی مین اسوجہ سے کہ اوسکا رنگ
بدلا ہوا ہے اور اوسکا مزہ کہاری ہی اور وضو اوس پانی سے ہونا چاہیے جو خالی ہو تمام عوارض سے اور باقی ہو اپنی حالت
اصلی پر اور دوسرا سبب تہا کہ وہ تجہ سمندر مین سیکڑون جانور مرجاتے ہین اور مردہ نجس ہے پس پانی بہی نجس
ہوگا تو آپنے ارشاد فرمایا کہ پانی اوسکا پاک ہے اور مردہ بہی اوسکا پاک ہے اور حلال ہی اور سمندر کے مردون کا حکم
خشکی کے مردون کا سا نہین واللہ اعلم **باب** الوضوء بالثلج برف سے وضو کرنا درست ہی جب وہ
پگہلکر پانی ہوجاوے **عن** ابی ہریرۃ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

إِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ سَكَتَ هُنَيْهَةً فَقُلْتُ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا تَقُولُ
فِي سُكُوتِكَ بَيْنَ التَّكْبِيرِ وَالْقِرَاءَةِ قَالَ أَقُولُ اللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ
كَمَا يُبَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ اللّٰهُمَّ اغْسِلْنِي مِنْ خَطَايَايَ بِالثَّلْجِ وَالْمَاءِ
وَالْبَرَدِ ترجمہ ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تو تھوڑی سی دیر چپ
رہتے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ قربان ہوں آپ پر میرا باپ میری ماں کہتی ہیں اس سکتے میں جو درمیان تکبیر اور
قرأت کے ہوتا ہے آپ نے فرمایا میں یہ دعا پڑھتا ہوں اللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ
بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اللّٰهُمَّ نَقِّنِي مِنْ خَطَايَايَ كَمَا يُبَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ اللّٰهُمَّ
اغْسِلْنِي مِنْ خَطَايَايَ بِالثَّلْجِ وَالْمَاءِ وَالْبَرَدِ یا اللہ دور کردی درمیان میری اور میری گناہوں کی جیسی تو نے
دوری کی ہے درمیان پورب اور پچھم کے یا اللہ پاک کردی مجھکو میری خطاؤں سے جیسے صاف کیا جاتا ہے سفید کپڑا
میل سے یا اللہ دھو ڈال مجھکو میرے گناہوں سے برف اور پانی اور اولوں سے ف اس دعا سے مصنف نے استنباط
کیا کہ برف سے وضو کرنا درست ہے اسلیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی برف سے گناہ دھونیکی اور ظاہر ہے
کہ گناہ طہارت سے دھوئے جاتے ہیں نہ کہ وضو سے پس برف سے وضو کرنا درست ہوا نووی نے کہا یہ استعارہ ہے
بطریق مبالغہ کے گناہوں سے پاک ہونے میں ورنہ گرم پانی زیادہ صاف کرتا ہے بہ نسبت برف اور اولے اور شہد سے
پانیکے اور اصل یہ ہے کہ گناہ کا میل بالکل ظاہری میل کچیل کیطرح نہیں ہے جو گرم پانی سے زیادہ صاف ہو بلکہ اوس
میل میں ایک قسم کی حرارت اور عفونت ہے جسکو ٹھنڈا پانی اور برف زیادہ سفید ہے اور پھر بھی ٹھنڈا پانی
اور برف حقیقتاً نہیں ہیں۔ خطابی نے کہا یہ امثال میں ان سے مسمیات کی حقائق مراد نہیں ہیں۔ بلکہ یہ تاکید
ہے طہارت میں اور مبالغہ ہے گناہوں کے محو اور دور کرنے میں اور برف اور اولے دونوں قسم کے پانی میں جو بالکل ایک
ہیں کبھی ناپاک نہیں ہوئی نہ اونکو گنہگاروں کے ہاتھ لگے نہ وہ مستعمل ہوئے اور ان کی تمثیل زیادہ تر فائدہ دیگی
تاکید طہارت کرانی لے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گناہوں کو جہنم کی آگ مقدر کیا اسوجہ سے کہ گناہ لیجاتی
ہیں جہنم میں پھر تعبیر کیا اون کے مٹنے سے ساتھ تجہیز حرارت کے جیسے دھونے سے آگ کی حرارت جاتی رہتی ہے
اور مبالغہ کیا اوس میں برودات کو ذکر سے مثل برف اور اولے کے (زہر الربی) بَابُ الْوُضُوءِ
بِمَاءِ الثَّلْجِ برف کے پانی سے وضو کرنیکا بیان عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ يَقُولُ اللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا
نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے
تھے یا اللہ دھو ڈال میرے گناہوں کو برف کے پانی اور اولوں سے اور صاف کردے میرا دل گناہوں سے جیسے صاف کیا تو نے

سفید کپڑا میل سے **باب** الْوُضُوْءِ بِمَاءِ الْبَرَدِ اولون کے پانی سے وضو کرنیکا بیان **عن** عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ عَلٰى مَيِّتٍ فَسَمِعْتُ مِنْ دُعَائِهٖ وَهُوَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ وَعَافِهٖ وَاعْفُ عَنْهُ وَاَكْرِمْ نُزُلَهٗ وَاَوْسِعْ مَدْخَلَهٗ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهٖ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ **ترجمہ** عوف بن مالک سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ ایک جنازہ پر نماز پڑھتے تھے تو دعا کی آپ نے یا اللہ بخشدے اوسکو اور رحم کر اوسپر اور سلامت رکھ اوسکو اور درگزر کر اوس سے اور اچھی طرح مہمانی اوسکی اور کشادہ کر جگہ اوسکی (یعنے قبر) اور دھوڈال اوسکو پانی اور برف اور اولون سے اور صاف کر دی اوسکو گناہون سے جیسے صاف کیا جاتا ہے سفید کپڑا میل سے **سُوْرُ الْكَلْبِ** کتے کے جھوٹے کا بیان **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا شَرِبَ الْكَلْبُ فِيْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ **ترجمہ** ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کتا تم میں سے کسیکے برتن سے پی لیوے تو اوسکو سات بار دھووی **ف** صحیح صحیح روایتون میں سات بار دھونا منقول ہے اور تین بار دھونیکی روایت معتبر نہیں ہے اور کتے کی نجاست اس باب میں اور نجاستون سے ممتاز ہے باقی نجاستون میں تین بار دھونا کافی ہے اور جس شخص نے قیاس کیا اس نجاست کا اور نجاستون پر اور تین بار دھونے کا حکم دیا اسمیں اوس نے مخالفت کی نص کی قیاس سے یا مخالفت کی صحیح حدیث کی ضعیف حدیث سے اور دونو امر نادرست ہیں **شرح السنۃ** میں ہے کہ اکثر محدثین کا یہ مذہب ہے کہ جب کتا منہ ڈالدے کسی برتن میں کسی چیز میں تو وہ بہا دیا جاوے اور اوسکا برتن سات بار دھویا جاوے ایک بار مٹی ملکر دھویا جاوے اخیر اور یہی سب ہے۔ امام شافعی کا اور ابو حنیفہ کے نزدیک تین بار دھویا جاوے مثل اور نجاستون کی کیونکہ دارقطنی نے روایت کیا ابوہریرہ سے اوسمیں یہ ہے کہ فرمایا آپ نے دھویا جاوے تین بار یا پانچ بار یا سات بار مگر متفرد ہوا اسا تھ اسکے عبدالوہاب اور وہ متروک ہے واللہ اعلم **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِيْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ **ترجمہ** ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کتا تم میں سے کسیکے برتن میں منہ ڈالکر چپڑ چپڑ پیے تو اوس برتن کو سات بار دھووی **اَلْاَمْرُ** بِاِرَاقَةِ مَا فِي الْاِنَاءِ اِذَا وَلَغَ فِيْهِ الْكَلْبُ جب کتا کسی برتن میں منہ ڈالکر چپڑ چپڑ پیے تو جو کچھ اوس میں ہو وہ بہا دیا جاوے **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِيْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيُرِقْهُ ثُمَّ لْيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ **ترجمہ** ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کسیکے برتن میں کتا منہ ڈالکر چپڑ چپڑ پیے تو جو کچھ اوس برتن میں ہو بہا دیوے پھر سات بار اوس برتن کو دھو ڈالے (ابوعبدالرحمن نے کہا فلیرقہ کسی نے نہیں بیان کیا سوا علی بن مسہر کے عمرو کنانے نے کہا یہ زیادت محفوظ نہیں ہے ابن عبدالبر نے کہا اس زیادت کو حدیث کے حافظوں نے نہیں بیان کیا اعمش کے اصحاب میں سے جیسے ابومعاویہ اور شعبہ نے ابن منہ نے کہا یہ زیادت رسول اللہ صلعم سے نہیں پہچانی جاتی مگر علی بن مسہر

کی روایت سے حافظ ابن حجر نے کہا ہے اور یہ کا حکم دوسری روایت میں بھی آیا ہے علماء کی طرف سے اوس نے ابوہریرہ سے ابن عدی کی روایت میں لیکن اوسکو مرفوع ہونے میں اعتراض ہے صحیح یہ ہے کہ وہ موقوف ہے اسطرح ذکر کیا ہے بہانے کا حماد بن زید نے ایوب سے اُنہوں نے ابن سیرین سے اُنہوں نے ابوہریرہ سے موقوفاً اور اسناد اوسکا صحیح ہے روایت کیا اوسکو دارقطنی وغیرہ نے (زہر الربی علی المجتبیٰ)

باب تعفیر الاناء الذی ولغ فیہ الکلب بالتراب

جس برتن میں کتا منہ ڈالکر جھوٹا کر دے اوسکو مٹی سے مانجھنے کا بیان

عن عبد اللہ بن مغفل ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امر بقتل الکلاب ورخص فی کلب الصید والنحم وقال اذا ولغ الکلب فی الاناء فاغسلوہ سبع مرات واعفروہ الثامنۃ بالتراب

ترجمہ عبد اللہ بن مغفل سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتوں کے مارنیکا حکم فرمایا مگر شکاری کتے اور بکریوں کے نگہبان کتے کے پالنے کی اجازت دی اور آپنے فرمایا جب کتا برتن میں منہ ڈالکر جھوٹا کرے تو اوسے برتن کو دھو ڈالو اور آٹھویں بار اوسکو مٹی سے مانجھ کر دھوؤ ف ظاہر روایت سے یہ نکلتا ہے کہ آٹھویں بار دھونا واجب ہے اور یہی قول ہے حسن بصری اور احمد بن حنبل کا جو حرب نے نقل کیا اون سے اور شافعی سے منقول ہے کہ اس حدیث کی صحت سے میں واقف نہیں ہوا۔ لیکن یہ حدیث صحیح ہے مسلم وغیرہ کی روایت سے بعضوں نے کہا ابوہریرہ کی حدیث کو اسکے ترجیح ہے مگر رد کیا گیا اسطرح پر کہ ترجیح جب دیجاتی ہے جب تعارض ہو اور یہاں تو ابن مغفل کی حدیث پر عمل کرنے سے ابوہریرہ کی حدیث پر بھی عمل ہو جاتا ہے اور ابوہریرہ کی حدیث پر عمل کرنے سے ابن مغفل کی حدیث پر عمل ہونا ضرور نہیں (زہر الربی)

سؤر المرأۃ

جنبی کے جھوٹے کا بیان

عن کبشۃ بنت کعب بن مالک ان ابا قتادۃ دخل فسکبت لہ وضوءا فجاءت ھرۃ فشربت منہ فاصغی لھا الاناء حتی شربت قالت کبشۃ فرانی انظر الیہ فقال اتعجبین یا ابنۃ اخی فقلت نعم فقال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال انھا لیست بنجس انما ھی من الطوافین علیکم او الطوافات

ترجمہ کبشہ بنت کعب سے روایت ہے کہ ابوقتادہ میرے پاس آئے پھر کوئی ایسی بات کہی جسکو میں سمجھ نہیں سکی میں نے اون کیلئے وضو کا پانی ڈالا اتنے میں بلی آکر اوس پانی سے پینے لگی سو ابوقتادہ اوسکے پینے کے لیے پانی کا برتن سیدھا کر دیا یہانتک کہ اوس نے خوب طرح پی لیا کبشہ نے کہا کہ پھر مجھکو جو دیکھا تو میں اون کیطرف دیکھ رہی ہوں تو مجھ سے کہا اے میری بھتیجی کیا تو تعجب کرتی ہے میں نے کہا ہاں تو کہا بے شبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ وہ تو ناپاک نہیں ہے اسلیے کہ وہ تمہارے گرد پھرنے والوں میں سے ہے (اگر نر ہے) یا گھومنے والیوں میں سے ہے (اگر مادہ ہے) یعنی رات دن گھر میں پھرتی رہتی ہے اسلیے اوسکا جھوٹا کر دینا معاف کر دیا گیا)

باب سؤر الحمار

گدھے کے جھوٹے کا بیان

عن انس قال اتانا صائد او رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ان اللہ ورسولہ ینھاکم عن

لحوم الحمر فانها رجس ترجمہ انس سے روایت ہے ہمارے یہاں منادی آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اور کہا بیشک اللہ اور رسول تم کو منع کرتے ہیں گدھوں کو گوشت سے کیونکہ وہ پلید ہے ف یعنی حرام ہے جس سے گدھا ہو گا گوشت پلید اور حرام ٹھہرا تو اوسکا جھوٹا بھی ناپاک ہوگا **باب** سؤر الحائض حائضہ عورت کا جھوٹا کیسا ہے **عن** عائشة قالت كنت اغترف العرق فيضع رسول الله صلى الله عليه وسلم فاه حيث وضعت وانا حائض وكنت اشرب وانا حائض فيضع فاه حيث وضعت وانا حائض ترجمہ ام المومنین عائشہ رضہ سے روایت ہے میں چوستی تھی ہڈی کو پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اوسی جگہہ اپنا منہ کہکر چوستے تھے جہاں میں نے رکھا تھا حالانکہ میں حیض کی حالت میں ہوتی اور میں برتن سے پانی پیتی پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اوسی جگہہ اپنا منہ لگا کر پانی پیتے جہاں میں نے لگایا تھا حالانکہ میں حیض سے ہوتی (اس معلوم ہوا کہ حائضہ کا جھوٹا پاک ہے) **باب** وضوء الرجال والنساء جميعا مرد اور عورت سب ملکر وضو کریں تو کیسا ہے **عن** ابن عمر قال كان الرجال والنساء يتوضئون في زمان رسول الله صلى الله عليه وسلم جميعا ترجمہ ابن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں عورتیں اور مرد اکٹھے وضو کیا کرتے تھے یعنی ایک برتن سے) **باب** الجنب جنب کے غسل سے جو پانی بچ رہے کیسا ہے **عن** عائشة انها اخبرته انها كانت تغتسل مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في اناء واحد ترجمہ ام المومنین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھہ ایک ہی برتن میں نہایا کرتیں یعنی پانی ایک ہی برتن سے دونوں لیا کرتے تو ہر ایک دوسرے کا بچا ہوا پانی استعمال کرتا **باب** القدر الذي يكفي به الرجل من الماء للوضوء کہ کتنا پانی وضو کے لیے کافی ہے **عن** انس بن مالك يقول كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ بمكوك ويغتسل بخمسة مكاكي ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مکوک سے وضو کرتے تھے اور پانچ مکوک سے غسل کرتے تھے ف مکوک ایک پیمانہ ہے جسمیں ایک مد پانی آتا ہے پس یہ حدیث موافق ہے اوس حدیث کے جسکو روایت کیا بخاری اور مسلم نے انس سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے تھے ساڑھے مد سے اور غسل کرتے تھے ساڑھے صاع سے اور بعضوں نے کہا کہ مکوک ایک پیمانہ ہے جسمیں ڈیڑھ صاع پانی آتا ہے لیکن بغوی نے کہا کہ مراد مکوک سے یہاں مد ہے اور صاحب نہایہ اور قرطبی نے بھی ایسا ہی کہا ہے اور دلیل اوسکی بھی ہے کہ دوسری روایت میں بہ تصریح موجود ہے اہل حجاز کے نزدیک ایک رطل اور تہائی رطل کا ہوتا ہے اور اہل عراق کے نزدیک دو رطل کا اور اسی حساب سے صاع چار مد کا ہوتا تو اہل حجاز کے نزدیک صاع پانچ رطل اور ایک تہائی رطل ہوگا اور اہل عراق کے نزدیک آٹھہ رطل کا ہوگا لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا صاع پانچ رطل کا تھا اور یہی صحیح ہے **عن** ام عمارة بنت كعب ان النبي صلى الله عليه وسلم توضأ فاتي بماء في اناء قدر ثلثي المد قال شعبة فاحفظ انه غسل ذراعيه وجعل

یدیہ کفیہما وکفیہ باطنہما وظاہرہما ترجمہ ام عمارہ سے
روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس ایک برتن پانی کا لایا گیا جسمین دونہاتی مدپانی تہا شعبہ کے
روایت مین ہی کہ آپ نے اپنے دونون ہاتہونکو دہویا اور دونون کو ملا اور کانون کے اندر مسح کیا اور مجہے یہہ یاد نہین ہی کہ آپنے
کانون کے اوپر کیا تب مسح کیا **باب النیۃ فی الوضوء** وضو مین نیت کا بیان **عن عمر بن الخطاب**
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما الاعمال بالنیات وانما لامرئ ما نوی
فمن کانت ہجرتہ الی اللہ ورسولہ فہجرتہ الی اللہ ورسولہ ومن کانت ہجرتہ
الی دنیا یصیبہا او امرأۃ ینکحہا فہجرتہ الی ما ہاجر الیہ ترجمہ حضرت عمر بن خطاب سے
روایت ہی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عملونکا اعتبار نیتون سے ہی اور ہر شخص کے لیے وہی ہے
جو اوس نے نیت کی ہو پس جسنے کوئی عمل بدون نیت کے کیا تو ثواب کے لائق نہین ہی سو جسکی ہجرت اللہ کی طرف اور
اوسکے رسول کے لیے ہوئی تو اوسکی ہجرت خدا اور رسول کیواسطے ہو چکی (یعنے اوسکا ثواب پاویگا) اور جسکی ہجرت دنیا کے
لیے ہوئی کہ اوسکو پاوے یا کسی عورت کیواسطے جو وہ اوس سے نکاح کرے تو اوسکی ہجرت اوسی کیواسطے ہے جسکے واسطے اوس نے
ہجرت کی یعنے دنیا اور عورت **ف** ایک روایت مین آیا ہے کہ ایک شخص نے ایک عورت کیواسطے جسکا نام قیس تہا
مدینے کیطرف ہجرت کی لوگون نے یہہ حال حضرت سے عرض کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے ایسی ہجرت کا کچہہ
ثواب نہین جو نیت خالص نہ ہو۔ نیت ارادہ اور قصد دلی کا نام ہے زبان سے کہنے کی کچہہ حاجت نہین۔ مثلاً نماز کی
نیت دل مین کی زبان سے نہ نکلی یا زبان سے خلاف اوسکے نکلے تو کچہہ مضایقہ نہین پکار کے زبان سے نماز مین نیت کرنا تو
ہر گز درست نہین لیکن اس مین اختلاف ہے کہ زبان سے بہی کہنا درست ہی یا نہین اہل فقہ اسکو مستحب کہتے ہین تاکہ دل
اور زبان دونو موافق ہو جاوین اور اہل حدیث کی نزدیک زبان سے نہ کہے اس واسطے کہ آنحضرت سے ثابت نہین ہر چند
ہجرت دین مین نہایت ہی عمدہ عبادت ہی لیکن بدون خالص نیت کے اوسکی بہی کچہہ حقیقت نہین اسیطرح علم اور
درویشی اور ہر قسم کی عبادت کو قیاس کیا چاہیے، لہٰذا محض خدا کے واسطے ہو تو سبحان اللہ اور نہین تو اوسکو قالب بے روح
سمجہا چاہیے اور جب نیت پر مدار ٹہرا تو خوش نیتی سے مباحات مین بہی ثواب ہوتا ہے جیسے کہانا اس نیت سے کہ عبادت
کی قوت حاصل ہو اور کپڑا پہننا تاکہ نماز درست ہو اور اپنی جورو سے صحبت کرنا تاکہ نیک اولاد ہو اور حرام کاری سے بچے بلکہ
اگر ایک عمل مین کئی طرح نیت کری تو ہر ایک نیت کا جدا جدا ثواب پاوے۔ مثلاً مسجد مین بیٹہنا ایک عمل ہی لیکن اسمین
کئی طرح کی نیت ہو سکتی ہی ایک تو یہہ کہ دوسرے نماز کا انتظار کرنا دوسری یہہ کہ آنکہہ اور کان کو گناہون سے روکنا
تیسری اعتکاف کرنا چوتہی حضرت پر درود اور سلام بہیجنا پانچوین علم سیکہنا غیر کو سکہلانا نیک بات بتلانا بری کا
روکنا۔ غرض کہ یہہ حدیث اخلاص عمل اور درستی نیت مین اصل ہے اور بدنیتی اور ریاکاری کی بیخ کن ہے امید اسکی

کا معمول ہو کہ حدیث کی کتابوں میں اول اسی حدیث کو لکھتے ہیں کہ حدیث پڑھنے والوں کی سر پیسہ نیت درست ہو جاوے خدا ہی کیواسطے علم حدیث پڑھیں دنیا کا کسی طرح لگاؤ نہ رکھیں۔ امام شافعی سے روایت ہو کہ اس حدیث کو دین میں ستر جگہ دخل ہے مراد کثرت ہو یعنی ہر جگہ پر اسکا دخل ہے عبادات میں اور معاملات میں اور عادات میں سب جگہ ہے حدیث اسکی صحت پر متفق ہیں اور بعضوں کو متواتر کہتے ہیں واللہ اعلم تحفۃ الاخیار ترجمہ مشارق الانوار

الوضوء من الاناء برتن سے وضو کرنیکا بیان **عن** انس قال رأیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم وحانت صلوٰۃ العصر فالتمس الناس الوضوء فلم یجدوہ فأتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بوضوء فوضع یدہ فی ذلک الاناء وأمر الناس ان یتوضؤا فرأیت الماء ینبع من تحت اصابعہ حتی توضأ من عند آخرھم **ترجمہ** انس سے روایت ہو میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا عصر کی نماز کا وقت آگیا لوگوں نے وضو کو پانی ڈھونڈا کہیں نہ پایا پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پاس وضو کا پانی لایا گیا آپ نے اپنا ہاتھ اوس برتن میں کھ دیا اور لوگوں کو حکم کیا وضو کرنیکا تو میں نے اپنی آنکھ سے دیکھا کہ پانی آپ کی انگلیوں سے نکل رہا ہے یہانتک کہ جو شخص سب سے آخر میں تھا اوس نے بھی وضو کر لیا **ف** یہ ایک معجزہ تھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا دوسری روایت میں ہے کہ سب تین سو آدمی تھے اور ایک روایت میں ہو کہ ایک ہزار پانسو تھے واللہ اعلم **عن** عبد اللہ بن مسعود قال کنا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلم یجد وا ماء فأتی بتور فأدخل یدہ فلقد رأیت الماء ینفجر من بین اصابعہ ویقول حی علی الطہور والبرکۃ من اللہ عز وجل قال الاعمش حدثنی سالم بن ابی الجعد قال قلت لجابر کم کنتم یومئذ قال الف وخمس مائۃ **ترجمہ** عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہو ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے لوگوں کو پانی نہ ملا آپ پاس ایک کٹورا سی پانی کی لائی گئی آپ نے اپنا ہاتھ اوسمیں ڈالدیا تو میں نے اپنی آنکھ سے دیکھا کہ پانی آپ کی انگلیوں سے پھوٹ کر نکل رہا ہے اور آپ فرماتے جاتے تھے آؤ پاک پانی پر اور اللہ کی برکت پر اعمش نے کہا مجھ سے سالم بن ابی الجعد نے بیان کیا کہ میں نے جابر سے کہا تم کتنے آدمی تھے اوسدن انہوں نے کہا چودہ سو پانسو **باب**

التسمیۃ عند الوضوء وضو کے وقت بسم اللہ کہنے کا بیان **عن** انس قال طلب بعض اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وضوءا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ھل مع احدکم ماء فوضع یدہ فی الماء ویقول توضؤا بسم اللہ فرأیت الماء یخرج من بین اصابعہ حتی توضؤا من عند آخرھم **ترجمہ** انس سے روایت ہو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بعضے صحابہ نے وضو کا پانی مانگا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں ہو کسی کے پاس پانی ہو پھر آپ نے اپنا ہاتھ پانی میں

رکھا اور فرمایا وضو کرو اللہ کا نام لیکر تو دیکھا میں نے پانی کو نکل رہا تھا آپ کی گہائیوں میں سے یہانتک کہ وضو کر لیا سب لوگوں نے کوئی باقی نہ رہا۔ ثابت جنہوں نے اس حدیث کو روایت کیا ہے انس سے کہتے ہیں میں نے انس سے پوچھا تمہارے نزدیک سب کتنے لوگ تھے انہوں نے کہا ستر آدمیوں کے قریب۔ **صفت الخادم الماء علی الرجل للوضوء** خدمت گار وضو کا پانی ڈالتا جاوے تو کیسا ہے **عن المغیرۃ** سکبت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین توضأ فی غزوۃ تبوک فمسح علی الخفین ترجمہ مغیرہ سے روایت ہے جنگ تبوک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب وضو کیا تو میں نے پانی ڈالا پھر آپ نے دونوں موزوں پر مسح کر لیا **قف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خدمت گار سے وضو کروانا درست ہے اور میں کراہت نہیں ہے **الوضوء مرۃ مرۃ** وضو میں ہر ایک عضو کو ایک ایک بار دھونے کا بیان **عن ابن عباس** قال الا اخبرکم یتوضأ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتوضأ مرۃ مرۃ ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے کیا میں تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو سے خبردار نکروں پھر وضو کیا انہوں نے ایک ایک بار سب اعضا کو دھویا **باب الوضوء** **ثلثا ثلثا** وضو میں تین تین بار کرنیکا بیان **عن المطلب بن عبد اللہ بن حنطب** ان عبد اللہ بن عمر توضأ ثلثا ثلثا یسند ذلک الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ترجمہ عبد اللہ بن عمر نے وضو کیا تین تین بار ہر عضو کو دھویا اور کہا ایسا ہی کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **صفۃ الوضوء وغسل الکفین** وضو کی ترکیب۔ دونوں پہونچوں کا دھونا **عن المغیرۃ** قال کنا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی سفر فقرب وضوءہ بعضنا کان معہ فعدل وعدلت معہ حتی اتی کذا وکذا من الارض فاناخ ثم انطلق قال فذہب حتی توارٰی عنی ثم جاء فقال امعک ماء فمشیت الیہ بمطہرۃ فاتیتہ بہا فاصغیت علیہ فغسل یدیہ ووجہہ وذہب لیغسل ذراعیہ وعلیہ جبۃ شامیۃ ضیقۃ الکمین فاخرج یدیہ من تحت الجبۃ فغسل وجہہ وذراعیہ وذکر مسح ناصیتہ شیئا وعمامتہ شیئا قال ابن عون لا احفظ کما اریدہ ثم مسح علی خفیہ ثم قال حاجتک قلت یا رسول اللہ لیست لی حاجۃ فجئنا وقد اقام الناس عبد الرحمن بن عوف وقد صلی بہم رکعۃ من صلوۃ الصبح فذہبت لاوذنہ فنہاہ فی فصلینا ما ادرکنا وقضینا ما سبقنا ترجمہ مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے ایک سفر میں آپ نے میری پیٹ میں لکڑی کو نچی پھر آپ مڑ گئے رستہ سے اور میں بھی آپ کے ساتھ مڑا یہانتک کہ ایک زمین میں آئے جو ایسی ایسی تھی وہاں پر آپ نے اونٹ بٹھایا پھر آپ چلے گئے یہانتک کہ میری نظر سے غائب ہو گئے پھر آئے اور پوچھا تیرے پاس پانی ہے میرے پاس ایک چمڑے کی مشک تھی میں اس کو لیکر آیا

اور آپ پر پانی ڈالا آپ نے دونوں پہونچوں کو دھویا اور منہ دھویا پھر دونوں ہاتھ دھونے کا قصد کیا لیکن آپ ایک جبہ پہنے ہوئے تھے اس لئے آستین تنگ تھیں اسوجہ سے آستین نیچے نہ کر سکے آپ نے اپنا ہاتھ جبہ کے نیچے سے نکال لیا اور منہ اور دونوں ہاتھ دھوئے پھر بیان کیا مغیرہ نے پیشانی اور عمامے کا کچھ حال (یعنی پیشانی اور عمامے پر آپ نے مسح کیا) لیکن ابن عون (جو روایت کرتے ہیں اس حدیث کو مغیرہ سے) نے کہا مجھ کو خوب یاد نہیں ہے جیسا میں چاہتا ہوں لڑکے مغیرہ نے پیشانی اور عمامے کا کیا حال بیان کیا) پھر آپ نے مسح کیا موزوں پر بعد اوسکے فرمایا اب تو حاجت سے فارغ ہوا میں نے کہا یا رسول اللہ مجھے حاجت نہیں ہے پھر ہم آئے تو لوگوں کو امام عبدالرحمن بن عوف تھے اور ایک رکعت فجر کی پڑھ چکے تھے میں نے قصد کیا کہ عبدالرحمن کو آگاہ کروں (کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ہیں) لیکن آپ نے منع کیا پھر جسقدر نماز ہم کو جماعت کے ساتھ ملی اوسکو پڑھا اور جو پہلے ہو چکی تھی اوسکو پورا کیا (یعنی بعد سلام کے پڑھ لی)

بَابُ كَمْ يُجْزِئُ مِنَ الْمَاءِ فِي الْوُضُوءِ پہونچوں کو کتنے بار دھونا چاہیے

عَنِ ابْنِ أَبِي أَوْفَى رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَوْكَفَ ثَلَاثًا ترجمہ ابن ابی اوفی نے اپنے دادا سے روایت کیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے دیکھا آپ نے اپنے دونوں پہونچوں پر تین بار پانی ٹپکایا

الْمَضْمَضَةُ وَالِاسْتِنْشَاقُ کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنے کا بیان

عَنْ حُمْرَانَ بْنِ أَبَانَ قَالَ رَأَيْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ تَوَضَّأَ فَأَفْرَغَ عَلَى يَدَيْهِ ثَلَاثًا فَغَسَلَهُمَا ثُمَّ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا ثُمَّ غَسَلَ يَدَهُ الْيُمْنَى إِلَى الْمِرْفَقِ ثَلَاثًا ثُمَّ الْيُسْرَى مِثْلَ ذَلِكَ ثُمَّ مَسَحَ بِرَأْسِهِ ثُمَّ غَسَلَ قَدَمَهُ الْيُمْنَى ثَلَاثًا ثُمَّ الْيُسْرَى مِثْلَ ذَلِكَ ثُمَّ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ نَحْوَ وُضُوئِي هَذَا ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ لَا يُحَدِّثُ نَفْسَهُ فِيهِمَا بِشَيْءٍ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ ترجمہ حمران بن ابان سے روایت ہے دیکھا میں نے عثمان بن عفان کو وضو کیا انہوں نے تین بار پہنچوں پر پانی ڈالکر دونوں دھویا پھر کلی کی اور ناک میں پانی دیا پھر موںھ دھویا اپنا تین بار پھر کہنی تک اپنا داہنا ہاتھ تین بار دھویا پھر ویسا ہی بایاں بھی پھر اپنے سر کا مسح کیا تین بار اپنا داہنا پاؤں دھویا پھر ویسا ہی بایاں بھی دھویا پھر کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے دیکھا کہ آپ نے اس میری وضو کا سا وضو کیا پھر فرمایا جو میری طرح وضو کرے جیسے میں نے وضو کیا ہے پھر دو رکعت نماز پڑھی اور دل میں دنیا کی کوئی بات خیال نہ کرے تو اوسکے اگلے گناہ معاف ہو جاویں گے **ف** یعنی صغایر اور کبایر اگر خدا چاہے وہ غفور اور رحیم ہے

بَابُ يَتَمَضْمَضُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْ يَدَيْهِ کس ہاتھ میں پانی لیکر کلی کرے داہنے ہاتھ میں یا میں ہاتھ میں

عَنْ حُمْرَانَ أَنَّهُ رَأَى عُثْمَانَ دَعَا بِوَضُوءٍ فَأَفْرَغَ عَلَى يَدَيْهِ مِنْ إِنَائِهِ فَغَسَلَهُمَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ أَدْخَلَ يَمِينَهُ فِي الْوَضُوءِ فَتَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا وَيَدَيْهِ إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ مَسَحَ بِرَأْسِهِ ثُمَّ غَسَلَ كُلَّ رِجْلٍ مِنْ رِجْلَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ رَأَيْتُ

رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ وُضُوْئِیْ هٰذَا ثُمَّ قَالَ مَنْ تَوَضَّأَ مِثْلَ وُضُوْئِیْ هٰذَا ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ لَا یُحَدِّثُ فِیْهِمَا نَفْسَهٗ بِشَیْءٍ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ ترجمہ حمران سے روایت ہے میں نے حضرت عثمان کو دیکھا انہوں نے وضو کا پانی منگوایا اور اپنے ہاتھوں پر پانی ڈالا اور دونوں ہاتھوں کو تین بار دھویا پھر داہنا ہاتھ پانی میں ڈالکر کلی کے اور ناک صاف کی پھر آپ نے تین بار اپنا منھ دھویا اور دونوں ہاتھ کہنیوں تک تین بار دھوئے پھر سر کا مسح کیا اور ہر ایک پاؤں کو تین تین بار دھویا پھر حضرت عثمان نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے دیکھا کہ ایسا ہی آپ نے وضو کیا جیسا میں نے یہ وضو کیا اور آپ نے فرمایا جو میرے طرح سے وضو کرے جیسے میں نے وضو کیا ہے پھر کھڑے ہو کر حضور دل سے نماز پڑھے اور نماز کے اندر دنیا کی تباہی خیال وسوسے نہ لاوے تو اسکے اگلے گناہ سب معاف ہو جاوینگے **ف** اس سے معلوم ہوا کہ داہنے ہاتھ سے پانی لیکر کلی کرے اور ناک میں پانی پہونچاوے **اِیْجَادُ الْاِسْتِنْشَارِ** ایک ہی بار ناک چھنکنے کا بیان **عَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا تَوَضَّأَ اَحَدُکُمْ فَلْیَجْعَلْ فِیْ اَنْفِهٖ مَاءً ثُمَّ لِیَسْتَنْثِرْ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی شخص تم میں سے وضو کرے تو اپنی ناک میں پانی ڈالے پھر ناک چھنکے دوسری روایت میں ہے تین بار چھنکے کیونکہ شیطان اسکی بانسی پر رات کو رہتا ہے **اَلْمُبَالَغَةُ فِی الْاِسْتِنْشَاقِ** ناک میں زور سے پانی ڈالنا چاہیے **عَنْ** لَقِیْطِ بْنِ صَبِرَةَ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَخْبِرْنِیْ عَنِ الْوُضُوْءِ قَالَ اَسْبِغِ الْوُضُوْءَ وَبَالِغْ فِی الْاِسْتِنْشَاقِ اِلَّا اَنْ تَکُوْنَ صَائِمًا ترجمہ لقیط بن صبرہ سے روایت ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے بتلایئے وضو کرنا آپ نے فرمایا تو پورا کیا کر وضو کو یعنی سب اعضا کو اچھی طرح دھویا کر کہنیوں سوکھا نہ رہے اور ناک میں پانی زور سے ڈال مگر جب تو روزہ دار ہو تو ہاں سے پانی ڈال ہوا ایسا نہ ہو کہ پانی اندر چلا جاوے اور روزہ ٹوٹ جاوے **اَلْاَمْرُ بِالْاِسْتِنْثَارِ** ناک میں پانی ڈالنے اور سنکنے کا حکم **عَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَوَضَّأَ فَلْیَسْتَنْثِرْ وَمَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْیُوْتِرْ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص وضو کرے تو ناک سنکے اور جو ڈھیلا لیوے تو طاق لیوے (یعنی تین یا پانچ یا سات) **عَنْ** سَلَمَةَ بْنِ قَیْسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا تَوَضَّأْتَ فَاسْتَنْثِرْ وَاِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَاَوْتِرْ ترجمہ سلمہ بن قیس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تو وضو کرے تو ناک سنک اور جب تو ڈھیلا لیوے تو طاق لے **بَابُ** الْاَمْرِ بِالْاِسْتِنْشَارِ عِنْدَ الْاِسْتِیْقَاظِ مِنَ النَّوْمِ جب سو کر اٹھے تو ناک سنکنا چاہیے (یعنی وضو میں) **عَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اسْتَیْقَظَ اَحَدُکُمْ مِنْ مَنَامِهٖ فَتَوَضَّأَ فَلْیَسْتَنْثِرْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَاِنَّ الشَّیْطَانَ یَبِیْتُ عَلٰی خَیْشُوْمِهٖ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب

کوئی اپنی نیند سے جاگی پھر وضو کرے تو تین بار ناک جھاڑے اسواسطے کہ شیطان رات کو ناک کی جڑ میں بستا ہے **ف** سوتے میں بلغم دماغ سے اتر کر ناک کی جڑ میں جمع ہوتا ہے اوسکے سبب سے آدمی کو سستی ہوتی ہے سو فرمایا کہ تین بار چھینک ڈالے تاکہ سستی دور ہو جاوے بلغم اور رطوبت کو شیطان فرمایا اسواسطے کہ اوس سے سستی اور غفلت ہوتی ہے عبادت میں سو چاہیئے اوس کو دور کرنا شیطان کی بانی الحقیقت شیطان ہی رات کو وہاں رہتا ہے اللہ خوب جانتا ہے **بَابُ الْيَدِ الَّتِي يَسْتَنْثِرُ** کس ہاتھ سے ناک سنکنا چاہیئے **عَنْ** علی انہ دعا بوضوء فتمضمض واستنشق ونثر بیمینہ الیسری ففعل هذا ثلثا ثم قال هذا طهور نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترجمہ حضرت علی سے روایت ہے اونہوں نے وضو کیا پانی منگوایا کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور بائیں ہاتھ سے ناک سنکی ایسی طرح تین بار کیا اور کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی وضو ہے (یعنی اونکی وضو کے مانند) اس سے معلوم ہوا کہ ناک بائیں ہاتھ سے سنکے

بَابُ غسل الوجہ منہ دھونے کا بیان **عَنْ** عبد خیر قال اتینا علی ابن ابیطالب وقد صلی فدعا بطهور فقلنا ما یصنع وقد صلی ما یرید الا لیعلمنا فاتی باناء فیہ ماء وطست فافرغ من الاناء علی یدہ فغسلها ثلاثا ثم مضمض واستنشق ثلاثا من الکف الذی یاخذ بہ الماء ثم غسل وجهہ ثلاثا ثم غسل یدہ الیمنی ثلاثا ویدہ الشمال ثلاثا ثم مسح برأسہ مرۃ وغسل رجلہ الیمنی ثلاثا ورجلہ الشمال ثلاثا ثم قال من سرہ ان یعلم وضوء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فهو هذا ترجمہ عبد خیر سے روایت ہے ہم لوگ حضرت علی بن ابیطالب پاس آئے اور وہ نماز پڑھ چکے تھے انہون نے وضو کا پانی منگوایا ہم نے کہا اپنے دلون میں (آپس میں) یہہ وضو کا پانی کیا کریگے نماز تو پڑھ چکے ہین ضرور ہم کو سکھلانیکے لیے پانی منگوایا ہوگا خیر اون کو پاس ایک برتن لایا جسمین پانی تھا اور ایک طشت لایا اونہون نے برتن سے پانی اپنے ہاتھہ پر ڈالا اور اوسکو تین بار دھویا پھر کلی کی اور ناک مین تین بار پانی ڈالا اوسی ہاتھہ سے جس سے پانی لیتے تھے (یعنی داہنے ہاتھہ سے) پھر منہ کو تین بار دھویا اور داہنے ہاتھہ کو تین بار دھویا اور بائین ہاتھہ کو تین بار دھویا اور سر پر ایک بار مسح کیا پھر داہنی پیر کو تین بار دھویا اور بائین پیر کو تین بار دھویا بعد اوسکے کہا جسکو خوشی ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو معلوم کرنیکی تو وہ یہی ہے (جیسے مین نے کیا دوسری روایت مین یون ہے کہ آپ نے کلی کی اور ناک مین پانی ڈالا ایک چلو سے اور یہی والی ہے شافعیہ کے نزدیک اور حنفیہ کے نزدیک جدا جدا چلو لینا بہتر ہے

عَدَدُ غسل الوجہ منہ کو کتنی بار دھووے **عَنْ** علی انہ اتی بکرسی فقعد علیہ ثم دعا بتور فیہ ماء فکفا علی یدیہ ثلثا ثم مضمض واستنشق بکف واحد ثلث مرات وغسل وجهہ ثلثا وغسل ذراعیہ ثلثا ثلثا واخذ من الماء فمسح برأسہ واشار شعبۃ مرۃ من ناصیتہ الی مؤخر رأسہ ثم قال لا ادری اردها امرا وغسل رجلیہ ثلثا ثلثا ثم قال من سرہ

اَنْ يَنْظُرَ اِلٰى وُضُوْءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهٰذَا وُضُوْءُهٗ ترجمہ عبد خیر سے روایت ہے
حضرت علی کے پاس ایک کرسی لائے وہ اوس پر بیٹھے پھر ایک برتن منگوایا جسمیں پانی تھا اور تین بار اپنے ہاتھوں پر پانی ڈالا پھر
جھکا کر پھر کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا ایک چلو سے تین بار اور دونوں ہاتھوں سے تین تین بار
پھر پانی لیا اور سر پر مسح کیا شعبہ (جو اس حدیث کے راوی ہیں) نے بتلایا مسح کو اسطرح کر پیشانی سے شروع کیا گدی تک
پھر کہا مجھ معلوم نہیں گدی سے پھر پیشانی تک لائے ہاتھوں کو یا ہیں اور دونوں پانوں دھوئے تین تین بار پھر اسکو
کہا جسکو خوشی ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کے دیکھنے کی تو یہی وضو تھا آپکا **غسل الیدین**
دونو ہاتھ دھونا **عن** عَبْدِ خَيْرٍ قَالَ شَهِدْتُ عَلِيًّا دَعَا بِكُرْسِيٍّ فَقَعَدَ عَلَيْهِ ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ
فِيْ كُوْرٍ فَغَسَلَ يَدَيْهِ ثَلٰثًا ثُمَّ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ بِكَفٍّ وَاحِدٍ ثَلٰثًا ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهٗ ثَلٰثًا
وَيَدَيْهِ ثَلٰثًا ثَلٰثًا ثُمَّ غَمَسَ يَدَهٗ فِي الْاِنَاءِ فَمَسَحَ بِرَأْسِهٖ ثُمَّ غَسَلَ بِطَنِيَّهِ ثَلٰثًا ثَلٰثًا ثُمَّ قَالَ مَنْ
سَرَّهٗ اَنْ يَنْظُرَ اِلٰى وُضُوْءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهٰذَا وُضُوْءُهٗ ترجمہ عبد خیر سے
روایت ہے میں حضرت علی کے پاس آیا انہوں نے ایک کرسی منگوائی اور اوس پر بیٹھے پھر پانی منگوایا ایک برتن میں اور دونو
ہاتھ دھوئے تین بار پھر کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا ایک ہی چلو سے تین بار پھر سنہ دھویا تین بار اور دونوں ہاتھ
دھوئے تین تین بار پھر اپنا ہاتھ برتن میں ڈبو کر سر پر مسح کیا پھر دونوں پانوں کو دھویا تین تین بار بعد اوسکے کہا جسکو خوشی
ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کو دیکھنے کی تو دیکھ لیوے اسکو یہی وضو تھا آپ کا **باب صفۃ**
الوضوء وضو کی ترکیب **عن** الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ دَعَانِيْ اَبِيْ عَلِيٌّ بِوَضُوْءٍ فَقَرَّبْتُهٗ لَهٗ فَبَدَاَ فَغَسَلَ
كَفَّيْهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَبْلَ اَنْ يُّدْخِلَهُمَا فِيْ وَضُوْئِهٖ ثُمَّ مَضْمَضَ ثَلٰثًا وَاسْتَنْشَرَ ثَلٰثًا ثُمَّ غَسَلَ
وَجْهَهٗ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ غَسَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى اِلَى الْمِرْفَقِ ثَلٰثًا ثُمَّ الْيُسْرٰى كَذٰلِكَ ثُمَّ مَسَحَ بِرَأْسِهٖ
مَسْحَةً وَّاحِدَةً ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَهُ الْيُمْنٰى اِلَى الْكَعْبَيْنِ ثَلٰثًا ثُمَّ الْيُسْرٰى كَذٰلِكَ ثُمَّ قَامَ قَائِمًا
فَقَالَ نَاوِلْنِيْ فَنَاوَلْتُهُ الْاِنَاءَ الَّذِيْ فِيْهِ فَضْلُ وَضُوْئِهٖ فَشَرِبَ مِنْ فَضْلِ وَضُوْئِهٖ قَائِمًا
فَعِبْتُ ذٰلِكَ عَلَيْهِ قَالَ لَا تَعِبْ فَاِنِّيْ رَاَيْتُ اَبَاكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ مِثْلَ مَا
رَاَيْتَنِيْ صَنَعْتُ يَقُوْلُ لِوَضُوْئِهٖ هٰذَا وَشَرِبَ فَضْلَ وَضُوْئِهٖ قَائِمًا ترجمہ حضرت امام حسین سے
روایت ہے میرے والد علی بن ابی طالب نے مجھ سے وضو کا پانی مانگا میں نے وضو کا پانی لاکر دیا انہوں نے وضو شروع کیا
تو پہلے دونو پہونچوں کو تین بار دھویا پانی میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے پھر تین بار کلی کی اور تین بار ناک سنکی پھر منھ کو تین بار
دھویا پھر داہنی ہاتھ کو کہنی تک تین بار دھویا پھر بائیں ہاتھ کو اسیطرح دھویا پھر سر پر ایک بار مسح کیا پھر داہنے پانوں
کو ٹخنوں تک تین بار دھویا پھر بائیں پانوں کو اسیطرح دھویا پھر کھڑے ہو گئے اور کہا مجھے پانی دو میں نے دسی برتن دیدیا

جسمین وضو کا بچا ہوا پانی تھا انہون نے کہڑے کہڑے اوسمین سے پانی پیا مینی تعجب کیا انہون نے کہا تعجب مت کر اسلیے کہ مین نے تیرے باپ (یعنی نانا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا وہ بھی ایسا ہی کرتے تھے جیسے مین نے کیا۔
اسی طرح وضو کرتے تھے اور وضو کا پانی بچا ہوا کھڑے ہوکر پیتے تھے **حکم** دھونا ہاتھون کو کتنی بار
دہوے **عن** ابی حیۃ وھو ابن قیس قال رایت علیا توضاء فغسل کفیہ حتی انقاھما
ثم مضمض ثلثا واستنشق ثلثا وغسل وجھہ ثلثا وغسل ذراعیہ ثلثا ثلثا ثم مسح براسہ
ثم غسل قدمیہ الی الکعبین ثم قام فاخذ فضل طھورہ فشرب وھو قائم ثم قال احببت
ان اریکم کیف طھور النبی صلی اللہ علیہ وسلم **ترجمہ** ابی حیہ سے روایت ہی مین نے حضرت علی رضہ کو
دیکھا انہون نے وضو کیا تو پہلے اپنے دونو پہونچون کو دہوے یہانتک کہ صاف کیا اون کو پھر تین بار کلی کی اور تین بار ناک
مین پانی ڈالا اور منہ تین بار دہویا اور دونون ہاتھ تین تین بار دہوے پھر سر پر مسح کیا پھر دونون پانون دہوے پھر کہڑے ہوے اور وضو کا بچا ہوا پانی کہڑے کہڑے پیا پھر کہا مین نے بہ چاہا کہ تم کو دکھلاؤن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کیونکر وضو کرتے تھے **باب** صفۃ الغسل دھونیکے حد **عن** عمرو بن یحیی المازنی عن ابیہ انہ قال
لعبد اللہ بن زید بن عاصم وکان من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو جد عمرو بن یحیی
ھل تستطیع ان تریني کیف کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتوضاء قال عبد اللہ بن زید
نعم فدعا بوضوء فافرغ علی یدیہ فغسل یدیہ الی الرسغین مرتین ثم تمضمض واستنشق ثلثا
ثم غسل وجھہ ثلثا ثم غسل یدیہ مرتین مرتین الی المرفقین ثم مسح راسہ بیدیہ فاقبل
بھما وادبر بدا بمقدم راسہ ثم ذھب بھما الی قفاہ ثم ردھما حتی رجع الی المکان الذی
بدا منہ ثم غسل رجلیہ **ترجمہ** عمر بن یحیی مازنی سے روایت ہی اوس نے سنا اپنے باپ یحیی بن عمارہ بن ابی حسن
اوس نے کہا عبد اللہ بن زید بن عاصم سے جو صحابی ہین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اور دادا ہین عمرو بن یحیی کے ۹
یہ غلطی ہی راوی حدیث سے عبد اللہ بن زید عمرو بن یحیی کے نہ دادا ہین نہ نانا صحیح یہ ہے کہ ایک شخص نے پوچھا عبد اللہ بن
زید سے اور وہ شخص عمارہ بن ابی حسن تھا جو دادا ہی عمرو بن یحیی کا **ف** کیا تم مجھکو دکھا سکتے ہو کسطرح وضو کرتی تھے
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم انہون نے کہا ہان تو منگوایا وضو کا پانی اور ڈالا اوسکو اپنے ہاتھہ پر اور دہویا دونون
ہاتھونکو دو دو بار پھر کلی کی اور ناک مین پانی ڈالا تین بار پھر منہ دہویا تین بار پھر دونو ہاتھہ دہوے دو دو بار کہنیون
تک پھر مسح کیا سر کا دونون ہاتھون سے اسکے سے لے گئے اوسکے پیچھے سے لے آئے یعنی شروع کیا آگے سے اور سر کے پیچھے
تک لیگئے پھر دونون ہاتھون کو پیچھے سے لے آئے وہین تک جہان سے شروع کیا تھا پھر دونون پانون دہوے **باب**
صفۃ مسح الراس سر پر مسح کرنیکا کرے **عن** عمرو بن یحیی عن ابیہ انہ قال لعبد اللہ بن زید

۹ یعنی اسی بیان میں یہ بھی کہا ہے کہ یہ حدیث عمرو بن یحیی نے اپنے دادا سے سنی ہے

بن عاصم وهو جد عمرو بن يحيى هل تستطيع ان تريني كيف كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ قال عبد الله بن زيد نعم فدعا بوضوء فأفرغ على يديه اليمنى فغسل يديه مرتين ثم تمضمض واستنشق ثلثا ثم غسل وجهه ثلثا ثم غسل يديه مرتين مرتين الى المرفقين ثم مسح رأسه بيديه فاقبل بهما وادبر بدأ بمقدم رأسه ثم ذهب بهما الى قفاه ثم ردهما حتى رجع الى المكان الذي بدأ منه ثم غسل رجليه ترجمہ عمرو بن یحیی سے روایت ہے انہوں نے سنا اپنے باپ سے انہوں نے کہا عبد اللہ بن زید بن عاصم سے جو دادا تھے عمرو بن یحیی کے کیا تم مجھ کو دکھا سکتے ہو کیونکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے تھے عبد اللہ بن زید نے کہا ہاں انہوں نے پانی منگوایا اور اپنے داہنے ہاتھ پر ڈالا پھر دونوں ہاتھوں کو دو بار دھویا پھر کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا تین بار پھر منہ کو دھویا تین بار پھر دونوں ہاتھ دھوئے دو دو بار کہنیوں تک پھر مسح کیا سر کا دونوں ہاتھوں سے آگے پیچھے لیگئے اور پیچھے سے آگے لائے پہلے آگے سے شروع کیا اور پیچھے تک لیگئے پھر پیچھے سے وہیں لائے جہاں سے شروع کیا تھا پھر دونوں پاؤں دھوئے **عناد** مسح الرأس کتنی بار مسح کرے **عن** عبد الله بن زيد الذي أري النداء قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم توضأ فغسل وجهه ثلثا ويديه مرتين مرتين وغسل رجليه مرتين ومسح برأسه مرتين ترجمہ عبد اللہ بن زید سے روایت ہے جنہوں نے خواب میں اذان سنی تھی **ف** یہ غلطی ہے سفیان کی عبد اللہ بن زید بن عبد ربہ جنہوں نے اذان نقل کی ہے وہ اور صحابی ہیں اور یہ عبد اللہ بن زید بن عاصم ہیں جو وضو کی روایت کرتے ہیں **ف** کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نے وضو کیا تو منہ کو تین بار دھویا اور دونوں ہاتھوں کو دو بار دھویا اور دونوں پاؤں کو دو بار دھویا اور سر پر دو بار مسح کیا **باب** مسح المرأة رأسها عورت اپنے سر پر مسح کرے **عن** أبي عبد الله سالم سبلان قال وكانت عائشة تستعجب بأمانته وكنا جيرة فأرتني كيف كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ فتمضمضت واستنثرت ثلثا وغسلت وجهها ثلثا ثم غسلت يدها اليمنى ثلثا واليسرى ثلثا ووضعت يدها في مقدم رأسها ثم مسحت رأسها مسحة واحدة الى مؤخره ثم أمرت يديها بأذنيها ثم صلت على الخدين قال سالم كنت آتيها مكاتبا ما حفظني منه فيجلس بين يديّ وتحدث معي حتى جئتها ذات يوم فقلت ادعي لي بالبركة يا أم المؤمنين قالت وما ذاك قلت أعتقني الله قالت بارك الله لك وأرخت الحجاب دوني فلم أرها بعد ذلك اليوم ترجمہ ابو عبد اللہ سے روایت ہے جسکا نام سالم تھا اور سبلان کہ کے مشہور تھا حضرت عائشہ اوسکی امانت پر تعجب کرتی تھیں اور اوس سے کلام لیا کرتی تھیں اور ہمسایہ تھا حضرت عائشہ نے مجھ کو دکھلایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح وضو کیا کرتے تھے تو انہوں نے کلی

کی اور ناک مین پانی ڈالا تین بار اور منہ دھویا تین بار پھر داہنا ہاتھ دھویا تین بار اور بایان ہاتھ بھی تین بار اور اپنا ہاتھ سر کے آگے رکھکر پیچھے تک مسح کیا ایک بار پھر اپنے ہاتھون کو دونون کانون پر پھیرا پھر گانون پر سالم نے کہا مین حضرت عائشہ پاس کتابت کے حالت مین جایا کرتا رہتے مین غلام تھا مجھکو میرے مولی نے مکاتب کر دیا تھا سو کتابت اس غلام کو کہتے ہین جس سے مولے کچھ روپیہ یا قباط ٹھہرا لے اور کہدے کہ جب تو اتنا روپیہ ادا کر دیگا تو آزاد ہے) تو وہ مجھسے پردہ کرتی نہین اور کہا کہ غلامون سے اور رات دن کر کپڑون سے پردہ کرنا ضرور نہین ہے حضرت عائشہ کا بھی مذہب تھا) بلکہ میرے سامنے آکر بیٹھ جاتین اور مجھ سے باتین کرتین ایک دن جو مین اونکے پاس گیا تو مینے کہا سیرے لیے دعا کرو برکت کے انہون نے پوچھا کیا ہوا مین نے کہا اللہ نے مجھے آزاد کر دیا یعنی بدل کتابت ادا کر دیا انہون نے کہا اللہ تجھے برکت دیوے زرا اسی وقت میرے سامنے پردہ ٹنگا لیا پھر اوس روز سے مین نے اونکو نہین دیکھا

مسح الاذنین کانون کے مسح کا بیان

عن ابن عباس قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم توضأ فغسل یدیہ ثم مضمض واستنشق من غرفۃ واحدۃ وغسل وجھہ وغسل یدیہ مرۃ مرۃ ومسح برأسہ واذنیہ مرۃ قال عبد العزیز واخبرنی من سمع من ابن عجلان ان یقول فی ذلک وغسل رجلیہ ترجمہ عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپنے وضو کیا تو دونو ہاتھون کو دھویا پھر کلی کی اور ناک مین پانی ڈالا ایک ہی چلو سے اور منہ دھویا اور دونون ہاتھ دھوئے ایک ایک بار اور مسح کیا سر اور کانون کا ایکبار دوسری روایت مین اتنا زیادہ ہے اور دونون پاؤن دھوئے

باب مسح الاذنین مع الرأس او بعد ہ

یعنی کانون کا مسح سر کے ساتھ کرنا اور کانون کو سر مین شریک ہونیکی دلیل

عن ابن عباس ان توضأ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فغرف غرفۃ فمضمض واستنشق ثم غرف غرفۃ فغسل وجھہ ثم غرف غرفۃ فغسل یدہ الیمنی ثم غرف غرفۃ فغسل یدہ الیسری ثم مسح برأسہ واذنیہ باطنہما بالسبحتین وظاہرہما بابہامیہ ثم غرف غرفۃ فغسل رجلہ الیمنی ثم غرف غرفۃ فغسل رجلہ الیسری ترجمہ عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا تو ایک چلو لیا اور کلی کی اور ناک مین پانی ڈالا پھر چلو لیا اور منہ دھویا پھر چلو لیا اور داہنا ہاتھ دھویا پھر چلو لیا اور بایان ہاتھ دھویا پھر مسح کیا سر اور دونون کانون پر کانون کے اندر کا کلمہ کی انگلیون سے اور باہر کا انگھوٹھون سے پھر ایک چلو لیا اور داہنا پاؤن دھویا پھر چلو لیا اور بایان پاؤن دھویا

عن عبد اللہ الصنابحی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا توضأ العبد المؤمن فمضمض خرجت الخطایا من فیہ فاذا استنثر خرجت الخطایا من انفہ فاذا غسل وجھہ خرجت الخطایا من وجہہ حتی تخرج من تحت اشفار عینیہ فاذا غسل یدیہ خرجت الخطایا من یدیہ حتی تخرج

مِنْ تَحْتِ اَظْفَارِ یَدَیْہِ فَاِذَا مَسَحَ بِرَاْسِہٖ خَرَجَتِ الْخَطَایَا مِنْ رَاْسِہٖ حَتّٰی تَخْرُجَ مِنْ اُذُنَیْہِ فَاِذَا
غَسَلَ رِجْلَیْہِ خَرَجَتِ الْخَطَایَا مِنْ رِجْلَیْہِ حَتّٰی تَخْرُجَ مِنْ تَحْتِ اَظْفَارِ رِجْلَیْہِ ثُمَّ کَانَ مَشْیُہٗ اِلَی
الْمَسْجِدِ وَصَلٰوتُہٗ نَافِلَۃً لَّہٗ ترجمہ عبداللہ صنابحی سے روایت ہے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت وضو شروع
کرتا ہے بندہ مومن پھر کلی کرتا ہے نکلجاتے ہیں گناہ اوسکے منہ سے پھر جسوقت ناک میں پانی ڈالتا ہے نکلجاتے ہیں گناہ اوسکے
ناک سے پھر جسوقت منہ دھوتا ہے نکلجاتے ہیں گناہ اوسکے منہ سے یہانتک کہ نکلجاتے ہیں پپوٹوں سے پھر جسوقت ہاتھ دھوتا ہے
نکلجاتے ہیں گناہ اوسکے دونوں ہاتھوں سے یہانتک کہ نکلجاتے ہیں دونوں ہاتھ کے ناخونوں کے تلے سے پھر جسوقت مسح کرتا ہے
سر کا نکلجاتے ہیں اوسکے دونوں کانوں سے پھر جسوقت پانوں دھوتا ہے نکل جاتے ہیں گناہ اوسکے دونوں پانوں سے
یہانتک کہ نکلجاتے ہیں اوسکی دونوں پانوں کے ناخونوں سے پھر چلنا اوسکا مسجد کیطرف اور نماز اوسکے واسطے نفل ہے یعنے اوسکا
ثواب علیحدہ ہوگا اوسکے لیے ف گناہوں سے مراد صغائر ہیں نہ کبائر تو جس شخص کے سب گناہ صغائر ہیں اوسکے بالکل
معاف ہوجاتے ہیں اور جسکے صغائر و کبائر دونوں ہیں تو صغائر عفو ہوجاتے ہیں اور جسکے سب گناہ کبائر ہیں تو اون میں تخفیف
ہوجاتی ہے بقدر صغائر اور جسکے پاس نہ صغائر ہیں نہ کبائر اوسکی نیکیوں میں ترقی ہوتی ہے ایسا ہی بیان کیا علمائی احناف
کی شرح میں مگر ظاہر حدیث مطلق ہے شامل ہے صغائر اور کبائر کو **باب** **المسح علی العمامۃ** عمامے پر مسح کرنیکا بیان

عن بلال قال رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم مسح علی الخفین والخمار ترجمہ بلال سے روایت ہے
میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا مسح کرتے موزوں اور عمامے پر دوسری روایت میں یوں ہے رأیت رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یمسح علی الخفین دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مسح کرتے ہیں موزوں
ایک روایت میں ہے علی الخمار والخفین یعنے عمامے اور موزوں پر ف اکثر اہل حدیث کے نزدیک مسح عمامہ اور سر بندہیں
پر درست ہے اور یہ ثابت ہے عمر و بن امیہ اور غیرہ اور انس کے روایت سے اور بعضوں کے نزدیک عمامے پر مسح درست نہیں ہے
جبتک ناصیہ سے نہ لگے **باب** **المسح علی العمامۃ مع الناصیۃ** پیشانی اور عمامے پر مسح کرنا **عن**
المغیرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم توضأ فمسح ناصیتہ وعمامتہ وعلی الخفین ترجمہ مغیرہ
سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا تو مسح کیا پیشانی اور عمامے پر اور موزوں پر **عن** المغیرۃ بن شعبۃ
قال تخلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتخلفت معہ فلما قضی حاجتہ قال امعک ماء فاتیتہ
بمطہرۃ فغسل یدیہ وغسل وجہہ ثم ذہب یحسر عن ذراعیہ فضاق کم الجبۃ فالقاہا
علی منکبیہ فغسل ذراعیہ ومسح برأسہ وعلی العمامۃ وعلی خفیہ ترجمہ مغیرہ بن شعبہ سے
روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (سفر میں) لوگوں کی پیچھے رہ گئے میں بھی آپ کے ساتھ پیچھے رہ گیا جب آپ حاجت سے
فارغ ہوئے تو مجھ سے پوچھا تیرے پاس کچھ ہے میں ایک بدھنا پانی کا لیکر آیا آپ نے اپنا ہاتھ دھویا اور منہ دھویا پھر اپنے ہاتھ

ف گناہوں سے مراد صغائر ہیں نہ کبائر کے بیان میں اختلاف کا نقل ہوجانے ہیں

آستینوں سے نکالنے لگے تو وہ تنگ نکلیں یعنے جبہ کی آستینیں تنگ تھیں ہاتھ اوسمیں سے نکل نہ سکے آپ نے جبہ کے نیچے کی طرف سے ہاتھ پر ڈال لیا اور ہاتھ اندر سے نکال لیے پھر دونو ہاتھ دھوئے اور مسح کیا پیشانی پر اور عمامے پر اور موزوں پر **باب** کیفیۃ المسح علی العمامۃ عمامے پر کسطرح مسح کرے **عن** المغیرۃ بن شعبۃ قال حصلتان لا اسأل عنہما احدا بعد ما شہدت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال کنا معہ فی سفر فبرز لحاجتہ ثم جاء فتوضأ ومسح بناصیتہ وجانبی عمامتہ ومسح علی خفیہ وقال وصلوۃ الامام خلف الرجل من رعیتہ فشہدت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ کان فی سفر فحضرت الصلوۃ فاحتبس علیہم النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاقاموا الصلوۃ وقدموا بن عوف فصلی بہم فجاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلی خلف ابن عوف ما بقی من الصلوۃ فلما سلم ابن عوف قام النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقضی ما سبق بہ **ترجمہ** مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے دو باتیں ہیں میں اونکو کسی سے نہ پوچھونگا جب خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں دیکھ چکا ہوں (اون باتوں کو کرتے ہوئے) ہم آپ کے ساتھ تھے سفر میں آپ حاجت کو نکلے پھر آکر وضو کیا اور مسح کیا پیشانی پر اور عمامے کے دونوں کناروں پر اور مسح کیا موزوں پر (اب اس بات میں کسی سے پوچھنے کی ضرورت نہیں) دوسری امام نماز پڑھی اپنی جماعت میں سے کسی کے پیچھے یہ درست ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ چکا ہوں آپ سفر میں تھے نماز کا وقت آگیا لیکن آپ تشریف نہ لے گئے تو صحابہ نے نماز شروع کردی (عبدالرحمن بن عوف کو آگے کیا انہوں نے نماز پڑھانا شروع کی اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آگئے اور نماز پڑھی آپ نے عبدالرحمن بن عوف کے پیچھے جتنی باقی تھی جب ابن عوف نے سلام پھیرا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور جسقدر نماز ہو چکی تھی اوسکو ادا کیا **باب** ایجاب غسل الرجلین بالنعلین دھونا واجب ہے **عن** ابی ہریرۃ قال قال ابو القاسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ویل للاعقاب من النار **ترجمہ** ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خرابی ہے ایڑی کی جہنم کے عذاب سے یعنے اگر وضو میں چوک گئی تو قیامت میں عذاب ہوگا (حدیث سے پاؤں کا دھونا واجب معلوم ہوتا ہے اور اس سے رہ ہو گیا اون لوگوں پر جو پاؤں کو مسح کو کافی سمجھتے ہیں) **عن** عبداللہ بن عمرو قال رای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قوما یتوضؤن فرأی اعقابہم تلوح فقال ویل للاعقاب من النار اسبغوا الوضوء **ترجمہ** عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے رسول اللہ صلعم نے کچھ لوگوں کو دیکھا جو وضو کر رہے ہیں اور اون کی ایڑیاں چمک رہی ہیں (خشکی ہے اون پر پانی نہیں ہو پہنچا) آپ نے فرمایا خرابی ہے ایڑیوں کی جہنم کے عذاب سے پورا کرو وضو کو **باب** بای الرجلین یبدأ بالغسل پہلے کس پاؤں کو دھوے **عن** عائشۃ وذکرت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یحب التیامن ما استطاع فی طہورہ وتنعلہ وترجلہ **ترجمہ** حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم داہنی طرف سے شروع کرنیکو پسند کرتے

تھے جہانتک ہوسکتا طہارت میں اور جوتا پہننے میں اور کنگھی کرنے میں **غسل** الرجلین بالیدین دونوں پانوں کو
دونوں ہاتھوں سے دھونا **عن** القیسی انہ کان مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی سفر فاتی
باناء فقال علی یدیہ من الاناء فغسلہما مرۃ وغسل وجہہ وذر لعینیہ مرۃ مرۃ وغسل
رجلیہ بیدیہ کلتیہما ترجمہ عبدالرحمن بن ابی قراد قیسی سے روایت ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے
ساتھ تھے ایک سفر میں آپ پاس پانی لائے آپ نے برتن جھکا کر پانی دونوں ہاتھوں پر ڈالا اور دونوں کو دھویا ایک بار
اور منہ دھویا اور دونوں ہاتھ دھوئے ایک ایک بار اور دونوں پانوں دھوئے دونوں ہاتھوں سے **الامر**
بتخلیل اصابع او نگلیوں میں خلال کرنیکا حکم **عن** لقیط بن صبرۃ قال قال رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم اذا توضأت فاسبغ الوضوء وخلل بین اصابع ترجمہ لقیط بن صبرہ سے روایت
ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تو وضو کرے تو پورا کر وضو کو اور تو خلال کر تو نگلیوں میں زنہار کہ گہنیا ان
سوکھی نہ جاویں **عن** **غسل** الرجلین پانوں کتنی بار دھوئے **عن** ابی حیۃ الوادعی قال رایت
علیا توضأ فغسل کفیہ ثلثا ومضمض ثلثا واستنشق ثلثا وغسل وجہہ ثلثا وذراعیہ
ثلثا ثلثا ومسح برأسہ وغسل رجلیہ ثلثا ثلثا ثم قال ھذا وضوء رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم ترجمہ ابوحیہ وادعی سے روایت ہے میں نے حضرت علی کو دیکھا انہوں نے وضو کیا تو دونوں
ہتھیلیوں کو تین بار دھویا اور تین بار کلی کے اور ناک میں پانی ڈالا تین بار اور منہ دھویا تین بار اور دونوں ہاتھ دھوئے
تین تین بار اور مسح کیا سر پر اور دونوں پانوں دھوئے تین تین بار پھر کہا یہی وضو تمہارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کا **باب** **حد** الغسل دھونے کی حد یعنی ہاتھ اور پانوں کہاں تک دھوئے **عن** حمران مولے
عثمان ان عثمان دعا بوضوء فتوضأ فغسل کفیہ ثلاث مرات ثم مضمض واستنشق
ثم غسل وجہہ ثلث مرات ثم غسل یدہ الیمنی الی المرفق ثلث مرات ثم غسل یدہ الیسری
مثل ذلک ثم مسح برأسہ ثم غسل رجلہ الیمنی الی الکعبین ثلث مرات ثم غسل رجلہ
الیسری مثل ذلک ثم قال رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم توضأ نحو وضوئی ھذا ثم
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من توضأ نحو وضوئی ھذا ثم قام
فرکع رکعتین لا یحدث فیہما نفسہ غفر لہ ما تقدم من ذنبہ ترجمہ حمران سے روایت ہے جو مولی تھا غلام
آزاد کیا تھا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کا کہ میں نے دیکھا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو انہوں نے وضو کا پانی منگوایا اور وضو کیا اور
دونوں ہتھیلیوں کو تین بار دھویا پھر کلی کے اور ناک میں پانی ڈالا پھر منہ دھویا تین بار پھر داہنا ہاتھ دھویا کہنی تک تین بار
پھر بایاں ہاتھ دھویا اسیطرح یعنی کہنی تک تین بار پھر سر پر مسح کیا پھر داہنا پاؤں دھویا ٹخنوں تک تین بار

پھر بایان پانون دھویا اسی طرح (یعنے تخنون تک تین بار) پھر کہا مین نے رسول اللہ صلعم اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نے وضو کیا اسطرح جیسے مین نے وضو کیا پھر کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اسطرح وضو کرے جیسے مین نے کیا ہے پھر کھڑے ہوکر دو رکعتین پڑہے اور دل مین کسی طرح کی وسوسے نہ لاوے تو اوس کے اگلے گناہ بخشدیے جاوینگے

عَنْ عُبَيْدِ بْنِ جُرَيْجٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ رَأَيْتُكَ تَلْبَسُ هٰذِهِ النِّعَالَ السِّبْتِيَّةَ وَ تَتَوَضَّأُ فِيهَا قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْبَسُهَا وَيَتَوَضَّأُ فِيهَا **ترجمہ** عبید بن جریج سے روایت ہے مین نے عبداللہ بن عمر سے کہا مین تمہین دیکھتا ہون یہ چمڑے کی جوتیان پہنی ہوئے اور اوسی کو پہنے پہنے وضو کرتے ہو اے انہون نے کہا مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ ایسی جوتیان پہنتے تہے اور اون مین وضو کرتے **بَابُ** المَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ موزون پر مسح کرنے کا بیان **ف** اجماع کیا ہے علما نے موزون کے مسح درست ہونے پر سفر اور حضر مین اور انکار کیا ہے اوسکا شیعہ اور خوارج نے اور روایت کیا ہے موزون پر مسح کرنیکو ایک جماعت صحابہ نے حسن بصری نے کہا مجھ سے ستر آدمیون نے بیان کیا رسول اللہ صلعم اللہ علیہ وسلم کے صحابہ مین سے کہ آپ موزون پر مسح کرتے تہے لیکن اختلاف کیا ہے علمائے کہ مسح کرنا موزون پر افضل ہے یا پانون دہونا اکثر علما کے نزدیک پانون دہونا افضل ہے اور ایک جماعت تابعین کے نزدیک مسح افضل ہے **عَنْ** جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ فَقِيلَ لَهُ أَتَمْسَحُ فَقَالَ قَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ وَكَانَتْ أَصْحَابُ عَبْدِ اللّٰهِ يُعْجِبُهُمْ قَوْلُ جَرِيرٍ وَكَانَ إِسْلَامُ جَرِيرٍ قَبْلَ مَوْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَسِيرٍ **ترجمہ** جریر بن عبداللہ سے روایت ہے انہون نے وضو کیا اور مسح کیا موزون پر لوگون نے کہا کیا تم مسح کرتے ہو موزون پر جریر نے کہا مین نے رسول اللہ صلعم اللہ علیہ وسلم کو دیکھا موزون پر مسح کرتے ہوئے پیچھے اللہ کے لوگون کو جریر کی حدیث نہایت پسند تہی کیونکہ اسلام جریر کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے تہوڑے دنون پیشتر تہا **ف** پس یہہ جو بعض لوگون نے گمان کیا کہ موزون پر مسح کرنا آیت مائدہ کے اترنے سے پیشتر درست تہا اور جب سورہ مائدہ مین یہہ آیت اتری فَاغْسِلُوا وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوا بِرُءُوسِكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ تو موزون کا مسح موقوف ہوا اور پانون دہونا ضرور ہوا یہہ گمان صحیح نہ ہوگا اس لیے کہ جریر رسول اللہ صلعم اللہ علیہ وسلم کی وفات سے چند ہی روز پیشتر مسلمان ہوئے اور انہون نے آپ کو موزون پر مسح کرتے دیکہا تو معلوم ہوگیا کہ آیت مائدہ سے موزون کا مسح موقوف نہین ہوا پس آیت مائدہ مین جو حکم پانون دہونے کا ہے وہ خاص ہے اوس حالت سے جب پانون مین موزے نہون اگر موزے ہون تو حدیث کے رو سے اون پر مسح درست ہے **عَنْ** جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ رَأَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِلَالٌ الْإِسْوَافَ فَذَهَبَ لِحَاجَتِهِ ثُمَّ خَرَجَ قَالَ أُمَامَةُ فَسَأَلْتُ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ **ترجمہ** جعفر بن عمرو بن عمیہ ضمری سے روایت ہے انہون نے کہا مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکہا آپ نے وضو کیا اور مسح کیا موزون پر

بِلَالًا مَا صَنَعَ فَقَالَ بِلَالٌ ذَهَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَتِهِ ثُمَّ تَوَضَّأَ فَغَسَلَ وَجْهَهُ
وَيَدَيْهِ وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ ثُمَّ صَلَّى ترجمہ اسامہ بن زید سے روایت ہے رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم اور بلال دونوں اسواف میں گئے (اسواف مدینہ کے حرم کو کہتے ہیں جسکی حد بندی رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے کی ہے) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حاجت کو تشریف لے گئے پھر نکلے تو اسامہ نے کہا میں نے بلال سے
پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کیا بلال نے کہا آپ حاجت کو گئے پھر وضو کیا تو منہ دھویا اور دونوں ہاتھ
دھوئے اور سر پر مسح کیا اور موزوں پر مسح کیا پھر نماز پڑھی عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ ترجمہ سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم نے مسح کیا موزوں پر عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ أَنَّهُ لَا بَأْسَ بِهِ ترجمہ سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا موزوں پر مسح کرنے میں کچھ قباحت نہیں ہے عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَتِهِ فَلَمَّا رَجَعَ تَلَقَّيْتُهُ بِإِدَاوَةٍ فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ فَغَسَلَ يَدَيْهِ ثُمَّ غَسَلَ
وَجْهَهُ ثُمَّ ذَهَبَ لِيَغْسِلَ ذِرَاعَيْهِ فَضَاقَتْ بِهِ الْجُبَّةُ فَأَخْرَجَهُمَا مِنْ أَسْفَلِ الْجُبَّةِ
فَغَسَلَهُمَا وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ ثُمَّ صَلَّى ترجمہ مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
حاجت کو تشریف لیگئے جب لوٹ کر آنے لگے تو میں پانی لیکر پہونچا ایک لوٹے میں اور میں نے پانی ڈالا آپ کے اوپر آپ نے
دونوں ہاتھ دھوئے پھر منہ دھویا پھر آپ دونوں ہاتھ نہیں دھونا چاہتے تھے لیکن جبہ تنگ نکلا (اور آستینیں اوپر چڑھ نہ سکیں)
آپنے دونوں ہاتھوں کو جبے کے تلے سے نکال لیا اور دونوں کو دھویا اور مسح کیا موزوں پر پھر نماز پڑھی ہمارے ساتھ ف
اس حدیث سے مد دینے کا جواز ثابت ہوا وضو میں اور اسامہ بن زید کی حدیث سے بھی ثابت ہے انہوں نے پانی ڈالا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم پر جب آپ لوٹ کر آئے تھے عرفات سے اور کئی حدیثوں میں وضو میں مد دینے کی ممانعت آئی ہے پر دو
حدیثیں ثابت نہیں ہیں عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ خَرَجَ
لِحَاجَتِهِ فَاتَّبَعَهُ الْمُغِيرَةُ بِإِدَاوَةٍ فِيهَا مَاءٌ فَصَبَّ عَلَيْهِ حَتَّى فَرَغَ مِنْ حَاجَتِهِ فَتَوَضَّأَ
وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ ترجمہ مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حاجت کو تشریف لے چلے تو پیچھے پیچھے
آپ کے مغیرہ بھی تھے ایک لوٹا پانی لیکر گئے پھر آپ پانی ڈالا یہانتک کہ آپ فارغ ہوگئے حاجت سے ف مسلم کی روایت میں
یوں ہے فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ حِينَ فَرَغَ مِنْ حَاجَتِهِ یعنے پانی ڈالا آپ پر جب آپ حاجت سے فارغ ہو چکے تھے اور مسلم کی
ایک روایت میں اور نسائی کی روایت میں حَتَّى فَرَغَ ہے پس اسکے معنے یوں ہونگے کہ پانی ڈالا آپ پر یہانتک کہ آپ
فارغ ہوئے حاجت سے اپنی تو مراد حاجت سے وضو ہوگا نادرست اور صحیح یہ ہے کہ حَتَّى سببیہ ہے راوی سے چونکہ اور روایتوں سے

یہی ثابت ہوتا ہے کہ مغیرہ نے پانی ڈالا جب آپ حاجت سے فارغ ہو چکے تھے اور جو حاجت سے جنوب مراد ہے جیسے نووی نے تاویل کی ہے تو اس صورت میں فتوضأ اس کے بعد بیموقع ہوگا **باب المسح علی الجوربین والنعلین** پاتابہ اور جوتوں پر مسح کرنیکا بیان **ف** یہ باب مع اس حدیث کے جو اس باب میں مذکور ہوگی کسٹر نسخوں میں نہیں ہے

عن المغیرۃ بن شعبۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسح علی الجوربین والنعلین

ترجمہ مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسح کیا پاتابوں اور جوتوں پر ابو عبد الرحمن نے کہا میں نہیں جانتا کسی کو کہ اوس نے متابعت کی ہو ابو قیس کی اس روایت میں اور صحیح مغیرہ سے یہی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسح کیا موزوں پر **باب المسح علی الخفین فی السفر** سفر میں موزوں پر مسح کرنے کا بیان

عن المغیرۃ بن شعبۃ قال کنت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی سفر فقال تخلف یا مغیرۃ فمضوا ایھم الناس تخلفت ومعی اداوۃ من ماء فی مضی الناس فذھب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لحاجتہ فلما رجع ذھبت اصب علیہ وعلیہ جبۃ رومیۃ ضیقۃ الکمین فاردت ان یخرج یدہ منھا فضاقت علیہ فاخرج یدہ من تحت الجبۃ فغسل وجھہ ویدیہ ومسح برأسہ ومسح علی خفیہ

ترجمہ مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا سفر میں آپ نے فرمایا پیچھے رہ جا اے مغیرہ اور لوگوں سے کہا چلو آگے جاؤ میں پیچھے رہ گیا میرے ساتھ ایک لوٹا پانی تھا لوگ چلے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حاجت کو تشریف لے گئے جب لوٹ کر آئے تو میں آپ پر پانی ڈالنے لگا آپ ایک جبہ پہنے تھے رومی کا بنا ہوا تنگ آستینوں کا آپ نے اوس میں سے ہاتھ نکالنا چاہا وہ تنگ ہوئے تب آپ نے جبہ کے تلے سے ہاتھ نکال لیا اور منہ دھویا اور دونوں ہاتھ دھوئے اور سر پر مسح کیا اور موزوں پر مسح کیا **باب التوقیت فی المسح علی الخفین للمسافر** مسافر کو موزے پر مسح کرنیکی کتنی مدت ہے

عن صفوان بن عسال قال رخص لنا النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا کنا مسافرین ان لا ننزع خفافنا ثلثۃ ایام ولیالیھن

ترجمہ صفوان بن عسال سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رخصت دی ہم کو جب ہم سفر میں ہوں اپنے موزے نہ اوتارنے کی تین دن تین رات تک **ف** مگر جب جنابت ہو تو اوتارنا پڑیگا اکثر ایمہ اور علما کا یہی قول ہے کہ مدت مسح کی مقیم کو ایک دن اور ایک رات ہے اور مسافر کے لیے تین دن تین رات اور یہی قول ہے ابو حنیفہ اور شافعی اور احمد کا اور مالک سے مشہور روایت یہ ہے کہ مسح کی کوئی مدت مقرر نہیں جب تک چاہے مسح کرے اور یہی قول قدیم تھا شافعی کا اور دلیل اسکی حدیث ہے ابی بن عمارہ کی جسکو ابو داؤد نے نقل کیا لیکن وہ ضعیف ہے باتفاق اہل حدیث۔ پھر یہ مدت حدث کے وقت سے معتبر ہوگی یعنے جب موزے پہنے وضو کرکے تو اب یہ وضو جب سے ٹوٹے گا اوس وقت سے مدت کا حساب ہوگا نہ مسح کے وقت سے اور نہ پہننے کے وقت سے (نووی باختصار) **عن زید قال سألت**

قَالَ سَأَلْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنَا إِذَا كُنَّا مُسَافِرِينَ أَنْ نَمْسَحَ عَلَى خِفَافِنَا وَلَا نَنْزِعَهَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ غَائِطٍ وَبَوْلٍ وَنَوْمٍ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ ترجمہ زر سے روایت ہے میں نے صفوان بن عسال سے پوچھا موزوں پر مسح کرنیکو انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکم کرتے تھے ہم کو جب ہم مسافر ہوں کہ مسح کریں اپنے موزوں پر اور نہ اوتاریں اونکو تین دن تک پیشاب اور پاخانے اور سونے سے مگر جنابت سے البتہ وضو کرنا ضرور ہے **الوقت** فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ لِلْمُقِيمِ مقیم موزوں پر مسح کرنے کی کیا مدت ہے **عن** عَلِيٍّ رضہ قَالَ جَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ وَيَوْمًا وَلَيْلَةً لِلْمُقِيمِ يَعْنِي فِي الْمَسْحِ ترجمہ حضرت امیر المومنین علی بن ابی طالب رض سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسافر کو لیے تین دن اور تین رات کیلیے مقرر کیں اور مقیم کے لیے ایک دن اور ایک رات یعنے موزوں پر مسح کرنے کے لیے **عن** شُرَيْحِ بْنِ هَانِئٍ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقَالَتِ ائْتِ عَلِيًّا فَإِنَّهُ أَعْلَمُ بِذَلِكَ مِنِّي فَأَتَيْتُ عَلِيًّا فَسَأَلْتُهُ عَنِ الْمَسْحِ فَقَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنَا أَنْ يَمْسَحَ الْمُقِيمُ يَوْمًا وَلَيْلَةً وَالْمُسَافِرُ ثَلَاثًا ترجمہ شریح بن ہانی سے روایت ہے میں نے حضرت عائشہ رضہ سے پوچھا موزوں پر مسح کرنی کی بابت کو انہوں نے کہا علی رض پاس جاؤ اور اون سے پوچھو مجھ سے زیادہ جانتے ہیں میں اونکے پاس گیا اور پوچھا حضرت علی نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکم کرتے تھے ہم کو کہ مقیم ایک دن رات تک مسح کرے اور مسافر تین دن رات تک **صفة** الْوُضُوءِ مِنْ غَيْرِ حَدَثٍ اگر کسی کا وضو ٹوٹا نہ ہو تو وہ تازہ وضو کیونکر کرے **عن** النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ قَالَ رَأَيْتُ عَلِيًّا صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ قَعَدَ لِحَوَائِجِ النَّاسِ فَلَمَّا حَضَرَتِ الْعَصْرُ أُتِيَ بِتَوْرٍ مِنْ مَاءٍ فَأَخَذَ مِنْهُ كَفًّا فَمَسَحَ بِهِ وَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ وَرَأْسَهُ وَرِجْلَيْهِ ثُمَّ أَخَذَ فَضْلَهُ فَشَرِبَ قَائِمًا وَقَالَ إِنَّ نَاسًا يَكْرَهُونَ هَذَا وَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَهُ وَهَذَا وُضُوءُ مَنْ لَمْ يُحْدِثْ ترجمہ نزال بن سبرہ سے روایت ہے میں نے حضرت علی رض کو دیکھا انہوں نے نماز پڑھی ظہر کی پھر لوگوں کے کاموں میں مصروف ہے جب عصر کا وقت آیا تو ایک برتن میں پانی لایا گیا آپ نے اوس میں سے ایک چلو لیکر منہ اور دونوں ہاتھوں اور سر اور دونو پاؤں پر مسح کیا پھر تھوڑا سا بچا ہوا پانی لیکر کھڑے ہو کر پیا اور کہا کہ لوگ برا جانتے ہیں اسکو (یعنے ظہر پیچھے وضو کرنیکو جس میں تمام اعضا پر مسح کیا جاوے) حالانکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ایسا کرتے ہوے اور جسکو حدث نہ ہوا ہو اوسکا بھی وضو ہے یعنے اگر کوئی شخص باوضو ہو اور نماز کا وقت آجاوے اور وہ شخص ثواب کے واسطے تازہ وضو کرنا چاہے تو اسی طرح کفایت کرتا ہے کہ تھوڑا سا پانی لیکر سب اعضا کو چھیڑ لیوے پورا وضو کرنا اور پانی بہانا ضرور نہیں **الوضوء لكل صلوة**

ہر نماز کے لیے تازہ وضو کرنا ضرور نہیں ہے جب وضو ہو عن انس انہ ذکر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم ارای بانا
صغیرا فتوضا فقلت اکان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یتوضا لکل صلوۃ قال نعم قال فانتم
قال کنا نصلی الصلوات مالم نحدث قال وقد کنا نصلی الصلوات بوضوء ترجمہ انس سے روایت
ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس ایک چھوٹا برتن لایا گیا آپنے وضو کیا عمرو بن عامر نے کہا میں نے انس سے پوچھا کیا رسو
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے لیے وضو کرتے تھے انہوں نے کہا ہاں میں نے کہا اور تم انہوں نے کہا ہم تو کئی نمازیں پڑھ
کرتی تھے جبتک وضو نہ ٹوٹتا یا ایک ہی وضو سے کئی نمازیں پڑھا کرتے تھے عن ابن عباس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم خرج من الخلاء فقرب الیہ طعام فقالوا الا نأتیک بوضوء فقال انما امرت بالوضوء
اذا قمت الی الصلوۃ ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پائخانے سے نکلے تو آپ کے سامنے
کھانا رکھا گیا لوگوں نے عرض کیا کیا وضو کا پانی لاویں آپنے فرمایا وضو کا حکم مجھ اوس وقت ہوا ہے جب نماز کو کھڑے ہوں
اور پائخانے سے نکلکر کچھ وضو ضرور نہیں ہے عن بریدۃ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتوضا
لکل صلوۃ فلما کان یوم الفتح صلی الصلوات بوضوء واحد فقال لہ عمر فعلت شیئا
لم تکن تفعلہ قال عمدا فعلتہ یا عمر ترجمہ بریدہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کو لیے وضو کرتے
تھے جب مکے کے فتح کا دن آیا تو آپ نے سب نمازوں کو ایک ہی وضو سے پڑھا حضرت عمر نے آپ سے عرض کیا یا رسول اللہ آپ نے
آج ایسا کام کیا جو کبھی نہیں کرتے تھے (یعنی ہمیشہ آپ ہر ایک نماز کے لیے وضو کیا کرتے تھے اور آج کئی نمازیں ایک وضو سے پڑھیں)
آپ نے فرمایا میں نے قصدا ایسا کیا ہے اے عمر ف تاکہ میری امت کو مسئلہ معلوم ہو جاوے کہ ہر نماز کو لیے تازہ وضو
کرنا افضل ہے اور ایک وضو سے کئی نمازیں پڑھنا درست ہیں یہ مسئلہ اتفاقی اور اجماعی ہے مگر ابو جعفر طحاوی اور ابن بطال نے
نقل کیا کہ ایک طائفہ علما کے نزدیک ہر نماز کے لیے تازہ وضو کرنا واجب ہے اگرچہ وضو ہو اور دلیل لاتے ہیں اللہ کے اس قول سے
اذا قمتم الی الصلوۃ نووی نے کہا میں نہیں سمجھتا کہ یہ کسی کا مذہب ہو اور شاید مراد اس طائفہ کی استحباب وضو کا
ہو ہر نماز کے لیے اور وہ صحیح ہے بلا خلاف اور دلیل جمہور کی احادیث صحیحہ ہیں جو اس باب میں بیان ہوئیں اور آیہ کریمہ اذا
قمتم من النوم یا اذا قمتم محدثین پر ہے یا وہ منسوخ ہے یا فعل ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل ہے مگر یہ قول ضعیف ہے باب
النضح پانی چھڑکنے کا بیان عن الحکم عن ابیہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا توضا
اخذ حفنۃ من ماء فقال بھا ھکذا ووصف شعبۃ فنضح بہ فرجہ فذکرتہ لابراھیم
فاعجبہ ترجمہ حکم بن سفیان سے روایت ہے اوس نے اپنے باپ سے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے تو ایک چلو
پانی کا لیکر اپنی شرم گاہ پر چھڑک لیتے (تاکہ قطری کا وسوسہ بالکل مٹ جاوے) حدیث کا راوی حکم بن سفیان ہے یا سفیان بن
حکم اسکے نام میں اختلاف ہے بعضوں نے کہا یحابی ہے ابن عبد البر نے کہا اس سے یہی ایک حدیث مروی ہے وضو کے باب میں

اور اسی طرح ہے عَنِ الْحَكَمِ بْنِ سُفْيَانَ قَالَ اَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ وَنَضَحَ فَرْجَهٗ
قَالَ اَحْمَدُ فَنَضَحَ فَرْجَهٗ ترجمہ حکم بن سفیان سے روایت ہے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نے وضو کیا اور
پانی چھڑکا اپنی شرمگاہ پر یا وضو کیا پھر پانی چھڑکا اپنی شرمگاہ پر ف اکثر نسخوں میں یہ حدیث اسی طرح ہے اور بعض نسخوں میں
عن الحکم بن سفیان من ابیہ ہے بَابُ الْاِنْتِفَاعِ بِفَضْلِ الْوَضُوْءِ وضو کا بچا ہوا پانی کام میں لانا عَنْ اَبِيْ
جُحَيْفَةَ قَالَ رَاَيْتُ عَلِيًّا تَوَضَّاَ ثَلٰثًا ثَلٰثًا ثُمَّ قَامَ فَشَرِبَ فَضْلَ وَضُوْئِهٖ وَقَالَ صَنَعْتُ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا صَنَعْتُ ترجمہ ابوجحیفہ سے روایت ہے میں نے حضرت علیؓ کو دیکھا آپ نے وضو کیا تین
تین بار پھر کھڑے ہو کے اور بچا ہوا پانی پیا اور کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا تھا جیسا میں نے کیا ہے
عَنْ اَبِيْ جُحَيْفَةَ قَالَ شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَطْحَاءِ فَاَخْرَجَ بِلَالٌ فَضْلَ وَضُوْئِهٖ
فَابْتَدَرَهُ النَّاسُ فَنِلْتُ مِنْهُ شَيْئًا وَرَكَزَ لَهُ الْعَنَزَةَ فَصَلّٰى بِالنَّاسِ وَالْحُمُرُ وَالْكِلَابُ
وَالْمَرْاَةُ يَمُرُّوْنَ بَيْنَ يَدَيْهِ ترجمہ ابوجحیفہ سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس تھا بطحا میں بلال
نے آپ کے وضو کا بچا ہوا پانی نکالا لوگ اوسکی لینے کو لپکے میں نے بھی تھوڑا سا پایا اور آپ کے لیے ایک لکڑی گاڑی (سترہ
کی لیے) پھر آپ نے نماز پڑھائی لوگوں کو اور گدھے اور کتے اور عورتیں آپ کے سامنے سے گزرتی تھیں عَنْ جَابِرٍ يَقُوْلُ مَرِضْتُ
فَاَتَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ يَعُوْدَانِيْ فَوَجَدَانِيْ قَدْ اُغْمِيَ عَلَيَّ فَتَوَضَّاَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَبَّ عَلَيَّ وَضُوْءَهٗ ترجمہ جابر سے روایت ہے میں بیمار ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
اور ابوبکر صدیق میری دیکھنے کو آئے انہوں نے مجھے بیہوش پایا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا اور وضو کا پانی
میرے اوپر ڈالا ف یعنی جو پانی وضو سے بچ رہا تھا اور یہ تفسیر ترجمہ باب کے مناسب ہے یا جو پانی وضو میں صرف ہوا تھا
اوسی کو اکٹھا کر کے ڈالا یعنی جب وضو کا پانی سے نفع اوٹھانا درست ہوا تو بچا پانی وضو سے بچ رہے گا اوس سے بطریق اولے
نفع اوٹھانا درست ہوگا بَابُ فَرْضِ الْوُضُوْءِ وضو کا فرض ہونا عَنْ اَبِي الْمَلِيْحِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلٰوةَ بِغَيْرِ طُهُوْرٍ وَلَا صَدَقَةً مِّنْ غُلُوْلٍ ترجمہ
ابوالملیح نے (جنکا نام عامر ہے یا زید یا زید) روایت کیا اپنے باپ سے (اسامہ بن عمیر سے) کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
سلم نے نہیں قبول کرتا ہے اللہ نماز بغیر وضو کے اور نہ صدقہ چوری کے مال سے ف یعنی مال غنیمت میں سے چرا کر صدقہ دیوے
تو وہ صدقہ قبول نہ ہوگا بلکہ اور عذاب ہوگا یہی حکم ہے ہر مال حرام کا اَلْاِعْتِمَالُ فِي الْوُضُوْءِ وضو میں
زیادتی کرنا منع ہے عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْاَلُهٗ عَنِ الْوُضُوْءِ فَاَرَاهُ الْوُضُوْءَ ثَلٰثًا ثَلٰثًا ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا الْوُضُوْءُ فَمَنْ زَادَ
عَلٰى هٰذَا اَسَاءَ وَتَعَدّٰى وَظَلَمَ ترجمہ عبداللہ بن عمرو بن العاص سے روایت ہے ایک گنوار رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا وضو کی ترکیب پوچھتا تھا تو آپ نے تین تین بار وضو کر کے اوسکو بتلایا پھر فرمایا وضو اس طرح ہے اب جو کوئی اسپر زیادتی کرے اوس نے برا کیا اور حد سے بڑھ گیا اور ظلم کیا ف وضو میں ہر عضو کا ایک بار یا دو بار یا تین بار دھونا درست ہے اور تین سے زیادہ مکروہ ہے اس لیے کہ خلاف ہے سنت کی اور اسراف ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کا اتباع بہتر ہے اور اپنے عقل سے گھٹانا بڑھانا وضو کرنا بدعت اور مذموم ہے **کلام** باسباغ الوضوء وضو پورا کرنے کا حکم **عن** عبد اللہ بن عبید اللہ بن عباس قال کنا جلوسا الی عبد اللہ بن عباس فقال واللہ ما خصنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بشیء دون الناس الا بثلثۃ اشیاء فانہ امرنا ان نسبغ الوضوء ولا نأکل الصدقۃ ولا ان ننزی الحمر علی الخیل

ترجمہ عبد اللہ بن عبید اللہ بن عباس سے روایت ہے ہم عبد اللہ بن عباس پاس بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے کہا قسم خدا کی ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (یعنی بنی ہاشم کو) خاص نہیں کیا کسی بات سے (یعنی دین کی باتیں جیسے سب کو بتاتے ہیں ویسی ہی ہم کو بتائیں) مگر تین باتوں سے ایک تو حکم کیا ہم کو وضو پورا کرنے کا دوسری زکوۃ نہ کھانے کا تیسری گدھے کو گھوڑیوں پر نہ کودانے کا ف ان باتوں کی بنی ہاشم کو زیادہ تاکید فرمائی لیکن پہلی بات یعنی وضو کا پورا کرنا تو وہ سب مسلمانوں کے لیے ہے اور زکوۃ کا حرام ہونا بنی ہاشم اور بنی مطلب سے خاص ہے اور گدھوں کا گھوڑیوں پر کودانا عموماً مکروہ ہے اسلیے کہ گھوڑے کی نسل کم ہوگی حالانکہ گھوڑے کی نسل بڑھانا چاہیے کیونکہ وہ آلہ جہاد ہے **عن** عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسبغوا الوضوء ترجمہ عبد اللہ بن عمرو سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پورا کرو وضو کو **باب** الفضل فی ذلک وضو پورا کرنے کی فضیلت **عن** ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال الا اخبرکم بما یمحو اللہ بہ الخطایا ویرفع بہ الدرجات اسباغ الوضوء علی المکاره وکثرۃ الخطا الی المساجد وانتظار الصلوۃ بعد الصلوۃ فذلکم الرباط فذلکم الرباط فذلکم الرباط ترجمہ ابوہریرہ رضی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تم کو نہ بتاؤں وہ چیز جو مٹا دے گناہوں کو اور بلند کرے درجوں کو وہ کیا ہے پورا کرنا وضو کا تکلیف کے وقت (جیسے سردی ہو) اور بہت سے قدم ہونا مسجد تک اور انتظار کرنا دوسری نماز کا ایک نماز کے بعد یہی رباط ہے یہی رباط ہے ف جسکا اللہ تعالی نے حکم دیا ہے اس آیت میں یا ایھا الذین امنوا اصبروا وصابروا ورابطوا واتقوا اللہ لعلکم تفلحون **ثواب** من توضأ کما امر موافق حکم کے وضو کرنیکا ثواب **عن** عاصم بن سفیان الثقفی انھم غزوا غزوۃ السلاسل فنابتھم الغزو فرابطوا ثم رجعوا الی معاویۃ وعندہ ابو ایوب وعقبۃ بن عامر فقال عاصم یا ابا ایوب فاتنا الغزو والغنائم وقد اخبرنا انہ من صلی فی المساجد الاربعۃ غفر

لَهٗ بِهٖ فَقَالَ يَا ابْنَ اَخِيْ اَدُلُّكَ عَلٰى اَيْسَرَ مِنْ ذٰلِكَ اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
يَقُوْلُ مَنْ تَوَضَّاَ كَمَا اُمِرَ وَصَلّٰى كَمَا اُمِرَ غُفِرَ لَهٗ مَا قَدَّمَ مِنْ عَمَلٍ اَكَذٰلِكَ يَا عُقْبَةُ قَالَ نَعَمْ
ترجمہ عاصم بن سفیان ثقفی سے روایت ہے ہم لوگ جہاد کو نکلے سلاسل کیطرف (جو ایک پانی کا نام ہے) لیکن جہاد نہ ملا
پھر ہم مستعد رہے یہانتک کہ لوٹ کر معاویہ کے پاس آئے اور ان کے پاس ابو ایوب اور عقبہ بن عامر بیٹھے تھے عاصم نے
کہا ای ابا ایوب اس سال ہم کو جہاد نہ ملا اور ہم نے سنا ہے کہ جو شخص نماز پڑھے چار مسجدوں میں اوس کے گناہ بخشدیے
جاوینگے ابو ایوب نے کہا ہے میری بھائی کے بیٹے ہم تجھے اس سے سہل بتا دین میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
سے سنا ہے آپ فرماتے تھے جو شخص وضو کرے حکم کیموافق اور نماز پڑھے حکم کیموافق (یعنی سب شرائط اور ارکان کو اچھی طرح
ادا کرے) تو وہ بخشدیا جاویگا چاہے پہلے جو عمل کر چکا ہو عاصم نے کہا ای عقبہ کیا ایسا ہی عقبہ نے کہا ہاں عَنْ
عُثْمَانَ بِمُحَدِّثٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ اَتَمَّ الْوُضُوْءَ كَمَا اَمَرَهُ اللّٰهُ
عَزَّ وَجَلَّ فَالصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ كَفَّارَاتٌ لِمَا بَيْنَهُنَّ ترجمہ عثمان سے روایت ہے وہ نہوں نے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ کہتے تھے جو شخص پورا کرے وضو کو جیسا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے تو پانچوں نمازیں کفارہ
ہو جاوینگی اون گناہوں کی جو اون کے درمیان میں سرزد ہوں عَنْ عُثْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنِ امْرِئٍ يَتَوَضَّاُ فَيُحْسِنُ وُضُوْءَهٗ ثُمَّ يُصَلِّي الصَّلٰوةَ اِلَّا غُفِرَ
لَهٗ مَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الصَّلٰوةِ الْاُخْرٰى حَتّٰى يُصَلِّيَهَا ترجمہ حضرت عثمان سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے کوئی شخص ایسا نہیں ہے جو اچھی طرح وضو کرے پھر نماز پڑھے مگر اللہ اوس کو بخش دیتا ہے جو دو
نماز تک جبتک اوسکو پڑھے درمیان دونوں نمازوں کے جو کچھ گناہ اوسکے ہوتے ہیں معاف ہو جاتے ہیں عَنْ
عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ يَقُوْلُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ الْوُضُوْءُ قَالَ اَمَّا الْوُضُوْءُ فَاِنَّكَ اِذَا تَوَضَّاْتَ
فَغَسَلْتَ كَفَّيْكَ فَاَنْقَيْتَهُمَا خَرَجَتْ خَطَايَاكَ مِنْ بَيْنِ اَظْفَارِكَ وَاَنَامِلِكَ فَاِذَا مَضْمَضْتَ
وَاسْتَنْشَقْتَ مِنْخَرَيْكَ وَغَسَلْتَ وَجْهَكَ وَيَدَيْكَ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ وَمَسَحْتَ رَاْسَكَ وَغَسَلْتَ
رِجْلَيْكَ اِلَى الْكَعْبَيْنِ اغْتَسَلْتَ مِنْ عَامَّةِ خَطَايَاكَ فَاِنْ اَنْتَ وَضَعْتَ وَجْهَكَ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ
خَرَجْتَ مِنْ خَطَايَاكَ كَيَوْمِ وَلَدَتْكَ اُمُّكَ قَالَ اَبُوْ اُمَامَةَ فَقُلْتُ يَا عَمْرَو بْنَ عَبَسَةَ انْظُرْ
مَا تَقُوْلُ اَتُعْطٰى هٰذَا الرَّجُلُ كُلَّهٗ يُعْطٰى فِيْ مَجْلِسٍ وَاحِدٍ قَالَ اَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ كَبِرَتْ سِنِّيْ وَدَنَا اَجَلِيْ وَمَا
بِيْ مِنْ فَقْرٍ فَاَكْذِبَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَقَدْ سَمِعَتْهُ اُذُنَايَ وَوَعَاهُ
قَلْبِيْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ترجمہ عمرو بن عبسہ سے روایت ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ
وضو کا کیا ثواب ہے آپ نے فرمایا وضو جب تو نے کیا اور دونوں پہونچے دھوئے صاف کر کے تو تیرے گناہ نکل گئے

علیہ وسلم وضو کیا کرتے تھے ہین تک وضو کرنا بہتر ہی اور مراد اس حدیث سے یہ ہی کہ مسلمان کو زیور اوس حد تک پہنایا جاویگا جہانتک وضو مین پانی پہونچتا ہے یعنے ہاتھونکا زیور کہنیون تک اور پاؤنکا ٹخنون تک اور منہ کا کانون تک واللہ اعلم

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلَی الْمَقْبُرَةِ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِکُمْ لَاحِقُوْنَ وَدِدْتُّ اَنِّیْ قَدْ رَاَیْتُ اِخْوَانَنَا قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَسْنَا اِخْوَانَکَ قَالَ بَلْ اَنْتُمْ اَصْحَابِیْ وَاِخْوَانِیَ الَّذِیْنَ لَمْ یَاْتُوْا بَعْدُ وَاَنَا فَرَطُهُمْ عَلَی الْحَوْضِ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ کَیْفَ تَعْرِفُ مَنْ یَّاْتِیْ بَعْدَکَ مِنْ اُمَّتِکَ قَالَ اَرَاَیْتَ لَوْ کَانَ لِرَجُلٍ خَیْلٌ غُرٌّ مُّحَجَّلَةٌ فِیْ خَیْلٍ بُهْمٍ دُهْمٍ اَلَا یَعْرِفُ خَیْلَهُ قَالُوْا بَلٰی قَالَ فَاِنَّهُمْ یَاْتُوْنَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ غُرًّا مُّحَجَّلِیْنَ مِنَ الْوُضُوْءِ وَاَنَا فَرَطُهُمْ عَلَی الْحَوْضِ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقبرہ (بقیع) کیطرف نکلے اور فرمایا سلامتی ہو تمپر اے گھر والو مسلمان یا سلامتی ہو تم پر گھر ہو مسلمانون کا لوگو اگر اللہ چاہیگا تو تمسے ملنے والے ہین (یعنی اگر خدا چاہیگا تو خاتمہ ہمارا ایمان پر ہوگا اور ہم مومنین سے ملینگے) مجھکو آرزو ہی اپنے بھائیون کو دیکھون صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم آپکے بھائی نہین ہین آپنے فرمایا (تمہارا درجہ تو اس سے زیادہ ہی) تم صحابہ ہو میری (اور صحابی کا درجہ برادر ایمانی سے زیادہ ہے اسلیے کہ بھائی تو سب مسلمان ہین ہو جب آیۃ کریمہ انما المومنون اخوۃ اور صحابیت کا درجہ اوسپر زیادہ ہی) اور میری بھائی (جو صحابہ نہین ہین) وہ لوگ ہین جو ابھی دنیا مین نہین آئے ہین قیامت کے روز اونکا فرط ہونگا (فرط اوس شخص کو کہتے ہین جو ساتھیون سے آگے بڑھکر چلا جاتا ہی اور اون کے کھانے اور پینے کے سامان (کیلیے) حوض کوثر پر (یعنے پہلے ہی سے جاکر اونکی راحت کا سامان کرونگا اور اون کے آنے کا منتظر رہونگا حوض کوثر پر) صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ اون لوگون کو کیونکر پہچانینگے قیامت مین جو دنیا مین آپکے بعد آوینگے آپ نے فرمایا دیکھو اگر کسی شخص کے سفید منہ اور سفید پانون کے گھوڑے خالص سیاہ مشکی گھوڑون مین مل جاوین تو وہ اپنے گھوڑون کو نہ پہچانے گا صحابہ نے عرض کیا کیون نہین پہچانیگا آپنے فرمایا پس اسیطرح وہ بھائی میرے قیامت کے روز آوینگے اور اون کے منہ اور ہاتھ پانون چمکتے ہونگے وضو سے اور مین اونکا فرط ہونگا حوض کوثر پر **باب** ثواب مَنْ اَحْسَنَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ جو شخص اچھی طرح وضو کرے پھر دو رکعتین پڑہے اوسکا ثواب کیا ہی عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ یُقْبِلُ عَلَیْهِمَا بِقَلْبِهٖ وَوَجْهِهٖ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ ترجمہ عقبہ بن عامر جہنی سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اچھی طرح وضو کرے پھر دو رکعتین پڑہے منہ اور دل سے متوجہ ہو کے (یعنے ادہر ادہر منہ سے نہ دیکھے قبلہ کیطرف دیکھتا رہے اور دل بھی لگاوے وہی تمام خیال دل مین ملاوے) تو واجب ہو جاویگی جنت اوسکیلیے **باب** مَا یَنْقُضُ الْوُضُوْءَ وَمَا لَا یَنْقُضُ الْوُضُوْءَ مِنَ الْمَذْیِ ہے مذی سے وضو ٹوٹ جانیکا بیان عَنْ اَبِیْ

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ كُنْتُ رَجُلًا مَذَّاءً وَكَانَتِ ابْنَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتِي فَاسْتَحْيَيْتُ اَنْ اَسْاَلَهُ فَقُلْتُ لِرَجُلٍ جَالِسٍ اِلٰى جَنْبِي سَلْهُ فَسَاَلَهُ فَقَالَ فِيهِ الْوُضُوْءُ ترجمہ ابو عبد الرحمن سے روایت ہے حضرت علی نے کہا مجھے مذی بہت آیا کرتی تھی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی (فاطمہ زہرا) میری نکاح میں تھیں تو مجھے شرم آئی آپ سے یہ مسئلہ پوچھتے ہوئے میں نے ایک شخص سے کہا جو میری پاس بیٹھا تھا تو پوچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس مسئلہ کو اس نے پوچھا آپ نے فرمایا مذی میں وضو ہے یعنی مذی نکلنے سے غسل کرنا ضرور نہیں ہے صرف وضو کافی ہے (مذی وہ پانی ہے جو ابتدا اسی شہوت میں نکلتا ہے اور اسکی نکلنے سے شہوت تیز ہوجاتی ہے)

عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قُلْتُ لِلْمِقْدَادِ اِذَا بَنٰى الرَّجُلُ بِاَهْلِهٖ فَاَمْذٰى وَلَمْ يُجَامِعْ فَسَلِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَاِنِّي اَسْتَحْيِي اَنْ اَسْاَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ وَابْنَتُهُ تَحْتِي فَسَاَلَهُ فَقَالَ يَغْسِلُ مَذَاكِيرَهُ وَيَتَوَضَّاُ وُضُوْءَهُ لِلصَّلٰوةِ ترجمہ حضرت علی سے روایت ہے میں نے مقداد بن الاسود سے کہا جب کوئی شخص اپنے عورت پاس بیٹھے اور اوسکی مذی نکل آوے لیکن وہ جماع نہ کرے تم اس مسئلہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھ لیں کیونکہ مجھے شرم آتی ہے یہ مسئلہ آپ سے پوچھتے ہوئے اور صاحبزادی آپ کی میری نکاح میں ہیں مقداد نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا آپ نے فرمایا اپنے ذکر کو دھو ڈالے اور وضو کرلے جیسے نماز کے لیے وضو کرتا ہے

عَنْ عَائِشِ بْنِ اُنَيْسٍ اَنَّ عَلِيًّا قَالَ كُنْتُ رَجُلًا مَذَّاءً فَاَمَرْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ يَسْاَلُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَجْلِ ابْنَتِهٖ عِنْدِي فَقَالَ يَكْفِي مِنْ ذٰلِكَ الْوُضُوْءُ ترجمہ عائش بن انس سے روایت ہے حضرت علی نے کہا مجھے مذی بہت آتی تھی تو میں نے عمار بن یاسر کو کہا تم یہ مسئلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھ لو سبب اسکے کہ میری پاس انکی صاحبزادی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کافی ہے وضو جب مذی نکلی

عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ اَنَّ عَلِيًّا اَمَرَ عَمَّارًا اَنْ يَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَذْيِ فَقَالَ يَغْسِلُ مَذَاكِيرَهُ وَيَتَوَضَّاُ ترجمہ رافع بن خدیج سے روایت ہے حضرت علی نے حکم کیا عمار کو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مذی کا مسئلہ پوچھیں آپ نے فرمایا دھو ڈالے ذکر کو اور وضو کرلے

عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ اَنَّ عَلِيًّا اَمَرَهُ اَنْ يَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ اِذَا دَنَا مِنْ اَهْلِهٖ فَخَرَجَ مِنْهُ الْمَذْيُ مَاذَا عَلَيْهِ فَاِنَّ عِنْدِي ابْنَتَهٗ وَاَنَا اَسْتَحْيِي اَنْ اَسْاَلَهُ فَسَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ اِذَا وَجَدَ اَحَدُكُمْ ذٰلِكَ فَلْيَنْضَحْ فَرْجَهٗ وَيَتَوَضَّاْ وُضُوْءَهٗ لِلصَّلٰوةِ ترجمہ مقداد بن الاسود سے روایت ہے حضرت علی نے اوسکو حکم کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ پوچھے کہ جب کوئی شخص اپنی بی بی کی پاس بیٹھے اور اوسکی مذی نکل آوے تو اوسپر کیا واجب ہوا (وضو یا غسل) اور کہا میرے پاس آپ کی صاحبزادی ہیں اسسبب سے میں شرم کرتا ہوں اس مسئلہ کو پوچھنے میں مقداد نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ پوچھا آپ نے فرمایا جب تم میں سے کسی کو ایسا ہو تو اپنے شرمگاہ

کو دھو ڈالے اور نماز کے لیے جیسا وضو کرتے ہیں ویسا ہی وضو کر لیوے عن علی قال استحییت ان اسال رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن المذی من اجل فاطمۃ فامرت المقداد بن الاسود فسالہ فقال
فیہ الوضوء ترجمہ حضرت علی سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شرم کی مذی کے مسئلہ پوچھنے میں
بسبب فاطمہ رضی اللہ عنہا کے تو حکم کیا میں نے مقداد کو پوچھنیکا انہوں نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
اوسمیں وضو ہے باب الوضوء من الغائط والبول پیشاب یا پائخانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے عن
زر بن حبیش قال اتیت رجلا یدعی صفوان بن عسال فقعدت علی بابہ فخرج
فقال ما شانک قلت اطلب العلم قال ان الملائکۃ تضع اجنحتہا لطالب العلم رضا بما
یطلب فقال عن ای شیء تسال قلت عن الخفین قال کنا اذا کنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم فی سفر امرنا ان لا ننزعہ ثلثا الا من جنابۃ لکن من غائط وبول ونوم ترجمہ زر
بن حبیش سے روایت ہے میں ایک شخص پاس گیا جسکو صفوان بن عسال کہتے ہیں تو میں اوس کے دروازے پر بیٹھا جب وہ نکلا
تو پوچھنے لگا کیا کام ہے میں نے کہا میں علم چاہتا ہوں اوس نے کہا فرشتے اپنے پر بچھاتے ہیں طالب علم کیواسطے خوشی سے
پھر کہا تو کیا پوچھتا ہے میں نے کہا موزوں کا مسئلہ پوچھتا ہوں اوس نے کہا جب ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوتے
سفر میں آپ ہمکو حکم کرتے موزے نہ اوتارنیکا تین دن رات کے جنابت سے یعنے اگر نہانیکی حاجت ہو تو موزے اوتار کر غسل کریں لیکن پائخانے پیشاب یا سونے سے نہ اوتارنے
کا حکم کرتے بلکہ وضو کا حکم کرتے اور وضو میں موزوں پر مسح کرنیکی اجازت تھی الوضوء من الغائط پائخانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے
عن زر قال قال صفوان بن عسال کنا اذا کنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
فی سفر امرنا ان لا ننزعہ ثلثا الا من جنابۃ ولکن من غائط وبول ونوم ترجمہ صفوان
بن عسال نے کہا جب ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوتے سفر میں تو آپ حکم کرتے ہم کو موزے نہ اوتارنے کا
مگر جنابت سے لیکن پیشاب یا پائخانے یا سونے سے نہ اوتارتے الوضوء من الریح جب ریح نکلے تو وضو ٹوٹ
جاتا ہے عن عبد اللہ بن زید قال شکی الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم الرجل یجد الشیء فی
الصلوۃ قال لا ینصرف حتی یجد ریحا او یسمع صوتا ترجمہ عبد اللہ بن زید سے روایت ہے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم پاس شکایت ہوئی کہ ایک شخص کو نماز میں وہم ہوتا ہے (یعنے ریح نکلنیکا) گمر یقین نہیں کہ نکلی آپ نے فرمایا
وہ نماز چھوڑ کر نہ نکلے جبتک بدبو نہ سونگھے یا آواز نہ سنے (حاصل یہ کہ جب یقین ہو جاوے ریح نکلنیکا اوسوقت
نماز توڑے اور وضو کرے وہم کا کچھ خیال نہ کرے) الوضوء من النوم سونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے عن
ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا استیقظ احدکم من منامہ فلا
یدخل یدہ فی الاناء حتی یفرغ علیہا ثلث مرات فانہ لا یدری این باتت یدہ ترجمہ ابو ہریرہ

روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی شخص تم مین ہی سو کر اوٹھے تو اپنا ہاتھہ برتن مین نہ ڈالے جبتک اوسپر تین بار پانی نہ ڈال لے کیونکہ وہ نہین جانتا کہان ہاتھہ اوسکا **ف** شاید ہاتھہ دیر پر پڑا ہو اور پسینے وغیرہ سے نجاست لگ جاوے کیونکہ عربون کی عادت تہی کہ وہ صرف ڈھیلون سی استنجا کرکے سو رہتے اور گرمی کی شدت سی پسینہ آتا تہا یہ نہی تنزیہی ہی اکثر علما کے نزدیک اور تحریمی ہی بعض علما کے نزدیک امام احمد سے منقول ہی کہ اگر رات کو سو کر اوٹھے تو کراہت تحریمی ہی اور دن کو سو کر اوٹھے تو کراہت تنزیہی ہی یہ جب ہی کہ شک ہو جاوے کہ ہاتھہ کی نجاست مین اور جو یقین ہو اوسکی طہارت کا تو مکروہ نہین ہی ہاتھہ ڈالنا پانی مین وہونے سے پہلے اور بعضون نے کہا ہر حال مین مکروہ ہی واللہ اعلم - جب سونیکے بعد ہاتھہ دہونے کا حکم ہوا اوس سے معلوم ہوگیا کہ سونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہی

باب التعاس اونگھنے کا بیان

عن عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا نعس احدکم وھو یصلی فلینصرف لعلہ یذھب یستغفر فیسب نفسہ وھو لا یدری ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب آدمی اونگھے نماز پڑہتی مین تو نماز چہوڑ دے ایسا نہو بخشش دعا کرنے لگے اپنی جی اور نہ سمجھے **الوضوء من مس الذکر** ذکر کے چہونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہی

عن عروۃ بن الزبیر یقول دخلت علی مروان بن الحکم فذکرنا ما یکون منہ الوضوء فقال مروان ومن مس الذکر الوضوء فقال عروۃ ما علمت ذلک فقال مروان اخبرتنی بسرۃ بنت صفوان انہا سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اذا مس احدکم ذکرہ فلیتوضأ ترجمہ عروہ بن الزبیر سے روایت ہی مین گیا مروان بن الحکم پاس تو ذکر کیا ہم نے اون چیزون کا جن سے وضو لازم آتا ہی مروان نے کہا ذکر چہونے سے بہی وضو لازم آتا ہی عروہ نے کہا مجہکو نہین معلوم ہی مروان نے کہا خبر دی مجہکو بسرہ بنت صفوان نے اوس نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ فرماتے تہے جب کوئی شخص تم مین سے چہوے اپنے ذکر کو تو وضو کرے

عن عروۃ بن الزبیر یقول ذکر مروان فی امارتہ علی المدینۃ انہ یتوضأ من مس الذکر اذا افضی بیدہ الرجل الیہ فانکرت ذلک وقلت ما وجوہ عن مسہ فقال مروان اخبرتنی بسرۃ بنت صفوان انہا سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذکر ما یتوضأ منہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ویتوضأ من مس الذکر قال فلم ازل اماری مروان حتی دعا رجلا من حرسہ فارسلہ الی بسرۃ فسألہا عما حدثتہ مروان فارسلت الیہ بسرۃ بمثل الذی حدثتنی عنہا مروان ترجمہ عروہ بن الزبیر سے روایت ہی مروان جب امیر تہا مدینے کا تو اوس نے بیان کیا کہ ذکر کے چہونے سے وضو لازم آتا ہی جب آدمی اپنے ہاتھہ سے اوسکو چہوے مین نے اسکا انکار کیا اور کہا جو کوئی ذکر کو چہوے تو اوسپر وضو لازم نہین آتا مروان نے کہا مجہسے بسرہ بنت صفوان نے بیان کیا اوس نے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا اپنے بیان فرمایا اون چیزون کا جن سے وضو کرنا چاہیے تو فرمایا کہ وضو کر ہر ذکر کے
چوہیے عروہ نے کہا مین برابر جیکر تا مروان سے بیان کیا کہ مروان نے اپنے دربان سے کہا ہے تو جا اور ایک شخص کو بلا اور بسرہ پاس سکو
بھیجا اوس سپاہی نے بسرہ سے پوچھا جو اوس نے مروان سے بیان کیا تھا تو بسرہ نے اوس سے وہی کہلا بھیجا جو اون نے مجھ سے
بیان کیا تھا **باب ترک الوضوء مما مست النار** ذکر کیا چھوڑنے سے وضو نہین تو سنا **عن** طلق بن علی
قال خرجنا وفدا حتی قدمنا علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فبایعناہ وصلینا معہ
فلما قضی الصلوٰۃ جاء رجل کانہ بدوی فقال یا رسول اللہ ما ترٰی فی رجل مس ذکرہ
فی الصلوٰۃ قال وھل ھو الا مضغۃ منک او بضعۃ منک **ترجمہ** طلق بن علی سے روایت
ہے ہم نکلے اپنی قوم کیطرف سے یہانتک کہ آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور بیعت کی آپ سے اور نماز پڑہی آپ کے ساتھ
جب نماز سے فارغ ہوئے تو ایک شخص آیا جنگل کا رہنے والا اور بولا یا رسول اللہ آپ کیا فرماتے ہین اوس شخص کے بارہ مین جسنے
ذکر کو نماز مین چھوا تو آپ نے فرمایا ذکر کیا چیز ہے وہ بھی تو ایک ٹکڑا ہے گوشت کا تیرے بدن سے **ف** پس جسے اور بدن کے
چھونے سے وضو نہین جاتا ویسے ہی ذکر کے چھونے سے بھی نہین جاتا حنفیہ نے اسی حدیث کے ساتھ تمسک کیا ہے مگر شافعیہ کہتے ہین یہ حدیث
منسوخ ہے اسوجہ سے کہ ابوہریرہ اسلام لائے ہین طلق کے آنے کے بعد اور وہ روایت کرتے ہین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب
کوئی تم مین سے اپنا ہاتھ اپنے ذکر تک پہنچا دے اور درمیان مین کوئی چیز (کپڑا وغیرہ) حائل نہو تو وضو کرے حنفیہ جواب دیتے ہین
کہ ابوہریرہ کا بعد اسلام لانے کے یہ لازم نہین آتا کہ اونکا سماع بھی طلق کے سماع کے بعد ہو بلکہ ہو سکتا ہے کہ طلق نے بعد ابوہریرہ کے
سنا ہو مگر یہ احتمال غلط ہے اسوجہ سے کہ نسائی کی روایت مین یہ تصریح موجود ہے کہ طلق نے یہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
سے اوسوقت سنی جب وہ آئے تھے اور ظاہر ہے کہ ابوہریرہ بہت دنون بعد اوسکے مسلمان ہوئے تو اونکا سماع طلق کے سماع کے بعد ہوگا
ترک الوضوء من مس الرجل امراتہ من غیر شھوۃ اگر بغیر شہوت کے مرد اپنی عورت کو چھوئے تو وضو
نہین جاتا **عن** عائشۃ قالت ان کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیصلی وانی لمعترضۃ
بین یدیہ اعترض الجنازۃ حتی اذا اراد ان یوتر مسنی برجلہ **ترجمہ** حضرت عائشہ سے روایت
ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑہتے تھے اور مین آپکے سامنے لیٹی رہتی تھی جنازے کیطرح جب آپ وتر پڑہنے لگتے تو مجھے پاؤن
سے ہلکا چھوتے **عن** عائشۃ قالت لقد رایتمونی معترضۃ بین یدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ
علیہ وسلم ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی فاذا اراد ان یسجد غمز رجلی فضممتھا
الی فسجد **ترجمہ** حضرت عائشہ سے روایت ہے انہون نے کہا تم نے دیکھا مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے لیٹی
رہتی اور آپ نماز پڑہا کرتے جب سجدہ کرنے لگتے تو میرا پاؤن باندیتے مین پاؤن سمیٹ لیتی پھر آپ سجدہ کرتے **عن** عائشۃ
قالت کنت انام بین یدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ورجلای فی قبلتہ فاذا سجد

ف یہ حدیث ترمذی نے بسرہ سے روایت کی ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسی پر اکثر اہل علم کا عمل ہے

غمزني فقبضت رجلي فاذا قام بسطتهما والبيوت يومئذ ليس فيها مصابيح ترجمہ حضرت
عائشہ سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سوتے اور میرے پاؤں آپ کے سامنے قبلہ کی طرف تھے تو آپ جب سجدہ
کرتے میرے پاؤں کو دبا دیتے میں پاؤں سمیٹ لیتی پھر جب آپ کھڑے ہو جاتے تو میں پاؤں پھیلا لیتی اور دنوں جبرانے گھر میں
نہ تھا عن ابی هريرة عن عائشة قالت فقدت النبي صلى الله عليه وسلم ذات ليلة
فجعلت اطلبه بيدي فوقعت يدي على قدميه وهما منصوبتان وهو ساجد يقول
اعوذ برضاك من سخطك وبمعافاتك من عقوبتك واعوذ بك منك لا احصي ثناء
عليك انت كما اثنيت على نفسك ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے ایک رات میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کو نہ پایا تو میں اپنے ہاتھ سے آپ کو ٹٹولنے لگی میرا ہاتھ آپ کے پاؤں پر پڑا آپ پاؤں کھڑے کیے ہوئے تھے سجدہ کر رہے تھے
آپ فرماتے تھے یا اللہ پناہ مانگتا ہوں تیری رضامندی کی تیرے غصے سے اور تیری عافیت کی تیری عذاب سے اور پناہ مانگتا
ہوں میں تجھ سے (یعنی تیری عذاب کی پناہ کہیں نہیں ہے سوا تیرے) میں تیری تعریف نہیں کر سکتا تو ایسا ہی جیسے
تو نے اپنی تعریف کی ف ان حدیثوں سے معلوم ہوا کہ مرد عورت کو چھوئے تو وضو نہیں ٹوٹتا باب ترک
الوضوء من القبلة مرد اپنی عورت کو چومی تو وضو نہیں جاتا عن عائشة ان النبي صلى الله عليه
وسلم كان يقبل بعض ازواجه ثم يصلي ولا يتوضأ ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بی بیوں میں سے کسی کو پیار کرتی پھر نماز پڑھتے اور وضو نہ کرتے ف امام نسائی نے کہا اس
باب میں اس سے بہتر کوئی حدیث نہیں اگرچہ یہ مرسل ہے (کیونکہ ابراہیم تیمی نے حضرت عائشہ سے نہیں سنا) اور روایت کیا اس
حدیث کو اعمش نے حبیب بن ابی ثابت سے انہوں نے عروہ سے انہوں نے عائشہ سے لیکن یحیی القطان نے کہا کہ حبیب کے
یہ حدیث اور ایک دوسری حدیث عروہ کی عائشہ سے کہ نماز پڑھی وہ عورت جسکو استحاضہ ہو اگرچہ خون بوریئے پر ٹپکے کوئی
چیز نہیں ہے (یعنی قابل اعتماد کے نہیں ہیں) باب الوضوء مما غيرت النار آگ کی پکی ہوئی چیز کھا
کر وضو کرنا عن ابی هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول توضأوا
مما مست النار ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ فرماتے تھے وضو کرو ان
چیزوں کو کھا کر جو آگ سے پکی ہوں ف جمہور صحابہ تابعین اور ائمہ اربعہ اسکے خلاف ہیں وہ کہتے ہیں یہ حدیث اور
جو اسکے موافق حدیثیں آئی ہیں وہ منسوخ ہیں دوسری باب کی حدیثوں سے اور ایک طائفہ علما اسطرف ہیں کہ وضو کرنا
چاہیے ان چیزوں کو کھانے سے جو آگ سے پکی ہوں اور یہی قول ہے عمر بن عبد العزیز اور حسن بصری اور زہری اور قتادہ
اور ابو مجلز کا عن ابی هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول توضأوا
مما مست النار ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے وضو کرو

اون چیزون سے جو آگ سے پکی ہون یعنی آگ سے پکی ہوئی چیزون کو کھانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے عن عبید اللہ بن عبد اللہ بن رافع بن خدیج بن رافع قال رایت ابا ھریرۃ یتوضا علی ظھر المسجد فقال اکلت انوارا قط فتوضات منھا انی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یامر بالوضوء مما مست النار ترجمہ عبید اللہ بن ابراہیم بن رافع سے روایت ہے میں نے ابو ہریرہ کو دیکھا مسجد کی اوپر وضو کر تے ہوئے انہون نے کہا میں نے پنیر کی کچھ ٹکڑے کھالیے ہے اسلیے وضو کیا کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ حکم کرتے تھے وضو کرنیکا اون چیزون کو کھانے سے جو آگ سے پکی ہون عن المطلب بن عبد اللہ بن حنطب یقول قال ابن عباس اتتوضاء من طعام اجدہ فی کتاب اللہ حلالا کان النار مستہ فجمع ابو ھریرۃ حصی فقال اشھد عدد ھذا الحصی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال توضاء وا مما مست النار ترجمہ مطلب بن عبد اللہ بن حنطب سے روایت ہے ابن عباس نے کہا کیا وضو کرون اوس کھانے کو کہا کہ جسکو اللہ کی کتاب میں میں حلال پاتا ہون اس وجہ سے کہ وہ آگ سے پکا ہے ابو ہریرہ نے یہ سنکر کنکریان جمع کین اور کہا میں گواہی دیتا ہون ان کنکریون کے شمار سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وضو کرو اون چیزون سے جو آگ سے پکی ہون عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال توضئوا مما مست النار ترجمہ ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کرو اون چیزونکو کہا کہ جنکو آگ نے پکا ہو عن ابی ایوب قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم توضاء وا مما غیرت النار ترجمہ ابو ایوب سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وضو کرو اون چیزونکو کہا کہ جنکو آگ نے بدلا ہو (یعنی آگ کا اوسمین عمل اور تصرف ہوا ہو) عن ابی طلحۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال توضاء وا مما غیرت النار ترجمہ ابو طلحہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وضو کرو اون چیزون کو کہا کہ جنکو آگ نے بدلا ہو عن ابی طلحۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال توضاء وا مما انضجت النار ترجمہ ابو طلحہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وضو کرو اون چیزونکو کہا کہ جنکو آگ نے پکایا ہو عن زید بن ثابت قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول توضاء وا مما مست النار ترجمہ زید بن ثابت سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے وضو کرو اون چیزونکو کہا کہ جن میں آگ لگی ہو عن ابی سفیان بن سعید بن المغیرۃ بن الاخنس بن شریق انہ دخل علی ام حبیبۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھی خالتہ فسقتہ سویقا ثم قالت لہ توضا یا ابن اختی فان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال توضئوا مما مست النار ترجمہ ابو سفیان بن سعید بن مغیرہ بن اخنس بن شریق سے روایت ہے وہ ام حبیبہ بی بی گئی جو بی بی تھین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اور خالہ تھین ابو سفیان کی انہون نے ابو سفیان کو ستو پلائے پھر اون سے کہا وضو کرو اسلیے کہ چیز

کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وضو کرو ان چیزوں کو کھا کر جنکو آگ لگی ہو عن ابی سفیان بن سعید بن الاخنس ان ام حبیبۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم قالت لہ وشرب سویقا یا ابن اختی توضأ فانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول توضأوا مما مست النار ترجمہ ابوسفیان بن سعید بن اخنس سے روایت ہے انہوں نے ستو پیا تو ام المومنین ام حبیبہ نے ان سے کہا اے بھانجے میری وضو کرلیجئے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ فرماتے تھے وضو کرو ان چیزوں سے جن کو آگ لگی ہو **باب** ترک الوضوء مما غیرت النار آگ سے پکی ہوئی چیزوں کو کھا کر وضو نہ کرنیکا بیان عن ام سلمۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکل کتفا ثم خرج الی الصلوٰۃ ولم یمس ماء ترجمہ ام المومنین ام سلمہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دست کا گوشت کھایا پھر نماز کو گئے اور پانی کو ہاتھ بھی نہیں لگایا عن سلیمان بن یسار قال دخلت علی ام سلمۃ فحدثتنی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یصبح جنبا من غیر احتلام ثم یصوم وحدثنا مع ھذا الحدیث انھا حدثتہ انھا قربت الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم جنبا مشویا فاکل منہ ثم قام الی الصلوٰۃ ولم یتوضأ ترجمہ سلیمان بن یسار سے روایت ہے میں ام المومنین ام سلمہ پاس گیا انہوں نے مجھ سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کو جنب اوٹھتے تھے احتلام سے نہیں (بلکہ جماع اور صحبت سے) پھر روزہ رکھتے تھے اور ایک حدیث بیان کی کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک بھنی ہوئی بکری آپ نے اوس میں سے کھایا پھر نماز کو کھڑے ہوئے اور وضو نہیں کیا عن ابن عباس قال شھدت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکل خبزا ولحما ثم قام الی الصلوٰۃ ولم یتوضأ ترجمہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس حاضر ہوا آپ نے روٹی اور گوشت کھایا پھر نماز کو کھڑے ہوئے اور وضو نہ کیا عن جابر بن عبد اللہ قال کان اخر الامرین من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترک الوضوء مما مست النار ترجمہ جابر بن عبد اللہ سے روایت ہے دونوں باتوں میں یعنی آگ سے پکی ہوئی چیز کھا کر وضو کرنا اور نہ کرنا) اخیر بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ تھی آگ کی پکی ہوئی چیز کھا کر وضو نہ کرنا (اور یہی مختار ہے اکثر اہل اور علما کا)

المضمضۃ من السویق ستو کھا کر کلی کرنیکا بیان عن سوید بن النعمان انہ خرج مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عام خیبر حتی اذا کانوا بالصھباء وھی من ادنی خیبر صلی العصر ثم دعا بالازواد فلم یؤت الا بالسویق فامر بہ فثری فاکل واکلنا ثم قام الی المغرب فمضمض ومضمضنا ثم صلی ولم یتوضأ ترجمہ سوید بن النعمان سے روایت ہے رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے جس سال خیبر کی لڑائی ہوئی جب صہبا مین پہونچے رجو ایک موضع ہے پھر کیا جانب خیبر سے مدینہ کیطرف) اوتری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور توشہ منگوایا تو فقط ستو سامنے آیا آپنے فرمایا اسکو گھولو وہ گھولا گیا پھر آپنے کھایا اور ہم لوگون نے بھی کھایا بعد اوسکے آپ مغرب کے نماز کو کھڑے ہوئے اور کلی کی ہم لوگون نے بھی کلی کی آپنے نماز پڑہی اور وضو نہین کیا **الوضوء من اللبن** دودہ پی کر کلی کرنا **عن** ابن عباس **ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم شرب لبنا ثم دعا بماء فمضمض ثم قال ان له دسما** ترجمہ عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دودہ پیا پھر پانی منگوا کر کلی کی اور فرمایا اس مین چکنائی ہوتی ہے **ذکر ما یوجب الغسل وما لا یوجبه** کن باتون سے غسل واجب ہوتا ہے اور کن سے واجب نہین ہوتا **عن** قیس بن عاصم **انه اسلم فامره النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان یغتسل بماء وسدر** ترجمہ قیس بن عاصم سے روایت ہے وہ مسلمان ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا اون کو غسل کرنیکا پانی اور بیری کے پتے سے **ف** یہ غسل مستحب ہے اکثر علما کے نزدیک اور بعضون کے نزدیک واجب ہے **فضل یوم غسل الکافر اذا اراد ان یسلم** جب کافر مسلمان ہونیکا قصد کرے تو غسل کرے **عن** ابی هریرة **یقول ان ثمامة بن اثال الحنفی انطلق الی نخل قریب من المسجد فاغتسل ثم دخل المسجد فقال اشهد ان لا اله الا اللہ وان محمدا عبده ورسوله یا محمد واللہ ما کان علی وجه الارض وجه ابغض الی من وجهك فقد اصبح وجهك احب الوجوه کلها الی واللہ ما کان من دین احقن عندی من دینك فاصبح دینك احب الدین کله الی واللہ ان خیلك اخذتنی وانا ارید العمرة فماذا ترانی فبشره النبی صلی اللہ علیه وسلم وامره ان یعتمر** ترجمہ ابو ہریرہ سے روایت ہے ثمامہ بن اثال حنفی مسجد نبوی کے پاس ایک کھجور کے درخت کی تلی گئی اور غسل کیا پھر مسجد مین آئے اور کہا مین گواہی دیتا ہون بیشک کوئی لائق پوجنے کی سوا اللہ کے اور بیشک حضرت محمد اوس کے بندے ہین اور بھیجے ہوئے ہین اے محمد قسم خدا کی ساری روئے زمین پر تمہارے منہ سے زیادہ مجھکو کوئی منہ ناپسند نہ تھا اب تمہارا منہ سب منہون سے زیادہ مجھکو پسند ہو گیا تمہارے سوار نے مجھکو پکڑ لیا اور مین قصد کہتا تھا عمرے کا تو اب کیا فرماتے ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس کو خوشخبری دی اور حکم کیا عمرہ ادا کرنے کا **الغسل من مواراة المشرك** مشرک کو گاڑنے سے غسل واجب ہونا **عن** علی **انه اتی النبی صلی اللہ علیه وسلم فقال ان ابا طالب مات فقال اذهب فواره قال انه مات مشركا قال اذهب فواره فلما واريته رجعت اليه فقال لي اغتسل** ترجمہ حضرت علی سے روایت ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آئے اور عرض کیا کہ ابو طالب مر گئے آپ نے فرمایا جاؤ اون کو گاڑ آؤ مین نے کہا وہ تو مشرک مرے مین پھر اونکا دفن کرنا کیا ضرور ہے آپنے فرمایا جاؤ گاڑ آؤ جب مین اونکو

کہ کر آپ پاس تو آپ نے فرمایا غسل کر **باب وجوب الغسل اذا التقی الختانان** جب مرد کا ختنہ عورت کے ختنہ سے ملجاوے (یعنے دخول ہوجاوے) تو غسل واجب ہوجاویگا اگرچہ انزال نہ ہو **عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ** صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا جلس بین شعبہا الاربع ثم اجتہد فقد وجب الغسل ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب عورت کے چوشاخ (یعنے دونوں پنڈلیاں اور دونوں ران) میں بیٹھے پھر زور کرے (یعنے ذکر کو فرج میں داخل کردے) تو غسل واجب ہوگیا **عن ابی ھریرۃ** ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا قعد بین شعبہا الاربع ثم اجتہد فقد وجب الغسل ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب عورت کے چاروں کونوں میں بیٹھے (یعنے دونوں ٹہنا اور پانوں کے بیچ میں یا دونوں پانوں اور رانوں کے بیچ میں یا فرج کے چاروں کونوں میں) پھر زور کرے تو غسل واجب ہوگیا **الغسل من المنی** جب منی نکلے تو غسل کرنا چاہیے **عن علی** قال کنت رجلا مذاء فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رایت المذی فاغسل ذکرک وتوضأ وضوءک للصلوۃ واذا فضخت الماء فاغتسل ترجمہ حضرت علی سے روایت ہے (ان کو مذی بہت آتی تھی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا جب تو مذی دیکھے تو ذکر دھو ڈال اور جیسے نماز کی وضو کرتے ہیں ویسے وضو کرلے اور جب تو پانی کود تا ہوا نکالے (یعنے منی) تو غسل کر **عن علی** قال کنت رجلا مذاء فسألت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال اذا رایت المذی فتوضأ واغسل ذکرک واذا رایت فضخ الماء فاغتسل ترجمہ حضرت علی سے روایت ہے مجھ کو بہت مذی آتی تھی تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا آپ نے فرمایا جب تو مذی دیکھے تو وضو کر اور ذکر دھو ڈال اور جب کود تا ہوا پانی دیکھے (یعنے منی) تو غسل کر **عن المرأۃ ترٰی فی منامہا ما یری الرجل** عورت کو احتلام ہو تو کیا حکم ہے **عن انس ان ام سلیم** سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن المرأۃ ترٰی فی منامہا ما یری الرجل قال اذا رأت الماء فلتغتسل ترجمہ انس سے روایت ہے ام سلیم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا اگر عورت سوتے میں دیکھے جو مرد دیکھتا ہے (یعنے احتلام) آپ نے فرمایا اگر پانی نکلے تو غسل کرے (جیسے مرد پانی نکلنے سے غسل کرے خالی خواب سے غسل نہ ہوگا) **عن عائشۃ** ان ام سلیم کلمت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعائشۃ جالسۃ فقالت لہ یا رسول اللہ ان اللہ لا یستحیی من الحق ارأیت المرأۃ ترٰی فی النوم ما یری الرجل أفتغتسل من ذلک فقال لہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نعم فقالت عائشۃ فضحت النساء تربت یمینک فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعیہا وہل یکون الشبہ ترجمہ ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے ام سلیم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا اور

عائشہ بیٹھی ہوئی تھیں یا رسول اللہ نہیں شرم کرتا ہے حق بات سے جب عورت خواب میں دیکھے جو مرد دیکھتا ہے کیا وہ غسل کرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں غسل کرے عائشہ نے کہا افسوس ہے تجھ پر کیا عورت بھی ایسا دیکھتی ہے رسول اللہ صلعم نے فرمایا خاک لگی تیرے ہاتھ کو پھر صورت کیسی ملتی ہے (یعنی اگر عورت کو انزال نہیں ہوتا تو بچہ عورت کی صورت پر کیوں ہوتا ہے دوسری حدیث میں ہے جب مرد کی منی غالب ہوتی ہے تو بچہ باپ کی شکل پر ہوتا ہے اور جب عورت کی منی غالب ہوتی ہے تو ماں کی شکل پر ہوتا ہے) عن ام سلمۃ ان امرأۃ قالت یا رسول اللہ ان اللہ لا یستحیی من الحق ھل علی المرأۃ غسل اذا احتلمت قال نعم اذا رأت الماء فضحکت ام سلمۃ فقالت اتحتلم المرأۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فبم یشبھھا الولد ترجمہ ام المومنین ام سلمہ سے روایت ہے ایک عورت نے کہا یا رسول اللہ نہیں شرم کرتا ہے سچی بات سے (یعنی سچی بات کہنے سے نہیں رکتا ہے یا سچی بات کہنے میں شرم کو جائز نہیں کہتا ہے) کیا عورت کو غسل کرنا ہوگا جب اوسکو احتلام ہو آپ نے فرمایا ہاں جب پانی دیکھے یہ سنکر ام سلمہ ہنس پڑیں اور کہنے لگیں کیا عورت کو بھی احتلام ہوتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (اگر انزال نہیں ہوتا تو صورت کہاں سے ملتی ہے ف اور جب انزال ہونا ثابت ہوا تو احتلام ہونا بھی ممکن ہے عن حولۃ بنت حکیم قالت سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن المرأۃ تحتلم فی منامھا فقال اذا رأت الماء فلتغتسل ترجمہ خولہ بنت حکیم سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا عورت کو سوتے میں احتلام ہو تو کیا کرے آپ نے فرمایا جب پانی دیکھے تو غسل کرے **باب الذی یحتلم ولا یری الماء**

کسی شخص کو احتلام ہو مگر تری نہ دیکھے عن ابی ایوب عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الماء من الماء ترجمہ ابو ایوب سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانی پانی سے ہوگا ف یعنی نہانا پانی نکلنے سے (منی سے) لازم ہوگا اگر خالی احتلام ہوا اور تری نہ دیکھے تو غسل لازم نہ ہوگا۔ یہ حدیث انما الماء من الماء محمول ہے حالت احتلام پر یا منسوخ ہے اگر مطلق مراد ہو کیونکہ دخول سے غسل واجب ہو جاتا ہے اگرچہ انزال نہ ہو جیسے اوپر گزرا **باب ماء الرجل وماء المرأۃ** مرد اور عورت کی منی کا بیان عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ماء الرجل غلیظ ابیض وماء المرأۃ رقیق اصفر فایھما سبق کان الشبہ ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا منی مرد کی (بحالت صحت میں) غلیظ اور سفید ہوتی ہے اور منی عورت کی پتلی زرد ہوتی ہے جو کوئی آگے نکلے بچہ اوسی کے مشابہ ہوتا ہے ف یہ غسل من الحیض ہے یعنی غسل کے بیان عن فاطمۃ بنت قیس من بنی اسد قریش انھا اتت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فذکرت انھا تستحاض فزعمت انہ قال لہا ذلک عرق فاذا اقبلت حیضتہ فدعی الصلوۃ واذا ادبرت فاغسلی عنک الدم ثم صلی ترجمہ فاطمہ بنت قیس جو قریش بنی اسد میں ہے سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس

آئی اور عرض کیا مجھ کو استحاضہ ہوا (استحاضہ کہتے ہیں خون ہو وقت آنیکو اور وہ ایک رگ سے آتا ہے جسکو عاذل کہتے ہیں اور حیض کا
خون رحم کے اندر سے نکلتا ہے) آپنے فرمایا یہ ایک رگ ہے تو جب حیض آوے نماز چھوڑ دے اور جب حیض کے دن گزر جاویں تو
خون دھو ڈال پھر نماز پڑھ (اگرچہ استحاضہ کا خون آیا کرے) عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ
اِذَا اَقْبَلَتِ الْحَیْضَةُ فَاتْرُکِی الصَّلٰوةَ فَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْتَسِلِی ترجمہ ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب حیض آوے تو نماز چھوڑ دے اور جب حیض کے دن ختم ہو جاویں تو غسل کر ف
حیض سے پاک ہونیکا پھر غسل نہ کرے ہر نماز کے لیے اگرچہ استحاضے کا خون آیا کرے بلکہ وضو کرے ہر نماز کے لیے اور یہی مذہب ہے
جمہور علماء سلف اور خلف کا اور بعض علما کا یہ مذہب ہے کہ ہر نماز کے لیے غسل کرے اور حضرت عائشہ سے منقول ہے کہ ہر روز
ایکبار غسل کرے اور ابن مسیب اور حسن سے منقول ہے کہ ظہر سے لیکر عصر تک غسل کرے عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اسْتُحِیْضَتْ
اُمُّ حَبِیْبَةَ بِنْتُ جَحْشٍ سَبْعَ سِنِیْنَ فَاشْتَکَتْ ذٰلِکَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ
رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذِهٖ لَیْسَتْ بِالْحَیْضَةِ وَلٰکِنْ هٰذَا عِرْقٌ فَاغْتَسِلِیْ ثُمَّ
صَلِّیْ ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے ام حبیبہ بنت جحش کو استحاضہ سات برس تک انہوں نے شکایت کی رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ نے فرمایا یہ حیض نہیں ہے بلکہ ایک رگ کا خون ہے تو غسل کر لے پھر نماز پڑھ عَنْ عَائِشَةَ
قَالَتِ اسْتُحِیْضَتْ اُمُّ حَبِیْبَةَ بِنْتُ جَحْشٍ اِمْرَاَةُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَهِیَ اُخْتُ زَیْنَبَ بِنْتِ
جَحْشٍ قَالَتْ فَاسْتَفْتَتْ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذِهٖ لَیْسَتْ بِالْحَیْضَةِ وَلٰکِنْ هٰذَا عِرْقٌ فَاِذَا اَدْبَرَتِ الْحَیْضَةُ فَاغْتَسِلِیْ وَصَلِّیْ
وَاِذَا اَقْبَلَتْ فَاتْرُکِیْ لَهَا الصَّلٰوةَ قَالَتْ عَائِشَةُ فَکَانَتْ تَغْتَسِلُ لِکُلِّ صَلٰوةٍ وَتُصَلِّیْ وَکَانَتْ
تَغْتَسِلُ لِحَیَائِهَا فِیْ مِرْکَنٍ فِیْ حُجْرَةِ اُخْتِهَا زَیْنَبَ وَهِیَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتّٰی اَنَّ
حُمْرَةَ الدَّمِ لَتَعْلُوْ الْمَآءَ وَتَخْرُجُ فَتُصَلِّیْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَمَا یَمْنَعُهَا ذٰلِکَ
مِنَ الصَّلٰوةِ ترجمہ ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے کہ ام حبیبہ بنت جحش کو جو عبد الرحمن بن عوف کی بی بی تھیں اور
ام المؤمنین زینب بنت جحش کے بہن تھیں استحاضہ ہوا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ پوچھا آپنے فرمایا یہ
حیض نہیں ہے۔ بلکہ ایک رگ ہے جسمیں سے یہ خون آتا ہے تو جب حیض کے دن گزر جاویں غسل کر اور نماز پڑھ اور جب
پھر حیض کے دن آویں تو نماز چھوڑ دے حضرت عائشہ نے کہا پھر وہ ام حبیبہ غسل کرتیں تھیں ہر نماز کے لیے پھر نماز پڑھتیں تھیں
ف امام شافعی نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اولسے یہ فرمایا تھا کہ جب حیض ختم ہو جاوے تو غسل کر اور نماز پڑھ
اور یہ حکم نہیں دیا تھا کہ ہر نماز کے لیے غسل کرے پس غسل اونکا ہر نماز کے لیے بطریق نفل ہوگا ف اور کبھی وہ غسل
کرتیں تھیں ایک کوٹھری میں اپنی بہن زینب کی کوٹھری میں جو رسول اللہ صلعم کے پاس تھیں تو سرخی خون کی پانی کے

اوپر آجاتی پھر وہ نکلکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتیں اور یہ خون انکو نماز سے نہ روکتا عن عائشۃ
ان ام حبیبۃ ختنۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وحدثت عبد الرحمن بن عوف استحیضت
سبع سنین استفتت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی ذلک فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم ان ھذہ لیست بالحیضۃ ولکن ھذا عرق فاغتسلی وصلی ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت
ہے ام حبیبہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سالی اور عبد الرحمن بن عوف کی بی بی تھیں انکو سات برس تک
استحاضہ آیا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ پوچھا آپنے فرمایا یہ حیض نہیں ہے ایک رگ ہے تو غسل کر اور نماز
پڑھ عن عائشۃ قالت استفتت ام حبیبۃ بنت جحش رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالت
یا رسول اللہ انی استحاض فقال انما ذلک عرق فاغتسلی وصلی فکانت تغتسل لکل
صلوۃ ترجمہ ام المومنین عائشہ رضہ سے روایت ہے ام حبیبہ بنت جحش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو کہا مجھے
استحاضہ ہے آپنے فرمایا یہ ایک رگ ہے تو غسل کر اور نماز پڑھ پھر وہ غسل کیا کرتیں تھیں ہر نماز کے لیے عن عائشۃ ان
ام حبیبۃ سالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن الدم قالت عائشۃ رایت مرکنھا ملاناً
دما فقال لھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امکثی قدر ما کانت تحبسک حیضتک ثم
اغتسلی ترجمہ حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے ام حبیبہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا خون کا مسئلہ (یعنی جب ہمیشہ خون
آیا کرے تو کیا کرنا چاہیے) حضرت عائشہ نے کہا میں نے دیکھا انکا کرتہ خون سے بھرا ہوا تھا (یعنی اس قدر کثرت خون
آتا تھا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو ٹھہری رہ (یعنی نماز روزہ نہ کر) حساب سے اوتنے دنوں جتنے دنوں تجھے حیض آیا
کرتا تھا (اس بیماری سے پہلے) پھر غسل کر لے اور نماز پڑھ اگرچہ خون آیا کرے) عن ام سلمۃ تعنی ان امراۃ
کانت تھراق الدم علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاستفتت لھا ام سلمۃ النبی
صلی اللہ علیہ وسلم فقال لتنظر عدد اللیالی والایام التی کانت تحیض من الشھر
قبل ان یصیبھا الذی اصابھا فلتترک الصلوۃ قدر ذلک من الشھر فاذا خلفت ذلک
فلتغتسل ثم لتستثفر ثم لتصلی ترجمہ ایک عورت کا خون بہا کرتا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے
میں تو فتوی پوچھا اوسکی واسطے ام سلمہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپنے شمار کرلے اون دنوں اور راتوں کا جنمیں
حیض آیا کرتا تھا اس بیماری سے پہلے تو چھوڑ دے نماز کو اوتنے دنوں ہر مہینے میں پھر جب اتنے دن گزر جاویں تو غسل کر اور
لنگوٹ باندھ (ایک کپڑا مادہ کا بہا یا فرج پر کر کے) پھر نماز پڑھ ذکر الاقراء قرء کسکو کہتے ہیں حیض
کو یا حیض سے پاک ہونیکو اسکا بیان عن عائشۃ ان ام حبیبۃ بنت جحش التی کانت تحت عبد الرحمن
بن عوف وانھا استحیضت کانطر فذکر شانھا لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال

إِنَّهَا لَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ وَلَكِنَّهَا رَكْضَةٌ مِنَ الرَّحِمِ فَلْتَنْظُرْ قَدْرَ قُرْئِهَا الَّتِي كَانَتْ تَحِيضُ لَهَا فَلْتَتْرُكِ الصَّلٰوةَ ثُمَّ تَنْظُرُ مَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَلْتَغْتَسِلْ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ ترجمہ ام المومنین عائشہ رضی سے روایت ہے ام حبیبہ بنت جحش جو عبدالرحمن بن عوف کی بی بی تھیں انکو استحاضہ ہو گیا کیسے حرجاک ہوتی تھیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اونکا ذکر آیا آپنے فرمایا یہ حیض نہیں ہے بلکہ ایک چوٹ ہے رحم کی تو دیکھ لیوے شمار اپنی قرء کا جتنے دنون اوسکو حیض آتا تھا پھر چھوڑ دی نماز اون دنون میں بعد اوسکے غسل کرے ہر نماز پر ف الحدیث سے معلوم ہوا کہ قرء حیض کو کہتے ہیں ابوحنیفہ کا بھی قول ہے اور شافعی کا نزدیک قرء سے طہر مراد ہے عن عائشۃ ان ام حبیبۃ بنت جحش کانت تستحاض سبع سنین فسألت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال لیست بالحیضۃ انما ھو عرق فامرھا ان تترک الصلوٰۃ قدر اقرائھا وحیضتھا وتغتسل وتصلی فکانت تغتسل عند کل صلوٰۃ ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے ام حبیبہ بنت جحش کو استحاضہ ہا سات برس تک اونہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا آپنے فرمایا یہ حیض نہیں ہے بلکہ ایک رگ ہے پھر حکم کیا آپنے اونکو نماز چھوڑ دینے کا اپنے قرء اور حیض کے دنون تک پھر غسل کر کے نماز پڑھنے کا تو وہ غسل کیا کرتیں ہر نماز کے لیے عن فاطمۃ بنت ابی حبیش انھا اتت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فشکت الیہ الدم فقال لھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما ذلک عرق فانظری اذا اتاک قروئک فلا تصلی فاذا مر قروئک فتطھری ثم صلی ما بین القرء الی القرء ترجمہ فاطمہ بنت ابی حبیش رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آئی اور شکایت کی خون آنیکی آپنے فرمایا یہ ایک رگ ہے تو دیکھتی رہ جب تیرا قرء یعنی حیض آوے تو نماز مت پڑھ پھر جب چلا جاوے اور تو پاک ہو جاوے حیض کے خون سے تو نماز پڑھ دوسری حیض تک (پھر جب دوسرا حیض آوے تو چھوڑ دی) عن عائشۃ قالت جاءت فاطمۃ بنت ابی حبیش الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالت انی امرأۃ استحاض فلا اطھر افادع الصلوٰۃ قال لا انما ذلک عرق ولیس بالحیضۃ فاذا اقبلت الحیضۃ فدعی الصلوٰۃ واذا ادبرت فاغسلی عنک الدم وصلی ترجمہ ام المومنین عائشہ رضی سے روایت ہے فاطمہ بنت ابی حبیش رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آئیں اور عرض کیا مجھ کو استحاضہ ہتا ہے تو پاک نہیں ہوتے کیا نماز چھوڑ دون آپنے فرمایا نہیں یہ رگ ہے حیض نہیں ہے جب حیض آوے تو نماز چھوڑ دی پھر جب حیض کے دن گزر جاویں تو خون دھو ڈال اور نماز پڑھ **ذکر** اغتسال المستحاضۃ مستحاضہ کے غسل کا بیان عن عائشۃ ان امرأۃ مستحاضۃ علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قیل لھا انہ عرق عاند وامرت ان تؤخر الظھر وتعجل العصر وتغتسل لھما غسلا واحدا وتؤخر المغرب وتعجل العشاء وتغتسل لھما غسلا واحدا وتغتسل لصلوٰۃ الصبح غسلا واحدا ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے ایک عورت مستحاضہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں کہا گیا کہ یہ ایک رگ ہے

جو بند نہیں ہوتی اور حکم کیا گیا اوسکو ظہر میں دیر کرنیکا اور عصر میں جلدی کرنیکا اور دونوں نمازوں کو لیے ایک غسل کرنیکا پھر فجر کے لیے ایک غسل کرنیکا **باب** اغتسال من النفاس نفاس کے بعد غسل کرنیکا بیان (نفاس اوس خون کو کہتے ہیں جو بعد جنے کے عورت کو آتا ہے) **عن** جابر بن عبد اللہ فی حدیث اسماء بنت عمیس حین نفست بذی الحلیفۃ انہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لابی بکر مرہا ان تغتسل و تہل ترجمہ جابر بن عبد اللہ سے روایت ہے اسماء بنت عمیس کے حال میں جب اونکو نفاس کیا ذوالحلیفہ میں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر صدیق سے کہا حکم کرو اونکو غسل کرنیکا اور احرام باندھنیکا **باب** الفرق بین الحیض والاستحاضۃ حیض کے خون اور استحاضہ کے خون میں کیا فرق ہے **عن** فاطمۃ بنت ابی حبیش انہا کانت تستحاض فقال لہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان دم الحیض فانہ دم اسود یعرف فامسکی عن الصلوۃ واذا کان الآخر فتوضئی فانما ہو عرق ترجمہ فاطمہ بنت ابی حبیش سے روایت ہے اونکو استحاضہ ہو گیا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اون سے فرمایا جب حیض کا خون آوے اور وہ سیاہ ہوتا ہے پہچان لیا جاتا ہے تو نماز چھوڑ دے پھر جب دوسری طرح کا خون آوے تو وضو کر کیونکہ وہ ایک رگ ہے **عن** عائشۃ ان فاطمۃ بنت حبیش کانت تستحاض فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان دم الحیض دم اسود یعرف فاذا کان ذلک فامسکی عن الصلوۃ واذا کان الآخر فتوضئی وصلی ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے فاطمہ بنت ابی حبیش کو استحاضہ ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حیض کا خون سیاہ ہوتا ہے پہچان لیا جاتا ہے جب ایسا خون آوے تو نماز چھوڑ دے پھر جب دوسری طرح کا خون آوے تو وضو کر اور نماز پڑھ **عن** عائشۃ قالت استحیضت فاطمۃ بنت ابی حبیش فسالت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالت یا رسول اللہ انی استحاض فلا اطہر افادع الصلوۃ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما ذلک عرق ولیست بالحیضۃ فاذا اقبلت الحیضۃ فدعی الصلوۃ واذا ادبرت فاغسلی عنک الدم وتوضئی فانما ذلک عرق ولیست بالحیضۃ فاقبل احدنا الغسل قال ذلک لا یشک فیہ احد ترجمہ ام المومنین حضرت عائشہ سے روایت ہے فاطمہ بنت ابی حبیش کو استحاضہ ہوا اونہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا اور کہا یا رسول اللہ مجھکو استحاضہ ہو گیا پاک ہی نہیں ہوتی کیا نماز چھوڑ دوں آپنے فرمایا یہ ایک رگ کا خون ہے حیض نہیں ہے جب حیض آیا کرے تو نماز چھوڑ دیا کر پھر جب حیض جھٹ جاوے تو خون کا دھبا دھو اور وضو کر کیونکہ یہ ایک رگ ہے حیض نہیں ہے کسی نے کہا کیا غسل نہ کرے اونہوں نے کہا غسل میں کیا شک ہے کسی کو اسمیں شک نہیں (یعنی حیض سے پاک ہونے کے بعد غسل تو کرنا ضرور ہے) **عن** عائشۃ قالت قالت فاطمۃ بنت ابی حبیش یا رسول اللہ لا اطہر افادع الصلوۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما ذلک عرق ولیست بالحیضۃ فاذا اقبلت الحیضۃ فدعی الصلوۃ فاذا ذہب

۲ اسمیں مذہب ہے ان لوگوں کا جنکا خیال ہے کہ نفاس والی عورت کو ظہر میں دیر کرنیکا اور عصر میں جلدی کرنیکا اور دونوں نمازوں کے لیے ایک غسل کرنیکا

قَدَرُهَا فَاغْسِلِي عَنْكِ الدَّمَ وَصَلِّي ترجمہ ام المومنین حضرت عائشہ رضی سے روایت ہے فاطمہ بنت ابی حبیش نے کہا یا رسول اللہ میں پاک نہیں ہوتی ہوں تو کیا چھوڑ دوں نماز کو فرمایا آپ نے یہ خون ایک رگ کا ہے اور حیض نہیں ہے تو جب حیض آئے سے (یعنی وہ دن اس حین و فنون میں قبل اس بیماری کے حیض آیا کرتا تھا) چھوڑ دے نماز کو پھر جب وہ دن گزر جاوے تو خون دھو کر نماز پڑھ (یعنی بعد غسل کے جیسا کہ بخاری کی روایت میں مصرح ہے) عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ بِنْتَ اَبِي حُبَيْشٍ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ لَا اَطْهُرُ اَفَاَتْرُكُ الصَّلٰوةَ قَالَ لَا اِنَّمَا هُوَ عِرْقٌ وَلَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ فَاِذَا اَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَدَعِي الصَّلٰوةَ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْسِلِي عَنْكِ الدَّمَ وَصَلِّي ترجمہ ام المومنین عائشہ صدیقہ سے روایت ہے ابو حبیش کی بیٹی نے کہا یا رسول اللہ میں پاک ہی نہیں ہوتی کیا نماز چھوڑ دوں آپ نے فرمایا نہیں یہ ایک رگ ہے حیض نہیں ہے جب حیض آوے تو نماز چھوڑ دے پھر جب حیض رخصت ہو تو خون دھو ڈال (اور غسل کر) اور نماز پڑھ

باب النَّهْيِ عَنِ اغْتِسَالِ الْجُنُبِ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ جنبی کو ٹھہرے ہوئے پانی میں غسل کرنا منع ہے (یعنی پانی میں جنب (جسکو نہانیکی حاجت ہو) کو نہانا منع ہے (یعنی پانی کے اندر گھسکر بلکہ باہر کھڑے ہو کر پانی لے لے کر نہاوے) عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَغْتَسِلْ اَحَدُكُمْ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ وَهُوَ جُنُبٌ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل کرے کوئی تم میں سے تہی ہوئے پانی میں جبکہ جنب ہو ف یہ کراہت تنزیہی ہے نہ تحریمی پھر اگر وہ پانی کثیر ہے (یعنی دو قلے شافعیہ کے نزدیک اور دہ در دہ حنفیہ کے نزدیک) تو اندر گھسکر نہانے سے نجس نہ ہوگا مستعمل اور نہ نجس یا مستعمل ہو جاویگا۔ اور اہل حدیث کے نزدیک پانی قلیل ہو یا کثیر کسیطرح نجس نہ ہوگا جبتک اوس کا مزہ یا رنگ یا بو نہ بدلے۔ اس حدیث سے نکلتا ہے کہ اگر پانی جاری ہو یا نہانے والا جنب نہ ہو تو اندر گھسکر نہانا منع نہیں ہے

باب النَّهْيِ عَنِ الْبَوْلِ فِي الْمَاءِ الرَّاكِدِ وَالْاِغْتِسَالِ مِنْهُ تہی ہوئے پانی میں پیشاب کرنا یا اوس پانی سے نہانا منع ہے عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِي الْمَاءِ الرَّاكِدِ ثُمَّ يَغْتَسِلُ مِنْهُ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ پیشاب کرے کوئی تم میں سے بند پانی میں پھر غسل کرے اوس سے ف کیونکہ بند پانی اگر قلیل ہو تو پیشاب کرنیسے نجس ہو جاویگا اور جو کثیر ہو تب بھی خراب ہوگا اور اوسکی بیحرمتی سے لوگوں کو ضرر پہونچیگا اسی واسطے یہ بھی تحریمی ہے کیونکہ علماء کے نزدیک جب پانی قلیل ہو اور جب پانی کثیر ہو

باب ذِكْرِ الْاِغْتِسَالِ اَوَّلَ اللَّيْلِ اول رات میں غسل کرنیکا بیان عَنْ عُصَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ اَيَّ اللَّيْلِ كَانَ يَغْتَسِلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ رُبَّمَا اغْتَسَلَ اَوَّلَ اللَّيْلِ وَرُبَّمَا اغْتَسَلَ اٰخِرَهُ قُلْتُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ فِي الْاَمْرِ سَعَةً ترجمہ عصیف بن حارث سے روایت ہے انہوں نے حضرت عائشہ سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اول رات میں غسل کرتے تھے یا اخیر رات میں حضرت عائشہ نے کہا کبھی اول رات میں غسل کرتے کبھی اخیر رات میں میں نے کہا شکر ہے اوس پروردگار کا جس نے گنجایش رکھی عَنْ

غضیف بن الحارث قال دخلت علی عائشۃ فسألتہا قلت اکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یغتسل من اول اللیل او من اٰخرہ قالت کل ذلک ربما اغتسل من اولہ وربما اغتسل من اٰخرہ قلت الحمد للہ الذی جعل فی الامر سعۃ ترجمہ غضیف بن الحارث سے روایت ہے میں ام المومنین حضرت عائشہ پاس گیا اور ان سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شروع رات میں غسل کرتے تھے یا اخیر رات میں انہوں نے کہا سب طرح کرتے تھے کبھی اول رات میں کبھی اخیر رات میں میں نے کہا شکر ہے اوس پروردگار کا جس نے گنجایش رکھی **باب** ذکر الاستتار عند الاغتسال غسل کے وقت آڑ کر لینا **عن** ابی السمح قال کنت اخدم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فکان اذا اراد ان یغتسل قال ولنی قفاک فاولیہ قفای فاستتر بہ ترجمہ ابو السمح سے روایت ہے میں خدمت کیا کرتا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آپ جب غسل کا ارادہ کرتے تو مجھ سے فرماتے پیٹھ پھیر کر کھڑا ہو میں پیٹھ پھیر کر کھڑا ہوتا آپ کو چھپا لیتا **عن** ام ہانی انہا ذہبت الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوم الفتح فوجدتہ یغتسل وفاطمۃ تستر بثوب فسلمت فقال من ہذا قلت ام ہانی فلما فرغ من غسلہ قام فصلی ثمانی رکعات فی ثوب ملتحفا بہ ترجمہ ام ہانی سے روایت ہے جس دن مکہ فتح ہوا وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس گئیں آپ کو دیکھا غسل کرتے ہیں اور فاطمہ ایک کپڑے کی آڑ کیے ہوئی تھیں آپ پر میں نے سلام کیا آپ نے فرمایا کون ہے میں نے کہا ام ہانی پھر جب آپ غسل سے فارغ ہوئے تو کھڑے ہو کر آٹھ رکعتیں پڑھیں ایک کپڑے میں جسکو لپیٹے ہوئی تھے **باب** ذکر القدر الذی یکتفی بہ الرجل من الماء للغسل کتنے پانی میں غسل ہو سکتا ہے **عن** موسی الجہنی قال اتی مجاہد بقدح حزرتہ ثمانیۃ ارطال فقال حدثتنی عائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یغتسل بمثل ہذا ترجمہ موسی جہنی سے روایت ہے مجاہد ایک کٹورا لیکر آئے میں نے اوسکا اندازہ کیا تو اوس میں آٹھ رطل پانی آتا رہا ایک صاع جو قریب چار سیر کے ہوتا ہے پھر حدیث بیان کی مجھ سے انہوں نے کہا حضرت عائشہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غسل کرتے تھے اسقدر پانی سے **ف** غسل اور وضو میں کوئی اندازہ پانی کا مقرر نہیں جس سے زیادتی یا کمی ناوردست ہو مگر اسراف (بیفائدہ پانی لٹانا) منع ہے **عن** ابی سلمۃ قال دخلت علی عائشۃ واخوہا من الرضاعۃ فسألہا عن غسل النبی صلی اللہ علیہ وسلم فدعت باناء فیہ ماء قدر صاع فسترت ستترا فاغتسلت فافرغت علی راسہا ثلثا ترجمہ ابو سلمہ روایت ہے میں اور حضرت عائشہ کا دودھ بھائی دونوں حضرت عائشہ پاس گئے اوس نے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیونکر غسل کرتے تھے انہوں نے ایک برتن منگوایا جس میں ایک صاع پانی تھا پھر ایک پردہ ڈالکر غسل کیا تو سر پر تین بار پانی ڈالا **عن** عائشۃ انہا قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یغتسل فی القدح وہو

الفرق وكنت اغتسل انا وهو في اناء واحد ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک برتن سے غسل کرتے جسمیں ایک فرق پانی آتا (فرق سولہ رطل کا ہوتا ہے جو قریب آٹھ سیر کے ہوتا ہے) اور میں اور آپ دونوں ملکر ایک برتن سے غسل کرتے (یعنی دونوں اوسمیں ہاتھ ڈالکر پانی لیتے جاتے) عن انس بن مالك يقول كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ بمكوك ويغتسل بخمسة مكاكي ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے تھے ایک مکوک سے اور غسل کرتے تھے پانچ مکوک سے (مکوک سے مراد ایک مد ہے جو ایک رطل اور تہائی رطل ہوتا ہے اہل حجاز کے نزدیک اور دو رطل اہل عراق کے نزدیک لیکن صاع سب کے نزدیک چار مد کا ہوتا ہے تو صاع عراقی آٹھ رطل کا ہے اور صاع حجازی پانچ رطل اور ایک ثلث رطل کا احادیث میں سب جگہ صاع اور مد سے صاع اور مد حجازی مراد ہے لیکن غسل کے باب میں بعضوں نے کہا صاع عراقی مراد ہے واللہ اعلم) عن ابي جعفر قال تماذينا في الغسل عند جابر بن عبد الله فقال جابر يكفي من الغسل من الجنابة صاع من ماء قلنا ما يكفي صاع ولا صاعان قال جابر قد كان يكفي من كان خيرا منكم واكثر شعرا ترجمہ ابو جعفر سے روایت ہے ہم نے بحث کی غسل کے باب میں جابر بن عبد اللہ کے پاس تو جابر نے کہا کافی ہے غسل جنابت کو ایک صاع پانی ہم نے کہا ایک صاع دو صاع تو کافی نہیں ہو سکتا جابر نے کہا کافی ہوتا تھا اون شخص کو جو تم سے بہتر تھے اور تم سے زیادہ بال رکھتے تھے (مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں) **باب** ذكر الدلالة على ان الوقت الذي منه يباح الاغتسال ليس بمقدر عن عائشة قالت كنت اغتسل انا ورسول الله صلى الله عليه وسلم من اناء واحد وهو قدر الفرق ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غسل کرتے تھے ایک برتن سے جسمیں ایک فرق پانی آتا تھا یعنی سولہ رطل اور اوپر کی روایتوں میں ہے کہ آنحضرت غسل کرتے تھے پانچ مکوک میں یعنی پانچ مد میں اور ایک روایت میں ہے کہ ایک صاع سے پس ان سب روایتوں کو ملانے سے معلوم ہوا کہ غسل کے پانی کی کوئی حد مقرر نہیں ہے بلکہ جتنے پانی میں طہارت ہو جاوے اور سب بدن پر پانی بہہ جاوے وہ کافی ہے **باب** ذكر اغتسال الرجل والمرأة من نسائه من اناء واحد مرد اپنی عورت کے ساتھ ایک برتن سے غسل کر سکتا ہے عن عائشة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يغتسل وانا من اناء واحد نغترف منه جميعا ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور میں دونوں ملکر ایک برتن سے غسل کرتے تھے یعنی دونوں اوسمیں سے چلو لیتے تھے (ہاتھ ڈالکر) عن عائشة قالت كنت اغتسل انا ورسول الله صلى الله عليه وسلم من اناء واحد من الجنابة ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دونوں غسل کرتے تھے جنابت کا ایک برتن سے عن عائشة قالت لقد رأيتني انازع رسول الله صلى الله عليه وسلم الاناء اغتسل انا وهو منه ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے برتن میں جھگڑتے تھے (یعنی میں بھی اوسمیں سے پانی لیتی تھی اور آپ بھی اوسمیں سے لیتے تو میں چاہتی کہ میں لے لوں آپ چاہتے

کہ میں بے لون اگیونکہ میں اور آپ ایک ہی برتن سے غسل کرتے عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَرَسُولُ اللَّهِ
صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک
برتن سے غسل کرتے تھے عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَخْبَرَتْنِي خَالَتِي مَيْمُونَةُ أَنَّهَا كَانَتْ تَغْتَسِلُ وَرَسُولُ
اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ ترجمہ عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے مجھ سے میری خالہ میمونہ نے
بیان کیا کہ وہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک برتن سے غسل کرتے تھے عَنْ نَافِعٍ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ أُمَّ
سَلَمَةَ سُئِلَتْ أَتَغْتَسِلُ الْمَرْأَةُ مَعَ الرَّجُلِ قَالَتْ نَعَمْ إِذَا كَانَتْ كَيِّسَةً رَأَيْتُنِي وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى
اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَغْتَسِلُ مِنْ تَوْرٍ وَاحِدٍ نُفِيضُ عَلَى أَيْدِينَا حَتَّى نُنَقِّيَهَا ثُمَّ نُفِيضُ عَلَيْهَا الْمَاءَ
قَالَ الْأَعْرَجُ كَانَ يُذَكِّرُ فِي رَجُلًا وَكَانَ بَدَأَ لَهُ ترجمہ نافع سے روایت ہے جو مولی تھا ام سلمہ کا کہ ام المومنین ام سلمہ
کسی نے پوچھا کیا عورت مرد کے ساتھ غسل کرے انہوں نے کہا ہاں جب عقل رکھتی ہو تم دیکھو میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم دونوں ایک برتن سے غسل کرتے پہلے ہم اپنے ہاتھوں پر پانی ڈالتے یہانتک کہ اونکو صاف کرتے پھر اون پر پانی ڈالتے (پھر
ہاتھ پانی میں ڈالکر پانی نکالتے) اعرج نے کہا کہ ام المومنین ام سلمہ نے شرم گاہ کا ذکر نہیں کیا نہ اوسکی پروا کی یا
ذِكْرِ النَّهْيِ عَنِ الِاغْتِسَالِ بِفَضْلِ الْجُنُبِ جنب کے نہانے سے جو پانی بچ رہے اوس سے نہانا منع ہے عَنْ حُمَيْدِ
بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ لَقِيتُ رَجُلًا صَحِبَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا صَحِبَهُ أَبُو هُرَيْرَةَ أَرْبَعَ
سِنِينَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَمْتَشِطَ أَحَدُنَا كُلَّ يَوْمٍ أَوْ يَبُولَ فِي مُغْتَسَلٍ
أَوْ يَغْتَسِلَ الرَّجُلُ بِفَضْلِ الْمَرْأَةِ أَوِ الْمَرْأَةُ بِفَضْلِ الرَّجُلِ وَلْيَغْتَرِفَا جَمِيعًا ترجمہ حمید بن عبد الرحمن
سے روایت ہے میں ایک شخص سے ملا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت میں رہا تھا جیسا چار برس تک جیسے ابو ہریرہ رہی تھی اوسنے
کہا منع کیا رسول اللہ صلعم نے ہر روز کنگھی کرنے سے (بلکہ ایک دن بیچ کرنا بہتر ہے) اور جہانپر نہاتا ہو وہاں پیشاب کرنے سے اور منع کیا
اسبات سے کہ غسل کرے مرد عورت کے (غسل سے) بچی ہوئی پانی سے یا عورت مرد کے بچی ہوئی پانی سے بلکہ دونوں ساتھ ہی پانی
لیتے جاویں (اگر ایک ہی برتن ہو یہ بھی تنزیہی ہے اور بطور ادب کے ہے صحیح مسلم میں ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل کیا میمونہ کے بچے ہوئے پانی سے) بَابُ الرُّخْصَةِ فِي ذَلِكَ اس امر کی اجازت عَنْ
عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ يُبَادِرُنِي
أُبَادِرُهُ حَتَّى يَقُولَ دَعِي لِي وَأَقُولُ أَنَا دَعْ لِي قَالَ سُوَيْدٌ يُبَادِرُنِي وَأُبَادِرُهُ فَأَقُولُ دَعْ
لِي دَعْ لِي ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دونوں ایک برتن سے غسل کرتے تھے
آپ جلدی سے غسل کرلینا میں چاہتی تھی میں جلدی سے کرلوں تو آپ فرماتے تھے میری لیجو پانی چھوڑ دے اور
میں کہتی تھی میری لیجیو چھوڑ دیجیو سوید کی روایت میں یہ ہے کہ آپ مجھ سے جلدی کرتے تھے اور میں آپ پر جلدی کرتی تھی

تھی تو میں کہنو لگتی تھی میرے لیے پانی چھوڑ دیجیے میرے لیے پانی چھوڑ دیجیے ف پھر جب ایک غسل کر چکتا تو دوسرا اوسکے بچے ہوئے پانی سے اپنا غسل پورا کرتا پس حدیث سے اجازت نکلی جنب کے بچے ہوئے پانی سے غسل کرنے کی **باب** ذِكْرِ الْاِغْتِسَالِ فِي الْقَصْعَةِ ایک کونڈی سے غسل کرنا **عَنْ** اُمِّ هَانِئٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ وَمَيْمُوْنَةُ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ فِيْ قَصْعَةٍ فِيْهَا اَثَرُ الْعَجِيْنِ ترجمہ ام ہانی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور میمونہ (آپ کی بی بی) نے غسل کیا ایک کونڈی سے جس میں آٹے کا نشان تھا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پاک شے پانی میں ملجانے سے کچھ ضرر نہیں ہے **باب** ذِكْرِ تَرْكِ الْمَرْاَةِ نَقْضَ ضَفْرِ رَاْسِهَا عِنْدَ اغْتِسَالِهَا مِنَ الْجَنَابَةِ جب عورت غسل کرے جنابت کا تو اپنی سر کی چوٹیاں کھولنا ضرور نہیں ہے **عَنْ** اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ امْرَاَةٌ شَدِيْدَةُ ضَفِيْرَةُ رَاْسِيْ اَفَاَنْقُضُهَا عِنْدَ غُسْلِهَا مِنَ الْجَنَابَةِ قَالَ اِنَّمَا يَكْفِيْكِ اَنْ تَحْثِيْ عَلٰى رَاْسِكِ ثَلٰثَ حَثَيَاتٍ مِنْ مَّاءٍ ثُمَّ تُفِيْضِيْنَ عَلٰى جَسَدِكِ ترجمہ ام المومنین ام سلمہ سے روایت ہے میں نے کہا یا رسول اللہ میں اپنے سر کی چوٹیاں مضبوط باندھتی ہوں (یعنی بال خوب مضبوطی سے گوندھتی ہوں) کیا غسل جنابت کے وقت اوسکو کھولوں آپ نے فرمایا تجھ کو کافی ہے سر پر تین چلو ڈال لینا پانی کے (تاکہ پانی بالوں کی جڑوں میں پہنچ جاوے) پھر ساری بدن پر پانی ڈالنا **باب** ذِكْرِ الْاَمْرِ بِذٰلِكَ لِلْحَائِضِ عِنْدَ الْاِغْتِسَالِ لِلْاِحْرَامِ حیض والی عورت جب احرام باندھنا چاہے اور اوسکو غسل کرے تو چوٹی کھولنا ضرور ہے **عَنْ** عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَاَهْلَلْتُ بِالْعُمْرَةِ فَقَدِمْتُ مَكَّةَ وَاَنَا حَائِضٌ فَلَمْ اَطُفْ بِالْبَيْتِ وَلَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَشَكَوْتُ ذٰلِكَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ انْقُضِيْ رَاْسَكِ وَامْتَشِطِيْ وَاَهْلِيْ بِالْحَجِّ وَدَعِي الْعُمْرَةَ فَفَعَلْتُ فَلَمَّا قَضَيْنَا الْحَجَّ اَرْسَلَنِيْ مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ اِلَى التَّنْعِيْمِ فَاعْتَمَرْتُ فَقَالَ هٰذِهٖ مَكَانُ عُمْرَتِكِ ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے حجۃ الوداع میں تو میں نے عمرے کا احرام باندھا (میقات سے تمتع کی نیت سے) جب میں مکہ پہونچی تو حیض میں تھی پس نہ طواف کیا میں نے خانہ کعبہ کا اور نہ سعی کی صفا اور مروے کے بیچ میں (یعنی عمرہ ادا نہیں کر سکی بوجہ حیض کے) میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی (کہ حج تو ان پہونچا اور ابھی عمرہ ہے ادا نہیں ہوا حیض کی وجہ سے تو میرا حج جاتا رہے گا) آپ نے فرمایا اپنا سر کھولڈال اور کنگھی کر لی اور حج کا احرام باندھ اور عمرہ چھوڑ دی میں نے ایسا ہی کیا جب حج ادا کر چکی تو آپ نے مجھ کو عبد الرحمن بن ابی بکر کے ساتھ تنعیم کو بھیجا میں نے عمرے کا احرام باندھا اور آپ نے فرمایا یہ جگہ ہے تیرے عمرے کی (یعنی یہاں سے عمرے کا احرام باندھ سکتی ہے) **ذِكْرُ** غَسْلِ الْجُنُبِ يَدَهٗ قَبْلَ اَنْ يُّدْخِلَهَا الْاِنَاءَ

جب برتن میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے اپنا ہاتھ دھویا عن عائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان
اذا اغتسل من الجنابۃ دعا بشیء نحو الحلاب فاخذ بکفہ بدأ بشق رأسہ الایمن ثم الایسر ثم اخذ بکفیہ
فصب علی رأسہ ثم افاض علی سائر جسدہ ترجمہ ام المومنین عائشہ رضی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم جب غسل کرتے تھے جنابت کا تو آپ کو لیے برتن میں پانی رکھا جاتا آپ اپنی دونوں ہاتھوں پر پانی ڈالتے برتن میں ہاتھ
ڈالنے سے پہلے جب دونوں ہتھیلیوں کو دھو چکتے تو داہنے ہاتھ کو برتن میں ڈالتے اور پانی لیکر بائیں ہاتھ سے اپنی شرمگاہ
کو دھوتے جب اس سے فارغ ہوتے تو داہنے ہاتھ سے پانی بائیں ہاتھ پر ڈالتے اور دونوں ہتھیلیوں کو دھوتے پھر کلی کرتے اور
ناک میں پانی ڈالتے تین بار پھر سر پر پانی ڈالتے دو ہتھیلیاں بھر کر تین بار پھر سارے بدن پر پانی بہاتے **باب**
ذکر عدد غسل الیدین قبل ادخالھما الاناء ہاتھوں کو کتنی بار دھوئے برتن میں ڈالنے سے پہلے **عن**
ابی سلمۃ قال سألت عائشۃ عن غسل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من الجنابۃ فقالت
کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یفرغ علی یدیہ ثلثا ثم یغسل فرجہ ثم یغسل
یدیہ ثم یتمضمض ویستنشق ثم یفرغ علی رأسہ ثلثا ثم یفیض علی سائر جسدہ ترجمہ
ابو سلمہ سے روایت ہے میں نے حضرت عائشہ رضی سے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنابت کا غسل کیونکر کرتی تھے انہوں نے
کہا رسول اللہ صلعم اپنے دونوں ہاتھوں پر تین بار پانی ڈالتے پھر شرمگاہ دھوتے پھر دونوں ہاتھ دھوتے پھر کلی کرتے
اور ناک میں پانی ڈالتے سر پر تین بار پانی ڈالتے پھر سارے بدن پر پانی بہاتے **باب** ازالۃ الجنب الاذی
عن جسدہ بعد غسل یدیہ دونوں ہاتھ دھو کر بدن کی ناپاکی کو دور کرنا **عن** ابی سلمۃ انہ دخل علی
عائشۃ فسألھا عن غسل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من الجنابۃ فقالت کان النبی
صلی اللہ علیہ وسلم یؤتی بالاناء فیصب علی یدیہ ثلثا فیغسلھما ثم یصب بیمینہ علی
شمالہ فیغسل ما علی فرجہ ثم یغسل یدیہ ویتمضمض ویستنشق ویصب علی رأسہ
ثلثا ثم یفیض علی سائر جسدہ ترجمہ ابو سلمہ سے روایت ہے وہ حضرت عائشہ رضی کے پاس گئے اور ان سے پوچھا
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنابت کا غسل کیونکر کرتی تھے انہوں نے کہا آپ پاس ایک برتن کا پانی کا آپ دونوں
ہاتھوں پر تین بار پانی ڈال کے انکو دھوتے پھر داہنے ہاتھ سے بائیں پر پانی ڈالکر دونوں کو دھوتے اور شرمگاہ کو
جہاں نجاست حلول ہوتی) پھر دونوں ہاتھ دھوتے اور کلی کرتے اور ناک میں پانی ڈالتے اور سر پر تین بار پانی ڈالتے
پھر سارے بدن پر پانی بہاتے **باب** اعادۃ الجنب غسل یدیہ بعد ازالۃ الاذی عن جسدہ

ناپاکی کو دھو کر پھر دونوں ہاتھ دھوئے عمر بن ابی سلمہ بن عبد الرحمن قال وصفت عائشۃ غسل النبی صلی اللہ
علیہ وسلم من الجنابۃ قالت کان یغسل یدیہ ثلثا ثم یفیض بیدہ الیمنی علی الیسری فیغسل
فرجہ وما اصابہ قال عمر ولا اعلمہ الا قال یفیض بیدہ الیمنی علی الیسری ثلث مرات ثم
یتمضمض ثلثا ویغسل وجہہ ثلثا ثم یفیض علی راسہ ثلثا ثم یصب علیہ الماء ترجمہ ابو سلمہ
بن عبد الرحمن سے روایت ہے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غسل جنابت کا حال بیان کیا تو کہا پہلے
اپنا ہاتھ تین بار دھوتی پھر داہنے ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالتی بائیں ہاتھ پر شرمگاہ دھوتی اور جو اس میں لگا ہوتا۔ عمر بن عبید
نے کہا میں سمجھتا ہوں عطاء نے یوں کہا پھر داہنی ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالتے تین بار پھر کلی کرتے تین بار ناک
میں پانی ڈالتے تین بار اور منہ دھوتے تین بار پھر سر پر پانی ڈالتے تین بار پھر سارے بدن پر پانی بہاتے ف اس روایت
سے اور اوپر کی روایت سے یہ بات ثابت ہوئی کہ ہاتھ دو بار دھوئے ایک تو شروع میں دوسرے بعد صاف کرنے نجاست کے

باب وضوء الجنب قبل الغسل غسل سے پہلی وضو کرنا عمرۃ عائشۃ ان النبی صلی اللہ علیہ
وسلم کان اذا اغتسل من الجنابۃ بدا فغسل یدیہ ثم توضا کما یتوضا للصلوٰۃ ثم یدخل
اصابعہ الماء فیخلل بہا اصول شعرہ ثم یصب علی راسہ ثلث غرف ثم یفیض الماء علی
جسدہ کلہ ترجمہ ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب غسل جنابت کرتے پہلے دونوں ہاتھ
دھوتے پھر وضو کرتے جیسے نماز کا کیا وضو کرتے ہیں پھر انگلیاں پانی میں ڈالکر اپنے بالوں کی جڑوں کا خلال کرتے پھر سر پر
تین چلو ڈالتے پھر سارے بدن پر بہاتے **باب** تخلیل الجنب راسہ جنب اپنے سر کے بالوں میں خلال کرے
عمرۃ عمرۃ قالت حدثتنی عائشۃ عن غسل النبی صلی اللہ علیہ وسلم من الجنابۃ انہ کان
یغسل یدیہ ویتوضا ویخلل راسہ حتی یصل الی شعرہ ثم یفرغ علی سائر جسدہ ترجمہ
عمرہ سے روایت ہے جو کہ سنی حضرت عائشہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا غسل جنابت بیان کیا اسطرح کہ پہلے دونوں
ہاتھ دھوئے اور وضو کرے اور خلال کرے سر میں تاکہ پانی بالوں میں پہنچے پھر سارے بدن پر پانی بہا دے عمرۃ عائشۃ
ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یشرب راسہ ثم یحثی علیہ ثلثا ترجمہ ام المؤمنین عائشہ
سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہلے تر کر لیتے تھے سر کو پھر تین تبہ چلو بھر کر پانی ڈالتے سر پر **باب** جنبین
فی مطہرۃ قال تماروا فی الغسل عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال بعض القوم انی لا
اغتسل کذا وکذا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اما انا فافیض علی راسی ثلث اکف
ترجمہ چند جنبی ایک مطہرہ سے روایت ہے لوگوں نے بحث کی غسل میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کسی نے کہا میں اسطرح غسل
کرتا ہوں آپ نے فرمایا میں اپنے سر پر تین لپ پانی ڈالتا ہوں **باب** ذکر الحجۃ فی الغسل من الحیض حیض سے

پاک ہو کر کیونکر غسل کرے عن عائشۃ ان امرأۃ سألت النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن غسلہا من المحیض فأخبرہا کیف تغتسل ثم قال خذی فرصۃ من مسک فتطہری بہا قالت کیف اتطہر بہا فاستکر ذلک ثم قال سبحان اللہ تطہری بہا قالت عائشۃ فجذبت المرأۃ وقلت تتبعین بہا أثر الدم ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے ایک عورت (اسماء بنت شکل) نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا حیض سے کیونکر غسل کرنا چاہیے آپ نے بتلایا کہ اسطرح غسل کرنا چاہیے پھر فرمایا (کہ غسل کے بعد) ایک ٹکڑا لی (کپڑے یا روئی یا دون کا) جسمیں مشک لگی ہو اور اوس سے طہارت کرو عورت بولی میں کیونکر اوس سے طہارت کروں آپ نے اپنی سنہ پر (ماتھہ کی) آنکر لی (شرم سے) اور فرمایا (تعجب سے) سبحان اللہ طہارت کر اوس سے حضرت عائشہ نے کہا میں نے اوس عورت کو پکڑ کر کھینچا اور (چپکی سے) کہا خون کے مقام پر اوسکو رکھ ف یعنی شرمگاہ میں اوس کپڑے کو رکھہ تاکہ بدبوئی رفع ہو اور خوشبو پیدا ہو یہہ حکم بطریق استحباب کے ہے ہر عورت کو لیے جو پاک ہو حیض یا نفاس سے کہ بعد غسل کے ایسا کرے اور جو مشک نہ ملی تو اور خوشبو استعمال کرے **باب** ترک الوضوء من بعد الغسل غسل کے بعد وضو کی حاجت نہیں عن عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یتوضأ بعد الغسل ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو نہیں کرتے تھے غسل کے بعد **باب** غسل الرجل فی غیر المکان الذی یغتسل فیہ جہاں غسل کرے وہاں سے ہٹ کر اور جگہہ پاؤں دھوئے عن میمونۃ قالت أدنیت لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غسلہ من الجنابۃ فغسل کفیہ مرتین أو ثلثا ثم أدخل یمینہ فی الإناء فأفرغ بہا علی فرجہ ثم غسلہ بشمالہ ثم ضرب بشمالہ الأرض فدلکہا دلکا شدیدا ثم توضأ وضوءہ للصلوۃ ثم أفرغ علی رأسہ ثلث حثیات ملأ کفیہ ثم غسل سائر جسدہ ثم تنحی عن مقامہ فغسل رجلیہ قالت ثم أتیتہ بالمندیل فردہ ترجمہ ام المومنین میمونہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے غسل جنابت کیلیے پانی رکھا آپ نے دونوں ہاتھوں کو دو بار یا تین بار دھویا پھر داہنا ہاتھ برتن میں ڈال کر (پانی لیا) اپنی شرمگاہ پر پانی بہایا پھر شرمگاہ کو دھویا بائیں ہاتھ سے بعد اوس کے بائیں ہاتھہ کو زمین پر مارا اور خوب زور سے رگڑا پھر وضو کیا جیسے نماز کے لیے وضو کرتے ہیں پھر دونو چلو بھر بھر کر تین بار پانی سر پر ڈالا پھر سارے بدن کو دھویا پھر اوس جگہہ سے سرک گئے اور دونوں پاؤں دھوئے میمونہ نے کہا پھر میں کپڑا لائی پانی پونچھنے کا آپ نے اوسکو نہیں لیا **باب** ترک المندیل بعد الغسل غسل کے بعد کپڑے سے بدن پونچھنا عن ابن عباس أن النبی صلی اللہ علیہ وسلم اغتسل فأتی بمندیل فلم یمسہ وجعل یقول بالماء ہکذا ترجمہ عبداللہ بن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل کیا تو آپ کے پاس کپڑا لائے (بدن پونچھنے کو) آپنے اوسکو نہیں لیا اور پانی جھٹکنے لگے ف نووی نے کہا ہے اوس نے اختلاف کیا ہے کہ وضو غسل کے

ترجمۃ الباب

بعد بدن کا پونچھنا کیسا ہے سب میں مشہور یہ قول ہے کہ نہ پونچھنا مستحب ہے اور یہ نہیں کہ سکتے کہ پونچھنا مکروہ ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ پونچھنا مکروہ ہے تیسرا یہ کہ مباح ہے اوسکا کرنا نہ کرنا برابر ہے چوتھا قول یہ ہے کہ مستحب ہے کیونکہ پونچھنے سے بدن صاف ہو جاتا ہے میل وغیرہ سے۔ پانچویں یہ کہ مکروہ ہے گرمی میں نہ جاڑے میں۔ اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے اسمیں تین قول ہیں ایک تو یہ ہے کہ پونچھنے میں کچھ قباحت نہیں وضو کے بعد ہو یا غسل کے یہی مذہب ہے انس بن مالک اور سفیان ثوری کا دوسرے یہ کہ مکروہ ہے دونوں کے بعد اور یہ ابن عمر اور ابن ابی لیلی کا قول ہے تیسرے یہ کہ مکروہ ہے وضو کے بعد نہ غسل کے ابن عباس کا قول ہے اور نہ پونچھنے میں ایک ہی حدیث ہے اور ایک دوسری صحیح حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غسل کر کے نکلے اور آپ کے سر سے پانی ٹپک رہا تھا لیکن پونچھنا یاد نہ کیا تو نقل کیا ہے اوسکو ایک جماعت صحابہ نے لیکن سند میں اون کی ضعیف ہیں ترمذی نے کہا رسول اللہ صلعم سے اسباب میں کچھ صحیح نہیں ہے آب رہا پانی کا بہنا بدن سے تو یہ حدیث سے ثابت ہے اور بعضوں نے اسکو مکروہ کہا مگر وہ صحیح نہیں ہے بلکہ صحیح اوسکی اباحت ہے انتہی مختصراً

باب وضوء الجنب اذا اراد ان یاکل

جنب جب کھانے کا قصد کرے (اور غسل کا موقع نہ ہو) تو وضو کر لی

عن عائشۃ قالت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا اراد ان یاکل او ینام وھو جنب توضا زاد عمر وفی حدیثہ وضوءہ للصلوۃ

ترجمہ ام المومنین عائشہ رضی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حالت جنابت میں جب کھانے یا سونے کا قصد کرتی تو وضو کر تی جیسے نماز کی لیے وضو کرتے

باب اقتصار الجنب علی غسل یدیہ اذا اراد ان یاکل

اگر جنب کھانی کا قصد کرے اور فقط ہاتھ ہی دھو لے تو بھی کافی ہے

عن عائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا اراد ان ینام وھو جنب توضا واذا اراد ان یاکل غسل یدیہ

ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب حالت جنابت میں سونے کا قصد کرتے تو وضو کر لیتے اور جو کھانے کا قصد کرتی تو دونوں ہاتھ دھو لیتے

باب اقتصار الجنب علی غسل یدیہ اذا اراد ان یاکل او یشرب

جنب جب کھانی یا پینے کا قصد کرے تو فقط ہاتھ دھو لینا بھی کافی ہے

عن عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اراد ان ینام وھو جنب توضا واذا اراد ان یاکل او یشرب قالت غسل یدیہ ثم یاکل او یشرب

ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب حالت جنابت میں سونے کا قصد کرتے تو وضو کر لیتے اور جو کھانے یا پینے کا ارادہ کرتی تو دونوں ہاتھ دھو لیتے پھر کھاتے پیتے

باب وضوء الجنب اذا اراد ان ینام

جنب سونے کا ارادہ کرے (اور غسل کا موقع نہ ہو) تو وضو کر لیوے

عن عائشۃ قالت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا اراد ان ینام وھو جنب توضا وضوءہ للصلوۃ قبل ان ینام

ترجمہ ام المومنین عائشہ رضی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سونے کا ارادہ کرتی اور جنب ہوتی تو وضو کر لیتے جیسے نماز کی لیے وضو کرتے سونے سے پہلے

عن عبد اللہ بن عمر

ان عمر قال یا رسول اللہ ایتنام احدنا وھو جنب قال اذا توضأ ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے حضرت عمر نے کہا یا رسول اللہ کیا ہم میں سے کوئی سو سکتا ہے حالت جنابت میں آپ نے فرمایا ہاں جب وضو کر لیوے **باب** وضوء الجنب وغسل ذکرہ اذا اراد ان ینام جنب جب سونے کا ارادہ کرے تو وضو کر لے اور اپنی شرمگاہ کو دھو لے

عن ابن عمر قال ذکر عمر لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ یصیبہ الجنابۃ من اللیل فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم توضأ واغسل ذکرک ثم نم ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے حضرت عمر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا کہ مجھ کو جنابت ہوتی ہے رات کو (اور اوس وقت نہانے کا موقع نہیں ہوتا) آپ نے فرمایا وضو کر لی اور ذکر دھو ڈال پھر سو رہ **باب** فی الجنب اذا اراد ان یتوضأ جنب جب وضو کرے تو کیا ہوگا

عن علی رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تدخل الملائکۃ بیتا فیہ صورۃ ولا کلب ولا جنب ترجمہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فرشتے اوس گھر میں نہیں جاتے جس میں صورت ہو یا کتا یا جنب ہو (مراد فرشتے رحمت کے ہیں) **باب** فی الجنب اذا اراد ان یعود اگر جنب دوبارہ جماع کا قصد کرے تو کیا کرے

عن ابی سعید رفعہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا اراد احدکم ان یعود توضأ ترجمہ ابو سعید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی قصد کرے دوبارہ جماع کرنے کا (اور وہ جنب ہو) تو وضو کر لیوے **باب** اتیان النساء قبل اغتسال الحائض حائض عورتوں سے جماع کرنا ایک ہی غسل سے

عن انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طاف علی نسائہ فی لیلۃ بغسل واحد ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی عورتوں پاس گئے ایک ہی غسل سے (یعنی صحبت کی اوپر ہر ایک میں غسل کر لیا)

عن انس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یطوف علی نسائہ فی غسل واحد ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھیر کرتی تھے اپنی عورتوں پر ایک ہی غسل سے **باب** الجنب من قراءۃ القرآن جنب کو قرآن پڑھنا درست نہیں ہے

عن عبد اللہ بن سلمۃ قال اتیت علیا انا ورجلان فقال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخرج من الخلاء فیقرأ القرآن ویأکل معنا اللحم ولم یکن یحجبہ عن القرآن شیء لیس الجنابۃ ترجمہ عبد اللہ بن سلمہ سے روایت ہے میں اور دو آدمی اور حضرت علی پاس گئے اونہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاخانے سے نکلکر قرآن پڑھتے اور ہمارے ساتھ بیٹھ کر گوشت کھاتے اور قرآن پڑھنے سے کوئی چیز آپ کو نہ روکتی تھی سوا جنابت کے (یعنی جب جنب ہوتے تو قرآن نہ پڑھتے جبتک غسل نہ کر لیتے) **عن** علی قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ القرآن علی کل حال الا الجنابۃ ترجمہ حضرت علی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کو پڑھا کرتے ہر وقت اور ہر حالت میں سوا جنابت کی **باب** مماسۃ الجنب جنب کے ساتھ بیٹھنا اور سونا

چھونا کیسا ہی عن حذیفۃ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا لقی الرجل من اصحابہ
ماسحہ ودعا لہ قال فرایتہ یوما بکرۃ فحدت عنہ ثم اتیتہ حین ارتفع النہار فقال
انی رایتک فحدت عنی فقلت انی کنت جنبا فخشیت ان تمسنی فقال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ان المسلم لا ینجس ترجمہ حذیفہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت
یہ تھی جب کسی اپنے صحابی سے ملتے تو اوسکے سر پر ہاتھ پھیرتے اور اوسکے لیے دعا کرتی ایک روز صبح کو میں نے آپ کو دیکھا تو میں کترا
گیا (یعنی الگ ہو کر چلا گیا) پھر دن چڑھے میں آپ پاس آیا آپ نے فرمایا میں نے تجھے دیکھا تو الگ ہو کر چلا گیا میں نے
عرض کیا یا رسول اللہ میں جنب تھا میں نے ڈرا کہ میں آپ مجھکو چھو لیں آپ نے فرمایا مسلمان ناپاک نہیں ہوتا (جنابت
سے کیونکہ جنابت ایک نجاست حکمی ہی اور مسلمان کی طہارت حقیقی ہی البتہ اگر نجاست حقیقی لگی ہو تو اوسکی وجہ سے ناپاک
ہو جاویگا مگر اپنی ذات سے پاک ہی گا) عن عبد اللہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لقیہ وھو جنب
فاھوی الی فقمت انی جنبت فقال ان المسلم لا ینجس ترجمہ عبد اللہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھکو ملے اور میں جنب تھا آپ میری طرف جھکے میں نے عرض کیا میں جنب ہوں آپ نے فرمایا مسلمان
ناپاک نہیں ہوتا عن ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لقیہ فی طریق من طرق المدینۃ
وھو جنب فانسل عنہ فاغتسل فافتقدہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلما جاء قال این
کنت یا ابا ھریرۃ قال یا رسول اللہ انک لقیتنی وانا جنب فکرھت ان اجالسک
حتی اغتسل فقال سبحان اللہ ان المؤمن لا ینجس ترجمہ ابوہریرہ رضی سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم اوسکو مدینے کے ایک راستے میں اور وہ جنب تھا تو چپکے نکل گیا اور غسل کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
اوسکو نہ پایا جب لوٹ کر آیا پوچھا تو کہاں تھا اے ابا ہریرہ ابوہریرہ نے کہا یا رسول اللہ جب آپ مجھکو ملے تھے تو میں
جنب تھا مجھکو یہ معلوم ہوا آپ کے پاس بیٹھنا جبتک غسل نہ کروں آپ نے فرمایا سبحان اللہ مومن ناپاک نہیں ہوتا باب
استخدام الحائض زوجھا عورت سے کام لینا کیسا ہی عن ابی ھریرۃ بینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم فی المسجد اذ قال یا عائشۃ ناولینی الثوب فقالت انی لا اصلی قال انہ لیس فی یدک
فناولتہ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں بیٹھے تھے آپ نے کہا اے عائشہ مجھکو کپڑا اٹھا دے
وہ بولیں میں نماز نہیں پڑھتی (یہ کنایہ ہی حیض آنے کا) آپنے فرمایا وہ تیرے ہاتھ میں نہیں ہر ایک اعضو نے کپڑا اوٹھا دیا (یعنی حیض
کی نجاست ایسی نہیں جو ہاتھ کو ناپاک کرے) عن عائشۃ قالت قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ناولینی الخمرۃ من المسجد قالت انی حائض فقال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم لیست حیضتک فی یدک ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مسجد میں سے مجھے بوریا اوٹھا دے میں نے کہا حائضہ ہوں آپ نے فرمایا تیرا حیض ہاتھ میں تو ڑی رکھا ہے ف مطلب یہ کہ رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تھے اور حضرت عائشہ اپنے حجرے میں تھیں آپ نے بوریہ مانگا تو حضرت عائشہ نے خیال کیا کہ حالت
حیض میں میں اپنا ہاتھ مسجد میں کیونکر بڑھاؤں آپ نے فرمایا کہ ہاتھ بڑھا کر دیدے کچھ قباحت نہیں کیونکہ حیض ہاتھ میں نہیں
رہتا ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حائضہ کو ہاتھ بڑھا کر مسجد میں کوئی چیز رکھ دینا یا مسجد سے کوئی چیز لے لینا درست ہے **باب**
بَسْطِ الْحَائِضِ الْخُمْرَةَ فِي الْمَسْجِدِ حائضہ عورت مسجد میں بوریا بچھا دے تو کیسا ہے **عَنْ مَيْمُوْنَةَ** قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ رَأْسَهُ فِي حَجْرِ اَحَدِنَا فَيَتْلُو الْقُرْاٰنَ وَهِيَ حَائِضٌ وَيَقُوْمُ اَحَدُنَا
بِالْخُمْرَةِ اِلَى الْمَسْجِدِ فَيَبْسُطُهَا وَهِيَ حَائِضٌ ترجمہ میمونہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا سر ہم میں سے
کسی کی گود میں رکھ کر قرآن پڑھا کرتے اور وہ عورت حائضہ ہوتی اور ہم میں سے کوئی اوٹھ کر مسجد میں بوریا بچھا دیتے
اور وہ حائضہ ہوتی (اپنے باہر سے کہڑی ہو کر ہاتھ بڑھا کر بوریا بچھا دیتی) **باب فِي الَّذِيْ يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ**
وَرَأْسُهُ فِيْ حَجْرِ امْرَأَتِهِ وَهِيَ حَائِضٌ کوئی شخص اپنے بی بی کی گود میں سر رکھ کر قرآن شریف پڑھے اور وہ حائضہ
ہو تو کیسا ہے **عَنْ عَائِشَةَ** قَالَتْ كَانَ رَأْسُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجْرِ اَحَدِنَا وَهِيَ حَائِضٌ
وَهُوَ يَتْلُو الْقُرْاٰنَ ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سر مبارک ہم میں سے کسی کی گود میں ہوتا
اور وہ حائضہ ہوتی آپ قرآن پڑھتے **باب غَسْلِ الْحَائِضِ رَأْسَ زَوْجِهَا** حائضہ عورت اپنے خاوند کا سر دھوے تو کیسا ہے
عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُدْنِيْ اِلَيَّ رَأْسَهُ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ فَاَغْسِلُهُ وَاَنَا
حَائِضٌ ترجمہ ام المومنین عائشہ رضی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا سر میری طرف جھکا دیتے اور آپ اعتکاف میں
ہوتے میں اپنا سر دھوتی اور میں حائضہ ہوتی **عَنْ عَائِشَةَ** قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
يُخْرِجُ اِلَيَّ رَأْسَهُ مِنَ الْمَسْجِدِ وَهُوَ مُجَاوِرٌ فَاَغْسِلُهُ وَاَنَا حَائِضٌ ترجمہ ام المومنین حضرت عائشہ سے
روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا سر مسجد کے باہر نکالتے اور آپ اعتکاف میں ہوتے میں اوسکو دھوتی حالانکہ میں حائضہ
ہوتی **باب مُؤَاكَلَةِ الْحَائِضِ وَالشُّرْبِ مِنْ سُؤْرِهَا** حائضہ عورت کو ساتھ کھلانا اور اوسکا جھوٹا پینا درست ہے **عَنْ**
شُرَيْحٍ عَنْ عَائِشَةَ سَاَلْتُهَا هَلْ يَاْكُلُ الرَّجُلُ مَعَ زَوْجِهَا وَهِيَ طَامِثٌ قَالَتْ نَعَمْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْنِيْ فَاَاْكُلُ مَعَهُ وَاَنَا عَارِكٌ وَكَانَ يَاْخُذُ الْعَرْقَ فَيَقْسِمُ عَلَيَّ فِيْهِ فَاَعْرَضُ
مِنْهُ ثُمَّ اَضَعُهُ فَيَاْخُذُهُ فَيَعْتَرِقُ مِنْهُ وَيَضَعُ فَمَهُ حَيْثُ وَضَعْتُ فَمِيْ مِنَ الْعَرْقِ وَيَدْعُوْ
بِالشَّرَابِ فَيُقْسِمُ عَلَيَّ فِيْهِ قَبْلَ اَنْ يَشْرَبَ مِنْهُ فَاَخُذُهُ فَاَشْرَبُ مِنْهُ ثُمَّ اَضَعُهُ فَيَاْخُذُهُ فَيَشْرَبُ
مِنْهُ وَيَضَعُ فَمَهُ حَيْثُ وَضَعْتُ فَمِيْ مِنَ الْقَدَحِ ترجمہ ابن شریح سے روایت ہے میں نے حضرت عائشہ سے پوچھا کیا
عورت اپنی خاوند کے ساتھ کھاوے حیض کی حالت میں انہوں نے کہا ہاں کہا وے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ کو بلاتے تھے میں

آپ کے ساتھ کہاتی اور مین حیض سی ہوتی آپ ہڈی اُٹھاتے اور میرا حصہ بہی اوسمین لگاتے پہلے مین اوسکو چوستی پہر رکہدیتی بعد اوسکو آپ اوسکو چوستے اور وہین منہ لگاتے جہان مین نی لگایا تہا ہڈی پر آپ پانی منگوتے اوسمین بہی میرا حصہ لگاتے پہلے مین لیکر پیتی پہر رکہدیتی پہر آپ اوسکو دہتکار کر پیتے اور پیالی پر وہین منہ لگاتے جہان مین نی لگایا تہا عن عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یضع فاہ علی الموضع الذی اشرب منہ فیشرب من فضل سؤری وانا حائض ترجمہ ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا منہ (برتن) مین اوسے جگہہ لگاتے جہان سی مین نے لگاکر پیا تہا اور میرا جوٹا پانی پیتے حالانکہ مین حائضہ ہوتی **باب** الانتفاع بفضل الحائض حائضہ عورت کا جوٹا پانی پینا درست ہی عن عائشۃ تقول کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یناولنی الاناء فاشرب منہ وانا حائض ثم اعطیہ فیتحری موضع فی فیضع علی فیہ ترجمہ ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجہہ برتن دیتے مین اوسمین سے پانی پیتی اور مین حیض سی ہوتی پہر مین وہ برتن آپ کو دیتی آپ ڈہونڈہ کر اوسی جگہہ منہ لگاتے جہان مین نے منہ لگایا تہا عن عائشۃ قالت کنت اشرب وانا حائض وانا ولہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فیضع فاہ علی موضع فی یشرب والعرق العرق وانا حائض وانا ولہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم یضع فاہ علی موضع فی ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہی مین پانی پیتی تہی حیض کیحالت مین پہر وہ برتن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیدیتی آپ اپنا مونہہ اوسی مقام پر لگاتے جہان مین نے لگایا تہا اور مین ہڈی چوستی حیض کیحالت مین پہر وہ ہڈی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیدیتی آپ اپنا منہ اوس مقام پر لگاتے جہان مین نے لگایا تہا (ان حدیثون سی معلوم ہوا کہ حائضہ عورت کا پسینا اور اوسکا جوٹا پاک ہی اسی طرح لعاب اوسکے منہ کا) **باب** مضاجعۃ الحائض حائضہ عورت کو ساتہہ لٹانا درست ہی عن ام سلمۃ قالت بینما انا مضطجعۃ مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الخمیلۃ اذ حضت فانسللت فاخذت ثیاب حیضتی فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انفست قلت نعم فدعانی فاضطجعت معہ فی الخمیلۃ ترجمہ ام المؤمنین ام سلمہ سے روایت ہی مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتہہ لیٹی ہوئی تہی ایک چادر مین اتنے مین مجہکو حیض آگیا تو مین نکل گئی اور اپنے حیض کے کپڑے اوٹہائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تجہکو حیض آگیا مین نے کہا ہان آپ نے مجہے بلایا مین آپکے ساتہہ لیٹی چادر مین عن عائشۃ قالت کنت انا ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نبیت فی الشعار الواحد وانا طامث او حائض فان اصابہ منی شیء غسل مکانہ ولم یعدہ وصلی فیہ ثم یعود فان اصابہ منی شیء فعل مثل ذلک ولم یعدہ وصلی فیہ ترجمہ ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہی انہون نے کہا مین اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک لحاف مین سوتی تہے اور مین حائضہ ہوتی تو اگر میرے بدن سے کچہہ آپکے کپڑے مین لگجاتا آپ اوسی مقام کو دہوڈالتے

اوس سے زیادہ نہ دہوتے پہر نماز پڑہتے بعد اوسکے پہر لیٹتے پھر اگر لگ جاتا تو ایسا ہی کرتے رہتے اوسی مقام کو جہان خون لگ گیا خواہ اوتنی ہی کپڑے کو دہو ڈالتی) اوس سے زیادہ نہ دہوتی پہر نماز پڑہتے اوس کپڑے مین **باب** مباشرۃ الحائض حائضہ کے ساتہہ لیٹنا اور مباس کرنا درست ہی **عن** عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یامرُ احدنا اذا کانت حائضا ان تشدّ ازارہا ثم یباشرہا **ترجمہ** ام المؤمنین عائشہ رض سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکم کرتے تہے ہم مین سے کسیکو جب وہ حائضہ ہوتی کہ تہ بند لیوے پہر آپ مباشرت کرتے اوس سے (مباشرت کے معنے لیٹنا اور پیار کرنا اور ساتہہ سونا سب باتین کرنا سوا جماع کے) **عن** عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یامرُ احدنا اذا کانت حائضا امرہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان تتزر ثم یباشرہا **ترجمہ** حضرت عائشہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم مین سے جو حائضہ ہوتی اوسکو حکم کرتے تہ بند باندہنے کا پہر اوس سے مباشرت کرتے **عن** میمونۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یباشر المرأۃ من نسائہ وہی حائض اذا کان علیہا ازار یبلغ انصاف الفخذین و الرکبتین فی حدیث اللیث محتجزۃ بہ **ترجمہ** ام المؤمنین میمونہ رض سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مباشرت کرتی تہی اپنی عورتون مین کسی عورت سے اور وہ حائضہ ہوتی بشرطیکہ ایک ازار پہنی ہوتی جو رانون کی نصف اور گہٹنو تک پہونچتی (یعنے ناف سے شروع ہوتے اور نصف رانون یا گہٹنو تک ہوتی) لیث کی روایت مین ہی کہ اوس ازار کو خوب مضبوط باندہی ہوتی) **ف** علما نے اتفاق کیا ہی کہ مباشرت حائضہ کے ساتہہ درست ہی بشرطیکہ ناف کی نیچے سی گہٹنو تک اوسکے بدن پر کوئی کپڑا ہو اور بعضون کے نزدیک صرف فرجہ کپڑا ہونا کافی ہی **باب** تاویل قول اللہ تعالی ویسالونک عن المحیض آیہ کریمہ ویسالونک عن المحیض کے تفسیر **عن** انس قال کانت الیہود اذا حاضت المرأۃ منہم لم یؤاکلوہن ولم یشاربوہن ولم یجامعوہن فی البیوت فسألوا النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن ذلک فانزل اللہ عز وجل ویسالونک عن المحیض قل ہو اذی الآیۃ فامرہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یؤاکلوہن ویشاربوہن ویجامعوہن فی البیوت ان یصنعوا بہن کل شیء ما خلا الجماع **ترجمہ** انس بن مالک سے روایت ہی یہودیون مین جب کسی عورت کو حیض آتا تو اوسکو اپنے ساتہہ نہ کہلاتے نہ پلاتے نہ ایک گہر مین اونکے ساتہہ رہتے تو صحابہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اسبابہ مین پوچہا تب اللہ تعالی نے یہ آیت اوتاری ویسالونک عن المحیض اخیر تک یعنے پوچہتے ہین تجہہ حیض کا حکم تو کہہ حیض ایک پلیدی ہی تو جدا رہو عورتون سے حیض مین پہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا صحابہ کو کہ کہلاوین اور پلاوین اونکو اپنے ساتہہ اور ایک گہر مین اونکے ساتہہ رہین اور سب باتین کرین سوا جماع کے **باب** ما یجب علی من جامع حلیلتہ فی حال حیضتہا بعد علمہ بنہی اللہ عز وجل عن وطئہا جو شخص اپنے عورت سے حیض کی حالت مین

جماع کرے اور وہ جانتا ہو کہ اللہ تعالیٰ نے اس سے منع کیا ہے تو اوس کا کفارہ کیا ہے عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرَّجُلِ يَأْتِي امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ يَتَصَدَّقُ بِدِينَارٍ أَوْ بِنِصْفِ دِينَارٍ ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اوس شخص کو جو جماع کرے اپنی عورت سے حیض کی حالت میں کہ صدقہ دیوے ایک دینار یا آدھا دینار **باب** مَا تَفْعَلُ الْمُحْرِمَةُ إِذَا حَاضَتْ جو عورت احرام باندھے ہو اور اوسکو حیض آجاوے عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَرَى إِلَّا الْحَجَّ فَلَمَّا كَانَ بِسَرِفَ حِضْتُ فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَبْكِي فَقَالَ مَا لَكِ أَنُفِسْتِ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ هٰذَا أَمْرٌ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى بَنَاتِ آدَمَ فَاقْضِي مَا يَقْضِي الْحَاجُّ غَيْرَ أَنْ لَا تَطُوفِي بِالْبَيْتِ وَضَحَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نِسَائِهِ بِالْبَقَرِ ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے حج کے ارادے سے جب ہم مین (صرف ایک مقام) سرف کے (قریب) پہونچے تو مجھ حیض آگیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس آئے اور مین رو رہی تھی آپنے پوچھا کیا ہوا تجھکو کیا حیض آگیا مین نے کہا ہان آپنے فرمایا یہ تو وہ چیز ہے جو لکھدی ہے اللہ نے آدم کی بیٹیون پر اب جو کام حاجی کرتے ہین مگر طواف نہ کر خانہ کعبہ کا (یہ) حیض ہے (ایک ہو کر کیجیو) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کی اپنی عورتون کیطرف سے ایک گائی کی **باب** مَا تَفْعَلُ النُّفَسَاءُ عِنْدَ الْإِحْرَامِ احرام باندھتے وقت عورتین کیا کرین عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ أَتَيْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ فَسَأَلْنَاهُ عَنْ حَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثَنَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ لِخَمْسٍ بَقِينَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ وَخَرَجْنَا مَعَهُ حَتَّى إِذَا أَتَى ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلَدَتْ أَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ مُحَمَّدَ بْنَ أَبِي بَكْرٍ فَأَرْسَلَتْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ أَصْنَعُ قَالَ اغْتَسِلِي وَاسْتَثْفِرِي ثُمَّ أَهِلِّي ترجمہ حضرت امام جعفر صادق سے روایت ہے مجھسے بیان کیا میری والد امام محمد باقر علیہما السلام نے کہ ہم جابر بن عبد اللہ انصاری پاس گئے اور اون سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیونکر حج کیا اونہون نے کہا آپ نکلی (مدینہ سے حج کے لیے) جب پانچ روز ذیقعدہ کی باقی رہے ہم بھی آپکے ساتھ نکلے جب آپ ذوالحلیفہ مین پہونچے تو اسماء بنت عمیس (ابوبکر صدیق کی بی بی) نے محمد بن ابی بکر کو جنا تو اونہون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس کسی کو بھیجا اور دریافت کیا کہ اب مین کیا کرون آپنے فرمایا غسل کر اور لنگوٹ باندھ لے پھر لبیک پکار **باب** دَمِ الْحَيْضِ يُصِيبُ الثَّوْبَ حیض کا خون اگر کپڑے مین لگ جاوے تو کیا کرنا چاہیے عَنْ أُمِّ قَيْسٍ بِنْتِ مِحْصَنٍ أَنَّهَا سَأَلَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ دَمِ الْحَيْضِ يُصِيبُ الثَّوْبَ قَالَ حُكِّيهِ بِضِلَعٍ قَاغْسِلِيهِ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ ترجمہ قیس بنت محصن سے روایت ہے اونہون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا حیض کا خون کپڑے مین لگجاوے تو کیا کرنا چاہیے آپ نے فرمایا کھرچ ڈال اوسکو ایک چھپٹی (لکڑی کی چپٹ) سے اور دھو ڈال بیری کی پتی اور پانی سے عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ أَنَّ امْرَأَةً اسْتَفْتَتْ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن دم الحیض یصیب الثوب فقال حتیہ ثم اقرصیہ بالماء ثم انضحیہ وصلی فیہ ترجمہ اسماء بنت ابی بکر سے روایت ہی ایک عورت نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ حیض کا خون کپڑے مین بہر جاوے تو کیا کرنا چاہیے آپنے فرمایا کھرچ ڈال اوسکو پھر ملکر دھو پانی سے پھر دھوڈال اور نماز پڑھ اوسمین ف نووی نے کہا احدیث مین دلیل ہے کہ نجاست پانی ہی دھونا چاہیے اور جو شخص دھووے نجاست کو اور کسی اون چیز سے جیسے سرکہ وغیرہ تو کافی نہ ہوگا اسلیے کہ پانی کا حکم ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ خون نجس ہی اور نجاست دور کرنی مین کوئی شمار مقرر نہین بلکہ صاف کرنا کافی ہی اگر نجاست حکمی ہی یعنے آنکھ سے نہین ہوتی جیسے پیشاب وغیرہ تو اوسکا ایک بار دھونا واجب ہے اور دوسری تیسری بار دھونا مستحب ہی اور جو نجاست عینی ہے یعنے آنکھ سے محسوس ہوتی ہی جیسے خون وغیرہ تو اوسکا زائل کرنا واجب ہے اور جو ایک دفعہ کے دھونے مین زائل ہوجاوے ہی تو دوسری تیسری بار دھونا مستحب ہے اور کپڑے کا نچوڑنا ہر بار ضرور ہی یا نہین اسمین اختلاف ہی لیکن صحیح یہہ ہے کہ ضرور نہین ہی اور جب نجاست عینی کو دھوڈالے لیکن اوسکا رنگ باقی رہے تو کچھ ضرر نہین کیونکہ طہارت حاصل ہوگئی البتہ اگر مزہ باقی رہے تو کپڑا نجس ہی اوسکو دور کرنا چاہیے اور جو بو باقی رہے تو اسمین اختلاف ہی شافعی کے دو قول مین مگر صحیح یہہ ہی کہ پاک ہوجاویگا۔ انتہی مختصرا **باب** البنی یصیب الثوب منی اگر کپڑے مین لگجاوے تو کیا کرنا چاہیے **عن** معاویۃ بن ابی سفیان انہ سأل ام حبیبۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھل کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی فی الثوب الذی کان یجامع فیہ قالت نعم اذا لم یر فیہ اذی ترجمہ معاویہ بن ابی سفیان سے روایت ہی انہون نے پوچھا ام المؤمنین ام حبیبہ سے کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے اوس کپڑے مین جسکو پہنکر جماع کرتی تھا انہون نے کہا ہان جب اوسمین نجاست معلوم نہ ہوتی **باب** غسل البنی من الثوب کپڑے مین منی لگجاوے تو اوسکو دھونا چاہیے **عن** عائشۃ قالت کنت اغسل الجنابۃ من ثوب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیخرج الی الصلوۃ وان بقع الماء لفی ثوبہ ترجمہ ام المؤمنین عائشہ رض سے روایت ہی مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے منی کو دھوتی پھر آپ نماز کو جاتے اور پانی کے نشان آپکے کپڑے مین ہوتے ف اختلاف کیا ہی علمانے آدمی کی منی مین مالک اور ابو حنیفہ کے نزدیک وہ نجس ہی لیکن ابو حنیفہ کے نزدیک اوسکا زائل کرنا کافی ہی اگر سوکھ جاوے اور غلیظ ہو اور مالک کے نزدیک ہر حال مین دھونا ضرور ہی اور اکثر علما کے نزدیک منی پاک ہی اور یہی مروی ہی علی اور سعد بن ابی وقاص اور ابن عمر اور عائشہ سے اور یہی قول ہی داؤد اور احمد اور شافعی اور اصحاب الحدیث کا **باب** فرک البنی من الثوب بل ڈالنا بھی کافی ہی **عن** عائشۃ قالت کنت افرک الجنابۃ وقالت مرۃ اخری البنی من ثوب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترجمہ ام المؤمنین عائشہ رض سے روایت ہی مین مل ڈالتی تھی منی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے (جب وہ خشک ہوجاتی) اسحدیث سے معلوم ہوا کہ منی کا دھونا ضرور نہین ہی **عن** عائشۃ قالت کنت افرکہ من ثوب رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم ترجمہ حضرت عائشہ ہی کہا میں خود مل ڈالتی ہی منی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے اور
جو نکہ وہ غلیظ اور خشک ہوتی تو ملنے سے چھوٹ جاتی اور کپڑا صاف ہو جاتا عن عائشۃ قالت کنت اُرَاہُ فِی
ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاحُکُّہٗ ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے میں دیکھتی ہی منی رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے میں تو کھرچ ڈالتی ہی اوسکو عن عائشۃ قالت لقد رایتنی اَفْرُکُ الْجَنَابَۃَ مِنْ
ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے انہوں نے اوسسے کہا تو نے دیکھا ہو تا میں
مل ڈالتی ہی منی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے عن عائشۃ قالت لقد رایتنی اَجِدُہٗ فِی ثَوْبِ رَسُوْلِ
اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاحُتُّہٗ مِنْہُ ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے انہوں نے کہا اوسسے تو نے دیکھا ہو تا میں
پاتی ہی منی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے میں تو چھیل ڈالتی ہی اوسکو باب بول الصبی الذی لم یاکل
الطعام جو لڑکا کھانا نہ کھاتا ہو اوسکا پیشاب کیسا ہے عن ام قیس بنت محصن انہا اتت بابن لہا صغیر لم
یاکل الطعام الی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فاجلسہ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فی
حجرہ فبال علی ثوبہ فدعا بماء فنضحہ ولم یغسلہ ترجمہ ام قیس بنت محصن سے روایت ہے وہ اپنی چھوٹے لڑکے
کو لیکر آئیں جو ابھی کھانا نہ کھاتا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پاس آپنے اوسکو اپنی گود میں بٹھایا اوس نے پیشاب کر دیا
آپ کے کپڑے پر آپنے پانی منگوا کر اوسپر چھڑک دیا پہاڑ اور دھویا نہیں ف نووی نے کہا چھڑک دینے سے یہ نہیں نکلتا کہ ایسی
کم سن لڑکے کا پیشاب پاک ہے بلکہ تخفیف کی نسبی ایسا کیا اور اختلاف کا یہ ہے علمائے اسباب میں بعضوں کے نزدیک پانی چھڑکنا لڑکے
کے پیشاب کو دھونا چاہیے اور بعضوں کے نزدیک دونوں کو چھڑکنا کافی ہے اور بعضوں کے نزدیک دونوں کو دھونا ضرور ہے عن
عائشۃ قالت اُتِیَ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم بصبی فبال علیہ فدعا بماء فاتبعہ ایاہ ترجمہ
حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس ایک لڑکا آیا اوس نے آپ پر پیشاب کر دیا آپنے اوس مقام پر پانی بہا
دیا باب بول الجاریۃ لڑکی کے پیشاب کا بیان عن ابی السمح قال قال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم یغسل
من بول الجاریۃ ویرش من بول الغلام ترجمہ ابو السمح سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دھویا
جاوی کپڑا لڑکی کے پیشاب سے اور پانی چھڑک دیا جاوی لڑکے کے پیشاب سے باب بول ما یؤکل لحمہ جن جانوروں
کا گوشت حلال ہے اوسکا پیشاب پاک ہے عن انس بن مالک ان اناسا او رجالا من عکل قدموا علی
رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فکلموہ بالاسلام فقالوا یا رسول اللّٰہ انا اہل ضروع ولم
نکن اہل ریف واستوخموا المدینۃ فامرلہم رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم بذود وراع
وامرہم ان یخرجوا فیہا فیشربوا من ابوالہا وابوالہا فلما صحوا وکانوا بناحیۃ الحرۃ
کفروا بعد اسلامہم وقتلوا راعی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم واستاقوا الذود فبلغ النبی

ف ۴ یعنی کہا نی بیشاب لڑکی کے پیشاب کی طرح ہے اور لڑکی کے پیشاب

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَ الطَّلَبَ فِي آثَارِهِمْ فَأُتِيَ بِهِمْ فَسَمَرَ أَعْيُنَهُمْ وَقَطَعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ ثُمَّ تَرَكَهُمْ فِي الْحَرَّةِ عَلَى حَالِهِمْ حَتَّى مَاتُوا ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے چند آدمی عکل کے (عکل ایک قبیلہ ہے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آئے اور زبان سے اسلام قبول کیا پھر کہنے لگے یا رسول اللہ ہم جانور والے ہیں (خشکا گذر دودھ پر ہوتا ہے) کھیتی باڑی والے نہیں ہیں اور موافق نہ آئی اونکو ہوا مدینہ کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکے لیے کئی اونٹنیاں اور ایک چرواہے کا حکم دیا اور اونسے کہا تم مدینہ سے باہر جاکر رہو اور ان جانوروں کا دودھ اور موت پیو وہ گئی اور باہر جاکر رہی) جب اچھے ہوگئی اور وہ حرہ کے ایک جانب تھی (حرہ ایک زمین ہے پتھریلی مدینہ سے تھوڑی فاصلے پر) تو کافر ہوگئی مسلمان ہوکر اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چرواہے کو قتل کرکے اونٹ بہکا لیگئی جب یہہ خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچی آپنے ڈھونڈھنے والوں کو اونکے پیچھے بھیجا وہ لوگ گرفتار ہوکر آئے تو اون کی آنکھیں پھوڑیں گئیں (سلائی پھیر کر) اور اونکے ہاتھ اور پانوں کاٹے گئے پھر چھوڑ دیا آپ نے اونکو ہیں حرہ میں (جو جلتی پتھریلی زمین تھی) اپنی حالت پر یہانتک کہ مرگئی (تڑپ تڑپ کر) ف آپنے ایسی سخت سزا اسلیے دی کہ انہوں نے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چرواہے کو اسی طرح مارا تھا جیسا مسلم کی روایت میں ہے۔ دوسری یہ کہ انہوں نے جرم بھی ایسا ہی سخت کیا تھا علاوہ اسلام سے پھر جانے کی بعوض احسان اور سلوک کے یہہ حرکت پس ایسے احسان فراموش لوگوں کی یہی سزا ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جن جانوروں کا گوشت حلال ہے اونکا موت اور گوہ پاک ہے یہی قول ہے مالک اور احمد کا اور جو لوگ اسکو نجس کہتے ہیں وہ دوا کے لیے ایسی چیزوں کا استعمال جائز کہتے ہیں جب سوا اوسکی اور کوئی دوا نہ ہو اور حکیم حاذق اوسکو بتلاوے عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَدِمَ أُنَاسٌ مِنْ عُرَيْنَةَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْلَمُوا فَاجْتَوَوُا الْمَدِينَةَ حَتَّى اصْفَرَّتْ أَلْوَانُهُمْ وَعَظُمَتْ بُطُونُهُمْ فَبَعَثَ بِهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى لِقَاحٍ لَهُ وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَشْرَبُوا مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا فَانْطَلَقُوا حَتَّى صَحُّوا فَقَتَلُوا رَاعِيَهَا وَاسْتَاقُوا الْإِبِلَ فَبَعَثَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَلَبِهِمْ فَأُتِيَ بِهِمْ فَقَطَعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ وَسَمَرَ أَعْيُنَهُمْ فَقَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَبْدُ الْمَلِكِ لِأَنَسٍ وَهُوَ يُحَدِّثُهُ هَذَا الْحَدِيثَ بَلَغَنِي أَنَّهُ قَالَ بِكُفْرٍ أَمْ بِذَنْبٍ قَالَ بِكُفْرٍ ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے چند لوگ عرینہ (ایک قبیلہ ہے) کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آئے اور اسلام قبول کیا اون کو مدینہ کی ہوا موافق نہ ہوئی انکے رنگ زرد ہوگئے اور پیٹ بڑھ گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکو اونٹنی دودھ والی دیکر حکم کیا کہ اوسکا دودھ اور موت پیئیں (انہوں نے ایسا ہی کیا) یہانتک کہ اچھے ہوگئی تو چرواہے کو قتل کرکے اونٹ ہانک لیگئے آپنے لوگوں کو اون کی گرفتاری کے لیے بھیجا وہ گرفتار ہوکر آئے تو اون کے ہاتھ اور پانوں کاٹے اور آنکھیں پھوڑیں سلیمان بن عبدالملک بن مروان نے جو اس وقت مسلمانوں کا امیر تھا اس حدیث کے بیان کرنیوقت پوچھا آپنے یہہ سزا کفر کی وجہ سے دی یا قصور کی وجہ سے انس نے کہا کفر کی وجہ سے (یعنی حلال دودھ اس قصور کے کہ چرواہے کو قتل کیا اونٹ ہانک لیگئے یہہ کتنا بڑا جرم کیا کہ مسلمان ہوکر پھر اسلام سے پھر گئے جسکی سزا انہوں نے قتل کے اور چھوڑ

باب ترک ما یؤکل لحمہ یصیب الثوب جن جانور کا گوشت کھانا درست ہو اوسکا گوبر کپڑے مین لگجاوے تو کیا کرنا چاہیے عن عبد اللہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی عند البیت وملاء من قریش جلوس وقد نحروا جزورا فقال بعضہم ایکم یاخذ ھذا الفرث ثم یمھلہ حتی یضع وجھہ ساجدا فیضعہ بین کتفی علی ظھرہ قال عبد اللہ فانبعث اشقاھا فاخذ الفرث فذھب بہ ثم امھلہ فلما خر ساجدا وضعہ علی ظھرہ فاخبرت فاطمۃ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھی جاریۃ فجاءت تسعی فاخذتہ من ظھرہ فلما فرغ من صلوتہ قال اللھم علیک بقریش ثلث مرات اللھم علیک بابی جھل بن ھشام وشیبۃ بن ربیعۃ وعتبۃ بن ربیعۃ وعقبۃ بن ابی معیط حتی عد سبعۃ من قریش قال عبد اللہ فوالذی انزل علیہ الکتاب لقد رایتھم صرعی یوم بدر فی قلیب واحد ترجمہ عبد اللہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے کعبے کے پاس اور ایک جماعت قریش کے لوگون کی بیٹھی تھی انہون نے ایک اونٹ کا ٹاٹھا اون مین سے کسینی کہا وہ ابوجہل تھا تم مین سے کون ایسا ہے جو اس پلیدی کو یعنی اونٹ کی سگینی کو لیکر ٹھہرا ہے جب یہ شخص یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کرین تو اون کی پیٹ پر رکھدے ایک بدبخت اون مین سے اوٹھ کھڑا ہوا اور پلیدی لیکر تہمارہا جب آپ سجدے مین گئے تو اوس بدبخت نے وہ پلیدی آپ کی پشت مبارک پر رکھدی یہہ خبر فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کو۔ جو اوس وقت مین لڑکی نابالغ تھین پہونچی وہ دوڑتی ہوئی آئین اور پلیدی آپ کی پیٹ سے اٹھالی جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا یا اللہ تو قریش سے سمجھ لے تین بار یا اللہ تو ابوجہل بن ہشام اور شیبہ بن ربیعہ اور عتبہ بن ربیعہ اور عقبہ بن ابی معیط اسی طرح سات آدمیون کا قریش مین سے نام لیا ان سے سمجھ لے عبد اللہ نے کہا قسم اوس شخص کی جس نے آپ پر قرآن اتارا مین نے اون سب لوگون کو بدر کی دن ایک ہی کنوئی مین گرا ہوا پایا ف اللہ تعالی نے آپ کی یہہ دعا قبول کی اور یہہ سب بدبخت جنگ بدر مین بکمال ذلت اور خواری ارے گئے مصنف نے اس حدیث سے یہہ نکالا کہ اونٹ کی سگینی نجس نہین ہے ورنہ آپ نماز توڑ دیتے اسی طرح اور جانورون کی جنکا گوشت حلال ہے الیٰ یصیب الثوب کپڑے مین ٹھوک لگجاوے تو کیسا ہے عن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اخذ طرف ردائہ فبصق فیہ فرد بعضہ علی بعض ترجمہ انس سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چادر کے کونے مین تھوکا پھر اولٹ پلٹ کر اوسکو ڈالا عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا صلی احدکم فلا یبزق بین یدیہ ولا عن یمینہ ولیبزق عن یسارہ او تحت قدمیہ ودلکہ فبزق النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھکذا فی ثوبہ ودلکہ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم مین سے کوئی نماز پڑہتا ہو تو اپنی سامنی نہ تھوکے نہ داہنی طرف بلکہ بائین طرف یا پانون کی تلی تھوک لیوے نہین تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جسطرح تھوکنے تھے اوسطرح تھوکے وہ یہہ ہے کہ اپنی کپڑے

مین تھوکتے اور اوسکو مل ڈالتے **باب** بدء التیمم کیطرح شروع ہوا **عن** عائشۃ قالت خرجنا مع رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی بعض اسفارہ حتی اذا کنا بالبیداء او ذات الجیش انقطع عقد لی فاقام رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی التماسہ واقام الناس معہ ولیسوا علی ماء ولیس معھم ماء فاتی الناس
ابا بکر فقالوا الا ترٰی ما صنعت عائشۃ اقامت برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وبالناس
لیسوا علی ماء ولیس معھم ماء فجاء ابو بکر ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واضع رأسہ علی فخذی
وقد نام فقال حبست رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والناس لیسوا علی ماء ولیس معھم ماء
قالت عائشۃ فعاتبنی ابو بکر وقال ما شاء اللہ ان یقول وجعل یطعن بیدہ فی خاصرتی فما
منعنی من التحرک الا مکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی فخذی فنام رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم حتی اصبح علی غیر ماء فانزل اللہ عز وجل ایۃ التیمم فقال اسید بن حضیر ما ھی باول برکتکم
یا ال ابی بکر قالت فبعثنا البعیر الذی کنت علیہ فوجدنا العقد تحتہ **ترجمہ** ام المومنین حضرت عائشہ
سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی سفر مین جب بیداء یا ذات الجیش مین پہنچے دونون مقام کے نام ہین
وہان مین میرا ایک ہار جسکے گلوبند ٹوٹ کر گر پڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اوسکو ڈھونڈھنے کے لیے ٹھہر گئی اور لوگ بھی
آپ کے ساتھ ٹھہر گئے لیکن وہان پانی نہ تھا نہ لوگون کے ساتھ پانی تھا لوگ ابوبکر صدیق کے پاس آئے اور اون سے کہا دیکھتے ہو تم
عائشہ نے کیا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اور آپکے ساتھ لوگون کو بھی ٹھہرا دیا ایسے مقام پر جہان پانی نہین ہے نہ اون کے
پاس پانی ہے یہ سنکر ابوبکر میرے آئے اوس وقت رسول اللہ صلعم میری ران پر سر رکھکر سو گئے تھے اونہون نے کہا تو نے روک دیا رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اور لوگون کو ایسے مقام پر جہان پانی نہین ہے نہ اون کے ساتھ پانی ہے اور غصہ ہوئے مجھپر اور اپنا ہاتھ میری
کوکھ مین کہونچنے لگی لیکن مین نے ہل چل نہین کی صرف اسی وجہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سر مبارک میری ران پر تھا
(آپ سوتی رہی) جب صبح کو اوٹھے تو پانی نہ تھا (بعض صحابہ نے بغیر وضو کے نماز پڑھ لی جیسے دوسری روایت مین ہے) تب اللہ
تعالی نے تیمم کی آیت اوتاری اسید بن حضیر نے کہا یہ تمہاری پہلی برکت نہین ہے اے ابوبکر کے گھر والو (یعنی تمہاری یہ عادت ہے)
سی برکتین اور تمہین مسلمانون کو ملی ہین حضرت عائشہ نے کہا پھر ہمنے اپنا اونٹ اوٹھایا جسپر مین سوار تھی تو گلوبند اوسکے
نیچے پایا **باب** التیمم فی الحضر بغیر سفر کے تیمم کرنیکا بیان **عن** عمیر مولی ابن عباس یقول اقبلت انا
وعبد اللہ بن یسار مولی میمونۃ حتی دخلنا علی ابی جہیم بن الحارث بن الصمۃ الانصاری فقال
ابو جہیم اقبل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من نحو بئر الجمل فلقیہ رجل فسلم
علیہ فلم یرد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی اقبل علی الجدار فمسح بوجھہ
ویدیہ ثم رد علیہ السلام **ترجمہ** عمیر سے روایت ہے جو مولی تھا ابن عباس کا مین اور عبد اللہ بن یسار جو مولی تھا میمونہ

کا دونوں ابوجہیم بن حارث پاس گئے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیر جمل (جو ایک مقام کا نام ہے) سے تشریف لائے راہ میں ایک شخص ملا اوس نے سلام کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکا جواب نہیں دیا یہانتک کہ آپ دیوار پاس گئے اور منہ اور دونوں ہاتھوں پر مسح کیا پھر سلام کا جواب دیا ف نووی نے کہا حدیث محمول ہے اسپر کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسوقت پانی نہ پایا کیونکہ پانی ہوتے ہوئے تیمم درست نہیں جب وہ اسکا استعمال پر قادر ہو اگر چہ نماز کا وقت تنگ ہو اور ایسی ہی نماز جنازہ اور عید میں یہ ہمارا اور جمہور علما کا مذہب ہے اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک پانی ہوتے ہوئے تیمم جائز ہے عید کی یا جنازہ کی نماز کے لیے جب وضو کرنیمیں اونکی قضا ہو جانیکا خوف ہو (اور بنوی نے ہمارے بعض اصحاب سے نقل کیا ہے کہ جب فوض نماز کے قضا ہو جانیکا خوف ہو وقت کی تنگی کیوجہ سے تو تیمم کر کے پڑھ لیوے پھر وضو کر کے اوسکی قضا کر لیوے اور اسحدیث میں دلیل ہے دیوار پر تیمم درست ہونیکی جب اوسپر غبار ہو اور یہ ہماری نزدیک درست ہے اور جمہور سلف اور خلف کا بھی قول ہے اور شعبی نے سوا مٹی کے اور چیزوں پر تیمم جائز رکھا ہے اوس نے اسحدیث سے استدلال کیا ہے لیکن اوسکا جواب یہ ہے کہ اس دیوار پر مٹی ہوگی اور یہ حدیث دلیل ہے تیمم جائز ہونیکی واسطے نوافل اور فضائل جیسے سجدہ تلاوت اور شکر اور مس مصحف اور جواب سلام کے بھی جیسے درست ہے فرائض کے لیے اور یہی مذہب ہے اکثر علما کا مگر ایک قول شاذ ہے کہ تیمم سوا فرض نماز کے اور کسی چیز کے لیے درست نہیں ہے اور اسحدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جو شخص پاخانے یا پیشاب یا استنجا میں مشغول ہو اوسکو سلام نہ کرنا چاہیے اور جو کوئی کرے تو اوسکو جواب دینا فرض نہیں ہے انتہی

مختصر التیمم وفی التیمم بغیر سفر کے تیمم کرنیکا بیان

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰی اَنَّ رَجُلًا اَتٰی عُمَرَ فَقَالَ اِنِّیْ اَجْنَبْتُ فَلَمْ اَجِدِ الْمَاءَ قَالَ عُمَرُ لَا تُصَلِّ فَقَالَ عَمَّارُ بْنُ یَاسِرٍ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَمَا تَذْکُرُ اِذْ اَنَا وَاَنْتَ فِیْ سَرِیَّةٍ فَاَجْنَبْنَا فَلَمْ نَجِدِ الْمَاءَ فَاَمَّا اَنْتَ فَلَمْ تُصَلِّ وَاَمَّا اَنَا فَتَمَعَّکْتُ فِی التُّرَابِ فَصَلَّیْتُ فَاَتَیْنَا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَکَرْنَا ذٰلِکَ لَهٗ فَقَالَ اِنَّمَا کَانَ یَکْفِیْکَ فَضَرَبَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِیَدَیْهِ اِلَی الْاَرْضِ ثُمَّ نَفَخَ فِیْهِمَا ثُمَّ مَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهٗ وَکَفَّیْهِ وَسَلَمَةُ شَکَّ لَا یَدْرِیْ فِیْهِ اِلَی الْمِرْفَقَیْنِ وَالْکَفَّیْنِ فَقَالَ عُمَرُ نُوَلِّیْکَ مَا تَوَلَّیْتَ

ترجمہ عبدالرحمن بن ابزی سے روایت ہے کہ شخص حضرت عمرؓ پاس آیا اور پوچھا کہ میں جنب ہوا اور پانی نہ پایا حضرت عمرؓ نے کہا نماز نہ پڑھ (یعنی قضا کر دی جب پانی ملا اوسوقت غسل کر کے پڑھ) عمار نے کہا اے امیر المؤمنین تمکو یاد نہیں ہے جب میں اور تم دونوں ایک لشکر میں تھے اور ہم کو جنابت ہوئی تھی اور پانی نہ ملا تھا تو تم نے تو نماز ہی نہیں پڑھی تھی اور میں نے مٹی میں لوٹ کر نماز پڑھ لی تھی جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آئے تو آپ سے بیان کیا آپ نے فرمایا (مٹی میں لوٹنا کیا ضرور تھا) تجھ کو کافی تھا یہ اور آپ نے اپنے دونوں ہاتھ زمین پر مارے پھر اونمیں پھونکا اور منہ اور دونوں ہاتھوں پر پھیرے سلمہ نے شک کیا ہے کہ ہاتھوں کا مسح دونوں پہونچوں تک کیا یا دونوں کہنیوں تک (مسلم کی روایت میں دونوں پہونچوں کا مسح ہے) حضرت عمرؓ نے کہا ہم تمہاری ہی سپرد کرتے ہیں جو تم نے دنیا میں کیا ف یعنی تم ہی پر عمل کرو حضرت عمر اور عبداللہ بن مسعود کا یہی قول تھا کہ جنب کو تیمم درست نہیں ہے مگر سوا اون کے

تمام صحابہ اور اکثر علماء اور مجتہدین کا یہ قول ہے کہ تیمم محدث اور جنب دونوں کو کیسی ہے اور اسکی تائید میں کئی صحیح مشہور حدیثیں آئی ہیں اور بعض نے کہا کہ حضرت عمر اور عبداللہ بن مسعود نے اس قول سے رجوع کیا واللہ اعلم **عَنْ** عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ اجْتَنَبْتُ وَأَنَا فِي الْإِبِلِ فَلَمْ أَجِدْ مَاءً فَتَمَعَّكْتُ فِي التُّرَابِ تَمَعُّكَ الدَّابَّةِ فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ بِذَلِكَ فَقَالَ إِنَّمَا كَانَ يُجْزِيكَ مِنْ ذَلِكَ التَّيَمُّمُ ترجمہ عمار بن یاسر سے روایت ہے جنبہ نہانے کی حاجت ہوئی اور میں بہت دنوں تک نہایا تو مجھ کو اپنی نہلا میں مٹی میں لوٹا جیسے چارپایہ لوٹتا ہے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا اور آپ سے بیان کیا آپ نے فرمایا کافی تھا تجھ کو تیمم کرنا **بَابُ** التَّيَمُّمِ فِي السَّفَرِ سفر میں تیمم کرنے کا بیان **عَنْ** عَمَّارٍ قَالَ عَرَّسَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْأَبْوَاءِ وَمَعَهُ عَائِشَةُ زَوْجَتُهُ فَانْقَطَعَ عِقْدٌ لَهَا مِنْ جَزْعِ أَظْفَارٍ فَحَبَسَ النَّاسَ فِي ابْتِغَاءِ عِقْدِهَا ذَلِكَ حَتَّى أَضَاءَ الْفَجْرُ وَلَيْسَ مَعَ النَّاسِ مَاءٌ فَعَتَبَ عَلَيْهَا أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ حَبَسْتِ النَّاسَ وَلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ رُخْصَةَ التَّيَمُّمِ بِالصَّعِيدِ قَالَ فَقَامَ الْمُسْلِمُونَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَرَبُوا بِأَيْدِيهِمْ الْأَرْضَ ثُمَّ رَفَعُوا أَيْدِيَهُمْ وَلَمْ يَنْفُضُوا مِنَ التُّرَابِ شَيْئًا فَمَسَحُوا بِهَا وُجُوهَهُمْ وَأَيْدِيَهُمْ إِلَى الْمَنَاكِبِ وَمِنْ بُطُونِ أَيْدِيهِمْ إِلَى الْآبَاطِ ترجمہ عمار سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو اتریے (ابواء جحفہ میں ایک مقام کا نام ہے) اور آپ کے ساتھ تھیں بی بی آپ کے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا انکا گلوبند جزع ظفار کا ٹوٹ کر گر پڑا (ظفار ایک موضع ہے سواحل یمن میں وہاں کی گھنگ یعنے دانے اچھے ہوتے ہیں) لوگ اس گلوبند کے ڈھونڈھنے میں اٹک گئے یہاں تک کہ فجر کی روشنی ہو گئی اور لوگوں پاس پانی نہ تھا تو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ پر غصہ ہوئے اور کہا تو نے اٹکا دیا لوگوں کو اور انکے ساتھ پانی نہیں ہے جب اللہ تعالے نے مٹی پر تیمم کرنیکی اجازت اتاری اور سب وقت مسلمان کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اور زمین پر ہاتھ مارے پھر ہاتھ اوٹھا لیے اور مٹی کو جھٹکا نہیں اور مسح کیا اپنے منہ اور ہاتھوں پر مونڈھوں تک اور اندر کیطرف سے بغلوں تک **اَلْاِخْتِلَافُ** فِي كَيْفِيَّةِ التَّيَمُّمِ تیمم کیونکر کرے **عَنْ** عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ سَمَّمْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَسَحْنَا بِوُجُوهِنَا وَأَيْدِينَا إِلَى الْمَنَاكِبِ ترجمہ عمار بن یاسر سے روایت ہے ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تیمم کیا تو مسح کیا منہ پر اور ہاتھ پر مونڈھوں تک **ف** اختلاف کیا ہے علماء نے تیمم کی ترکیب میں تو شافعیہ اور حنفیہ اور اکثر علماء کا یہ قول ہے کہ دو بار ہاتھ مارنا چاہیے ایک منہ کے لیے دوسری دونوں ہاتھوں کے لیے کہنیوں تک اور ایک طائفہ یہ کہتا ہے کہ ایک بار مارنا کافی ہے مسند احمد دونوں پہونچوں کے لیے اور یہی مذہب ہے عطا اور مکحول اور اوزاعی اور احمد اور اسحاق اور ابن المنذر اور اکثر اہل حدیث کا اور دوسری سے منقول ہے کہ ہاتھوں کا مسح بغلوں تک چاہیے اور ابن سیرین سے منقول ہے کہ تین بار مارنا چاہیے ایک بار منہ کے لیے دوسری دونوں پہونچوں کے لیے تیسرے دونوں ہاتھوں کے لیے **فرع** اخر من التیمم والنفخ فی الیدین تیمم کی

دوسری تہ کیسے بیٹھ کر غبار پھونکنے کا ذکر ہے عن عبد الرحمن بن ابزی قال کنا عند عمر فاتاہ رجل فقال
یا امیر المؤمنین ربما مکثت الشہر والشہرین ولا اجد الماء فقال عمر اما انا اذا لم اجد الماء لم
اکن لاصلی حتی اجد الماء فقال عمار بن یاسر اتذکر یا امیر المؤمنین حیث کنت انا وانت
وکنا جنبین فتمعکت انا فصلیت فاتینا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فذکرنا ذلک لہ فقال انما کان یکفیک
ہکذا فضرب بکفیہ الارض ونفخ فیہما ثم مسح بہما وجہہ وبعض ذراعیہ فقال اتق اللہ یا عمار فقال یا امیر المؤمنین
ان شئت لم اذکرہ قال لا ولکن نولیک من ذلک ما تولیت ترجمہ عبد الرحمن بن ابزی سے روایت ہے ایک
حضرت عمر کے پاس پہنچا اور کہا تو میں ایک شخص ہوں اور بولا اے امیر المؤمنین کبھی ایک ایک دو مہینے تک ہم کو پانی (وضو یا غسل کیلئے) نہیں ملتا حضرت عمر نے کہا مجھ کو پانی نہ ملے تو میں نماز نہ پڑھوں جبتک پانی نہ پاؤں عمار بن یاسر نے کہا اے امیر المؤمنین تمکو
یاد ہے جب ہم تم فلاں مقام پر تھے اور اونٹ چراتے تھے تم جانتے ہو ہم کو نہانے کی حاجت ہوئی تھی میں مٹی میں لوٹا تھا پھر رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے (اور آپ سے بیان کیا) آپ نے اور فرمایا مٹی تجھ کو کافی تھی اور اپنے دونوں ہتھیلیوں کو زمین پر مارا پھر ان کو
پھونکا اور مسح کیا منہ پر اور ہتھیلیوں سے باہنوں پر۔ حضرت عمر نے کہا خدا سے ڈر اے عمار (کہ تو حدیث بیان کرتا ہے بے کہے) شاید تو بھول گیا ہو
یا تجھ کو دھوکا ہو گیا ہو عمار نے کہا اے امیر المؤمنین اگر تم چاہو تو میں اس حدیث کو بیان نہ کروں گا حضرت عمر نے کہا نہیں بلکہ جو تم بیان
کرو گے اوسکو ہم تمہاری ہی سپرد کرینگے (یعنی تم خود ہی اوسپر عمل کرنا ہم نہ کرینگے جبتک دوسرے شخص کے گواہی بھی نہ ہو) پھر حضرت عمر کا
قاعدہ تھا کہ حدیث کی روایت میں بہت احتیاط کرتے اور ایک شخص کی روایت کو کافی نہ سمجھتے جبتک دوسرا شخص اوسکی تصدیق نہ کرتا
مقصود یہ تھا کہ لوگ جھوٹی حدیثیں نہ بنالیں اور حدیث کی بیان کرنے میں جسارت نہ چھوڑ دیں ورنہ حضرت عمر عمار یا ابو موسیٰ کو جھوٹا نہیں
سمجھتے تھے اور خاص تیمم کے بارے میں حضرت عمر کی یہی رائے تھی کہ جنب کو تیمم درست نہیں مگر اور صحابہ اسکے مخالف تھے اور حدیثیں بھی اس کے
خلاف وارد ہوئیں پس عمل کیا مجتہدین نے اوپر اقوال اکثر صحابہ اور احادیث صحیحہ کے اور چھوڑ دیا قول حضرت عمر کا اور نہ خیال کیا
اوس پر۔ **نوع** اخر من التیمم اور ایک طرح کا تیمم عن عبد الرحمن بن ابزی ان رجلا سأل عمر بن الخطاب
عن التیمم فلم یدر ما یقول فقال عمار اذکر حیث کنا فی سریۃ فاجنبت فتمعکت فی التراب
فاتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال انما یکفیک ہکذا وضرب شعبۃ بیدیہ علی رکبتیہ
ونفخ فی یدیہ ومسح بہما وجہہ وکفیہ مرۃ واحدۃ ترجمہ عبد الرحمن بن ابزی سے روایت ہے ایک شخص نے
حضرت عمر سے پوچھا تیمم کا مسئلہ وہ جواب دے سکے عمار نے کہا تم کو یاد ہے جب ہم تم ایک لشکر میں تھے اور مجھ کو نہانے کی حاجت ہوئی تھی
میں مٹی میں لوٹا تھا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا آپ نے فرمایا تجھ کو کافی تھا اسطرح اور مارا شعبہ نے اپنی دونوں ہتھیلیوں کو
دونوں گھٹنوں پر پھر پھونکا اون کو اور مسح کیا منہ اور دونوں ہتھیلیوں پر ایک بار عن عبد الرحمن بن ابزی قال اجنب رجل

فاتی عمر فقال انی اجنبت فلم اجد ماء فقال لا تصل قال له عمار اما تذکر یا امیر المؤمنین انا کنا فی سریة
فاجنبنا فاما انت فلم تصل واما انا فانی تمعکت فصلیت ثم اتیت النبی صلی الله علیه وسلم
فذکرت ذلک له فقال انما کان یکفیک وضرب شعبة بکفیه ضربة ونفخ فیهما ثم ذکر ذلک
لخالد هما بالاخری ثم مسح بها وجهه فقال عمر شیئا لا ادری ما هو فقال ان شئت لا
حدثته وذکر شیئا سلمة فی هذا الاسناد عن ابی مالک وزاد سلمة قال بل نولیک من
ذلک ما تولیت ترجمہ عبدالرحمن بن ابزی سے روایت ہے ایک شخص کو نہانے کی حاجت ہوئی وہ حضرت عمر رض کے پاس آیا
اور کہا کہ میں جنب ہوا اور مجھکو پانی نہ ملا تو کیا کروں حضرت عمر رض نے کہا نماز نہ پڑھ عمار نے کہا کیا تم کو یاد نہیں ہے جب ہم
ایک لشکر میں تھے ہم پر ہم کو نہانے کی حاجت ہوئی تم نے نماز نہیں پڑھی لیکن میں نے مٹی میں لوٹ کر نماز پڑھی پھر رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم پاس آیا اور آپ سے بیان کیا آپ نے فرمایا کافی تھا تجھ کو یہ اور مارا شعبہ نے اپنی ایک ہتھیلی زمین پر پھر اوسکو پھونکا
پھر دونو ہتھیلیوں کو ملا ایک کو دوسری سے پھر مسح کیا اپنے منہ پر حضرت عمر نے کہا مجھے نہیں معلوم عمار نے کہا خیر اگر تمہاری منشی نہ ہو
تو میں حدیث کو بیان نہ کروں حضرت عمر نے کہا نہیں بلکہ جو تم بیان کروگے وہ تمہاری ہی اوپر ہوگا **نوع آخر**
ایک اور طرح کا تیمم **عن** عبدالرحمن بن ابزی ان رجلا جاء الی عمر رض فقال انی اجنبت فلم اجد
الماء فقال عمر لا تصل فقال عمار اما تذکر یا امیر المؤمنین اذ انا وانت فی سریة فاجنبنا
فلم نجد ماء فاما انت فلم تصل واما انا فتمعکت فی التراب ثم صلیت فلما اتینا رسول الله
صلی الله علیه وسلم ذکرت ذلک له فقال انما یکفیک وضرب النبی صلی الله علیه وسلم
بیدیه الی الارض ثم نفخ فیهما ثم مسح بهما وجهه وکفیه شک سلمة فی قال لا ادری فی المرفقین
او الکفین قال عمر نولیک من ذلک ما تولیت قال شعبة کان یقول الکفین والوجه والذراعین
فقال له منصور ما تقول فانه لا یذکر الذراعین احد غیرک فشک سلمة فقال لا ادری ذکر
الذراعین ام لا ترجمہ عبدالرحمن بن ابزی سے روایت ہے ایک شخص حضرت عمر رض پاس آیا اور کہنے لگا میں جنب ہوا اور پانی نہ ملا
تو کیا کروں حضرت عمر نے کہا نماز نہ پڑھ عمار نے کہا کیا تم کو یاد نہیں ہے اے امیر المومنین جب ہم اور تم ایک لشکر میں تھے ہم پر غسل واجب
ہوئی اور پانی نہ ملا تم نے تو نماز نہ پڑھی اور میں مٹی میں لوٹا پھر نماز پڑھ لی جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پاس آئے اور آپ سے بیان
کیا آپ نے فرمایا تجھ کو کافی تھا اسطرح اور مارا اپنے دونو ہاتھ زمین پر پھر پھونکے اوسکو پھر مسح کیا منہ اور دونوں ہتھیلیوں پر شک کیا سلمہ
نے حدیث میں اور کہا مجھ کو یاد نہیں ہے کہ کہنیوں تک کہا یا صرف پہونچوں تک حضرت عمر نے کہا جو تم نے بیان کیا اوسکو ذمہ تم ہی پر رکھتے ہیں
شعبہ نے کہا پھر سلمہ سے حدیث میں دونو پہونچوں اور منہ اور دونو ہتھیلیوں کا مسح بیان کرتے تھے منصور نے اون سے کہا کیا کہتے ہو تم
کا ذکر کوئی راوی نہیں کرتا سوا تمہاری جب ہیں نے شک کیا اور کہا مجھ کو یاد نہیں ہے کہ ہاتھوں کا ذکر کیا یا نہیں **باب**

تیمم الجنب جنب کو تیمم درست ہے عن شقیق قال کنت جالسا مع عبد اللہ وابی موسیٰ فقال ابو موسیٰ او لم تسمع قول عمار لعمر بعثنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی حاجۃ فاجنبت فلم اجد الماء فمرغت بالصعید ثم اتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فذکرت ذلک لہ فقال انما کان یکفیک ان تقول ھکذا وضرب بیدیہ علی الارض ضربۃ فمسح کفیہ ثم نفضھما ثم ضرب بشمالہ علی یمینہ وبیمینہ علی شمالہ علی کفیہ ووجھہ فقال عبد اللہ اولم تر عمر لم یقنع بقول عمار ترجمہ شقیق سے روایت ہے میں عبد اللہ بن مسعود اور ابو موسیٰ کے پاس بیٹھا تھا ابو موسیٰ نے کہا عبد اللہ بن مسعود سے کیا تم نے عمار کا قول نہیں سنا جب انہوں نے عمر سے کہا مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کام کو بھیجا وہاں مجھ نہانے کی حاجت ہوئی اور پانی نہ ملا تو میں مٹی میں لوٹا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا اور آپ سے بیان کیا آپ نے فرمایا کافی تھا تجھ کو اسطرح کرنا اور مارے آپ نے دونوں ہاتھ زمین پر ایکبار اور مسح کیا دونوں ہتھیلیاں پر پھیر ہو نکا ان کو پھر مارا بایاں ہاتھ داہنی پر اور داہنا بائیں پر اپنے دونوں پہونچوں پر اور منہ پر مسح کیا عبد اللہ نے کہا تم نہیں دیکھتے کہ حضرت عمر نے قناعت نہیں کی عمار کے کہنے پر **باب التیمم بالصعید** مٹی سے تیمم کرنا عن عمران بن حصین ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم رای رجلا معتزلا لم یصل مع القوم فقال یا رسول اللہ اصابتنی جنابۃ ولا ماء قال علیک بالصعید فانہ یکفیک ترجمہ عمران بن حصین سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا لوگوں سے الگ نماز میں شریک نہیں ہوا آپ نے فرمایا کیوں ہے تو نماز میں شریک نہیں ہوا لوگوں کے ساتھ اس نے کہا یا رسول اللہ مجھ کو جنابت ہوئی ہے اور پانی نہیں ہے آپ نے فرمایا لازم کر لے تو اوپر مٹی کو وہ کافی ہے تجھ کو (جب پانی نہ ملے تو تیمم کر لو اوسپر) **باب الصلوات بتیمم واحد** ایک تیمم سے کئی نمازیں پڑھنے کا بیان عن ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الصعید الطیب وضوء المسلم وان لم یجد الماء عشر سنین ترجمہ ابو ذر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پاک مٹی وضو ہے مسلمان کے لیے (یعنی تیمم کرنا پاک مٹی سے وضو کے قائم مقام ہے اور ایک وضو سے کئی نمازیں درست ہیں پس کئی تیمم سے بھی کئی نمازیں درست ہونگی) اگرچہ نہ پاوے پانی دس برس تک **باب فیمن لا یجد الماء ولا الصعید** جو شخص پانی نہ پاوے اور مٹی دونوں نہ پاوے عن عائشۃ قالت بعث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسید بن حضیر وناسا یطلبون قلادۃ کانت لعائشۃ نسیتھا فی منزل نزلتہ فحضرت الصلوۃ ولیسوا علی وضوء ولم یجدوا ماء فصلوا بغیر وضوء فذکروا ذلک لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فانزل اللہ عز وجل آیۃ التیمم قال اسید بن حضیر جزاک اللہ خیرا فواللہ ما نزل بک امر تکرھینہ الا جعل اللہ لک وللمسلمین فیہ خیرا ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسید بن حضیر اور کئی آدمیوں کو بھیجا

وقال یا رب ما منعک ان تصلی مع القوم

اونکے گھر کا راہ رہنمونہ ہی کو جسکو وہ کسی منزل مین بھول گئین تھین تو نماز کا وقت آگیا اور اون لوگونکو وضو تنہا پانی ملا اُنہون نے نماز پڑہ لی پیر وضو پہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا تب تیمم کی آیت اوتری سید بن حضیر نے کہا اللہ تم کو جزائی خیر دیوے جب تمہاری اوپر کوئی ایسی بات آئی جسکو تم برا جانتی تھین تو اللہ نے اوسمین بہتری کردی تمہارے لیے اور مسلمانون کو لیی **عن** طَارِقٍ اَنَّ رَجُلًا اَجْنَبَ فَلَمْ يُصَلِّ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ اَصَبْتَ فَاَجْنَبَ رَجُلٌ اٰخَرُ فَتَيَمَّمَ وَصَلّٰى فَاَتَاهُ فَقَالَ نَحْوَ مَا قَالَ لِلْاٰخَرِ يَعْنِي اَصَبْتَ ترجمہ طارق سے روایت ہی ایک شخص کو جنابت ہوئی اوس نے نماز نہین پڑہی ڈہونڈہا پانی کو تلاش مین رہا اور پانی ملنے کا انتظار کیا اور وقت نماز کا باقی تہا پیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا اور بیان کیا آپنے فرمایا تو نے اچہا کیا پہر ایک اور شخص کو جنابت ہوئی اوس نے تیمم کرکے نماز پڑہ لی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا آپ نے اوس سے بہی ایسا ہی فرمایا یعنی تو نے اچہا کیا **ف** جب نماز کا وقت آجاوے اور پانی نہ ملے تو نمازی کو اختیار ہی چاہے انتظار کرے پانی ملنے کا اخیر وقت تک اور چاہے انتظار نہ کرے بلکہ تیمم کرکے پڑہ لیوے **کتاب المیاہ من السنن الصغریٰ** کتاب پانی کے احکام مین جو ایک جزو ہی اصل کتاب کے یعنے سنن صغریٰ کی **ف** یہان سے لیکر کتاب الصلوٰۃ تک اکثر مکرر حدیثین مذکور ہین جنکا ترجمہ اوپر گزر چکا ہر چند پہر ترجمہ کرنا اون احادیث کا ضرور نہ تھا لیکن مؤلف علیہ الرحمۃ کے اتباع سے ہمنے مکرر ترجمہ کیا **قال اللّٰہ تعالیٰ** وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا **وقال عز وجل** وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ **وقال** فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فرمایا اللہ تعالیٰ نے اور اتارا ہم نے آسمان سے پانی پاک کرنیوالا اور فرمایا اور اتارتا ہی تمپر آسمان سے پانی تاکہ پاک کرے تم کو اوس پانی سے اور فرمایا نہ پاؤ تم پانی تو تیمم کرو پاک مٹی سے (ان آیتون سے معلوم ہوا کہ طہارت کے لیے پاک پانی ضرور ہی اور سوا پانی کے اور چیزون سے وضو اور غسل مشروع نہین ہی) **عن** ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ بَعْضَ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْتَسَلَتْ مِنَ الْجَنَابَةِ فَتَوَضَّاَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفَضْلِهَا فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ اِنَّ الْمَآءَ لَا يُجْنِبُ ترجمہ عبداللہ بن عباس سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی بی بی نے غسل کیا جنابت سے پیر اوس بچی ہوئی پانی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا اوس بی بی نے آپ سے بیان کیا کہ میں غسل کا بچا ہوا پانی ہی آپ نے فرمایا پانی کو کوئی چیز ناپاک نہین کرتی جبتک اوسکا مزہ یا رنگ یا بو ناپاک چیز کے ملنے سے نہ بدلے خواہ پانی قلیل ہو یا کثیر یہ مذہب بہت سے صحابون سے زیادہ قوی اور معتبر ہی) **ذکر بئر بضاعۃ** بئر بضاعہ (ایک کنوئی کا نام ہی مدینہ طیبہ مین) کا بیان **عن** اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَتَوَضَّاُ مِنْ بِئْرِ بُضَاعَةَ وَهِيَ بِئْرٌ يُطْرَحُ فِيْهَا لُحُوْمُ الْكِلَابِ وَالْحِيَضُ وَالنَّتْنُ فَقَالَ الْمَآءُ طَهُوْرٌ لَا يُنَجِّسُهٗ شَيْءٌ ترجمہ ابوسعید خدری سے روایت ہی لوگون نے کہا یا رسول اللہ کیا وضو کرین ہم بئر بضاعہ کے پانی سے اور اوس کنوئین مین کتون کے

حسن عوف بن مالک الاشجعی قال کنا عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال الا تبایعون رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرددھا ثلث مرات فقدمنا ایدینا فبایعناہ فقلنا یا رسول اللہ قد بایعناک فعلام قال علی ان تعبدوا اللہ ولا تشرکوا بہ شیئا والصلوات الخمس واسروا کلمۃ خفیۃ لا تسالوا الناس شیئا **ترجمہ** عوف بن مالک اشجعی سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے آپ نے تین بار یہی ارشاد فرمایا کیا تم بیعت نہیں کرتے اللہ کے رسول سے ہمنے اپنے ہاتھ بڑھائے اور آپ سے بیعت کی پھر ہم نے کہا یا رسول اللہ بیعت تو ہم آپ سے کر چکے لیکن بیعت کس کام پر ہے آپ نے فرمایا اس بات پر کہ اللہ کو پوجو اوس کے ساتھ کسی کو شریک مت کرو اور پانچوں نمازیں ادا کرو اور آہستہ سے ایک کلمہ کہا کہ کسی سے سوال مت کرو **ف** کیونکہ سوال عنایت نہیں ہوتا اور ذلت کی بات ہے پانچ تازیانے سے تخت کوڑا مارنا

باب المحافظۃ علی الصلوات الخمس

پانچوں نمازوں کی محافظت کرنا

عن ابن محیریز ان رجلا من بنی کنانۃ یدعی المخدجی سمع رجلا بالشام یکنی ابا محمد یقول الوتر واجب قال المخدجی فرحت الی عبادۃ بن الصامت فاعترضت لہ وھو رائح الی المسجد فاخبرتہ بالذی قال ابو محمد فقال عبادۃ کذب ابو محمد سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول خمس صلوات کتبھن اللہ علی العباد من جاء بھن لم یضیع منھن شیئا استخفافا بحقھن کان لہ عند اللہ عھد ان یدخلہ الجنۃ ومن لم یات بھن فلیس لہ عند اللہ عھد ان شاء عذبہ وان شاء ادخلہ الجنۃ **ترجمہ** ابن محیریز سے روایت ہے کہ ایک شخص نے بنی کنانہ میں سے جسکو مخدجی کہتے تھے سنا ایک شخص سے شام میں جسکی کنیت ابو محمد تھی وہ کہتا تھا وتر واجب ہے مخدجی نے کہا میں یہ سنکر عبادۃ بن صامت پاس گیا میں اون کے راستے آگیا وہ مسجد کو جا رہے تھے میں نے ابو محمد کا قول بیان کیا عبادہ نے کہا غلط کہا ابو محمد نے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سنا آپ فرماتے تھے پانچ نمازیں ہیں جنکو اللہ نے فرض کیا ہے بندوں پر جو شخص اونکو ادا کریگا اور اون پانچوں نمازوں میں سے کسی کو ہلکا سمجھکر چھوڑیگا تو اللہ جل جلالہ نے اوسکے لیے عہد کر رکھا ہے اوسکو جنت میں لیجاویگا اور جو شخص اونکو ادا نہ کرے تو اللہ پر اوسکا کچھ عہد نہیں ہے چاہے اوسکو عذاب دیوے چاہے جنت میں لیجاوے **ف** تو حدیث سے معلوم ہوگیا کہ وتر واجب نہیں ہے بلکہ نفل ہے مثل اور نوافل کے اور غلط ہوگیا قول ابو محمد کا

فضل الصلوات الخمس

پانچوں نمازوں کی فضیلت

عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ارایتم لو ان نھرا بباب احدکم یغتسل منہ کل

يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ هَلْ يَبْقَى مِنْ دَرَنِهِ شَيْءٌ قَالُوا لَا يَبْقَى مِنْ دَرَنِهِ شَيْءٌ قَالَ فَذَلِكَ مِثْلُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ يَمْحُو اللَّهُ بِهِنَّ الْخَطَايَا ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بتلاؤ مجھکو اگر تم میں سے کسی کے دروازے پر نہر ہو اور وہ اس میں ہر روز پانچ بار نہایا کرے کیا اسپر کچھ میل رہیگا صحابہ نے عرض کیا نہیں کچھ میل نہیں رہیگا آپنے فرمایا بس یہی مثال ہے پانچوں نمازوں کی اللہ انکی وجہ سے گناہوں کو مٹاتا ہے **باب الحکم فی تارک الصلوٰۃ** تارک نماز کا کیا حکم ہے **عن** بریدۃ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْعَهْدَ الَّذِي بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمُ الصَّلَاةُ فَمَنْ تَرَكَهَا فَقَدْ كَفَرَ ترجمہ بریدہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمارے اور منافقوں کے درمیان جو عہد ہے (کہ ہم انکو قتل نہیں کرتے اسلام کے احکام ان پر جاری کرتے ہیں) وہ نماز ہے جسنے نماز چھوڑ دی وہ کافر ہوگیا (اب اسکا شمار کافروں میں ہوگا اور اسکا قتل کرنا درست ہوجاویگا) **عن** جابر قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ إِلَّا تَرْكُ الصَّلَاةِ ترجمہ جابر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بندے میں اور کفر میں ملاپ کی کوئی چیز نہیں ہے مگر نماز چھوڑ دینا (یعنی نماز ہی ایسی ہے کہ کفر تک نہیں ہونچنے دیتی جب نماز کو چھوڑ دیا آجاتی ہے کفر سے ملاپ ہوگیا) **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نمازیوں کی تکفیر بوجہ استدلالات کے خوب نہیں ہے **باب المحاسبۃ علی الصلوٰۃ** نماز پر محاسبہ ہونا **عن** حرملۃ بن قبیصۃ قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ قَالَ قُلْتُ اللَّهُمَّ يَسِّرْ لِي جَلِيسًا صَالِحًا فَجَلَسْتُ إِلَى أَبِي هُرَيْرَةَ فَقَالَ قُلْتُ إِنِّي دَعَوْتُ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يُيَسِّرَ لِي جَلِيسًا صَالِحًا فَحَدِّثْنِي بِحَدِيثٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَلَّ اللَّهَ أَنْ يَنْفَعَنِي بِهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ أَوَّلَ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَلَاتُهُ فَإِنْ صَلَحَتْ فَقَدْ أَفْلَحَ وَأَنْجَحَ وَإِنْ فَسَدَتْ فَقَدْ خَابَ وَخَسِرَ قَالَ فَهَمَّ لَا أَدْرِي هَذَا مِنْ كَلَامِ قَتَادَةَ أَوْ مِنْ الرِّوَايَةِ) فَإِنِ انْتَقَصَ مِنْ فَرِيضَتِهِ شَيْءٌ قَالَ انْظُرُوا هَلْ لِلْعَبْدِ مِنْ تَطَوُّعٍ فَيُكَمَّلُ بِهِ مَا انْتَقَصَ مِنَ الْفَرِيضَةِ ثُمَّ يَكُونُ سَائِرُ عَمَلِهِ عَلَى نَحْوِ ذَلِكَ ترجمہ حریث بن قبیصہ سے روایت ہے میں مدینہ آیا اور میں نے کہا یا اللہ تو عنایت فرما مجھپر ایک نیک ہمنشین نیک بخت مصاحب اور ساتھی) تو میں میٹھا ابوہریرہ کے پاس اور میں نے کہا میں نے اللہ سے دعا کی تھی کہ مجھے نیک بخت ساتھی دیوے پس مجھے کوئی حدیث بیان کر جو تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو شاید اللہ اسکی وجہ سے مجھکو نفع دیوے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے سب سے پہلے (قیامت کے روز) نماز کا محاسبہ ہوگا اگر نماز اچھی نکلی (یعنی موافق شرائط اور ارکان کے ادا ہوئی تھی) تو وہ بندہ چھٹکارا پایا اور مطلب پہونچا اگر نماز بری نکلی تو ٹوٹے میں پڑا اور برباد ہوا اگر فرض نماز میں کچھ کمی ہوگی تو کہا جاویگا دیکھو میرے بندے کے پاس کچھ نفل نمازیں ہیں اون میں سے فرض کو پورا کرینگے پھر باقی اعمال کا بھی یہی حال ہوگا **عن** أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَوَّلَ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَلَاتُهُ فَإِنْ وُجِدَتْ تَامَّةً كُتِبَتْ تَامَّةً وَإِنْ كَانَ انْتَقَصَ مِنْهَا شَيْئًا قَالَ انْظُرُوا هَلْ تَجِدُونَ لَهُ مِنْ تَطَوُّعٍ يُكَمَّلُ لَهُ مَا ضَيَّعَ مِنْ فَرِيضَةٍ مِنْ تَطَوُّعِهِ ثُمَّ

اسرائیل عن مجزی علی حسب ذلک ترجمہ ابوہریرہ رضی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے پہلا قیامت کے روز بندے سے نماز کا حساب لیا جاویگا اگر وہ پوری نکلی تو پوری لکھی جاوے گی اور جو ادھوری نکلی تو کہا جاویگا دیکھو کیا اسکے ساتھ نفل نماز ہے اور اسیسے فرض کا نقصان پورا کیا جاویگا پھر باقی عملوں کا بدلہ بھی اسیطرح ہوگا عن ابی ھریرۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اوّل ما یحاسب بہ العبد صلوتہ فان کان اکملھا والا قال اللہ عزوجل انظروا ھل لعبدی من تطوع فان وجد لہ تطوع قال اکملوا بھا الفریضۃ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے پہلے بندے کے کاموں کا حساب دینا ہوگا اگر وہ پوری ہے تو بہتر نہیں تو پروردگار فرماویگا دیکھو میرے بندے کے پاس کچھ نفل نماز ہے پھر اگر نفل نماز ہوگی تو فرض پوری کیجاوے گی **باب** ثواب من اقام الصلوٰۃ نماز پڑھنے والے کا ثواب عن ابی ایوب ان رجلا قال یا رسول اللہ اخبرنی بعمل یدخلنی الجنۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تعبد اللہ ولا تشرک بہ شیئا وتقیم الصلوٰۃ وتؤتی الزکوٰۃ وتصل الرحم ذرھا کانہ کان علی راحلتہ ترجمہ ابوایوب سے روایت ہے ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ مجھکو ایسا عمل بتلایئے جو جنت میں لیجاوے فرمایا اللہ کو پوجو اوسکیساتھ شریک مت بناؤ اور نماز کو اور زکوٰۃ کو اور ملاقاتے کو چھوڑ دو اونٹنی کی باگ کو آپ اپنی اونٹنی پر سوار تھے **ف** سفر میں جا رہے تھے اتنے میں ایک اعرابی سامنے آ گیا اور اونٹنی کی باگ تھام کر آپ سے یہ پوچھا جب آپ جواب دے چکے تو فرمایا باگ چھوڑ دی **باب** عدد صلوٰۃ الظھر فی الحضر حضر میں ظہر کے کتنی رکعتیں پڑھے عن انس قال صلیت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم الظھر بالمدینۃ اربعا وبذی الحلیفۃ العصر رکعتین ترجمہ انس سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدینے میں ظہر کی چار رکعتیں پڑھیں اور ذوالحلیفہ (جو ایک مقام ہے مدینے سے تین کوس پر) میں عصر کی دو رکعتیں پڑھیں (یعنے قصر کیا جو سفر کے) **باب** صلوٰۃ الظھر فی السفر سفر میں ظہر کی کتنی رکعتیں ہیں عن ابی جحیفۃ قال خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالھاجرۃ قال ابن المثنی الی البطحاء فتوضأ وصلی الظھر رکعتین والعصر رکعتین وبین یدیہ عنزۃ ترجمہ ابوجحیفہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوپہر کو بطحا کیطرف گئے وہاں آپنے وضو کیا اور ظہر کی دو رکعتیں اور عصر کی دو رکعتیں پڑھیں اور آپ کے سامنے ایک لکڑی کھڑی تھی (سترہ کی) **باب** فضل صلوٰۃ العصر عصر کی نماز کی فضیلت عن عمارۃ بن رویبۃ الثقفی قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لن یلج النار من صلی قبل طلوع الشمس وقبل غروبھا ترجمہ عمارہ بن رویبہ ثقفی سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے کبھی جہنم میں نہ جاویگا وہ شخص جس نے نماز پڑھی آفتاب نکلنے سے پہلے (یعنے فجر کی) اور آفتاب ڈوبنے سے پہلے (یعنے عصر کی) **باب** المحافظۃ علی صلوٰۃ العصر عصر کی نماز کی محافظت عن ابی یونس مولی عائشۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال امرتنی عائشۃ ان اکتب لھا مصحفا فقالت اذا بلغت

هٰذِهِ الْآيَةَ فَاذِنِّي حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى فَلَمَّا بَلَّغَتْهَا اٰذَنْتُهَا فَأَمْلَتْ عَلَيَّ حَافِظُوا
عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى وَصَلٰوةِ الْعَصْرِ وَقُومُوا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ ثُمَّ قَالَتْ سَمِعْتُهَا مِنْ رَسُوْلِ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ترجمہ ابو یونس سے روایت ہے جو مولی ہیں ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے عائشہ نے مجھ کو حکم کیا ایک مصحف لکھنے کا
اور کہا جب اس آیت پر پہنچیو حافظوا علی الصلوات والصلوۃ الوسطی تو مجھ کو خبر کر دینا جب میں اس آیت تک پہونچا میں نے کہدیا انہوں نے
یوں لکھوایا حافظوا علی الصلوات والصلوۃ الوسطی وصلوۃ العصر وقوموا للہ قانتین (یعنی محافظت کرو نمازوں پر اور بیچ والی نماز پر اور
عصر کی نماز پر پھر کہا میں نے رسول اللہ صلعم سے اس آیت کو یوں ہی سنا ہے ف اس حدیث سے ثابت ہوا کہ بیچ والی نماز عصر کی نماز نہیں ہے
بلکہ اور کوئی نماز ہے اور تاکید نکلی عصر کی نماز کی البتہ اگر عطف تفسیری ہو یا بغیر واو کی ہو جیسی بعض روایات میں منقول ہے تو عصر کی نماز
مراد ہو سکتی ہے عن علی رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ شَغَلُوْنَا عَنْ صَلٰوةِ الْوُسْطٰى حَتّٰى غَرَبَتِ الشَّمْسُ ترجمہ
امیر المؤمنین علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (جنگ خندق میں) فرمایا یا ہم کو کافروں نے بیچ والی نماز سے
یہاں تک کہ آفتاب ڈوب گیا (اس حدیث سے نکلا کہ بیچ والی نماز عصر ہے جیسا اکثر علما کا قول ہے) باب من ترک صلوۃ العصر
جو شخص عصر کی نماز چھوڑ دے عن ابی الملیح قَالَ كُنَّا مَعَ بُرَيْدَةَ فِي يَوْمٍ ذِيْ غَيْمٍ فَقَالَ بَكِّرُوْا بِالصَّلٰوةِ فَاِنَّ رَسُوْلَ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَرَكَ صَلٰوةَ الْعَصْرِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ترجمہ ابو الملیح سے روایت ہے ہم بریدہ کے ساتھ
تھے ایک دن ابر تھا تو انہوں نے کہا جلدی کرو نماز میں اس لیے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا جس شخص نے چھوڑ دی عصر کی نماز
اسکے اعمال اکارت ہو گئے (یعنی اور اعمال صالحہ کا بھی ثواب نہ ملیگا معاذ اللہ) باب حد صلوۃ العصر فی الحضر والسفر
عصر کی کتنی رکعتیں پڑھے عن ابی سعید الخدری قَالَ كُنَّا نَحْزُرُ قِيَامَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فَحَزَرْنَا قِيَامَهٗ فِي الظُّهْرِ قَدْرَ ثَلٰثِيْنَ اٰيَةً قَدْرَ سُوْرَةِ السَّجْدَةِ فِي الرَّكْعَتَيْنِ
الْاُوْلَيَيْنِ وَفِي الْاُخْرَيَيْنِ عَلَى النِّصْفِ مِنْ ذٰلِكَ وَحَزَرْنَا قِيَامَهٗ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ مِنَ الْعَصْرِ عَلٰى قَدْرِ
الْاُخْرَيَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ وَحَزَرْنَا قِيَامَهٗ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُخْرَيَيْنِ مِنَ الْعَصْرِ عَلَى النِّصْفِ مِنْ ذٰلِكَ
ترجمہ ابو سعید خدری سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قیام کا اندازہ کیا کرتے تھے ظہر اور عصر میں ایک بار ہم نے
آپ کی کھڑے ہونے کا اندازہ کیا ظہر کی نماز میں پہلے دو رکعتوں میں تیس ۳۰ آیتوں کے موافق جیسے سورہ سجدہ ہے تھا اور دوسری دو رکعتوں
میں اسکا آدھا اور اندازہ کیا ہم نے اپکے قیام کا عصر میں تو پہلے دو رکعتوں میں ظہر کی پہلی دو رکعتوں کی برابر تھا اور پچھلی دو رکعتوں
میں اسکا آدھا تھا ف اس حدیث سے معلوم ہو گیا کہ ظہر اور عصر کی حضر میں چار رکعتیں ہیں عن ابی سعید الخدری
قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ يَقُوْمُ فِي الظُّهْرِ فَيَقْرَأُ قَدْرَ ثَلٰثِيْنَ اٰيَةً فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ ثُمَّ يَقُوْمُ فِي الْعَصْرِ فِي
الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ قَدْرَ خَمْسَ عَشْرَةَ اٰيَةً ترجمہ ابو سعید خدری سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر میں کھڑے
ہوتے تو تیس آیتوں کے موافق ہر رکعت میں پڑھتے پھر عصر کی پہلی دو رکعتوں میں پندرہ آیتوں کے موافق پڑھتے باب صلوۃ العصر

فِي السَّفَرِ سفر میں عصر کی نماز کتنی رکعتیں پڑھے عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ بِالْمَدِينَةِ
أَرْبَعًا وَصَلَّى الْعَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں چار
رکعتیں ظہر کی پھر ذوالحلیفہ میں (جو مدینہ سے تین میل ہے) جاکر عصر کی دو رکعتیں پڑھیں (یعنی قصر کی) عَنْ نَوْفَلِ بْنِ
مُعَاوِيَةَ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ فَاتَتْهُ صَلَاةٌ فَكَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهُ وَمَالَهُ
ترجمہ نوفل بن معاویہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے جس شخص کی ایک نماز جاتی رہی تو گویا اوسکا گھر بار
لُٹ گیا۔ اس حدیث کے راوی عراک بن مالک کہتے ہیں اخبرنی عبید اللہ بن عمر انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم یقول من فاتتہ صلوۃ العصر فکانما وتر اھلہ ومالہ یعنی بیان کیا مجھ سے عبید اللہ بن عمر نے کہ انہوں
نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ فرماتے تھے جس شخص کی عصر کی نماز قضا ہو جاوے تو گویا اوسکا گھر بار لٹ گیا عَنْ
عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ بَلَغَهُ أَنَّ نَوْفَلَ بْنَ مُعَاوِيَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ
الصَّلَاةِ صَلَاةٌ مَنْ فَاتَتْهُ فَكَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهُ وَمَالَهُ قَالَ ابْنُ عُمَرَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
يَقُولُ هِيَ صَلَاةُ الْعَصْرِ ترجمہ عراک بن مالک سے روایت ہے نوفل بن معاویہ نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے
سنا آپ فرماتے تھے نماز دن میں ایک نماز ایسی ہے کہ اگر کسی کی وہ نماز قضا ہو جاوے تو گویا اوسکا گھر بار لٹ گیا ابن عمر نے کہا میں نے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے وہ عصر کی نماز ہے **باب** صلوۃ المغرب مغرب کی نماز کا بیان عَنْ
سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ قَالَ رَأَيْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ بِجَمْعٍ أَقَامَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثَلَاثَ رَكَعَاتٍ ثُمَّ أَقَامَ فَصَلَّى يعنی
الْعِشَاءَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ ذَكَرَ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ صَنَعَ بِهِمْ مِثْلَ ذَلِكَ فِي ذَلِكَ الْمَكَانِ وَذَكَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ
صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ مِثْلَ ذَلِكَ فِي ذَلِكَ الْمَكَانِ ترجمہ سلمہ بن کہیل سے روایت ہے میں نے سعید بن جبیر کو
مزدلفہ میں دیکھا انہوں نے تکبیر کہی اور مغرب کی تین رکعتیں پڑھیں پھر تکبیر کہی اور عشا کی دو رکعتیں پڑھیں پھر بیان کیا عبداللہ
بن عمر نے ایسا ہی کیا تھا اسجگہ میں اور کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کیا تھا اسجگہ میں (یعنی مزدلفہ میں) **باب**
فَضْلِ صَلَاةِ الْعِشَاءِ عشا کی نماز کی فضیلت عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أَعْتَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
بِالْعِشَاءِ حَتَّى نَادَاهُ عُمَرُ نَامَ النِّسَاءُ وَالصِّبْيَانُ فَخَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّهُ لَيْسَ
أَحَدٌ يُصَلِّي هَذِهِ الصَّلَاةَ غَيْرَكُمْ وَلَمْ يَكُنْ يُصَلِّي يَوْمَئِذٍ أَحَدٌ يُصَلِّي غَيْرَ أَهْلِ الْمَدِينَةِ ترجمہ حضرت
عائشہؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دیر کی عشا کی نماز میں یہانتک کہ پکارا اسکو حضرت عمرؓ نے انہوں نے کہا سو گئے
بچے اور عورتیں تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے اور فرمایا سنو تمہاری اس نماز کو کوئی نہیں پہنچا (کیونکہ اوسوقت تک
اسلام سیلانہ نہا صرف مدینہ میں تھا) اور تم لوگ میں کہ کوئی نماز نہیں تم پہنچا تھا سوا مدینہ والوں کے) **باب صلوۃ**
الْعِشَاءِ فِي السَّفَرِ سفر میں عشا کی نماز کا بیان عَنْ الْحَكَمِ قَالَ صَلَّى لَنَا سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ بِجَمْعٍ الْمَغْرِبَ ثَلَاثًا

بِإِقَامَةٍ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ صَلَّى الْعِشَاءَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ ذَكَرَ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ فَعَلَ ذَلِكَ وَذَكَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ ذَلِكَ **ترجمہ** حکم سے روایت ہے سعید بن جبیر نے ہمارے ساتھ مزدلفہ میں مغرب کی تین رکعتیں ایک تکبیر کے ساتھ پھر سلام پھیرا پھر عشا کی دو رکعتیں پڑھیں پھر بیان کیا کہ عبداللہ بن عمر نے ایسا ہی کیا اور انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا **عن** سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ رَأَيْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ صَلَّى بِجَمْعٍ فَأَقَامَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثَلَاثًا ثُمَّ صَلَّى الْعِشَاءَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ هَكَذَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ فِي هَذَا الْمَكَانِ **ترجمہ** سعید بن جبیر سے روایت ہے میں نے عبداللہ بن عمر کو دیکھا انہوں نے نماز پڑھی مزدلفہ میں تو تکبیر کہی اور مغرب کی تین رکعتیں پڑھیں پھر عشا کی دو رکعتیں پڑھیں بعد اس کے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اسی جگہ ایسا ہی کرتے تھے **باب** فَضْلِ صَلَاةِ الْجَمَاعَةِ جماعت کی فضیلت **عن** أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَتَعَاقَبُونَ فِيكُمْ مَلَائِكَةٌ بِاللَّيْلِ وَمَلَائِكَةٌ بِالنَّهَارِ وَيَجْتَمِعُونَ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ وَصَلَاةِ الْعَصْرِ ثُمَّ يَعْرُجُ الَّذِينَ بَاتُوا فِيكُمْ فَيَسْأَلُهُمْ وَهُوَ أَعْلَمُ بِهِمْ كَيْفَ تَرَكْتُمْ عِبَادِي فَيَقُولُونَ تَرَكْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّونَ وَأَتَيْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّونَ **ترجمہ** ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا برابر تمہارے پاس فرشتے آتے جاتے ہیں کچھ رات کو کچھ دن کو اور اکٹھا ہو جاتے ہیں فجر کی نماز میں اور عصر کی نماز میں پھر جو فرشتے رات کو تمہارے پاس رہے تھے وہ اوپر چڑھ جاتے ہیں جب پروردگار ان سے پوچھتا ہے حالانکہ وہ خوب جانتا ہے تم نے میرے بندوں کو کس حال میں چھوڑا وہ کہتے ہیں جب ہم ان کو چھوڑا تو وہ نماز پڑھ رہے تھے (فجر کی) اور جب ہم ان کے پاس گئے تھے تب بھی وہ نماز پڑھ رہے تھے (عصر کی) **عن** أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَفْضُلُ صَلَاةُ الْجَمِيعِ عَلَى صَلَاةِ أَحَدِكُمْ وَحْدَهُ بِخَمْسٍ وَعِشْرِينَ جُزْءًا وَتَجْتَمِعُ مَلَائِكَةُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ وَاقْرَءُوا إِنْ شِئْتُمْ وَقُرْآنَ الْفَجْرِ إِنَّ قُرْآنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُودًا **ترجمہ** ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جماعت کی نماز اکیلی کی نماز پر پچیس حصے زیادہ ہوتی ہے **ف** یعنی جماعت میں پچیس گنا ثواب زیادہ ہے ایک روایت میں ہے کہ ستائیس درجہ زیادہ ہوتی ہے **ف** اور رات اور دن کے فرشتے اکٹھا ہو جاتے ہیں فجر کی نماز میں اگر تمہارا جی چاہے تو اس آیت کو پڑھو وقرآن الفجر ان قرآن الفجر کان مشہودا **ف** پوری آیت کا ترجمہ ہے کھڑی رکھ نماز سورج کے ڈھلنے سے رات کے اندھیرے تک اور قرآن پڑھنا فجر کا بیشک قرآن پڑھنا فجر کا ہوتا ہے روبرو (یعنی اوس وقت تمام فرشتے رات اور دن کے جمع ہوتے ہیں **عن** عُمَارَةَ بْنِ رُوَيْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَلِجُ النَّارَ أَحَدٌ صَلَّى قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ أَنْ تَغْرُبَ **ترجمہ** عمارہ بن رویبہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جو شخص نماز پڑھا کرے گا آفتاب نکلنے سے پہلی (یعنی فجر کی) اور آفتاب ڈوبنے سے پہلے (یعنی عصر کی) وہ جہنم میں نہ جاوے گا **باب** فَرْضِ الْقِبْلَةِ قبلہ کی طرف منہ کرنا فرض ہے **عن** الْبَرَاءِ قَالَ صَلَّيْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ بَيْتِ

المقدس ستة عشر شهرا او سبعة عشر شهرا شك سفيان وصرف الى القبلة ترجمہ براء بن عازب سے روایت ہے ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی بیت المقدس کی طرف سولہ مہینے تک یا سترہ مہینے تک پھر پھیر دی گئی آپ قبلہ کی طرف (یعنے جانب کعبہ کی طرف منہ کرنیکا حکم ہوا) عن البراء بن عازب قال قدم رسول الله صلى الله عليه وسلم المدينة فصلى نحو بيت المقدس ستة عشر شهرا ثم حولت قبل الكعبة فمر رجل قد كان صلى مع النبي صلى الله عليه وسلم على قوم من الانصار فقال اشهد ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قد وجه الى الكعبة فانحرفوا الى الكعبة ترجمہ براء بن عازب سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لائے تو بیت المقدس کی طرف سولہ مہینے تک نماز پڑھا کیے پھر آپ کو حکم ہوا کعبہ کی طرف منہ کرنیکا ایک شخص انصاری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھ کر انصار کی ایک جماعت پاس گیا اور وہ نماز پڑھ رہے تھے اوس نے کہا میں گواہی دیتا ہوں بیشک میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہو گیا کعبہ کی طرف منہ کرنیکا وہ لوگ اوسی وقت کعبہ کی طرف پھر گئے باب الحال التي يجوز فيها استقبال غير القبلة کس حال میں کعبہ کے سوا اور کسی طرف منہ کر سکتا ہے عن عبد الله بن عمر قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يسبح على الراحلة قبل ان يوجهه ويوتر عليها غير انه لا يصلي عليها المكتوبة ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نفل نماز اونٹنی پر پڑھا کرتے تھے قبل اسکے کہ کعبہ کی طرف حکم ہوا منہ کرنے کا اور وتر بھی اوسی پر پڑھ لیتے تھے مگر فرض نہیں پڑھتے تھے عن ابن عمر قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي على دابته وهو مقبل من مكة الى المدينة وفيه انزلت فاينما تولوا فثم وجه الله ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ سے مدینہ کو آرہے تھے تو اپنی جانور پر نماز پڑھ لیتے اور اسی باب میں یہ بیت اذ ترى فثم تولوا فثم وجه الله جب ہم نے مدینہ میں پھیر دی طرف اللہ کا منہ ہے عن ابن عمر قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي على راحلته في السفر حيثما توجهت به قال نافع قال عبد الله بن دينار وكان ابن عمر يفعل ذلك ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اونٹنی پر نماز پڑھتے تھے سفر میں جس طرف کہ وہ رخ کرتی مالک نے کہا عبد اللہ بن دینار نے کہا ابن عمر بھی ایسا ہی کرتے تھے باب استبانة الخطاء بعد الاجتهاد اگر کسی شخص نے سوچ سمجھکر ایک طرف منہ کیا پھر معلوم ہوا کہ اوسطرف قبلہ نہ تھا تو نماز ہو جاویگی عن ابن عمر قال بينما الناس بقباء في صلوة الصبح جاءهم آت فقال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قد انزل عليه الليلة وقد امر ان يستقبل الكعبة فاستقبلوها وكانت وجوههم الى الشام فاستداروا الى الكعبة ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے ایکبار لوگ مسجد قبا میں فجر کی نماز پڑھ رہے تھے اتنے میں ایک شخص آیا اور بولا کہ رات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اللہ کا کلام اترا اور آپ کو حکم ہوا کعبہ کی طرف منہ کرنیکا پس ان لوگوں نے اوسی وقت (نماز ہی کی حالت میں) کعبہ کی طرف منہ کر لیا اور پہلے اون کے منہ شام کی طرف تھے سو گھوم گئے کعبہ کی طرف ف مدینہ ہے بیت المقدس اور مکہ کی طرف ہے اور کعبہ کہیں طرف تو ہے

لوگ اور سیو کہن کو گھوم گئے **کتاب المواقیت** نماز کے وقتوں کا بیان **شش** ابن شہاب

ان عمر بن عبد العزیز اخر العصر شیئا فقال له عروة اما ان جبریل علیه السلام قد نزل فصلی امامة رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال عمر اعلم ما تقول یا عروة فقال سمعت بشیر بن ابی مسعود یقول سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول نزل جبریل علیه السلام فامنی فصلیت معه ثم صلیت معه ثم صلیت معه ثم صلیت معه ثم صلیت معه یحسب بأصابعه خمس صلوات ترجمہ ابن شہاب سے روایت ہے عمر بن عبد العزیز نے عصر کی نماز میں دیر کی تو عروہ بن الزبیر نے اس سے کہا تم نہیں جانتے کہ جبرئیل آئے اور انہوں نے نماز پڑھائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ف دو دن تک ایک دن سب نمازیں اول وقت پڑھیں اور دوسرے دن اخیر وقت پھر بیان کر دیا کہ نماز کا وقت اندر دو وقتوں کے درمیان میں ہے جیسے ابو داؤد و ترمذی کی روایت میں ہے۔ اگرچہ اس روایت میں وقت کا ذکر نہیں ہے مگر چونکہ وہ حدیث مشہور تھی عمر بن عبد العزیز کو بھی معلوم ہوگی اسلیے عروہ نے صرف اوس حدیث کیطرف اشارہ کر دیا اب شبہ یہ ہے کہ عروہ کا استدلال اس حدیث سے کیونکر پورا ہوگا کیونکہ خود اسی حدیث سے نماز کی تاخیر جائز ہوتی ہے جواب اسکا یہ ہے کہ عمر بن عبد العزیز نے عصر کی نماز میں دوسرے وقت سے بھی زیادہ دیر کی ہوگی یعنی سایہ دو مثل ہو گیا ہوگا ف عمر بن عبد العزیز نے کہا سچ کہا ہے عروہ نے کہا میں نے بشیر بن ابی مسعود سے سنا وہ کہتے تھے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے کہ جبرئیل علیہ السلام اوترے انہوں نے میری امامت کی میں نے اون کے ساتھ نماز پڑھی پھر نماز پڑھی دوسری پھر تیسری پھر چوتھی پھر پانچویں آپ نے انگلیوں پر پانچوں نماز کا شمار کیا فقط

اول وقت الظہر ظہر کا اول وقت کیا ہے **عن** شعبة حدثنا سیار بن سلامة قال سمعت ابی یسأل ابا برزة عن صلوة رسول الله صلی الله علیه وسلم فقلت انت سمعته قال لما اسمع الساعة فقال سمعت ابی یسأل عن صلوة رسول الله صلی الله علیه وسلم قال کان لا یبالی بعض تاخیرها یعنی العشاء الی ربع اللیل ولا یحب النوم قبلها ولا الحدیث بعدها قال شعبة ثم اتیته بعد فسألته قال کان یصلی الظهر حین تزول الشمس والعصر ینصرف الرجل الی اقصی المدینة والشمس حیة والمغرب لا ادری ای حین ذکر ثم لقیته بعد ذات فسألته قال وکان یصلی الصبح فینصرف الرجل فینظر الی وجه جلیسه الذی یعرفه فیعرفه قال وکان یقرأ فیها بالستین الی المائة ترجمہ شعبہ سے روایت ہے مجھسے بیان کیا سیار بن سلامہ نے انہوں نے کہا میں نے سنا اپنے باپ سے وہ پوچھتے تھے ابا برزہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا حال تو کہا میں نے سنا ابا برزہ سے کہتے تھے میرا باپ پوچھتا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا حال شعبہ نے کہا میں نے سیار سے کہا تم نے اوسکو سنا انہوں نے کہا (ہاں سنا) جیسے میں تم کو سنا تا ہوں پھر کہا میں نے اپنے باپ سے وہ پوچھتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا حال تو کہا ابو برزہ نے آپ نہیں پڑھتے تھے عشا میں کچھ دیر کرنے کی بعد اوسکے رات تک لیکن نہیں پسند کرتے تھے سو جانے کو عشا سے پہلے اور نہ عشا کے بعد باتیں کرنے کو شعبہ نے

کہا پھر میں سیدھا پاس گیا اور دن سے پوچھا انہوں نے کہا آپ ظہر پڑھتے تھے جب آفتاب ڈھل جاتا اور عصر اوس وقت پڑھتے کہ آدمی عسکر مدینہ کے کنارے پہونچ جاتا اور آفتاب زندہ ہوتا (یعنی زرد نہ ہوتا) اور مغرب کا وقت میں نہیں جانتا کیا بیان کیا پھر میں ان سے ملا اور پوچھا انہوں نے کہا فجر کی نماز اوسوقت پڑھتے کہ ایک شخص جاتا اپنے دوست کے پاس اور اوسکا منہ دیکھتا تو پہچان لیتا اور اثر میں ساٹھ آیتوں سے لیکر سو آیتوں تک پڑھتے **عَنْ** اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ حِيْنَ زَاغَتِ الشَّمْسُ فَصَلَّى بِهِمْ صَلٰوةَ الظُّهْرِ ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے جو وقت آفتاب ڈھلا پھر نماز پڑھی اون کے ساتھ ظہر کی **عَنْ** خَبَّابٍ قَالَ شَكَوْنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّ الرَّمْضَاءِ فَلَمْ يُشْكِنَا قِيْلَ لَهٗ اَفِى تَعْجِيْلِهَا قَالَ نَعَمْ ترجمہ خباب سے روایت ہے ہم نے شکایت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زمین جلنے کی آپنے اوسپر لحاظ نکیا (یعنی ظہر میں دیر کرنیکی اجازت نہ دی) **بَابُ** تَعْجِيْلِ الظُّهْرِ فِى السَّفَرِ سفر میں ظہر جلدی پڑھنا **عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ يَقُوْلُ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا لَمْ يَرْتَحِلْ مِنْهُ حَتّٰى يُصَلِّىَ الظُّهْرَ قَالَ رَجُلٌ وَاِنْ كَانَتْ بِنِصْفِ النَّهَارِ قَالَ وَاِنْ كَانَتْ بِنِصْفِ النَّهَارِ ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر میں کسی مقام پر اترتے تو وہاں سے کوچ نہ کرتے جبتک ظہر پڑھ نہ لیتے ایک شخص نے کہا اگرچہ دوپہر ہوتی انہوں نے کہا اگرچہ دوپہر ہوتی (یعنی دوپہر ہوتے ہی ظہر پڑھ لیتے پھر کوچ کرتے) **تَعْجِيْلُ الظُّهْرِ فِى الْبَرْدِ** جاڑے میں ظہر کی نماز جلد پڑھنا **عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ الْحَرُّ اَبْرَدَ بِالصَّلٰوةِ وَاِذَا كَانَ الْبَرْدُ عَجَّلَ ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب گرمی ہوتی تو ظہر کو ٹھنڈا کرکے پڑھتے اور جب سردی ہوتی تو جلدی پڑھتے **اَلْاِبْرَادُ** بِالظُّهْرِ اِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ جب گرمی بہت ہو تو ظہر ٹھنڈا کرکے پڑھنا **عَنْ** اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ فَاَبْرِدُوْا عَنِ الصَّلٰوةِ فَاِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب گرمی بہت ہو تو ٹھنڈا کرو نماز کو اسلیے کہ گرمی کا زور جہنم کے جوش مارنیسے ہے **ف** اختلاف کیا ہے علماء نے کہ جب گرمی زیادہ ہو تو ظہر کی تاخیر کرنا بہتر ہے یا جلدی پڑھنا اکثر علماء اسطرف ہیں کہ تاخیر بہتر ہے بدلیل احادیث صحیحہ کے اور بعضوں نے کہا کہ جلدی پڑھنا بہتر ہے لیکن ٹھنڈے وقت پڑھنا رخصت ہے بدلیل حدیث خباب کے جو اوپر گزری **عَنْ** اَبِىْ مُوْسٰى رَفَعَهٗ قَالَ اَبْرِدُوْا بِالظُّهْرِ فَاِنَّ الَّذِىْ تَجِدُوْنَ مِنَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ ترجمہ ابوموسیٰ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ٹھنڈے وقت پڑھو ظہر کو یہ جو تم گرمی دیکھتے ہو جہنم کا جوش ہے **اٰخِرُ وَقْتِ الظُّهْرِ** ظہر کا اخیر وقت کیا ہے **عَنْ** اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ جَاءَكُمْ يُعَلِّمُكُمْ دِيْنَكُمْ فَصَلَّى الصُّبْحَ حِيْنَ طَلَعَ الْفَجْرُ وَصَلَّى الظُّهْرَ حِيْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ صَلَّى الْعَصْرَ حِيْنَ رَاٰى الظِّلَّ مِثْلَهٗ ثُمَّ صَلَّى الْمَغْرِبَ حِيْنَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَحَلَّ فِطْرُ الصَّائِمِ ثُمَّ صَلَّى الْعِشَاءَ حِيْنَ ذَهَبَ شَفَقُ اللَّيْلِ ثُمَّ جَاءَهٗ الْغَدَ فَصَلّٰى بِهٖ

الصُّبْحَ حِيْنَ اسْتَنَارَ قَلِيْلًا ثُمَّ صَلَّى بِهِ الظُّهْرَ حِيْنَ كَانَ الظِّلُّ مِثْلَهُ ثُمَّ صَلَّى الْعَصْرَ حِيْنَ كَانَ الظِّلُّ مِثْلَيْهِ ثُمَّ صَلَّى
الْمَغْرِبَ بِوَقْتٍ وَاحِدٍ حِيْنَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَحَلَّ فِطْرُ الصَّائِمِ ثُمَّ صَلَّى الْعِشَاءَ حِيْنَ ذَهَبَ سَاعَةٌ مِّنَ اللَّيْلِ ثُمَّ
قَالَ الصَّلٰوةُ مَا بَيْنَ صَلٰوتِكَ أَمْسِ وَصَلٰوتِكَ الْيَوْمَ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
کہ جبرئیل نے مجھ کو دو بار بیت اللہ کے پاس نماز پڑھی انہوں نے فجر کی جب صبح صادق ہوئی یعنی ایک عرضی روشنی جو مشرق
کیطرف آسمان کے کنارہ پر دکھلائی دیتی ہے اور ظہر کی نماز پڑھی جب آفتاب ڈھل گیا پھر عصر کی نماز پڑھی جب ہر ایک چیز کا سایہ
اوسکی برابر دیکھ لیا (سوا سایہ زوال کے) پھر مغرب کی نماز پڑھی جب آفتاب ڈوب گیا اور روزہ کھولنے کا وقت آگیا پھر عشا کی نماز پڑھی
جب شفق غائب ہو گئی پھر دوسرا دن ہوا تو فجر کی نماز پڑھی جب خوب اجالا ہو گیا تھا پھر ظہر کی نماز پڑھی جب سایہ ہر چیز کا اوسکی
برابر ہوا (سایہ اصلی سمیت) پھر عصر کی نماز پڑھی جب ہر ایک چیز کا سایہ اوسکا دونا ہو گیا پھر مغرب کی نماز اوسی وقت پڑھی جب
آفتاب ڈوبا اور روزہ کھولنے کا وقت آگیا پھر عشا کی نماز پڑھی جب ایک حصہ رات کا گزر گیا بعد اوسکے کہا کہ نمازوں کا وقت یہی ہے
کل اور آجکی نمازوں کے بیچ میں ف تو ہر ایک نماز کا اوّل اور آخر وقت بتلا دیا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ظہر کا اخیر وقت ایک
مثل سایہ تک ہے سوا سایہ اصلی کے اور یہی قول ہے تمام علما اور صحابہ کرام کا اور نہیں مخالفت کی اس میں کسینے مگر ایک روایت ہے ابو حنیفہ سے
کہ ظہر کا اخیر وقت دو مثل تک ہے اور عصر کا وقت دو مثل کے بعد شروع ہوتا ہے اور ذکر کرتی ہیں اسکا احادیث صحیحہ پس وہ قابل اعتماد کے
نہیں ہے عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَانَ قَدْرُ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرِ فِي الصَّيْفِ
ثَلٰثَةَ أَقْدَامٍ إِلٰى خَمْسَةِ أَقْدَامٍ وَفِي الشِّتَاءِ خَمْسَةَ أَقْدَامٍ إِلٰى سَبْعَةِ أَقْدَامٍ ترجمہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ظہر کا اندازہ گرمیوں میں تین قدم سے پانچ قدم تک اور جاڑوں میں پانچ قدم سے سات قدم تک تھا ف
قدم ساتوان حصہ ہے آدمی کے قد کا اور گرمی میں سایہ کم ہونیکی وجہ یہ ہے کہ سایہ اصلی گرمی میں کم پڑتا ہے کیونکہ آفتاب قریب بسمت الراس
کے ہوتا ہے گرمیوں میں اون ملکوں میں جو اقلیم دوم میں واقع ہیں جیسے مکہ معظمہ وغیرہ میں اور جاڑوں میں سمت الراس سے ہٹا ہوا
ہے پس سایہ اصلی جاڑوں میں زیادہ ہوگا اسوجہ سے جاڑے اور گرمی کی ظہر ایک ہی وقت میں قریب قریب ہوگی اور حاصل حدیث کا
یہ ہے کہ آپ ظہر جاڑے اور گرمی میں ہر چیز کا سایہ اوسکی برابر ہو جانے سے پہلے پڑھتے تھے اور یہ امر باعتبار بعد اور قرب کے ہے خط استوا سے اور
اقالیم میں اسکا لحاظ نہیں ہو سکتا کیونکہ اقلیم سوم یا چہارم میں جاڑے کے دنوں میں جب آفتاب قوس یا جدی میں ہو سایہ اصلی ۸ یا ۹ قدم
کی برابر ہوتا ہے احتمال یہ ہو سکتا ہے کہ ہر اقلیم یا ملک کا سایہ اصلی دریافت کر کے جب دو قدم یا تین قدم اوس سے زیادہ ہو تو نماز ظہر کی پڑھیں
اس صورت میں حدیث کی پیروی ہو جاوے گی کیونکہ مکے میں سایہ اصلی کے مقدار کم سے کم گرمیوں میں نصف قدم تک ہو جاتی ہے ملکہ دونو سے
سر طان کو معدوم ہو جاتا ہے اور آپ تین قدم سایہ تک نماز پڑھتے تو ۲ یا ۳ یا ۴ قدم زیادہ سایے پر پڑھتے اور بسیط جاڑوں میں کم سے کم
مقدار سایہ اصلی کے مکے میں ۳ قدم ہوتی ہے اور آپ پانچ قدم پر نماز پڑھتے پس اگر اول وقت پڑھے تو سایہ اصلی سے دو قدم پر پڑھے اور جو
دیر کرے تو چار پانچ قدم تک دیر کر سکتا ہے لیکن یہ نہیں ہو سکتا کہ سوا سایہ اصلی کے ایک مثل سے زیادہ دیر کرے اگر اتنی دیر کریگا تو عصر کا وقت

اجاد دیگا **اَوَّلُ وَقْتِ الْعَصْرِ** عصر کا اول وقت کیا ہے **عَنْ** جَابِرٍ قَالَ سَأَلَ رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مَوَاقِيتِ الصَّلٰوةِ فَقَالَ صَلِّ مَعِي فَصَلَّى الظُّهْرَ حِينَ زَاغَتِ الشَّمْسُ وَالْعَصْرَ حِينَ كَانَ فَيْءُ كُلِّ شَيْءٍ مِثْلَهُ وَالْمَغْرِبَ حِينَ غَابَتِ الشَّمْسُ وَالْعِشَاءَ حِينَ غَابَ الشَّفَقُ قَالَ ثُمَّ صَلَّى الظُّهْرَ حِينَ كَادَ فَيْءُ الْإِنْسَانِ مِثْلَهُ وَالْعَصْرَ حِينَ كَانَ فَيْءُ الْإِنْسَانِ مِثْلَيْهِ وَالْمَغْرِبَ حِينَ كَانَ قَبْلَ غَيْبُوبَةِ الشَّفَقِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ ثُمَّ قَالَ فِي الْعِشَاءِ أُرَى إِلَى ثُلُثِ اللَّيْلِ ترجمہ جابر بن عبداللہ سے روایت ہے ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا نماز کے وقتوں کو آپ نے فرمایا میرے ساتھ نماز پڑھ پھر آپ نے ظہر کی نماز پڑھی جب آفتاب ڈھل گیا اور عصر کی نماز پڑھی جب سایہ ہر چیز کا اوسکے برابر ہو گیا (سوا سایہ اصلی کے جو عین دوپہر کو ہوتا ہے) اور مغرب کی نماز پڑھی جب آفتاب ڈوب گیا اور عشا کی نماز پڑھی جب شفق ڈوب گئی راوی نے کہا پھر دوسری روز آپ نے ظہر کی نماز پڑھی جب آدمی کا سایہ اوس کے برابر ہو گیا (سوا سایہ اصلی سمیت ایک مثل پر پڑھی) اور عصر کی نماز پڑھی جب سایہ آدمی کا اوسکا دونا ہو گیا (سایہ اصلی سمیت دو ایک مثل سایہ کے بعد پڑھی) اور مغرب کی نماز پڑھی شفق ڈوبنے سے کچھ پہلے عبداللہ بن الحارث نے کہا میں سمجھتا ہوں راوی نے کہا عشا کی نماز پڑھی جب تہائی رات گزر گئی **ف** تو عصر کی نماز میں یہ فرق ہوا کہ پہلے روز سوا سایہ اصلی کے جب ایک مثل سایہ ہو گیا تو پڑھی فرض کیجئے کہ گرمیوں میں ایک قدم سایہ اصلی تھا تو جب آٹھ قدم سایہ ہو گیا اوسوقت عصر کی نماز پڑھی اور دوسرے روز جب چودہ قدم سایہ ہو گیا تو پڑھی **تَعْجِيلُ الْعَصْرِ** عصر کی نماز جلدی پڑھنا **عَنْ** عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى صَلٰوةَ الْعَصْرِ وَالشَّمْسُ فِي حُجْرَتِهَا لَمْ يَظْهَرِ الْفَيْءُ مِنْ حُجْرَتِهَا ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز پڑھی اور دھوپ حجرہ کے اندر تھی ابھی سایہ حجرہ سے اوپر دیوار پر نہیں چڑھا تھا **ف** نووی نے کہا مراد یہ ہے کہ جلدی نماز پڑھے عصر کی یعنی اول وقت میں جب سایہ ایک مثل ہو اور سوا سایہ زوال کے کیونکہ حجرہ کی اندر کی زمین تنگ تھی اور اوسکی دیوریں بھی چھوٹی تھیں اسقدر کہ دیوار کا طول زمین سے کچھ کم تھا پس جب دیوار کا سایہ اوسکے برابر ہو گیا تو عصر کا وقت آگیا اوسوقت دھوپ زمین کے کنارے پر ہوگی اور سایہ مشرقی دیوار پر حجرہ نہ ہوگا **عَنْ** أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي الْعَصْرَ ثُمَّ يَذْهَبُ الذَّاهِبُ إِلَى قُبَاءٍ فَيَأْتِيهِمْ وَهُمْ يُصَلُّونَ أَوْ يَأْتِيهِمْ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز پڑھتے پھر جانیوالا قبا کو جاتا اور وہاں کے لوگوں سے ملتا تو وہ نماز پڑھتے ہوتے یا آفتاب بلند ہوتا (حالانکہ قبا مدینے سے تین میل کے فاصلہ پر ہے) **عَنْ** أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ حَيَّةٌ وَيَذْهَبُ الذَّاهِبُ إِلَى الْعَوَالِي وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز پڑھ چکتے اور آفتاب بلند اور روشن ہوتا اور جانیوالا جاتا (نماز پڑھ کر) عوالی کو اور آفتاب بلند رہتا **ف** یعنی جانیوالا عوالی کو پہونچ جاتا اور آفتاب بلند رہتا جیسے بخاری اور مسلم کی روایت میں ہے عوالی جمع ہے عالیہ کی مراد اوس

سو وہ گانوں اور دیہات ہیں جو مدینہ سے بلندی پر واقع ہیں نووی نے کہا ان گانوں اور دیہات میں دو سے دو اڑھائی میل تک ہیں مدینہ سے اور نزدیک سے نزدیک دو میل پر ہیں اور بعض تین میل پر ہیں **عن انس بن مالک** قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی بنا العصر والشمس بیضاء حیۃ ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ساتھ عصر کی نماز پڑھتے اور آفتاب سفید اور بلند ہوتا **عن ابی امامۃ بن سہل** یقول صلینا مع عمر بن عبد العزیز الظہر ثم خرجنا حتی دخلنا علی انس بن مالک فوجدناہ یصلی العصر قلت یا عم ما ھذہ الصلوٰۃ التی صلیت قال العصر وھذہ صلوٰۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم التی کنا نصلی ترجمہ ابو امامہ بن سہل سے روایت ہے وہ کہتے تھے ہم نے نماز پڑھی ظہر کی عمر بن عبد العزیز کے ساتھ پھر گیا میں انس بن مالک پاس دیکھا تو وہ عصر پڑھ رہے ہیں میں نے کہا اے چچا یہ کونسی نماز پڑھی انہوں نے کہا عصر کی اور یہی وقت ہے اس نماز کا جس وقت ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پڑھتے تھے **عن ابی سلمۃ** قال صلینا فی زمان عمر بن عبد العزیز ثم انصرفنا الی انس بن مالک فوجدناہ یصلی فلما انصرف قال لنا اصلیتم قلنا صلینا الظہر قال انی اراکم کملتم العصر فقالوا لہ عجلت فقال انما اصلی کما رایت اصحابی یصلون ترجمہ ابو سلمہ سے روایت ہے ہم نے عمر بن عبد العزیز کے زمانے میں نماز پڑھی پھر ہم گئے انس بن مالک پاس اس کو نماز پڑھتے دیکھا جب وہ پڑھ چکے تو انہوں نے پوچھا تم نماز پڑھ چکے ہم نے کہا ہاں ظہر پڑھ چکے انہوں نے کہا میں عصر پڑھ چکا لوگوں نے کہا آپ نے جلدی پڑھی انہوں نے کہا میں تو اسی وقت پڑھتا ہوں جس وقت اپنے ساتھیوں کو پڑھتے دیکھا (یعنی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو)

باب التشدید فی تاخیر العصر

عصر کی نماز میں دیر کرنا کیسا ہے **عن العلاء انہ** دخل علی انس بن مالک فی دارہ بالبصرۃ حین انصرف من الظہر ودارہ بجنب المسجد فلما دخلنا علیہ قال صلیتم العصر قلنا لا انما انصرفنا الساعۃ من الظہر قال فصلوا العصر قال فقمنا فصلینا فلما انصرفنا قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول تلک صلوٰۃ المنافق یجلس یرقب الشمس حتی اذا کانت بین قرنی الشیطان قام فنقر اربعا لا یذکر اللہ عز وجل فیہا الا قلیلا ترجمہ علاء بن عبد الرحمن سے روایت ہے ہم انس بن مالک پاس بصرہ میں اون کے گھر پر گئے ظہر کی نماز سے فارغ ہو چکے تھے اور اونکا گھر مسجد سے ملا تھا تو جب انس پاس پہونچے انہوں نے کہا تم نے عصر کی نماز پڑھی ہم نے کہا نہیں ابھی تو ہم ظہر پڑھ کر آئے ہیں انس نے کہا تو عصر کی نماز پڑھ لو ہم گھر گئے ہوئے اور عصر کی نماز پڑھی جب پڑھ چکے تو انس نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے یہ منافق کی نماز ہے کہ بیٹھا انتظار کر رہا ہے عصر کا (یعنی تاخیر کر رہا ہے سورج کا) جب سوج شیطان کے دونو چوٹیوں میں ہو گیا **ف** یعنی غروب کے وقت شیطان آفتاب پاس جاتا ہے اور اپنا سر اسپر رکھتا ہے تو آفتاب اوسکے سر کے دونو کناروں یا دونوں نے لفو کے بیچ میں آجاتا ہے اب جو لوگ آفتاب کو سجدہ کرتے ہیں وہ گویا شیطان کو سجدہ کرتے ہیں۔ اور بعضوں نے کہا مراد شیطان سے خود وہی شخص ہے جو آفتاب کو پوجتا ہے اسلیے کہ آفتاب پوجنے والا اغوا کے تیسا

اوسکی پرستش کرتا ہو اور اوسوقت آفتاب اوسکی زلفون کے لیسر کے دونو کناروں کے درمیان ہوتا ہے ف تو اوٹھا اور چار رکعتین گگا کے پڑہین یعنی جلدی سے چار رکعتین پڑہلین اور دو دو سجدون کے درمیان اچھی طرح سے بیٹہا بھی نہین تو ہر ایک رکعت مین گویا ایک سجدہ ہوا اور پھر ہر ایک سجدہ مین ہر ابھی نہین تو سجدہ کیا ہوا جانور کی ٹہونگ ہوئی اللہ کی یاد نہین کی اون مین مگر تہوڑی عن ابن عمر عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال الذی تفوتہ صلوۃ العصر فکانما وتر اھلہ ومالہ ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کی عصر کی نماز جاتی رہی گویا اوسکا گہر بار لٹ گیا

آخر وقت العصر عصر کا اخیر وقت کیا ہے عن جابر بن عبد اللہ ان جبرئیل اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعلمہ مواقیت الصلوۃ فقدم جبرئیل ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خلفہ والناس خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلی الظہر حین زالت الشمس واتاہ حین کان الظل مثل شخصہ فصنع کما صنع فقدم جبرئیل ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خلفہ والناس خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلی العصر ثم اتاہ حین وجبت الشمس فقدم جبرئیل ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خلفہ والناس خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلی المغرب ثم اتاہ حین غاب الشفق فقدم جبرئیل ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خلفہ والناس خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلی العشاء ثم اتاہ حین انشق الفجر فقدم جبرئیل ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خلفہ والناس خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلی الغداۃ ثم اتاہ الیوم الثانی حین کان ظل الرجل مثل شخصہ فصنع کما صنع بالامس فصلی الظہر ثم اتاہ حین کان ظل الرجل مثل شخصیہ فصنع کما صنع بالامس فصلی العصر ثم اتاہ حین وجبت الشمس فصنع کما صنع بالامس فصلی المغرب ثم اتاہ حین غاب الشفق فصنع کما صنع بالامس فصلی العشاء ثم اتاہ حین امتد الفجر واصبح والنجوم بادیۃ مشتبکۃ فصنع کما صنع بالامس فصلی الغداۃ ثم قال ما بین ہاتین وقت

ترجمہ جابر بن عبد اللہ سے روایت ہے حضرت جبرئیل علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس نماز کا وقت بتلانے کو آئے تو جبرئیل آگے ہوئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اونکے پیچہے اور لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچہے تو نماز پڑہی اونہون نے ظہر کی جب آفتاب ڈہل گیا پہر جبرئیل آئے جب سایہ ہر چیز کا اوسکی برابر ہو گیا (سوا سایہ اصلی کے) اور ویسا ہی کیا یعنے جبرئیل آگے ہوئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اون کے پیچہے اور لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچہے تو نماز پڑہی اونہون نے عصر کی پہر جبرئیل آئے جب آفتاب ڈوب گیا اور جبرئیل آگے ہوئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اون کے پیچہے اور لوگ آپ کے پیچہے تو نماز پڑہی مغرب کی پہر جبرئیل آئے جب شفق ڈوب گئی تو جبرئیل آگے کہڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اون کے پیچہے اور لوگ آپ کے پیچہے

تو نماز پڑھائی عشا کی پھر جبرئیل آئے صبح صادق ہوتی ہی اور وہ آگے کھڑے ہوئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے پیچھے اور لوگ آپ کے پیچھے تو نماز پڑھائی فجر کی پھر دوسری روز جبرئیل اوسوقت آئے جب سایہ ہر چیز کا اوسکے برابر ہو گیا (سایہ اصلی سمیت) اور ویسا ہی کیا جیسے کل کیا تھا ظہر کی نماز پڑھائی پھر اوسوقت آئی جب سایہ ہر چیز کا اوس کا دونا ہو گیا اور جیسے کل کیا تھا ویسے ہی کیا عصر کی نماز پڑھائی پھر اوسوقت آئے جب آفتاب ڈوب گیا اور جیسے کل کیا تھا ویسے ہی کیا مغرب کی نماز پڑھائی پھر ہم گئے اور سو رہے پھر اوٹھے (رات گئی) تو جبرئیل آئے اور جیسے کل کیا تھا ویسے ہی کیا عشا کی نماز پڑھائی پھر اوسوقت آئے جب فجر کی روشنی پھیل گئی اور صبح ہو گئی لیکن تارے صاف نہ ہوئے تھے اور ویسا ہی کیا جیسے کل کیا تھا صبح کی نماز پڑھائی بعد اوس کے فرمایا دونوں نمازوں کے بیچ میں وقت ہی نماز (یعنی ایک دن اول وقت پڑھیں اور دوسری دن آخر وقت بس یہی وقت ہی نماز کا)

مدرک رکعتین من العصر

جس شخص نے آفتاب ڈوبنے سے پہلے دو رکعتیں عصر کی پڑھ لیں تو عصر کی نماز اوس نے پائی عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من ادرک رکعتین من صلوۃ العصر قبل ان تغرب الشمس فقد ادرک

ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے عصر کی دو رکعتیں پالیں آفتاب ڈوبنے سے پہلے یا ایک رکعت فجر کی پالی آفتاب نکلنے سے پہلے تو اوس نی پالیا عصر اور فجر کو عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من ادرک رکعۃ من صلوۃ العصر قبل ان تغرب الشمس او ادرک رکعۃ من الفجر قبل طلوع الشمس فقد ادرک

ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جس شخص نے ایک رکعت پالی عصر کی آفتاب ڈوبنے سے پہلے یا ایک رکعت پالی فجر کی آفتاب نکلنے سے پہلے تو اوس نے پالیا نماز کو عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا ادرک احدکم اول سجدۃ من صلوۃ العصر قبل ان تغرب الشمس فلیتم صلوتہ واذا ادرک اول سجدۃ من صلوۃ الصبح قبل ان تطلع الشمس فلیتم صلوتہ

ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب پالیوے تم میں سے کوئی پہلا سجدہ عصر کی نماز کا آفتاب ڈوبنے سے پہلے تو پورا کرلیوے اپنی نماز کو اور جب پالیوے پہلا سجدہ فجر کی نماز کا آفتاب نکلنے سے پہلے تو پورا کرلیوے اپنی نماز کو عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من ادرک رکعۃ من صلوۃ الصبح قبل ان تطلع الشمس فقد ادرک الصبح ومن ادرک رکعۃ من العصر قبل ان تغرب الشمس فقد ادرک العصر

ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جس شخص نے فجر کی نماز کی ایک رکعت پالی آفتاب نکلنے سے پہلے تو اوس نے فجر کی نماز پالی اور جس شخص نے عصر کی ایک رکعت پالی آفتاب ڈوبنے سے پہلے تو اوس نے عصر کی نماز

پہلی **وقت** یعنی وہ نماز ادا ہوگی نہ قضا ان حدیثوں سے صاف معلوم ہوگیا کہ جس شخص نے نماز فجر کی شروع کی یعنی ایک رکعت پڑھی تھی کہ آفتاب نکل آیا یا ڈوب گیا تو نماز اوسکی صحیح ہوگئی وہ پوری کرلیوے اور یہی قول ہے مالک اور شافعی اور احمد اور جمہور علما کا اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک عصر میں بھی حکم ہے اور فجر کی نماز میں کہتے ہیں کہ وہ باطل ہوجاوے گی مگر حدیث ہے اوسپر کوئی دلیل نہیں کہتے اور جو وجہ قیاسی بیان کرتے ہیں وہ صریح حدیث کے مقابلے میں مقبول نہیں ہوسکتی **عن** معاذ انہ طاف مع معاذ بن عفراء فلم یصل فقلت الا تصلی فقال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا صلوٰۃ بعد العصر حتی تغیب الشمس ولا بعد الصبح حتی تطلع الشمس **ترجمہ** معاذ سے روایت ہے انہوں نے طواف کیا معاذ بن عفراء کے ساتھ تو انہوں نے دو گانہ طواف کا نہیں پڑھا معاذ نے کہا تم نے کیوں نہیں پڑھا معاذ بن عفراء نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عصر کے بعد کوئی نماز نہیں ہے جبتک آفتاب ڈوب نہ جاوے اور فجر کے بعد کوئی نماز نہیں ہے جبتک آفتاب نکل نہ آوے

اول وقت المغرب مغرب کا اول وقت کیا ہے **عن** بریدۃ قال جاء رجل الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فسالہ عن وقت الصلوٰۃ فقال اقم معنا هذین الیومین وامر بلالا فاقام عند الفجر فصلی الفجر ثم امرہ حین زالت الشمس فصلی الظهر ثم امرہ حین رای الشمس بیضاء فاقام العصر ثم امرہ حین وقع حاجب الشمس فاقام المغرب ثم امرہ حین غاب الشفق فاقام العشاء ثم امرہ من الغد فقر بالفجر ثم ابرد بالظهر وانعم ان یبرد ثم صلی العصر والشمس بیضاء واخر عن ذلک ثم صلی المغرب قبل ان یغیب الشفق ثم امر فاقام العشاء حین ذهب ثلث اللیل فصلاها ثم قال این السائل عن وقت الصلوٰۃ وقت صلاتکم فیما بین رایتم **ترجمہ** بریدہ سے روایت ہے ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا اور آپ سے ہر ایک نماز کا وقت پوچھا آپ نے فرمایا دو دن تک ہمارے ساتھ نماز پڑھ (تجھ کو اول اور آخر ہر نماز کے وقت کا اچھی طرح معلوم ہوجاوے گا) اور آپ نے حکم دیا بلال رض کو انہوں نے تکبیر کہی فجر ہوتی ہی پھر نماز پڑھی آپ نے فجر کے بعد اوسکو حکم دیا اوسنے جب آفتاب ڈھل گیا اور ظہر کی نماز پڑھی پھر حکم دیا اوسکو اور وقت تک آفتاب سفید تھا اور اسمیں دیر تھی اور عصر کی نماز پڑھی حکم دیا اوسکو جب آفتاب ڈوب گیا اور مغرب کی نماز پڑھی پھر حکم دیا اوسکو جب شفق ڈوب گئی اور عشا پڑھی پھر دوسرے دن حکم کیا اوسکو تو فجر روشنی میں پڑھی پھر ظہر کو بہت ٹھنڈے وقت پڑھا اور بہت ٹھنڈے وقت پڑھا پھر عصر کی نماز پڑھی اور آفتاب سفید تھا لیکن پہلے دن سے دیر کی پھر مغرب کی نماز پڑھی شفق ڈوبنے سے پہلے پھر حکم کیا تو انہوں نے تکبیر کہی عشا کی جب تہائی رات گزر گئی اوسوقت عشا کی نماز پڑھی بعد اوس کے فرمایا کہاں ہے وہ شخص جو نماز کے وقت پوچھتا تھا دیکھو تمہارے لئے کیوقت اس پنجوں نمازوں کا ہے

المغرب مغرب کی نماز میں جلدی کرنا **عن** رجل من اسلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم

انهم كانوا يصلون مع النبي صلى الله عليه وسلم المغرب ثم يرجعون الى بعاليهم الى قصاصهم يرمون ويبصرون مواقع سهامهم ترجمہ ایک شخص سے روایت ہی جو قبیلہ اسلم سی تہا اور صحابہ مین سی تہا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مغرب کی نماز پڑہ کر اپنے گہر دور کو جاتے تہے شہر کے کنارے تیر مارتے تہے اور جہان تیر گرتا تہا اوسکو دیکہ لیتے تہے ف یعنے اسقدر روشنی مین آپ مغرب کی نماز پڑہتے تہے - نووی نے کہا ہے امر اجماعی ہے کہ مغرب کی نماز آفتاب ڈوبتے ہی پڑہنا چاہیے اور یہی افضل وقت ہی اور وہ جو بعض حدیثون مین شفق ڈوبنے تک مغرب کی تاخیر مذکور ہی تو بیان جواز کیواسطے ہی

تاخیر المغرب مغرب کی نماز مین دیر کرنا **عن** ابی بصرة الغفاري قال صلى بنا رسول الله صلى الله عليه وسلم العصر بالمخمص قال ان هذه الصلوة عرضت على من كان قبلكم فضيعوها ومن حافظ عليها كان له اجره مرتين ولا صلوة بعدها حتى يطلع الشاهد والشاهد المنجم ترجمہ ابو بصرہ غفاری سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز پڑہی ہمارے ساتہ مخمص مین (ایک مقام کا نام ہے) پہر فرمایا کہ یہ نماز پیش کی گئی اگلے لوگون پر جو تم سے پہلے گزر گئے انہون نے اوسکو ضائع کیا (یعنے ادا نہ کر سکے) جو شخص محافظت کریگا اس نماز کی اوسکو دوہرا ثواب ملیگا اور کوئی نماز اس نماز کے بعد نہین ہی جبتک تارہ نہ نکلے ف مراد وہ تارہ ہی جو غروب سے کچہ دیر بعد دکہلائی دیتا ہے بہت چمکتا ہوا یہ مقصود نہین ہی کہ سب تارے نکل آوین اسلیے کہ روایت کیا ابو داؤد نے ابو ایوب سی اور دارمی نے ابن عباس سے کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے میری امت ہمیشہ خیریت سی رہیگی یا فطرہ پر رہیگی جبتک دیر نہ کریگی مغرب کی نماز مین یہانتک کہ گھن جاوین تارے

وقت المغرب مغرب کا اخیر وقت کیا ہی **عن** عبد الله بن عمرو (قال شعبة كان قتادة يرفعه احيانا واحيانا لا يرفعه) قال وقت صلوة الظهر مالم يحضر العصر ووقت صلوة العصر مالم تصفر الشمس ووقت المغرب مالم يسقط نور الشفق ووقت العشاء مالم ينتصف الليل ووقت الصبح مالم تطلع الشمس ترجمہ عبد اللہ بن عمرو سی روایت ہی (شعبہ نے کہا کہ قتادہ نے کبھی اسحدیث کو مرفوع کیا (یعنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمودہ بیان کیا) اور کبھی مرفوع نہین کیا) ظہر کی نماز کا وقت جبتک ہی کہ عصر کا وقت نہ آوے اور عصر کا وقت جبتک ہی کہ آفتاب زرد نہ ہو اور مغرب کا وقت جبتک ہی کہ شفق کے تیز ہی جاتی نہ ہو اور عشا کا وقت جبتک ہی کہ آدہی رات نہ گزر جاوے اور فجر کا وقت جبتک ہی کہ آفتاب نہ نکلے **عن** ابی موسى قال اتى النبي صلى الله عليه وسلم سائل يسأله عن مواقيت الصلوة فلم يرد عليه شيئا فامر بلالا فاقام بالفجر حين انشق الفجر وكاد بعض الناس يرى بعضا فاقام بالظهر حين زالت الشمس والسائل لا يعرفها ثم امره فاقام بالعصر والشمس مرتفعة ثم امره فاقام بالمغرب حين غربت الشمس ثم امره فاقام بالعشاء حين غاب الشفق ثم امره بالفجر من الغد حين انصرف

والقائل يقول طلعت الشمس ثم أخر الظهر إلى قريب من وقت العصر بالأمس ثم أخر العصر حتى انصرف والقائل يقول احمرت الشمس ثم أخر المغرب حتى كان عند سقوط الشفق ثم أخر العشاء إلى ثلث الليل ثم قال أين السائل عن وقت الصلاة فقال الرجل أنا ها أنذا يا رسول الله فقال وقت صلاتكم بين ما رأيتم

ترجمہ ابو موسیٰ اشعری سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس ایک شخص نماز کیوقت پوچھتا ہوا آیا آپنے کچھ جواب نہ دیا۔ اور حکم کیا بلال کو انہوں نے تکبیر کہی فجر کی جب صبح صادق ہوئی پھر حکم کیا اون کو انہوں نے تکبیر کہی ظہر کی جب آفتاب ڈھل گیا اور کہنے والا کہتا تھا ابھی دوپہر ہے لیکن آپ خوب جانتے تھے (کہ آفتاب ڈھل گیا ہے) پھر حکم کیا اونکو انہوں نے تکبیر کہی عصر کی اور آفتاب بلند تھا پھر حکم کیا اون کو انہوں نے تکبیر کہی مغرب کی جب آفتاب ڈوب گیا پھر حکم کیا اونکو انہوں نے تکبیر کہی عشا کی جب شفق غائب ہو گئی پھر حکم کیا اونکو دوسرے دن فجر کی نماز کا اور جب نماز سے فارغ ہوئے تو کہنے والا کہتا تھا آفتاب نکل آیا (یعنی بہت دیر کر کی پڑھی) پھر ظہر کے وقت میں یہانتک کہ کل جو وقت عصر پڑھی تھی اوسکے قریب ہو گیا پھر دیر کی عصر میں یہانتک کہ جب عصر پڑھ چکے تو کہنے والا کہتا تھا آفتاب سرخ ہو گیا پھر دیر کی مغرب میں یہانتک کہ شفق دو بجے کا وقت قریب آگیا پھر دیر کی عشا میں تہائی رات تک پھر فرمایا کہ نماز کا وقت ان دونوں وقتوں کے بیچ میں ہے

عن بشیر بن سلام قال دخلت أنا ومحمد بن عمرو على جابر بن عبد الله الأنصاري فسألناه فجعل يحدثنا عن صلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم وذاك زمن الحجاج بن يوسف قال خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم فصلى الظهر حين زالت الشمس وكان الفيء قدر الشراك ثم صلى العصر حين كان الفيء قدر الشراك وظل الرجل ثم صلى المغرب حين غابت الشمس ثم صلى العشاء حين غاب الشفق ثم صلى الفجر حين طلع الفجر ثم صلى من الغد الظهر حين كان الظل طول الرجل مثله ثم صلى العصر حين كان ظل الرجل مثليه قدر ما يسير الراكب سير العنق إلى ذي الحليفة ثم صلى المغرب حين غابت الشمس ثم صلى العشاء إلى ثلث الليل أو نصف الليل شك زهير ثم صلى الفجر فأسفر ثم

ترجمہ بشیر بن سلام سے روایت ہے میں اور امام محمد بن علی بن حسین جابر بن عبد اللہ انصاری پاس گئے اور اون سے کہا ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز بتاؤ اور وہ زمانہ تھا حجاج بن یوسف (ظالم) کا جابر نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے اور آپ نے ظہر کی نماز اوس وقت پڑھی جب آفتاب ڈھل گیا اور سایہ (اصلی) جوتی کے تسمے برابر تھا پھر نماز پڑھی عصر کی جب سایہ آدمی کا اوسکے برابر ہو گیا سو اس سایہ سے جو تسمے کے برابر تھا پھر نماز پڑھی مغرب کے جب آفتاب ڈوب گیا پھر نماز پڑھی عشا کی جب شفق ڈوب گئی پھر نماز پڑھی فجر کی جب صبح صادق نکلی پھر دوسرے دن ظہر کی نماز پڑھی جب سایہ آدمی کا اوس کے برابر ہو گیا (سایہ اصلی سمیت) پھر نماز پڑھی عصر کی جب سایہ آدمی کا اوسکے دوبرابر ہو گیا اتنا دن تھا کہ اگر آدمی مدینہ سے ذوالحلیفہ پر سوار ہو کر متوسط چال سے چلے

توشہ بیک ذوالحلیفہ پہونچ جاوی (ذوالحلیفہ مدینہ سے چھ میل ہے) پھر نماز پڑھی مغرب کی جب آفتاب ڈوب گیا پھر نماز پڑھی عشا کی پھر ہمارے رات کو یا آدھی رات کو شک ہوا دی کو پھر نماز پڑھی فجر کی روشنی میں **کراھیۃ** النوم بعد صلوٰۃ المغرب مغرب کی نماز پڑھ کر سو جانا (عشا سے پہلے) مکروہ ہے **عن** سیار بن سلامۃ قال دخلت علی ابی برزۃ فسالہ ابی کیف کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی المکتوبۃ قال کان یصلی الھجیر التی تدعونھا الاولی حین تدحض الشمس وکان یصلی العصر حین یرجع احدنا الی رحلہ فی اقصی المدینۃ والشمس حیۃ ونسیت ما قال فی المغرب وکان یستحب ان یؤخر العشاء التی تدعونھا العتمۃ وکان یکرہ النوم قبلھا والحدیث بعدھا وکان ینفتل من صلوٰۃ الغداۃ حین یعرف الرجل جلیسہ وکان یقرأ بالستین الی المائۃ **ترجمہ** سیار بن سلامہ سے روایت ہے میں ابوبرزہ پاس گیا تمہارے باپ نے ان سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرض نمازیں کیونکر پڑھتے تھے انہوں نے کہا ظہر کی نماز جسکو تم پہلی نماز کہتے ہو اوسوقت پڑھتے جب آفتاب ڈھل جاتا اور عصر اوسوقت پڑھتے کہ ہم میں سے کوئی اپنے مکان کو پہونچ جاتا اور وہ کنارے مدینہ کی عصر پڑھ کر اور آفتاب صاف اور بلند رہتا اور بھول گیا میں جو ابوبرزہ نے مغرب کے باب میں کہا اور آپ پسند کرتے تھے عشا میں دیر کرنا جسکو تم عتمہ کہتے ہو اور برا جانتے تھے عشا سے پہلے سونے کو اور عشا کی نماز کے بعد باتیں کرنیکو اور صبح کی نماز اب اوس وقت پڑھتے جب ایک ہر شخص اپنے دوست کو پہچاننے لگتا اور پڑھتے تھے ساٹھ آیتوں سے ستر آیتوں تک **اول وقت العشاء** عشا کا اول وقت کیا ہے **عن** جابر بن عبداللہ قال جاء جبرئیل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم حین زالت الشمس فقال قم یا محمد فصل الظھر حین مالت الشمس ثم مکث حتی اذا کان فی الرجل مثلہ جاءہ فقال قم یا محمد فصل العصر ثم مکث حتی اذا غابت الشمس جاءہ فقال قم فصل المغرب فقام فصلاھا حین غابت الشمس سواء ثم مکث حتی اذا ذھب الشفق جاءہ فقال قم فصل العشاء فقام فصلاھا ثم جاءہ حین سطع الفجر فی الصبح فقال قم یا محمد فصل فقام فصلی الصبح ثم جاءہ من الغد حین کان فی الرجل مثلہ فقال قم یا محمد فصل فصلی الظھر ثم جاءہ حین صار ظل کل شیء مثلہ فقال قم یا محمد فصل فصلی العصر ثم جاءہ للمغرب حین غابت الشمس من وقتہ واحدا لم یزل عنہ فقال قم فصل فصلی المغرب ثم جاءہ للعشاء حین ذھب ثلث اللیل الاول فقال قم فصل فصلی العشاء ثم جاءہ حین اسفر جدا فقال قم فصل فصلی الصبح فقال ما بین ھذین وقت کلہ **ترجمہ** جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت ہے حضرت جبرئیل علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آئے جب آفتاب ڈھل گیا دیکھا کہ محمد ظہر کی نماز پڑھو

جیسا آفتاب چمک گیا پھر ٹھہرے رہے جب سایہ ہر ایک آدمی کا اوسکے برابر ہو گیا تو جبرئیل آئے اور کہا اوٹھو ای محمدؐ عصر کی
نماز پڑھو پھر آپ ٹھہرے رہے جب آفتاب ڈوب گیا تو جبرئیل آئے اور کہا اوٹھو ای محمد مغرب کی نماز پڑھو آپ اوٹھے اور مغرب کے
وقت ادا کی جب آفتاب ڈوب گیا تھا پھر آپ ٹھہرے رہے یہانتک کہ جب شفق ڈوب گئی تو جبرئیل آئے اور کہا اوٹھو ای محمد
نماز پڑھو عشا کی آپ کھڑے ہوئے اور عشا کی نماز پڑھی پھر جبرئیل جھوٹھتی ہی (اندھیری منہ) آئے اور کہا اوٹھو ای محمد نماز پڑھو
آپ کھڑے ہوئے اور صبح کی نماز ادا کی پھر دوسرے دن جبرئیل آئے جب سایہ آدمی کا اوسکے برابر ہو گیا اور کہا اوٹھو ای محمد نماز پڑھو آپ نے
ظہر کی نماز پڑھی پھر جبرئیل اوسوقت آئے جب سایہ ہر چیز کا اوسکے دوبرابر ہو گیا اور کہا اوٹھو ای محمد نماز پڑھو آپ نے عصر کی نماز پڑھی
پھر مغرب کے لیے جبرئیل اوسوقت آئے جب آفتاب ڈوب گیا اوسی وقت جسوقت پہلے روز آئے تھے اور کہا اوٹھو ای محمد نماز پڑھو آپ
نے مغرب کے نماز پڑھی پھر عشا کے لیے اوسوقت آئے جب تہائی رات کا گذر گیا اور کہا اوٹھو ای محمد نماز پڑھو پھر جبرئیل اوسوقت آئے جب خوب روشنی ہو گئی اور کہا اوٹھو
ای محمد نماز پڑھو آپ نے نماز پڑھی پھر جبرئیل نے کہا دونوں وقتوں کے بیچ میں نماز کا وقت ہے **باب تعجیل العشاء** عشا کی نماز جلدی کی

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الظُّهْرَ بِالْهَاجِرَةِ وَالْعَصْرَ وَالشَّمْسُ
مُرْتَفِعَةٌ بَيْضَاءُ نَقِيَّةٌ وَالْمَغْرِبَ إِذَا وَجَبَتِ الشَّمْسُ وَالْعِشَاءَ أَحْيَانًا كَانَ إِذَا رَآهُمْ قَدِ اجْتَمَعُوا عَجَّلَ وَإِذَا رَآهُمْ قَدْ أَبْطَئُوا أَخَّرَ

ترجمہ جابر بن عبد اللہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز دوپہر کو پڑھتے تھے
(یعنی آفتاب ڈھلتے ہی) اور عصر کی نماز اوسوقت پڑھتے تھے کہ آفتاب سفید اور صاف ہوتا اور مغرب کی نماز جب آفتاب ڈوب جاتا
اور عشا کی جب دیکھتے کہ لوگ جمع ہو گئے تو جلدی پڑھ لیتے اور جب دیکھتے کہ لوگوں نے دیر کی تو آپ بھی دیر کرتے **باب**
الشفق شفق ڈوبنے کا وقت

عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ أَنَا أَعْلَمُ النَّاسِ بِمِيْقَاتِ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْهَا لِسُقُوْطِ الْقَمَرِ لِثَالِثَةٍ

ترجمہ نعمان بن بشیر سے روایت ہے انہوں نے کہا میں سب لوگوں سے زیادہ جانتا ہوں عشا کا وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عشا اوسی وقت
پڑھتے جسوقت تیسری رات کا چاند ڈوب جاتا ہے **ف** تیسری رات کا چاند دو گھنٹے رات تک رہتا ہے پس اگر چھ بجے
شام ہو تو آٹھ بجے پر گویا عشا کی نماز پڑھے

عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأَعْلَمُ النَّاسِ بِوَقْتِ هٰذِهِ
الصَّلٰوةِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْهَا لِسُقُوْطِ الْقَمَرِ
لِثَالِثَةٍ

ترجمہ نعمان بن بشیر سے روایت ہے انہوں نے کہا قسم خدا کی میں سب لوگوں سے زیادہ اس نماز کیوقت کو جانتا
ہوں یعنی عشا کیوقت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس نماز کو اوسوقت پڑھتے جسوقت تیسری رات کا چاند ڈوبتا ہے **ما**
یستحب من تاخیر العشاء عشا کی تاخیر مستحب ہے

عَنْ سَيَّارِ بْنِ سَلَامَةَ قَالَ دَخَلْتُ أَنَا وَأَبِيْ عَلٰى أَبِيْ بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ فَقَالَ لَهُ أَبِيْ أَخْبِرْنَا كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْمَكْتُوْبَةَ
قَالَ كَانَ يُصَلِّي الْهَجِيْرَ الَّتِيْ تَدْعُوْنَهَا الْأُوْلٰى حِيْنَ تَدْحَضُ الشَّمْسُ وَكَانَ يُصَلِّي الْعَصْرَ ثُمَّ يَرْجِعُ

نَحْنُ إِلَى رَحْلِهِ فِي أَقْصَى الْمَدِينَةِ وَالشَّمْسُ حَيَّةٌ قَالَ وَنَسِيتُ مَا قَالَ فِي الْمَغْرِبِ قَالَ وَكَانَ يَسْتَحِبُّ
أَنْ يُؤَخِّرَ مِنَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ الَّتِي تَدْعُونَهَا الْعَتَمَةَ قَالَ وَكَانَ يَكْرَهُ النَّوْمَ قَبْلَهَا وَالْحَدِيثَ بَعْدَهَا وَكَانَ
يَنْفَتِلُ مِنْ صَلَاةِ الْغَدَاةِ حِينَ يَعْرِفُ الرَّجُلُ جَلِيسَهُ وَكَانَ يَقْرَأُ بِالسِّتِّينَ إِلَى الْمِائَةِ ترجمہ سیار بن سلامہ
سے روایت ہے میں اور میرا باپ میرا دادا ابوبرزہ اسلمی پاس گئے میرے باپ نے ان سے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرض نماز میں
کیسی قرأت کرتے تھے انہوں نے کہا دوپہر کی نماز جسے تم پہلی نماز کہتے ہو وہ تو آفتاب ڈھلے پڑھتے تھے اور عصر کی نماز وہ وقت پڑھتے تھے
کہ ہم میں سے کوئی شخص عصر پڑھ کر اپنے گھر کو شہر کے کنارے پہنچ جاتا اور آفتاب صاف اور بلند رہتا سیار نے کہا میں بھول گیا
ابوبرزہ نے مغرب کی باب میں کیا کہا پھر سیار نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اچھا جانتے تھے عشا کی نماز میں دیر کرنے کو جسے تم عتمہ
کہتے ہو اور برا جانتے تھے عشا کی نماز سے پہلے سونے کو اور عشا کی نماز کے بعد باتیں کرنے کو اور صبح کی نماز آپ اس وقت پڑھ چکتے کہ آدمی اپنے
جان پہچان کو پہچاننے لگتا اور ساٹھ آیتوں سے ستر آیتوں تک اس میں پڑھتے عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ قُلْتُ لِعَطَاءٍ أَيُّ حِينٍ
أَحَبُّ إِلَيْكَ أَنْ أُصَلِّيَ الْعَتَمَةَ إِمَامًا أَوْ خَلْوًا قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ أَعْتَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ بِالْعَتَمَةِ حَتَّى رَقَدَ النَّاسُ وَاسْتَيْقَظُوا وَرَقَدُوا وَاسْتَيْقَظُوا فَقَامَ عُمَرُ فَقَالَ
الصَّلَاةَ الصَّلَاةَ قَالَ عَطَاءٌ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ
يَقْطُرُ رَأْسُهُ مَاءً وَاضِعًا يَدَهُ عَلَى شَوْنِ رَأْسِهِ قَالَ وَأَشَارَ فَاسْتَبَتُّ عَطَاءٌ كَيْفَ وَضَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلَى رَأْسِهِ فَأَوْمَى إِلَيَّ كَمَا أَشَارَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَدَلَّنِي عَطَاءٌ بَيْنَ أَصَابِعِهِ بِشَيْءٍ مِنْ
تَدْيِيرٍ ثُمَّ وَضَعَهَا فَأَنْهَى أَطْرَافَ أَصَابِعِهِ إِلَى مُقَدَّمِ الرَّأْسِ ثُمَّ ضَمَّهَا يَمُرُّ بِهَا كَذَلِكَ عَلَى الرَّأْسِ
حَتَّى مَسَّتْ إِبْهَامَاهُ طَرَفَ الْأُذُنِ يَمَانِيَهُ بِالْوَجْهَةِ ثُمَّ عَلَى الصُّدْغِ وَنَاحِيَةِ الْجَبِينِ لَا يَقْصُرُ وَلَا يَبْطِشُ
شَيْئًا إِلَّا كَذَلِكَ ثُمَّ قَالَ لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي لَأَمَرْتُهُمْ أَنْ لَا يُصَلُّوا عَلَيَّ إِلَّا هَكَذَا ترجمہ ابن
جریج سے روایت ہے میں نے عطا سے کہا تمہارے نزدیک کونسا وقت بہتر ہے عشا پڑھنے کا پسند خواہ میں امام ہو کر پڑھوں یا اکیلے پڑھوں
عطا نے کہا میں نے ابن عباس سے سنا ہے وہ کہتے تھے ایک رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عشا کی نماز میں دیر کی یہاں تک
کہ لوگ سو گئے اور جاگے پھر سو گئے اور جاگے تو عمر خطاب کھڑے ہوئے اور کہنے لگے الصلوٰۃ الصلوٰۃ عطا نے کہا ابن عباس نے کہا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (یہ اور ذکر کیا) نکلے گویا میں ابھی دیکھ رہا ہوں آپ کے سر سے پانی ٹپک رہا تھا اور ایک ہاتھ اپنا
اپنے سر پر ایک طرف رکھے ہوئے تھے ابن جریج نے کہا میں نے عطا سے دریافت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے کیونکر ہاتھ اپنا سر پر رکھا تھا انہوں نے بتلایا جیسے ابن عباس نے بتلایا تھا تو عطا نے اپنی دو انگلیوں کو ذرا کھول کر سر پر رکھا
یہاں تک کہ کنارے دو انگلیوں کے سر کے آگے آگئے پھر دو انگلیوں کو ملا کر ہاتھ کو پھیرا یہاں پر یہاں تک کہ دونوں انگشت نے کان کے اوپر
کنارے پر آگئے جو منہ سے قریب ہے پھر کنپٹی پر اور پیشانی اور ڈاڑھی جلیسہ مسلم کی روایت میں ہے کہ ایک کو لے پر لیکن دونوں ہاتھوں کے

ایکھیو نکو) لیکن باونکو دیکھو نسے پکڑا نہیں (یعنی صرف باون کو دباکر پانی نکالدیا) بس ایسی ہی کیا (یعنی وضو کیا) پھر آپ نے (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے) فرمایا اگر میری اُمت پر مشکل نہ گزرتا تو میں اونکو حکم کرتا اسی وقت نماز پڑھنے کا (یعنی عشا کی نماز اتنی رات گئی پڑھا کریں) عن ابن عباس قال اخر النبی صلی اللہ علیہ وسلم العشاء ذات لیلۃ حتی ذھب من اللیل فقام عمر فنادی الصلوٰۃ یا رسول اللہ رقد النساء والولدان فخرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والماء یقطر من رأسہ ویقول انہ الوقت ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک رات عشا کی نماز میں دیر کی یہانتک کہ رات کا ایک حصہ گزر گیا تب عمر نے کھڑے ہوکے اور پکارا الصلوٰۃ یا رسول اللہ سو گئی بچے اور عورتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ سنکر نکلے اور پانی انکے سر سے ٹپک رہا تھا آپ فرماتے تھے یہی وقت ہے نماز کا عن جابر بن سمرۃ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یؤخر العشاء الاخرۃ ترجمہ جابر بن سمرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دیر کرتے تھے عشا کی نماز میں عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لولا ان اشق علی امتی لامرتھم ان یؤخروا العشاء الی ثلث اللیل او نصفہ عند کل صلوٰۃ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر مشکل نہ گزرتا میری اُمت پر تو میں اونکو حکم کرتا عشا کی نماز میں دیر کرنیکا اور ہر نماز کے لیے مسواک کرنیکا عن عائشۃ قالت اعتم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیلۃ بالعتمۃ فنادا عمر نام النساء والصبیان فخرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقال ما ینتظرھا غیرکم ولم یکن یصلی یومئذ الا بالمدینۃ ثم قال صلوھا فیما بین ان یغیب الشفق الی ثلث اللیل ترجمہ حضرت ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایکرات عشا کی نماز میں دیر کی تو عمر نے آپکو پکارا اور عرض کیا یا رسول اللہ بچے اور عورتیں سو گئے آپ باہر تشریف لائے اور فرمایا اس نماز کا انتظار (روئے زمین پر) اور کوئی نہیں کرتا (ان دنوں میں) سوا تمہارے کوئی نہیں کرتا (ان دنوں میں) سوا مدینہ کے اور کہیں نماز نہیں ہوتی تھی (کیونکہ اسلام پھیلا نہیں تھا) پھر آپ نے فرمایا پڑھا کرو اس نماز کو شفق ڈوبنے سے تہائی رات تک عن عائشۃ ام المؤمنین قالت اعتم النبی صلی اللہ علیہ وسلم ذات لیلۃ حتی ذھب عامۃ اللیل وحتی نام اھل المسجد ثم خرج فصلی وقال انہ لوقتھا لولا ان اشق علی امتی ترجمہ ام المومنین عائشہ رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایکرات عشا کی نماز میں دیر کی یہانتک کہ زیادہ رات گزر گئی اور مسجد کے لوگ سو رہے پھر آپ نکلے اور نماز پڑھائی اور فرمایا کہ یہ نماز اپنے وقت پر ہے اگر میری اُمت پر شاق نہ ہوتا (تو میں عشا کا یہی وقت مقرر کرتا) عن ابن عمر قال کنا ذات لیلۃ ننتظر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعشاء الاخرۃ فخرج علینا حین ذھب ثلث اللیل او بعدہ فقال حین خرج انکم لتنتظرون صلوٰۃ ما ینتظرھا اھل دین غیرکم ولولا ان یثقل علی امتی لصلیت بھم

هٰذِهِ السَّاعَةَ ثُمَّ اَمَرَ الْمُؤَذِّنَ فَاَقَامَ الصَّلٰوةَ صَلّٰى ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے ایک رات ہم ٹھہرے رہے مسجد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتظار کرتے تھے عشا کی نماز کے لیے آپ تشریف لائے جب تہائی رات گزر گئی یا زیادہ پھر آپ نے فرمایا تم لوگ جس نماز کا انتظار کرتے ہو اوسکا انتظار کوئی مذہب والا نہیں کرتا سوا تمہارے اور اگر میری امت پر بار نہ گزرتا تو میں اونکے ساتھ اسی وقت یہ نماز پڑھا کرتا پھر اوسکے بعد آپنے حکم دیا مؤذن کو اوس نے تکبیر کہی آپ نے نماز پڑھائی عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ قَالَ صَلّٰی بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْمَغْرِبِ ثُمَّ لَمْ یَخْرُجْ اِلَیْنَا حَتّٰی ذَهَبَ شَطْرُ اللَّیْلِ فَخَرَجَ فَصَلّٰی بِهِمْ ثُمَّ قَالَ اِنَّ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا وَنَامُوْا وَاَنْتُمْ لَمْ تَزَالُوْا فِیْ صَلٰوةٍ مَا انْتَظَرْتُمُ الصَّلٰوةَ وَلَوْلَا ضَعْفُ الضَّعِیْفِ وَسَقَمُ السَّقِیْمِ لَاَمَرْتُ بِهٰذِهِ الصَّلٰوةِ اَنْ تُؤَخَّرَ اِلٰی شَطْرِ اللَّیْلِ ترجمہ ابوسعید خدری سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی ہمارے ساتھ مغرب کی پھر اپنے گھر کو نہ آئے یہانتک کہ آدھی رات گزر گئی اوسوقت آپ نکلے اور نماز پڑھائی اور فرمایا کہ لوگ نماز پڑھ چکے اور سو رہے اور تم کو نماز کا ثواب ملا کرتا ہے جیسے تم کو یا نماز ہی پڑھ رہی ہو جبتک نماز کا انتظار کرتے رہو اور اگر مجھکو ضعیف کے ضعف کا اور بیمار کی بیمار کا خیال نہ ہوتا تو میں حکم کرتا اس نماز کو آدھی رات کیوقت پڑھنے کا عَنْ حُمَیْدٍ قَالَ سُئِلَ اَنَسٌ اَکَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا قَالَ نَعَمْ اَخَّرَ لَیْلَةً صَلٰوةَ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ اِلٰی قَرِیْبٍ مِّنْ شَطْرِ اللَّیْلِ فَلَمَّا اَنْ صَلّٰی اَقْبَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَیْنَا بِوَجْهِهٖ قَالَ اَلَا اِنَّکُمْ لَنْ تَزَالُوْا فِیْ صَلٰوةٍ مَا انْتَظَرْتُمُوْهَا قَالَ اَنَسٌ کَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی وَبِیْصِ خَاتَمِهٖ فِیْ صَوْتِ عَلِیٍّ اِلٰی شَطْرِ اللَّیْلِ ترجمہ حمید سے روایت ہے انس بن مالک سے سوال ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انگوٹھی پہنی ہے انہوں نے کہا ہاں آپنے ایک رات عشا کی نماز میں دیر کی قریب آدھی رات کے پڑھی پھر جب نماز پڑھ چکے تو ہماری طرف منہ کیا اور فرمایا تم گویا نماز ہی میں ہو جبتک نماز کا انتظار کرتے رہو انس نے کہا گویا میں دیکھ رہا ہوں آپکی انگوٹھی کی چمک کو علی بن حجر کی روایت میں ہے کہ آپ نے عشا کی نماز میں دیر کی آدھی رات تک اَلرُّخْصَةُ فِیْ اَنْ یُّقَالَ لِلْعِشَاءِ الْعَتَمَةُ عشا کی نماز کو عتمہ کہنے کی اجازت ف عرب کے گنوار مغرب کے نماز کو عشا اور عشا کو عتمہ کہا کرتے تھے عتمہ کہتے ہیں تاریکی کو وہ لوگ اس نماز کو اندھیری اور تاریکی میں پڑھتے تھے کیونکہ بعد شفق ڈوبنے کے اپنی جانوروں کا دودھ دوہتے ایک حدیث میں ہے کہ آپنے منع کیا عشا کی نماز کو عتمہ کہنے سے کیونکہ یہ گنواروں کی اصطلاح ہے اور جاہلوں کی پس کیا ضرور ہے کہ اہل علم بھی اونکی اصطلاح پر عمل کریں بلکہ عشا کی نماز کہیں جیسے اللہ اور رسول نے کہا ہے من بعد صلوٰۃ العشاء کلام اللہ میں اور حدیث میں اور جو بعض حدیثوں میں اس نماز کو عتمہ کہا ہے اوسکی تاویل کئی طور پر کی ہے ایک تو یہ کہ یہ اطلاق نہی سے پہلے ہوگا دوسری یہ کہ نہی تنزیہی ہے پس جائز ہے اطلاق عتمہ کا عشا پر تیسری یہ کہ یہ اطلاق اون گنواروں کے سمجھانے کے لیے ہوگا جو عشا کو عتمہ کہتے تھے عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ یَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِی النِّدَآءِ وَالصَّفِّ الْاَوَّلِ ثُمَّ لَمْ یَجِدُوْا اِلَّا اَنْ یَّسْتَهِمُوْا عَلَیْهِ لَاسْتَهَمُوْا وَلَوْ یَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِی

الصَّفِّ الْأَوَّلِ ثُمَّ لَمْ يَجِدُوا إِلَّا أَنْ يَسْتَهِمُوا عَلَيْهِ لَاسْتَهَمُوا وَلَوْ عَلِمُوا مَا فِي التَّهْجِيرِ لَاسْتَبَقُوا إِلَيْهِ وَلَوْ عَلِمُوا مَا فِي الْعَتَمَةِ وَالصُّبْحِ لَأَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر لوگ جانتے کیا کچھ ثواب ہے اذان دینے میں اور اول صفوں میں کھڑے ہونے میں پھر نہ پاتے اس دونوں کو (یعنے اذان دینا نہ ہو سکتا یا صف اول میں نہ مل سکتی) بغیر قرعہ ڈالے (بوجہ ہجوم اور کثرت کے) تو ضرور قرعہ ڈالتے (یعنی اسقدر جھگڑا کرتے کہ اسکا فیصلہ بغیر قرعے کے نہیں ہو سکتا اور جس کے نام پر قرعہ نکلتا وہ اذان دیتا اور اول صفوں میں شریک ہوتا) اور اگر لوگ جانتے کہ ظہر (یا جمعہ) کے لیے سویرے جانے میں جو کچھ ثواب ہے (یا ہر نماز کے اول وقت پڑھنے میں) تو جلدی کرتے اوسطرف اور اگر جانتے جو کچھ ثواب ہے عتمہ (یعنے عشا کی نماز) اور فجر کی نماز میں آنے کا البتہ آتے سرین گھسیٹتے ہوئے (یعنے اگر اپاہج بھی ہوتی چلنے کی طاقت نہ ہوتی تو چوتڑوں کے بھل آتے) **الکراھیۃ فی ذلک**

عشا کی نماز کو عتمہ کہنا مکروہ ہے **عَنِ** ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَغْلِبَنَّكُمُ الْأَعْرَابُ عَلَى اسْمِ صَلَاتِكُمْ هَذِهِ فَإِنَّهُمْ يُعْتِمُونَ عَلَى الْإِبِلِ وَإِنَّهَا الْعِشَاءُ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا غالب آویں تم پر گنوار اس نماز کے نام میں (یعنے ایسا نہ ہو وہ اس نماز کو عتمہ کہنے میں تم پر غالب آویں کیونکہ وہ عتمہ کہنے کو یہ نہ کہو بلکہ تم عشا کی نماز کہا کرو) وہ تو اونٹ پیر اکر دیتے ہیں اپنے اونٹوں پر (یعنے اونٹوں کو وہ دیر میں مصروف رکھتے ہیں) اس نماز کا نام عشا ہے **عَنِ** ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عَلَى الْمِنْبَرِ لَا تَغْلِبَنَّكُمُ الْأَعْرَابُ عَلَى اسْمِ صَلَاتِكُمْ أَلَا إِنَّهَا الْعِشَاءُ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے سنا آپ منبر پر فرماتے تھے دیکھو غالب نہ آجاویں تم پر گنوار اس نماز کے نام میں اسکا نام عشا ہے

اول وقت الصبح صبح کی نماز کا اول وقت کیا ہے **عَنْ** جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ حِينَ تَبَيَّنَ لَهُ الصُّبْحُ ترجمہ جابر بن عبداللہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز اوسوقت پڑھی جب معلوم ہو گیا آپ کو کہ صبح ہو گئی (یعنے روشنی صبح صادق کی دکھلائی دی) **عَنْ** أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهُ عَنْ وَقْتِ الْغَدَاةِ فَلَمَّا أَصْبَحْنَا مِنَ الْغَدِ أَمَرَ حِينَ انْشَقَّ الْفَجْرُ أَنْ تُقَامَ الصَّلَاةُ فَصَلَّى بِنَا فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ أَسْفَرَ ثُمَّ أَمَرَ فَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَصَلَّى بِنَا ثُمَّ قَالَ أَيْنَ السَّائِلُ عَنْ وَقْتِ الصَّلَاةِ مَا بَيْنَ هَذَيْنِ وَقْتٌ ترجمہ انس سے روایت ہے ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور صبح کی نماز کا وقت پوچھا جب دوسرے دن صبح ہوئی تو آپ نے حکم کیا فجر نکلتی ہی نماز کا اور آپ نے نماز پڑھی پھر دوسرے دن جب روشنی ہو گئی تو آپ نے حکم کیا نماز کا اور نماز پڑھائی بعد اوس کے فرمایا کہاں ہے وہ شخص جو نماز کا وقت پوچھتا تھا اندھلون وقتوں کے بیچمیں نماز کا وقت ہے **التغلیس فی الصبح** جب سفر میں ہو تو صبح کی نماز اندھیرے میں پڑھنا **عَنْ** عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُصَلِّي الصُّبْحَ فَيَنْصَرِفُ النِّسَاءُ مُتَلَفِّعَاتٍ بِمُرُوطِهِنَّ مَا يُعْرَفْنَ مِنَ الْغَلَسِ ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی

اوڑھتی تھیں پھر وہ اپنی چادریں لپیٹی جاتیں تہبند (نماز پڑھ کر) پھچانے نہ جاتیں اندھیری سے **عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنَّ**
النِّسَاءُ يُصَلِّينَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ مُتَلَفِّعَاتٍ بِمُرُوطِهِنَّ ثُمَّ يَرْجِعْنَ مَا
يَعْرِفُ بَعْضُهُنَّ بَعْضًا مِنَ الْغَلَسِ ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے عورتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتی تھیں صبح کی اپنی چادریں لپیٹی ہوئیں پھر لوٹ کر جاتیں تو انکو کوئی پہچانتا نہ تھا اندھیرے کے سبب **الْغَلَسِ فِي**
السَّفَرِ سفر میں فجر کی نماز اندھیری سو ہم پڑھنا **عَنْ أَنَسٍ قَالَ صَلَّى لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ**
يَوْمَ خَيْبَرَ صَلَاةَ الصُّبْحِ بِغَلَسٍ وَهُوَ قَرِيبٌ مِنْهُمْ فَأَغَارَ عَلَيْهِمْ وَقَالَ اللَّهُ أَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ
مَرَّتَيْنِ إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے روز (یعنی جب خیبر پر حملہ کیا تھا) صبح کی نماز اندھیرے منہ پڑھی اور آپ قریب تھے خیبر والوں سے پر حملہ کیا اون پر اور فرمایا اللہ بہت بڑا ہے خراب ہو گیا خیبر دو بار ہم جب اوترینگے کسی قوم کے میدان میں تو بری ہو گی صبح اون کی جو ڈرائے گئے (یعنی خراب اور تباہ ہونگے اور ہم فتح پاوینگے ایسا ہی ہوا اللہ تعالیٰ نے خیبر فتح کرا دیا اور تمام مال و اسباب کافروں مسلمانوں کا ہاتھ لگا اور کچھ کافر قتل کیے گئے کچھ جلاوطن ہو گئے کچھ ذمہ میں مسلمانوں کی رعایا بنکر رہنے لگے) **بَابُ**
الْإِسْفَارِ فجر کی نماز روشنی میں پڑھنا **عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَسْفِرُوا**
بِالْفَجْرِ ترجمہ رافع بن خدیج سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روشن کرو فجر کی نماز کو **ف** امام طحاوی حنفی نے اسکے یہ معنی بیان کیے ہیں کہ شروع کرو نماز فجر کی اندھیرے میں لیکن اوسمیں قرأت اتنی کرو کہ نماز تمام ہوتے ہوتے روشنی ہو جاوے اور یہ وجہ اچھی ہے واسطے مطابقت کے اون حدیثوں کے ساتھ جنمیں فجر کی نماز اندھیرے میں پڑھنا منقول ہے **عَنْ**
مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ عَنْ رِجَالٍ مِنْ قَوْمِهِ مِنَ الْأَنْصَارِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَسْفِرُوا
بِالصُّبْحِ فَإِنَّهُ أَعْظَمُ لِلْأَجْرِ ترجمہ محمود بن لبید اپنی قوم کے کئی انصاریوں سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روشن کرو گے تم فجر کی نماز کو اتنا ہی ثواب زیادہ ہو گا **بَابُ** **مَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً مِنَ الصَّلَاةِ**
الصُّبْحِ جس شخص نے فجر کی ایک رکعت پائی کہ آفتاب نکل آیا اوسکا کیا حکم ہے **عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ**
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَدْرَكَ سَجْدَةً مِنَ الصُّبْحِ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَقَدْ أَدْرَكَهَا وَمَنْ أَدْرَكَ
سَجْدَةً مِنَ الْعَصْرِ قَبْلَ أَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَقَدْ أَدْرَكَهَا ترجمہ ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے فجر کی نماز کا ایک سجدہ پالیا سورج نکلنے سے پہلے تو اوس نے پالیا فجر کی نماز کو اور جس شخص نے عصر کی نماز کا ایک سجدہ پالیا سورج ڈوبنے سے پہلے تو اوس نے پالیا عصر کی نماز کو **عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ**
وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً مِنَ الْفَجْرِ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَقَدْ أَدْرَكَهَا وَمَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً
مِنَ الْعَصْرِ قَبْلَ أَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَقَدْ أَدْرَكَهَا ترجمہ ام المومنین عائشہ رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

نے فرمایا جس نے فجر کی ایک رکعت پائی آفتاب نکلنے سے پہلے تو اوس نے فجر کی نماز پالی اور جس نے عصر کی ایک رکعت پائی سورج ڈوبنے سے پہلے تو اوس نے عصر کی نماز پالی **اٰخِرُ وَقْتِ الصُّبْحِ** صبح کا اخیر وقت کیا ہے **عَنْ** انس بن مالک قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی الظھر اذا زالت الشمس ویصلی العصر بین صلوتیکم ھاتین ویصلی المغرب اذا غربت الشمس ویصلی العشاء اذا غاب الشفق فمد علی ذلک ویصلی الصبح الی ان ینفسح البصر ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز اوس وقت پڑھتے تھے جب آفتاب ڈھل جاتا اور عصر کی نماز تمہارے ظہر اور عصر کے بیچمیں پڑھتے تھے (یعنے عصر تم سے پہلی پڑھتے تھے) اور مغرب آفتاب ڈوبتے ہی پڑھتے تھے اور عشا جب شفق ڈوب جاتی تو پڑھتے اور فجر کی نماز یہانتک پڑھتے کہ اجالا پھیلجاتی (یعنے روشنی ہوجاتی اور سب چیزیں دکھلائی دینے لگتیں) **مَنْ اَدْرَکَ رَکْعَۃً مِّنَ الصَّلٰوۃِ** جس نے ایک رکعت کسی نماز کی پالی **عَنْ** ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من ادرک من الصلوۃ رکعۃ فقد ادرک الصلوۃ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے نماز کی ایک رکعت پالی تو اوس نے وہ نماز پالی **فائدہ** اس حدیث سے کئی مسائل نکلتے ہیں۔ ایک یہ کہ جس نے نماز کا وقت ایک رکعت کے موافق پالیا جیسے حائضہ پاک ہوگئی یا لڑکا بالغ ہوگیا یا دیوانہ ہوشیار ہوگیا تو وہ نماز اوسکو ادا کرنا لازم ہوگئی دوسری یہ کہ جسنے ایک رکعت وقت کے اندر پڑھ لی پھر وقت گزر گیا جیسے فجر کی ایک رکعت پڑھ چکا تھا کہ آفتاب نکل آیا یا عصر کی ایک رکعت پڑھ چکا تھا کہ آفتاب ڈوب گیا تو وہ اپنی نماز پوری کرلیوے اور نماز اوسکی ادا ہوئی نہ قضا تیسری یہ کہ جو شخص امام کو تشہد ایک رکعت پالیوے تو اوس نے جماعت کا ثواب پالیا **عَنْ** ابی ھریرۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من ادرک رکعۃ من الصلوۃ فقد ادرکھا ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے (جسنے ایک رکعت کسی نماز کی پالی تو اوس نے وہ نماز پالی **عَنْ** ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من ادرک رکعۃ من الصلوۃ فقد ادرک الصلوۃ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے ایک رکعت پائی اوس نے وہ نماز پالی **عَنْ** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ادرک من الصلوۃ رکعۃ فقد ادرکھا ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے نماز کی ایک رکعت پائی اوس نے نماز پالی **عَنِ** ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من ادرک رکعۃ من الجمعۃ او غیرھا فقد تمت صلوتہ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے جمعے کی یا اور کسی نماز کی ایک رکعت پائی تو اوسکی نماز پوری ہوگئی (یعنے وہ نماز اوسکو ملگئی اب اگر ایک جمعے کی ایک رکعت پائی تو گویا جمعہ ملگیا ایک رکعت اور پڑھ لیوے) **عَنْ** سالم ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من ادرک رکعۃ من صلوۃ من الصلوات فقد ادرکھا الا انہ یقضی ما فاتہ ترجمہ سالم سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے

ایکرکعت پالی کسی نماز کی تو اوس نے وہ نماز پالی مگر جسقدر رجاتی رہی وسکو ادا کرلے **الساعات التی** **نھی عن الصلوٰۃ فیھا** جن اوقات مین نماز پڑہنا منع ہی اونکا بیان **عن** عبداللہ الصنابحی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال الشمس تطلع ومعھا قرن الشیطان فاذا ارتفعت فارقھا فاذا استوت قارنھا فاذا زالت فارقھا فاذا دنت للغروب قارنھا فاذا غربت فارقھا ونھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن الصلوٰۃ فی تلک الساعات ترجمہ عبداللہ صنابحی سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آفتاب نکلتا ہے اور اوس کے ساتھ شیطان کی چوٹیان ہوتی ہین (یعنی شیطان اپنا سر اوسپر رکھدیتا ہی چوٹیان اوسکی آفتاب کے دونون طرف ہوتی ہین غرض اوسکی یہ ہوتی ہے کہ جو لوگ آفتاب کو پوجین اونکا پونہ) اور سجدہ میرے لیے ہو پھر جب آفتاب بلند ہوجاتا ہی تو شیطان الگ ہوجاتا ہی پھر جب سیدھا ہوتا ہی دوپہر کو تو شیطان اوسکے نزدیک ہوجاتا ہی پھر جب ڈھلجاتا ہے تو الگ ہوجاتا ہے پھر جب ڈوبنے لگتا ہی تو اوسکے نزدیک ہوجاتا ہی پھر جب ڈوب جاتا ہے تو الگ ہوجاتا ہے منہ کرتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان وقتون مین نماز پڑہنے سے **ف** یعنی طلوع اور غروب اور دوپہر کو اب یہ ممانعت عام ہے ہر ایک نماز کی لیے فرض ہو یا نفل بشرطیکہ وہ فرض ہو جسکا وقت جاتا ہو تو بالاتفاق درست ہی بلا امام ابوحنیفہ کا قول ہی اور شافعی اور ایک طائفہ علما کا یہ قول ہی کہ ان سب وقتون مین نماز پڑہنا جائز ہی بلا کراہت کے اور امام احمد کے نزدیک طلوع کا دوگانہ ادا کرنا جائز ہی بدلیل حدیث جبیر بن مطعم کے جو آگے آتی ہی **عن** عقبۃ بن عامر الجھنی یقول ثلث ساعات کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینھانا ان نصلی فیھن او نقبر فیھن موتانا حین تطلع الشمس بازغۃ حتی ترتفع وحین یقوم قائم الظھیرۃ حتی تمیل وحین تضیف الشمس للغروب حتی تغرب ترجمہ عقبہ بن عامر سے روایت ہی وہ کہتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو منع کرتے تھے تین وقتون مین نماز پڑہنے سے یا جنازہ دفن کرنے سے **ف** بعضون نے کہا ہی کہ مراد دفن کے تیسے نماز جنازہ ہے ورنہ دفن ہر وقت جائز ہی اور **نووی** نے کہا یہ تاویل بھی ضعیف ہی اسلیے کہ نماز جنازہ ان اوقات مین جائز ہے بلا کراہت بالاجماع پس ٹھیک یہ ہی کہ مقصود ممانعت ہی دفن سے ان اوقات مین جب قصداً ان اوقات کا انتظار کیا جاوے لیکن اگر بغیر قصد کے اتفاقاً یہ اوقات آجاوین تو دفن مین کوئی کراہت نہین ہی مین کہتا ہون کہ حنفیہ کے نزدیک نماز جنازہ بھی ان اوقات مین مکروہ ہے جب قصداً ہو پس دعوے اجماع کا مسلم نہین ہوسکتا **ان** ایک تو خود آفتاب نکل رہا ہے تک کہ بلند ہوجاوے دوسرے جسوقت ٹھیک دوپہر ہو یہانتک کہ آفتاب ڈہل جاوے تیسرے جسوقت آفتاب چمک جاوے ڈوبنے کو یہانتک کہ ڈوب جاوے **الناھی عن الصلوٰۃ بعد الفجر حتی تطلع الشمس وبعد العصر حتی تغرب** نماز **عن** ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نھی عن الصلوٰۃ بعد العصر حتی تغرب الشمس وعن الصلوٰۃ بعد الصبح حتی تطلع الشمس ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا نماز پڑہنے سے عصر کے بعد یہانتک کہ آفتاب ڈوب جاوے اور فجر کے بعد یہانتک کہ آفتاب نکل آوے **عن** ابن عباس قال سمعت غیر واحد من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم منھم عمر

وَكَانَ مَنْزِلُهُمْ إِلَى أَنْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الْفَجْرِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ
وَعَنِ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ ترجمہ عبید اللہ بن عباس سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کی کئی اصحاب سے سنا اور میں عمر سے بھی سنی اور وہ سب سے زیادہ جمتی تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آپ نے منع کیا نماز پڑھنے
سے بعد فجر کے یہانتک کہ آفتاب نکل آوے اور بعد عصر کے یہانتک کہ آفتاب ڈوب جاوے **باب** النَّهْيِ عَنِ الصَّلٰوةِ عِنْدَ
طُلُوعِ الشَّمْسِ آفتاب نکلتے نماز پڑھنے کی ممانعت **عَنِ** ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَتَحَرَّى
أَحَدُكُمْ فَيُصَلِّي عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَعِنْدَ غُرُوبِهَا ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا تم میں سے کوئی قصد انماز نہ پڑھے جب آفتاب نکلتا ہو یا ڈوبتا ہو **عَنِ** ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
نَهَى أَنْ يُصَلَّى مَعَ طُلُوعِ الشَّمْسِ أَوْ غُرُوبِهَا ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا
نماز پڑھنے سے آفتاب نکلتے یا ڈوبتے **النَّهْيُ عَنِ الصَّلٰوةِ** نِصْفَ النَّهَارِ ٹھیک دوپہر کو نماز پڑھنے کی ممانعت **عَنْ**
عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ يَقُولُ ثَلَاثُ سَاعَاتٍ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَانَا أَنْ نُصَلِّيَ فِيهِنَّ
أَوْ نَقْبُرَ فِيهِنَّ مَوْتَانَا حِينَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ بَازِغَةً حَتّٰى تَرْتَفِعَ وَحِينَ يَقُومُ قَائِمُ الظَّهِيرَةِ حَتّٰى تَمِيلَ
وَحِينَ تَضَيَّفُ لِلْغُرُوبِ حَتّٰى تَغْرُبَ ترجمہ عقبہ بن عامر سے روایت ہے تین وقتوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمکو
منع کرتے تھے نماز پڑھنے سے یا مردے دفنانے سے ایک تو جب آفتاب نکلے یہانتک کہ بلند ہو جاوے دوسری جب ٹھیک دوپہر کو ہو
یہانتک کہ جھک جاوے آفتاب تیسرے جب ڈوبنے کو ہو یہانتک کہ ڈوب جاوے **النَّهْيُ عَنِ الصَّلٰوةِ** بَعْدَ الْعَصْرِ
عصر کے بعد نماز پڑھنے کی ممانعت **عَنْ** أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ يَقُولُ نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ
الصَّلٰوةِ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَطْلُعَ وَعَنِ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ ترجمہ ابو سعید خدری سے روایت
ہے منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز سے بعد صبح کے آفتاب نکلنے تک اور نماز سے بعد عصر کے آفتاب ڈوبنے تک **عَنْ** أَبِي
سَعِيدِنِ الْخُدْرِيِّ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا صَلٰوةَ بَعْدَ الْفَجْرِ
حَتّٰى تَبْزُغَ الشَّمْسُ وَلَا صَلٰوةَ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ ترجمہ ابو سعید خدری سے روایت ہے کہتے تھے
نی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے فجر کے بعد نماز نہیں ہے جبتک آفتاب نکلے اور عصر کے بعد نماز نہیں ہے
جبتک آفتاب ڈوبے **عَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الْعَصْرِ ترجمہ عبد اللہ بن
عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا نماز سے بعد عصر کے **عَنْ** عَائِشَةَ رضہ قَالَتْ أَوْهَمَ عُمَرُ رضہ
إِنَّمَا نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَتَحَرَّوْا بِصَلٰوتِكُمْ طُلُوعَ الشَّمْسِ وَلَا غُرُوبَهَا فَإِنَّهَا
تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ ترجمہ حضرت ام المومنین عائشہ سے روایت ہے وہم ہو گیا حضرت عمر کو (کہ منع کرنے لگے عصر کے
بعد دو رکعت پڑھنے سے) حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے اسبات سے کہ قصد اتم اپنی نماز کو آفتاب نکلتے یا ڈوبتے

نہ پڑھو کیونکہ وہ نکلتا ہے شیطان کے دو رلغون میں عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا طلع حاجب الشمس فاخروا الصلوٰۃ حتی تشرق فاذا غاب حاجب الشمس فاخروا الصلوٰۃ حتی تغرب ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسوقت نکل آوے کنارہ آفتاب کا تو دیر کرو نماز پڑھنے میں یہانتک کہ بلند اور روشن ہو جاوے اور جب ڈوب جاوے کنارہ آفتاب کا تو دیر کرو نماز میں یہانتک کہ بالکل ڈوب جاوے

عن عمرو بن عبسۃ یقول قلت یا رسول اللہ ھل من ساعۃ اقرب من الاخری او ھل من ساعۃ ینبغی ذکرھا قال نعم ان اقرب ما یکون الرب عز وجل من العبد جوف اللیل الاخر فان استطعت ان تکون ممن یذکر اللہ عز وجل فی تلک الساعۃ فکن فان الصلوٰۃ محضورۃ مشھودۃ حتی تری الطلوع الشمس فانھا تطلع بین قرنی شیطان وھی ساعۃ صلوٰۃ الکفار فدع الصلوٰۃ حتی ترتفع قید رمح او رمحین فان الصلوٰۃ محضورۃ مشھودۃ حتی یعتدل الرمح بنصف النھار فانھا ساعۃ تسجر فیھا ابواب جھنم وتشجر فدع الصلوٰۃ حتی یفیئ الفیٔ ثم الصلوٰۃ محضورۃ مشھودۃ حتی تغیب الشمس فانھا تغیب بین قرنی شیطان وھی صلوٰۃ الکفار ترجمہ عمرو بن عبسہ سے روایت ہے میں عرض کیا یا رسول اللہ کیا کوئی وقت ایسا ہی ہیں اللہ سے نزدیک زیادہ ہو یا اوس وقت میں اللہ کی یاد کیجاوے آپنے فرمایا ہاں رات کے وقتوں سے زیادہ بندہ اللہ کے نزدیک ہوتا ہے پچھلی رات کو کیونکہ اوسوقت پروردگار عالم جلشانہ اوترتا ہے پہلے آسمان پر پس اگر تجھسے ہو سکے کہ تو اللہ کی یاد کرنیوالوں میں سے ہو اوسوقت میں تو ہو جا کیونکہ اوسوقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں نماز میں رتو امید ہے کہ وہ جلدی قبول ہو) آفتاب نکلو تک اسلیے کہ آفتاب نکلتا ہے شیطان کی دو چوٹیوں کی بیچ میں اور یہ وقت ہے کافروں کی نماز کا تو اوسوقت (جب آفتاب نکل رہا ہو) نماز نہ پڑھ یہانتک کہ ایک نیزے برابر بلند ہو جاوے اور اوسکی شعاع جاتی رہے پھر فرشتے حاضر ہوتے ہیں اور شریک رہتے ہیں نماز میں یہانتک کہ آفتاب سیدھا ہو جاتا ہے دوپہر کو (یعنی کسی طرف اوسکا سایہ نہیں پڑتا) جیسے نیزہ سیدھا ہو جاتا ہے اوسوقت جہنم کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور وہ بھڑکایا جاتا ہے تو اوسوقت نماز چھوڑ دے یہانتک کہ سایہ پڑنے لگے (آفتاب کے ڈھل جانے سے) پھر نماز میں فرشتے حاضر اور شریک رہتے ہیں آفتاب ڈوبنے تک کیونکہ وہ ڈوبتا ہے شیطان کے دو چوٹیوں کے بیچ میں اور یہ وقت کافروں کی نماز کا ہے الرخصۃ فی الصلوٰۃ بعد العصر عصر کے بعد نماز پڑھنے کی ممانعت

عن علی قال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن صلوٰۃ بعد العصر الا ان تکون الشمس بیضاء نقیۃ من تقعۃ ترجمہ حضرت علی سے روایت ہے کہتا ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کے بعد نماز پڑھنے سے مگر جب آفتاب سفید صاف اور اونچا ہو عن عائشۃ ما ترک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم التجلتین بعد العصر عندی قط ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی پیچھے دو رکعتیں جو میرے پاس آنکر پڑھا کرتے رہے کبھی ناغہ نہیں کیں عن عائشۃ قالت ما دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد العصر الا

صَلَّاهُمَا ترجمہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب عصر کے بعد میرے پاس آتے تو دو رکعتیں پڑھتے عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ عِنْدِي بَعْدَ الْعَصْرِ صَلَّاهُمَا ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب عصر کے بعد میرے یہاں ہوتے تو دو رکعتیں پڑھتے عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ صَلَّوْتَانِ عَامَّتُهُمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِي سِرًّا وَعَلَانِيَةً رَكْعَتَانِ قَبْلَ الْفَجْرِ وَرَكْعَتَانِ بَعْدَ الْعَصْرِ ترجمہ حضرت عائشہ نے کہا دو نمازوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی ناغہ نہیں کیا میرے گھر میں چھپے اور کھلے دو رکعتیں فجر سے پہلے اور دو رکعتیں عصر کے بعد عَنْ أَبِي سَلَمَةَ أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيهِمَا بَعْدَ الْعَصْرِ فَقَالَتْ إِنَّهُ كَانَ يُصَلِّيهِمَا قَبْلَ الْعَصْرِ ثُمَّ إِنَّهُ شُغِلَ عَنْهُمَا أَوْ نَسِيَهُمَا فَصَلَّاهُمَا بَعْدَ الْعَصْرِ وَكَانَ إِذَا صَلَّى صَلَاةً أَثْبَتَهَا ترجمہ ابوسلمہ سے روایت ہے انہوں نے پوچھا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ان دو رکعتوں کو جنکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عصر کے بعد پڑھا کرتے تھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا آپ ان دو رکعتوں کو عصر سے پہلے پڑھا کرتے تھے ایکبار آپکو کچھ کام ہو گیا یا آپ بھول گئے تو ان دو رکعتوں کو عصر کے بعد پڑھ لیا اور آپ جب کوئی نماز پڑھتے تو مضبوطی سے پڑھتے (یعنی ہمیشہ اور مسکو پڑھا کرتے) عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فِي بَيْتِهَا بَعْدَ الْعَصْرِ رَكْعَتَيْنِ مَرَّةً وَاحِدَةً وَأَنَّهَا ذَكَرَتْ ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ هُمَا رَكْعَتَانِ كُنْتُ أُصَلِّيهِمَا بَعْدَ الظُّهْرِ فَشُغِلْتُ عَنْهُمَا حَتَّى صَلَّيْتُ الْعَصْرَ ترجمہ ام المؤمنین ام سلمہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انکے گھر میں عصر کے بعد دو رکعتیں پڑھیں انہوں نے آپ سے ذکر کیا (کہ یہ رکعتیں خلاف معمول آپنے کیسی پڑھیں) آپنے فرمایا یہ وہ دو رکعتیں ہیں جنکو ظہر کے بعد میں پڑھتا تھا آج میں ادھر مشغول ہو گیا (یا بھول گیا) پڑھ نہ سکا یہانتک کہ عصر پڑھ لی (تو میں نے عصر کے بعد ان رکعتوں کو پڑھ لیا) عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ شُغِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْعَصْرِ فَصَلَّاهُمَا بَعْدَ الْعَصْرِ ترجمہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کام ہو گیا آپ عصر کے پہلے دو رکعتیں پڑھ نہ سکے تو آپ نے عصر کے بعد پڑھ لیں **الرُّخْصَةُ فِي الصَّلَاةِ قَبْلَ غُرُوبِ الشَّمْسِ** آفتاب ڈوبنے سے پہلے نماز پڑھنے کی اجازت عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُدَيْرٍ قَالَ سَأَلْتُ مُلَاحِقًا عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ غُرُوبِ الشَّمْسِ فَقَالَ كَانَ عِنْدَ ابْنِ الزُّبَيْرِ يُصَلِّيهِمَا فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ مُعَاوِيَةُ مَا هَاتَانِ الرَّكْعَتَانِ عِنْدَ غُرُوبِ الشَّمْسِ فَاضْطَرَّ الْحَدِيثُ إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْعَصْرِ فَشُغِلَ عَنْهُمَا فَرَكِعَهُمَا حِينَ غَابَتِ الشَّمْسُ فَلَمْ أَرَهُ يُصَلِّيهِمَا قَبْلَ وَلَا بَعْدُ ترجمہ عمران بن حدیر سے روایت ہے میں نے لاحق سے پوچھا ان دو رکعتوں کو جو پڑھی جاتی ہیں آفتاب ڈوبنے سے پہلے انہوں نے کہا عبداللہ بن زبیر ان کو پڑھا کرتے ہیں تو معاویہ نے ان سے کہلا بھیجا یہ دو رکعتیں کیسی آفتاب ڈوبنے کی وقت (یعنی تم کیوں پڑھتے ہو) انہوں نے ام سلمہ سے کہا ام سلمہ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عصر کے پہلے دو رکعتیں پڑھا کرتی تھے

ایک روز آپ کو کام ہو گیا تو آپ نے آفتاب ڈوبے اونکو پڑھا پھر میں نے انکو پڑھتے نہیں دیکھا ہے کعب اور نہ اس سے پہلے **الرخصة** فی الصلوٰۃ قبل المغرب سنت سے پہلے نماز پڑھنا عن ابی الخیر ان اباتمیم الجیشانی قام لیرکع رکعتین قبل المغرب فقلت لعقبة بن عامر انظر الی هذا ای صلوٰة یصلی فالتفت الیه فسمعه فقال هذه صلوٰة کنا نصلیها علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم ترجمہ ابوالخیر سے روایت ہے ابوتمیم جیشانی کھڑے ہوئے مغرب سے پہلے دو رکعت (نفل) پڑھنے کو میں نے عقبہ بن عامر سے کہا دیکھو یہ کونسی نماز پڑھتے ہیں انہوں نے دیکھا تو انہوں نے کہا یہ وہ نماز ہے جسکو ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں پڑھا کرتے تھے **الصلوٰة بعد** طلوع الفجر بعد فجر ہو جانیکے نماز پڑھنا عن حفصة انها قالت کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا طلع الفجر لا یصلی الا رکعتین خفیفتین ترجمہ ام المومنین حفصہ رضؓ سے روایت ہے جب فجر ہو جاتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز نہیں پڑھتے تھے مگر دو رکعتیں ہلکی ہلکی (یعنے فجر کی سنتیں) پڑھتے تھے اور کوئی نفل نہیں پڑھتے تھے **اباحة** الصلوٰة الی ان یصلی الصبح بعد فجر ہو جانے کے نماز پڑھنا (یعنے نفل) فرض ہونیکے تک عن عمرو بن عبسة قال اتیت رسول الله صلی الله علیه وسلم فقلت یا رسول الله من اسلم معک قال حر و عبد قلت هل من ساعة اقرب الی الله عزوجل من اخری قال نعم جوف اللیل الاوسط فصل ما بدا لک حتی تصلی الصبح ثم انته حتی تطلع الشمس وما دامت وقال ایوب فما دامت کانها جفنة حتی تنشر ثم صل ما بدا لک حتی یقوم العمود علی ظله ثم انته حتی تزول الشمس فان جهنم تسجر نصف النهار ثم صل ما بدا لک حتی تصلی العصر ثم انته حتی تغرب الشمس فانها تغرب بین قرنی شیطان وتطلع بین قرنی شیطان ترجمہ عمرو بن عبسہ سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا اور عرض کیا کہ آپ کے ساتھ کون کون لوگ اسلام لائے آپنے فرمایا ایک آزاد شخص (یعنے ابوبکر صدیق رضؓ) اور ایک غلام (یعنے بلال رضؓ) میں نے عرض کیا کیا کوئی گھڑی ایسی ہے جسمیں دوسری وقتوں سے زیادہ اللہ کا قرب ہو آپنے فرمایا ہاں رات کا آخیر حصہ اوسوقت جتنی نماز چاہے نفل نماز پڑھ فجر کی نماز تک پھر ٹھہر جا یہانتک کہ آفتاب نکلے اور ڈال کیطرح رہے (یعنے اوسکی روشنی پھیلے) یہانتک کہ پھیل جاوے پھر جتنی چاہے اتنی نماز پڑھ یہانتک کہ ستون اپنے سایہ پر کھڑا ہو (یعنے اوسکا سایہ نہ پڑے ادھر نہ ادھر) ٹھیک دوپہر کو بعض ملکوں میں بلکہ کسی میں ایسا ہو جاتا ہے) پھر ٹھہر جا یہانتک کہ آفتاب ڈھل جاوے کیونکہ جہنم سلگایا جاتا ہے ہی دوپہر کو پھر نماز پڑھ (نفل) عصر کی نماز تک پھر ٹھہر جا یہانتک کہ آفتاب ڈوب جاوے کیونکہ وہ ڈوبتا ہے شیطان کے دو چوٹیوں میں اور نکلتا ہے شیطان کی دو چوٹیوں میں **اباحة** الصلوٰة فی الساعات کلها بہر گھڑی میں ہر وقت نماز کا درست ہونا (خواہ دوپہر ہو یا آفتاب ڈھلتا ہو یا ڈوبتا ہو) عن جبیر بن مطعم ان النبی صلی الله علیه وسلم قال یا بنی عبد مناف لا تمنعوا احدا طاف بهذا البیت وصلی ای ساعة شاء من

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں دو نمازوں کو۔ نووی نے کہا علمانے ہر مقام پر کئی تاویلیں کی ہیں اور غزنوی نے اپنی آخیر کتاب میں کہا ہے کہ میری کتاب میں کوئی حدیث ایسی نہیں ہے جسکی ترک پر امت نے اتفاق کیا ہو مگر حدیث ابن عباس کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمع کیا بغیر خوف کے اور بغیر بارش کے اور حدیث شراب پینے والیکی کہ چوتھی مرتبہ اسکو قتل کرو غیر شراب پینے والی کے قتل کے حدیث تو منسوخ ہے ہی امت کے اتفاق سے لیکن حدیث ابن عباس کے تو نہیں اتفاق کیا ہے امت نے اوسکے ترک پر بلکہ ان کے اقوال مختلف ہیں اس حدیث میں بعض کہتے ہیں کہ جمع میں کہ بارش کے عذر کیوجہ سے تھا اور باطل ہے کہ بارش کے عذر کیوجہ سے تھا اور باطل ہے کہ بارش تھی اسکو دوسری روایت جسمیں بغیر خوف ولا مطر ہے اور بعض کہتے ہیں کہ یہ واقعہ ابر کیحالت کا تھا آپنے ظہر کی نماز پڑھی پھر ابر کھل گیا تو معلوم ہوا کہ عصر کا وقت آگیا آپنے عصر کی بھی نماز پڑھ لی اور یہ باطل ہے اسوجہ سے کہ اسی حدیث میں ہے جمع کیا آپنے درمیان مغرب اور عشا کے پس کہا اوسنے دو نمازوں کو ہوا مغرب اور عشا میں ابھی حالانکہ دیکھا مغرب اور عشا میں ممکن نہیں ہوا اور بعضوں نے کہا کہ مراد جمع صوری ہے یعنی ظہر کو آخر وقت پڑھا اور عصر کو اول وقت ادا کیا ایسا ہی مغرب اور عشا میں کیا جیسا کہ نسائی کی روایت میں ہے کہ آپنے ظہر کی نماز میں دیر کی اور عصر کی نماز میں جلدی کی پس ظاہر اجمع ہوا فی الحقیقت جمع نہ تھا لیکن یہ تاویل بھی ضعیف ہے یا باطل ہے اسلیے کہ ظاہر کے مخالف ہے اور ابن عباس کا قول جب انہوں نے خطبہ پڑھا اور دلیل امامانکا حدیث ہے اور تصدیق کرنا ابوہریرہ کا ان کے قول کو رد کرتا ہے اس تاویل کو علاوہ اسکے ابن عباس کا یہ کہنا کہ مقصود اس جمع سے یہ تھا کہ آپ کی امت پر حرج نہ ہو اسی وقت بن سکتا ہے جب جمع حقیقی مراد ہو اور اگر جمع صوری مراد ہو تو بعض قسم حرج کی زیادتی حرج لازم آتی ہے اسلیے کہ پہچاننا آخر اور اول وقت کا اسطرح سے کہ جیسا ایک نماز کا سلام پھیرنا تو دوسری نماز کا وقت آجاوے عام پر کیا خواص پر بھی دشوار ہے اور بعضوں نے یہ تاویل کی ہے کہ یہ حدیث محمول ہے بیماری کیحالت پر یا اور کسی عذر پر اور یہی قول ہے امام احمد اور قاضی حسین کا اور اسی کو اختیار کیا ہے خطابی اور متولی اور رویانی نے اور یہی مختار ہے تاویل میں لیکن رد کرتا ہے اسکو فعل ابن عباس کا اگر مرض یا عذر مسلم جاری اسطرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ثابت ہوا اور صحابہ کے لیے جو جمع میں شریک تھے دشوار ہے تو نووی نے کہا ایک جماعت امامزن کی اسطرف گئی ہے کہ جمع کرنا دو نمازوں میں جائز ہے حضر میں بشرطیکہ اسکی عادت نہ کرلے اور یہی قول ہے ابن سیرین اور اشہب کا اصحاب میں سے امام مالک کے اور نقل کیا ہے اوسکو خطابی نے قفال شاشی سے اور انہوں نے ابو اسحاق مروزی سے انہوں نے ایک جماعت سے اہل حدیث کہ اوسی کو اختیار کیا ہے ابن منذر نے اور مؤید ہے اسکو ظاہر قول ابن عباس کا کہ حرج نہ ہو اوسکی امت پر تو نہیں بیان کیا مرض اور غیر مرض کو (نووی مع زیادۃ)

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ صَلّٰى بِالْبَصْرَةِ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ لَيْسَ بَيْنَهُمَا شَيْءٌ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ لَيْسَ بَيْنَهُمَا شَيْءٌ فَعَلَ ذٰلِكَ مِنْ شُغْلٍ وَزَعَمَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ صَلّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ الْاُوْلٰى وَالْعَصْرَ ثَمَانَ سَجَدَاتٍ لَيْسَ بَيْنَهُمَا شَيْءٌ ترجمہ ابن عباس کی روایت ہے انہوں نے بصرہ میں پہلی نماز (یعنی ظہر کی نماز) اور عصر کی نماز پڑھی بیچمیں کوئی نماز نہیں پڑھی (یعنی نفل نہیں پڑھا) اور مغرب اور عشا کی اسی طرح پڑھی بیچ میں کوئی نماز نہیں پڑھی کسی کام کیوجہ سے ایسا کیا ابن عباس نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ میں ظہر اور عصر کی آٹھ رکعتیں پڑھیں بیچ میں اون کے کوئی نماز نہیں **الوقت الاول**

يَجْمَعُ فِيهِ الْمُسَافِرُ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ مسافر مغرب اور عشا کو وقت جمع کرے حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ شَيْخٌ مِنْ قُرَيْشٍ قَالَ صَحِبْتُ ابْنَ عُمَرَ إِلَى الْحُلَيْفَةِ فَلَمَّا غَرَبَتِ الشَّمْسُ رَأَيْتُ أَنْ أَقُولَ لَهُ الصَّلَاةَ فَسَارَ حَتَّى ذَهَبَ بَيَاضُ الْأُفُقِ وَضَمَّةُ الْعِشَاءِ ثُمَّ نَزَلَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثَلَاثَ رَكَعَاتٍ ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ عَلَى إِثْرِهَا ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ ترجمہ اسمٰعیل بن عبدالرحمن سے روایت ہے میں عبداللہ بن عمر کے ساتھ ہرا احی تک (جو ایک مقام کا نام ہے قریب مکے کے) جب آفتاب ڈوب گیا تو میں ڈرا اون سے یہ کہنے میں کہ نماز کا وقت آ گیا وہ چلے گئے یہانتک کہ سفیدی آسمان کے کنارے کی جاتی رہی اور سیاہی چھا گئی عشا کی اوسوقت اوترے اور مغرب کی تین رکعتیں پڑھیں پھر (عشا کی) دو رکعتیں اسکے بعد پڑھیں پھر کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا عَجَّلَهُ السَّيْرُ فِي السَّفَرِ يُؤَخِّرُ صَلَاةَ الْمَغْرِبِ حَتَّى يَجْمَعَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْعِشَاءِ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ کو جلدی ہوتی چلنے کی سفر میں تو آپ دیر کرتی مغرب کے نماز میں یہانتک کہ جمع کرتے مغرب اور عشا کو عَنْ جَابِرٍ قَالَ غَابَتِ الشَّمْسُ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ فَجَمَعَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ بِسَرِفَ ترجمہ جابر سے روایت ہے آفتاب ڈوب گیا اوسوقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکے میں تھے پھر جمع کیا دونوں نمازوں کو سرف میں جاکر سرف ایک موضع ہے کئی کوس مکے کی عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا عَجَّلَ بِهِ السَّيْرُ يُؤَخِّرُ الظُّهْرَ إِلَى وَقْتِ الْعَصْرِ فَيَجْمَعُ بَيْنَهُمَا وَيُؤَخِّرُ الْمَغْرِبَ حَتَّى يَجْمَعَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْعِشَاءِ حِينَ يَغِيبُ الشَّفَقُ ترجمہ ابن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب جلدی ہوتی چلنے کی تو آپ دیر کرتے ظہر میں عصر کے وقت تک پھر جمع کرلیتے ان دونوں کو اور دیر کرتے مغرب میں پھر جمع کرلیتے مغرب اور عشا کو جب شفق ڈوب جاتی عَنْ نَافِعٍ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ فِي سَفَرٍ تُرِيدُ أَرْضًا لَهُ فَأَتَاهُ إِنْسَانٌ فَقَالَ إِنَّ صَفِيَّةَ بِنْتَ أَبِي عُبَيْدٍ لَمَّا بِهَا فَانْظُرْ أَنْ تُدْرِكَهَا فَخَرَجَ مُسْرِعًا وَمَعَهُ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ يُسَايِرُهُ وَغَابَتِ الشَّمْسُ فَلَمْ يُصَلِّ الصَّلَاةَ وَكَانَ عَهْدِي بِهِ وَهُوَ يُحَافِظُ عَلَى الصَّلَاةِ فَلَمَّا أَبْطَأَ قُلْتُ الصَّلَاةَ يَرْحَمُكَ اللَّهُ فَالْتَفَتَ إِلَيَّ وَمَضَى حَتَّى إِذَا كَانَ فِي آخِرِ الشَّفَقِ نَزَلَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثُمَّ أَقَامَ الْعِشَاءَ وَقَدْ تَوَارَى الشَّفَقُ فَصَلَّى بِنَا ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا عَجَّلَ بِهِ السَّيْرُ صَنَعَ هٰذَا ترجمہ نافع سے روایت ہے میں عبداللہ بن عمر کے ساتھ نکلا ایک سفر میں اپنی زمین میں جاتے تھے کہنے میں ایک شخص آیا اوکہنے لگا صفیہ بنت ابی عبید تحقیق بیمار ہیں کہ قریب موت کے ہوئے ہیں تو تم جلکر زندگی میں ان کو مل لو وہ بی بی ہیں عبداللہ بن عمر کی (یہ سنتی ہی) وہ جلدی جلدی چلے اور ایک شخص تھا قریش میں تو جو برابر برابر چلتا تھا تو آفتاب ڈوب گیا اور انہوں نے نماز نہیں پڑھی اور میں سمجھتا تھا کہ نماز کا بہت خیال کرتے ہیں جب بہت دیر کی تو میں نے کہا الصلوٰۃ یرحمک اللہ انہوں نے میری طرف دیکھا اور چلے گئے (اور چلتا رہا) یہانتک کہ شفق ڈوب گئی اوسوقت اترے مغرب کے نماز پڑھی پھر عشا کی نماز پڑھی اوسوقت شفق ڈوب گئی تھی پھر ہماری طرف متوجہ ہوئے اور کہا کہ رسول اللہ کو جب جلدی ہوتی چلنے کی تو ایسا ہی کرتے تھے عَنْ نَافِعٍ قَالَ أَقْبَلْنَا مَعَ ابْنِ عُمَرَ مِنْ

لیلۃ سائلتی اسیرنا فقلنا الصلوٰۃ فقلنا لہ الصلوٰۃ فسکت وسار بنی کاد الشفق
ان یغیب ثم نزل فصلی وغاب الشفق فصلی العشاء ثم اقبل علینا فقال ھکذا کنا نصنع مع
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا جد بہ السیر ترجمہ نافع کہتے ہیں کہ عبداللہ بن عمر کے ساتھ مکہ
سے آئے جب شام ہوئی تو چلتے رہے یہانتک کہ رات ہوگئی ہم سمجھے وہ نماز کو بھول گئے تو ہم نے کہا الصلوٰۃ وہ چپ چلتے رہے اور چلتے رہے
یہانتک کہ شفق غروب ہوگئی ڈوبنے کے پہلے تری اور نماز پڑھی تو میں شفق غائب ہوگئی تو عشا کی نماز پڑھی بعد اوسکی ہماری
طرف متوجہ ہوئے اور کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایسا ہی کیا کرتے تھے جب آپ کو جلدی چلنا ہوتا
وعن کثیر بن
قارظ قال سألنا سالم بن عبد اللہ عن الصلوٰۃ فی السفر فقلنا کان عبد اللہ یجمع بین شتی من الصلوٰۃ
فی السفر قال الا بجمع ثم انتبہ فقال کانت عندہ صفیۃ فارسلت الیہ انی فی آخر یوم من
الدنیا وآخر یوم من الآخرۃ فرکب وانا معہ فاسرع السیر حتی حانت الصلوٰۃ فقال المؤذن الصلوٰۃ
یا ابا عبد الرحمن فسار حتی اذا کان بین الصلوتین نزل فقال للمؤذن اقم فاذا سلمت من الظہر
فاخبرنی فاخبرہ حتی اذا کان بین الصلوتین نزل فقال للمؤذن اقم فاذا سلمت من الظہر
فاخبرنی فاخبرہ فاذا سلمت فاقم فصلی الظہر رکعتین ثم سلم ثم اقام مکانہ فصلی العصر رکعتین ثم رکب
فاسرع السیر حتی غابت الشمس فقال المؤذن الصلوٰۃ یا ابا عبد الرحمن فقال کفعلک الاول فسار حتی
اذا اشتبکت النجوم نزل فقال اقم فاذا سلمت فاقم فصلی المغرب ثلثا ثم اقام مکانہ فصلی العشاء
الآخرۃ ثم سلم واحدۃ تلقاء وجہہ ثم قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا احتث احدکم
امر یخشی فوتہ فلیصل ھذہ الصلوٰۃ ترجمہ کثیر بن قارظ کہتے ہیں ہم نے سالم بن عبداللہ بن عمر سے پوچھا سفر
کی نماز کو تو ہم نے کہا کیا عبداللہ بن عمر جمع کرتے تھے نماز کو سفر میں انہوں نے کہا ہاں مگر مزدلفہ میں (جمع کے دن) میں مغرب اور
عشا کو جمع کرتی تھی) پھر آگاہ ہوا تو کہا کہ عبداللہ بن عمر کو نکاح میں صفیہ بنت ابی عبید تھیں انہوں نے
کہلا بھیجا عبداللہ بن عمر کو کہ میرا دنیا میں آخری دن ہے اور آخرت کا پہلا دن ہے (یعنی مرنے والی ہوں) یہ سنکر عبداللہ بن عمر
سوار ہوئے میں بھی اون کے ساتھ تھا بہت جلد چلے جب نماز کا وقت آیا تو مؤذن نے کہا الصلوٰۃ یا ابا عبدالرحمن (ابو عبداللہ
کنیت تھی عبداللہ بن عمر کی) وہ چلتے رہے جب دونوں نمازوں کے بیچ کا وقت آگیا (یعنی دو وقت کے بعد دوسری نماز
کا وقت تھا) تو اتر پڑے اور مؤذن سے کہا تکبیر کہہ پھر جب سلام پھیرا مؤذن نے ظہر کا تو اسی جگہ تکبیر کہی جہاں تکبیر کہی تھی عبداللہ بن عمر
نے ظہر کی دو رکعتیں پھر سلام پھیرا مؤذن نے اسی جگہ تکبیر کہی عبداللہ بن عمر نے عصر کی دو رکعتیں پڑھیں عبداللہ کے
ساتھ ہوئی اور جلدی چلے یہانتک کہ آفتاب ڈوب گیا پھر مؤذن نے کہا نماز ہے یا عبدالرحمن انہوں نے کہا جیسے پہلے کیا ویسا ہی
کرو پھر پہلی نماز میں دیکھو جب اخیر وقت آجاوے تو دونوں کو ایک ساتھ پڑھ لو) پھر چلا کیے جب تارے گھن نکل آئے تو اتر پڑے
اور کہا تکبیر کہہ پھر جب سلام پھیرا مؤذن نے تکبیر کہی عبداوسکی انہوں نے مغرب کے تین رکعتیں پڑھیں پھر اسی جگہ تکبیر کہی عشا کی

و فقط ایک سلام کیا اپنے موزے کے سامنے (یعنی ایک بار السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہدیا اور منہ داہنی یا بائیں نہیں پھیرا) امید ہے کہ
کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں کسی کو ایسا کام پیش آوے جس کے بگڑ جانے کا ڈر ہو تو اسی طرح نماز پڑھے

الحال التي يجمع فيها بين الصلوتين نماز دونوں کو کس حالت میں جمع کرے **عن** ابن عمر ان رسول الله
صلى الله عليه وسلم كان اذا جد به السير جمع بين المغرب والعشاء **ترجمہ** عبداللہ بن عمر سے
روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب جلدی چلنا ہوتا تو جمع کر لیتے مغرب اور عشا کو **عن** ابن عمر قال كان
رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا جد به السير او حزبه امر جمع بين المغرب والعشاء **ترجمہ** عبداللہ بن
عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب جلدی ہوتی چلنے کی یا کوئی ضرورت پیش آتی تو ملا کر پڑھ لیتے مغرب اور عشا کو **عن**
عبد الله بن عمر قال رايت النبي صلى الله عليه وسلم اذا جد به السير جمع بين المغرب والعشاء **ترجمہ**
عبداللہ بن عمر سے روایت ہے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب جلدی چلنا ہوتا تو ملا کر پڑھ لیتے مغرب اور عشا کو

الجمع بين الصلوتين في السفر سفر میں نمازوں کا ملا کر پڑھنے کا بیان **عن** ابن عباس قال صلى رسول الله
صلى الله عليه وسلم الظهر والعصر جميعا والمغرب والعشاء جميعا من غير خوف ولا سفر **ترجمہ** عبد
بن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر اور عصر ملا کر پڑھی اور مغرب اور عشا ملا کر پڑھی نہ کچھ ڈر تھا نہ سفر
تھا **عن** ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يصلي بالمدينة يجمع بين الصلوتين الظهر
والعصر والمغرب والعشاء من غير خوف ولا مطر قيل له لم قال لئلا يكون على امته حرج **ترجمہ** عبداللہ
بن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں ملا کر پڑھتے تھے ظہر اور عصر کو اور مغرب اور عشا کو نہ کچھ ڈر ہوتا تھا
نہ برستا تھا لوگوں نے کہا پھر کیا باعث تھا ابن عباس نے کہا اسی وجہ سے کہ آپ کی امت کو تکلیف نہ ہو **عن** ابن عباس
قال صليت وراء رسول الله صلى الله عليه وسلم ثمانيا جميعا وسبعا جميعا **ترجمہ** عبداللہ بن عباس سے
روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے آٹھ کھتیں ملا کر پڑھیں (ظہر اور عصر کی) اور سات رکعتیں ملا کر پڑھیں (مغرب اور
عشا کی) **الجمع بين الظهر والعصر بعرفة** عرفات میں ظہر اور عصر ملا کر پڑھنے کا بیان **عن** جابر بن
عبد الله قال سار رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى اتى عرفة فوجد القبة قد ضربت له
بنمرة فنزل بها حتى اذا زالت الشمس امر بالقصواء فرحلت له حتى اذا اتى بطن الوادي خطب
الناس ثم اذن ثم اقام فصلى الظهر ثم اقام فصلى العصر ولم يصل بينهما شيئا

ترجمہ جابر بن عبداللہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (منا) سے چلے یہاں تک کہ (پہنچے) عرفات کے (یعنی قریب عرفات کے)
دیکھا آپ کے لیے نمرہ میں لگایا ہوا ہے (نمرہ ایک مقام ہے متصل عرفات کے لیکن عرفات میں داخل نہیں ہے) اتارے وہاں پر
(مسجد بنگئی ہے) اور وہیں اترے جب آفتاب ڈھل گیا تو حکم کیا قصواء (آپ کی اونٹنی کا نام ہے) کے لیے وہ کسی گئی جب آپ

داخل ہو کر وادی میں (یعنی وادی عرفہ میں) تو خطبہ سنا لوگوں کو پھر بلال نے اذان دی پھر تکبیر کہی آنحضرت ظہر اور اس کی پھر بلال نے تکبیر کہی پھر عصر کی اور بیچ میں اذان و نفل کچھ نہیں پڑھا (یعنی سنتیں نہیں پڑھیں) ثُمَّ رَكِبَ حَتَّى أَتَى الْمَشْعَرَ الْحَرَامَ بِالْمُزْدَلِفَةِ مزدلفہ میں مغرب اور عشا کو جمع کرنے کا بیان عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّهُ صَلَّى مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِالْمُزْدَلِفَةِ جَمِيعًا ترجمہ ابو ایوب انصاری سے روایت ہے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع میں اور مغرب اور عشا کو ملا کر پڑھا مزدلفہ میں عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ حِينَ أَفَاضَ مِنْ عَرَفَاتٍ فَلَمَّا أَتَى جَمْعًا جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ هَكَذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَذَا الْمَكَانِ ترجمہ سعید بن جبیر سے روایت ہے میں عبداللہ بن عمر کے ساتھ تھا جب وہ لوٹے عرفات سے تو مزدلفہ میں آئے اور مغرب اور عشا کو ملا کر پڑھا جب پڑھ چکے تو کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی جگہ ایسا ہی کیا تھا عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِالْمُزْدَلِفَةِ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ میں مغرب اور عشا کو ملا کر پڑھا۔ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ الصَّلَاتَيْنِ بِإِحْدَاهُمَا بِجَمْعٍ وَصَلَّى الصُّبْحَ يَوْمَئِذٍ قَبْلَ وَقْتِهَا ترجمہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا دو نماز کو ملا کر پڑھتے مگر مزدلفہ میں (کہ وہاں مغرب اور عشا کو ملا کر پڑھا) اور ابن مسعود فجر کی نماز کو بھی معمولی وقت سے پہلے پڑھا (یعنی صبح صادق نکلتی ہی اندھیرے منہ نماز پڑھ لی تاکہ فارغ ہو جاوے اور کام میں لگے) ف حنفیہ اسی حدیث سے استدلال کرتے ہیں جمع بین الصلوتین کی ممانعت پر سفر اور حضر میں حالانکہ یہ استدلال تام نہیں سکیم کہ نہ دیکھا عبداللہ بن مسعود نے کا مسلم نہیں ہو نفی جمع کو خصوصاً جب عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن عمر اور اکابر صحابہ سے بروایات صحیحہ جمع منقول ہو **فصل فی الجمع** وجمع کیونکر کرے عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْدَفَهُ مِنْ عَرَفَةَ فَلَمَّا أَنَى الشِّعْبَ نَزَلَ فَبَالَ وَلَمْ يَقُلْ أَهْرَاقَ الْمَاءَ قَالَ فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ مِنْ إِدَاوَةٍ فَتَوَضَّأَ وُضُوءًا خَفِيفًا فَقُلْتُ لَهُ الصَّلَاةَ فَقَالَ الصَّلَاةُ أَمَامَكَ فَلَمَّا أَتَى الْمُزْدَلِفَةَ صَلَّى الْمَغْرِبَ ثُمَّ نَزَعُوا بِرِحَالِهِمْ ثُمَّ صَلَّى الْعِشَاءَ ترجمہ عبداللہ بن عباس سے روایت ہے انہوں نے سنا اسامہ بن زید سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو اپنے ساتھ بٹھا لیا عرفات سے جب آپ گھاٹی میں آئے تو اتر کے اور پیشاب کیا (اور پانی سے استنجا کرنے کا ذکر نہیں کیا) اسامہ نے کہا میں نے چاگل سے پانی بیچ اوپر ڈالا آپ نے ایک ہلکا سا وضو کیا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ نماز آپ فرمایا نماز آگے چل کر جب آپ مزدلفہ میں پہنچے تو مغرب کی نماز پڑھی پھر لوگوں نے اپنے اپنے کجاوے اونٹوں سے **فصل فی الصلوٰۃ لمواقیتہا** نماز اپنے وقت پر پڑھنے کی فضیلت عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ يَقُولُ حَدَّثَنَا صَاحِبُ هَذِهِ الدَّارِ وَأَشَارَ إِلَى دَارِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ الْعَمَلِ أَحَبُّ إِلَى اللَّهِ

قَالَ الصَّلٰوۃُ عَلٰی وَقْتِھَا وَبِرُّ الْوَالِدَیْنِ وَالْجِھَادُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ ترجمہ ابو عمر شیبانی سے روایت ہے کہ ہمیں اس گھر والے نے بیان کیا اور اشارہ کیا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے گھر کی طرف کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کونسا عمل زیادہ پسند ہے اللہ جل جلالہ کو آپ نے فرمایا ایک تو نماز پڑھنا اپنی وقت پر (یعنی اول وقت پر) دوسری ان باپ کی ساتھ سلوک کرنا (یعنی اون سے محبت کرنا اور اون کی اطاعت کرنا بشرطے کہ وہ شرع کے خلاف حکم نہ کریں) تیسری اللہ جل جلالہ کی راہ میں جہاد کرنا (یعنے کافرون سے لڑنا دین کیواسطے نہ دنیا کے طمع سے)

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّ الْعَمَلِ اَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ قَالَ اِقَامُ الصَّلٰوۃِ لِوَقْتِھَا وَبِرُّ الْوَالِدَیْنِ وَالْجِھَادُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ ترجمہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کونسا کام اللہ جل جلالہ کو بہت پسند ہے آپ نے فرمایا نماز اپنے وقت پر پڑھنا اور ماں باپ کیساتھ نیکی کرنا اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنا

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّہٗ کَانَ فِیْ مَسْجِدِ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِیْلَ فَاُقِیْمَتِ الصَّلٰوۃُ فَجَعَلُوْا یَنْتَظِرُوْنَہٗ فَقَالَ اِنِّیْ کُنْتُ اُوْتِرُ قَالَ وَکِیْعٌ عَبْدُ اللّٰہِ ھَلْ بَعْدَ الْاَذَانِ وِتْرٌ قَالَ نَعَمْ وَبَعْدَ الْاِقَامَۃِ وَحَدَّثَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ نَامَ عَنِ الصَّلٰوۃِ حَتّٰی طَلَعَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ صَلّٰی ترجمہ محمد بن المنتشر سے روایت ہے وہ عمرو بن شرجیل کے مسجد میں تھے اتنے میں نماز کی تکبیر ہوئی لوگ اونکا انتظار کرنے لگے انہوں نے کہا میں وتر پڑھ رہا تھا راوی نے کہا عبداللہ سے پوچھا کیا جب اذان ہو جاوی تو وتر پڑھنا درست ہے انہوں نے کہا ہاں اذان کیا تکبیر کے بعد بھی درست ہے اور حدیث بیان کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ سو گئے یہانتک کہ آفتاب نکل آیا پھر نماز پڑھی

فَمَنْ نَسِیَ صَلٰوۃً ہر شخص نماز بھولجاوے

عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ نَسِیَ صَلٰوۃً فَلْیُصَلِّھَا اِذَا ذَکَرَھَا ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بھولجاوے نماز کو تو پڑھ لے اوسکو جب یاد کرے

فَمَنْ نَامَ عَنْ صَلٰوۃٍ جو شخص رہجاوے نماز سے یا غافل ہو جاوی اوس سے آپ نے فرمایا کفارہ اوسکا یہ ہے کہ جب یاد آوی تو پڑھ لیوے

عَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ قَالَ ذَکَرُوا لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَوْمَھُمْ عَنِ الصَّلٰوۃِ فَقَالَ اِنَّہٗ لَیْسَ فِی النَّوْمِ تَفْرِیْطٌ اِنَّمَا التَّفْرِیْطُ فِی الْیَقْظَۃِ فَاِذَا نَسِیَ اَحَدُکُمْ صَلٰوۃً اَوْ نَامَ عَنْھَا فَلْیُصَلِّھَا اِذَا ذَکَرَھَا ترجمہ ابو قتادہ سے روایت ہے صحابہ نے بیان کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنا سو جانا اور نماز کا وقت گزر جانا آپ نے فرمایا سوتے میں کچھ قصور نہیں قصور تو جاگتے میں ہے (کہ نماز نہ پڑھی یہانتک کہ وقت گزر جاوی) جب تم میں سے کوئی نماز بھولجاوے یا سوتا رہے اور نماز کا وقت گزر جاوی تو جب یاد آوی اوسی وقت پڑھ لیوے

عَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْسَ فِی النَّوْمِ تَفْرِیْطٌ اِنَّمَا التَّفْرِیْطُ فِیْمَنْ لَمْ یُصَلِّ الصَّلٰوۃَ حَتّٰی یَجِیْءَ وَقْتُ الصَّلٰوۃِ الْاُخْرٰی حَتّٰی یَجِیْءَ وَقْتُ کُلِّ صَلٰوۃٍ ھٰکَذَا ترجمہ ابو قتادہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوتیمیں کچھ قصور نہیں ہے (اگر نماز میں رہجاوے

یا قضا ہو جاوی) مطلب یہ ہے کہ نماز نہ پڑھے یہاں تک کہ دوسری نماز کا وقت آجاوے اور ہر شخص ہر وقت جانتا ہے اِعَادَۃ
سَاکِنَام حَسَنَۃ حَسَنٍ الصَّلٰوۃ لِوَقْتِہَا مِنْ غَیْرِ تَعَمُّدٍ جو نماز وقت کے میں قصداً نہ پڑھی ہو اور سو کر یا بھول کر پڑھ لیوی حَسَنٌ
اَبِیْ قَتَادَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَّا نَامُوْا عَنِ الصَّلٰوۃِ حَتّٰی طَلَعَتِ الشَّمْسُ قَالَ رَسُوْلُ
اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِبِلَالٍ اَحْرُسْ لَنَا صَلٰوتَنَا مِنَ الْغَدِ فَمَا اَحَدٌ مِنَّا اَلْقٰی لِرَقْدَتِہٖ تمام جمعہ الجماعۃ سے روایت ہے رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب لوگ سو گئے تھے فجر کی نماز سے یہاں تک کہ آفتاب نکل آیا کہ پڑھ لیتا اس نماز کو کوئی اپنے وقت پر حَسَنٌ
اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا نَسِیَتِ الصَّلٰوۃَ فَصَلِّ اِذَا ذَکَرْتَ فَاِنَّ
اللّٰہَ تَعَالٰی یَقُوْلُ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِیْ ترجمہ ابوہریرہؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب
تو بھول جاوی نماز کو تو پڑھ لے جب یاد آوی کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے پڑھ نماز کو جب میری یاد آوے حَسَنٌ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ
اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَسِیَ صَلٰوۃً فَلْیُصَلِّہَا اِذَا ذَکَرَہَا فَاِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی قَالَ
اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِیْ ترجمہ ابوہریرہؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بھول جاوی نماز کو تو پڑھ
لیوی اسکو جب یاد کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِیْ یعنے پڑھو نماز کو میری یاد کیوقت حَسَنٌ
اَبِیْ قَتَادَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ نَسِیَ صَلٰوۃً فَلْیُصَلِّہَا اِذَا ذَکَرَہَا فَاِنَّ اللّٰہَ
تَعَالٰی یَقُوْلُ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِیْ قَالَتْ بِنْتُ عَمْرٍو فَکَانَ عُلَمَاءُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
قَالُوْا ثم ترجمہ ابوہریرہؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بھول جاوی کسی نماز کو تو پڑھ لیوی جس کو
جب یاد آوی اسلیئے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِیْ یعنے قائم کر نماز کو جب یاد آوی عمر نے کہا میں نے زہری سے جو
راوی حدیث کا ہے یہ حدیث کہ راوی ہیں کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کو پڑھا ہے یا اپنی طرف سے ذکر کی انہوں نے کہا ان (اور
روایت مشہور ذکر کی ہے) حَسَنٌ لَمْ یَقْضِ الصَّلٰوۃَ الَّتِیْ نَسِیَ اِلَّا مِنَ الْغَدِ جو نماز قضا ہو جاوی اوسکو کل پڑھے
حَسَنٌ بُرَیْدُ بْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ کُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ سَفَرٍ فَاَسْرَیْنَا
لَیْلَۃً فَلَمَّا کَانَ فِیْ وَجْہِ الصُّبْحِ نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَنَامَ وَنَامَ النَّاسُ مَعَہٗ فَاسْتَیْقَظَ
اِلَّا بِالشَّمْسِ وَقَدْ طَلَعَتْ عَلَیْنَا فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمُؤَذِّنَ فَاَذَّنَ ثُمَّ صَلّٰی رَکْعَتَیِ الْفَجْرِ
قَبْلَ الْفَجْرِ ثُمَّ اَمَرَہٗ فَاَقَامَ فَصَلّٰی بِالنَّاسِ ثُمَّ حَدَّثَنَا مَا هُوَ بِکَائِنٍ حَتّٰی تَقُوْمَ السَّاعَۃُ ترجمہ بریدبن
ابی مریم سے روایت ہے انہوں نے اپنے باپ سے سنا وہ کہتے تھے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے ایک سفر میں تو رات بھر
ہم چلے جب صبح ہونے لگی تو آپ اتر پڑے اور سو رہے لوگ بھی سو گئے پھر جاگے نہیں مگر آفتاب نکلا تو اوسکی تپش سے جاگ اٹھے رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا مؤذن کو اوس نے اذان دی پھر دو رکعتیں فجر کی سنتیں پڑھیں بعد اوس کے حکم کیا مؤذن کو
اوس نے تکبیر کہی پھر آپ نے نماز پڑھائی بعد اوسکے بیان کیا ہم سے جو ہونیوالا تھا قیامت تک حَسَنٌ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مَسْعُوْدٍ

قال کنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فحبسنا عن الظہر والعصر والمغرب والعشاء فاشتد ذلک علینا فقلنا ترون عن مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی سبیل اللہ فاتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلالا فاقام الظہر فصلی بنا الظہر ثم اقام فصلی بنا العصر ثم اقام فصلی بنا المغرب ثم اقام فصلی بنا العشاء ثم قال علینا فقال ما علی الارض عصابۃ یذکرون اللہ عز وجل غیرکم

۱۶۱ حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے (غزوہ احزاب میں جسکو خندق بھی کہتے ہیں جو ۵ ہجری میں واقع ہوا) تو روکے گئے ہم (یعنی کافروں نے ہمکو مہلت نہ دی) ظہر اور عصر اور مغرب اور عشا سے (تو ظہر اور عصر اور مغرب کا وقت نکل گیا) اور عشا کا معمولی وقت گزر گیا) میرے دل پر بڑی مصیبت سخت گزری (یعنی نماز کا قضا ہونا) لیکن میں اپنی جی میں کہا ہم تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہیں اللہ کے راہ میں ہیں (پس یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ اسپر مواخذہ نہ کریگا) پھر آپ نے حکم کیا بلال کو انہوں نے تکبیر کہی آپنے ظہر کی نماز پڑہی پھر انہوں نے تکبیر کہی آپنے عصر کی نماز پڑہی پھر انہوں نے تکبیر کہی آپنے مغرب کی نماز پڑہی) پھر انہوں نے تکبیر کہی آپ نے عشا کی نماز پڑہی بعد اوسکے آپ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا (کہ آسوقت) زمین پر کوئی جماعت ایسی نہیں ہے جو اللہ کی یاد کرتی ہوں سوا تمہارے۔ عن ابی ھریرۃ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لیحضن کل رجل منکم راحلتہ فان ھذا منزل حضرنا فیہ الشیطان قال ففعلنا فدرھا بالماء فتوضأ ثم صلی سجدتین ثم اقیمت الصلوٰۃ فصلی الغداۃ

۱۶۲ حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رات کو اور بڑے سفر میں تو نہیں جا رہے تھے یہانتک کہ آفتاب نکل آیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے ہر شخص کو کہ اپنے اونٹ کا سر تھامے (اور اس مقام سے آگے چلا جاوے) کیونکہ یہ وہ مقام ہے جہاں شیطان ہمارے پاس آیا (اور اوسنے ہمکو نماز قضا کرائی) ابوہریرہ نے کہا ہم نے ایسا ہی کیا پھر اپنے اونٹ ہانکے اور پانی منگوایا اور وضو کیا اور دو رکعتیں پڑہیں پھر فجر کی تکبیر کہی گئی پھر آپنے فجر کی نماز پڑہی

۱۶۳ اگر کوئی کہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیسے نماز سے غافل ہوئے حالانکہ آپ نے فرمایا ہے کہ میری آنکھ سوتی ہیں پر میرا دل نہیں سوتا ہے تو جواب اوسکا یہ ہے کہ دل ادراک کرتا ہے معقولات کا اور ان محسوسات کا جنکا اثر دل پر ہوتا ہے جیسے خوشی اور رنج وغیرہ ان دونوں محسوسات کا جنکا ادراک صرف آنکھ کے ذریعہ سے ہو سکتا ہے جیسے فجر نکلنا دن ہونا شام ہونا یا سورج آنکھ ہی سے معلوم ہو سکتے ہیں اور آنکھ آپ کی غیر کیفیت میں غافل ہوتی تھی اور بعضوں نے جواب دیا ہے کہ سونا آپکا وہ طرح کا تھا کہ دل غافل نہ ہو وہ دوسری یہ کہ دل بھی غافل ہو جاوے سے پہلی صورت میں دوسری طرح کا سونا ہوگا لیکن یہ جواب ضعیف ہے اور صحیح وہی پہلا جواب ہے (نووی) عن عمران بن حصین عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال انی سریت لیلۃ انا ومن معی حتی اذا کنا من آخر اللیل وقعنا وقعۃ ولا وقعۃ عند المسافر آحلی منھا فما ایقظنا الا حر الشمس فقام فقال تنحوا عن ھذا المکان ثم امر بلالا فاذن فتوضأنا ثم امر بلالا فاقام الصلوٰۃ فصلی بنا رکعتین ثم صلی الغداۃ

۱۶۴ حضرت عمران بن حصین سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں رات کو چلا میں اور میرے ساتھ کے لوگ یہانتک کہ رات کے آخر میں ہم نے ایک نیند لی اور مسافر کو اخیر رات کی نیند سے زیادہ میٹھی نیند کوئی نہیں ہوتی ہے پھر ہمکو آفتاب کی گرمی نے جگایا تو آپ نے فرمایا کہ اس جگہ سے کوچ کرو پھر آپنے بلال کو حکم کیا انہوں نے اذان کہی ہم نے وضو کیا پھر آپنے بلال کو حکم کیا انہوں نے تکبیر کہی آپنے دو رکعت نماز پڑہی پھر صبح کی نماز پڑہی

الفجر ثم صلوا الصبح ترجمہ نافع بن جبیر سے روایت ہے انہوں نے اپنے باپ سے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سفر میں فرمایا دیکھو آج رات کو کون حفاظت کریگا ہماری یعنی ایسا نہ ہو کہ ہم فجر کی نماز کو نہ جاگیں بلال نے کہا میں خیال رکھونگا پھر انہوں نے منہ کیا پورب کیطرف (جدہر سے آفتاب نکلتا تھا) تو ان سب کا کان ٹیک دیے گئے (یعنی غافل ہو کر سو رہے) جب آفتاب گرم ہوا تو جاگے اور کھڑے ہوئے آپ نے فرمایا وضو کرو پھر بلال نے اذان دی آپ دو رکعتیں پڑھیں اور سب لوگوں نے دو دو رکعتیں پڑھیں (فجر کی سنتیں) پھر فجر کی نماز پڑھی عن ابن عباس قال لذبح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم عرس فلم یستیقظ حتی طلعت الشمس او بعضها فلم یصل حتی ارتفعت الشمس وهی صلوة الوسطی ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پچھلی رات کو چلے پھر اتر پڑے (تو لوگ سو گئے) پھر جاگے نہیں یہانتک کہ آفتاب نکل آیا پورا کچھ حصہ اور سکا اپنی نماز نہیں پڑھی یہانتک کہ آفتاب بلند ہو گیا پھر نماز پڑھی اور یہی صلوۃ الوسطے ہے (جسکا ذکر کلام اللہ میں ہے۔ حافظوا علی الصلوات والصلوة الوسطی) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صلوۃ الوسطی

کتاب الاذان

کتاب اذان کے بیان میں

عن عبد الله بن عمر انه كان يقول كان المسلمون حين قدموا المدينة يجتمعون فيتحينون الصلوة وليس ينادي بها احد فتكلموا يوما في ذلك فقال بعضهم اتخذوا مثل ناقوس النصارى وقال بعضهم بل قرنا مثل قرن اليهود وقال عمر اولا تبعثون رجلا ينادي بالصلوة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا بلال قم فناد بالصلوة ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے مسلمان جب مدینہ میں آئے تو وقت کا اندازہ کر کے نماز کے لیے آتے تھے کوئی نماز کی پکار نہ تھا ایک روز انہوں نے گفتگو کی اس باب میں بعضوں نے کہا ایک ناقوس بنا لو جیسے نصاری کا ناقوس ہوتا ہے (ناقوس ایک بڑی لکڑی ہے جو چھوٹی لکڑی پر ماری جاتی ہے اور اوسمیں سے آواز پیدا ہوتی ہے) اور بعضوں نے کہا یہود کی طرح ایک سینگ بنا لو حضرت عمر نے کہا اسکی ضرورت کیا ہے کیا تم نہیں بھیج سکتے ایک شخص کو جو پکار دے نماز کے لیے پسند کر رسول اللہ نے فرمایا اے بلال اٹھ اور پکار دے نماز کے لیے عن انس قال امر رسول الله صلى الله عليه وسلم بلالا ان يشفع الاذان ويوتر الاقامة ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا بلال کو کلمے اذان کے دو دو بار کہنے کا اور کلمے تکبیر کے طاق ایک ایک بار کہنے کا (سوائے قامت الصلوۃ کے کہ وہ دو بار کہنا چاہیے جیسے دوسری روایت میں ہے) عن ابن عمر قال كان الاذان على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم مثنى مثنى والاقامة مرة مرة غير انه كان يقول قد قامت الصلوة قد قامت الصلوة ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے اذان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں دو دو بار تھی اور تکبیر ایک ایک بار مگر قد قامت الصلوۃ کو دو بار کہنا چاہیے ف امام شافعی اور احمد اور جمہور علماء کا یہ قول ہے کہ تکبیر میں گیارہ کلمے

بن اللہ اکبر اللہ اکبر اشہد ان لا الہ الا اللہ اشہد ان محمدا رسول اللہ حی علی الصلوۃ حی علی الفلاح
فرقامت الصلوۃ قد قامت الصلوۃ اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ اور امام مالک کے نزدیک قد قامت الصلوۃ
کو بھی ایک بار کہے تو دس کلمے ہوئے اور بعضوں کے نزدیک اللہ کبیر کو بھی ایک ایک بار کہے تو سترہ کلمے ہوئے اور بعضوں کے نزدیک سب کلمے کو
ایک ایک بار کہے مگر قد قامت الصلوۃ دو بار کہے تو نو کلمے ہوئے اور ابو حنیفہ کے نزدیک تکبیر میں سترہ کلمے ہیں نووی نے کہا صحیح مختار اور
اول ہے کہ تکبیر میں گیارہ کلمے ہیں **مختصر الصفوت فی الترجیع فی الاذان** اذان میں شہادتین کو پھر آہستہ سے
کہنا ف یعنی پہلے شہد ان لا الہ الا اللہ شہد ان محمدا رسول اللہ اشہد ان لا الہ الا اللہ شہد ان محمدا رسول اللہ کو آہستہ کہنا پھر دوبارہ بلند آواز
پکار کر کہنا اسکا ترجیع کہتے ہیں اور یہ سنت ہے نزدیک امام مالک اور شافعی اور احمد اور جمہور علما کے سوائے امام ابو حنیفہ کے کہ ان کے نزدیک
اذان میں ترجیع نہیں ہے بدلیل حدیث عبد اللہ بن زید کے اور جمہور کی دلیل حدیث ابو محذورہ کی ہے جس میں ترجیع موجود ہے اور وہ
متاخر ہے حدیث سے عبد اللہ بن زید کے کیونکہ وہ سنہ ہجری کی حکایت ہے اور عبد اللہ بن زید کی روایت اوائل ہجرت کی ہے پس موجود
اسکی کہ زیادت ثقہ کی مقبول اور واجب العمل ہے خصوصاً اوس صورت میں کہ عمل اہل مکہ اور مدینہ کا اوسپر ہو (نووی) **عن**
ابی محذورۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اعلمہ والقی علیہ الاذان حرفا حرفا قال ابراہیم
هو مثل اذاننا اخذا قمت له اعد علی قال اللہ اکبر اللہ اکبر اشہد ان لا الہ الا اللہ مرتین
اشہد ان محمدا رسول اللہ مرتین قال بصوت دون ذلک الصوت ثم قال اشہد ان لا
الہ الا اللہ مرتین اشہد ان محمدا رسول اللہ مرتین حی علی الصلوۃ مرتین حی علی الفلاح مرتین
اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ ترجمہ ابو محذورہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکو سکھایا اور حرفا حرفا
اذان سکھلائے ابراہیم نے کہا یہ حدیث کہ راوی ہیں کہ وہ ایسی ہی اذان تھی جیسے ہماری اذان ہوتے ہے بشر بن معاذ کہتے ہیں میں نے
ابراہیم سے کہا وزاد جمہ کہ پھر سنا دو ہمنے کہا اللہ اکبر اللہ اکبر اشہد ان لا الہ الا اللہ دو بار اشہد ان محمدا رسول اللہ دو بار پھر
ذرا ہلکی آواز سے جسکو پاس والے سن لیں اشہد ان لا الہ الا اللہ دو بار اشہد ان محمدا رسول اللہ دو بار حی علی الصلوۃ دو بار
حی علی الفلاح دو بار اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ ف اس طور سے اذان کے سترہ کلمے ہوئے لیکن صحیح مختار یہ ہے کہ شروع
میں اللہ اکبر چار بار کہے تو اوپر کے کلمے ہوں گے اور یہی قول ہے شافعی اور ابو حنیفہ اور احمد اور جمہور علما کا لیکن امام مالک کے نزدیک
دو بار کہے **کیفیت الاذان** اذان کے کتنے کلمے ہیں **عن ابی محذورۃ ان رسول اللہ**
صلی اللہ علیہ وسلم علمہ الاذان تسع عشرۃ کلمۃ والاقامۃ سبع عشرۃ کلمۃ فعد ها ابو محذورۃ
تسع عشرۃ کلمۃ وسبع عشرۃ ترجمہ ابو محذورہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکو اذان سکھلائی اور فرمایا
کلمے اور تکبیر کے سترہ کلمے پھر گنا اوسکو ابو محذورہ نے بیعنی اوپر اور سترہ کلمے ف اذان میں انیس کلمے جب ہی ہوں گے کہ شہادتین
میں ترجیع ہو پس حدیث حجت ہے حنفیہ پر **کیفیت الاذان** اذان کیونکر دینا چاہیے **عن ابی محذورۃ**

قَالَ عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَذَانَ فَقَالَ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ
أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ
اللّٰهِ ثُمَّ يَعُودُ فَيَقُولُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ
اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ
اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مترجمہ ابو محذورہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھکو اذان سکھلائی
اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر اشہد ان لا الہ الا اللہ اشہد ان لا الہ الا اللہ اشہد ان محمد رسول اللہ اشہد ان محمد
رسول اللہ پھر بھی پکار کر) اشہد ان لا الہ الا اللہ اشہد ان لا الہ الا اللہ اشہد ان محمد رسول اللہ اشہد ان محمد رسول
اللہ حی علی الصلوۃ حی علی الصلوۃ حی علی الفلاح حی علی الفلاح اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ حَتَّى حَبِيبُ اللّٰهِ
بْنُ مُحَيْرِيزٍ وَكَانَ نَدِيمًا فِي جُمَحَ أَبِي مَحْذُورَةَ حَتَّى جَهَزَهُ إِلَى الشَّامِ قَالَ قُلْتُ لَهُ إِنِّي عَنْ دَوْرَانَ
خَارِجٌ إِلَى الشَّامِ وَأَحَبُّ أَنْ أَسْأَلَكَ عَنْ أَذَانِ أَبِي مَحْذُورَةَ فَأَخْبَرَنِي أَنَّ أَبَا مَحْذُورَةَ قَالَ لَهُ خَرَجْتُ فِي نَفَرٍ
كُنَّا بِبَعْضِ طَرِيقِ حُنَيْنٍ مُقْفِلِينَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُنَيْنٍ فَلَقِيَنَا رَسُولُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ الطَّرِيقِ فَأَذَّنَ مُؤَذِّنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّلٰوةِ
عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعْنَا صَوْتَ الْمُؤَذِّنِ وَنَحْنُ عَنْهُ مُتَنَكِّبُونَ فَقُلْنَا نَتَنَكَّبُهُ
وَنَحْنُ إِذْ ذَاكَ نَسْمَعُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّوْتَ فَأَرْسَلَ إِلَيْنَا حَتَّى وَقَفْنَا بَيْنَ يَدَيْهِ قَالَ
رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّكُمُ الَّذِي سَمِعْتُ صَوْتَهُ قَدِ ارْتَفَعَ فَأَشَارَ الْقَوْمُ إِلَيَّ وَصَدَقُوا
فَأَرْسَلَهُمْ كُلَّهُمْ وَحَبَسَنِي فَقَالَ لَهُمْ أَذِّنُوا بِالصَّلٰوةِ فَصَلَّيْتُ وَأَلْقَى عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
الْأَذَانَ هُوَ بِنَفْسِهِ قَالَ قُلِ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ
أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ ثُمَّ قَالَ
ارْجِعْ فَامْدُدْ مِنْ صَوْتِكَ ثُمَّ قَالَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا
رَسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ
عَلَى الْفَلَاحِ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ثُمَّ دَعَانِي حِينَ قَضَيْتُ التَّأْذِينَ فَأَعْطَانِي صُرَّةً فِيهَا
شَيْءٌ مِنْ فِضَّةٍ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مُرْنِي بِالتَّأْذِينِ بِمَكَّةَ قَالَ قَدْ أَمَّرْتُكَ بِهِ فَخَرَجْتُ حَتَّى عَتَّابَ
بْنَ أَسِيدٍ عَامِلَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ فَأَذَّنْتُ مَعَهُ بِالصَّلٰوةِ عَنْ أَمْرِ رَسُولِ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ترجمہ عبید اللہ بن محیریز سے روایت ہے جو بنی جمح اور پرورش یافتی تھے ابو محذورہ کے یہ ابو
محذورہ وہ ہے اون کو شام کیطرف بھیجا انہوں نے کہا میں شام کو جاتا ہوں مجھ کو ڈر ہے کہ لوگ مجھ سے پوچھیں گے اذان کہ

(اور دین نباسکون) تو ابو محذورہ نے کہا میں چند ساتھیوں کے ساتھ نکلا تو حنین کے راستے میں پہونچے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حنین سے آرہے تھے (حنین ایک مقام کا نام ہے تو احلاف میں) راہ میں ہم کو ملے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے مؤذن نے اذان دی آپکے سامنے ہم نے جو مؤذن کی آواز سنی اور ہم دور تھے تو اوس کے نقل کرنے لگے ہنسی سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ آواز سنکر ہم کو بلا بھیجا ہم آپکے سامنے کھڑے ہوئے آپ نے فرمایا وہ کون ہے تم میں جسکی آواز میں نے سنی تھی لوگوں نے میری طرف اشارہ کر دیا اور اونہوں نے سچ کہا (کیونکہ میں ہی چلایا تھا اور میں نے نقل کیے تھے) آپ نے سب لوگوں کو چھوڑ دیا اور مجھ روک لیا پھر فرمایا اوٹھ اور اذان دے میں نماز کی میں اوٹھا آپ نے مجھے اذان سکھلائی اپنی ذات سے فرمایا کہ اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر اشہدان لاالٰہ الا اللہ اشہدان لاالٰہ الا اللہ اشہدان محمدا رسول اللہ اشہدان محمدا رسول اللہ پھر فرمایا بلند آواز کر اور فرمایا اشہدان لاالٰہ الا اللہ اشہدان لاالٰہ الا اللہ اشہدان محمدا رسول اللہ اشہدان محمدا رسول اللہ حی علی الصلوٰۃ حی علی الصلوٰۃ حی علی الفلاح حی علی الفلاح اللہ اکبر اللہ اکبر لاالٰہ الا اللہ پھر جب میں اذان دے چکا تو مجھے بلایا اور ایک تھیلی جس میں چاندی تھی میں نے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے مقرر کیجئے کہ میں اذان کہنے پر آپنے فرمایا میں نے مقرر کیا تو میں شتاب بن اسید پاس گیا جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے عامل تھے مکے میں اور اذان دی ساتھ اذان کے نماز کی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے حکم سے یہ آپکا کمال اخلاق تھا اور نہایت عمدہ تعلیم تھی کہ اوقات شخص کو جسنے دین کی بات پر پہنچی ہے شہنشاہ احسان کے بدلے سے شرمندہ کر دیا اور اوسکو دین کی بات بتلادی اور کوئی ہوتا تو جھڑکتا گھرکتا اس میں مطلب نکلتا

الاذان فی السفر سفر میں اذان دینے کا بیان

حَدَّثَنَا أَبُو مَحْذُورَةَ قَالَ لَمَّا خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُنَيْنٍ خَرَجْتُ فِي عَشَرَةٍ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ إِلَيْهِمْ فَسَمِعْنَاهُمْ يُؤَذِّنُونَ بِالصَّلَاةِ فَسَمِعْنَا مُؤَذِّنًا يُسْمِعُنَا بِهِمْ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ سَمِعْتُ فَأَحْبَبْنَا فَخَرَجْنَا نَسْعَى حَتَّى لَقِيتُ فَأَرْسَلَنَا فَأَذَّنَ رَجُلٌ رَجُلٌ وَكُنْتُ آخِرَهُمْ فَقَالَ حِينَ أَذَّنْتُ تَعَالَ فَأَجْلَسَنِي بَيْنَ يَدَيْهِ فَمَسَحَ عَلَى نَاصِيَتِي وَبَرَّكَ عَلَيَّ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ اذْهَبْ فَأَذِّنْ عِنْدَ الْبَيْتِ الْحَرَامِ ثُمَّ قُلْتُ كَيْفَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَعَلَّمَنِي كَمَا تُؤَذِّنُونَ الْآنَ بِصَا اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ فِي الْأُولٰى مِنَ الصُّبْحِ قَالَ وَعَلَّمَنِي الْإِقَامَةَ مَرَّتَيْنِ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ قَدْ قَامَتِ

الصلوٰۃ اللہ اکبر اللہ اکبر اشہد ان لا الٰہ الا اللہ ترجمہ ابو محذورہ سے روایت ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حنین سے لوٹے تو ہم میں آدمی کو سنے آپ کی تلاش میں ہم نے دیکھا آپ کے ساتھ جو لوگ تھے وہ اذان دے رہے تھے نماز کی ہم بھی کھڑے ہو کر اذان دینے لگے اذان سے شیطا کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان لوگوں میں سے ایک شخص کی اذان میں نے سنی اسکی آواز اچھی تھی آپ نے ہم کو بلا بھیجا تو ہر ایک شخص نے باری باری اذان کہی میں سب کے خیر میں تھا جب میں اذان دے چکا تو آپ نے بلایا اور میرا سر اپنے سامنے بٹھلایا اور میری پیشانی پر ماتھے پر اور برکت کی دعا دی تین بار بعد اوس کے فرمایا جاؤ اذان دو کعبہ کے پاس پہنچے کہا کیونکر اذان دوں یا رسول اللہ آپ نے مجھکو اذان سکھلائی جیسے تم اب اذان دیا کرتے ہو اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر اشہد ان لا الٰہ الا اللہ اشہد ان لا الٰہ الا اللہ اشہد ان محمد رسول اللہ اشہد ان محمد رسول اللہ اشہد ان لا الٰہ الا اللہ اشہد ان لا الٰہ الا اللہ اشہد ان محمد رسول اللہ اشہد ان محمد رسول اللہ حی علی الصلوٰۃ حی علی الفلاح حی علی الفلاح (اور فجر کی اذان میں اتنا زیادہ) الصلوٰۃ خیر من النوم الصلوٰۃ خیر من النوم اور تکبیر مجھ کو دو دو بار بتلائی اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر اشہد ان لا الٰہ الا اللہ اشہد ان لا الٰہ الا اللہ اشہد ان محمد رسول اللہ اشہد ان محمد رسول اللہ حی علی الصلوٰۃ حی علی الصلوٰۃ حی علی الفلاح حی علی الفلاح قد قامت الصلوٰۃ قد قامت الصلوٰۃ اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ

اذان المنفردین

فی النفل جو لوگ سفر میں تنہا ہوں وہ بھی اذان کہیں عن مالک بن الحویرث قال اتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم انا وابن عم لی وقال مرۃ اخری انا وصاحب لی فقال اذا سافرتما فاذنا واقیما ولیؤمکما اکبرکما ترجمہ مالک بن الحویرث سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا میں اور میرا چچازاد بھائی یا اور کوئی ساتھی تھا آپ نے فرمایا جب تم سفر کرو تو اذان دو اور تکبیر کہو (نماز کے لیے سفر میں) اور چاہیے کہ امامت وہ کرے جو تم دونوں میں بڑا ہو

اجزاء المرۃ باذان غیرہا

دوسری کی اذان پر عن مالک بن الحویرث قال اتینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ونحن شببۃ متقاربون فاقمنا عندہ عشرین لیلۃ وکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رحیما رفیقا فظن انا قد اشتقنا الی اہلنا فسالنا عمن ترکنا من اہلنا فاخبرناہ فقال ارجعوا الی اہلیکم فاقیموا عندہم وعلموہم ومروہم واذا حضرت الصلوٰۃ فلیؤذن لکم احدکم ولیؤمکم اکبرکم ترجمہ مالک بن الحویرث سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس گئے اور سب کے سب جوان ہم سن تھے تو بیس راتوں تک میں ہے آپ بڑی رحم کرنیوالے اور نہایت نرم دل تھے آپ نے سمجھا کہ ہم کو اپنے گھر جانے کا اشتیاق ہوگا تو آپ نے پوچھا ہم اپنے گھر میں اپنے کون کون لوگوں کو چھوڑ کر آئے ہیں ہم نے بیان کیا آپ نے فرمایا تم اپنے گھر کو جاؤ اور وہیں رہو اور لوگوں کو سکھلاؤ (دین کی باتیں) اور کہو اذان دے کہ جب نماز کا وقت آوے تو ایک شخص اذان کہہ دیوے اور جو سب میں بڑا ہو وہ امامت کرے

عن ایوب عن ابی قلابۃ

عن عمرو بن سلمۃ فقال لی ابو قلابۃ هو حی اقرا تلقاہ قال ایوب فاتیتہ فسالتہ فقال لما کان وقعۃ الفتح بادر کل

قوم بالسلام فذهبنا نتلقاهم فاذا هم اهل حوالينا فلما قدم استقبلناه فقال خيستكم والله من عند رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال صلوا صلوة كذا في حين كذا وصلوة كذا في حين كذا فاذا حضرت الصلوة فليؤذن لكم احدكم وليؤمكم اكثركم قرانا ترجمہ ایوب سے روایت ہے انہوں نے سنا ابو قلابہ سے انہوں نے سنا عمر بن سلمہ سے ابو قلابہ نے کہا عمر بن سلمہ زندہ ہیں تم ان سے نہیں ملتے ایوب نے کہا میں نے ان سے جا کر ملا انہوں نے کہا جب مکہ فتح ہو گیا تو ہر ایک قوم نے اسلام لانے میں جلدی کی میرے باپ بھی قوم کی طرف سے گئے تھے اسلام کی خبر لیکر جب لوٹ کر آئے تو ہم سب ان کے استقبال کو گئی انہوں نے کہا قسم خدا کی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے آتا ہوں آپ نے فرمایا فلانی نماز فلاں وقت میں پڑھو اور یہ نماز اس وقت میں پڑھو پھر جب نماز کا وقت آجاوے تو تم میں سے ایک شخص اذان دے اور امامت وہ کرے جسکو قرآن زیادہ یاد ہو **المؤذنان للمسجد الواحد** ایک مسجد کے لیے دو مؤذن کا ہونا

عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان بلالا يؤذن بليل فكلوا واشربوا حتى يؤذن ابن ام مكتوم ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلال رات رہتے اذان دیدیا کرتے ہیں تو تم کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ ام مکتوم کے بیٹے کی اذان سنو **هما يؤذنان جميعا** اور فرمایا اگر دو مؤذن ہوں تو ایک ساتھ ملکر اذان دیویں یا ایک کے بعد دوسرا اذان دیوے **عن** عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اذن بلال فكلوا واشربوا حتى يؤذن ابن ام مكتوم قالت ولم يكن بينهما الا ان ينزل هذا ويصعد هذا ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب بلال اذان دیویں تو کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ ام مکتوم کا بیٹا اذان دیوے حضرت عائشہ نے کہا ان دونوں کی اذانوں میں بہت فاصلہ نہ تھا مگر اتنا ہی کہ ایک اذان دیکر اترتا تو دوسرا اذان کو کسی چڑھتا **عن** انيسة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اذن ابن ام مكتوم فكلوا واشربوا واذا اذن بلال فلا تاكلوا ولا تشربوا ترجمہ انیسہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ام مکتوم کا بیٹا اذان دیوے تو کھاؤ اور پیو اور جب بلال اذان دیوے تو نہ کھاؤ نہ پیو (اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بلال کی اذان اخیر میں تھی) اور پہلی روایتوں سے معلوم ہوا کہ بلال کے اذان اول میں ہوتی پھر ابن مکتوم کی اور وہی صحیح ہے **الاذان في غير وقت الصلوة** نماز کے وقت نہ ہو اور اذان دیوے تو کیسا **عن** ابن مسعود عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ان بلالا يؤذن بليل ليوقظ نائمكم وليرجع قائمكم وليس ان يقول هكذا يعني في الصبح ترجمہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلال رات کو اذان دیتا ہے

کو جگا دیں اور تہجد پڑھنے والے کو نماز میں کھانا کھانے کے لیے اور فجر ہوتی پر اذان نہیں دیتے پس تم اونکی اذان پر کھانا نہ چھوڑو

وَقْتُ أَذَانِ الصُّبْحِ فجر کی اذان کا وقت **عَنْ** **أَنَسٍ** أَنَّ سَائِلًا سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ

وَقْتِ الصُّبْحِ فَأَمَرَ بِلَالًا فَأَذَّنَ حِينَ طَلَعَ الْفَجْرُ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ أَخَّرَ الْفَجْرَ حَتَّى أَسْفَرَ ثُمَّ أَمَرَهُ فَأَقَامَ الصَّلَاةَ

ثُمَّ قَالَ هَذَا وَقْتُ الصَّلَاةِ **ترجمہ** انس سے روایت ہے ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا فجر کی نماز کا

اپنے حکم دیا بلال کو انہوں نے اذان دی جب صبح کی روشنی دکھلائی دی پھر دوسرے دن فجر کی نماز میں بہانتک کہ اوجالا ہوگیا

بعد اوس کے حکم کیا بلال کو انہوں نے تکبیر کہی آپ نے نماز پڑھی پھر فرمایا یہ وقت ہے نماز کا **كَيْفَ يُقِيمُ الْمُؤَذِّنُ فِي أَذَانِهِ** اذان میں کیونکر وقت کیا کرے **عَنْ** **أَبِي جُحَيْفَةَ** قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

خَرَجَ بِلَالٌ فَأَذَّنَ فَجَعَلَ يَقُولُ فِي أَذَانِهِ هَكَذَا يَلْتَفِتُ يَمِينًا وَشِمَالًا **ترجمہ** ابوجحیفہ سے روایت ہے میں رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا تو بلال نکلے اور انہوں نے اذان دی وہ اذان میں وقت داہنی اور بائیں پھرتے تھے **بَابُ رَفْعِ**

الصَّوْتِ بِالْأَذَانِ اذان میں وقت آواز کو بلند کرنا **عَنْ** **عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي صَعْصَعَةَ** الْأَنْصَارِيِّ

الْمَازِنِيِّ أَنَّ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ لَهُ إِنِّي أَرَاكَ تُحِبُّ الْغَنَمَ وَالْبَادِيَةَ فَإِذَا كُنْتَ فِي غَنَمِكَ أَوْ

بَادِيَتِكَ فَأَذَّنْتَ بِالصَّلَاةِ فَارْفَعْ صَوْتَكَ فَإِنَّهُ لَا يَسْمَعُ مَدَى صَوْتِ الْمُؤَذِّنِ جِنٌّ وَلَا إِنْسٌ وَلَا شَيْءٌ

إِلَّا شَهِدَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ أَبُو سَعِيدٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ **ترجمہ** عبداللہ بن

عبدالرحمان سے روایت ہے ابوسعید خدری نے اون سے کہا میں دیکھتا ہوں تم بہت چاہتے ہو جنگل کو اور بکریوں کو تو جب تم جنگل میں اپنے

بکریوں میں ہو اور نماز کے لیے اذان دو تو بلند آواز سے دو کیونکہ مؤذن کی آواز جہانتک پہونچتی ہے وہانتک کے جن اور آدمی اور ہر چیز اوسکی گواہ

ہونگے قیامت کے روز ابوسعید نے کہا میں نے یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے یعنی جن اور آدمی اور جہانتک مؤذن کی آواز

پہونچیگی وہانتک کی سب چیزیں مؤذن کی ایمان کی گواہی دینگی قیامت میں اسی واسطے مستحب ہے کہ خوب زور سے بلند آواز سے اذان کہے

عَنْ **أَبِي هُرَيْرَةَ** سَمِعَهُ مِنْ فِي رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْمُؤَذِّنُ يُغْفَرُ لَهُ مَدَى صَوْتِهِ

وَيَشْهَدُ لَهُ كُلُّ رَطْبٍ وَيَابِسٍ **ترجمہ** ابوہریرہ سے روایت ہے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ سے سنا آپ فرماتے تھے مؤذن

کی بخشش کیجاتی ہے جہانتک اوسکی آواز پہونچے (یعنی جتنی آواز بلند کریگا اوتنی مغفرت زیادہ ہوگی اگر اپنی طاقت بھر آواز بلند کردی تو

مغفرت پوری ہوگی) اور گواہی دینگی اوس کے لیے ہر تر اور خشک (یعنی زندہ اور مردہ درخت اور آدمی وغیرہ) **عَنِ الْبَرَاءِ**

بْنِ عَازِبٍ أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى الصَّفِّ الْمُقَدَّمِ وَ

الْمُؤَذِّنُ يُغْفَرُ لَهُ بِمَدِّ صَوْتِهِ وَيُصَدِّقُهُ مَنْ سَمِعَهُ مِنْ رَطْبٍ وَيَابِسٍ وَلَهُ مِثْلُ أَجْرِ مَنْ صَلَّى مَعَهُ **ترجمہ**

براء بن عازب سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ رحمت بھیجتا ہے اور اوسکے فرشتے دعا کرتے

ہیں پہلی صف کے لیے اور مؤذن کی بخشائش ہوتی ہے جہانتک اوسکی آواز بلند ہو اور سچا کہتے ہیں اوسکو جو سنتا ہے اوسکی اذان کو تر

خوشنما اور اسکو ثواب متاہو ہر ایک نماز کے پڑھنے والے کو ساتھ بتاتا ہے **اَلتَّثْوِيبُ فِي أَذَانِ الْفَجْرِ** فجر کی اذان
مین تثویب کا بیان **ف** یہان تثویب سے مراد الصلوٰۃ خیر من النوم کا کہنا ہے دو بار بعد حی علے الفلاح کی فجر کی اذان مین ✣

عَنْ اَبِی مَحْذُورَةَ قَالَ كُنْتُ أُؤَذِّنُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُنْتُ أَقُولُ فِي أَذَانِ الْفَجْرِ
الْأَوَّلِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ الصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ الصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا
اللّٰهُ ترجمہ ابو محذورہ سے روایت ہے مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اذان کہتا تھا تو فجر کے پہلے اذان مین (پہلی اذان
سے اذان مراد ہے اور تکبیر کو دوسری اذان کہتے ہین) بعد حی علے الفلاح کے مین کہتا الصلوٰۃ خیر من النوم الصلوٰۃ خیر من النوم اللہ اکبر
اللہ اکبر لا الہ الا اللہ **اٰخِرُ الْاَذَانِ** اذان کے اخیر مین کیا کہے مین **عَنْ** بِلَالٍ قَالَ اٰخِرُ الْاَذَانِ اَللّٰهُ
اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ترجمہ بلال سے روایت ہے انہون نے کہا اذان کا آخر یہ ہے اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ
عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ كَانَ اٰخِرُ اَذَانِ بِلَالٍ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ترجمہ اسود سے روایت ہے بلال کے
اذان کا اخیر یہ تھا اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ **عَنْ** اَبِی مَحْذُورَةَ اَنَّ اٰخِرَ الْاَذَانِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ترجمہ
ابو محذورہ سے روایت ہے انہون نے کہا اذان کا آخری کلمہ لا الہ الا اللہ ہے **اَلْاَذَانُ فِي الْخَلْفِ** من شہود
الْجَمَاعَةِ فِي اللَّيْلَةِ الْمَطِيرَةِ اگر رات کو بارش ہو رہی ہو تو جماعت مین آنا ضروری نہین ہے **عَنْ** عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ يَقُولُ
اَخْبَرَنِي رَجُلٌ مِّنْ ثَقِيفٍ اَنَّهُ سَمِعَ مُنَادِيَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي فِي لَيْلَةٍ مَّطِيرَةٍ فِي السَّفَرِ
يَقُولُ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ صَلُّوا فِي رِحَالِكُمْ ترجمہ عمرو بن اوس سے روایت ہے مجھ سے ایک شخص نے
بیان کیا جو ثقیف کے قبیلے کا تھا اوس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی منادی کو سنا ایک رات سفر مین اور پانی برس رہا تھا
وہ کہتا تھا حی علے الصلوٰۃ حی علے الفلاح پڑھ لو نماز اپنی اپنی ٹھکانون مین **عَنْ** نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ اَذَّنَ بِالصَّلٰوةِ
فِي لَيْلَةٍ ذَاتِ بَرْدٍ وَرِيحٍ فَقَالَ اَلَا صَلُّوا فِي الرِّحَالِ فَاِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْمُرُ الْمُؤَذِّنَ
اِذَا كَانَتْ لَيْلَةٌ بَارِدَةٌ ذَاتُ مَطَرٍ يَقُولُ اَلَا صَلُّوا فِي الرِّحَالِ ترجمہ نافع سے روایت ہے عبداللہ بن عمر نے اذان
دی نماز کی ایک رات کو جسمین سردی بہت تھی اور ہوا چل رہی تھی انہون نے پکار دیا سب لوگ نماز پڑھ لو اپنے اپنے ٹھکانون مین
کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکم کرتے تھے مؤذن کو جب ٹھنڈی رات ہوتی اور پانی برستا کہ پکار دیوے سب لوگ نماز پڑھ
لو اپنے اپنے ٹھکانون مین **اَلْاَذَانُ** لِمَنْ يَجْمَعُ بَيْنَ الصَّلٰوتَيْنِ فِي وَقْتِ الْاُولٰى مِنْهُمَا جو شخص دو نماز کو
ملا کر پڑھے پہلی نماز کے وقت مین تو وہ اذان دیوے **عَنْ** جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَارَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ حَتّٰى اَتٰى عَرَفَةَ فَوَجَدَ الْقُبَّةَ قَدْ ضُرِبَتْ لَهُ بِنَمِرَةَ فَنَزَلَ بِهَا حَتّٰى اِذَا زَاغَتِ الشَّمْسُ اَمَرَ بِالْقَصْوَاءِ
فَرُحِلَتْ لَهُ حَتّٰى اِذَا انْتَهٰى اِلٰى بَطْنِ الْوَادِي خَطَبَ النَّاسَ ثُمَّ اَذَّنَ بِلَالٌ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ اَقَامَ
فَصَلَّى الْعَصْرَ وَلَمْ يُصَلِّ بَيْنَهُمَا شَيْئًا ترجمہ جابر بن عبداللہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب حج کو

ہم کو مشرکوں نے مشغول کیا یہاں تک کہ آفتاب ڈوب گیا اور یہ سرقت کا ذکر ہے جبتک نمازیں نہیں پڑھی تھیں ہم نے ظہر و عصر و مغرب و عشا کی نمازیں پڑھیں یہ صلوۃ خوف کا حکم ہے پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ یعنی آپ اور تمہارے اصحاب نے مسلمانوں کی لڑائی سے ایک پرلڑائی ہوا بھیجی جس سے کافروں کے خیموں کی رسیاں ٹوٹ گئیں یہ خبر ہے اکثر گھوڑوں نے گھوڑوں نے لشکریوں کو روند ڈالا پانی اولے گئیں سردی کی شدت جدا تھی کافر بھاگ کر بہاگ نکلے تو حکم کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلال کو اذان کی تکبیر کہی ظہر کی اور ہم نے پڑھی اوسکو جسطرح وقت پر پڑھتے تھی لَا يُجْزِئُ اِلَّا اَنْ يُّكَبِّرَ بِاَذَانٍ فِيْ حِيْنٍ وَّلَا اِقَامَةَ لِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُمَا اگر کئی نمازیں قضا ہو گئی ہوں تو ایک اذان سب کے لیے کافی ہے ہر ایک نماز کی الگ جدا جدا تکبیر عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنَّ الْمُشْرِكِيْنَ شَغَلُوْا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَرْبَعِ صَلَوَاتٍ يَوْمَ الْخَنْدَقِ فَاَمَرَ بِلَالًا فَاَذَّنَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الْعِشَاءَ ترجمہ ابو عبیدہ سے روایت ہے عبداللہ بن مسعود نے کہا مشرکوں نے بازرکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چار نمازوں سے خندق کے روز پھر آپ نے حکم کیا بلال کو انہوں نے اذان دی پھر تکبیر کہی آپ نے ظہر کی نماز پڑھی پھر تکبیر کہی آپ نے عصر کی نماز پڑھی پھر تکبیر کہی آپ نے مغرب کی نماز پڑھی پھر تکبیر کہی آپ نے عشا کی نماز پڑھی اَنَّهٗ يُجْزِئُ اَحَدَهُمْ اِقَامَةٌ بِلَا اِقَامَةٍ لِكُلِّ صَلٰوةٍ ہر نماز کے لیے صرف تکبیر کہہ لینا بھی کافی ہے عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كُنَّا فِيْ غَزْوَةٍ حَسِبْنَا الْمُشْرِكُوْنَ عَنْ صَلٰوةِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ فَلَمَّا انْصَرَفَ الْمُشْرِكُوْنَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنَادِيًا فَاَقَامَ لِصَلٰوةِ الظُّهْرِ فَصَلَّيْنَا وَاَقَامَ لِصَلٰوةِ الْعَصْرِ فَصَلَّيْنَا وَاَقَامَ لِصَلٰوةِ الْمَغْرِبِ فَصَلَّيْنَا وَاَقَامَ لِصَلٰوةِ الْعِشَاءِ فَصَلَّيْنَا ثُمَّ طَافَ عَلَيْنَا فَقَالَ مَا عَلٰى الْاَرْضِ عِصَابَةٌ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ غَيْرُكُمْ ترجمہ عبداللہ بن مسعود نے کہا ہم ایک لڑائی میں تھے تو مشرکوں نے روکدیا ہم کو ظہر اور عصر اور مغرب اور عشا کی نماز سے جب وہ بھاگ گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا اذان دینے والے کو اوس نے تکبیر کہی ظہر کی نماز کی ہم نے ظہر کی نماز پڑھی پھر تکبیر کہی عصر کی نماز کی ہم نے عصر کی نماز پڑھی پھر تکبیر کہی مغرب کی نماز کی ہم نے مغرب کی نماز پڑھی پھر تکبیر کہی عشا کی نماز کی ہم نے عشا کی نماز پڑھی بعد اوس کے آپ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ زمین پر کوئی جماعت ایسی نہیں ہے جو اللہ کی یاد کرتے ہوں (اسوقت میں) سوا تمہاری اَلْاِقَامَةُ لِمَنْ نَسِيَ رَكْعَةً مِّنْ صَلٰوةٍ جو شخص ایک رکعت بھول گیا (اور سلام پھیر کر چلدیا) پھر اوس کو ایک رکعت کو ادا کرنا چاہیے تو تکبیر کہی عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حُدَيْجٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى يَوْمًا فَسَلَّمَ وَقَدْ بَقِيَتْ مِنَ الصَّلٰوةِ رَكْعَةٌ فَاَدْرَكَهُ رَجُلٌ فَقَالَ نَسِيْتَ مِنَ الصَّلٰوةِ رَكْعَةً فَرَجَعَ الْمَسْجِدَ فَاَمَرَ بِلَالًا فَاَقَامَ الصَّلٰوةَ فَصَلّٰى لِلنَّاسِ رَكْعَةً فَاَخْبَرَتْ بِذٰلِكَ النَّاسَ فَقَالُوْا اِنَّ الرَّجُلَ كَانَ يُعْرَفُ فَمَا رَاَيْنَاهُ قَطُّ اِلَّا الْاٰنَ اَرَاهُ قُرَشِيًّا فَقُلْتُ هٰذَا هُوَ قَالُوْا هٰذَا طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ ترجمہ معاویہ بن حدیج سے روایت ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز نماز پڑھی تو ایک رکعت باقی تھے آپ نے سلام پھیر دیا اور مسجد سے باہر چلے گئے ایک شخص پیچھا اور کہا یا رسول اللہ آپ ایک رکعت بھول گئے آپ مسجد کے دروازے اور بال کو حکم کیا انہوں نے تکبیر کہی آپ نے ایک رکعت ادا کی پھر ان لوگوں سے یہ قصہ بیان کیا انہوں نے کہا تم سچ کہتے ہو اس شخص کو دیکھا ہے کہ آپ سے کہا تھا کہ آپ ایک رکعت بھول گئے ہیں نے کہا میں جانتا نہیں مگر دیکھوں تو البتہ پہچان لوں وہ شخص میری سامنی سے نکلا میں نے کہا وہ یہی ہے لوگوں نے کہا یہ طلحہ بن عبید اللہ بن عبید اللہ ہیں **اَذَانُ الرَّاعِیْ** چرواہے جنگل میں اذان دیوے **عَنْ** عبد اللہ بن ربیعۃ انہ کان مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی سفر فسمع صوت رجل یؤذن حتی اذا بلغ اشھد ان محمدا رسول اللہ قال لکم لمن سمع ھذا من ابن ابی تلعۃ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان ھذا الراعی غنم رجل عاذ عن اھلہ فھبط الوادی فاذا ھو براعی غنم فاذا ھو بشاۃ منتتۃ قال اترون ھذہ ھینۃ علی اھلھا قالوا نعم قال لدنیا اھون علی اللہ من ھذہ الی اھلھا

ترجمہ عبد اللہ بن ربیعہ سے روایت ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے ایک سفر میں آپ نے ایک شخص کے اذان کی جو اذان دیتا تھا جب اشہد ان محمدا رسول اللہ پر پہنچا تو آپ نے فرمایا یہ بکری کا چرواہا ہے یا اپنے گھر بار سے جدا ہے آپ وادی میں اترے دیکھا تو وہ بکری کا چرواہا ہے پھر آپ نے ایک بکری دیکھی جو مری ہوئی پڑتی تھی آپ نے فرمایا دیکھو یہ اس کے مالک کے نزدیک کسقدر ذلیل ہے صحابہ نے عرض کیا ہاں آپ فرمایا اللہ جل جلالہ کے نزدیک دنیا اس سے بھی زیادہ ذلیل ہے **اَلْاَذَانُ** لمن یصلی وحدہ جو شخص اکیلے نماز پڑھے وہ اذان دیوے **عَنْ** عقبۃ بن عامر قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول یعجب ربک من راعی غنم فی رأس شظیۃ الجبل یؤذن بالصلوۃ ویصلی فیقول اللہ عز وجل انظروا الی عبدی ھذا یؤذن ویقیم الصلوۃ یخاف منی قد غفرت لعبدی وادخلتہ الجنۃ

ترجمہ عقبہ بن عامر سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے اللہ تعجب کرتا ہے اوس شخص سے جو بکریاں چراتا ہے پہاڑ کی چوٹی کے کنارے میں اذان دیتا ہے نماز کے لیے اور نماز پڑھتا ہے پروردگار فرماتا ہے دیکھو میری اس بندے کو اذان دیتا ہے اور نماز پڑھتا ہے میری ڈر سے میں نے اسکو بخشدیا اور جنتی کر دیا **اَلْاِقَامَۃُ** لمن یصلی وحدہ جو شخص اکیلے نماز پڑھے وہ تکبیر کہے **عَنْ** رفاعۃ بن رافع ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علمہ ھو جالس فی صفۃ الصلوۃ الحدیث

ترجمہ رفاعہ بن رافع سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے نماز کی صفت میں

صِفَۃُ الْاِقَامَۃِ تکبیر کیونکر کہنا چاہیے **عَنْ** ابی المثنی مؤذن مسجد الجامع قال سألت ابن عمر عن الاذان فقال کان الاذان علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مثنی مثنی والاقامۃ مرۃ مرۃ الا انک اذا قلت قد قامت الصلوۃ قلتھا مرتین فاذا لم تکن قد قامت

الصَّلٰوةُ نُوْضِّئًا ثُمَّ خَرَجْنَا اِلَى الصَّلٰوةِ ترجمہ ابو المنیب سے روایت ہے جو جامع عتیک کے مؤذن تھے کہ میں نے عبد اللہ بن عمر سے اذان کو پوچھا انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں اذان کے کلمے دو دو بار کہے جاتے اور تکبیر کے ایک ایک بار مگر قد قامت الصلوٰۃ کو دو بار کہتے جب ہم قد قامت الصلوٰۃ سنتے تو وضو کرتے اور نماز کے لیے باہر نکلتے اِذَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ ہر شخص اپنے لیے جدا جدا تکبیر کہے عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِصَاحِبٍ لِّيْ اِذَا حَضَرَتِ الصَّلٰوةُ فَاَذِّنَا ثُمَّ اَقِيْمَا ثُمَّ لِيَؤُمَّكُمَا اَكْبَرُكُمَا ترجمہ مالک بن الحویرث سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ اور میرے ایک رفیق سے فرمایا جب نماز کا وقت آوے تو تم دونوں اذان و پھر تکبیر کہنا پھر نماز وہ پڑھاوے جو تم دونوں میں بڑا ہو (عمر میں) فَضْلُ التَّاذِيْنِ اذان کی فضیلت عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ اَدْبَرَ الشَّيْطَانُ وَلَهٗ ضُرَاطٌ حَتّٰى لَا يَسْمَعَ التَّاذِيْنَ فَاِذَا قُضِيَ النِّدَاءُ اَقْبَلَ حَتّٰى اِذَا ثُوِّبَ بِالصَّلٰوةِ اَدْبَرَ حَتّٰى اِذَا قُضِيَ التَّثْوِيْبُ اَقْبَلَ حَتّٰى يَخْطِرَ بَيْنَ الْمَرْءِ وَنَفْسِهٖ يَقُوْلُ اُذْكُرْ كَذَا اُذْكُرْ كَذَا لِمَا لَمْ يَكُنْ يَذْكُرُ حَتّٰى يَظَلَّ الْمَرْءُ اَنْ لَّا يَدْرِيَ كَمْ صَلّٰى ترجمہ ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اذان ہوتی ہے نماز کی لیے تو شیطان پیٹ موڑ کر بادتا ہوا بھاگتا ہے اس لیے کہ اذان کی آواز نہ سنے پھر جب اذان ہو چکتی ہے تو لوٹ آتا ہے جب تکبیر ہوتی ہے پھر بھاگ جاتا ہے جب تکبیر ہو چکتی ہے پھر لوٹ آتا ہے یہاں تک کہ خطرہ کرتا ہے آدمی اور اوس کے دل کے بیچ میں (پس الگا کر دیتا ہے آدمی کو دل سے یعنی ظاہر میں جسم آدمی کا نماز میں ہوتا ہے لیکن دل سو وہاں نہیں ہوتا دل اور خیالات میں پھنس جاتا ہے) تو وہ وہ باتیں یاد دلاتا ہے جنکا نماز سے پہلے خیال نہ تھا یہاں تک کہ بھول جاتا ہے آدمی کتنی رکعتیں پڑھیں اَلْاِسْتِهَامُ عَلَى التَّاذِيْنِ اذان کہنے پر قرعہ ڈالنا عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي النِّدَاءِ وَالصَّفِّ الْاَوَّلِ ثُمَّ لَمْ يَجِدُوْا اِلَّا اَنْ يَّسْتَهِمُوْا عَلَيْهِ لَاسْتَهَمُوْا عَلَيْهِ وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِي التَّهْجِيْرِ لَاسْتَبَقُوْا اِلَيْهِ وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِي الْعَتَمَةِ وَالصُّبْحِ لَاَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا ترجمہ ابو ہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ نے فرمایا اگر لوگ جانیں جتنا کہ اذان میں اور جماعت کے اول صف میں ہے پھر نہ پاویں مگر قرعہ ڈالنے سے البتہ قرعہ ڈالتے اور اگر جانیں کیا ثواب ہے ظہر کو اول وقت پڑھنے میں تو جلدی کریں اوسکے اور اگر جانیں کیا ثواب ہے عشاء فجر کی جماعت کا تو آویں سرین کے بل گھسٹتے ہوئے (یعنی اگر چلنے کی طاقت نہ ہو تب بھی چوتڑوں کے بل گھسٹتے آویں) اِحْتِسَابُ الْمُؤَذِّنِ الَّذِيْ لَا يَاْخُذُ عَلٰى اَذَانِهٖ اَجْرًا مؤذن ایسے شخص کو کرنا چاہیے جو اذان پر اجرت نہ لیوے عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اجْعَلْنِيْ اِمَامَ قَوْمِيْ فَقَالَ اَنْتَ اِمَامُهُمْ وَاقْتَدِ بِاَضْعَفِهِمْ وَاتَّخِذْ مُؤَذِّنًا لَّا يَاْخُذُ عَلٰى اَذَانِهٖ اَجْرًا ترجمہ عثمان بن ابی العاص سے روایت ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ مجھ کو امام بنا دیجیے اپنی قوم کا آپ نے فرمایا تو امام ہے اپنی قوم کا لیکن اقتدا کر اوس شخص کے جو سب سے زیادہ ضعیف ہو اور مؤذن ایسا

یعنی رعایت کرنے ضعیف اور بیمار کی اذان نماز کو طول مت دے کہ یہ لوگ جماعت سے گھبرا جاویں) اور مقرر کرے ایسے مؤذن کو جو اذان پر اجرت

نہ لیوے **ثواب ذالک** اذان کا ثواب **عن** ابی ہریرۃ یقول کنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

فقام بلال ینادی فلما سکت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قال مثل ھذا یقینا دخل

الجنۃ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے تو بلال کھڑا ہوا اذان دینے کو جب اذان دے چکے

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے ایسا ہی کہا دل سے یقین کر کے وہ جنت میں جاوے گا **القول مثل**

ما یقول المؤذن جو مؤذن کہے وہی سننے والا بھی کہے **عن** محمد بن یحیی الانصاری قال کنت جالسا عند

ابی امامۃ بن سھل بن حنیف فاذن المؤذن فقال اللہ اکبر اللہ اکبر فکبر اثنتین ثم قال اشھد ان

لا الہ الا اللہ فقال اشھد ان لا الہ الا اللہ ثم قال اشھد ان محمدا رسول اللہ فقال اشھد ان محمدا

رسول اللہ ثم قال حدثنی معاویۃ بن ابی سفیان عن قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترجمہ محمد بن یحیی انصاری سے روایت ہے

میں بیٹھا تھا ابوامامہ بن سہل بن حنیف میں مؤذن نے اذان دی تو ابوامامہ نے کہا اللہ اکبر اللہ اکبر کہا انہوں نے بھی دو بار اللہ اکبر کہا پھر مؤذن نے اشہد ان

لا الہ الا اللہ اشہد ان لا الہ الا اللہ کہا انہوں نے بھی دو بار اشہد ان لا الہ الا اللہ کہا پھر مؤذن نے اشہد ان محمدا رسول اللہ اشہد

ان محمدا رسول اللہ کہا انہوں نے بھی دو بار اشہد ان محمدا رسول اللہ کہا پھر کہا مجھ سے معاویہ بن ابی سفیان نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کا قول بیان کیا **عن** ابی امامۃ بن سھل قال سمعت معاویۃ یقول سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم وسمع المؤذن فقال مثل ما قال ترجمہ ابوامامہ بن سہل سے روایت ہے وہ کہتے تھے میں نے معاویہ سے سنا

وہ کہتے تھے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے مؤذن کو اذان دیتے سنا تو جیسا مؤذن کہتا جاتا ہے ویسا ہی آپ بھی

کہتے جاتے تھے **القول الذی** یقال اذا قال المؤذن حی علی الصلوۃ حی علی الفلاح جب مؤذن کہے

علی الصلوۃ حی علی الفلاح کہے اس سننے والا کیا کہے **عن** عبد اللہ بن علقمۃ بن وقاص قال کنت عند معاویۃ

اذا اذن مؤذنہ فقال معاویۃ کما قال المؤذن حتی اذا قال حی علی الصلوۃ قال لا حول ولا

قوۃ الا باللہ فلما قال حی علی الفلاح قال لا حول ولا قوۃ الا باللہ وقال ھکذا سمعت نبیکم

المؤذن ثم قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول مثل ذلک ترجمہ عبداللہ بن علقمہ بن

وقاص سے روایت ہے میں معاویہ بن ابی سفیان کے پاس تھا اتنے میں اون کے مؤذن نے اذان دی تو معاویہ نے بھی ویسا ہی کہا جیسے

مؤذن نے کہا جب مؤذن نے حی علی الصلوۃ کہا تو انہوں نے لاحول ولا قوۃ الا باللہ کہا جب اس نے حی علی الفلاح کہا تو انہوں نے

لاحول ولا قوۃ الا باللہ کہا پھر یہی کہا جو مؤذن نے کہا بعد اوسکے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسا ہی سنا آپ بھی

ایسا ہی کہا کرتے تھے **باب الصلوۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعد الاذان** اذان کے بعد رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا **عن** عبد اللہ بن عمرو یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ

إِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ فَقُولُوا مِثْلَ مَا يَقُولُ وَصَلُّوا عَلَيَّ فَإِنَّهُ مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ عَشْرًا ثُمَّ سَلُوا اللَّهَ لِيَ الْوَسِيلَةَ فَإِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِي الْجَنَّةِ لَا تَنْبَغِي إِلَّا لِعَبْدٍ مِنْ عِبَادِ اللَّهِ أَرْجُو أَنْ أَكُونَ أَنَا هُوَ فَمَنْ سَأَلَ لِيَ الْوَسِيلَةَ حَلَّتْ لَهُ الشَّفَاعَةُ ترجمہ عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جب تم اذان سنو تو جو اذان دینے والا کہے وہ تم بھی کہو اور میرے اوپر درود بھیجو اسلیئے کہ جو کوئی میرے اوپر ایک بار درود بھیجے گا اللہ جل جلالہ اوس پر دس بار رحمت بھیجے گا پھر میرے لیئے اللہ سے اپنی پہنچی وسیلی کو سو اسطے کہ وسیلہ ایک درجہ ہے جنت میں جو کسیکو لائق نہیں ہے سوا ایک بندے کے اللہ کے بندوں میں سے اور مجھے امید ہے کہ وہ بندہ میں ہی ہونگا تو جو شخص میرے لیئے وسیلہ کو مانگیگا ضرور ہو جاوے گی اوس کے لیے میری شفاعت ف وسیلہ کے معنی کی ڈال آگے آتی ہے **الدعاء عند الاذان** اذان کی دعا کا بیان **عن** سعد بن ابی وقاص عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ حِينَ يَسْمَعُ الْمُؤَذِّنَ وَأَنَا أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ رَضِيتُ بِاللَّهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُولًا غُفِرَ لَهُ ذَنْبُهُ ترجمہ سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اذان سنکر کہے میں بھی گواہی دیتا ہوں اسبات کی کہ سوا اللہ کے کوئی سچا معبود نہیں ہے وہ اکیلا ہے اوسکا کوئی شریک نہیں ہے اور بیشک محمد اوس کے بندے اور بھیجے ہوئے ہیں اور میں اللہ جل جلالہ کے رب ہونے پر اور اسلام دین ہونے پر اور محمد کے رسول ہونے پر راضی ہوا اوسکا گناہ بخشدیا جاویگا **عن** جابر قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِينَ يَسْمَعُ النِّدَاءَ اللَّهُمَّ رَبَّ هَذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ آتِ مُحَمَّدًا الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُودًا الَّذِي وَعَدْتَهُ إِلَّا حَلَّتْ لَهُ شَفَاعَتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ ترجمہ جابر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اذان سنکر یہہ کہے اللھم رب ہذہ الدعوۃ التامۃ والصلوۃ القائمۃ آت محمدا الوسیلۃ والفضیلۃ وابعثہ مقاما محمودا الذی وعدتہ تو ضرور ہو جاویگی شفاعت اوسکی میری ف اس دعا کے معنے یہ ہیں یا اللہ جو رب ہے اس پوری پکار کا (یعنی اذان کا) اور رب ہے نماز کا جو قایم رہنیوالی ہے قیامت تک دیتو محمد کو وسیلہ اور بزرگی اور پہونچا اونکو مقام محمود میں (یعنی اوس مقام میں جسکی سب تعریف کرتے ہیں اور وہ مقام شفاعت ہے جہاں پر کسی کی پہونچ نہوگی) جسکا تونے وعدہ کیا ہے (اس آیت میں عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا) بیہقی کی روایت میں اتنا زیادہ ہے انک لا تخلف المیعاد تیرا وعدہ خلاف نہیں ہوتا اور یہ لفظ جو بعد فضیلہ کے بڑھاتے ہیں واللہ درجۃ الرفیعۃ اور اخیر میں وارزقنا شفاعتہ یوم القیامۃ حدیث میں نہیں ہیں **الصلوۃ بین الاذان والاقامۃ** اذان اور اقامت (تکبیر) کے بیچ میں نماز پڑھنا **عن** عبداللہ بن مغفل قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ كُلِّ أَذَانَيْنِ صَلَاةٌ بَيْنَ كُلِّ أَذَانَيْنِ صَلَاةٌ بَيْنَ كُلِّ أَذَانَيْنِ صَلَاةٌ لِمَنْ شَاءَ ترجمہ عبداللہ

بن مغفل سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر دو اذان کے بیچ میں نماز ہے ہر دو اذانوں کے بیچ میں نماز ہے ہر دو اذانوں کے بیچ میں نماز ہے جسکا جی چاہے (وہ نفل پڑھے) اذان اور تکبیر کے بیچ میں عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ الْمُؤَذِّنُ اِذَا اَذَّنَ قَامَ نَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَبْتَدِرُوْنَ السَّوَارِيَ يُصَلُّوْنَ حَتّٰى يَخْرُجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ كَذٰلِكَ يُصَلُّوْنَ قَبْلَ الْمَغْرِبِ وَلَمْ يَكُنْ بَيْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ شَيْءٌ ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے مؤذن جب اذان دے چکتا اور صحابہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ستونوں کی طرف چلے جاتے اور نماز پڑھا کرتے (یعنی سنتیں) یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لاتے اسی طرح مغرب سے پہلے بھی وہ لوگ نماز پڑھتے (یعنے نفل) اور مغرب کے اذان اور اقامت میں کچھ فاصلہ نہ ہوتا اَلْتَشْكِيْلُ فِي الْخُرُوْجِ مِنَ الْمَسْجِدِ بَعْدَ الْاَذَانِ جب مسجد میں اذان ہو جاوے تو بیٹھ رہنے یا نکلنا کیسا ہے عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ قَالَ رَاَيْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ وَرَجُلٌ فِي الْمَسْجِدِ بَعْدَ الْاَذَانِ حَتّٰى قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَمَّا هٰذَا فَقَدْ عَصٰى اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ترجمہ ابو الشعثاء سے روایت ہے کہ انہوں نے ابو ہریرہ کو دیکھا ایک شخص مسجد میں سے جانے لگا اذان کے بعد یہاں تک کہ باہر چلا گیا انہوں نے کہا اس شخص نے تو ابو القاسم کی (یعنے آنحضرت) صلی اللہ علیہ وسلم کی (کیونکہ آپ کا فرمان ہے) کہ جب مسجد میں اذان ہو جاوے تو بیٹھ نماز پڑھے باہر نہ جاوے عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ قَالَ خَرَجَ رَجُلٌ مِّنَ الْمَسْجِدِ بَعْدَ مَا اُذِّنَ بِالصَّلٰوةِ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَمَّا هٰذَا فَقَدْ عَصٰى اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ترجمہ ابو الشعثاء سے روایت ہے ایک شخص مسجد سے نکلا جب اذان ہو چکی تھی ابو ہریرہ نے کہا اس نے نافرمانی کی ابو القاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی اِيْمَانُ الْمُؤَذِّنِيْنَ لِلْاَئِمَّةِ بِالصَّلٰوةِ مؤذن کو امام کی خبر ہونی چاہیئے عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ فِيْمَا بَيْنَ اَنْ يَّفْرُغَ مِنْ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ اِلَى الْفَجْرِ اِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً يُسَلِّمُ بَيْنَ كُلِّ رَكْعَتَيْنِ وَيُوْتِرُ بِوَاحِدَةٍ وَيَسْجُدُ سَجْدَةً قَدْرَ مَا يَقْرَاُ اَحَدُكُمْ خَمْسِيْنَ اٰيَةً ثُمَّ يَرْفَعُ رَاْسَهٗ فَاِذَا سَكَتَ الْمُؤَذِّنُ مِنْ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَتَبَيَّنَ لَهُ الْفَجْرُ قَامَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ ثُمَّ اضْطَجَعَ عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْمَنِ حَتّٰى يَاْتِيَهُ الْمُؤَذِّنُ لِلْاِقَامَةِ فَيَخْرُجُ مَعَهٗ ترجمہ حضرت ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عشا کی نماز سے فارغ ہو کر فجر تک گیارہ رکعتیں پڑھتے تھے ہر دو رکعتوں کے بیچ میں سلام پھیرتے تھے اور ایک رکعت وتر کی پڑھتے تھے اور ایک سجدہ کرتے تھے جتنی دیر تک تم میں سے کوئی پچاس آیتیں پڑھ لیتا پھر سر اٹھاتے تھے جب مؤذن فجر کی اذان سے خاموش ہو جاتا اور آپ کو معلوم ہو جاتا کہ فجر ہو گئی تو ہلکی ہلکی دو رکعتیں پڑھتے تھے پھر داہنی کروٹ پر لیٹ جاتے یہاں تک کہ مؤذن آپ پاس آ کر تکبیر کی خبر کرتا اور آپ کے ساتھ نکلتے (تو اذان کے بعد مؤذن آپ کو آکر خبر کرتا کہ اب تکبیر ہوتی ہے اس حدیث سے یہ بات نکلی کہ مؤذن امام کو خبر کر دے اور نماز کو اٹھ کھڑا ہو جانے کی یعنی جو وجہ ہے کہ وہ مشغول رہتے ہیں اور کاموں میں) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

ابن سباق ثم ذکرت کانت صلوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باللیل فوصف انہ صلی احدی
عشرۃ رکعۃ یا لوتر ثم نام حتی استثقل فرایتہ ینفخ واتاہ بلال فقال الصلوۃ یا رسول اللہ ثم
فقام فصلی رکعتین وصلی بالناس ولم یتوضا ترجمہ کریب سے روایت ہے جو مولی تھے عبد اللہ بن عباس کے مینے
ابن عباس سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو کیونکر نماز پڑھتے تھے انہوں نے بیان کیا کہ آپ نے گیارہ رکعتیں پڑھتے
تھے پھر سو رہے یہانتک کہ سستہ ہو گئی اور میں نے دیکھا آپ کو خراٹے لیتے ہوئے اتنے میں بلال آئے اور عرض کیا نماز یا رسول
اللہ آپ کھڑے ہوئے اور دو رکعتیں پڑھیں پھر نماز پڑھائی لوگوں کے ساتھ اور وضو نہیں کیا تھا اس حدیث سے کہ آپ ظاہر میں سوتے
تھے لیکن دل بیدار رہتا اور یہ خاصہ ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا **اقامۃ المؤذن عند خروج الامام**
جب امام باہر نکلے تو مؤذن تکبیر کہے **عن ابی قتادۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اقیمت**
الصلوۃ فلا تقوموا حتی تروننی وقد خرجت ترجمہ ابو قتادہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب نماز کی تکبیر ہو تو
مت کھڑے ہو یہانتک کہ دیکھو مجھ کو باہر نکلتے ہوئے **کتاب المساجد** کتاب مسجدوں کے بیان میں **الفضل فی بناء المسجد**
بنانے کی فضیلت **عن عمرو بن عنبسۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من بنی مسجدا**
یذکر اللہ عز وجل فیہ بنی اللہ لہ بیتا فی الجنۃ ترجمہ عمرو بن عنبسہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مسجد بنا کر اسکی یاد اوسمیں کرے (یا مسجد بنا دیوے اور اوس میں اسکی یاد کیجاوے) تو اللہ
اوسکی لیے ایک گھر بنا دیگا جنت میں **ف** اگر یہ فضیلت اوسحالت میں ہے جب نمازیوں کو تکلیف ہو اور وہاں کوئی اور مسجد
نہ ہو اگر اور مسجدیں موجود ہوں تو اونہی کی مرمت اور درستی کرنا نئی مسجد بنانے سے بہتر ہے اور جو اون مسجدوں میں مرمت کے
حاجت نہ ہو نئی مسجد نہ بناوی بلکہ اسقدر روپیہ ضروری کاموں میں دین کے صرف کرے جیسے مدرسہ بنانا کنواں بنانا سرائے
دین کے کتابیں چھپوانا **المباھاۃ فی المساجد** مسجد بنانے میں فخر اور بڑائی کرنا کیسا ہے **عن انس ان النبی**
صلی اللہ علیہ وسلم قال من اشراط الساعۃ ان یتباھی الناس فی المساجد ترجمہ انس سے روایت ہے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کی نشانی یہ بھی ہے کہ لوگ فخر کرینگے مسجدوں میں **ف** یعنے اپنی نامور ی اور
بڑائی کی نیت سے مسجدیں بناوینگے اور ایک دوسری کے حرص سے اوسکی آراستگی اور زینت کرینگے مطلب یہ ہے کہ نیک کاموں میں
خدا کی مرضی کا خیال کم ہوگا **ذکر ای مسجد وضع اولا** کون سی مسجد پہلے بنائی گئی ہے **عن الاعمش**
ان ابراھیم قال کنت اقرأ علی ابی القرآن فی السکۃ فاذا قرأت السجدۃ سجد فقلت یا ابت السجد
فی الطریق فقال انی سمعت اباذر یقول سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای مسجد وضع
اولا قال المسجد الحرام قلت ثم ای قال المسجد الاقصی قلت وکم بینھما قال اربعون عاما
والارض لک مسجد فحیثما ادرکتک الصلوۃ فصل ترجمہ اعمش سے روایت ہے ابراہیم نے مجھ سے کہا میں اپنے باپ

سامنے قرآن پڑھا تھا سکہ مین (ایک مقام کا نام ہے) جب مین سجدہ کی آیۃ پڑھتا تو وہ سجدہ کرتے مین نے کہا یا ابا تم راہ مین سجدہ کرتے ہو انہون نے کہا میرے باپ نے مجھ سے بیان کیا کہتے ہین مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کون سی مسجد پہلی بنائی گئی ہے انہون نے کہا مسجد حرام (یعنی خانہ کعبہ) مین نے کہا پھر کون سی بنائی فرمایا مسجد اقصیٰ (بیت المقدس) مین نے کہا ان دونون مسجدون مین کتنا فاصلہ تھا آپنے فرمایا چالیس برس اور ساری زمین تیرے لیے مسجد ہی جہان تجھ نماز کا وقت آجاوے وہان پڑھ

فضل الصلوٰۃ فی المسجد الحرام

کعبہ مین نماز پڑھنے کی فضیلت عن ابن ابی نعیم بن عبید اللہ بن معتب بن عباس ان میمونۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم قالت من صلی فی مسجدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول الصلوٰۃ فیہ افضل من الف صلوٰۃ فیما سواہ الا مسجد الکعبۃ مرجمہ ابراہیم بن عبد اللہ سے روایت ہے ام المومنین میمونہ نے کہا مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ فرماتے تھے میری مسجد (یعنی مسجد نبوی) مین نماز پڑھنا اور مسجدون مین ہزار نماز پڑھنے سے زیادہ ہے مگر خانہ کعبہ کی مسجد مین (یعنی مسجد حرام مین نماز پڑھنا مسجد نبوی سے بھی افضل ہے)

الصلوٰۃ فی الکعبۃ

خانہ کعبہ مین نماز پڑھنا عن ابن عمر قال دخل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم البیت ھو واسامۃ بن زید وبلال وعثمان بن طلحۃ فاغلقوا علیھم فلما فتحوا کنت اول من ولج فلقیت بلالا فسألتہ ھل صلی فیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال نعم صلی بین العمودین الیمانیین مرجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے اندر گئے اور آپ کے ساتھ اسامہ بن زید اور بلال اور عثمان بن طلحہ تھے دروازہ بند کر لیا جب دروازہ آپنے کھولا تو سب سے پہلی مین اندر گیا اور بلال سے کچھ پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی انہون نے کہا ہان نماز پڑھی میان دو ستونون یمانی کی

باب المحل الاقصیٰ فی الصلوٰۃ فیہ بیت المقدس

مسجد کا بیان اور اس مین نماز پڑھنے کا ذکر عن عبید اللہ بن عمر وعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان سلیمان بن داود علیہ السلام لما بنی بیت المقدس سأل اللہ عز وجل خلالا ثلثۃ سأل اللہ عز وجل حکما یصادف حکمہ فاعطیہ وسأل اللہ عز وجل ملکا لا ینبغی لاحد من بعدہ فاعطیہ وسأل اللہ عز وجل حین فرغ من بناء المسجد ان لا یاتیہ احد لا ینھزہ الا الصلوٰۃ فیہ ان یخرجہ من خطیئتہ کیوم ولدتہ امہ مرجمہ عبد اللہ بن عمرو سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سلیمان بن داود علیہ السلام نے جب بیت المقدس کو بنایا (یعنی اوسکی عمارت کی) اور ان عمارت بنانی اسلیے کہ بنا بیت المقدس اور کعبہ کی حضرت آدم علیہ السلام ڈال چکے تھے) تو اوسنے جل جلالہ سے تین باتون کے لیے دعا کی ایک تو یہ کہ اسے جل جلالہ اونکو ایسی حکومت عنایت فرماوی (کہ ہوا اور پانی اور جانورون کے مسخر اور تابعدار ہون) اللہ نے ایسی ہی حکومت دی دوسری یہ کہ اللہ اونکو ایسی سلطنت دیوے جو بعد اون کے کسی کو اللہ نے ایسی ہی سلطنت دون کو دی

تیسری یہ کہ جب مسجد بنانے سے فارغ ہوئے تو اللہ سے دعا کی یا اللہ جو کوئی اس مسجد میں نماز ہی کے لیے آوے تو اسکو گناہوں سے ایسا پاک کر دے جیسی وہ پاک نہا پیدا ہونے کی وقت **فضل مسجد النبی صلی اللہ علیہ وسلم والصلوٰۃ فیہ** مسجد نبوی میں نماز پڑھنے کی فضیلت **عن ابی سلمۃ بن عبد الرحمن وابی عبید اللہ** الاعرج مولی الجہنیین وکانا من اصحاب ابی ہریرۃ انہما سمعا ابا ہریرۃ یقول صلوٰۃ فی مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افضل من الف صلوٰۃ فیما سواہ من المساجد الا المسجد الحرام فان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اخر الانبیاء ومسجدہ اخر المساجد

ترجمہ ابوسلمہ بن عبد الرحمن اور ابو عبد اللہ اغر سے روایت ہے اور وہ دونوں ابوہریرہ کے رفیقوں میں سے تھے اون دونوں نے ابوہریرہ سے سنا وہ کہتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں ایک نماز پڑھنا اور مسجدوں میں ہزار نمازوں سے بہتر ہے مگر مسجد حرام سے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب پیغمبروں کے بعد ہیں اور آپ کی مسجد سب مسجدوں کے بعد ہے (یعنی جیسے آپ سب پیغمبروں سے افضل ہیں ایسی ہی آپ کی مسجد بھی اگلے تمام پیغمبروں کی مسجدوں سے افضل ہے) قال ابو سلمۃ وابو عبد اللہ لم نشک ان ابا ہریرۃ کان یقول عن حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فنعتا ان نستثبت ابا ہریرۃ فی ذلک الحدیث حتی اذا توفی ابو ہریرۃ ذکرنا ذلک وتلاومنا ان لا نکون کلمنا ابا ہریرۃ فی ذلک حتی یسندہ الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کان سمعہ منہ فبینا نحن علی ذلک جالسنا عبد اللہ بن ابراہیم بن قارظ فذکرنا ذلک الحدیث والذی فوضنا فیہ من نص ابی ہریرۃ فقال لنا عبد اللہ بن ابراہیم اشہد انی سمعت ابا ہریرۃ یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فانی اخر الانبیاء وانہ اخر المساجد

ترجمہ ابوسلمہ اور ابو عبد اللہ نے کہا ہم کو یہ میں کچھ شک نہ تھی کہ ابوہریرہ ہمیشہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان کرتے تھے سو جب ہم نے اون سے صاف نہ کیا اس حدیث کو کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یا تمہارا قول ہے) جب ابوہریرہ مر گئے تو ہم نے اسکا ذکر کیا اور ایک نے دوسری کو ملامت کی اس بات پر کہ ابوہریرہ سے کیوں نہ پوچھا تاکہ وہ نسبت کر دیتے اس حدیث کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک اگر انہوں نے سنا ہو تا اپ سے تو ہم اسی تردد میں تھے کہ عبد اللہ بن ابراہیم بن قارظ کے پاس بیٹھے اور اون سے بیان کیا اس حدیث کو اور ذکر کیا اپنے قصور کا جو ابوہریرہ سے نہ پوچھنے میں ہوا عبد اللہ بن ابراہیم نے کہا میں گواہی دیتا ہوں اس بات کی کہ میں نے ابوہریرہ سے سنا وہ کہتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (اسی حدیث کو) اس لیے کہ میں سب پیغمبروں کے آخر میں ہوں اور میری مسجد بھی سب مسجدوں کے اخیر میں ہے **عن عبد اللہ بن زید** قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما بین بیتی ومنبری روضۃ من ریاض الجنۃ

ترجمہ عبد اللہ بن زید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے

اور منبر کے درمیان بہشت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری ہے حدیث بیتی و بیتوں میں گھر ہی اور بعض میں حجرہ اور بعض میں قبر سب روایتوں کا ایک ہی مطلب ہے کیونکہ آپ کا گھر حضرت عائشہ کا حجرہ تھا آپ کا گھر اور حجرہ ملا ہوا تھا اور اسی میں آپ کی حضرت کی قبر شریف اور منبر کے درمیان چند گز کا فاصلہ ہے مطلب یہ ہے کہ اتنی جگہ بہشت میں اور منبر کر ایک کیاری ہو جاوے گی یا کچھ زیادہ ہو گی یا کم ہو گی یا کچھ زیادہ کر جگہ بہشت میں جاوے گی اور ایک کیاری ہو جاوے گی یا درحقیقت اتنی زمین بہشت میں آ جاتی ہے جو بہشت ہے اور اس کا الاول حدیث ام سلمہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان قوائم منبری ہذا ترجمہ ام سلمہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے منبر کے پائے جنت میں سے ہیں فصل حدیث ابی سعید الخدری سئل عن المسجد الذی اسس علی التقوی دو لوگوں سے مسجد ہے جس کا ذکر کلام اللہ میں ہے کہ وہ بنائی گئی ہے پرہیزگاری پر حدیث ابی سعید الخدری قال تماری رجلان فی المسجد الذی اسس علی التقوی من اول یوم فقال ہو مسجدنا وقال الآخر ہو مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہو مسجدکما ترجمہ ابو سعید خدری سے روایت ہے دو شخصوں نے بحث کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سامنے اوس مسجد میں جسکو شان میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا لمسجد اسس علی التقوی من اول یوم احق ان تقوم فیہ یعنی جو مسجد کہ اوسکی بنیاد دھری گئی پرہیزگاری پر پہلے دن سے وہ لائق ہے کہ تو کھڑا ہو اوس میں ۔ ایک شخص بولا وہ مسجد تیری ہے (جو مدینے کے باہر بنی ہوئی ہے اور جب آپ پہلی ہجرت کر کے گئے تھے تو وہیں اتری تھی) دوسرا بولا وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد ہے آپ نے فرمایا وہ میری مسجد ہے (یعنی مسجد نبوی) فصل فضل مسجد قبا والصلوٰۃ فیہ مسجد قبا میں نماز پڑھنے کی فضیلت حدیث ابن عمر قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یاتی قباء کل سبت وکان یاتیہا راکبا وماشیا ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد قبا میں سوار ہو کر اور پیدل آتے تھے حدیث سہیل بن حنیف سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من تطہر فی بیتہ ثم اتی مسجد قباء فصلی فیہ کان لہ اجر عمرۃ ترجمہ سہل بن حنیف سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے گھر میں نہا دھو کر پھر مسجد قبا میں آوے اور وہاں نماز پڑھے تو اوسکو ایک عمرے کا ثواب ملے گا فصل فضل المساجد الثلثۃ المسجد الحرام ومسجدی ہذا والمسجد الاقصیٰ حدیث ابی ہریرۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تشد الرحال الا الی ثلثۃ مساجد مسجد الحرام وہذا مسجدی والمسجد الاقصیٰ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ باندھے جاویں پالان (یعنی سفر نہ کیا جاوے) مگر تین مسجدوں کیطرف ایک مسجد الحرام (یعنی خانہ کعبہ کے لیے) دوسری میری مسجد (یعنی مسجد نبوی جو مدینے میں ہے) تیسری مسجد الاقصیٰ (یعنی بیت المقدس) کیطرف ف مراد وہ سفر ہے جو بطریق تقرب الی اللہ اور عبادت کے ہو نہ مطلق سفر اس لیے کہ فرض ہے سفر واسطے تحصیل علم کے جب اوسکی احتیاج ہو اسی طرح ہر سفر

تجارت کے اور عزیزوں اور دوستوں کی ملاقات کے۔ پس ان تین مسجدوں کے سوا اور مسجدوں کیطرف سفر کرنا بالاتفاق ممنوع ہے کیونکہ سوا ان تین مسجدوں کے باقی سب مسجدیں فضیلت اور ثواب میں برابر ہیں اب رہا سفر کرنا انبیا اور اولیا کی قبروں کی زیارت کے لیے اس میں اختلاف ہے ایک جماعت محققین کا یہ قول ہے کہ وہ ناجائز ہے بسبب کہ حدیث مطلق ہے ممانعت سفر میں سوا ان تین مسجدوں کے اور ایک جماعت علما کا یہ قول ہے کہ مراد حدیث میں خاص ہے یعنی سفر مساجد جیسا احمد کی روایت میں ہے لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلٰی مَسْجِدٍ اِلَّا اِلَی الثَّلٰثَةِ مَسَاجِدَ شاہ ولی اللہ صاحب حجۃ اللہ البالغہ میں اول قول کو اختیار کیا ہے اور روایت احمد کی ضعیف ہے بسبب شہر بن حوشب کے واللہ اعلم اِقْتِضَاءُ الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِیْم مَسَاجِدَ نصاریٰ کی گرجا کو مسجد بنا لینا درست ہے عَنْ طَلْقِ بْنِ عَلِیٍّ قَالَ خَرَجْنَا وَفْدًا اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَبَایَعْنَاہُ وَصَلَّیْنَا مَعَہٗ وَاَخْبَرْنَاہُ اَنَّ بِاَرْضِنَا بِیْعَةً لَنَا فَاسْتَوْهَبْنَاہُ مِنْ فَضْلِ طَهُوْرِہٖ فَدَعَا بِمَاءٍ فَتَوَضَّاَ ثُمَّ تَمَضْمَضَ ثُمَّ صَبَّہٗ فِیْ اِدَاوَةٍ وَاَمَرَنَا فَقَالَ اخْرُجُوْا فَاِذَا اَتَیْتُمْ اَرْضَکُمْ فَاکْسِرُوْا بِیْعَتَکُمْ وَانْضَحُوْا مَکَانَهَا بِهٰذَا الْمَاءِ وَاتَّخِذُوْهَا مَسْجِدًا قُلْنَا اِنَّ الْبَلَدَ بَعِیْدٌ وَالْحَرُّ شَدِیْدٌ وَالْمَاءُ یَنْشَفُ فَقَالَ مُدُّوْہُ مِنَ الْمَاءِ فَاِنَّہٗ لَا یَزِیْدُہٗ اِلَّا طِیْبًا فَخَرَجْنَا حَتّٰی قَفَلْنَا مِنْ بَلَدِنَا فَکَسَرْنَا بِیْعَتَنَا ثُمَّ نَضَحْنَا مَکَانَهَا وَاتَّخَذْنَاهَا مَسْجِدًا فَنَادَیْنَا فِیْهِ بِاَذَانٍ قَالَ وَالرَّاهِبُ رَجُلٌ مِنْ مَطْعٍ فَلَمَّا سَمِعَ الْاَذَانَ قَالَ دَعْوَةٌ حَبَشِیَّةٌ ثُمَّ اسْتَقْبَلَ تِلْعَةً مِنْ تِلَاعِنَا فَلَمْ نَرَہٗ بَعْدُ نصر جہمہ لطلق بن علی سے روایت ہے ہم اپنی قوم کیطرف سے پیام لیکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آئے اور آپ سے بیعت کی اور آپ کے ساتھ نماز پڑھی اور ہم نے بیان کیا آپ سے کہ ہماری بستی میں ایک گرجا ہے پس ہم نے مانگا آپ سے وضو کا بچا ہوا پانی (برکت کے لیے) آپ نے پانی منگوایا اور ہاتھ دھوئے اور کلی کی پھر اوس پانی کو ایک ڈول میں ڈالدیا اور فرمایا جاؤ جب تم اپنی بستی کو پہونچو تو گرجا کو توڑ ڈالو اور وہاں پر یہ پانی چھڑک دو اور اوس کے بجائے مسجد بنا لو ہم نے کہا یا رسول اللہ ہمارا شہر دور ہے اور گرمی بہت پڑتی ہے اور پانی سوکھ جاتا ہے آپ نے فرمایا اوسکو زیادہ کرو پانی سے (یعنی ڈول کو زیادہ پانی میں تر کر لیا کرو یا تھوڑا پانی اور اوسمیں ڈالدیا کرو جتنا سوکھے اوسکا بدل ہو جاوے) کیونکہ جتنا پانی اوسکو ہو جیگا اسکی خوشبو اور خوبی زیادہ ہوگی خیر ہم روانہ ہوئے یہانتک کہ اپنی شہر پہونچے اور گرجا کو توڑا پھر اوسجگہ یہ پانی چھڑکا اور وہاں مسجد بنائی پھر ہم نے اذان دی تو وہاں ایک پادری تھا اپنی طلی میں سے اوس نے جب اذان سنی تو کہنے لگا یہ حبشی پکار ہے پھر ایک طرف بلندی پر چلا گیا اوس وقت سے کہلائی نہیں دیا بِنَاءُ الْمَسْجِدِ وَاتِّخَاذُ اَرْضِهَا مَسْجِدًا قبروں کو کھود کر وہاں مسجد بنا دینا عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَزَلَ فِیْ عُرْضِ الْمَدِیْنَةِ فِیْ حَیٍّ یُقَالُ لَهُمْ بَنُوْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ فَاَقَامَ فِیْهِمْ اَرْبَعَ عَشْرَةَ لَیْلَةً ثُمَّ اَرْسَلَ اِلَی الْمَلَاِ مِنْ بَنِی النَّجَّارِ فَجَاءُوْا مُتَقَلِّدِیْ سُیُوْفِهِمْ کَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلَی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی رَاحِلَتِہٖ وَاَبُوْ بَکْرٍ رِدْفُہٗ وَمَلَاُ بَنِی النَّجَّارِ

النجار حزامه حق الله بفناء ابی ایوب وکان یصلی حیث ادرکته الصلوٰة ویصلی فی مرابض الغنم فامر بالمسجد فارسل الی ملاء من بنی النجار فجاؤا فقال یا بنی النجار ثامنونی بحائطکم هذا قالوا والله ما نطلب ثمنه الا الی الله عزوجل قال انس وکانت فیه قبور المشرکین وکانت فیه خرب وکان فیه نخل فامر رسول الله صلی الله علیه وسلم بقبور المشرکین فنبشت وبالنخل فقطعت وبالخرب فسویت فصفوا النخل قبلة المسجد وجعلوا عضادتیه الحجارة وجعلوا ینقلون الصخر وهم یرتجزون ورسول الله صلی الله علیه وسلم معهم وهم یقولون اللهم لا خیر الا خیر الآخرة فانصر الانصار والمهاجرة ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ میں تشریف لائے تو ایک کنارے اوتری ایک محلے میں جسکا نام عمرو بن عوف تھا اور چودہ راتوں تک وہیں رہے پھر اپنے ننہیال بنو النجار کے لوگوں کو بلا بھیجا وہ اپنی تلواریں لٹکائے ہوئے آئے گویا میں اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ رہا ہوں آپ اپنی اونٹنی پر سوار تھے اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آپکے خاصے میں تھے اور بنو النجار کے لوگ آپکے گرد اگرد تھے یہانتک کہ آپ اوتری ابوایوب کے زمین میں (یعنی دالان کے مکان میں جو صحن تھا) اور آپ نماز پڑھ لیتے تھے جہاں پر وقت آجاتا نماز کا یہانتک کہ پڑھ لیتے تھے بکریوں کی رہنے جگہ میں پھر آپنے حکم کیا یا آپ کو حکم ہوا مسجد بنانے کا آپنے بنو النجار کے چند رئیسوں کو بلا بھیجا وہ آئے آپنے ان سے فرمایا تم مجھ سے اس زمین کی قیمت لے لو انہوں نے کہا قسم خدا کی ہم کبھی اوسکی قیمت نہ لینگے مگر خدا سے (یعنی خدا سے اوسکا ثواب لینگے) انس نے کہا اوس میں مشرکوں کی قبریں تھیں اور کھنڈر تھی اور ایک درخت تھا کھجور کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا تو مشرکوں کی قبریں کھود ڈالی گئیں اور درخت کاٹا گیا اور کھنڈر سب برابر کی گئی پھر درخت قبلہ کیجانب رکھا گیا اور چوکھٹ پتھر کی بنائی گئی صحابہ سب پتھر ڈھوتی تھے اور شعر پڑھتے جاتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اون کے ساتھ تھے وہ کہتے تھے اللھم لا خیر الا خیر الآخرة فانصر الانصار والمهاجرة یا اللہ خوبی نہیں ہے مگر آخرت کی خوبی تو بخش دے انصار اور مہاجرین کو **الثانی** **عن البخاری** القبور مساجد قبر کو مسجد بنانے کی ممانعت **عن** عائشة وابن عباس قالا لما نزل برسول الله صلی الله علیه وسلم طفق یطرح خمیصة له علی وجهه فاذا اغتم کشفها عن وجهه قال وهو کذلک لعنة الله علی الیهود والنصاری اتخذوا قبور انبیائهم مساجد ترجمہ حضرت عائشہ اور ابن عباس سے روایت ہے دونوں نے کہا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے (یعنے قریب وفات کے) تو آپ ایک چادر ڈال لیتے اپنے منہ پر جب دم گھٹنے لگتا تو منہ کھول لیتے اور فرماتے اسی حال میں لعنت ہو اللہ کی یہود اور نصاری پر انہوں نے اپنے پیغمبروں کی قبروں کو مسجد بنا لیا **ف** یعنے وہاں پر عبادت کرنا شروع کیا جیسے مسجد میں عبادت کرتے ہیں یا اوسطرف سجدہ شروع کیا یا وہاں روشنی اور آرائش کی جیسے مسجدوں کی کرتے ہیں اللہ اعلم **عن** عائشة ان ام حبیبة وام سلمة ذکرتا کنیسة رأتاها بالحبشة فیها تصاویر فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان اولئک اذا کان

فِيهِمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ فَمَاتَ بَنَوْا عَلَى قَبْرِهِ مَسْجِدًا وَصَوَّرُوا فِيهِ تِلْكَ الصُّوَرَ أُولَئِكَ شِرَارُ الْخَلْقِ عِنْدَ اللَّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے ام حبیبہ ام سلمہ نے ذکر کیا ایک گرجا کا ملک حبش میں جسمیں تصویریں تھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ان لوگوں کا قاعدہ تھا (یعنی یہود اور نصاریٰ کا) جب انمیں کوئی نیک بخت آدمی مرجاتا تو اسکی قبر پر ایک مسجد بنا دیتے اور اس کے صورتیں بنا کر رکھتے یہ لوگ بری ہوں گے سب مخلوقات میں اللہ کے نزدیک قیامت کے روز ؛

اَلْفَضْلُ فِي اِتْيَانِ الْمَسْجِدِ مسجد میں آنے کا ثواب

عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حِينَ يَخْرُجُ الرَّجُلُ مِنْ بَيْتِهِ اِلَى مَسْجِدِهِ فَرِجْلٌ تَكْتُبُ حَسَنَةً وَرِجْلٌ تَحُطُّ سَيِّئَةً ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب آدمی اپنے گھر سے مسجد کی طرف نکلتا ہے پہلا قدم کہتا ہے تو ایک نیکی لکھی جاتی ہے پھر دوسری قدم پر ایک برائی معاف ہوتی ہے

اَلنَّهْيُ عَنْ مَنْعِ النِّسَاءِ مِنْ اِتْيَانِهِنَّ الْمَسَاجِدَ عورتوں کو مسجد میں جانے سے منع نہ کرنا چاہیے

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَأْذَنَتْ اِحْدَاكُمُ امْرَاَتُهُ اِلَى الْمَسْجِدِ فَلَا يَمْنَعْهَا ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کسی کی عورت مسجد میں (نماز کے لیے) جانے کی اجازت مانگے تو اسکو منع نہ کرے (دوسری روایت ہے کہ اجازت دو انکو) بخاری) مَنْ يَمْنَعُهُمْ مِنَ الْمَسْجِدِ مسجد میں آنا

کب منع ہے عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَكَلَ مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ قَالَ اَقَلُّ يَوْمًا الثُّومَ ثُمَّ قَالَ الثُّومَ وَالْبَصَلَ وَالْكُرَّاثَ فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسَاجِدَنَا فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَتَاَذَّى مِمَّا يَتَاَذَّى مِنْهُ الْاِنْسُ ترجمہ جابر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اس درخت میں سے کھاوے پہلے لہسن کو فرمایا پھر فرمایا لہسن یا پیاز یا گندنا تو وہ ہماری مسجدوں میں نہ آوے اس لیے کہ فرشتے تکلیف پاتے ہیں اس چیز سے جس سے آدمی تکلیف پاتے ہیں ف پیاز لہسن کا کچا کھانا اس لیے علما نے مکروہ رکھا ہے اور اوسکو کھا کر مسجد میں جانا بڑا بھی امام نووی نے شرح صحیح مسلم میں لکھا ہے کہ مولی بھی پیاز لہسن کے برابر ہے اوسکی ڈکار سے بو آتی ہے اگر ان چیزوں کو پکا کر کھاوے یا سرکہ میں ڈالکر ان کی بو دفع کرے تو کھانا درست ہے

مَنْ يَخْرُجُ مِنَ الْمَسْجِدِ کونسا شخص مسجد سے نکالا جاوی

عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ اِنَّكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ تَاْكُلُونَ مِنْ شَجَرَتَيْنِ مَا اَرَاهُمَا اِلَّا خَبِيثَتَيْنِ هٰذَا الْبَصَلَ وَالثُّومَ وَلَقَدْ رَاَيْتُ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وَجَدَ رِيحَهُمَا مِنَ الرَّجُلِ اَمَرَ بِهِ فَاُخْرِجَ اِلَى الْبَقِيعِ فَمَنْ اَكَلَهُمَا فَلْيُمِتْهُمَا طَبْخًا ترجمہ معدان بن ابی طلحہ سے روایت ہے حضرت عمر نے کہا اے لوگو تم اندر ناپاک درختوں میں سے کھاتے ہو یہ پیاز اور لہسن کو اور میں نے دیکھا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب آپ کسی کے منہ سے ان کی بو پاتے تو حکم کرتے وہ نکالا جاتا بقیع کی طرف جو کوئی کھاوے تو چاہیے کہ انکو پکا کر کھاوے

حُكْمُ الْجُنُبِ فِي الْمَسْجِدِ مسجد میں جنبی کا

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ

ترجمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اراد ان یعتکف صلی الصبح ثم دخل فی المکان الذی یرید
ان یعتکف فیہ فاراد ان یعتکف العشر الاواخر من رمضان فامر فضرب لہ خباءہ وامرت
حفصۃ فضرب لہا خباءہ فلما رات زینب خباءہا امرت فضرب لہا خباءہا فلما رای ذلک رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال البر یردن فلم یعتکف فی رمضان واعتکف عشرا من شوال

ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اعتکاف کا قصد کرتے تو فجر کی نماز پڑھ کر اس مقام میں جاتے
جہاں اعتکاف کرنا اپنے رمضان کے اخیر دس میں اعتکاف کا ارادہ کیا تو حکم کیا ایک ڈیرہ لگانیکا (مسجد میں) ڈیرہ لگایا
گیا اور ام المومنین حفصہ نے بھی حکم کیا ان کا بھی ڈیرہ لگایا گیا جب ام المومنین زینب نے یہ دیکھا تو انہوں نے بھی حکم کیا
ان کا بھی ڈیرہ لگایا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یہ دیکھا (کہ مسجد میں ڈیرے ڈیرے ہیں) تو آپ نے فرمایا کیا ان کی
نیت ثواب کی ہے ظاہر تو معلوم ہوتا ہے کہ ایک نے دوسری کی دیکھا دیکھی اور حرص سے یہ ڈیرے لگائے ہیں) پھر آپ نے رمضان
میں اعتکاف نہ کیا اور شوال میں دس دن تک اعتکاف کیا حسن عائشۃ قال اصیب سفدیۃ من لخندرۃ
رجلا من قریش رجلا فی الکحل فضرب علیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خبأ فی
المسجد المنوۃ کا من قریب ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے سعد بن معاذ کی خندق کی لڑائی میں ہم نے خیمہ پہنچایا ایک
تیر کا جو قریش کے ایک شخص نے مارا تھا اکحل میں (اکحل ایک رگ ہے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکا خیمہ مسجد میں لگایا
تاکہ انکی عیادت (بیمار پرسی) قریب سے کر لیا کریں ادخلا الخیمۃ فی المسجد لاعودہ من
قریب ترجمہ عمرۃ بنت عبد الرحمن قالت کنا عند عائشۃ فذکر المسجد اذ خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال لمکانکن
ابی امامۃ بن سہل بن حنیف قال کنا جلوسا فی المسجد اذ خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال لمکانکن انتن
ابی العاص بن الربیع واسمہا زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہی صبیۃ تحمل صبیا فصلی
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہی علی عاتقہ یضعہا اذا رکع ویضعہا اذا قام حتی قضی صلاتہ
یفعل ذلک بہا ترجمہ ابو قتادہ سے روایت ہے ہم مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے امامہ
بنت ابی العاص کو لیے ہوئے اور اون کی ماں زینب تھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی تھیں اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
تھیں آپ اون کو اوٹھائے ہوئے تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی اور وہ آپکے کاندھے پر تھیں جب آپ رکوع اور سجدہ
کرتے تو اونکو زمین پر بٹھا دیتے پھر جب کھڑے ہوتے تو اونکو اوٹھا لیتے اور کاندھے پر بٹھا لیتے ایسا ہی کرتے رہے نماز کے ختم ہونے
تک ربط الاسیر بساریۃ المسجد قیدی کو مسجد کے ستون سے باندھنا حدثنا ابو ہریرۃ یقول بعث
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیلا قبل نجد فجاءت برجل من بنی حنیفۃ یقال لہ ثمامۃ
بن اثال سید اہل الیمامۃ فربطوہ بساریۃ من سواری المسجد (رخصتہ) ترجمہ ابو ہریرہ سے روایت ہے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چند سوار اون کو نجد کیطرف بھیجا وہ بنی حنیفہ میں سے ایک شخص کو پکڑ لائے جسکو ثمامہ بن اثال

فِی الْمَسْجِدِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَدِّثْ بِنِصْفِ الْحَدِیثِ قَالَ لَمْ ترجمہ سفیان سے روایت ہے یحییٰ عمرو سے کہا کیا تم نے جابر سے سنا ہے وہ کہتے تھے ایک شخص تیر لیکر مسجد میں آیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسکا پیکان پکڑے اپنوں کی نہ ان ف مفہوم یہ ہے کہ کسی کے لگ نہ جاوے کیونکہ مسجد میں لوگ جمع ہوتے ہیں پس اُن ہتیار نکالنا منع کی خلاف ہے **تشبیک الاصابع فی المسجد** انگلیاں انگلیوں میں ڈالنا مسجد میں **عَنْ** یزید بن اسود قَالَ دَخَلْتُ أَنَا وَعَلْقَمَةُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ فَقَالَ لَنَا أَصَلَّى خَلْفَكُمَا قُلْنَا لَا قَالَ فَهُوَ هُوَ فَصَلُّوا فَدَعَا لِلْقَوْمِ خَلْفَهُ فَجَعَلَ أَحَدُنَا عَنْ يَمِينِهِ وَالْآخَرُ عَنْ شِمَالِهِ فَصَلَّى بِغَيْرِ أَذَانٍ وَلَا إِقَامَةٍ فَجَعَلَ إِذَا رَكَعَ شَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ وَجَعَلَهَا بَيْنَ رُكْبَتَيْهِ وَقَالَ هٰكَذَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ ترجمہ اسود سے روایت ہے وہ اور علقمہ دونوں عبداللہ بن مسعود پاس گئے انہوں نے کہا کیا نماز پڑھ چکے ہم نے کہا نہیں انہوں نے کہا کھڑے ہو اور نماز پڑھو ہم چلے اون کے پیچھے کھڑے ہوئے انہوں نے ایک آدمی کو اپنے داہنی طرف کیا اور ایک کو بائیں طرف پھر نماز پڑھی بغیر اذان اور تکبیر کے جب وہ رکوع کرتے تو ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسری ہاتھ کے انگلیوں میں ڈال لیتے وہ ٹخنوں کے بیچ میں اور کہتے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا ہی کرتے دیکھا **الرجل ینام فی المسجد** مسجد میں چت لیٹنا **عَنْ** عباد بن تمیم عَنْ عَمِّهِ أَنَّهُ رَأَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَلْقِيًا فِي الْمَسْجِدِ وَاضِعًا إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الْأُخْرَى ترجمہ عباد بن تمیم سے روایت ہے انہوں نے اپنے چچا عبداللہ بن زید بن عاصم سے سنا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد میں چت لیٹے ہوئے دیکھا آپ پیر پر پیر رکھے ہوئے تھے **النوم فی المسجد** مسجد میں سونے کا بیان **عَنِ** ابن عمر أَنَّهُ كَانَ يَنَامُ وَهُوَ شَابٌّ عَزَبٌ وَكَانَ أَهْلُهُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسْجِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے وہ جوان تھے اور مجرد تو سویا کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں **البصاق فی المسجد** مسجد میں تھوکنے کا بیان **عَنْ** أَبِي قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبُصَاقُ فِي الْمَسْجِدِ خَطِيئَةٌ وَكَفَّارَتُهَا دَفْنُهَا ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسجد میں تھوکنا گناہ ہے اور کفارہ اسکا ہے کہ اسکو زمین میں داب دیوے (یعنی مٹی اوپر سے ڈالکر دبا دیوے) **النہی عن ان یتخم الرجل فی قبلۃ المسجد** مسجد میں قبلہ کیطرف تھوکنے کی ممانعت **عَنِ** ابن عمر أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى بُصَاقًا فِي قِبْلَةِ الْكَعْبَةِ فَحَكَّهُ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ يُصَلِّي فَلَا يَبْصُقْ قِبَلَ وَجْهِهِ فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قِبَلَ وَجْهِهِ إِذَا صَلَّى ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبلہ کی دیوار پر تھوک (بلغم) دیکھا آپ اسکو کھرچ دیا پھر متوجہ ہوئے لوگوں کی طرف اور فرمایا جب تم میں کوئی نماز پڑھتا ہوتا ہے تو منہ کے سامنے نہ تھوکے اسلئے کہ اللہ جل جلالہ اسکے منہ کے سامنے ہوتا ہے جب وہ نماز پڑھتا ہے (یعنی اوسکیطرف متوجہ ہوتا ہے پس سامنے تھوکنا بڑی بے ادبی ہے) **کفارۃ النخع** النبی صلی اللہ

علیہ وسلم عن ان یبصق الرجل بین یدیہ او عن یمینہ وھو فی صلاتہ ترجمہ نماز میں سامنے یا داہنی
طرف تھوکنے سے حضرت نے ممانعت کی عن ابی سعید الخدری ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم رای نخامۃ
فی قبلۃ المسجد فحکھا بحصاۃ ونھی ان یبصق الرجل بین یدیہ او عن یمینہ وقال یبصق
عن یسارہ او تحت قدمہ الیسری ترجمہ ابو سعید خدری سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں
قبلہ کیطرف بلغم دیکھا آپ نے ایک سنگریزہ سے اسکو کھرچ دیا اور منع کیا تھوکنے سے سامنے اور داہنی طرف اور فرمایا تھوکے بائیں طرف
یا بائیں قدم کے تلے الرخصۃ فی المصلی ان یبصق خلفہ او تلقاء شمالہ نمازی کو اجازت ہے پیچھے یا
بائیں طرف تھوکنے کی عن طارق بن عبد اللہ المحاربی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا
کنت تصلی فلا تبزق من بین یدیک ولا عن یمینک وابصق خلفک او تلقاء شمالک ان کان
فارغا والا فھکذا وبزق تحت رجلہ وفتلہ ترجمہ طارق بن عبد اللہ محاربی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا جب تو نماز پڑھتا ہو تو نہ تھوک سامنے اپنی اور نہ داہنی طرف لیکن تھوک پیچھے اپنے یا بائیں تو اسطرح کہ آپ نے
اپنے بائیں کے تلے تھوکا پھر اوس کو ملدیا یا ای الرجلین یمسح بصاقہ کس پاؤں سے تھوک کو ملے عن
العلاء بن الشخیر قال رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتفل فدلک برجلہ الیسری ترجمہ علاء
بن شخیر سے روایت ہے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپنے تھوکا پھر اوسکو ملدیا بائیں پیر سے تخلیق المساجد
مسجد دن میں خوشبو لگانا عن انس بن مالک قال رای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نخامۃ فی قبلۃ
المسجد فغضب حتی احمر وجھہ فقامت امراۃ من الانصار فحکتھا وجعلت مکانھا خلوقا فقال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما احسن ھذا ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے مسجد میں قبلہ کیجانب بلغم دیکھا آپ غصے ہوئے یہانتک کہ چہرہ آپکا سرخ ہوگیا ایک عورت انصار میں سے کھڑے ہوئے اوسکو
رگڑکر اوسکی جگہہ خوشبو لگادی آپنے فرمایا یہ کیا اچھا کام ہے ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسجد دن میں خوشبو لگانا اور عود و
لوبان جلانا عمدہ کام ہے علاوہ مسنون ہونے کے ایک یہ فائدہ ہے کہ جہاں مجمع ہو وہاں لوبان جلانے سے ہوا کی سمیت رفع ہوتی ہے
الغسل عند دخول المسجد وعند الخروج منہ مسجد میں جاتے اور نکلتے وقت کیا کہے عن ابی حمید او
ابی اسید یقول کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا دخل احدکم المسجد فلیقل اللھم افتح
لی ابواب رحمتک واذا خرج فلیقل اللھم انی اسالک من فضلک ترجمہ ابو حمید اور ابو اسید سے روایت ہے
دونو کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی مسجد میں جاوے تو کہے یا اللہ کھولدے مجھپر اپنی رحمت کے دروازے اور
جب مسجد سے نکلے تو کہے یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے فضل تیرا امر بالصلوۃ قبل الجلوس جب مسجد میں جاوے تو
بیٹھنے سے پہلے دو رکعتیں پڑھ لیوے عن ابی قتادۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا دخل احدکم

المسجد فليركع ركعتين قبل أن يجلس ترجمہ ابو قتادہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی مسجد میں جاوے تو دو رکعتیں بیٹھنے سے پہلے پڑھ لیوے المرحصة قرار المؤمنين ومنه يقال صلوة ترجمہ مسجد میں بیٹھنے کی اجازت بغیر نماز پڑھے ہوئے اور مسجد میں بیٹھنے کی اجازت بغیر نماز پڑھے ہوئے حفص کعب بن مالك بحديثه حين تخلف عن رسول الله صلى الله عليه وسلم في غزوة تبوك قال وصلى رسول الله صلى الله عليه وسلم قادما وكان إذا قدم من سفر بدأ بالمسجد فركع فيه ركعتين ثم جلس للناس فلما فعل ذلك جاءه المخلفون فطفقوا يعتذرون إليه ويحلفون له وكانوا بضعة وثمانين رجلا فقبل رسول الله صلى الله عليه وسلم علانيتهم وبايعهم واستغفر لهم ووكل سرائرهم إلى الله عز وجل حتى جئت فلما سلمت تبسم تبسم المغضب ثم قال تعال فجئت حتى جلست بين يديه فقال لي ما خلفك ألم تكن قد ابتعت ظهرك قلت يا رسول الله إني والله لو جلست عند غيرك من أهل الدنيا لرأيت أني سأخرج من سخطه بعذر ولقد أعطيت جدلا ولكني والله لقد علمت لئن حدثتك اليوم حديث كذب ترضى به عني ليوشكن الله عز وجل أن يسخطك علي ولئن حدثتك حديث صدق تجد علي فيه إني لأرجو فيه عفو الله والله ما كانت قط أقوى ولا أيسر مني حين تخلفت عنك فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم أما هذا فقد صدق فقم حتى يقضي الله فيك فقمت فصليت (حضرت) ترجمہ کعب بن مالک سے روایت ہے وہ اپنا قصہ بیان کرتے تھے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوہ تبوک میں نہیں گئی تھی انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر سے تشریف لاتے تو پہلے مسجد میں جاتے وہاں آپ دو رکعتیں پڑھتے پھر بیٹھتے لوگوں کے سامنے اور وہ لوگ آنے لگے جو آپ سے سوا (جہاد میں) نہیں گئے تھے بلکہ پیچھے رہ گئے تھے (نہ جانے میں) اور طرح طرح کے عذر کرنے لگے اور قسمیں کھانے لگے وہ سب لوگ ستر میں اسی پر کئی آدمی تھے آپ نے اونکا ظاہری بیان قبول فرمایا اور اون سے بیعت کی اور دعا مغفرت کی اور اون کے بھید کی باتیں اللہ جل جلالہ پر رکھ دیں یہانتک کہ میں آیا (اور میں بھی اون لوگوں میں تھا جو جہاد کے لیے نہیں گئے تھے) آپ سے مجھ دیکھکر تبسم کیا جیسا کوئی غصہ میں تبسم کرتا ہے پھر فرمایا آؤ میں آپکے سامنے بیٹھ گیا آپنے فرمایا تم کیوں پیچھے رہ گئے کیا تم نے اونٹ نہیں خریدا تھا (سواری کے لیے) میں نے عرض کیا یارسول اللہ اگر میں کسی اور دنیا دار کے پاس بیٹھا ہوتا تو میں جانتا ہوں کہ ضرور اوسکے غصے سے نکلجاتا (یعنی اوسکا غصہ دور کر دیتا) اور مجھے باتیں بنانا خوب آتی ہیں لیکن قسم خدا کی میں جانتا ہوں کہ اگر میں آج آپ سے جھوٹ کہہ دونگا تو آپ مجھسے راضی ہو جاوینگے لیکن اللہ عزوجل پھر آپ کو ناراض کر دیگا مجھسے (اس پر کہ اللہ جل جلالہ جھوٹ کو جانتا ہے کہ میری دلکا بھید آپ پر کھول دیگا اور آپ کو معلوم ہو جاویگا کہ میں نے جھوٹی باتیں کہیں ہیں) اور جو میں آج آپسے سچ سچ کہہ دونگا تو آپ مجھپر غصہ کرینگے لیکن امید ہے کہ اللہ جل جلالہ میرا قصور معاف کر دیوے گا اور آپ کو مجھپر مہربان کر دیوے گا

قسم خدا کی جب میں ہانکو ساتھ نہ لگیا تو مجھ سے زیادہ کوئی زور آور اور طاقتور نہ تھا (یعنی مجھے کچھ عذر نہ تھا نہ میں بیمار تھا نہ بیمار کا رشتہ دار تھا مگر شامت نفس سے رہ گیا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس سے پہلے کہ اب جایا جائے تک کہ اللہ فیصلہ کرے تم جو ابا میں میں کھڑا ہوا اور چلا گیا (یہ حدیث مختصر ہے) آگے اور قصہ کا طویل ہے ف تو کعب مسجد میں آئے اور پھر مسجد میں سے بغیر نماز پڑھے چلے گئے اور یہی مقصود ہے باب کا ثم صلوۃ الذی ثم علی المسجد جو شخص مسجد پر سے گزرے تو دو رکعت نماز نہ پڑھ لیا کرے اگر سکے (اگر سکے) عن قتیبۃ عن سعید بن الحارث قال کنا نغدو الی السوق علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فنمر علی المسجد فصلی فیہ ترجمہ ابو سعید بن حارث سے روایت ہے ہم صبح کو بازار جایا کرتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تو مسجد پر سے گزرتے وہاں نماز پڑھتے الترغیب فی الجلوس فی المسجد وانتظار الصلوۃ مسجد میں بیٹھ کر نماز کا انتظار کرنا کیسا ہے عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان الملائکۃ تصلی علی احدکم ما دام فی مصلاہ الذی صلی فیہ ما لم یحدث اللھم اغفر لہ اللھم ارحمہ ترجمہ ابو ہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک فرشتے دعا کرتے ہیں تم میں سے اوس شخص کی جو بیٹھا رہتا ہے اوسی جگہ جہاں اوس نے نماز پڑھی جبتک اوسکا وضو نہ ٹوٹے وہ کہتے ہیں۔ یا اللہ بخش دے اوسکو یا اللہ رحم کر اوسپر عن سہل الساعدی یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من کان فی المسجد ینتظر الصلوۃ فھو فی الصلوۃ ترجمہ سہل ساعدی سے روایت ہے وہ کہتے تھے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جو شخص مسجد میں نماز کا انتظار کرتا رہے وہ گویا نماز ہی میں ہے ف یعنی اوسکو نماز کا ثواب ملتا رہے گا ذکر النہی صلی اللہ علیہ وسلم عن الصلوۃ فی اعطان الابل جہاں پر اونٹ پانی پیتے ہیں وہاں نماز پڑھنے کی ممانعت عن عبد اللہ بن مغفل قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نھی عن الصلوۃ فی اعطان الابل ترجمہ عبد اللہ بن مغفل سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا نماز پڑھنے سے اونٹوں کے پانی پینے کی جگہ میں ف یہ ممانعت نجاست کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ اسواسطے کہ وہاں اونٹ پانی پیتے ہیں وہاں ہجوم رہتا ہے پس حرف ہے نمازی کو صدمہ پہنچنے کا الرخصۃ فی ذلک ترجمہ نماز پڑھنے کی اجازت عن جابر بن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جعلت لی الارض مسجدا وطھورا فایما ادرک رجلا من امتی الصلوۃ صلی ترجمہ جابر بن عبد اللہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے لیے ساری زمین مسجد بنائی گئی اور پاک کرنیوالی (تیمم میں) بنائی گئی ہے تو جہاں کوئی شخص میری امت میں سے نماز کو پالیوے (یعنی نماز کا وقت آجاوے) تو نماز پڑھ لیوے (اگرچہ وہ جگہ اونٹوں کے پانی پینے کی ہو کیونکہ حدیث میں کوئی قید نہیں ہے) الصلوۃ علی الخمر پوریہ پر نماز پڑھنے کا بیان عن اکثر بن زمیل ان امہ سلیم سالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یاتیھا فیصلی فی بیتھا فتتخذہ مصلی فاتاھا فرمی الی خمرتہ فصلی علیہ فصلوا معہ ترجمہ اکثر بن زمیل سے روایت ہے

روایت ہے ام سلیم (انس کی ماں) نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے چاہا کہ آپ میری گھر پر آویں اور نماز پڑھیں تو میں اوسکو پھر نماز پڑھا کروں (برکت کی لیے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اون کے گھر میں تشریف لائے اونھوں نے ایک بوریا اور نہایا بچھا دیا سو دیر بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسپر نماز پڑھی اور آپکے ساتھ انس اور ام سلیم نے بھی پڑھی **الصلوٰۃ علی الخمرۃ** سجدہ گاہ پر نماز پڑھنا **عن** میمونہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یصلی علی الخمرۃ ترجمہ ام المومنین میمونہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھا کرتے تھے خمرہ پر **ف** خمرہ اوس چیز کو کہتے ہیں جسپر آدمی سجدہ کرتا ہے نماز میں اور وہ ایک ٹکڑا ہوتا ہے بوریے کا یا کھجور کی چھال کا یا اور کسی گھاس کا مجمع البحار میں ہے کہ خمرہ وہ سجدہ گاہ ہے جسپر اس زمانہ میں شیعہ سجدہ کیا کرتے ہیں دوسری حدیث میں ہے کہ چوہے نے بتی گسیٹ کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خمرہ پر ڈالدی سو اس سے ایک روپیہ برابر دل گیا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ خمرہ بڑا نہایا ہوا جیسے سجدہ گاہ ہوتی ہے واللہ اعلم **الصلوٰۃ علی المنبر** منبر پر نماز پڑھنے کا بیان **عن** ابی حازم بن دینار ان رجالا اتوا سھل بن سعد بن الساعدی وقد امتروا فی المنبر مما عودہ فسالوہ عن ذلک فقال واللہ انی لاعرف مما ھو ولقد رایتہ اول یوم وضع واول یوم جلس علیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارسل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی فلانۃ امراۃ قد سماھا سھل ان مری غلامک النجار ان یعمل لی اعوادا اجلس علیھن اذا کلمت الناس فامرت فعملھا من طرفاء الغابۃ ثم جاء بھا فارسلت الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فامر بھا فوضعت ھھنا ثم رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رای فصلی علیھا وکبر وھو علیھا ثم رکع وھو علیھا ثم نزل القھقری فسجد فی اصل المنبر ثم عاد فلما فرغ اقبل علی الناس فقال یا ایھا الناس انما صنعت ھذا لتاتموا بی ولتعلموا صلوتی ترجمہ ابو حازم بن دینار سے روایت ہے کچھ لوگ سہل بن سعد ساعدی پاس گئے اور وہ بحث کر رہے تھے منبر میں (رسول اللہ صلعم کی کہ یہ کس لکڑی کا ہے انھوں نے سہل سے پوچھا سہل نے کہا قسم خدا کی میں جانتا ہوں جس لکڑی کا یہ ہے اور میں نے دیکھا ہے اسے پہلے دن یہ منبر رکھا گیا اور جب پہلی بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسپر بیٹھے میں نے آپ کے بعد عورت پاس جسکا نام سہل نے لیا کھلا بھیجا کہ تو اپنے غلام سے جو بڑھئی ہے کہہ کہ میری لیے چند لکڑیاں بنا دی جنپر میں بیٹھا کروں لوگوں سے باتیں کرنیکو (یعنی نصیحت کرنیکو) اوس عورت نے اپنے غلام کو حکم کیا اوس نے بنایا منبر کو غابہ (ایک مقام کا نام ہے) کے جھاڑ سے اور اوس عورت پاس لے آیا اوس عورت نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس بھیجدیا اپنے حکم کو یا وہ یہاں رکھا گیا پھر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ اوسپر چڑھے پس نماز پڑھی اور تکبیر کہی پھر رکوع کیا اوسی پر پھر قہقری اترے پاؤں اور سجدہ کیا منبر کی جڑ پاس پھر جب سجدہ سے فارغ ہوئے تو منبر پر جلیگئے جب نماز پڑھ چکے تو لوگوں کیطرف متوجہ ہوئے اور فرمایا اے لوگو میں نے یہ کام اس لیے کیا تاکہ تم میری پیروی کرو اور میری نماز سیکھ لو **الصلوٰۃ علی الحمار** گدھے پر نماز پڑھنے کا بیان **عن** ابن عمر قال رایت رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی علی حمار وھو متوجہ الی خیبر ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے نبی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا گدھے پر نماز پڑھتے ہوئے اور آپ کا منہ خیبر کی طرف تھا رکوع اور سجود اشارہ سے کرتے تھے خیبر سے شمال کی جانب میں ہے اور قبلہ مدینہ میں جنوب کی طرف ہے عن انس بن مالک انہ رای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی علی حمار وھو راکب یصلی الی خیبر والقبلۃ خلفہ ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا گدھے پر نماز پڑھتے ہوئے آپ سوار تھے اور نماز پڑھ رہے تھے منہ آپکا خیبر کی طرف تھا اور قبلہ پیچھے تھا **کتاب القبلۃ** کتاب قبلے کے بیان میں عن البراء بن عازب قال صلینا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المدینۃ فصلی ستۃ عشر او سبعۃ عشر شھرا ثم امر ان یصرف الی الکعبۃ فمر رجل ممن صلی معہ علی قوم من الانصار فقال اشھد لقد صلیت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبل مکۃ فصرفوا الی الکعبۃ ترجمہ براء بن عازب سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینے میں تشریف لائے تو بیت المقدس کی طرف سولہ مہینے تک نماز پڑھی پھر کعبہ کی طرف منہ کیا ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھ کر انصار کے ایک قوم پاس گیا اور وہ نماز پڑھ رہے تھے بیت المقدس کی طرف) اوس نے کہا میں گواہی دیتا ہوں اسبات کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبے کی طرف منہ کیا وہ لوگ (یہ سنتے ہی نماز میں) کعبہ کی طرف پھر گئے **باب الحال التی یجوز علیھا استقبال غیر القبلۃ** کس وقت قبلے کی طرف منہ کرنا ضروری نہیں ہے عن ابن عمر قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی علی راحلتہ فی السفر حیث ما توجھت بہ قال مالک قال عبداللہ بن دینار وکان ابن عمر یفعل ذلک ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اونٹنی پر نماز پڑھتے سفر میں جاتے جدھر اور سکا منہ ہوتا عبداللہ بن دینار نے کہا کہ عبداللہ بن عمر بھی ایسا ہی کرتے تھے نفل سواری پر پڑھنا سفر میں باجماع علماء درست ہے اگرچہ منہ قبلے کی طرف نہ ہو لیکن شہر میں سواری پر نفل پڑھنا درست نہیں ہے شافعیہ اور مالکیہ کے نزدیک اور ایک روایت میں درست ہے اور یہی قول ہے انس بن مالک اور ابو یوسف کا اور فرض نماز سواری پر پڑھنا درست نہیں ہے اکثر علماء کے نزدیک مگر خدا سے جیسے خوف ہو چور کا یا درندے کا یا ظالم جانی کا یا قافلے چلے جانے کا عن عبداللہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی علی الراحلۃ قبل ای وجہ توجہ بہ ویوتر علیھا غیر انہ لا یصلی علیھا المکتوبۃ ترجمہ عبداللہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھا کرتے تھے اونٹنی پر چاہے جدھر منہ ہوتا اور سکا اور وتر بھی اوسی پر پڑھ لیتے مگر فرض نہ پڑھتے اوس پر **التیمم** التیمم بعد الوضوء بیان میں اگر ایک شخص نے سوچ کر قبلے کی طرف نماز پڑھی پھر معلوم ہوا کہ اوسطرف قبلہ نہ تھا عن ابن عمر قال بینما الناس بقبا فی صلوۃ الصبح جاءھم آت فقال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد انزل علیہ اللیلۃ قرآن وقد امر

ان تستقبل القبلة فاستقبلوها وكانت وجوههم الى الشام فاستداروا الى الكعبة ترجمہ
عبداللہ بن عمر سے روایت ہے لوگ مسجد قبا میں فجر کی نماز پڑھ رہے تھے اتنے میں ایک شخص آیا اور کہنے لگا رات رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم پر قرآن اترا اور حکم ہوا آپ کو کعبہ کیطرف منہ کرنیکا سو تم کو وہ لوگ (جو خانہ کعبہ میں) کعبہ کیطرف پھر گئے پہلے اوس کے
منہ شام کیطرف تھے پھر گھوم گئے کعبے کیطرف ف اور جسقدر نماز پڑھ چکے تھے اوسکا اعادہ نہ کیا اس حدیث سے معلوم ہوا اگر کسی کو
قبلہ کیطرف نماز نہ ہے پھر معلوم ہو کہ قبلہ اوسطرف نہ تھا تو نماز کا لوٹانا ضرور نہیں **سُتْرَةُ الْمُصَلِّي** نمازی
کے سترہ کا بیان **عَنْ** عائشة رض قالت سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم في غزوة تبوك عن
سترة المصلي فقال مثل مؤخرة الرحل ترجمہ ام المومنین عائشہ رض سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا
تبوک کی لڑائی میں کہ نماز کیلئے سترہ کسقدر ہونا چاہیے آپنے فرمایا جتنی پالان کی لکڑی ہوتی ہے یعنی ایک ہاتھ کی بڑی اگر اس قدر
سترہ نمازی کے سامنے ہو تو اوس پار سے آدمی کا گزرنا منع نہیں ہے **عَنِ** ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال
كان ينزل الحربة ثم يصلي اليها ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سامنے نیزہ گاڑ
لیتے پھر نماز پڑھتے اوسطرف **كَانَ يَأْمُرُ بِالدُّنُوِّ مِنَ السُّتْرَةِ** سترہ سے نزدیک ہونا چاہیے تاکہ کوئی گزرنیوالا نمازی اور سترے
کے بیچمیں سے نہ گزر سکے **عَنْ** سهل بن ابي حثمة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا صلى احدكم
الى سترة فليدن منها لا يقطع الشيطان عليه صلوته ترجمہ سہل بن ابی حثمہ سے روایت ہے رسول اللہ صلعم
نے فرمایا جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے سترہ لگا کر تو سترہ سے نزدیک رہے ایسا نہ ہو کہ شیطان یعنی وہ آدمی یا گدھا یا کتا جو نمازی کے سامنے
سے گزرے اوسکی نماز توڑ دیوے **مِقْدَارُ ذٰلِكَ** سترہ سے کتنے فاصلے پر کھڑا ہو **عَنْ** عبد الله بن عمر ان رسول
الله صلى الله عليه وسلم دخل الكعبة واسامة بن زيد وبلال وعثمان بن طلحة الحجبي فاغلقها
عليه قال عبد الله بن عمر فسألت بلالا حين خرج ماذا صنع رسول الله صلى الله عليه وسلم
قال جعل عمودا عن يساره وعمودين عن يمينه وثلاثة اعمدة وراءه وكان البيت يومئذ
على ستة اعمدة ثم صلى وجعل بينه وبين الجدار نحوا من ثلثة اذرع ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت
ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کعبے کے اندر تشریف لیگئے اور آپکے اسامہ بن زید اور بلال اور عثمان بن طلحہ تھے آپنے دروازہ
بند کر لیا عبداللہ بن عمر نے کہا جب آپ نکلے تو میں نے بلال سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کیا بلال نے کہا آپنے ایک ستون
کو بائیں طرف کیا اور دو ستون داہنی طرف اور تین ستون پیچھے اوس زمانے میں خانہ کعبہ چھ ستونوں پر تھا پھر آپنے نماز پڑھی دیوار سے
تین ہاتھ کے فاصلے پر دیس اسی قدر سترہ سے فاصلہ چاہیئے **ذِكْرُ مَا يَقْطَعُ الصَّلٰوةَ وَمَا لَا يَقْطَعُهَا اِذَا كَانَ**
بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّي سُتْرَةٌ جب نمازی کے سامنے سترہ نہ ہو تو کس چیز کے سامنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے اور کس سے نہیں ٹوٹتی
عَنْ ابي ذر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا كان احدكم قائما يصلي فانه يستره

الله ان بين يديه مثل اخرة الرحل فان لم يكن بين يديه مثل اخرة الرحل فانه يقطع صلوته
المرأة والحمار والكلب الاسود قلت ما بال الاسود من الاحمر من الاصفر فقال سألت رسول
الله صلى الله عليه وسلم كما سألتني فقال الكلب الاسود شيطان ترجمہ ابوذر سے روایت ہے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی کجاوے پر سے نماز پڑھتا ہو تو اگر ہو جاوے اس کے لیے کوئی چیز اونٹ کی
پچھلی لکڑی برابر پس اگر اس کے سامنے اتنی بھی کوئی چیز نہ ہو تو توڑ دیں گے اس کی نماز کو عورت اور گدھا اور کالا کتا دیباتی
(نجدیوں) نے کہا میں نے ابوذر سے پوچھا کالی کتی کی کیا خصوصیت ہے اگر وہ کتا کالا کتا ہو فرمایا میں نے
کہا میں نے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا جیسے تم نے مجھ سے پوچھا اپنے فرمایا کالا کتا شیطان ہوتا ہے عن
قتادة قال قلت لجابر بن زيد ما يقطع الصلوة قال كان ابن عباس يقول المرأة الحائض
والكلب قال قلت لسعيد بن جبير ما شأن الكلب قال سئلت كما سألتني ترجمہ قتادہ نے کہا میں نے جابر بن زید سے پوچھا نماز کس چیز کے سامنے سے ٹوٹ جاتی ہے انہوں نے
کہا ابن عباس کہتے ہیں حائضہ عورت اور کتے کے سامنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے میں نے کہا
شعبہ نے اس حدیث کو رفع کیا (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول بیان کیا) عن ابن عباس قال مثلت انا
والفضل على اتان ورسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي بالناس بمنى فدلفنا ذكر كلمة
يحيى امامه رويدا على بعض الصف فنزلنا ثم ركبنا امامه ثم قلت يقل انا رسول الله صلى الله عليه
وسلم سنة ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے ہم اور فضل بن عباس دو نوں ایک گدھی پر سوار ہو کر آئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نماز پڑھا رہے تھے تو ہم کو صف کے سامنے تھوڑی دور کر گئے تھوڑے سے صف کے سامنے پھر اتر پڑے اور گدھی کو چھوڑ دیا وہ چرنے لگی رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے ہم کو کچھ نہ کہا عن الفضل بن عباس قال زارنا رسول الله صلى الله عليه وسلم عشاء
بادية لنا وكانت لميمونة وحمارة ترعى فصلى النبي صلى الله عليه وسلم العصر وهما بين يديه
فلم يحجرا ولم يثنيا ترجمہ فضل بن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عباس کے ملاقات کو
آئے ایک جنگل میں جو ہم لوگوں کا ٹھکانا ہماری پاس ایک گدھی تھی اور ایک کتیا تھی گدھی چر رہی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے عصر کی نماز پڑھی اور وہ دونوں آپ کے سامنے تھیں انکو ہنکایا یا ہٹایا نہیں عن ابن عباس قال اقبلت
راكبا على اتان وانا يومئذ قد ناهزت الاحتلام ورسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي بالناس
فمررت بين يدي بعض الصف فنزلت فارسلت الاتان ترتع ودخلت في الصف فلم ينكر ذلك علي احد
فصلوا معه فصلوا وهم ركوب فنزلوا وجعلوا معه فصلوا ولم ينصرف فجاءت جاريتان
فدخلتا من بين يدي عبد المطلب فاستدار الناس كلهم فافترج بينهما ولم ينصرف ترجمہ عبداللہ بن عباس
سے روایت ہے وہ اور ایک لڑکا بنی ہاشم میں سے گدھے پر سوار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سے گزرے اور آپ نماز
پڑھ رہے تھے پھر اترے اور نماز میں شریک ہو گئے سب لوگ نماز پڑھا کیے اور آپ بھی پڑھا کیے اتنے میں دو لڑکیاں بنی عبدالمطلب کے

رجل من الانصار وقد اقیمت الصلوٰۃ فدخل المسجد فصلی خلف معاذ فطول بھم فنصرف الرجل فصلی فی ناحیۃ المسجد ثم انصرف فلما قضی معاذ الصلوٰۃ قیل لہ ان فلانا نصرف فصلی کذا فقال معاذ لئن اصبت لاذکرن ذلک لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاتی معاذ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فذکر ذلک لہ فارسل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الیہ فقال ما حملک علی ما صنعت فقال یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عملت بنواضحی من النہار فجئت وقد اقیمت الصلوٰۃ فدخلت المسجد فدخلت معہ فی الصلوٰۃ فقرأ سورۃ کذا وکذا فطول فانصرفت فصلیت فی ناحیۃ المسجد فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افتان یا معاذ افتان یا معاذ افتان یا معاذ ترجمہ جابر سے روایت ہے ایک شخص انصار میں سے آیا اور نماز کہڑی ہوئی مسجد میں گیا اور معاذ بن جبل کے پیچھے جماعت میں شریک ہوا معاذ نے لمبا کیا رکعت کو (یعنی بڑی سورت پڑھنا شروع کی) اوس شخص نے نماز توڑ کر ایک کونے میں جاکر اکیلے نماز پڑھی پھر چلا گیا جب معاذ نماز سے فارغ ہوئے تو لوگوں نے آکر یہ بیان کیا کہ فلان شخص نے ایسا کیا معاذ نے کہا صبر ہو تو میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ضرور بیان کرونگا معاذ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس گئے اور آپ سے سب حال بیان کیا آپ نے اوس شخص کو بلا بھیجا اور پوچھا کہ یہ تو نے کیا کیا اور کیوں کیا اوس نے عرض کیا یا رسول اللہ میرے سارے دن پانی کھینچا پھر آیا تو نماز ہو رہی تھی میں مسجد میں گیا اور جماعت میں انکے ساتھ شریک ہوا انہوں نے فلان فلان سورت پڑھنا شروع کی اور بہت طول کیا میں نے نماز توڑ کر ایک کونے میں الگ نماز پڑھ لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سنکر فرمایا اے معاذ کیا تو لوگوں کو تکلیف دینے والا ہے اے معاذ کیا تو تکلیف دینے والا ہے اے معاذ کیا تو تکلیف دینے والا ہے فتان یعنی لوگوں کو پریشان کرنا ہے کہ وہ مجبور ہو کر نماز اور روزہ چھوڑ دیں جہانتک ہو سکے دہیں کہ تکلیف اوہنا نکا حکم ہے جو ہمارے طاقت سے باہر ہے اللہ نے اوسکی تکلیف نہیں دی ہے کما یتمام بالامام یصلی قاعدا امام اگر بیٹھ کر نماز پڑھے تو مقتدی بھی بیٹھکر پڑھیں عن انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رکب فرسا فصرع عنہ فجحش شقہ الایمن فصلی صلوۃ من الصلوات وھو قاعد فصلینا وراءہ قعودا فلما انصرف قال انما جعل الامام لیؤتم بہ فاذا صلی قائما فصلوا قیاما واذا رکع فارکعوا واذا قال سمع اللہ لمن حمدہ فقولوا ربنا لک الحمد واذا صلی جالسا فصلوا جلوسا اجمعون ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک گھوڑے پر سوار ہوئے آپ گر پڑے تو داہنا حصہ زخمی ہو گیا اسوجہ سے آپنے ایک نماز بیٹھکر پڑھی ہم لوگوں نے بھی آپکے پیچھے بیٹھکر نماز پڑھی جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا امام اسلیے ہے کہ اوسکی پیروی کیجاوے جب وہ کھڑے ہو کر نماز پڑھے تم بھی کھڑے ہو کر پڑھو اور جب وہ رکوع کرے تم بھی رکوع کرو اور جب وہ سمع اللہ لمن حمدہ کہے تم ربنا لک الحمد کہو اور جب وہ بیٹھکر نماز پڑھے تم سب بھی بیٹھکر نماز پڑھو بعض علماء

کا عمل ایسی پڑی لیکن کیونکہ ان کے نزدیک اگر امام کو کچھ عذر ہو تو ہمیشہ کو نماز پڑھی تو مقتدی کھڑے ہو کر پڑھیں اور دلیل
اسکی یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرض موت میں بیٹھ کر نماز پڑھی اور صحابہ نے ابوبکر کے پیچھے کھڑے ہو کر پڑھی آپ نے انکو
بیٹھنے کا حکم نہیں دیا عن عائشۃ قالت لما ثقل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جاء بلال یؤذنہ
بالصلوٰۃ فقال مروا ابابکر فلیصل بالناس قالت قلت یا رسول اللہ ان ابابکر رجل اسیف وانہ
متی یقم مقامک لا یسمع الناس فلو امرت عمر فقال مروا ابابکر فلیصل بالناس فقلت
لحفصۃ قولی لہ فقالت لہ فقال انکن لانتن صواحبات یوسف مروا ابابکر فلیصل بالناس فقالت
فامر ابابکر فلما دخل فی الصلوٰۃ وجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من نفسہ خفۃ فقام
یھادی بین رجلین ورجلاہ تخطان فی الارض فلما دخل المسجد سمع ابوبکر حسہ فذھب
یتاخر فاومی الیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان خمکما انت قالت فجاء رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم حتی قام عن یسار ابی بکر جالسا فکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی
بالناس جالسا وابوبکر قائما یقتدی ابوبکر برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والناس یقتدون
بصلوٰۃ ابی بکر رضی اللہ عنہم ترجمہ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہت بیمار ہوئے تو بلال آپ کو نماز کی خبر دینے کو آئے آپ نے فرمایا حکم کرو ابوبکر کو نماز پڑھانے کو میں نے کہا یا رسول اللہ ابوبکر نرم دل ہیں وہ جب آپ کی جگہ کھڑے ہونگے (اور آپ کو یاد کرینگے) تو لوگوں کو رونے کی آواز نہ سنائی دیگی (یعنی قرآن پڑھنے کی بوجہ گریہ وزاری کے) کاش آپ عمر کو حکم کرتے آپ نے فرمایا حکم کرو ابوبکر کو وہ نماز پڑھیں میں نے حفصہ سے کہا تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہو آپ نے فرمایا تم تو یوسف کی ساتھیاں ہو (کہ اپنا ہی کھی جاتی ہو) سو سری کی نہیں سنتی) حکم کرو ابوبکر کو وہ نماز پڑھیں آخر لوگوں نے ابوبکر سے کہا نماز پڑھانے کو جب انہوں نے نماز شروع کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی طبیعت کو ذرا ہلکا پایا (یعنی مرض کی شدت کم ہوگئی) آپ کھڑے ہوئے اور دو شخصوں پر تکیہ لگا کر چلے اور آپ کے پاؤں گھسٹتے تھے زمین پر (بوجہ ناطاقتی کے) جب آپ مسجد میں آئے ابوبکر نے آپ کی آہٹ پا کر پیچھے ہٹنے کا قصد کیا آپ نے اشارہ کیا کہ اپنی جگہ کھڑے رہو پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور ابوبکر کے بائیں جانب بیٹھ گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز بیٹھ کر پڑھتے تھے اور ابوبکر کھڑے ہو کر پڑھتے تھے ابوبکر کی پیروی کرتے تھے اور لوگ سب ابوبکر کی پیروی کرتے تھے عن عبید اللہ بن عبد اللہ قال دخلت علی عائشۃ
فقلت الا تحدثینی عن مرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالت لما ثقل رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم وحضر الصلوٰۃ قال اصلی الناس فقلنا لا وھم ینتظرونک یا رسول اللہ قال ضعوا لی ماء فی المخضب ففعل
فاغتسل ثم ذھب لیقوم فاغمی علیہ ثم افاق فقال اصلی الناس فقلنا لا وھم ینتظرونک یا رسول اللہ
قال ضعوا لی ماء فی المخضب ففعلنا فاغتسل ثم ذھب لیقوم فاغمی علیہ ثم افاق فقال اصلی

مثل قوله والناس عكوف في المسجد ينتظرون رسول الله صلى الله عليه وسلم لصلوة العشاء
فارسل رسول الله صلى الله عليه وسلم الى ابي بكر ان صل بالناس فجاءه الرسول فقال ان رسول
الله صلى الله عليه وسلم يامرك ان تصلي بالناس وكان ابو بكر رجلا رقيقا فقال يا عمر صل بالناس
فقال انت احق بذلك فصلى بهم ابو بكر تلك الايام ثم ان رسول الله صلى الله عليه وسلم وجد
من نفسه خفة فخرج بين رجلين احدهما العباس لصلوة الظهر فلما رآه ابو بكر ذهب
ليتاخر فاومى اليه رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يتاخر وامر هما فاخلساه الى جنبه
فجعل ابو بكر يصلي قائما والناس يصلون بصلوة ابي بكر ورسول الله صلى الله عليه وسلم
يصلي قاعدا قال عبيد الله فدخلت على ابن عباس فقلت الا اعرض عليك ما حدثتني عائشة عن مرض رسول
الله صلى الله عليه وسلم قال هم فحدثته ما اذكر منه شيئا غير انه قال اسمعت لك ايثبت لك الذي
كان مع العباس قلت لا قال هو علي ثم ترجمہ عبید اللہ بن عبد اللہ سے روایت ہے میں حضرت عائشہ کے پاس گیا
اور ان سے کہا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کا حال مجھ سے بیان فرمائیں (کہ تب ان نے کہا جب آپ پر بیماری
کی شدت ہوئی تو آپ نے پوچھا کیا لوگ نماز پڑھ چکے ہم نے کہا نہیں وہ تیرا انتظار کر رہے ہیں آپ نے فرمایا اچھا میرے لیے پانی
رکھو لشت میں پانی رکھا آپ نے غسل کیا پھر اٹھنے لگے تو بیہوش ہو گئے پھر ہوش میں آئے تو پوچھا لوگ نماز پڑھ چکے ہم نے کہا نہیں
وہ آپ کا انتظار کر رہے ہیں آپ نے فرمایا اچھا میرے لیے پانی رکھو لشت میں پانی رکھا آپ نے غسل کیا پھر اٹھنے لگے تو بیہوش
ہو گئے پھر تیسری بار ایسا ہی فرمایا اور لوگ جمع تھے مسجد میں آپ کا انتظار کر رہے تھے عشا کی نماز کے لیے آخر آپ نے ابو بکر کو
کہلا بھیجا تم نماز پڑھاؤ جب ان کی پاس پیام لانے والا آیا اور کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمکو حکم کرتے ہیں نماز پڑھانیکا
وہ نرم دل کے آدمی تھے انہوں نے کہا اے عمر تم نماز پڑھاؤ عمر نے کہا تم زیادہ حقدار ہو امامت کے پھر ان دنوں ابو بکر نماز پڑھاتے تھے
ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی مرض میں ذرا تخفیف دیکھی تو آپ باہر تشریف لیجانے لگے دو آدمیوں پر ٹیکا دیے ہوئے
ان میں سے عباس تھے (چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور دوسرے علی بن ابی طالب تھے لیکن حضرت عائشہ نے اوکا
نام نہیں لیا) جب ابو بکر نے آپکو دیکھا تو وہ پیچھے ہٹنے لگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارہ کیا کہ نہیں پیچھے ہٹو اور ان
دونوں کو جنہوں نے ٹیکا لگائے ہوئے تھے حکم کیا انہوں نے آپ کو بٹھا دیا ابو بکر کے پہلو میں ابو بکر کھڑے کہڑے نماز پڑھتے رہے اور لوگ
ابو بکر ہی کی پیروی کرتے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھکر نماز پڑھ رہے تھے۔ عبید اللہ نے کہا میں یہ حدیث سنکر
عبد اللہ بن عباس پاس گیا اور ان سے کہا میں تمسے بیان کروں جو حضرت عائشہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کا
حال بیان کیا ہے انہوں نے کہا ان میں سے بیان کیا انہوں نے کسی بات میں انکار نہیں کیا مگر اتنا کہا کہ کیا نام لیا حضرت
فرمائیے کہ ایک تھے ساتھ تمہارے میں نے کہا نہیں پھر عباس نے کہا وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے احفظ لاکف نیتہ الامام و

سورہ بقرہ اور سورہ نساء کی نیت میں شامل ہو عمرو بن دینار بن عبداللہ یقول کان معاذ یصلی مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم العشاء ثم یرجع الی قومہ فیؤمہم فصلی بہم لیلۃ صلوٰۃ وھی لہ نافلۃ ولہم مکتوبۃ العشاء ثم افتتح سورۃ البقرۃ فلما سمع رجل من القوم انصرف فصلی وحدہ ثم ذھب فقیل نافقت یا فلان فقال ما نافقت ولآتین النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلاحدثنہ فاتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ ان معاذا یصلی معک ثم یاتینا فیؤمنا وانک اخرت الصلوٰۃ البارحۃ فصلی معک ثم رجع فاممنا فاستفتح بسورۃ البقرۃ فلما سمعت ذلک تاخرت فصلیت لنفسی وانا نحن اصحاب نواضح نعمل بایدینا فقال لہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم یا معاذ افتان انت اقرا بسورۃ کذا وکذا ترجمہ جابر بن عبداللہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں معاذ بن جبل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتے پھر اپنی قوم میں جاتے اور نماز پڑھاتے ایک رات نماز میں سورۃ بقرہ شروع کی ایک شخص نے مقتدیوں میں سے جب یہ دیکھا تو صف سے نکل کر الگ نماز پڑھی اور چلا گیا لوگوں نے کہا تو منافق ہو گیا اس نے کہا قسم خدا کی میں منافق نہیں ہوا اور البتہ میں ضرور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس جاؤنگا اور آپ سے کہونگا پھر وہ رسول اللہ صلعم پاس آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ معاذ آپ کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں پھر یہاں آکر نماز پڑھاتے ہیں اور رات میں سورۃ بقرہ شروع کی میں نے یہ سنا تو میں پیچھے نکل گیا اور نماز پڑھ لی (یعنی الگ پڑھ لی) ہم لوگ تو پانی بھرنے والے ہیں (سارا دن) ہاتھ سے محنت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے معاذ تو فتنہ کرنیوالا (یعنی فساد پھیلا دیگا) (یعنی ایسی سورتیں پڑھا کر جو لمبی ہوں) (نسائی و غیرہ) ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر امام و مقتدی کی نیت میں اختلاف ہو تو مقتدی کی نماز ہو جاویگی اس لئے کہ معاذ نماز پڑھ کر امامت کرتے تھے تو وہ نفل کی نیت کرتی ہوگی اور مقتدی فرض کی نیت کرتی تھے اور بعض علما کے نزدیک فرض پڑھنے والی کی اقتدا نفل پڑھنے والے کے صحیح درست نہیں ہوتی

عن ابی بکرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ صلی صلوٰۃ اشرف فصلی بالذین خلفہ رکعتین وبالذین جاءوا رکعتین فکانت للنبی صلی اللہ علیہ وسلم اربعا ولہم رکعتین رکعتین ترجمہ ابوبکرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوف کی نماز پڑھی تو جو لوگ آپ کے پیچھے تھے ان کے ساتھ دو رکعتیں پڑھیں پھر وہ چلے گئے اور جو لوگ ان کی جگہ آئے ان کے ساتھ دو رکعتیں پڑھیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چار رکعتیں ہوئیں اور ان لوگوں کی دو دو رکعتیں

فضیلت کا بیان جماعت کے

عن ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال صلوٰۃ الجماعۃ تفضل علی صلوٰۃ الفذ بسبع وعشرین درجۃ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جماعت کی نماز

اکیلی نماز سے بائیس درجہ زیادہ فضیلت رکھتی ہے عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صَلٰوةُ الْجَمَاعَةِ اَفْضَلُ مِنْ صَلٰوةِ اَحَدِكُمْ وَحْدَهٗ خَمْسًا وَّعِشْرِیْنَ جُزْءً ترجمہ ابوہریرہؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جماعت کی نماز اکیلے نماز پڑھنے سے پچیس حصے زیادہ فضیلت رکھتی ہے عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صَلٰوةُ الْجَمَاعَةِ تَزِیْدُ عَلٰی صَلٰوةِ الْفَذِّ خَمْسًا وَّعِشْرِیْنَ دَرَجَةً ترجمہ ام المؤمنین عائشہؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جماعت کی نماز اکیلے نماز پڑھنے سے پچیس حصے زیادہ فضیلت رکھتی ہے اَلْجَمَاعَةُ اِذَا كَانُوْا ثَلٰثَةً جب تین آدمی ہوں تو جماعت کریں عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانُوْا ثَلٰثَةً فَلْیَؤُمَّهُمْ اَحَدُهُمْ وَاَحَقُّهُمْ بِالْاِمَامَةِ اَقْرَؤُهُمْ ترجمہ ابوسعیدؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تین آدمی ہوں تو ایک ان میں سے امامت کرے اور زیادہ حقدار امامت کا وہ شخص ہے جو قرآن کو خوب پڑھا ہو اَلْجَمَاعَةُ اِذَا كَانُوْا ثَلٰثَةَ رَجُلٌ وَّصَبِیٌّ وَّامْرَاَةٌ جب تین آدمی ہوں ایک مرد اور ایک لڑکا اور ایک عورت تو جماعت کریں عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلَّیْتُ اِلٰی جَنْبِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَائِشَةُ خَلْفَنَا تُصَلِّیْ مَعَنَا وَاَنَا اِلٰی جَنْبِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُصَلِّیْ مَعَهٗ ترجمہ عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں نماز پڑھی اور ہمارے پیچھے حضرت عائشہؓ تھیں وہ بھی ہمارے ساتھ نماز میں شریک تھیں اوس زمانے میں ابن عباس لڑکے تھے اَلْجَمَاعَةُ اِذَا كَانُوْا اثْنَیْنِ جب دو آدمی ہوں تو جماعت کریں عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلَّیْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُمْتُ عَنْ یَسَارِهٖ فَاَخَذَنِیْ بِیَدِهِ الْیُمْنٰی فَاَقَامَنِیْ عَنْ یَمِیْنِهٖ ترجمہ عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی تو میں آپ کے بائیں طرف کھڑا ہوا آپ نے بائیں ہاتھ سے مجھے پکڑ کے داہنی طرف کھڑا کر لیا عَنْ اُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ یَقُوْلُ صَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمًا صَلٰوةَ الصُّبْحِ فَقَالَ اَشَاهِدٌ فُلَانٌ الصَّلٰوةَ قَالُوْا لَا قَالَ فَفُلَانٌ قَالُوْا لَا قَالَ اِنَّ هَاتَیْنِ الصَّلٰوتَیْنِ مِنْ اَثْقَلِ الصَّلٰوةِ عَلَی الْمُنَافِقِیْنَ وَلَوْ یَعْلَمُوْنَ مَا فِیْهِمَا لَاَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا وَالصَّفُّ الْاَوَّلُ عَلٰی مِثْلِ صَفِّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَلَوْ تَعْلَمُوْنَ فَضِیْلَتَهٗ لَابْتَدَرْتُمُوْهُ وَصَلٰوةُ الرَّجُلِ مَعَ الرَّجُلِ اَزْكٰی مِنْ صَلٰوتِهٖ وَحْدَهٗ وَصَلٰوةُ الرَّجُلِ مَعَ الرَّجُلَیْنِ اَزْكٰی مِنْ صَلٰوتِهٖ مَعَ الرَّجُلِ وَمَا كَانُوْا اَكْثَرَ فَهُوَ اَحَبُّ اِلَی اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ ترجمہ ابی بن کعبؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن فجر کی نماز پڑھی پھر فرمایا کیا فلان شخص حاضر تھا جماعت میں لوگوں نے کہا نہیں آپ نے پوچھا اور فلان شخص لوگوں نے کہا نہیں آپ نے فرمایا یہ دونوں نمازیں (فجر اور عشا) بہت بھاری ہوتی ہیں منافقوں پر اور اگر جانیں جوان میں فضیلت ہے تو چوتڑ پر گھسٹتے ہوئے آویں اور پہلی صف گویا فرشتوں کی صف ہے اگر تم اوسکی بندگی جانو تو جلدی کرو (پہلی صفمیں شریک ہونیکو لیے) اور

نماز پڑھنا ایک شخص کا دوسرے شخص کے ساتھ ملکر جماعت سے بہتر ہے اور دو شخصوں کے ساتھ ملکر پڑھنا ایک شخص کے ساتھ ملکر پڑھنے سے اسی طرح جتنی جماعت زیادہ ہو اسکو زیادہ پسند ہے **اَلْجَمَاعَةُ لِلْمَاْمُوْمِ** نفل نماز کے لیے جماعت کرنیکا بیان **عَنْ** عِتبان بن مالک انہ قال یا رسول اللہ انک لتحول بینی وبین مسجدِ قومی فاحب ان تاتینی فتصلی فی مکان من بیتی اتخذہ مسجدا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سنفعل فلما دخل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال این تریدنی فاشرت الی ناحیۃ من البیت فقام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصففنا خلفہ فصلی بنا رکعتین ترجمہ عتبان بن مالک سے روایت ہے انہوں نے کہا یا رسول اللہ میرے گھر سے مسجد تک درمیان میں (جو برسات میں زور سے بہتی ہیں) میں حائل ہوں آپ میرے گھر تشریف لے چلیے اور کسی جگہ نماز پڑھ دیجیے تو میں اسی جگہ مسجد بنالوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چلونگا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو پوچھا کہاں تم کو منظور ہے میں نے کہا جگہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور ہم لوگوں نے آپکے پیچھے صف باندھی پھر آپ نے دو رکعتیں پڑھیں (نفل جماعت سے) **اَلْجَمَاعَةُ لِلْمَاْمُوْمِ** **اَلْمُفَاجَاَةُ مِنَ الْمَاْمُوْمِ** جو نماز قضا ہو جماعت سے اسکے لیے جماعت کرنیکا بیان **عَنْ** انس قال قیل علیکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم حین قامت الصلوۃ قبل ان نرکع فقال اقیموا صفوفکم فانی اراکم من وراء ظہری ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف متوجہ ہوئے جب نماز کھڑی ہونے لگے آپنے فرمایا درست کرو اپنی صفوں کو اور ملکر کھڑی ہو کیونکہ میں تمکو پیچھے سے دیکھتا ہوں (جیسے سامنے سے دیکھتا ہوں) خلاصہ تمہارا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا **عَنْ** ابی قتادۃ قال کنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذ قال بعض القوم لو حرکت بنا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فانی اذا قمت فان تمام عن الصلوۃ قال بلال انا احفظکم فاضطجعوا فناموا واسند بلال ظہرہ الی راحلتہ فاستیقظ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقد طلع حاجب الشمس فقال یا بلال این ما قلت قال ما القیت علی نومۃ مثلہا قط قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ عز وجل قبض ارواحکم حین شاء وردہا حین شاء ثم قال یا بلال فاذن الناس بالصلوۃ فتوضا فلما ارتفعت الشمس قام فصلی ترجمہ ابو قتادہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے تو میں بعض لوگوں نے کہا یا رسول اللہ کاش آپ ہمیں (سلیم کر چلتے چلتے سب لوگ تھک گئے تھے) آپ نے فرمایا میں ڈرتا ہوں کہیں سو جاؤ اور نماز جاتی رہے بلال نے کہا میں اسکا بندوبست کرونگا لوگ سوئے اور سوئے بلال نے اپنی پیٹ اونٹنی سے لگالی (وہ بھی سو گئے) پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جاگے جب آفتاب کا ایک کنارہ نکل آیا اور بلال سے فرمایا تم نے کیا کہا تھا کہ میں بندوبست کرونگا بلال نے عرض کیا یا رسول اللہ ایسی نیند مجھ کبھی نہیں آئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ جل جلالہ نے تمہاری

رہیں قبض کر لیں ہر جب اوسکو منظور ہوا تو پہریں اوشہوا سے بلال اور اذان دو نماز کی بلال کہڑی ہوئی اور اذان دی پھر
سب لوگوں نے وضو کیا اوسوقت کتاب بند ہو گیا تھا بعد اوسکے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہڑی ہوئی اور نماز پڑھائے
التشدید فی ترک الجماعۃ جماعت میں نہ آنا کیسا ہے **عن ابی الدرداء قال** سمعت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما من ثلثۃ فی قریۃ ولا بدو لا تقام فیہم الصلوۃ الا استحوذ
علیہم الشیطان علیکم بالجماعۃ فانما یاکل الذئب القاصیۃ قال المثنی یعنی بالجماعۃ سمعہ عبد الاعلی
فی الصلوۃ ترجمہ ابو الدرداء سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جب تین آدمی کسی بستی
یا جنگل میں ہوں اور وہ جماعت نہ کریں نماز کی تو سمجھو کہ شیطان اونپر غالب آگیا اور لازم کرو اپنے اوپر جماعت کو اسلیے کہ بھیڑیا اوسی
بکری کو کہاتا ہے جو گلے سے الگ ہو سو آپ نے کہا مراد جماعت سے نماز کی جماعت سے **التشدید فی التخلف عن الجماعۃ**
جماعت میں شریک نہ ہونا کیسا ہے **عن ابی ہریرۃ** ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال والذی نفسی
بیدہ لقد ہممت ان امر بحطب فیحطب ثم امر بالصلوۃ فیؤذن لہا ثم امر رجلا فیؤم الناس
ثم اخالف الی رجال فاحرق علیہم بیوتہم والذی نفسی بیدہ لو یعلم احدہم انہ یجد عظما
سمینا او مرماتین حسنتین لشہد العشاء ترجمہ ابو ہریرہؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے
اوس شخص کے جسکے قبضہ میں میری جان ہے میں نے قصد کیا کہ حکم کروں لکڑیاں جلانے کا پھر حکم کروں نماز کے لیے اذان دیگا اور
ایک شخص کو حکم کروں وہ نماز پڑھاوے اور میں جاؤں اون لوگوں کے گھر پر جو جماعت میں نہیں آتے) پھر جلا دوں اونکے گھروں کو
قسم اوس شخص کے جسکی ہاتھ میں میری جان ہے اگر تم میں سے کسی کو معلوم ہو کہ مسجد میں ایک موٹی گوشت کی ہڈی یا اچھے کھر ملیں گے
تو عشا کی جماعت میں آوے **المحافظۃ علی الصلوات حیث ینادی بہن** جہاں پر اذان ہوتی ہو جماعت میں شریک
ہونا ضرور ہے **عن عبد اللہ بن مسعود** انہ کان یقول من سرہ ان یلقی اللہ عز وجل غدا مسلما
فلیحافظ علی ہؤلاء الصلوات الخمس حیث ینادی بہن فان اللہ عز وجل شرع لنبیہ صلی اللہ علیہ
وسلم سنن الہدی واہن من سنن الہدی وانی لا احسب منکم احدا الا لہ مسجد یصلی فیہ
فی بیتہ فلو صلیتم فی بیوتکم وترکتم مساجدکم لترکتم سنۃ نبیکم ولو ترکتم سنۃ نبیکم
لضللتم ولا من عبد مسلم یتوضا فیحسن الوضوء ثم مشی الی الصلوۃ الا کتب اللہ عز وجل لہ
بکل خطوۃ یخطوہا حسنۃ او یرفع لہا درجۃ او یحط عنہ بہا خطیئۃ ولقد رایتنا نقارب بین
الخطا ولقد رایتنا وما یتخلف عنہا الا منافق معلوم نفاقہ ولقد رایت الرجل یہادی بین
الرجلین حتی یقام فی الصف ترجمہ عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے انہوں نے کہا جس شخص کو قیامت کے روز اللہ سے ملنا
مسلمان ہو کر منظور ہو تو وہ ان پانچوں نمازوں کی محافظت کرے جہاں اذان دی جاوے (تو اذان سنکر جماعت میں آوے) اس لیے اللہ

جل جلالہ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہدایت کا راستہ بتایا اور یہی راستہ ہے ایک نماز یہی ہے میں سمجھتا ہوں تم میں سے کوئی ایسا نہ ہوگا جسکی ایک مسجد اور گھر میں نہ ہو جہاں وہ نماز پڑھتا ہے پس اگر تم نماز پڑھا کرو گے اپنے گھروں میں اور مسجدوں کو چھوڑ دو گے تو تم چھوڑ دو گے اپنے پیغمبر کے طریقے کو اور جب چھوڑ دیا تم نے اپنے پیغمبر کے طریقے کو تو تم گمراہ ہو گئے اور جو بندہ مسلمان اچھی طرح وضو کرتا پھر نماز کے لیے (گھر سے) چلے تو اللہ تعالیٰ اوسکی ہر قدم پر ایک نیکی لکھیگا یا ایک درجہ اوسکا بلند کریگا یا ایک گناہ اوسکا معاف کر دیگا اور تم دیکھتے ہو کہ ہم (جب نماز کو جاتے ہیں) چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہیں (تاکہ نیکیاں زیادہ ہوں) اور تم دیکھتے ہو کہ جماعت میں وہی شریک نہیں ہوتا جو کھلم کھلا نفاق رکھتا ہو اور میں نے دیکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں) ایک شخص کو دو آدمی سہارا کر لاتے یہاں تک کہ وہ صف میں کھڑا کر دیا جاتا ہے

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ أَعْمَى إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّهُ لَيْسَ لِي قَائِدٌ يَقُودُنِي إِلَى الصَّلَاةِ فَسَأَلَهُ أَنْ يُرَخِّصَ لَهُ أَنْ يُصَلِّيَ فِي بَيْتِهِ فَأَذِنَ لَهُ فَلَمَّا وَلَّى دَعَاهُ فَقَالَ لَهُ تَسْمَعُ النِّدَاءَ بِالصَّلَاةِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَأَجِبْ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے ایک اندھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ میرا کوئی لانیوالا نہیں ہے جو مسجد تک پہونچا دے تو اجازت دیجیے مجھے گھر میں نماز پڑھنے کی آپ نے اجازت دی جب وہ پیٹھ پھیر کر چلا آپ نے پھر اوسکو بلایا اور فرمایا تجھے اذان کی آواز آتی ہے اندھے نے کہا ہاں آپنے فرمایا پھر قبول کر (مؤذن کی دعوت کو جب وہ کہتا ہے حی علی الصلوٰۃ (نماز کے لیے)

عَنِ ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ الْمَدِينَةَ كَثِيرَةُ الْهَوَامِّ وَالسِّبَاعِ قَالَ هَلْ تَسْمَعُ مَنْ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَحَيَّ هَلًا وَلَمْ يُرَخِّصْ لَهُ ترجمہ ابن ام مکتوم سے روایت ہے اونہوں نے کہا یا رسول اللہ مدینہ میں کثیر ہے اور درندے بہت ہیں (تو مجھے اجازت دیجیے گھر میں نماز پڑھنے کی) آپنے فرمایا تو حی علی الصلوٰۃ اور حی علی الفلاح سنتا ہے اونہوں نے کہا ہاں سنتا ہوں آپنے فرمایا پھر حاضر ہو اور نہیں اجازت دی اوسکو جماعت چھوڑنے کی

العُذْرُ فِي تَرْكِ الْجَمَاعَةِ

جماعت کا چھوڑنا عذر سے درست ہے

عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أَرْقَمَ كَانَ يَؤُمُّ أَصْحَابَهُ فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ يَوْمًا فَذَهَبَ لِحَاجَتِهِ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا وَجَدَ أَحَدُكُمُ الْغَائِطَ فَلْيَبْدَأْ بِهِ قَبْلَ الصَّلَاةِ ترجمہ عروہ بن زبیر سے روایت ہے عبداللہ بن ارقم انپے لوگوں کی امامت کیا کرتے تھے ایک بار نماز کا وقت آیا تو وہ حاجت کو گئے پھر لوٹ کر آئے اور فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ فرماتے تھے جب تم میں کسی کو پاخانے کی حاجت ہو تو نماز سے پہلے پہلے جا لیوے اگرچہ جماعت فوت ہونے کا ڈر ہو

عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا حَضَرَ الْعَشَاءُ وَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَابْدَءُوا بِالْعَشَاءِ ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب شام کا کھانا سامنے آوے اور نماز کھڑی ہو (یعنی عشا کی) تو پہلے کھانا کھا لو

عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَيْبَرَ فَصَلَّى

مطر فنادی منادی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان صلوا فی رحالکم ترجمہ ابو الملیح سے روایت ہے انہوں نے اپنے باپ سے سنا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حنین میں دھان پانی برسنے لگا تو آپ کے مؤذن نے پکارا نماز پڑھ لو اپنے اپنے ٹھکانوں میں **حث علی ادراک الجماعۃ** جماعت کا ثواب بغیر جماعت کے کب ملتا ہے **عن** ابی ھریرۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من توضأ فاحسن الوضوء ثم خرج عامدا الی المسجد فوجد الناس قد صلوا کتب اللہ لہ مثل اجر من حضرھا ولا ینقص ذلک من اجورھم شیئا ترجمہ ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے اچھی طرح وضو کیا پھر مسجد کے قصد سے نکلا جب مسجد میں گیا دیکھا لوگ نماز پڑھ چکے تو اسکو اتنا ہی ثواب ہوگا جتنا اس شخص کو ہوا ہے جو جماعت میں شریک تھا اور جماعت والوں کا ثواب کچھ کم نہ ہوگا **عن عثمان بن عفان** قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من توضأ للصلوۃ فاسبغ الوضوء ثم مشی الی الصلوۃ المکتوبۃ فصلاھا مع الناس او مع الجماعۃ او فی المسجد غفر اللہ لہ ذنوبہ ترجمہ عثمان ابن عفان سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جو شخص نماز کے لیے پورا وضو کرے (مواقیت سے) پھر فرض نماز کو مسجد میں جاوے) اور لوگوں کے ساتھ نماز پڑھے یا جماعت سے پڑھے یا مسجد میں پڑھے (یعنی پہلی پڑھی جماعت میں شریک ہو یا دوسری جماعت میں یا اکیلے پڑھے بہر حال) اللہ اسکے گناہوں کو بخش دیگا **اعادۃ الصلوۃ مع الجماعۃ بعد صلوۃ الرجل لنفسہ** اگر کوئی شخص کسی نماز پڑھ چکا ہو پھر جماعت ہو تو دوبارہ پڑھ لیوے **عن** محجن انہ کان فی مجلس مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاذن بالصلوۃ فقام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرجع ومحجن فی مجلسہ فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما منعک ان تصلی الست برجل مسلم قال بلی ولکنی کنت قد صلیت فی اھلی فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا جئت فصل مع الناس وان کنت قد صلیت ترجمہ محجن سے روایت ہے وہ ایک مجلس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں نماز کی اذان ہوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اوٹھے پھر نماز پڑھ کر آئے دیکھا تو محجن وہیں بیٹھے ہیں آپ نے فرمایا تم نے نماز کیوں نہیں پڑھی کیا تم مسلمان نہیں ہو انہوں نے کہا کیوں نہیں میں مسلمان ہوں لیکن میں نماز پڑھ چکا تھا اپنے گھر میں آپ نے فرمایا جب تم آؤ تو لوگوں کے ساتھ نماز میں شریک ہو جاؤ اگرچہ پڑھ چکے ہو **اعادۃ الفجر مع الجماعۃ لمن صلی وحدہ** جو شخص فجر کی نماز کیلا پڑھ چکا ہو پھر جماعت ہو تو دوبارہ پڑھ لیوے **عن** یزید بن الاسود العامری قال شھدت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوۃ الفجر فی مسجد الخیف فلما قضی صلاتہ اذا ھو برجلین فی اخر القوم لم یصلیا معہ قال علی بھما فاتی بھما ترعد فرائصھما فقال ما منعکما ان تصلیا معنا قالا یا رسول اللہ

انا قد صلينا في رحالنا قال فلا تفعلا اذا صليتما في رحالكما ثم اتيتما مسجد جماعة فصليا معهم فانها لكما نافلة ترجمہ یزید بن اسود عامری کی روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تہائی فجر کی نماز میں حاضر ہوا (جو منا میں ہی) جب آپ نماز پڑھ چکے دیکھا تو دو شخص پیچھے بیٹھے ہیں انہوں نے نماز نہیں پڑھی آپ نے فرمایا ان دونوں شخصوں کو میرے پاس لاؤ لوگ انکو لیکر آئے اور ان کی گردن کے رگیں پھڑک رہی ہیں (ڈر کے مارے) آپ نے فرمایا تم نے ہمارے ساتھ نماز کیوں نہیں پڑھی انہوں نے کہا یا رسول اللہ ہم اپنی جگہ پڑھ چکے تھے آپ نے فرمایا ایسا مت کیا کرو جب تم اپنے مکانوں میں نماز پڑھ لو پھر اس مسجد میں آؤ جہاں جماعت ہوتی ہو تو دوبارہ پڑھ لو وہ نفل ہو جاوے گے

اعادۃ الصلوٰۃ بعد ذھاب فیھا مع الجماعۃ اگر فضیلت کا وقت گزر جانے کے بعد جماعت ہو رہی ہو تو دوبارہ شریک ہو جاوے عن عبد اللہ بن الصامت عن ابی ذر قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضرب بیدہ علی فخذی کیف انت اذا بقیت فی قوم یؤخرون الصلوٰۃ عن وقتھا قال ما تامرنی قال صل الصلوٰۃ لوقتھا ثم اذھب لحاجتک فان اقیمت الصلوٰۃ وانت فی المسجد فصل ترجمہ ابو ذر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور میری ران پر ہاتھ مار کر تم کیا کرو گے جب ایسے لوگوں میں رہ جاؤ گے جو نماز میں دیر کرینگے اوسکے وقت سے (یعنے مکروہ وقت میں پڑھیں گے) میں نے کہا آپ کیا حکم فرماتے ہیں (ایسی وقت میں) آپنے فرمایا وقت پر نماز پڑھ لے پھر اپنے کام کو جا اگر تو مسجد میں ہو اور جماعت تیرے سامنے کھڑے ہو تو شریک ہو جا۔ سقوط الصلوٰۃ عمن صلی مع الامام فی المسجد جو شخص امام کے ساتھ جماعت سے نماز پڑھ چکا ہو اوسکو دوسری جماعت میں شریک ہونا ضرور نہیں ہے عن سلیمان مولی میمونۃ قال رایت ابن عمر جالسا علی البلاط والناس یصلون قلت یا ابا عبد الرحمن ما لک لا تصلی قال ارانی قد صلیت ثم سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا تعاد الصلوٰۃ فی یوم مرتین ترجمہ سلیمان سے روایت ہے میں نے عبد اللہ بن عمر کو بلاط (ایک جگہ کا نام ہے مدینہ منورہ میں) پر بیٹھے ہوئے دیکھا اور لوگ نماز پڑھ رہے تھے میں نے کہا اے ابا عبد الرحمن تم کیوں نہیں نماز پڑھتے انہوں نے کہا میں پڑھ چکا اور میں نے رسول اللہ صلعم سے سنا ہے آپ فرماتے تھے ایک نماز کو دن میں دو بار نہیں پڑھنا چاہیے (یعنے جب جماعت سے امام کے ساتھ نماز پڑھ لی اب پھر اوسکو پڑھنا ضرور نہیں ہے) السعی الی الصلوٰۃ نماز کو کس طرح جانا چاہیے عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اتیتم الصلوٰۃ فلا تاتوھا وانتم تسعون وائتوھا وانتم تمشون وعلیکم السکینۃ فما ادرکتم فصلوا وما فاتکم فاتموا ترجمہ ابو ہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلعم نے فرمایا جب تم نماز کو آؤ تو دوڑتے ہوئے مت آؤ بلکہ معمولی چال سے آؤ اور اطمینان کے ساتھ جو نماز جماعت سے ملے اوتنی جماعت سے پڑھو اور جسقدر نہ ملے اوسکو سلام کے بعد) پڑھ لو اکل بعد ارادۃ الصلوٰۃ من غیر سعی

نماز کے لیے جلدی چلنا بغیر دوڑے عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّی الْعَصْرَ
ذَھَبَ اِلٰی بَنِیْ عَبْدِ الْاَشْھَلِ فَیَتَحَدَّثُ عِنْدَھُمْ حَتّٰی یَخْرُجَ اِلَی الْمَغْرِبِ قَالَ اَبُوْ رَافِعٍ فَبَیْنَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَسَلَّمَ یَسِیْرُ اِلَی الْمَغْرِبِ مَرَّ بِالْبَقِیْعِ فَقَالَ اُفٍّ لَّکَ اُفٍّ لَّکَ قَالَ فَکَبُرَ ذٰلِکَ فِیْ ذَرْعِیْ فَاسْتَمْرَرْتُ
وَخِلْتُ اَنَّہٗ یُرِیْدُنِیْ فَقَالَ مَا لَکَ اَمُشِیَ فَقُلْتُ اَحْدَثْتُ حَدَثًا قَالَ مَا ذَاکَ قُلْتُ انْصَتَّ بِیْ قَالَ
لَا وَلٰکِنْ ھٰذَا فُلَانٌ بَعَثَنِیْ سَاعِیًا عَلٰی بَنِیْ فُلَانٍ فَضَلَّ غَرَّۃً فَنَدْرَعُ الْاٰنَ مِثْلَھَا مِنْ نَّارٍ ترجمہ ابو رافع
سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب عصر کی نماز پڑھ چکتے تو بنی عبد الاشہل کے لوگوں میں جاتے اور دین ہی باتیں
کیا کرتے یہاں تک کہ مغرب کی نماز کے لیے لوٹتے ابو رافع نے کہا ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جلدی جلدی مغرب کے نماز
کو جا رہے تھے اور ہم بقیع کے سامنے سے نکلے آپ نے فرمایا اف اف (یہ کلمہ زجر اور افسوس کا ہے زبان عرب میں جیسے کسی کی کمر کرنے
یا جھڑکنے میں تو اف لک کہتے ہیں) میرے دل میں آپ کے اس فرمانے سے ایک خوف پیدا ہوا میں سمجھ گیا اور سمجھا کہ آپ
نے مجھ ہی پر اف کیا آپ نے فرمایا کیا ہوا تجھے چلتا نہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا مجھ سے کوئی قصور ہوا آپ نے
فرمایا کیسے معلوم ہوا میں نے کہا کہ آپ نے مجھکو اف کہا آپ نے فرمایا میں نے تجھکو نہیں کہا میں نے اس شخص پر کہا جسکو صدقہ
صدقہ وصول کرنیکو لیے بھیجا اوس نے ایک کھال چرالی اب ویسی ہی کھال اسکے لیے جہنم میں آگ کی بنا دی گئی ہے الخ

اَلْمَشْیُ اِلَی الصَّلٰوۃِ نماز کے لیے اول وقت نکلنا کیسا ہے عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا
مَثَلُ الْمُھَجِّرِ اِلَی الصَّلٰوۃِ کَمَثَلِ الَّذِیْ یُھْدِی الْبَدَنَۃَ ثُمَّ الَّذِیْ عَلٰی اِثْرِہٖ کَالَّذِیْ یُھْدِی الْبَقَرَۃَ
ثُمَّ الَّذِیْ عَلٰی اِثْرِہٖ کَالَّذِیْ یُھْدِی الْکَبْشَ ثُمَّ الَّذِیْ عَلٰی اِثْرِہٖ کَالَّذِیْ یُھْدِی الدَّجَاجَۃَ
ثُمَّ الَّذِیْ عَلٰی اِثْرِہٖ کَالَّذِیْ یُھْدِی الْبَیْضَۃَ ترجمہ ابو ہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
جو شخص سب سے پہلے (مسجد میں) نماز کو آوے اوسکی مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے ایک اونٹ قربانے کو لیے بھیجا پھر جو اوسکے
بعد آوے وہ ایسا ہی جیسے کسی نے ایک بیل گائے ملی کو قربانے کے لیے بھیجا پھر جو اوسکے بعد آوے وہ ایسا ہے جیسے کسی نے ایک
مینڈھا بھیجا پھر جو اوس کے بعد آوے وہ ایسا ہی جیسی کسی نے مرغی بھیجی پھر جو اوس کے بعد آوے وہ ایسا ہے جیسا کسی نے
ایک انڈا بھیجا مَا یُکْرَہُ مِنَ الصَّلٰوۃِ عِنْدَ اِقَامَۃِ الْجَمَاعَۃِ جب جماعت کے لیے تکبیر ہو تو نفل پڑھنا منع ہے عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اُقِیْمَتِ الصَّلٰوۃُ فَلَا
صَلٰوۃَ اِلَّا الْمَکْتُوْبَۃَ ترجمہ ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب فرض کی تکبیر ہو تو کوئی
نماز نہیں ہے سوا فرض کے (یعنی سنت اور نفل کچھ نہ پڑھنا چاہیے بلکہ فرض میں شریک ہونا چاہیے البتہ اگر تکبیر سے پہلے شروع
کر چکا ہو تو اوسکو تمام کر لیوے عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اُقِیْمَتِ
الصَّلٰوۃُ فَلَا صَلٰوۃَ اِلَّا الْمَکْتُوْبَۃَ ترجمہ ابو ہریرہ کے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب فرض نماز

کی تکبیر ہو تو کوئی نماز نہیں پڑھنا چاہیے سوا فرض کے عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ أُقِيمَتْ صَلَوٰةُ الصُّبْحِ فَرَأَى رَسُولُ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يُصَلِّي وَالْمُؤَذِّنُ يُقِيمُ فَقَالَ أَتُصَلِّي الصُّبْحَ لَرُبَاعِيَّةً ترجمہ عبید بن عمیر
روایت ہے کہ صبح کی تکبیر ہوئی صبح کی نماز کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا نماز پڑھتے ہوئے اور مؤذن تکبیر کہہ رہا
تھا آپ نے فرمایا کیا تو فجر کی چار رکعتیں پڑھتا ہے فَإِنْ صَلَّى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ وَقَامَ فِي الصَّلٰوةِ جو شخص فجر کی
سنتیں پڑھتا ہو اور امام فرض پڑھ رہا ہو عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فِي صَلٰوةِ الصُّبْحِ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ دَخَلَ فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ
قَالَ يَا فُلَانُ بِأَيِّهِمَا صَلَاتَكَ الَّتِي صَلَّيْتَ مَعَنَا أَوِ الَّتِي صَلَّيْتَ لِنَفْسِكَ ترجمہ عبداللہ بن سرجس سے
روایت ہے ایک شخص آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز پڑھ رہے تھے تو اس نے دو رکعتیں (سنت کی) پڑھیں پھر امام
میں شریک ہوا آپ جب نماز پڑھ چکے تو فرمایا اے فلاں تیری نماز کون سی تھی وہ جو ہمارے ساتھ پڑھی یا وہ جو تو نے اکیلی
پڑھی (یعنی جب فرض ہو رہے تھے تو سنت پڑھنا درست نہ تھا اب تو نے فرض ہے پڑھی ہوگی پھر جو اکیلی پڑھی وہ فرض ہے یا
جو جماعت سے پڑھی۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب فرض کی جماعت کھڑی ہو تو کوئی سنت نہیں پڑھنا چاہیے اگرچہ فجر کی
سنت ہو) الْمُنْفَرِدُ خَلْفَ الصَّفِّ جو کوئی صف کے پیچھے اکیلا نماز پڑھے عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِنَا فَصَلَّيْتُ أَنَا وَأُمِّ سُلَيْمٍ لَنَا خَلْفَهُ وَصَلَّتْ أُمُّ سُلَيْمٍ خَلْفَنَا ترجمہ انس سے
روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے میں نے اور یتیم نے آپ کے پیچھے (صف باندھ کر) نماز پڑھی
اور ام سلیم نے ہماری پیچھے پڑھی عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَتِ امْرَأَةٌ تُصَلِّي خَلْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَسْنَاءَ مِنْ أَحْسَنِ النَّاسِ قَالَ وَكَانَ بَعْضُ الْقَوْمِ يَتَقَدَّمُ فِي الصَّفِّ الْأَوَّلِ لِئَلَّا يَرَاهَا
وَيَسْتَأْخِرُ بَعْضُهُمْ حَتَّى يَكُونَ فِي الصَّفِّ الْمُؤَخَّرِ فَإِذَا رَكَعَ يَعْنِي نَظَرَ مِنْ تَحْتِ إِبْطِهِ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ
وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِينَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَأْخِرِينَ ترجمہ عبداللہ بن عباس سے روایت ہے ایک
خوبصورت عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھا کرتی تھی تو بعضے لوگ اول صف میں ہو جاتے تاکہ وہ کہیں اس کو
نہ دیکھ سکیں اور بعضے اخیر صف میں رہتے اور جب رکوع کرتی تو بغلوں میں سے اس کو دیکھ جاتے تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری ہم
نے جانا ہے اگلوں کو تم میں سے اور ہم نے جانا ہے پچھلوں کو جو آگے رہتے ہیں اور ہم جانتے ہیں ان لوگوں کو جو پیچھے رہتے ہیں اَلرُّكُوعُ دُونَ الصَّفِّ صف میں ملنے سے پہلے رکوع کرنا عَنْ أَبِي بَكْرَةَ أَنَّهُ
دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاكِعٌ فَرَكَعَ دُونَ الصَّفِّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
زَادَكَ اللّٰهُ حِرْصًا وَلَا تَعُدْ ترجمہ ابوبکرہ سے روایت ہے وہ مسجد میں آئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع میں تھے
انہوں نے صف میں ملنے سے پہلے رکوع کر لیا (جلدی کے لیے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تجھ میں زیادہ حرص نماز کی

حرص و ریست کہ ایسا نہ کرنا عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ صَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمًا ثُمَّ انْصَرَفَ
فَقَالَ یَا فُلَانُ اَلَا تُحْسِنُ صَلٰوتَكَ اَلَا یَنْظُرُ الْمُصَلِّیْ كَیْفَ یُصَلِّیْ لِنَفْسِهٖ فَاِنَّمَا یُصَلِّیْ عَلٰی نَفْسِهٖ
كَمَا اَبْصَرَ بَیْنَ یَدَیْهِ رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی پھر نماز سے فارغ
ہو کر فرمایا اے فلاں تو نماز کو درست نہیں کرتا کیا نمازی خود نہیں جان سکتا کہ کیونکر نماز پڑھنا چاہیے (دیکھ کر) اور میں تجھ کو بھی ایسا ہی دیکھتا ہوں جیسی سامنے دیکھتا ہوں **الصَّلٰوةُ بَعْدَ الظُّهْرِ** بعد ظہر کے کتنی نمازیں
پڑھے عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ یُصَلِّیْ قَبْلَ الظُّهْرِ رَكْعَتَیْنِ وَبَعْدَهَا
رَكْعَتَیْنِ وَكَانَ یُصَلِّیْ بَعْدَ الْمَغْرِبِ رَكْعَتَیْنِ فِیْ بَیْتِهٖ وَبَعْدَ الْعِشَاءِ رَكْعَتَیْنِ وَكَانَ لَا یُصَلِّیْ بَعْدَ
الْجُمُعَةِ حَتّٰی یَنْصَرِفَ فَیُصَلِّیْ رَكْعَتَیْنِ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر سے
پہلے دو رکعتیں پڑھتے تھے اور بعد ظہر کے دو رکعتیں پڑھتے تھے اور بعد مغرب کے دو رکعتیں اپنے گھر میں آکر پڑھتے تھے اور بعد عشا
کے دو رکعتیں پڑھتے تھے اور بعد جمعہ کے کچھ نہیں پڑھتے تھے جب لوٹ کر آتے تو دو رکعتیں پڑھتے ف سنتوں کے باب مختلف
حدیثیں وارد ہیں مگر صحیح یہ ہے کہ چار ظہر سے پہلے پڑھی اور چار بعد ظہر کے اور چار عصر سے پہلی اور دو بعد مغرب کے اور دو بعد
عشا کے اور دو فجر سے پہلے **الصَّلٰوةُ قَبْلَ الْعَصْرِ** عصر کی پہلی سنتوں کا بیان عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ قَالَ سَاَلْنَا
عَلِیًّا عَنْ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّكُمْ لَا تُطِیْقُوْنَ ذٰلِكَ قُلْنَا اِنْ لَّمْ نُطِقْهُ سَمِعْنَا
قَالَ كَانَ اِذَا كَانَتِ الشَّمْسُ مِنْ هٰهُنَا كَهَیْئَتِهَا مِنْ هٰهُنَا عِنْدَ الْعَصْرِ صَلّٰی رَكْعَتَیْنِ فَاِذَا كَانَتْ مِنْ
هٰهُنَا كَهَیْئَتِهَا مِنْ هٰهُنَا عِنْدَ الظُّهْرِ صَلّٰی اَرْبَعًا وَیُصَلِّیْ قَبْلَ الظُّهْرِ اَرْبَعًا وَبَعْدَهَا ثِنْتَیْنِ وَیُصَلِّیْ
قَبْلَ الْعَصْرِ اَرْبَعًا وَیَفْصِلُ بَیْنَ كُلِّ رَكْعَتَیْنِ بِتَسْلِیْمٍ عَلَی الْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَالنَّبِیِّیْنَ وَمَنْ تَبِعَهُمْ
مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ ترجمہ عاصم بن ضمرہ سے روایت ہے ہم نے حضرت علی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز پڑھنے
انہوں نے کہا تم میں سے کون اسکی طاقت رکھتا ہے ہم نے کہا خیر اگر طاقت نہ رکھیں تو سن لیں انہوں نے کہا جب آفتاب یہاں پر آتا
یعنی عصر کو تب تو آپ دو رکعتیں پڑھتے اور جب یہاں آتا یعنی ظہر کے وقت تو چار رکعت پڑھتے اور ظہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھتے
اور بعد ظہر کے دو رکعتیں پڑھتے اور عصر سے پہلی چار رکعتیں پڑھتے لیکن دو دو رکعتوں کے بعد سلام پھیرتے اور سلام کرتے
ہر نزدیک والے فرشتوں اور پیغمبروں پر اور جو ان کے پیرو ہیں مومنین اور مسلمین سے (یعنی یوں فرماتے السلام علی الملائکۃ المقربین
والانبیاء والصالحین) عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ قَالَ سَاَلْتُ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ عَنْ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
وَسَلَّمَ فِی النَّهَارِ قَبْلَ الْمَكْتُوْبَةِ قَالَ مَنْ یُّطِیْقُ ذٰلِكَ ثُمَّ اَخْبَرَنَا قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
یُصَلِّیْ حِیْنَ تَرْتَفِعُ الشَّمْسُ رَكْعَتَیْنِ وَقَبْلَ نِصْفِ النَّهَارِ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ یَجْعَلُ التَّسْلِیْمَ فِیْ اٰخِرِهِنَّ ترجمہ
عاصم بن ضمرہ سے روایت ہے میں نے حضرت علی سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرض سے پہلے کتنی رکعتیں پڑھتے

تھے انہوں نے کہا کس کی طاقت ہے کہ اتنی لمبی نماز پڑھ سکے کہا کہ اگر آپ جب بیٹھتے تو دونوں ہتھیلیاں زمین پر رکھ لیتے اور دونوں گھٹنوں کے درمیان سے ہٹا لیتے اور پیچھے ہٹ کر بیٹھتے (یعنی سرین زمین پر رکھ لیتے) اور دونوں پاؤں کھڑے رکھتے (یعنی دونوں پاؤں کی انگلیاں زمین پر رکھتے) **کتاب الصلوٰۃ** نماز شروع کرنے کا بیان

ابن عمرؓ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام للصلوٰۃ رفع یدیہ حتی یکونا حذو منکبیہ واذا کبر للرکوع فعل مثل ذلک ثم قال سمع اللہ لمن حمدہ فعل مثل ذلک وقال ربنا ولک الحمد ولا یفعل ذلک حین یسجد ولا حین یرفع رأسہ من السجود ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے میں نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ جب تکبیر کہتے نماز شروع کرنے کے تو دونوں ہتھیلیاں کندھوں کے برابر اٹھاتے اور جب رکوع کے لئے تکبیر کہتے تب بھی ایسا ہی کرتے (یعنی دونوں ہتھیلیاں کندھوں تک) پھر جب سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تو ایسا ہی کرتے (یعنی دونوں ہتھیلیاں کندھوں تک) اور ربنا ولک الحمد کہتے پھر جب سجدہ کو جاتے تو ہاتھ نہ اٹھاتے اسی طرح جب سجدہ سے سر اٹھاتے تب بھی ہاتھ نہ اٹھاتے **باب رفع الیدین قبل الرکوع** جب تکبیر کہے پہلے ہاتھ اٹھانا

عن ابن عمرؓ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام الی الصلوٰۃ رفع یدیہ حتی تکونا حذو منکبیہ ثم کبر قال وکان یفعل ذلک حین یکبر للرکوع ویفعل ذلک حین یرفع رأسہ من الرکوع ویقول سمع اللہ لمن حمدہ ولا یفعل ذلک فی السجود ترجمہ ابن عمر سے روایت ہے میں نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ جب کھڑے ہوتے نماز کیلئے اٹھاتے دونوں ہتھیلیاں کندھوں کے برابر اٹھاتے پھر تکبیر کہتے اور جب رکوع کی لئے تکبیر کہتے تب بھی ایسا ہی کرتے (یعنی دونوں ہتھیلیاں اٹھاتے کندھوں تک) پھر جب سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تو ایسا ہی کرتے (یعنی کندھوں تک ہاتھ اٹھاتے) اور جب سجدہ میں جاتے تو ہاتھ نہ اٹھاتے **رفع الیدین حذو منکبیہ** کندھوں تک ہاتھ اٹھانا

عن عبداللہ بن عمرؓ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا افتتح الصلوٰۃ رفع یدیہ حذو منکبیہ واذا اراد ان یرکع وبعد ما یرفع رأسہ من الرکوع رفعہما کذلک وقال سمع اللہ لمن حمدہ ربنا ولک الحمد وکان لا یفعل ذلک فی السجود ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کو شروع کرتے تو دونوں ہتھیلیاں کندھوں تک اٹھاتے اور جب رکوع کرنے اور رکوع سے سر اٹھاتے تو دونوں ہاتھ اٹھاتے کندھوں تک اور کہتے سمع اللہ لمن حمدہ ربنا ولک الحمد پر سجدہ میں ایسا نہ کرتے (یعنی ہاتھ نہیں اٹھاتے) **رفع الیدین حیال اذنین** کانوں تک ہاتھ اٹھانا

عن وائل بن حجرؓ قال صلیت خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلما افتتح الصلوٰۃ کبر ورفع یدیہ حتی حاذتا اذنیہ ثم وضع یدہ الیمنی علی الیسری فلما اراد ان یرکع رفعہما کذلک فلما قضی الصلوٰۃ اقبل علینا بوجہہ فقال لأتینکم بالصلوٰۃ برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترجمہ وائل بن حجر سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی آپ جب نماز شروع کی تو تکبیر کہی اور دونوں ہاتھ کانوں تک پھر سر دونوں ہتھیلیاں جب رکوع سے فارغ ہوئے تو بلند آواز سے آمین کہی **عن مالک بن الحویرث** وہ اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم

كَانَ إِذَا صَلَّى رَفَعَ يَدَيْهِ حِيَالَ أُذُنَيْهِ وَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَرْكَعَ وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ

ترجمہ مالک بن الحویرث سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑھتے تو دونوں ہاتھ کانوں تک اوٹھاتے اور جب رکوع کرتے تو دونوں ہاتھ کانوں تک اوٹھاتے اسی طرح جب رکوع سے سر اوٹھاتے عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ قَالَ

رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ دَخَلَ فِي الصَّلَاةِ رَفَعَ يَدَيْهِ وَحِينَ رَكَعَ وَحِينَ رَفَعَ

رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ حَتَّى حَاذَتَا فُرُوعُ أُذُنَيْهِ ترجمہ مالک بن الحویرث سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نے جب نماز شروع کی تو دونوں ہاتھ اوٹھائے اور جب رکوع کیا تو دونوں ہاتھ اوٹھائے پھر جب رکوع سے سر اوٹھایا تو دونوں ہاتھ اوٹھائے کانوں تک **بَابُ** موضع رفع الیدین عند الرفع جب ہاتھ اوٹھاوے تو کہاں تک لاوے عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ

حَتَّى يُحَاذِيَ إِبْهَامَاهُ أُذُنَيْهِ ترجمہ وائل بن حجر سے روایت ہے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نے جب نماز شروع کی تو دونوں ہاتھ اوٹھائے یہانتک کہ آپ کے انگوٹھے کانوں کے لو تک پہنچے **بَابُ** رَفْعِ الْيَدَيْنِ قَبْلَ الرُّكُوعِ وَبَعْدَهُ دونوں ہاتھ پڑھکر اوٹھانا عَنْ سَعِيدِ بْنِ سَمْعَانَ قَالَ جَاءَ أَبُو هُرَيْرَةَ إِلَى مَسْجِدِ بَنِي

زُرَيْقٍ فَقَالَ ثَلَاثٌ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُنَّ فَكَرِهَهُنَّ النَّاسُ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِي

الصَّلَاةِ رَفْعًا وَيُكَبِّرُ هَنِيهَةً وَيُكَبِّرُ إِذَا سَجَدَ وَإِذَا رَفَعَ ترجمہ سعید بن سمعان سے روایت ہے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بنی زریق کے مسجد میں آئے اور کہا تین باتیں ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو کرتے تھے اور لوگوں نے انکو چھوڑ دیا ہے آپ دونوں ہاتھ اپنے پڑھکر نماز میں اوٹھاتے تھے پھر تھوڑی دیر چپ رہتے تھے اور جب سجدہ کرتے تو تکبیر کہتے اور سجدہ سے سر اوٹھاتے وقت پھر تکبیر کہتے **فَرْضُ التَّكْبِيرَةِ** الْأُولَى نماز شروع کرتیوقت تکبیر کہنا فرض ہے (جسکو تکبیر اولی اور تکبیر تحریمہ بھی کہتے ہیں) عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَدَخَلَ رَجُلٌ فَصَلَّى

ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ

ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ فَرَجَعَ فَصَلَّى كَمَا صَلَّى ثُمَّ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ

اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْكَ السَّلَامُ ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَقَالَ

الرَّجُلُ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا أَحْسَنُ غَيْرَ هَذَا فَعَلِّمْنِي قَالَ إِذَا قُمْتَ إِلَى الصَّلَاةِ فَكَبِّرْ ثُمَّ اقْرَأْ

مَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ ثُمَّ ارْكَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَعْتَدِلَ قَائِمًا ثُمَّ اسْجُدْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ

سَاجِدًا ثُمَّ افْعَلْ ذَلِكَ فِي صَلَاتِكَ كُلِّهَا ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے تو ایک شخص آیا اور اس نے نماز پڑھی پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا اور سلام کیا آپ نے جواب دیا اور فرمایا جا پھر جا تو نے نماز نہیں پڑھی وہ گیا اور جیسی پہلے پڑھی تھی ویسی ہی پڑھ کر پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا اور سلام کیا

آپ نے سلام کا جواب دیا اور فرمایا پھر نماز پڑھ تو نے نماز نہیں پڑھی اسی طرح تین بار ہوا جب تیسری شخص نے کہا قسم ہے اس
جس نے آپکو سچا پیغمبر کر کے بھیجا میں تو اس سے اچھی نماز نہیں جانتا آپ مجھ کو سکھلائیے آپنے فرمایا جب تو نماز کو کھڑا ہو تو اللہ اکبر کہہ
پھر جتنا قرآن ہو سکے پڑھ پھر رکوع کر خاطر جمع سے پھر سر اوٹھا اور سیدھا کھڑا ہو پھر سجدہ کر خاطر جمعی سے پھر سر اوٹھا اور خاطر
سے بیٹھ پھر اسی طرح ساری نماز کو ادا کر **الفعل الرکیک** یفتتح بالصلوٰۃ نماز کے شروع میں کیا پڑھنا چاہیے
عن عبید اللہ بن عمر قال قام رجل خلف نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال اللہ اکبر کبیرا
والحمد للہ کثیرا وسبحان اللہ بکرۃ واصیلا فقال نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صاحب
فقال رجل انا یا نبی اللہ فقال لقد ابتدرھا اثنا عشر ملکا ترجمہ عبید اللہ بن عمر سے روایت ہے کہ ایک شخص
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے کھڑا ہوا اوس نے کہا اللہ اکبر کبیرا والحمد للہ کثیرا وسبحان اللہ بکرۃ واصیلا رسول اللہ
نے پوچھا یہ کون بولا اوس شخص نے کہا میں نے یا رسول اللہ آپنے فرمایا اس کلمے پر بارہ فرشتے دوڑے ہر ایک چاہتا تھا کہ اس کو اللہ
اللہ جل جلالہ کے پاس لیجاوے **عن** ابن عمر قال بینما نحن نصلی مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذ قال
رجل من القوم اللہ اکبر کبیرا والحمد للہ کثیرا وسبحان اللہ بکرۃ واصیلا فقال رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من القائل کلمۃ کذا وکذا فقال رجل من القوم انا یا رسول اللہ والذی بعثک بالحق
لھا بکر کلمۃ معناھا فتحت لھا ابواب السماء قال ابن عمر ما ترکتھا منذ سمعت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم یقولہ ترجمہ عبید اللہ بن عمر سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھ رہے
تھے میں ایک شخص بولا اللہ اکبر کبیرا والحمد للہ کثیرا وسبحان اللہ بکرۃ واصیلا آپنے فرمایا کس نے یہ کلمہ کہا وہ شخص بولا میں نے
کہا یا رسول اللہ آپنے فرمایا مجھ کو تعجب ہوا اس کلمے کے لیے آسمان کے دروازے کھولے گئے عبید اللہ بن عمر نے کہا اوس دن سے میں اس
کلمہ کو نہیں چھوڑا جب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا **وضع الیمین علی الشمال فی الصلوٰۃ** نماز میں
ہاتھ باندھنا **عن** وائل بن حجر قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان قائما فی الصلوٰۃ قبض
بیمینہ علی شمالہ ترجمہ وائل بن حجر سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ جب نماز میں کھڑے ہوتے تو داہنے
ہاتھ پر بائیں ہاتھ کو باندھتے **فی الامام اذا رای الرجل قد وضع شمالہ علی یمینہ** اگر امام کسی کو بایاں ہاتھ داہنے
اوپر باندھے دیکھے **عن** ابن مسعود قال رانی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقد وضعت شمالی علی یمینی
فی الصلوٰۃ فاخذ بیمینی فوضعھا علی شمالی ترجمہ عبید اللہ بن مسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
دیکھا میں نے بایاں ہاتھ داہنے کے اوپر باندھا ہاتھ آپنے میرا داہنا ہاتھ پکڑ کے بائیں کے اوپر کر دیا **باب** **موضع الیمین من**
الشمال فی الصلوٰۃ داہنا ہاتھ بائیں کے اوپر کہاں کہو **عن** وائل بن حجر قال قلت لانظرن الی صلوٰۃ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیف یصلی فنظرت الیہ فقام فکبر ورفع یدیہ حتی حاذتا اذنیہ

ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنَى عَلَى كَفِّهِ الْيُسْرَى وَالرُّسْغِ وَالسَّاعِدِ فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يَرْكَعَ رَفَعَ يَدَيْهِ مِثْلَهَا
قَالَ وَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلَى رُكْبَتَيْهِ ثُمَّ لَمَّا رَفَعَ رَأْسَهُ رَفَعَ يَدَيْهِ مِثْلَهُمَا ثُمَّ سَجَدَ فَجَعَلَ كَفَّيْهِ
بِحِذَاءِ أُذُنَيْهِ ثُمَّ قَعَدَ وَافْتَرَشَ رِجْلَهُ الْيُسْرَى وَوَضَعَ كَفَّهُ الْيُسْرَى عَلَى فَخِذِهِ الْيُسْرَى
وَرُكْبَتِهِ الْيُسْرَى وَجَعَلَ حَدَّ مِرْفَقِهِ الْأَيْمَنِ عَلَى فَخِذِهِ الْيُمْنَى ثُمَّ قَبَضَ اثْنَتَيْنِ مِنْ أَصَابِعِهِ وَحَلَّقَ
حَلْقَةً ثُمَّ رَفَعَ إِصْبَعَهُ فَرَأَيْتُهُ يُحَرِّكُهَا يَدْعُو بِهَا ترجمہ وائل بن حجر سے روایت ہے میں نے کہا میں رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کو دیکھوں گا۔ آپ کس طرح نماز پڑھتے ہیں میں نے دیکھا آپ کھڑے ہوئے اور تکبیر کہی پھر دونوں ہاتھ
اپنے کانوں کے برابر پھر داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھا یعنے ایک پہونچا دوسری پہونچے پر یا ایک ہاتھ دوسری ہاتھ
پر جب رکوع کرنیکا قصد کیا تو دونوں ہاتھ اوٹھائے اوسی طرح (یعنے کانوں کے برابر) اور دونوں ہاتھ اپنے گھٹنوں پر رکھے پھر
جب سر اوٹھایا رکوع سے تو دونوں ہاتھ اوٹھائے اوسی طرح (یعنے کانوں کے برابر) پھر سجدہ کیا اور دونوں ہاتھوں
کو اپنے کانوں کے برابر رکھا پھر بیٹھے بائیں پاؤں بچھا کر اور بائیں ہاتھ کی ہتھیلی اپنے ران پر اور گھٹنے پر رکھی اور داہنی
ہاتھ کی کہنی داہنی ران پر جمائی پھر دو انگلیوں کو بند کر لیا اور ایک حلقہ باندھ لیا (یعنے انگوٹھے سے
اور کلمہ کی انگلی کو اوپر اوٹھایا تو میں نے دیکھا آپ کلمہ کی انگلی کو ہلاتے تھے اور اوس سے دعا کرتے تھے **باب النہی**
عَنِ التَّخَصُّرِ فِي الصَّلٰوةِ کو کہتے ہیں کمر پر ہاتھ رکھنے کی ممانعت **عَنْ** ابی ہریرۃ **أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى أَنْ يُصَلِّيَ**
الرَّجُلُ مُتَخَصِّرًا ترجمہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا اس کو کہ نماز پڑھے کمر پر ہاتھ رکھکر
عَنْ زیاد بن صبیح **قَالَ صَلَّيْتُ إِلٰى جَنْبِ ابْنِ عُمَرَ فَوَضَعْتُ يَدِي عَلَى خَصْرِي فَقَالَ لِي هٰكَذَا**
كَانَ يَفْعَلُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا صَلَّيْتُ قُلْتُ لِمَ فَعَلْتَ هٰذَا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قُلْتُ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَا بَالُ
صَلٰوتِكَ قَالَ إِنَّ هٰذِهِ صَلٰوةُ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا عَنْهُ ترجمہ زیاد بن صبیح سے
روایت ہے منی نماز پڑھی عبداللہ بن عمر کے پہلو میں تو میں نے اپنا ہاتھ کمر پر رکھا انہوں نے اپنا ہاتھ کو مارا (اشارہ کیا) جیسا میں
نماز پڑھ چکا تو میں نے اس شخص سے پوچھا یہ کون ہیں لوگوں نے کہا یہ عبداللہ بن عمر ہیں میں نے کہا اے ابا عبدالرحمن تم کو
کیا برا معلوم ہوا میری طرف سے انہوں نے کہا یہ سولی پر چڑھنے والی کے شکل دینے کمر پر ہاتھ رکھنا) بیشک رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے ہمکو اس سے **الصَّمْتُ بَيْنَ الْقَدَمَيْنِ فِي الصَّلٰوةِ** نماز میں دونو پاؤں ملاکر
کھڑے ہونا کیسا ہے **عَنْ** ابی عبیدۃ **أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَأَى رَجُلًا يُصَلِّي قَدْ صَفَّ بَيْنَ قَدَمَيْهِ فَقَالَ**
خَالَفَ السُّنَّةَ وَلَوْ رَاوَحَ بَيْنَهُمَا كَانَ أَفْضَلَ ترجمہ ابوعبیدہ سے روایت ہے عبداللہ بن مسعود نے ایک شخص کو
دیکھا پاؤں جوڑے ہوئے کھڑا نماز میں تو کہا اس نے خلاف کیا سنت کے اگر ایک پاؤں کو دوسری پاؤں سے جدا رکھتا تو
بہتر ہوتا (یعنے دو قدم کے بیچ میں کچھ فاصلہ کہتا اور کبھی ایک پاؤں پر زور دیتا دوسری پاؤں کو آرام دیتا پھر اوس پاؤں

پڑھ دیتا اور اوسکو اوس نماز سے بہتر ہوتا عن عبد اللہ بن ابی اوفی ترجمہ عبد اللہ بن ابی اوفی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی قوم کا صدقہ لیکر آتے تو یہ کہتے اللھم صل علیھم اے اللہ اوسکی قوم پر رحمت نازل فرما چنانچہ میرے باپ کا صدقہ لیکر آئے تو آپ نے فرمایا اللھم صل علی ابی اوفی اے اللہ ابی اوفی پر رحمت نازل فرما عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا افتتح الصلوٰۃ ترجمہ ابو ہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تھوڑی دیر چپ رہتے تکبیر تحریمہ اور قرأت کے بیچ میں کیا دعا پڑھتا ہوں عن ابی ھریرۃ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا افتتح الصلوٰۃ سکت ھنیئۃ قلت بابی انت وامی یا رسول اللہ اسکوتک بین التکبیر والقرأۃ ما تقول۔ اللھم باعد بینی وبین خطایای کما باعدت بین المشرق والمغرب اللھم نقنی من خطایای کما ینقی الثوب الابیض من الدنس اللھم اغسلنی من خطایای بالثلج والماء والبرد ترجمہ ابو ہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تھوڑی دیر چپ رہتے میں نے کہا یا رسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر سے قربان ہوں آپ کیا پڑھتے ہیں اس سکتہ میں جو درمیان تکبیر تحریمہ اور قرأت کے ہوتا ہے آپ نے فرمایا میں یہ کہتا ہوں اللھم باعد بینی الخ یعنی اے اللہ جو کو سیدھ کر دیا تو نے مشرق اور مغرب کو اور کر دے جیسی پورب پچھم میں دوری اے اللہ صاف کر دے مجھ کو گناہوں سے جیسے کپڑا صاف ہوتا ہے میل سے یا اللہ میرے گناہ دھو ڈال برف اور پانی اور اولے سے عن ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یسکت بین التکبیر والقرأۃ دوسری حدیث میں تکبیر تحریمہ اور قرأت کے عن جابر بن عبد اللہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا استفتح الصلوٰۃ کبر ثم قال ان صلوتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العالمین لا شریک لہ وبذلک امرت وانا من المسلمین اللھم انت الملک لا الہ الا انت انت ربی وانا عبدک ظلمت نفسی واعترفت بذنبی فاغفر لی ذنوبی جمیعا لا یغفر الذنوب الا انت واھدنی لاحسن الاخلاق لا یھدی لاحسنھا الا انت واصرف عنی سیئھا لا یصرف عنی سیئھا الا انت لبیک وسعدیک والخیر کلہ فی یدیک والشر لیس الیک وانا بک وفیک تبارکت وتعالیت استغفرک واتوب الیک ترجمہ جابر بن عبد اللہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب

ترجمہ ابو ہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک تم میں سے جب کوئی نماز کو کھڑا ہوتا ہے تو شیطان آتا ہے اور اسکی نماز میں شک ڈالتا ہے یہاں تک کہ نہیں جانتا کہ کتنی پڑھیں جب تم میں سے کسی کو ایسا اتفاق ہو تو دو سجدہ کر لیوے بیٹھے بیٹھے عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ہوا بہالتا ہے پھر جب کبیر ہو چکتی ہے تو آجاتا ہے اور آدمی کے دل میں کہکر اور وسوسے ڈالتا ہے یہانتک کہ اوس کو یاد نہیں رہتا میں نے کتنی رکعتیں پڑہیں میں جب تم سے کوئی ایسا دیکھو تو دو سجدہ کرے **مَا يَفْعَلُ مَنْ صَلَّى خَمْسًا** جو شخص پانچ رکعتیں پڑہ لیوے وہ کیا کرے **عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ خَمْسًا فَقِيلَ لَهُ أَزِيدَ فِي الصَّلٰوةِ قَالَ وَمَا ذَاكَ قَالُوا صَلَّيْتَ خَمْسًا فَثَنٰى رِجْلَهُ وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ**

ترجمہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی پانچ رکعتیں پڑہیں لوگوں نے آپ سے عرض کیا کیا نماز زیادہ ہو گئی آپنے فرمایا کیسا لوگوں نے کہا آپنے پانچ رکعتیں پڑہیں آپنے اپنا پانوں موڑا اور دو سجدے کیے **عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ صَلَّى بِهِمُ الظُّهْرَ خَمْسًا فَقَالُوا أَيْ صَلَّيْتَ خَمْسًا فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَ مَا سَلَّمَ وَهُوَ جَالِسٌ** ترجمہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز پڑہائی تو پانچ رکعتیں پڑہ گئی لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ آپنے پانچ رکعتیں پڑہیں آپنے دو سجدے سہو کے سلام کے بعد بیٹھے بیٹھے **عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ صَلّٰى عَلْقَمَةُ خَمْسًا فَقِيلَ لَهُ فَقَالَ مَا صَلَّيْتُ قُلْتُ يَا أَبَا شِبْلٍ بَلٰى قَالَ وَأَنْتَ يَا أَعْوَرُ فَقُلْتُ نَعَمْ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ حَدَّثَنَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ صَلّٰى خَمْسًا فَوَشْوَشَ الْقَوْمُ بَعْضُهُمْ إِلٰى بَعْضٍ فَقَالُوا لَهُ أَزِيدَ فِي الصَّلٰوةِ قَالَ لَا فَاحْبَرُوهُ فَثَنٰى رِجْلَهُ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ أَنْسٰى كَمَا تَنْسَوْنَ** ترجمہ ابراہیم بن سوید سے روایت ہے علقمہ نے (بھولے سے) پانچ رکعتیں پڑہ لیں لوگوں نے اون سے کہا اونہوں نے کہا نہیں میں نے سر سے اشارہ کیا کہ پانچ پڑہیں اونہوں نے کہا اور تو نے بھی اے کانے پانچ پڑہیں میں نے کہا ہاں علقمہ نے دو سجدے کیے پھر حدیث بیان کی عبداللہ بن مسعود سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانچ رکعتیں پڑہیں لوگوں نے گھسپھسر (یعنی آہستہ باتیں کرنا) شروع کی آخر آپسے کہا گیا نماز زیادہ ہو گئی آپنے فرمایا نہیں تب لوگوں نے بیان کیا کہ آپنے پانچ رکعتیں پڑہیں آپنے اپنا پانوں موڑا اور دو سجدے کیے پھر فرمایا میں آدمی ہوں جیسے تم بھولتے ہو میں بھی بھولتا ہوں **عَنِ الشَّعْبِيِّ يَقُولُ سَهَا عَلْقَمَةُ بْنُ قَيْسٍ فِي صَلٰوتِهِ فَذَكَرُوا لَهُ بَعْدَ مَا تَكَلَّمَ فَقَالُوا كَذٰلِكَ يَا أَعْوَرُ قَالَ نَعَمْ فَحَلَّ حَبْوَتَهُ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وَقَالَ هٰكَذَا فَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَسَمِعْتُ أُمَّكُمْ يَقُولُ كَانَ عَلْقَمَةُ صَلّٰى خَمْسًا** ترجمہ شعبی سے روایت ہے علقمہ بن قیس نے نماز میں سہو کیا لوگوں نے اون سے بیان کیا جب وہ باتیں کر چکے تھے اونہوں نے کہا کیا ایسا ہی ہوا اے کانے اوس نے کہا ہاں اونہوں نے اپنا کمر بند کھولا پھر دو سجدے سہو کیے اور کہا ایسا ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا شعبی نے کہا میں نے حکم سے سنا کہ علقمہ نے پانچ رکعتیں پڑہ لیں تہیں **عَنْ إِبْرَاهِيمَ أَنَّ عَلْقَمَةَ صَلّٰى خَمْسًا فَلَمَّا سَلَّمَ قَالَ لَهُ إِبْرَاهِيمُ بْنُ سُوَيْدٍ يَا أَبَا شِبْلٍ صَلَّيْتَ خَمْسًا فَقَالَ كَذٰلِكَ يَا أَعْوَرُ فَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا فَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترجمہ ابراہیم سے روایت ہے علقمہ نے پانچ رکعتیں پڑھیں تو ابراہیم نخعی نے کہا اسی مثل
تم نے پانچ رکعتیں پڑھیں اونہوں نے کہا ہاں اسی کا نے پھر دو سجدہ سہو کئے بعد اس کے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے ایسا ہی کیا عن عبد اللہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلی احدی صلوتی العشی فقیل له او زید
فی الصلوۃ فقال وما ذاک قالوا صلیت کذا کذا فثنی رجلیه واستقبل القبلة فسجد سجدتین ثم اقبل
علینا بوجهه فقال اذا شک احدکم فی صلوته فلم یدر واحدة صلی او اثنتین او ثلثا او اربعا فلیسجد
سجدتین وهو جالس قبل ان یسلم ترجمہ عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر یا عصر کی پانچ رکعتیں پڑھیں
لوگوں نے آپ سے کہا کیا نماز بڑھ گئی آپ نے فرمایا کیسے لوگوں نے کہا آپ نے پانچ رکعتیں پڑھیں آپ نے فرمایا میں بھی آدمی ہوں
بھولتا ہوں جیسے تم بھولتے ہو اور یاد کراتا ہوں جب تم یاد کرتے ہو پھر آپ نے دو سجدے کئے اور داہنے کہنے کی طرف پھر کر
قبلہ کی طرف منہ کیا پھر دو سجدے کئے اور فرمایا جب تم میں سے کسی کو شک ہو اپنی نماز میں کہ کتنی پڑھی ایک یا دو یا تین یا چار
پس چاہیے کہ دو سجدے کرے بیٹھے بیٹھے سلام پھیرنے سے پہلے عن یونس ان معاویة صلی امامهم
فقام فی الصلوۃ وعلیه جلوس فسبح الناس فقام علی قیامه ثم سجد سجدتین وهو جالس بعد ان
اتم الصلوۃ ثم قعد علی المنبر فقال انی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یقول من صلی شیئا
من صلوته فلیسجد مثل هاتین السجدتین ترجمہ یونس سے روایت ہے معاویہ بن ابی سفیان نے نماز پڑھی تیسری رکعت
میں بیٹھے اور کھڑے ہو گئے لوگوں نے کہا سبحان اللہ کہا وہ کھڑے ہی رہے پھر جب نماز پڑھ چکے تو دو سجدے کئے بیٹھے بیٹھے بعد اس کے
منبر پر گئے اور کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ فرماتے تھے جو شخص نماز میں کچھ بھول جاوے تو اسی طرح دو
سجدے کرلیوے الرکعتین فی السجدتی السهو سجدہ سہو میں تکبیر کہنا عن عبد اللہ بن بحینة ان
رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم قام فی اثنتین من الظهر فلم یجلس فلما قضی صلوته سجد سجدتین
کبر فی کل سجدة وهو جالس قبل ان یسلم وسجدهما الناس معه مکان ما نسی من الجلوس ترجمہ
عبد اللہ بن بحینہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی دو رکعتیں پڑھ کر کھڑے ہو گئے اور بیٹھنے کا قصد نہیں کیا
جب آپ نماز پڑھ چکے تو دو سجدے کئے اور ہر سجدے میں تکبیر کہی بیٹھے بیٹھے سلام سے پہلے اور لوگوں نے بھی آپ کے ساتھ وہ دو
سجدے کئے یہ عوض تھے اس قعدے کی جسکو آپ بھول گئے تھے صفة الجلوس فی الرکعة التی یقوم فیها
الصلوۃ اخیر جلسے میں کس طرح بیٹھنا چاہیے عن ابی حمید الساعدی قال کان النبی صلی اللہ علیه وسلم اذا
کان فی الرکعتین اللتین تقضی فیهما الصلوۃ اخر رجله الیسری وقعد علی شقه مفضیا
ثم سلم ترجمہ ابو حمید ساعدی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اخیر کے دو رکعتوں کے بعد جن پر نماز ختم ہوتی ہے
اس طرح بیٹھتے کہ بایاں پاؤں داہنی طرف نکال دیتے اور اپنی ایک سرین پر زور دیکر بیٹھتے پھر سلام پھیرتے عن وائل بن حجر
قال رایت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اذا سجد وضع رکبتیه قبل یدیه واذا رفع رفع یدیه قبل رکبتیه
واذا جلس افتخ رجله الیسری ونصب الیمنی ووضع یده الیسری علی فخذه الایسر وما یلی رکبته

الیمنی علی فخذہ الیمنی وعقد ثنتین الوسطی والابہام واشار ترجمہ وائل بن حجر سے روایت ہے
میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ دونوں ہاتھ اوٹھاتے تھے جب نماز شروع کرتے اور جب رکوع کرتے
اور جب رکوع سے سر اوٹھاتے اور جب بیٹھتے تو بایاں پاؤں بچھا لیتے اور داہنا پاؤں کھڑا رکھتے اور بایاں ہاتھ بائیں ران
پر رکھتے اور داہنا داہنی ران پر رکھتے اور بیچ کی انگلی اور انگوٹھے کا حلقہ باندھ لیتے اور اشارہ کرتے **موضع**
الذراعین دونوں بانہیں کہاں رکھے **عن** وائل بن حجر انہ رای النبی صلی اللہ علیہ وسلم جلس فی
الصلوٰۃ فرش رجلہ الیسری ووضع ذراعیہ علی فخذیہ واشار بالسبابۃ یدعو بہا ترجمہ
وائل بن حجر سے روایت ہے انہوں نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ نماز میں بیٹھے تو بایاں پاؤں بچھایا
اور دونوں ہاتھ رانوں پر رکھے اور کلمہ کی انگلی سے اشارہ کیا دعا مانگتے تھے اوس سے **موضع حذا**
الرجلین دونوں کہنیاں بیٹھنے میں کس طرح رکھے **عن** وائل بن حجر قال قلت لانظرن الی صلوٰۃ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کیف یصلی فقام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاستقبل القبلۃ فرفع یدیہ
حتی حاذتا باذنیہ ثم اخذ شمالہ بیمینہ فلما اراد ان یرکع رفعہما مثل ذلک ووضع یدیہ علی رکبتیہ
فلما رفع راسہ من الرکوع رفعہما مثل ذلک فلما سجد وضع راسہ بذلک المنزل من یدیہ ثم جلس
فافترش رجلہ الیسری ووضع یدہ الیسری علی فخذہ الیسری وحد مرفقہ الایمن علی فخذہ
الیمنی وقبض ثنتین وحلق ورایتہ یقول ہکذا واشار یزید بالسبابۃ من الیمنی وحلق الابہام
والوسطی ترجمہ وائل بن حجر سے روایت ہے میں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کو دیکھوں گا آپ کس طرح نماز پڑھتے
ہیں تو آپ کھڑے ہوئے اور قبلہ کی طرف منہ کیا پھر دونوں ہاتھ اوٹھائے کانوں کے برابر پھر داہنی ہاتھ سے بائیں ہاتھ کو
پکڑا جب رکوع کا قصد کیا تو دونوں ہاتھوں کو اسی طرح اوٹھایا (یعنی کانوں کے برابر) اور دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھے
جب رکوع سے سر اوٹھایا تو دونوں ہاتھ کو اسی طرح اوٹھایا پھر جب سجدہ کیا تو سر کو اسی مقام پر ہاتھ کے رکھا
(یعنی جہاں تک ہاتھ اوٹھایا تھا وہیں تک ہاتھ سجدہ میں سر کے قریب رکھا) پھر بیٹھے تو بائیں پاؤں بچھایا اور بایاں ہاتھ بائیں ران
پر رکھا اور داہنی کہنی کو داہنی ران سے اوٹھا رکھا (یعنی کہنی کو پہلو سے ملا نہیں رکھا بلکہ الگ رکھا) اور دو انگلیوں کو بند
کر لیا (یعنی چھنگلیا کو اور اوس کے پاس والی انگلی کو) اور حلقہ باندھا مطرف بن عبداللہ جو راوی ہے حدیث کا اوس نے کلمے
کی انگلی سے اشارہ کیا داہنی ہاتھ کی اور انگوٹھے اور بیچ کی انگلی کا حلقہ بنایا **موضع الکفین**
دونوں ہتیلیاں بیٹھنے میں کہاں رکھے **عن** علی بن عبدالرحمن یقول صلیت الی جنب ابن عمر فقلبت الحصی فقال
لی ابن عمر لا تقلب الحصی فان تقلیب الحصی من الشیطان وافعل کما رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم یفعل قلت وکیف رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یفعل قال ہکذا ونصب الیمنی

وَاَجْمَعَ الْيُسْرٰى وَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى فَخِذِهِ الْيُمْنٰى وَبَسَطَ الْيُسْرٰى عَلٰى فَخِذِهِ الْيُسْرٰى وَاَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ

ترجمہ علی بن عبدالرحمان سے روایت ہے میں نے عبداللہ بن عمر کی بیچھے نماز پڑھی انکی ہتھیلیوں کو کہنیوں کے پاس اور انگلیوں کو گھٹنوں کے پاس دیکھا عبداللہ بن عمر نے (نماز کے بعد) مجھ سے کہا مت اولٹ کنگریوں کو کیونکہ یہ کام شیطان کی طرف سے ہے (یعنی انوسکا وسوسے) بلکہ ایسا کر جیسے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے دیکھا میں نے کہا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کیسا کرتے دیکھا انہوں نے کہا اس طرح داہنی ہاتھوں کو کھڑا کیا اور بائیں ہاتھوں کو لٹا دیا اور داہنا ہاتھ داہنی ران پر رکھا اور بایاں بائیں ران پر رکھا اور کلمے کی انگلی سے اشارہ کیا قَبَضَ الْاَصَابِعَ مِنَ الْيَدِ الْيُمْنٰى دُوْنَ السَّبَّابَةِ

سوا کلمے کی انگلی کے اور داہنی ہاتھ کی سب انگلیوں کو بند کر لیا عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ رَاَيْتُ ابْنَ عُمَرَ

وَاَنَا اَعْبَثُ بِالْحَصٰى فِي الصَّلٰوةِ فَلَمَّا انْصَرَفَ نَهَانِيْ وَقَالَ اصْنَعْ كَمَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ يَصْنَعُ قُلْتُ وَكَيْفَ كَانَ يَصْنَعُ قَالَ كَانَ اِذَا جَلَسَ فِي الصَّلٰوةِ وَضَعَ كَفَّهُ الْيُمْنٰى عَلٰى فَخِذِهِ

قَبَضَ بِثَلٰثِ اَصَابِعَهُ كُلِّهَا وَاَشَارَ بِاِصْبَعِهِ الَّتِيْ تَلِي الْاِبْهَامَ وَوَضَعَ كَفَّهُ الْيُسْرٰى عَلٰى فَخِذِهِ الْيُسْرٰى

ترجمہ علی بن عبدالرحمان سے روایت ہے مجھکو عبداللہ بن عمر نے دیکھا اور میں کنکریوں سے کھیل رہا تھا نماز میں جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو مجھ کو منع کیا اور کہا ایسا کر جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے میں کہا آپ کسطرح کرتے تھے انہوں نے کہا آپ جب بیٹھتے تھے نماز میں تو داہنی ہتھیلی کو ران پر رکھتے اور سب انگلیوں کو بند کر لیتے اور کلمے کی انگلی سے جو انگوٹھے کے پاس ہے اشارہ کرتے اور بائیں ہاتھ کو بائیں ران پر رکھتے قَبَضَ اِثْنَتَيْنِ وَعَقَدَ الْوُسْطٰى وَاَبْهَامَهُ دو

انگلیوں کو بند کر لیتا اور بیچ کی انگلی اور انگوٹھے کا حلقہ باندھ لیتا عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ قَالَ قُلْتُ لَاَنْظُرَنَّ اِلٰى صَلٰوةِ

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ يُصَلِّيْ فَنَظَرْتُ اِلَيْهِ فَوَصَفَ قَالَ ثُمَّ قَعَدَ وَافْتَرَشَ رِجْلَهُ

الْيُسْرٰى وَوَضَعَ كَفَّهُ الْيُسْرٰى عَلٰى فَخِذِهِ وَرُكْبَتِهِ الْيُسْرٰى وَجَعَلَ حَدَّ مِرْفَقِهِ الْاَيْمَنِ عَلٰى فَخِذِهِ الْيُمْنٰى

ثُمَّ قَبَضَ اِثْنَتَيْنِ مِنْ اَصَابِعِهِ وَحَلَّقَ حَلْقَةً ثُمَّ رَفَعَ اِصْبَعَهُ فَرَاَيْتُهُ يُحَرِّكُهَا يَدْعُوْ بِهَا ترجمہ وائل

بن حجر سے روایت ہے میں نے کہا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کو دیکھونگا (پھر وائل بن حجر نے دیکھا اور بیان کیا تو کہا آپ بیٹھے اور بایاں پاؤں بچھایا اور بائیں ہتھیلی بائیں ران اور گھٹنے پر رکھی اور داہنی ہاتھ کی کہنی داہنی ران کے برابر کی پھر دو انگلیاں بند کر لیں اور ایک حلقہ باندھا پھر اوسکی انگلی اوٹھائی تو میں نے دیکھا آپ اوسکو ہلاتے تھے اور اوس سے دعا کرتے تھے بَسَطَ الْيُسْرٰى عَلَى الرُّكْبَةِ بائیں ہاتھ کو گھٹنے پر رکھنا عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا بَسَطَ فِي الصَّلٰوةِ وَضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ وَرَفَعَ اِصْبَعَهُ الَّتِيْ تَلِي الْاِبْهَامَ

تَدْعُوْ بِهَا وَيَدُهُ الْيُسْرٰى عَلٰى رُكْبَتِهِ بَاسِطُهَا عَلَيْهَا ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم جب نماز میں بیٹھتے تو دونوں ہاتھ اپنے گھٹنوں پر جماتے اور کلمے کی انگلی کو داہنے ہاتھ کی اوٹھاتے اوس سے دعا کرتے

اور بیان انگشت شہادت پر بیٹھے رہتے عن عامر بن عبد اللہ بن الزبیر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یشیر باصبعہ اذا دعا ولا یحرکھا قال ابن جریج وزاد عمرو وقال اخبرنی عامر بن عبد اللہ بن الزبیر عن ابیہ انہ رای النبی صلی اللہ علیہ وسلم یدعو کذلک ویقاصل بیدہ الیسری علی رجلہ الیسری ترجمہ عامر بن عبد اللہ بن زبیر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی انگلی سے اشارہ کرتے جب دعا کرتے لیکن اسکو ہلاتے نہیں دوسری روایت میں عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے یہ ہے اور انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ اسی طرح دعا کرتے تھے اور بیان ہاتھ بائیں پاؤں پر رکھتے تھے **الاشارۃ بالاصبع فی التشہد** شہد میں انگلی سے اشارہ کرنا عن مالک وھو ابن نمیر الخزاعی عن ابیہ قال رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واضعا یدہ الیمنی علی فخذہ الیمنی فی الصلوۃ ویشیر باصبعہ ترجمہ مالک بن نمیر خزاعی سے روایت ہے انہوں نے اپنے باپ سے وہ کہتے تھے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ داہنا ہاتھ داہنی ران پر رکھتے نماز میں اور انگلی سے اشارہ کرتے **النہی عن الاشارۃ بالاصبع** وبایماء بالاصبع یشیر دو انگلیوں سے اشارہ کرنے کی ممانعت اور بیان اس بات کا کہ کس انگلی سے اشارہ کرنا چاہیے عن ابی ھریرۃ ان رجلا کان یذکر باصبعیہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احد احد ترجمہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص دو انگلیوں سے اشارہ کرتا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک ایک انگلی سے کر ایک انگلی سے کر کیونکہ یہ اشارہ ہے توحید کی طرف عن سعد قال مر علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا ادعو باصابعی فقال احد احد واشار بالسبابۃ ترجمہ سعد سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے میں انگلیوں سے دعا کر رہا تھا آپ نے فرمایا ایک انگلی سے دعا کر اور شہادت کی انگلی سے اشارہ کیا **باب استحباب السبابۃ فی الاشارۃ** کلمے کی انگلی کو اشارہ میں جھکانا عن مالک بن نمیر الخزاعی من اھل البصرۃ ان ابا محمد تہ انہ رای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قاعدا فی الصلوۃ واضعا ذراعہ الیمنی علی فخذہ الیمنی رافعا اصبعہ السبابۃ قد لحظ بھا شیئا وھو یدعو ترجمہ مالک بن نمیر خزاعی سے روایت ہے انہوں نے اپنے باپ سے سنا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نماز میں بیٹھے تھے داہنا ہاتھ داہنی ران پر رکھے تھے اور کلمے کی انگلی کو اٹھائے تھے اور کسی قدر جھکائے تھے اور آپ دعا کر رہے تھے **موضع البصر عند الاشارۃ** اشارہ کے وقت نگاہ کہاں رکھنا عن عبد اللہ بن الزبیر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا قعد فی التشہد وضع کفہ الیسری علی فخذہ الیسری واشار بالسبابۃ لا یجاوز بصرہ اشارتہ ترجمہ عبد اللہ بن زبیر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تشہد میں بیٹھتے تو بائیں ہتھیلی بائیں ران پر رکھتے اور داہنی ہاتھ کی کلمے کی انگلی سے اشارہ کرتے اور دیکھتے اپنی نگاہ رکھتے **النہی عن رفع البصر**

إِلَى السَّمَاءِ حِينَ يَدْعُو فِي الصَّلَاةِ جب نماز میں دعا مانگے تو آسمان کیطرف نگاہ نہ اوٹھائے اور عن أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ
رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيَنْتَهِيَنَّ أَقْوَامٌ عَنْ رَفْعِهِمْ أَبْصَارَهُمْ عِنْدَ الدُّعَاءِ فِي الصَّلَاةِ
إِلَى السَّمَاءِ أَوْ لَتُخْطَفَنَّ أَبْصَارُهُمْ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا البتہ بازآنا
چاہیے لوگوں کو نماز میں دعا کرتے وقت آسمان کیطرف دیکھنے سے نہیں تو اللہ انکی نگاہیں اوچکا لیگا (اس لیے کہ بے ادبی ہے) عن
ابن مسعود قال علمني رسول الله صلى الله عليه وسلم التشهد وكفي بين راحتيه كما يعلمني السورة من القرآن التحيات لله
والصلوات والطيبات السلام عليك أيها النبي ورحمة الله وبركاته السلام علينا وعلى عباد الله الصالحين أشهد أن لا إله إلا الله
وأشهد أن محمدا عبده ورسوله ترجمہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تشہد
(یعنی التحیات) مجھ کو سکھلایا جبکہ میری ہتھیلیاں آپکے دونوں ہاتھوں کے بیچ میں تھیں جیسا کہ آپ مجھ کو قرآن کی سورت سکھلاتے تھے
التحیات اللہ والصلوات والطیبات السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین
اشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ ثم لیتخیر بعد من الکلام ما شاء
ترجمہ عبداللہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ خود سلام ہے (یعنی اللہ کا نام سلام ہے) تو تم میں
کوئی تم میں سے (نماز میں) بیٹھے تو کہو التحیات للہ الصلوات آخر تک (ثم لیتخیر احب ما شاء من الثناء فیقول)
تشهد عن أبي موسى الأشعري أن رسول الله صلى الله عليه وسلم خطبنا فعلمنا سنتنا وبين لنا
صلاتنا فقال إذا قمتم إلى الصلوة فأقيموا صفوفكم ثم ليؤمكم أحدكم فإذا كبر فكبروا وإذا قال ولا الضالين فقولوا آمين يجبكم الله ثم إذا كبر وركع فكبروا واركعوا فإن الإمام
يركع قبلكم ويرفع قبلكم قال نبي الله صلى الله عليه وسلم فتلك بتلك وإذا قال سمع الله لمن
حمده فقولوا اللهم ربنا لك الحمد فإن الله قال على لسان نبيه صلى الله عليه وسلم سمع الله لمن حمده

فتراد اکبر ان حمد و کبروا و ان قرا فانصتوا فان الامام ینتظر بعضکم بعضا و یرفع قبلکم قال النبی صلی اللہ
علیہ وسلم و تلک بتلک و اذا کان عند القعدۃ فلیکن من قول احدکم ان یقول التحیات
الطیبات الصلوات للہ السلام علیک ایہا النبی و رحمۃ اللہ و برکاتہ السلام علینا و علی عباد
اللہ الصالحین اشہد ان لا الہ الا اللہ و اشہد ان محمدا عبدہ و رسولہ ترجمہ ابوموسی اشعری سے
روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے پاس خطبہ پڑھا تو ہمکو طریقے سکھلائے اور نماز بتلائی پھر فرمایا جب تم نماز کے لیے
کھڑے ہو تو صفیں درست کرو پھر تم میں سے کوئی امامت کرے جب امام تکبیر کہے تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ ولا الضالین
کہو تم آمین کہو اللہ قبول کریگا پھر جب وہ تکبیر کہے اور رکوع کرے تم بھی تکبیر کہو اور رکوع کرو اس لیے کہ امام تم سے پہلے
رکوع کرتا ہے اور تم سے پہلے سر اوٹھاتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پہر اوہر کی کسر اوہر نکل آویگی اور جب وہ
سمع اللہ لمن حمدہ کہے تم اللہم ربنا ولک الحمد کہو اس لیے کہ اللہ جل جلالہ نے اپنے پیغمبر کی زبان پر فرمایا سنا اللہ نے جو کوئی
اوسکی تعریف کرے پھر جب وہ تکبیر کہے اور سجدہ کرے تم بھی تکبیر کہو اور سجدہ کرو اس لیے کہ امام تم سے پہلے سجدہ کرتا
ہے اور تم سے پہلے سر اوٹھاتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اوہر کی کسر اوہر نکل آویگی اور جب وہ بیٹھے
تو یہ کہو التحیات الطیبات الصلوات السلام علیک ایہا النبی و رحمۃ اللہ و برکاتہ السلام علینا و علی عباد اللہ
الصالحین اشہد ان لا الہ الا اللہ و اشہد ان محمدا عبدہ و رسولہ ف یہ حدیث کئی بار اوپر گزر چکی فوع
احق من التشہد ایک اور طرح کا تشہد عن جابر بن عبد اللہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یعلمنا التشہد کما یعلمنا السورۃ من القرآن بسم اللہ و باللہ التحیات للہ و الصلوات و الطیبات
السلام علیک ایہا النبی و رحمۃ اللہ و برکاتہ السلام علینا و علی عباد اللہ الصالحین اشہد ان
لا الہ الا اللہ و اشہد ان محمدا عبدہ و رسولہ و اسال اللہ الجنۃ و اعوذ باللہ من النار ترجمہ جابر بن عبد اللہ
سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو تشہد اسطرح سکھلاتے تھے جیسے قرآن کی کوئی سورت سکھلاتے بسم اللہ
و باللہ التحیات للہ و الصلوات و الطیبات السلام علیک ایہا النبی و رحمۃ اللہ و برکاتہ السلام علینا و علی عباد اللہ الصالحین
اشہد ان لا الہ الا اللہ و ان محمدا عبدہ و رسولہ و اسال اللہ الجنۃ و اعوذ باللہ من النار امام بخاری نے کہا ہم نہیں جانتے
کسی کو اوس نے متابعت کی جو امین بن نابل کے اس روایت پر اور ہماری تزدیک امین بن نابل میں کوئی عیب نہیں
ہے مگر حدیث خطا ہے اور اللہ سے توفیق مانگتے ہیں ہم ف تقریب میں ہے کہ امین بن نابل سچا ہے مگر اوسکو وہم ہوتا ہے
اور روایت کیا اوس سے بخاری اور ترمذی اور نسائی نے اور غالبا یہ عبارت اسال الجنۃ و اعوذ باللہ من النار تفہیم میں
بڑھانا امین بن نابل کا وہم ہے التسلیم علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر
سلام کرنا عن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان للہ ملائکۃ سیاحین فی الارض

يبلغوني عن نبيكم السلام ترجمہ عبداللہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ جل جلالہ کے فرشتے زمین میں پھرا کرتے ہیں اور میری اُمت کا سلام مجھ کو پہنچاتے ہیں ف جب تم نماز میں السلام علیک ایہا النبی کہتے ہیں اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود درود والوں کا سلام نہیں سنتے **فضل التسليم على النبي صلى الله عليه وسلم** عن ابي طلحة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم جاء ذات يوم والبشر في وجهه قلنا اناس ابشر في وجهك فقال انه اتاني الملك فقال يا محمد ان ربك يقول اما يرضيك انه لا يصلي عليك احد من امتك صلاة الا صليت عليه عشرا ولا يسلم عليك احد الا سلمت عليه عشرا ترجمہ ابوطلحہ سے روایت ہے ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئے آپ کے چہرے پر خوشی تھی ہم نے کہا یا رسول اللہ ہم آپ کے چہرے پر خوشی پاتے ہیں آپ نے فرمایا بیشک میرے پاس فرشتہ آیا اور بولا ای محمد اللہ جل جلالہ فرماتا ہے کیا تم خوش نہیں ہوتے جو تم پر درود بھیجیگا ایک بار میں اور میرے رحمتیں بھیجونگا اور جو تم پر سلام کریگا ایک بار میں اس پر دس بار سلام کرونگا **التشهد والصلوة على النبي صلى الله عليه وسلم في الصلوة** نماز میں اللہ بزرگ بیان کرنا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا **حسن فضالة بن عبيد** يقول سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم رجلا يدعو في الصلوة لم يمجد الله ولم يصل على النبي صلى الله عليه وسلم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم عجل هذا ثم دعاه فقال له ولغيره اذا صلى احدكم فليبدا بتمجيد ربه عز وجل والثناء عليه ثم يصلي على النبي صلى الله عليه وسلم ثم يدعو بما شاء قال ثم صلى رجل اخر بعد ذلك فحمد الله ومجده وصلى على النبي صلى الله عليه وسلم فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم ادع تجب وسل تعط ترجمہ فضالہ بن عبید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو نماز میں دعا کرتے سنا اس نے اللہ کی بزرگی بیان نہ کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجا تب آپ نے فرمایا اے نمازی تو نے جلدی کی بعد اس کے آپ نے لوگوں کو سکھلایا کہ پہلے اللہ جل جلالہ کی بزرگی بیان کیا کرو پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا کرو بعد اس کے دعا کیا کرو تاکہ جلدی قبول ہو پھر آپ نے ایک شخص کو نماز پڑھتے سنا اس نے اللہ کی بزرگی بیان کی اور اسکی تعریف کی پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجی کہہ فرمایا اب تو دعا کر قبول ہوگی اور مانگ ملیگا **الامر بالصلوة على النبي صلى الله عليه وسلم** عن ابي مسعود الانصاري انه قال اتانا رسول الله صلى الله عليه وسلم في مجلس سعد بن عبادة فقال له بشير بن سعد امرنا الله ان نصلي عليك يا رسول الله فكيف نصلي عليك فسكت رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى تمنينا انه لم يسأله قال قولوا اللهم صل على محمد وعلى ال محمد كما صليت على ال ابراهيم وبارك على محمد وعلى ال محمد كما باركت على ال ابراهيم في العالمين انك حميد مجيد والسلام كما قد علمتم ترجمہ

ابو مسعود انصاری سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے سعد بن عبادہ کے مکان میں بشیر بن سعد نے عرض کیا یا رسول اللہ اللہ نے ہم کو حکم کیا آپ پر درود بھیجنے کا اس لیئے کہ فرمایا ہے اللہ ایمان والو درود بھیجو ان پر یہاں تک کہ ہم نے آرزو کی کاش اوس نے نہ پوچھا ہوتا پھر آپ نے فرمایا یوں کہو۔ اللھم صل علے محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراہیم وبارک علے محمد کما بارکت علے ابراہیم فی العالمین انک حمید مجید۔ اور سلام کو تم جان چکے ہو اور تشہد میں السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ **کیفیۃ الصلوٰۃ** علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کیونکر درود بھیجنا چاہیئے **عن** ابی مسعود الانصاری قال قیل للنبی صلی اللہ علیہ وسلم امرنا ان نصلی علیک ونسلم فکیف نصلی علیک قال فقولوا۔ اللھم صل علے محمد کما صلیت علی ابراہیم اللھم بارک علی محمد کما بارکت علی ابراہیم ترجمہ ابو مسعود انصاری سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے صحابہ نے کہا یا رسول اللہ ہم کو حکم ہوا آپ پر درود بھیجنے کا اور سلام بھیجنے کا تو سلام تو ہمکو معلوم ہو چکا لیکن درود کیونکر بھیجیں آپ نے فرمایا کہو اللھم صل علے محمد کما صلیت علی آل ابراہیم اللھم بارک علی محمد کما بارکت علی آل ابراہیم یا اللہ رحمت بھیج اپنے محمد پر جیسی رحمت بھیجی تو نے ابراہیم علیہ السلام کی اولاد پر اور برکت دی محمد کو جیسی برکت دی تو نے ابراہیم علیہ السلام کی اولاد کو **نوع اخر** ایک اور طرح کی درود **عن** کعب بن عجرۃ قال قلنا یا رسول اللہ السلام علیک قد عرفناہ فکیف الصلوٰۃ قال قولوا ترجمہ کعب بن عجرہ سے روایت ہے ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ پر سلام بھیجنا تو ہم معلوم کر چکے لیکن درود کیونکر بھیجیں آپ نے فرمایا کہو اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی آل ابراہیم انک حمید مجید اللھم بارک علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت علی ابراہیم انک حمید مجید ابن ابی لیلیٰ کہا ہم سے ساتھ اسناد اور بڑھاتے ہیں وعلینا معھم امام نسائی نے کہا یہ حدیث اوس نے اپنی کتاب میں سہو بیان کی اور یہ خطا ہے **عن** کعب بن عجرۃ قال قلنا یا رسول اللہ السلام علیک قد عرفناہ فکیف الصلوٰۃ علیک قال قولوا اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم انک حمید مجید وبارک علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت علی ابراہیم انک حمید مجید ترجمہ کعب بن عجرہ سے روایت ہے ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ پر سلام بھیجنا تو ہمیں معلوم ہو چکا لیکن درود کیونکر بھیجیں آپ نے فرمایا اسطرح اللھم صل علے محمد وعلی آل محمد اخیر تک۔ عبد الرحمن نے کہا ہم آتنا اور کہتے ہیں وعلینا معھم امام نسائی نے کہا یہ روایت ٹھیک ہے اور پہلی روایت خطا ہے **عن** ابن ابی لیلیٰ قال قال لی کعب بن عجرۃ الا اھدی لک ھدیۃ قلنا یا رسول اللہ قد عرفنا کیف السلام علیک فکیف نصلی علیک قال قولوا اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراہیم انک حمید مجید اللھم بارک علی محمد وآل محمد کما بارکت علی ابراہیم انک حمید

تشہید ترجمہ ابن ابی لیلیٰ سے روایت ہے کعب بن عجرہ نے مجھ سے کہا کہ میں تجھ کو ایک ہدیہ دوں ہم لوگوں نے عرض کیا
یارسول اللہ ہم سلام کرنا تو پہچان چکے لیکن درود کیونکر بھیجیں آپ پر آپ نے فرمایا کہو اللھم صل علی محمد اخیر تک تو ع حسن
ایک اور طرح کی درود عن طلحۃ قال قلنا یا رسول اللہ کیف الصلوٰۃ علیک قال قولوا اللھم صل علی محمد
وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم وآل ابراھیم انک حمید مجید وبارک علی محمد وعلی آل محمد
کما بارکت علی ابراھیم وآل ابراھیم انک حمید مجید ترجمہ طلحہ سے روایت ہے ہم نے عرض کیا یارسول
اللہ درود کیونکر بھیجیں آپ پر آپ نے فرمایا کہو اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم وآل ابراھیم انک حمید مجید
وبارک علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت علی ابراھیم وآل ابراھیم انک حمید مجید عن طلحۃ ان رجلا اتی النبی صلی اللہ
علیہ وسلم فقال کیف نصلی علیک یا نبی اللہ قال قولوا اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد کما
صلیت علی ابراھیم انک حمید مجید وبارک علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت علی ابراھیم
انک حمید مجید ترجمہ طلحہ سے روایت ہے ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا اور عرض کیا یا نبی اللہ ہم کیونکر
درود بھیجیں آپ پر آپ نے فرمایا کہو اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد اخیر تک عن زید بن خارجۃ قال اتانا رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال صلوا علی واجتھدوا فی الدعاء وقولوا اللھم صل علی محمد وعلی
آل محمد ترجمہ زید بن خارجہ سے روایت ہے ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا آپ نے فرمایا درود بھیجو میرے اوپر
اور کوشش کرو دعا میں اور کہو اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد نوع آخر ایک اور طرح کی درود عن
ابی سعید الخدری قال قلنا یا رسول اللہ ھذا التسلیم علیک قد عرفناہ فکیف الصلوٰۃ علیک قال
قولوا ترجمہ ابوسعید خدری سے روایت ہے ہم نے عرض کیا یارسول اللہ آپ پر سلام کرنا تو ہمیں معلوم ہو چکا اب درود
کیونکر بھیجیں آپ پر آپ نے فرمایا کہو اللھم صل علی محمد عبدک ورسولک کما صلیت علی ابراھیم وبارک
علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت علی ابراھیم نوع آخر ایک اور طرح کی درود عن ابی حمید
الساعدی انھم قالوا یا رسول اللہ کیف نصلی علیک فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قولوا
ترجمہ ابوحمید ساعدی سے روایت ہے صحابہ نے کہا یارسول اللہ ہم کیونکر درود بھیجیں آپ پر آپ نے فرمایا کہو اللھم صل
علی محمد وازواجہ وذریتہ حارث کی روایت میں اتنا زیادہ ہے کما صلیت علی ابراھیم وبارک
علی محمد وازواجہ وذریتہ پھر حارث اور قتیبہ دونوں کی روایت میں ہے کما بارکت علی ابراھیم انک
حمید مجید امام بخاری نے کہا قتیبہ نے مجھ سے یہ حدیث دوبارہ بیان کی شاید دو میں سے ایک سطر رہ گئی اقتضاء
فی الصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم درود بھیجنے کی فضیلت عن ابی طلحۃ ان رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم جاء ذات یوم والبشر یرى فی وجھہ فقال انہ جاءنی جبریل فقال اما یرضیک

یَا مُحَمَّدُ اِنَّهٗ یُصَلِّیْ عَلَیْکَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِکَ اِلَّا صَلَّیْتُ عَلَیْهِ عَشْرًا وَّلَا یُسَلِّمُ عَلَیْکَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِکَ اِلَّا سَلَّمْتُ عَلَیْهِ عَشْرًا ترجمہ ابوطلحہ سے روایت ہے ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئے آپ کے چہرے پر خوشی تھی ہم نے پوچھا آپ کے چہرے پر خوشی کیوں ہے آپنے فرمایا ابھی میرے پاس جبرئیل آئے اور انہوں نے کہا (اللہ جل جلالہ فرماتا ہے) کیا تم راضی نہیں ہوتے اے محمد جو کوئی تمہاری اُمت میں سے تم پر ایک بار درود پڑھیگا میں اُس پر دس بار رحمت بھیجونگا اور جو کوئی تمہاری اُمت میں سے ایک بار تم پر سلام بھیجیگا میں دس بار اور سیر سلامتی بھیجونگا **عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَةً صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ وَحُطَّتْ عَنْهُ عَشْرُ خَطِیْئَاتٍ وَرُفِعَتْ لَهٗ عَشْرُ دَرَجَاتٍ ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی میرے اوپر ایک بار درود بھیجیگا اللہ تعالیٰ اوسپر دس رحمتیں بھیجیگا اور دس گناہ معاف ہونگے اور دس درجے اوس کے بلند ہونگے **تَخْیِیْرُ الدُّعَاءِ** بَعْدَ الصَّلٰوةِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ درود شریف پڑھ کر پھر جو جی چاہے دُعا مانگے نماز میں **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ کُنَّا اِذَا جَلَسْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الصَّلٰوةِ قُلْنَا اَلسَّلَامُ عَلَی اللّٰهِ مِنْ عِبَادِهٖ اَلسَّلَامُ عَلٰی فُلَانٍ وَّفُلَانٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْلُوْا اَلسَّلَامُ عَلَی اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّلَامُ وَلٰکِنْ اِذَا جَلَسَ اَحَدُکُمْ فَلْیَقُلِ التَّحِیَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِیْنَ فَاِنَّکُمْ اِذَا قُلْتُمْ ذٰلِکَ اَصَابَ کُلَّ عَبْدٍ صَالِحٍ فِی السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ لِیَتَخَیَّرْ مِنَ الدُّعَاءِ بَعْدُ اَعْجَبَهٗ اِلَیْهِ فَیَدْعُوْ بِهٖ ترجمہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے ہم جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیٹھتے تھے نماز میں تو کہتے تھے السلام علی اللہ عن عباد اللہ یعنی سلام ہو اللہ پر اللہ کے بندوں کی طرف سے سلام ہو فلانے فلانے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت کہو سلام اللہ پر اس لیے کہ اللہ خود سلام ہے بلکہ جب تم میں سے کوئی بیٹھے تو یوں کہو التحیات للہ والصلوات والطیبات السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین کیونکہ جب ایسا کہیگا تو ہر ایک نیک بندے کو آسمان و زمین میں سلام پہونچ جاویگا اشہد ان لا الہ الا اللہ واشہد ان محمدا عبدہ ورسولہ پھر جو چاہے دعا پسند ہو وہ مانگے **اَلذِّکْرُ بَعْدَ التَّشَهُّدِ** نماز میں تشہد کے بعد کیا پڑھے **عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ جَاءَتْ اُمُّ سُلَیْمٍ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِیْ کَلِمَاتٍ اَدْعُوْ بِهِنَّ فِیْ صَلٰوتِیْ قَالَ سَبِّحِی اللّٰهَ عَشْرًا وَاحْمَدِیْهِ عَشْرًا وَکَبِّرِیْهِ عَشْرًا ثُمَّ سَلِیْ حَاجَتَکِ یَقُلْ نَعَمْ ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے ام سلیم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آئیں اور بولیں یا رسول اللہ مجھے چند کلمے سکھلا دیجیے میں اون کے وسیلے سے دعا کیا کروں نماز میں آپنے فرمایا سبحان اللہ کہو دس بار پھر الحمد للہ کہو دس بار پھر

اللہ الصمد کہہ کر اس کے بعد دعا کرے اور اپنی مطلب سے مانگے وہ فرمایا کہ ایسا ان کی دعا قبول کریگا دنیا یا آخرت میں یا

الدعاء بعد الذکر دعا ماثور کے بیان میں

عن انس رضی اللہ عنہ قال کنت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جالسا ورجل قائم یصلی فلما رکع ودعا وتشہد دعا فقال فی دعائہ اللھم انی اسألک بان لک الحمد لا الہ الا انت المنان بدیع السموات والارض یا ذا الجلال والاکرام یا حی یا قیوم انی اسألک فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لاصحابہ تدرون بما دعا قالوا اللہ ورسولہ اعلم قال والذی نفسی بیدہ لقد دعا اللہ باسمہ العظیم الذی اذا دعی بہ اجاب واذا سئل بہ اعطی ترجمہ انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس بیٹھا تھا اور ایک شخص کھڑا نماز پڑھ رہا تھا جب وہ رکوع اور سجدہ سے اور تشہد سے فارغ ہوا تو دعا مانگنے لگا اور کہنے لگا اللھم انی اسألک بان لک الحمد لا الہ الا انت المنان بدیع السموات والارض یا ذا الجلال والاکرام یا حی یا قیوم انی اسألک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا تم جانتے ہو اس نے کن کلموں سے دعا کی انہوں نے کہا اللہ اور اسکا رسول خوب جانتا ہے آپنے فرمایا قسم اوس ذات کی جسکے ہاتھ میں میری جان ہے اس نے اللہ کو پکارا اوسکے اسم اعظم یعنے بڑے نام سے جب اللہ پکارا جاتا ہے اس نام سے تو قبول کرتا ہے اور جب کوئی مانگتا ہے اوس سے یہ نام لیکر تو دیتا ہے

عن رجل من بنی الاذرع ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دخل المسجد اذا رجل قد قضی صلوتہ وھو یتشہد فقال اللھم انی اسألک یا اللہ بانک الواحد الاحد الصمد الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد ان تغفر لی ذنوبی انک انت الغفور الرحیم فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم قد غفر لہ ثلثا ترجمہ مجزن بن الاذرع سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے ایک شخص نماز پڑھ کر تشہد میں تھا آپنے میں کہتے سنا اللھم انی اسألک یا اللہ بانک الواحد الاحد الصمد الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد ان تغفر لی ذنوبی انک انت الغفور الرحیم آپنے فرمایا تین بار بخشدیا گیا

عن ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ انہ قال لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علمنی دعاء اخصہ بہ فی صلوتی قال قل اللھم انی ظلمت نفسی ظلما کثیرا ولا یغفر الذنوب الا انت فاغفرلی مغفرۃ من عندک وارحمنی انک انت الغفور الرحیم ترجمہ امیر المومنین ابوبکر صدیق سے روایت ہے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا مجھے ایک دعا سکھلائیے جسکو میں نماز پڑھکر دن آپنے فرمایا کہ اللھم انی ظلمت نفسی ظلما کثیرا ولا یغفر الذنوب الا انت فاغفرلی مغفرۃ من عندک وارحمنی انک انت الغفور الرحیم

عن معاذ بن جبل قال اخذ بیدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال انی لاحبک یا معاذ فقلت وانا احبک یا رسول اللہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلا تدع ان تقول فی کل صلوۃ رب اعنی علی ذکرک وشکرک وحسن عبادتک ترجمہ معاذ بن جبل سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا

ہاتھ پکڑا اور فرمایا میں تجھسے محبت رکھتا ہوں اے معاذ میں نے کہا میں آپسے محبت رکھتا ہوں یا رسول اللہ آپ نے
فرمایا تو ہرنماز میں کہا کر رَبِّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ اَنَّ
رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْلُ فِیْ صَلٰوتِہٖ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَ
الْعَزِیْمَۃَ عَلَی الرُّشْدِ وَاَسْاَلُکَ شُکْرَ نِعْمَتِکَ وَحُسْنَ عِبَادَتِکَ وَاَسْاَلُکَ قَلْبًا سَلِیْمًا وَلِسَانًا صَادِقًا
وَاَسْاَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَاسْتَغْفِرُکَ لِمَا تَعْلَمُ ترجمہ شداد بن
سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نماز میں فرماتے اللھم انی اسالک التثبت فی الامر الخیر تک یعنی یا اللہ میں تجھسے
مضبوطی چاہتا ہوں ہر کام میں رہنے استقلال اور صبر اور عزم بالجزم ہدایت پر اور مانگتا ہوں تجھسے شکر تیری نعمت
پر اور خوبی تیری عبادت کے اور چاہتا ہوں تجھسے سلامتی دل کی اور سچائی زبان کی اور مانگتا ہوں تجھسے بہتری ہر چیز کی
جسکو تو جانتا ہے اور پناہ مانگتا ہوں تیری برائی سے ہر چیز کی جسکو تو جانتا ہے اور بخشش چاہتا ہوں تیری اس چیز سے
جسکو تو جانتا ہے (یعنی جو قصور مجھسے سرزد ہوئے ہوں) لَوْعُ الْحُرِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ اَتَانَا
عَمَّارُ بْنُ یَاسِرٍ صَلٰوۃً فَاَوْجَزَ فِیْھَا فَقَالَ لَہٗ بَعْضُ الْقَوْمِ لَقَدْ خَفَّفْتَ اَوْ اَوْجَزْتَ الصَّلٰوۃَ قَالَ اَمَا
عَلَیْھَا ذٰلِکَ فَقَدْ دَعَوْتُ فِیْھَا دَعَوَاتٍ سَمِعْتُھُنَّ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا قَامَ تَبِعَہٗ
رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ ھُوَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ کُنْیَ عَنْ نَفْسِہٖ فَسَاَلَہٗ عَنِ الدَّعَاءِ ثُمَّ جَاءَ فَاَخْبَرَ بِہِ الْقَوْمَ۔ اَللّٰھُمَّ
بِعِلْمِکَ الْغَیْبَ وَقُدْرَتِکَ عَلَی الْخَلْقِ اَحْیِنِیْ مَا عَلِمْتَ الْحَیٰوۃَ خَیْرًا لِّیْ وَتَوَفَّنِیْ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاۃَ خَیْرًا لِّیْ
اَللّٰھُمَّ وَاَسْاَلُکَ خَشْیَتَکَ یَعْنِیْ فِی الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ وَاَسْاَلُکَ کَلِمَۃَ الْحَقِّ فِی الرِّضَاءِ وَالْغَضَبِ وَاَسْاَلُکَ
الْقَصْدَ فِی الْفَقْرِ وَالْغِنٰی وَاَسْاَلُکَ نَعِیْمًا لَّا یَنْفَدُ وَاَسْاَلُکَ قُرَّۃَ عَیْنٍ لَّا یَنْقَطِعُ وَاَسْاَلُکَ الرِّضَاءَ بَعْدَ
الْقَضَاءِ وَاَسْاَلُکَ بَرْدَ الْعَیْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَاَسْاَلُکَ لَذَّۃَ النَّظَرِ اِلٰی وَجْھِکَ وَالشَّوْقَ اِلٰی لِقَائِکَ فِیْ غَیْرِ
ضَرَّاءَ مُضِرَّۃٍ وَّلَا فِتْنَۃٍ مُّضِلَّۃٍ اَللّٰھُمَّ زَیِّنَّا بِزِیْنَۃِ الْاِیْمَانِ وَاجْعَلْنَا ھُدَاۃً مُّھْتَدِیْنَ ایک اور طرح کی تشہد
علاء ابن السائب نے اپنے باپ سے روایت کی کہ عمار بن یاسر رض نے نماز پڑھائی تو مختصر نماز پڑھائی بعضوں نے کہا تم نے نماز ہلکی یا مختصر پڑھی
انہوں نے کہا باوجود اسکے میں نے اوسمیں کئی دعائیں پڑھیں جنکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے جب وہ کھڑے ہوئے
تو ایک شخص اونکے پیچھے گئے (عطاء نے کہا وہ میرے باپ تھے) لیکن انہوں نے اپنا نام پوشیدہ رکھا اور وہ دعائیں ان سے
پوچھی پھر لوٹ کر آئے اور لوگوں کو بتائی وہ دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ بِعِلْمِکَ الْغَیْبَ وَقُدْرَتِکَ عَلَی الْخَلْقِ خیرک یعنی یا اللہ میں
تجھسے دعا کرتا ہوں تیرے علم غیب اور قدرت کے وسیلے سے جو تجھکو مخلوقات پر ہے جلا مجھکو جب تک میرا جینا زندگی تو بہتر جانے
اور مار ڈال مجھکو جب موت میری لیے بہتر جانے یا اللہ میں مانگتا ہوں تیرا ڈر چھپے اور کھلے اور مانگتا ہوں تجھسے حکمت بھری ہوئی سچی
بات کو خوشی اور غصہ میں اور مانگتا ہوں تجھسے میانہ روی درجہ محتاجی اور تونگری میں اور مانگتا ہوں تجھسے اوس نعمت کو جو تمام نہ ہووے

اور اوس آنکھ کی ٹھنڈک کہ جو ختم نہ ہو اور مانگتا ہوں تجھ سے رضامندی تیری فیصلے پر اور مانگتا ہوں تجھ سے راحت اور آسایش بعد موت کے اور مانگتا ہوں تجھ سے لذت تیری منہ کو دیکھنی کو اور شوق تجھ سے ملنی کا اور پناہ مانگتا ہوں تیری اوس مصیبت سے جسپر صبر نہ ہو سکے اور اوس فساد سے جو گمراہ کر دیوے ہم کو ایمان کی آرایش سے اور بنا دے ہم کو راہ دکھلانے والے (گمراہ نہ کر) اور راہ پایے ہوئے عن قیس بن عباد قال صلی عمار بالقوم صلوۃ اخفھا فکانھم انکروھا فقال الم اتم الرکوع والسجود قالوا بلی قال اما انی دعوت فیھا بدعاء کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یدعو بہ اللھم بعلمک الغیب وقدرتک علی الخلق احینی ما علمت الحیوۃ خیرا لی وتوفنی اذا علمت الوفاۃ خیرا لی واسألک خشیتک فی الغیب والشھادۃ وکلمۃ الاخلاص فی الرضا والغضب واسألک نعیما لا ینفد وقرۃ عین لا تنقطع واسألک الرضا بالقضاء وبرد العیش بعد الموت ولذۃ النظر الی وجھک والشوق الی لقائک واعوذ بک من ضراء مضرۃ وفتنۃ مضلۃ اللھم زینا بزینۃ الایمان واجعلنا ھداۃ مھتدین ترجمہ قیس بن عبادہ سے روایت ہے عمار بن یاسر نے لوگون کی ساتھ نماز پڑھائی اور ہلکی پڑھائی تو اونہون نے انکار کیا (اتنی ہلکی پڑھنے پر) ہم عمار نے کہا کیا میں نے رکوع اور سجدہ کو برابر نہین ادا کیا اونہون نے کہا کیون نہین عمار نے کہا میں نے تو نماز مین وہ دعا پڑھی جسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھا کرتے تھے اللھم بعلمک الغیب وقدرتک علی الخلق احینی ما علمت الحیوۃ خیرا لی الخ **التعوذ فی الصلوۃ** نماز مین پناہ مانگنا عن فروۃ بن نوفل قال قلت لعائشۃ ھل کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتعوذ فی شیء من صلوتہ قالت نعم کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اللھم انی اعوذ بک من شر ما عملت ومن شر ما لم اعمل ترجمہ فروہ بن نوفل سے روایت ہے میں نے حضرت عائشہ سے کہا مجھکو وہ دعا بتلاؤ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز مین پڑھا کرتے تھے اونہون نے کہا ہان آپ یہ دعا پڑھتے تھے اللھم انی اعوذ بک من شر ما عملت ومن شر ما لم اعمل یا اللہ مین پناہ مانگتا ہون تیری برائی سے اوس کام کے جو مین نے کیا ہے اور برائی سے اوس کام کے جو مین نے نہین کیا ہے (ایسا نہ ہو کہ کرنے لگون) **نوع آخر** ایک اور طرح کی دعا مانگنا عن عائشۃ قالت سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن عذاب القبر فقال نعم عذاب القبر حق قالت عائشۃ فما رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی صلوۃ بعد الا تعوذ من عذاب القبر ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا قبر کے عذاب کو آپ نے فرمایا قبر کا عذاب سچ ہے حضرت عائشہ نے کہا پھر جو نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی میں قبر کے عذاب سے پناہ مانگی عن عائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یتعوذ فی الصلوۃ اللھم انی اعوذ بک من عذاب القبر واعوذ بک من فتنۃ المسیح الدجال واعوذ بک من فتنۃ المحیا والممات اللھم انی اعوذ بک من المأثم

وَالْمَغْرَمِ فَقَالَ قَائِلٌ مَا أَكْثَرَ مَا تَسْتَعِيذُ مِنَ الْمَغْرَمِ قَالَ إِنَّ الرَّجُلَ إِذَا غَرِمَ حَدَّثَ فَكَذَبَ وَوَعَدَ فَأَخْلَفَ ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں دعا مانگتے تھے اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ اخیر تک یعنی اللہ پناہ مانگتا ہوں میں تیرے قبر کے عذاب سے اور پناہ مانگتا ہوں تیرے دجال کے فساد سے جو کانا ہوگا اور پناہ مانگتا ہوں تیری زندگی اور موت کے فتنے سے یا اللہ پناہ مانگتا ہوں تیری گناہ کے کام سے اور قرضدار سے کسی شخص نے کہا کیا وجہ ہے جو آپ اکثر پناہ مانگتے ہیں قرضداری سے آپ نے فرمایا جب آدمی قرضدار ہوتا ہے تو جھوٹ کہتا ہے اور وعدہ خلافی کرتا ہے دین کو قرض لینا گناہ نہیں ہے مگر ذریعہ ہے گناہ ہونے کا اس لیے اوس سے پناہ مانگنا چاہیے +

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَشَهَّدَ أَحَدُكُمْ فَلْيَتَعَوَّذْ مِنْ أَرْبَعٍ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَفِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ ثُمَّ لِيَدْعُ لِنَفْسِهِ مَا بَدَا لَهُ ترجمہ ابوہریرہ رضی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی تشہد پڑھے تو چاہیے سے پناہ مانگے ایک جہنم کے عذاب سے دوسری قبر کے عذاب سے تیسری زندگی اور موت کے فتنے سے چوتھی دجال کے شر سے پھر دعا کرے اپنے لیے جو مناسب معلوم ہو **ذکر** اخر من الذکر ایک اور طرح کی دعا عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ فِي صَلَاتِهِ بَعْدَ التَّشَهُّدِ أَحْسَنُ الْكَلَامِ كَلَامُ اللَّهِ وَأَحْسَنُ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَثِيرًا ترجمہ جابر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں تشہد کے بعد فرماتے تھے احسن الکلام کلام اللہ واحسن الہدی ہدی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کثیرا **تخفیف الصلوٰۃ** نماز کو گھٹانا عَنْ حُذَيْفَةَ أَنَّهُ رَأَى رَجُلًا يُصَلِّي فَطَفَّفَ فَقَالَ لَهُ حُذَيْفَةُ مُنْذُ كَمْ تُصَلِّي هَذِهِ الصَّلَاةَ قَالَ مُنْذُ أَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ مَا صَلَّيْتَ مُنْذُ أَرْبَعِينَ سَنَةً وَلَوْ مُتَّ وَأَنْتَ تُصَلِّي هَذِهِ الصَّلَاةَ مُتَّ عَلَى غَيْرِ فِطْرَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ إِنَّ الرَّجُلَ لَيُخَفِّفُ وَيُتِمُّ وَيُحْسِنُ ترجمہ حذیفہ رضی نے ایک شخص کو دیکھا جو نماز کو گھٹایا یعنی اوس کے شرائط اور ارکان میں کمی کی، تو پوچھا کتنے دنوں سے تو ایسی نماز پڑھتا ہے اوس نے کہا چالیس برس سے حذیفہ نے کہا تو نے چالیس برس سے نماز نہیں پڑھی اور جو تو مرجاوے گا ایسی نماز پڑھتے ہوئے تو مرجاویگا کسی اور دین پر نہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دین پر پھر کہا کہ نماز کو ہلکا کرتے ہیں لیکن اوس کے شرائط اور ارکان کو پورا اچھی طرح ادا کرتے ہیں **ف** نماز میں ایک تخفیف ہی وہ یہ کہ رکوع اور سجود اور قیام کو اچھی طرح ادا کرے لیکن بجائے لمبے سورتوں کے مختصر سورتیں پڑھی اسمیں کچھ قباحت نہیں، اور ایک تخفیف ہے یعنی رکوع اور سجود اور قیام کو قدر واجب سے کم کرنا اور دونوں سجدوں کے بیچ میں اچھی طرح نہ ٹھہرنا اسی طرح رکوع کے بعد سیدھا کھڑا نہ ہونا یہ چوری ہے نماز میں اور بالکل منع ہے اور مذموم ہے **افضل ما یجزی** بہ الصلوٰۃ نماز کے لیے کم سے کم کیا شرائط ہیں عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى عَنْ عَمِّ لَهُ بَدْرِيٍّ أَنَّهُ حَدَّثَهُ أَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلَّى وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمْقَهُ وَنَحْنُ لَا نَشْعُرُ فَلَمَّا رَفَعَ أَقْبَلَ فَسَلَّمَ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ فَرَجَعَ فَصَلَّى ثُمَّ أَقْبَلَ رَسُولَ اللهِ فَقَالَ ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ وَالَّذِي أَكْرَمَكَ بِالْحَقِّ يَا رَسُولَ اللهِ لَقَدْ جَهِدْتُ فَعَلِّمْنِي فَقَالَ إِذَا قُمْتَ تُرِيدُ الصَّلَاةَ فَتَوَضَّأْ فَأَحْسِنْ وُضُوءَكَ ثُمَّ اسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ فَكَبِّرْ ثُمَّ اقْرَأْ ثُمَّ ارْكَعْ فَاطْمَئِنَّ رَاكِعًا ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَعْتَدِلَ قَائِمًا ثُمَّ اسْجُدْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ قَاعِدًا ثُمَّ اسْجُدْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا ثُمَّ ارْفَعْ ثُمَّ افْعَلْ كَذَلِكَ حَتَّى تَفْرُغَ مِنْ صَلَاتِكَ ترجمہ علی بن حجر سے اور ہمیں نے سنا اپنے باپ سے انہوں اپنے چچا سے جو بدری تھے (یعنی جنگ بدر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک ہوئے) انہوں نے بیان کیا کہ ایک شخص مسجد میں آیا اور اس نے نماز پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو دیکھ رہے تھے لیکن ہم نہیں جانتے تھے جب وہ نماز سے فارغ ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا اور سلام کیا آپ نے فرمایا جا نماز پڑھ تو نے نماز نہیں پڑھی وہ لوٹ گیا اور پھر نماز پڑھی پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا آپ نے فرمایا جا نماز پڑھ تو نے نماز نہیں پڑھی اسی طرح دو یا تین بار فرمایا وہ شخص بولا یا رسول اللہ قسم اس ذات کی جس نے آپکو عزت دی (یعنی اللہ جل جلالہ کی) میں تھک گیا اب مجھے بتلائیے (کیونکر نماز پڑھوں) آپ نے فرمایا جب تو نماز کو کھڑا ہو تو پہلے اچھی طرح وضو کر (یعنی تمام شرائط اور ارکان کا خیال رکھ) پھر قبلے کی طرف منہ کر اور تکبیر کہہ پھر قرآن شریف پڑھ (یعنی سورہ فاتحہ اور کوئی سورہ) پھر رکوع کر اطمینان سے پھر سر اوٹھا یہانتک کہ سیدھا کھڑا ہو جا پھر سجدہ کر اطمینان سے پھر سر اوٹھا یہانتک کہ اطمینان سے بیٹھ پھر سجدہ کر اطمینان سے پھر سر اوٹھا یہانتک کہ اطمینان سے کھڑا ہو جا اسی طرح کیا کر ساری نماز میں ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تعدیل ارکان یعنی سجدہ اور رکوع قیام اور قعود کو اچھی طرح اطمینان سے ادا کرنا نماز میں فرض ہے بغیر اسکی نماز درست نہیں ہوتی دلیل اوسکی یہ ہے کہ آپ نے اوس سے فرمایا جا نماز پڑھ تو نے نماز نہیں پڑھی **حسن**

عَلِيُّ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَلَّادِ بْنِ رَافِعِ بْنِ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ عَمٍّ لَهُ بَدْرِيٍّ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا فِي الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ رَجُلٌ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمْقَهُ فِي صَلَاتِهِ فَرَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ ثُمَّ قَالَ لَهُ ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ فَرَجَعَ فَصَلَّى ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ ثُمَّ قَالَ لَهُ ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ حَتَّى كَانَ عِنْدَ الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ فَقَالَ وَالَّذِي أَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ لَقَدْ جَهِدْتُ وَحَرِصْتُ فَأَرِنِي وَعَلِّمْنِي قَالَ إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تُصَلِّيَ فَتَوَضَّأْ فَأَحْسِنْ وُضُوءَكَ ثُمَّ اسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ فَكَبِّرْ ثُمَّ اقْرَأْ ثُمَّ ارْكَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَعْتَدِلَ قَائِمًا ثُمَّ اسْجُدْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ قَاعِدًا ثُمَّ اسْجُدْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا ثُمَّ ارْفَعْ فَإِذَا أَتْمَمْتَ صَلَاتَكَ عَلَى هَذَا فَقَدْ تَمَّتْ وَمَا انْتَقَصْتَ مِنْ هَذَا فَإِنَّمَا انْتَقَصْتَهُ مِنْ صَلَاتِكَ ترجمہ علی بن یحیی بن خلاد اپنے

ایک انصاری سے روایت ہے انہوں نے سنا اپنے باپ سے انہوں نے سنا اپنے چچا رفاعہ بن رافع سے جو بدری تھے
کہا ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مسجد میں بیٹھا ہوا تھا اتنے میں ایک شخص آیا اور اوس نے دو رکعتیں پڑھیں پھر آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا آپ اوسکو دیکھ رہے تھے جب وہ نماز پڑھ رہا تھا آپ نے سلام کا جواب دیا پھر فرمایا جا اور نماز پڑھ تو نے نماز نہیں پڑھی وہ لوٹ گیا اور نماز پڑھی پھر آیا اور آپ کو سلام کیا آپ نے فرمایا جا نماز پڑھ تو نے نماز نہیں پڑھی جب تیسری یا چوتھی مرتبہ ایسا ہی ہوا تو اوس نے عرض کیا قسم اوس شخص کی جسنے آپ پر کتاب اوتاری میں تھک گیا اور مجھ سے نہیں ہوتا تو آپ بتلا دیجئے اور سکھلا دیجئے آپنے فرمایا جب تو نماز پڑھنے کا قصد کرے تو جیسی طرح وضو کر پھر قبلہ کیطرف منہ کر اور تکبیر کہہ پھر قرآن پڑھ پھر رکوع کر اچھی طرح اطمینان سے پھر سر اوٹھا یہانتک کہ سیدھا کھڑا ہو جا پھر سجدہ کر اور اطمینان سے پھر سر اوٹھا اور اطمینان سے پھر سجدہ کر اطمینان سے پھر سر اوٹھا اگر تو نے اسطرح نماز کو تمام کیا تو تیری نماز پوری ہوئی اور جو تو نے اسمیں سے گھٹایا تو اپنی نماز میں سے گھٹایا **باب السلام**

سلام کا بیان عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ قَالَ قُلْتُ يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ أَنْبِئِينِي عَنْ وِتْرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كُنَّا نُعِدُّ لَهُ سِوَاكَهُ وَطَهُورَهُ فَيَبْعَثُهُ اللَّهُ لِمَا شَاءَ أَنْ يَبْعَثَهُ مِنَ اللَّيْلِ فَيَتَسَوَّكُ وَيَتَوَضَّأُ وَيُصَلِّي تِسْعَ رَكَعَاتٍ لَا يَجْلِسُ فِيهِنَّ إِلَّا عِنْدَ الثَّامِنَةِ فَيَجْلِسُ فَيَذْكُرُ اللَّهَ وَيَدْعُوهُ ثُمَّ يُسَلِّمُ تَسْلِيمًا يُسْمِعُنَا ترجمہ سعد بن ہشام سے روایت ہے میں نے عرض کیا ام المومنین یعنی بی بی صاحبہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وتر بتلا دیں ہم آپ کے لیے مسواک اور وضو کا پانی رکھ دیتے تھے پھر جب اللہ چاہتا آپ کو اوٹھاتا رات کو آپ مسواک کرتے اور وضو کرتے اور آٹھ رکعتیں پڑھتے اور نہ بیٹھتے اون میں مگر آٹھویں رکعت کے بعد بیٹھتے اور اللہ کی یاد کرتے اور دعا کرتے پھر سلام پھیرتے اتنی آواز سے کہ ہم کو سنا دیتا عَنْ سَعْدِ بْنِ إِيَاسٍ وَثَبَتَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ يَسَارِهِ ترجمہ سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم داہنے اور بائیں طرف سلام پھیرتے تھے عَنْ سَعْدٍ قَالَ كُنْتُ أَرَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ يَسَارِهِ حَتَّى يُرَى بَيَاضُ خَدِّهِ ترجمہ سعد سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتے تھے داہنی اور بائیں طرف سے یہانتک کہ آپ کے گال کی سفیدی معلوم ہوتی (یعنی سلام پھیرتے تھے)

باب عَوْفِ بْنِ الْحَارِثِ الْيَدَيْنِ عِنْدَ السَّلَامِ جب سلام پھیرے تو دونوں ہاتھ کہاں رکھے عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كُنَّا إِذَا صَلَّيْنَا خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَا السَّلَامُ عَلَيْكُمْ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَأَشَارَ بِيَدِهِ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ فَقَالَ مَا بَالُ هَؤُلَاءِ الَّذِينَ يَرْمُونَ بِأَيْدِيهِمْ كَأَنَّهَا أَذْنَابُ الْخَيْلِ الشُّمُسِ اسْكُنُوا أَحَدُكُمْ أَنْ يَضَعَ يَدَهُ عَلَى فَخِذِهِ ثُمَّ يُسَلِّمُ عَلَى أَخِيهِ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ ترجمہ جابر بن سمرہ سے روایت ہے ہم جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھتے تھے تو کہتے تھے السلام علیکم السلام علیکم معترض نے کہا وجہ دار ہی اس حدیث کا

کہ ہاتھ سے اشارہ کرتے تھے داہنے اور بائیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا حال ہے ان کو کہ اپنے ہاتھ سے اشارہ کرتے ہیں گویا شریر گھوڑوں کی دمیں ہیں کیا تم میں سے ہر ایک کو یہ کافی نہیں ہے کہ اپنا ہاتھ ران پر رکھے دیوے اور زبان سے کہے بھائی کو داہنے اور بائیں سلام کرے عن عبد اللہ قال اتیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہو یصلی فسلمت علیہ فرد علی وقال اذا سلم احدکم علی اخیہ فلیشر الیہ بیدہ ولیسلم علی نفسہ وعن قتادۃ السلام علیکم ورحمۃ اللہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ حتی یری بیاض خدہ وکانت ابا بکر وعمر یفعلان ذلک ترجمہ عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ کبھی کبھی رکوع جھکتے اور اوٹھتے اور کھڑے ہوتے اور بیٹھتے اور سلام پھیرتے تھے داہنے اور بائیں طرف کہتے تھے السلام علیکم ورحمۃ اللہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ یہاں تک کہ آپ کے رخسار کی سفیدی کی دکھائی دیتی اور کبھی ابوبکر اور عمر کو بھی ایسا ہی کرتے دیکھا عن وابصۃ بن معبد ان اللہ سال عبد اللہ بن عمر عن صلوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال اللہ اکبر کلما وضع اللہ اکبر کلما رفع ثم یقول السلام علیکم ورحمۃ اللہ عن یمینہ السلام علیکم عن یسارہ ترجمہ واسع بن حبان سے روایت ہے انہوں نے عبد اللہ بن عمر سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کو عبد اللہ نے کہا آپ اللہ اکبر کہتے جب جھکتے اور اللہ اکبر کہتے جب اوٹھتے پھر داہنے میں السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے داہنی طرف اور بائیں طرف السلام علیکم عن الشمال بائیں طرف سلام میں کیا کہے عن واسع بن حبان قال قلت لابن عمر اخبرنی عن صلوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیف کانت قال فذکر التکبیر وذکر السلام علیکم ورحمۃ اللہ عن یمینہ السلام علیکم عن یسارہ ترجمہ واسع بن حبان سے روایت ہے میں نے عبد اللہ بن عمر سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز پوچھی کہ کس طرح تھی انہوں نے بیان کیا تکبیر کا اور بیان کیا کہ آپ داہنی طرف فرماتے السلام علیکم ورحمۃ اللہ اور بائیں طرف السلام علیکم عن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال کانی انظر الی بیاض خدہ عن یمینہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وعن یسارہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ ترجمہ عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے انہوں نے کہا گویا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار کی سفیدی کو دیکھ رہا ہوں آپ داہنی طرف فرماتے تھے السلام علیکم ورحمۃ اللہ اور بائیں طرف السلام علیکم ورحمۃ اللہ عن عبد اللہ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یسلم عن یمینہ حتی یری بیاض خدہ وعن یسارہ حتی یری بیاض خدہ ترجمہ عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم داہنی طرف اسطرح سلام پھیرتے تھے کہ آپ کی گال کی سفیدی نظر آتی اور اسطرح بائیں طرف پھیرتے تھے عن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ کان یسلم عن یمینہ وعن یسارہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ حتی یری بیاض خدہ من ہٰھنا من عاتقہ ترجمہ عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم داہنی اور بائیں طرف سلام پھیرتے تھے

اور کہتے تھے السلام علیکم ورحمۃ اللہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ یہاں تک کہ آپ کی گال کی سفیدی ادھر سے اور ادھر سے نظر آتے

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِيْنِهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ حَتّٰى يُرٰى بَيَاضُ خَدِّهِ الْاَيْمَنِ وَعَنْ يَسَارِهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ حَتّٰى يُرٰى بَيَاضُ خَدِّهِ الْاَيْسَرِ ترجمہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم داہنی طرف سلام پھیرتے تھے السلام علیکم ورحمۃ اللہ یہاں تک کہ داہنی رخسار کی سفیدی نظر آتی پھر بائیں طرف سلام پھیرتے السلام علیکم ورحمۃ اللہ یہاں تک کہ بائیں رخسار کی سفیدی نظر آتے **اَلسَّلَامُ بِالْيَدَيْنِ** ہاتھوں سے اشارہ کرنا سلام کیوقت

عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنَّا اِذَا سَلَّمْنَا قُلْنَا بِاَيْدِيْنَا اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ قَالَ فَنَظَرَ اِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا بَالُكُمْ تُشِيْرُوْنَ بِاَيْدِيْكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ اِذَا سَلَّمَ اَحَدُكُمْ فَلْيَلْتَفِتْ اِلٰى صَاحِبِهٖ وَلَا يُوْمِئْ بِيَدِهٖ ترجمہ جابر بن سمرہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی تو ہم جب سلام پھیرتے ہاتھوں کو اٹھاتے اور کہتے السلام علیکم السلام علیکم آپ ہماری طرف دیکھا اور فرمایا کیا حال ہے تمہارا اپنے ہاتھوں سے اشارہ کرتے ہو گویا وہ دمیں ہیں شریر گھوڑوں کی جب تم میں سے کوئی نماز کا سلام کرے تو اپنے پاس والے کیطرف دیکھے لیکن ہاتھ سے اشارہ نہ کرے **سَلَامُ الْمَاْمُوْمِ حِيْنَ يُسَلِّمُ الْاِمَامُ** جب امام سلام کرے اسی وقت مقتدی سلام کرے

عَنْ عِتْبَانَ بْنِ مَالِكٍ يَقُوْلُ كُنْتُ اُصَلِّيْ لِقَوْمِيْ بَنِيْ سَالِمٍ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اِنِّيْ قَدْ اَنْكَرْتُ بَصَرِيْ وَاَنَّ السُّيُوْلَ تَحُوْلُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ مَسْجِدِ قَوْمِيْ فَلَوَدِدْتُ اَنَّكَ جِئْتَ فَصَلَّيْتَ فِيْ بَيْتِيْ مَكَانًا اَتَّخِذُهُ مُصَلًّى قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَفْعَلُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَغَدَا عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ مَعَهُ بَعْدَ مَا اشْتَدَّ النَّهَارُ فَاسْتَاْذَنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَذِنْتُ لَهُ فَلَمْ يَجْلِسْ حَتّٰى قَالَ اَيْنَ تُحِبُّ اَنْ اُصَلِّيَ مِنْ بَيْتِكَ فَاَشَرْتُ لَهُ اِلَى الْمَكَانِ الَّذِيْ اَحْبَبْتُ اَنْ اُصَلِّيَ فِيْهِ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَفَفْنَا خَلْفَهُ ثُمَّ سَلَّمَ وَسَلَّمْنَا حِيْنَ سَلَّمَ ترجمہ عتبان بن مالک سے روایت ہے میں اپنی قوم بنی سالم کی امامت کیا کرتا تھا ایک بار میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ میری بینائی نے مجھے جواب دیا ہے اور راستہ میں میدان نالی مجھکو روکتے ہیں میری قوم کی مسجد میں جانے سے تو میں چاہتا ہوں آپ میرے گھر تشریف لائیے اور کسی جگہ نماز پڑھ دیجئے میں اسکو مسجد بنالوں آپ نے فرمایا انشاء اللہ ایسا کرونگا صبح کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور ابوبکر بھی تھے آپ کے ساتھ تھوڑی دیر گیا تھا آپ اندر آنے کی اجازت چاہی میں نے اجازت دی آپ بیٹھے نہیں اور فرمایا تم کہاں چاہتے ہو اپنے گھر میں کہیں تاکہ نماز پڑھوں میں نے ایک جگہ بتلائی جہاں میں چاہتا تھا آپ کا نماز پڑھنا آپ کھڑے ہوئے ہم نے آپ کے پیچھے صف باندھی رات آپ

نماز ادا کی پھر آپ نے سلام پھیرا اور ہم نے بھی آپ کے ساتھ ہی سلام پھیرا **اَلتَّحِيَّةُ بَعْدَ الْفَرَاغِ مِنَ الصَّلٰوةِ** نماز سے فارغ ہو کر سجدہ کرنا **عَنْ** عائشہ **قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ فِيْمَا بَيْنَ اَنْ يَّفْرُغَ مِنْ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ اِلَى الْفَجْرِ اِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً وَيُسَلِّمُ مِنْ كُلِّ رَكْعَتَيْنِ وَيَسْجُدُ سَجْدَةً قَدْرَ مَا يَقْرَأُ اَحَدُكُمْ خَمْسِيْنَ اٰيَةً قَبْلَ اَنْ يَّرْفَعَ رَاْسَهٗ وَيَقْضِيْ مِنْهُنَّ عَلٰى صَلٰوةِ الْفَجْرِ** ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عشاء سے فراغت کے بعد فجر ہونے تک گیارہ رکعت پڑھتے تھے ان میں سے ایک رکعت وتر کی ہوتی اور سجدہ کرتے جتنی دیر تک تم میں کوئی پچاس آیتیں پڑھ سکے سر اوٹھانے سے پہلے اور تم میں سے ایک سر ہی زیادہ جلدی پڑھ سکتا ہے یہ حدیث مختصر ہے پوری حدیث سے **ف** مراد سجدہ سے یہ ہے کہ ہر ایک سجدہ اس نماز کا اتنا بڑا ہوتا یا ایک سجدہ ان سجدوں میں اتنا بڑا ہوتا مگر مؤلف کے جواب قایم کیا ہے اوس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سجدہ بعد نماز کے ہوتا پر اسکی تصریح دوسری حدیثوں میں نہیں ہے **بَابُ التَّحِيَّةِ بَعْدَ السَّلَامِ وَالْكَلَامِ** سلام پھیرنے اور بات کرنے کے بعد سجدہ سہو کرنا **عَنْ** عبداللہ **اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلَّمَ ثُمَّ تَكَلَّمَ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ ثُمَّ سَلَّمَ** ترجمہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا پھر بات کی بعد اوس کے سہو کے سجدہ کیے پھر سلام پھیرا **وَعَنْ** ابی ہریرہ **اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِي الْمَكْتُوْبَةِ وَهُوَ جَالِسٌ ثُمَّ سَلَّمَ** ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرض کے دو سجدے بیٹھے ہوئے کیے پھر سلام پھیرا **عَنْ** عمران بن حصین **اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى ثَلٰثًا ثُمَّ سَاَلَهٗ فَقَالَ اَيُرْضِيْكَ اَنَّكَ صَلَّيْتَ ثَلٰثًا فَصَلَّى بِهِمُ الرَّكْعَةَ الْبَاقِيَةَ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ ثُمَّ سَلَّمَ** ترجمہ عمران بن حصین سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین رکعتیں پڑھ کر سلام پھیرا خارجہ نے جسکو ذوالیدین کہتے ہیں کہا یا رسول اللہ کیا تین رکعتیں ہیں آپ نے جو رکعت باقی تھی اوسکو پڑھا پھر دو سجدے سہو کے کیے پھر سلام پھیرا **بَابُ الْاِمَامِ يَتَكَلَّمُ بَعْدَ التَّسْلِيْمِ وَهُمْ يَنْصَرِفُوْنَ** سلام پھیرنے کے بعد امام کتنی دیر بیٹھے پھر کب اٹھے **عَنِ** البراء بن عازب **قَالَ وَقَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَلٰوتِهٖ فَوَجَدْتُ فِيْ نَفْسِيْ فَاَتَيْتُ اللّٰهَ بَعْدَ الرَّكْعَةِ فَجَلَسْتُهٗ يَعْنِيْ السَّجْدَتَيْنِ فَجَعَلْتُهٗ فِيْمَا بَيْنَ التَّسْلِيْمِ وَالْكَلَامِ** ترجمہ براء بن عازب سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غور سے دیکھا تو آپ کا کھڑا ہونا نماز میں پھر رکوع کرنا پھر رکوع کر کے کھڑا ہونا پھر سجدہ کرنا پھر سجدہ کر کے بیٹھنا پھر دوسرا سجدہ پھر سلام پھیر کے بیٹھنا سب قریب قریب تہائی رہتی ہے ایک دوسرے کے برابر **عَنْ** ام سلمہ **اَنَّ التَّسْلِيْمَةَ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سُلِّمَ مِنَ الصَّلٰوةِ قَامَ مَنْ صَلَّى مِنَ الرِّجَالِ مَا شَاءَ اللّٰهُ فَاِذَا قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ الرِّجَالُ** ترجمہ ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے

میں عورتیں نماز سے سلام پھیرتی ہی اوٹھ جاتیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہیں بیٹھے رہتے اور مرد بھی سب بیٹھے رہتے جبتک اللہ کو منظور ہوتا پھر جب آپ اوٹھتے تو مرد بھی اوٹھتے ف آپ اس لئے وہیں بیٹھے رہتے کہ عورتیں چلی جاویں اور انہیں اس لیے کہ عورتوں کے ہجوم سے تکلیف نہ ہو **اَلْاِنْحِرَافُ بَعْدَ التَّسْلِیْمِ** سلام پھیرتے ہی اوٹھ جانا

عَنْ یَزِیْدَ بْنِ الْاَسْوَدِ اَنَّهٗ صَلّٰی مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ فَلَمَّا صَلّٰی انْحَرَفَ

ترجمہ یزید بن الاسود سے روایت ہے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ فجر کی نماز پڑھی آپ نماز پڑھ کر اوٹھ گئے ف کیونکہ سلام کے بعد بیٹھنا واجب نہیں ہے **اَلتَّکْبِیْرُ بَعْدَ تَسْلِیْمِ الْاِمَامِ** امام کے سلام پھیرنے کے بعد تکبیر کہنا

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا کُنْتُ اَعْلَمُ انْقِضَاءَ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالتَّکْبِیْرِ

ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے مجھکو جب معلوم ہوتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ چکے جبتک تکبیر سنتی **اَلْاَمْرُ بِقِرَاءَةِ الْمُعَوِّذَاتِ بَعْدَ التَّسْلِیْمِ مِنَ الصَّلٰوةِ** نماز کے بعد معوذات (یعنی قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس) پڑھنا

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ اَمَرَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقْرَاَ الْمُعَوِّذَاتِ دُبُرَ کُلِّ صَلٰوةٍ

ترجمہ عقبہ بن عامر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھکو حکم کیا معوذات پڑھنے کا ہر نماز کے بعد **اَلْاِسْتِغْفَارُ بَعْدَ التَّسْلِیْمِ** سلام کے بعد استغفار پڑھنا

عَنْ ثَوْبَانَ مَوْلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَدَّثَتْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا انْصَرَفَ مِنْ صَلٰوتِهٖ اسْتَغْفَرَ ثَلٰثًا قَالَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَکْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

ترجمہ ثوبان سے روایت ہے جو مولی (آزاد کیے ہوئے غلام) ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز سے فارغ ہوتے تو تین بار استغفار پڑھتے (یعنی استغفر اللہ استغفر اللہ استغفر اللہ) پھر فرماتے اللھم انت السلام ومنک السلام تبارکت یا ذا الجلال والاکرام (یعنی اے اللہ تو سالم ہے ہر برائی اور عیب سے اور تیری طرف سے ہر سلامتی ہے بڑی برکت والا ہے تو اے نزدیکی اور عزت والی)

عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا سَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَکْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سلام پھیرتے تو فرماتے اللھم انت السلام ومنک السلام تبارکت یا ذا الجلال والاکرام **اَلذِّکْرُ بَعْدَ التَّسْلِیْمِ** سلام کے بعد کیا پڑھے

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَیْرِ یَقُوْلُ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَلَّمَ یَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ لَا نَعْبُدُ اِلَّا اِیَّاهُ اَهْلُ النِّعْمَةِ وَالْفَضْلِ وَالثَّنَاءِ الْحَسَنِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ وَلَوْ کَرِهَ الْکَافِرُوْنَ

ترجمہ عبداللہ بن زبیر سے روایت ہے وہ کہتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سلام پھیرتے تو فرماتے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ کوئی سچا معبود نہیں

سوا اللہ جل جلالہ کے اسکا کوئی شریک نہیں ہے اوسی کی سلطنت ہے اور اوسی کے لیے تعریف ہے اور وہ ہر بات پر قادر ہے نہیں طاقت
گناہوں سے اور نہ طاقت ہے عبادت کی مگر اللہ کی مدد سے ہم نہیں پوجتے کسی کو مگر اوسی کو وہی لائق ہے نعمت اور فضل اور اچھی
تعریف کے کوئی سچا معبود نہیں مگر اللہ ہم اوسی کے خالص اطاعت کرتے ہیں اگرچہ برا مانیں کافر **باب التہلیل**
والتکبیر بعد التسلیم سلام کے بعد تہلیل اور ذکر کرنا **عن** ابی الزبیر قال کان عبد اللہ بن الزبیر یہلل
فی دبر الصلوٰۃ یقول لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر
لا الٰہ الا اللہ ولا نعبد الا ایاہ لہ النعمۃ ولہ الفضل ولہ الثناء الحسن لا الٰہ الا اللہ مخلصین
لہ الدین ولو کرہ الکافرون ثم یقول ابن الزبیر کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہلل
بہن فی دبر الصلوٰۃ **ترجمہ** ابو الزبیر سے روایت ہے عبد اللہ بن الزبیر نماز کے بعد لا الٰہ الا اللہ اسطرح کہتے تھے لا الٰہ الا
اللہ وحدہ لا شریک الخ تک اور کہتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسکو کہا کرتے تھے نماز کے بعد **نوع اخر**
من القول حین ینصرف الصلوٰۃ ایک اور دعا نماز کے بعد **عن** وراد کاتب المغیرۃ بن شعبۃ یقول کتب
معاویۃ الی المغیرۃ بن شعبۃ اخبرنی بشیء سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال
کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قضی الصلوٰۃ قال لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ
الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر اللھم لا مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت ولا ینفع
ذا الجد منک الجد **ترجمہ** وراد سے روایت ہے جو منشی تھا مغیرہ بن شعبہ کا کہ معاویہ بن ابی سفیان نے مغیرہ بن شعبہ کو لکھا
مجھ کو بتلاؤ وہ دعا جو تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے انہوں نے کہا آپ جب نماز پڑھ چکتے تو فرماتے لا الٰہ الا اللہ
وحدہ الخ تک بغیر کوئی سچا معبود نہیں ہے سوا اللہ کے وہ اکیلا ہے اوسکا کوئی شریک نہیں اوسی کی سلطنت ہے اور اوسی
کو تعریف زیبا ہے اور وہ ہر چیز پر کہ سکتا ہے یا اللہ جو تو دیوے اوسکا کوئی روکنیوالا نہیں ہے اور جسکو تو روک دیوے اوسکا
کوئی دینے والا نہیں ہے اور تیرے مقابلہ سے مالدار کو اوسکا مال کچھ نہیں بچا سکتا **عن** وراد کتب المغیرۃ الی معاویۃ ان رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول دبر الصلوٰۃ اذا سلم لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک
ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر اللھم لا مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت ولا ینفع ذا الجد منک
الجد **ترجمہ** وراد سے روایت ہے مغیرہ بن شعبہ نے معاویہ بن ابی سفیان کو لکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سلام پھیرتے
نماز کے بعد تو فرماتے لا الٰہ الا اللہ وحدہ الخیر تک **عن** عمرو بن دینار یقول ذلک کتبی بایدیہ دعا پڑھنے کے **عن** وراد
کاتب المغیرۃ ان معاویۃ کتب الی المغیرۃ ان اکتب الی بحدیث سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم فکتب الیہ المغیرۃ انی سمعتہ یقول عند انصرافہ من الصلوٰۃ لا الٰہ الا اللہ وحدہ
لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر ثلث مرات **ترجمہ** وراد سے روایت ہے جو مغیرہ

بن شعبہ کے بتلایا تھا کہ معاویہ نے مغیرہ کو لکھا میرے پاس وہ دعا لکھ بھیجو جو تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو مغیرہ نے اوسکا جواب لکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ نماز پڑھ کر فرماتے تھے لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شئ قدیر تین بار عن عائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا جلس مجلسا او صلی رکعۃ یکلمات فسألتہ عائشۃ عن الکلمات فقالت ان تکلم بخیر کان طابعا علیہن الی یوم القیامۃ وان تکلم بغیر ذلک کان کفارۃ لہ اللھم مغفرتک اسئلک وثوبک الیک ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی مجلس میں بیٹھتے یا نماز پڑھتے تو چند کلمے کہتے حضرت عائشہ نے آپ سے اون کلموں کو پوچھا حضرت عائشہ نے کہا اگر وہ نیک بات کرتا ہے تو یہ کلمے قیامت تک مہر کیطرح اوون پر قائم رہتے ہیں اور جو اور طرح کی باتیں کرے تو اون باتوں کا کفارہ ہو جاتی ہیں وہ کلمات یہ ہیں سبحانک اللھم وبحمدک استغفرک واتوب الیک نوع آخر من الذکر والدعاء بعد التشہد ایک اور طرح کی دعا تشہد اور سلام کے بعد عن عائشۃ رض قالت دخلت علی امرأۃ من الیہود فقالت ان عذاب القبر من البول فتلت کذبت فقالت بلی وہذا النقرض منہ الجلد والثوب فخرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی الصلوٰۃ وقد رفعت اصواتنا فقال ما ھذا فاخبرتہ بما قالت فقال صدقت ثم صلی بعد یخمر صلوٰۃ الا قال فی دبر الصلوٰۃ رب جبرئیل ومیکائیل واسرافیل اعذنی من حر النار وعذاب القبر ترجمہ ام المومنین عائشہ رض سے روایت ہے ایک عورت یہودی میرے پاس آئی اور کہنے لگی کہ عذاب قبر کا پیشاب سے کچھ سبب ہوتا ہے میں نے کہا تو جھوٹ بولتی ہے اوس نے کہا نہیں سچ ہے ہمکو حکم ہے کہ اگر پیشاب کہیں پر ہو میں لگجاوے تو اوسکو کاٹ ڈالیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کو نکلے ہم آواز سے باتیں کر رہے تھے آپ نے فرمایا کیا ہے میں نے بیان کیا جو یہودی عورت نے کہا تھا آپ نے فرمایا وہ سچ کہتی ہے پیشاب سے اپنے کو بچا نماز نہیں ہوتی مگر یہ نماز کے فرمایا کرتے جبرئیل و میکائیل و اسرافیل اعذنی من حر النار وعذاب القبر اے پروردگار جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل علیہم السلام کے بچا مجھکو جہنم کی گرمی اور قبر کے عذاب سے نوع آخر من الذکر والدعاء بعد التشہد ایک اور طرح کی دعا عن مروان ان کعبا حلف لہ باللہ الذی فلق البحر لموسی انا نجد فی التوراۃ ان داود نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا انصرف من صلاتہ قال اللھم اصلح لی دینی الذی جعلتہ لی عصمۃ وأصلح لی دنیای التی جعلت فیہا معاشی اللھم انی اعوذ برضاک من سخطک واعوذ بعفوک من نقمتک واعوذ بک منک لا مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت ولا ینفع ذا الجد منک الجد قال حدثنی کعب ان صہیبا حدثہ ان محمدا صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول من عند انصرافہ من صلوتہ ترجمہ مروان سے روایت ہے کعب نے حلف کیا اوسکے ساتھ قسم اوس اللہ کی جس نے چیرا دریا کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے ہم نے توراۃ میں دیکھا ہے

کہ حضرت داؤد علیہ السلام جب نماز سے فارغ ہوتے تو کہتے اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ جَعَلْتَہٗ لِیْ عِصْمَۃَ اَمْرِیْ یعنی یا اللہ درست کر دے میرا دین میرا جس سے میرا بچاؤ ہے اور درست کر دے دنیا میری جس میں میری روزی ہے یا اللہ میں پناہ مانگتا ہوں تیرے غصے سے تیری خوشنودی کی اور پناہ مانگتا ہوں تیری معافی کی تیرے عذاب سے اور پناہ مانگتا ہوں تیری تجھ سے تیری دی کو کوئی روکنے والا نہیں ہے اور تیرے روکے کو کوئی دینے والا نہیں ہے اور مالدار کو مال تجھ سے کچھ کام نہ دیگا مرد ان کے کہا مجھ سے کعب نے بیان کیا صہیب نے ان سے بیان کیا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز سے فارغ ہوتے تو ان کلمات کو کہتے اَلتَّعَوُّذُ فِیْ دُبُرِ الصَّلٰوۃِ نماز کے بعد پناہ مانگنا عَنْ مُسْلِمِ بْنِ اَبِیْ بَکْرَۃَ اَنَّ اَبَاہُ کَانَ اَبُوْ بَکْرَۃَ یَقُوْلُ فِیْ دُبُرِ کُلِّ صَلٰوۃٍ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ فَکُنْتُ اَقُوْلُھُنَّ فَقَالَ لِیْ عَمَّنْ اَخَذْتَ ھٰذَا قُلْتُ عَنْکَ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْلُھُنَّ فِیْ دُبُرِ الصَّلٰوۃِ مسلم بن ابی بکرہ سے روایت ہے میرے باپ نماز کے بعد کہتے تھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ میں بھی کہنے لگا میرے باپ نے پوچھا تو نے یہ کلمے کہاں سے سیکھے میں نے کہا تم سے سیکھے میں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے بعد کہا کرتے تھے عَدَدُ التَّسْبِیْحِ بَعْدَ التَّسْلِیْمِ سلام کے بعد گنتی تسبیح کی عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَلَّتَانِ اَوْ خَصْلَتَانِ لَا یُحْصِیْھِمَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّۃَ وَھُمَا یَسِیْرٌ وَمَنْ یَعْمَلُ بِھِمَا قَلِیْلٌ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلتَّسْبِیْحُ یُسَبِّحُ اللّٰہَ اَحَدُکُمْ فِیْ دُبُرِ کُلِّ صَلٰوۃٍ عَشْرًا وَیَحْمَدُہٗ عَشْرًا وَیُکَبِّرُہٗ عَشْرًا فَتِلْکَ خَمْسُوْنَ وَمِائَۃٌ عَلَی اللِّسَانِ وَاَلْفٌ وَخَمْسُمِائَۃٍ فِی الْمِیْزَانِ وَاَنَا رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَعْقِدُھُنَّ بِیَدِہٖ وَاِذَا اَوٰی اَحَدُکُمْ اِلٰی فِرَاشِہٖ اَوْ مَضْجَعِہٖ یُسَبِّحُ ثَلٰثًا وَّثَلَاثِیْنَ وَیَحْمَدُ ثَلٰثًا وَّثَلَاثِیْنَ وَیُکَبِّرُ اَرْبَعًا وَّثَلَاثِیْنَ فَھُوَ مِائَۃٌ عَلَی اللِّسَانِ وَاَلْفٌ فِی الْمِیْزَانِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَیُّکُمْ یَعْمَلُ فِیْ یَوْمٍ بِاَلْفَیْنِ وَخَمْسِمِائَۃِ سَیِّئَۃٍ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَکَیْفَ لَا یُحْصِیْھِمَا قَالَ اِنَّ الشَّیْطَانَ یَاْتِیْ اَحَدَکُمْ وَھُوَ فِیْ صَلٰوتِہٖ فَیَقُوْلُ اذْکُرْ کَذَا اُذْکُرْ کَذَا اَیْ یَاْتِیْہِ بِحَدِیْثِ مَا لَمْ یَکُنْ فِیْہِ قتیبہ نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو خصلتیں ہیں جنکو اگر مسلمان اختیار کرے تو جنت میں جاویگا اور وہ آسان ہیں لیکن عمل کرنیوالے اوپر تھوڑے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ نمازیں ہیں تسبیح کرے ہر ایک تم سے ہر نماز کے بعد دس بار (یعنی سبحان اللہ کہے) اور دس بار الحمد للہ کہے اور دس بار اللہ اکبر کہے تو سب ملا کر ڈیڑھ سو کلمے ہوئے زبان پر اور ایک ہزار پانسو ہوئی میزان پر (اس لیے کہ ایک نیکی کے بدلے اللہ عزوجل دس نیکیاں دیتا ہے) میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ اپنی انگلیوں پر ان کلموں کو شمار کرتے اور جب تم میں سے کوئی اپنے بچھونے کو جاوے تو تینتیس بار سبحان اللہ کہے اور تینتیس بار الحمد للہ کہے اور

چونتیس بار اللہ اکبر کہو تو یہ سو کلمے ہوئے زبان پر اور ہزار ہوئے میزان میں (اور یہ اسوہ ملکر ہر روز دو ہزار پانسو ہوئے کیزان میں) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر کون تم میں سے ہر روز دو ہزار پانسو گناہ کر سکتا ہے کیونکہ جب اتنے گناہ ہر روز کرے تب البتہ گناہ اوسکو نیکیوں سے بڑھ سکتے ہیں نہیں تو نیکیاں ہی بڑھتی رہیں گی) لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ان دو خصلتوں کا اختیار کرنا بڑا مشکل کیا ہے آپ نے فرمایا شیطان نماز میں آتا ہے اور کہتا ہے فلاں بات یاد کر فلاں مقدمہ یاد کر (پس بھلا دیتا ہے ان کلموں کا کہنا) اسیطرح سو تو وقت آتا ہے اور سلا دیتا ہے (اور یہ کلمے نہیں کہنے دیتا) **نوع اخر**

عن کعب بن عجرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم معقبات لا یخیب قائلھن او فاعلھن یسبح اللہ فی دبر کل صلوۃ ثلاثا و ثلاثین و یحمدہ ثلاثا و ثلاثین و یکبرہ اربعا و ثلاثین ترجمہ کعب بن عجرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کئی لفظ ہیں نماز کے بعد کہنے کی جنکا کہنے والا نامید اور محروم نہیں ہو سکتا سبحان اللہ تینتیس بار ہر نماز کے بعد اور الحمد للہ تینتیس بار اور اللہ اکبر تینتیس بار **عن زید بن ثابت** قال امرنا ان نسبح اللہ فی دبر کل صلوۃ ثلاثا و ثلاثین و نحمدہ ثلاثا و ثلاثین و نکبرہ اربعا و ثلاثین فاتی رجل من الانصار فقال امرکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان تسبحوا دبر کل صلوۃ ثلاثا و ثلاثین و تحمدوہ ثلاثا و ثلاثین و تکبروہ اربعا و ثلاثین قال نعم قال فاجعلوھا خمسا و عشرین و اجعلوا فیھا التھلیل فلما اصبح اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فذکر ذلک لہ فقال افعلوا کذلک ترجمہ زید بن ثابت سے روایت ہے صحابہ کرام کو حکم ہوا ہر نماز کے بعد ۳۳ بار سبحان اللہ کہنے کا اور ۳۳ بار الحمد للہ کہنے کا اور ۳۴ بار اللہ اکبر کہنے کا ایک شخص انصاری آیا اور بولا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تم کو حکم کیا ہے ہر نماز کے بعد ۳۳ بار سبحان اللہ کہنے کا اور ۳۳ بار الحمد للہ اور ۳۴ بار اللہ اکبر کہنے کا اونہوں نے کہا ہاں اوس شخص نے کہا تو تم پچیس پچیس بار ہر ایک کلمے کو کھو اور ۲۵ بار لا الہ الا اللہ کہو صبح کو اونہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا آپ نے فرمایا اچھا ایسا ہی کرو **عن** ابن عمر ان رجلا رای فیما یری النائم قیل لہ ما اتی شیء امر بہ نبیکم صلی اللہ علیہ وسلم قال امرنا ان نسبح ثلاثا و ثلاثین و نحمد ثلاثا و ثلاثین و نکبر اربعا و ثلاثین فتلک مائۃ قال سبحوا خمسا و عشرین و احمدوا خمسا و عشرین و کبروا خمسا و عشرین و ھللوا خمسا و عشرین فتلک مائۃ فلما اصبح ذکر ذلک للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افعلوا کما قال الانصاری ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے ایک شخص نے خواب میں دیکھا اوس سے کسی نے پوچھا تم کو تمہارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا حکم کیا ہے اونہوں نے کہا ہم کو حکم کیا ہے ۳۳ بار سبحان اللہ اور ۳۳ بار الحمد للہ اور ۳۴ بار اللہ اکبر کہنے کا سب سے بار ہوئے اوس نے کہا ۲۵ بار سبحان اللہ کہو اور ۲۵ بار الحمد للہ کہو اور ۲۵ بار اللہ اکبر کہو اور ۲۵ بار لا الہ الا اللہ کہو صبح کو اوس نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ خواب بیان کیا آپ نے صحابہ سے فرمایا ایسا ہی کرو جیسا انصاری نے

بیان کیا معلوم ہوا دعا جواب پہنچتا ہے اور اللہ جل جلالہ کی طرف سے تعلیم تھی) **نوع اخر من عدد التسبیح** ایک اور طرح کی تسبیح **عن جویریۃ بنت الحارث** ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم مر علیہا وھی فی المسجد تذکر اللہ فمر بہا قریبا من نصف النہار فقال لہا ما زلت علی حالک قالت نعم قال لقد قلت بعدک کلمات ثلاث لو وزنت بما قلت منذ الیوم لوزنتہن سبحان اللہ عدد خلقہ سبحان اللہ عدد خلقہ سبحان اللہ عدد خلقہ سبحان اللہ رضی نفسہ سبحان اللہ رضی نفسہ سبحان اللہ رضی نفسہ سبحان اللہ زنۃ عرشہ سبحان اللہ زنۃ عرشہ سبحان اللہ زنۃ عرشہ سبحان اللہ مداد کلماتہ سبحان اللہ مداد کلماتہ سبحان اللہ مداد کلماتہ ترجمہ جویریہ بنت حارث سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اون پر صبح گزری دیکھا تو وہ مسجد میں بیٹھی ہوئے دعا کرتے ہیں پھر دوپہر کو ادھر گئے اون سے فرمایا کیا تم اب تک اوسی حال میں ہو اونہوں نے کہا ہاں اوسنے فرمایا میں تم کو چند کلمے بتاتا ہوں اون کو کہا کرو سبحان اللہ عدد خلقہ ۳ بار سبحان اللہ رضی نفسہ تین بار سبحان اللہ زنۃ عرشہ تین بار سبحان اللہ مداد کلماتہ تین بار **عن ابن عباس** قال جاء الفقراء الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالوا یا رسول اللہ ان الاغنیاء یصلون کما نصلی ویصومون کما نصوم ولہم اموال یتصدقون بہا ویعتقون قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا صلیتم فقولوا سبحان اللہ ثلثا وثلثین والحمد للہ ثلثا وثلثین واللہ اکبر ثلثا وثلثین ولا الہ الا اللہ عشرا فانکم تدرکون بذلک من سبقکم وتسبقون من بعدکم ترجمہ عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے فقیر محتاج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آئے اور عرض کیا یا رسول اللہ مالدار لوگ ہماری طرح نماز پڑھتے ہیں اور ہماری طرح روزہ رکھتے ہیں پھر اونکے پاس مال ہے اوس کو صدقہ دیتے ہیں اور اوس سے بردے خرید کر آزاد کرتے ہیں ہم کسطرح اونکی برابری کریں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نماز کے بعد سبحان اللہ ۳۳ بار اور الحمد للہ ۳۳ بار اور اللہ اکبر ۳۴ بار اور لا الہ الا اللہ دس بار کہا کرو تم برابر ہو جاؤ گے اون لوگوں سے جو تم سے آگے ہیں (درجوں میں) اور بڑھ جاؤ گے اون سے جو تمہاری بعد ہیں **نوع اخر** ایک اور طرح کی تسبیح **عن ابی ہریرۃ** قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من سبح فی دبر صلوۃ الغداۃ مائۃ تسبیحۃ وحلل مائۃ تحلیلۃ غفرت ذنوبہ ولو کانت مثل زبد البحر ترجمہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص فجر کی نماز کے بعد سو بار سبحان اللہ کہے اور سو بار لا الہ الا اللہ کہے اوس کے گناہ بخشدیے جاوینگے اگرچہ سمندر کے پھین کے برابر ہوں **عقد التسبیح** تسبیح کا شمار کرنا **عن عبد اللہ بن عمرو** قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعقد التسبیح ترجمہ عبد اللہ بن عمرو سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسبیح گنتے دیکھا (انگلیوں پر) **ترک مسبحۃ الجنازۃ بعد التسلیم** سلام کے بعد جنازہ پڑھنا **عن ابی حثمۃ** الخزاعی قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجاوز فی العشر الذی فی وسط

الشهر فاذا كان من حين تمضي عشرون ليلة ويستقبل احدا وعشرين رجع الى مسكنه ويرجع من كان يجاور معه ثم انه اقام في شهر جاور فيه تلك الليلة التي كان يرجع فيها فخطب الناس فامرهم بما شاء الله ثم قال اني كنت اجاور هذه العشر ثم بدا لي ان اجاور هذه العشر الاواخر فمن كان اعتكف معي فليثبت في معتكفه وقد رايت هذه الليلة فانسيتها فالتمسوها في العشر الاواخر في كل وتر وقد رايتني اسجد في ماء وطين قال ابو سعيد فمطرنا ليلة احدى وعشرين فوكف المسجد في مصلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فنظرت اليه وقد انصرف من صلوة الصبح ووجهه مبتلا من ماء وطين ترجمہ ابو سعید خدری سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف کیا کرتے تھے رمضان کے بیچ میں دہے میں جب بیسویں رات گذر جاتی ہوتی اور اکیسویں رات آتی تو آپ گھر میں چلے آتے اور جو لوگ آپکے ساتھ اعتکاف کرتے وہ بھی اپنے گھروں کو لوٹ جاتے پھر ایک مہینہ میں آپ جسرات کو لوٹ آتے ٹھہرتے ہے اور لوگوں کو خطبہ سنایا اور جو اللہ کو منظور رہتا اوس کا لوگوں کو حکم دیا پھر فرمایا میں اعتکاف کیا کرتا تھا اس دہے میں اب مجھے بہتر معلوم ہوا اخیر دہے میں اعتکاف کرنا تو جس شخص نے میرے ساتھ اعتکاف کیا ہے وہ اپنی جگہ میں جما رہے اور میں نے اس رات کو لیلۃ القدر کو دیکھا پھر میں بھول گیا اب تم اوس کو اخیر دہے میں ڈھونڈھو ہر طاق رات میں اور میں نے دیکھا کہ اوس رات کو میں سجدہ کرتا ہوں کیچڑ پانی میں۔ ابو سعید نے کہا اکیسویں رات کو پانی برسا اور جہاں پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں نماز پڑھا کرتے تھے وہیں پانی ٹپکا میں نے آپکو دیکھا آپ صبح کی نماز پڑھ چکے تھے اور آپکا منہ تر تھا پانی اور مٹی سے تو آپ نے اپنے منہ کو نہ پونچھا اور یہی مقصود ہے اس باب میں **باب** قعود الامام في مصلاه بعد التسليم سلام کے بعد امام کا بیٹھنا جہاں پر نماز پڑھی ہے **عن** جابر بن سمرة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا صلى الفجر قعد في مصلاه حتى تطلع الشمس ترجمہ جابر بن سمرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب فجر کی نماز پڑھتے تو نماز کی جگہ پر بیٹھے رہتے آفتاب نکلنے تک **عن** سماك بن حرب قال قلت لجابر بن سمرة كنت تجالس رسول الله صلى الله عليه وسلم قال نعم كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا صلى الفجر جلس في مصلاه حتى تطلع الشمس فيتحدث اصحابه يذكرون حديث الجاهلية ويضحكون من الشعر ويتبسم ترجمہ سماک بن حرب سے روایت ہے میں نے جابر بن سمرہ سے کہا تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس بیٹھا کرتے ہو اونہوں نے کہا ہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب فجر کی نماز پڑھتے تو اوسی جگہ بیٹھے رہتے آفتاب نکلنے تک پھر انکے اصحاب سے باتیں کرتے وہ جاہلیت کے زمانے میں کی کرتے اور شعر پڑھتے اور ہنستے اور آپ تبسم فرماتے **باب** الانصراف من الصلوة نماز سے فارغ ہو کر کسطرف جانا **عن** السري قال سألت انس بن مالك كيف انصرف اذا صليت معه او عن يسارك قال اما انا فاكثر ما رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم ينصرف عن ميمنته ترجمہ سری سے روایت ہے میں نے انس بن مالک سے پوچھا جب میں نماز پڑھ چکوں تو کہ کسطرف

اوٹھ کر چلوں اپنی طرف یا اُنکی طرف اونہوں نے کہا میں نے تو اکثر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو داہنی طرف جاتے دیکھا ہے

عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لَا يَجْعَلَنَّ اَحَدُكُمْ لِلشَّيْطَانِ مِنْ نَفْسِهٖ جُزْءًا اَيْ بَرِّى اَنْ حَتْمًا عَلَيْهِ اَنْ لَا يَنْصَرِفَ اِلَّا عَنْ يَمِيْنِهٖ لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرَ اِنْصِرَافِهٖ عَنْ يَسَارِهٖ ترجمہ اسود سے روایت ہے عبداللہ بن مسعود نے کہا کوئی تم میں سے اپنے اوپر شیطان کا ایک حصہ نہ لگاوے (یعنی جو بات شرع میں ضروری نہیں اسکو ضرور کر لیوے) یہ سمجھے کہ جب نماز سے فارغ ہو تو داہنی طرف اوٹھ کر چلی حالانکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے اکثر آپ بائیں طرف اوٹھ کر جاتی عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْرَبُ قَائِمًا وَقَاعِدًا وَيُصَلِّيْ حَافِيًا وَمُنْتَعِلًا وَيَنْصَرِفُ عَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا پانی پیتے ہوئے کھڑے اور بیٹھے اور نماز پڑھتے ہوئے جوتے سمیت اور ننگے پاؤں اور نماز کے بعد داہنی اور بائیں طرف اوٹھتے ہوئے پس معلوم ہوا کہ بسبب باتیں دست ہیں اب اگر کوئی ان میں سے کسی بات کو لازم یا ضرور جانے مثلاً نماز سے اگر ضرور جانے تو یہ شیطان کی تقلید ہے

بَابُ الْوَقْتِ الَّذِيْ يَنْصَرِفُ فِيْهِ النِّسَاءُ مِنَ الصَّلٰوةِ عورتیں نماز سے کس وقت فارغ ہو جاویں

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النِّسَاءُ يُصَلِّيْنَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفَجْرَ فَكَانَ اِذَا سَلَّمَ انْصَرَفَ مِنْ مُتَلَفِّعَاتٍ بِمُرُوْطِهِنَّ فَلَا يُعْرَفْنَ مِنَ الْغَلَسِ ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے عورتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ فجر کی نماز پڑھتیں پھر آپ جب سلام پھیرتے تو لوٹ کر چلی جاتیں چادریں لپیٹے ہوئے پہچانی نہ جاتیں اندھیری سے معلوم ہوا عورتوں کو چاہیے کہ امام کے سلام پھیرتے ہی چلی جاویں تاکہ مردوں کے ہجوم کی وجہ سے اونکو تکلیف نہ ہو

بَابُ النَّهْيِ عَنْ مُبَادَرَةِ الْاِمَامِ بِالْاِنْصِرَافِ مِنَ الصَّلٰوةِ امام سے جلدی کرنا اوٹھنے میں منع ہے

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ اِمَامُكُمْ فَلَا تُبَادِرُوْنِيْ بِالرُّكُوْعِ وَلَا بِالسُّجُوْدِ وَلَا بِالْقِيَامِ وَلَا بِالْاِنْصِرَافِ فَاِنِّيْ اَرَاكُمْ مِنْ اَمَامِيْ وَمِنْ خَلْفِيْ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْ رَاَيْتُمْ مَا رَاَيْتُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا فَلَمَّا مَا رَاَيْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ رَاَيْتُ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز نماز پڑھائی پھر ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا میں تمہارا امام ہوں تو مت جلدی کرو مجھ سے رکوع اور سجدہ اور قیام میں اور نماز سے فارغ ہو کر اوٹھنے میں کیونکہ میں تم کو آگے اور پیچھے سے دیکھتا ہوں پھر فرمایا قسم اوس شخص کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر تم دیکھو جو میں نے دیکھا تو بہت کم ہنسو اور رو بہت ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ نے کیا دیکھا آپنے فرمایا میں نے بہشت اور دوزخ کو دیکھا

بَابُ مَنْ رَاٰى اَنْ لَّا يَنْصَرِفَ مَعَ الْاِمَامِ حَتّٰى يَنْصَرِفَ جو شخص امام کے ساتھ نماز میں شریک رہے اوسکو اوٹھنے تک تو کتنا ثواب پاویگا

عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ صُمْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَضَانَ فَلَمْ يَقُمْ بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَقِيَ سَبْعٌ مِنَ الشَّهْرِ فَقَامَ بِنَا حَتّٰى ذَهَبَ ثُلُثُ

اللَّيْلِ ثُمَّ كَانَتْ سَادِسَةٌ فَلَمْ يَقُمْ بِنَا فَلَمَّا كَانَتِ الْخَامِسَةُ قَامَ بِنَا حَتَّى ذَهَبَ شَطْرُ مِنَ اللَّيْلِ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ
اللَّهِ لَوْ نَفَّلْتَنَا قِيَامَ هَذِهِ اللَّيْلَةِ قَالَ إِنَّ الرَّجُلَ إِذَا صَلَّى مَعَ الْإِمَامِ حَتَّى يَنْصَرِفَ حُسِبَ لَهُ قِيَامُ لَيْلَةٍ
ثُمَّ كَانَتِ الرَّابِعَةُ فَلَمْ يَقُمْ بِنَا فَلَمَّا بَقِيَ ثَلَاثٌ مِنَ الشَّهْرِ أَرْسَلَ إِلَى بَنَاتِهِ وَنِسَائِهِ وَحَشَدَ النَّاسُ فَقَامَ
بِنَا حَتَّى خَشِينَا أَنْ تَفُوتَنَا الْفَلَاحُ ثُمَّ لَمْ يَقُمْ بِنَا شَيْئًا مِنَ الشَّهْرِ قَالَ دَاوُدُ قُلْتُ مَا الْفَلَاحُ قَالَ
السُّحُورُ ترجمہ ابوذر سے روایت ہے ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رمضان کا روزہ رکھا آپ نے تراویح نہیں پڑھی یہانتک کہ سات راتیں رہ گئیں اوسوقت آپ کھڑے ہوئے تہائی رات تک پھر چھبیسویں کو نہیں کھڑے ہوئے پھر پچیسویں رات کو کھڑے ہوئے آدھی رات تک ہم نے عرض کیا یارسول اللہ کاش آپ زیادہ کھڑے ہوتے آپنے فرمایا جب آدمی امام کے ساتھ نماز پڑھی اوس کے فارغ ہونے تک تو اوسکو ساری رات کھڑے رہنے کا ثواب ملیگا پھر چھبیسویں رات کو آپ نہیں کھڑے ہوئے پھر جب تین راتیں رہ گئیں یعنی ستائیسویں شب کو ہمکو بلا بھیجا آپنے اپنی بیبیوں اور عورتوں اور تمام لوگوں کی جماعتوں کو اور کھڑے ہوئے آپ یہانتک کہ ڈر ہوئے ہم فلاح کے جاتا رہنے سے پھر باقی راتوں میں آپ کھڑے نہیں ہوئے داؤد بن ابی ہند نے کہا جو راوی ہے اس حدیث کا میں نے ولید سے پوچھا فلاح کیا ہے انہوں نے کہا سحری

باب الرخصة للإمام في تخطي رقاب الناس امام کو لوگونکی گردنیں پھاندکر جانا درست ہے

عن عقبة بن الحارث قال صليت مع النبي صلى الله عليه وسلم العصر بالمدينة ثم انصرف يتخطى رقاب
الناس سريعا حتى تعجب الناس لسرعته فتبعه بعض أصحابه فدخل على بعض أزواجه ثم خرج ورآهم
أنه ذكر شيئا وأنا في العصي شيئا من تبر كان عندنا فكرهت أن يبيت عندنا فأمرت بقسمته

ترجمہ عقبہ بن حارث سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عصر کی نماز پڑھی مدینہ میں آپ نماز سے فارغ ہوکر چلے لوگونکی گردنیں پھاندتے ہوئے جلدی سے یہانتک کہ لوگون نے تعجب کیا آپ کی جلدی پر آپ کے ساتھ بعض صحابہ بھی ہولیے آپ اپنی ایک بی بی کے پاس تشریف لیگئے پھر نکلے اور فرمایا مجھے عصر کی نماز میں خیال آیا ایک ڈلی کا رہ سونے کا تھا یا چاندی کا تو میں نے بُرا سمجھا رات کو اوسکا رہنا اپنے پاس اسلیے میں نے حکم کیا اوسکو بانٹنے کا **ف** امام کے سوا اور لوگون کو یہ حکم ہے کہ وہ جب مسجد میں آویں تو جہان جگہ پاویں بیٹھ جاویں لوگون کی گردنیں پھاندکر خواہ مخواہ آگے جانا منع ہے لیکن امام کو اجازت ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دنیا سے ذرا بھی رغبت نہ تھی بلکہ بڑی نفرت تھی آپنے ایک رات بھی اوس ڈلی کا اپنے پاس رہنا گوارا نہ کیا اور فی الفور محتاجون کو تقسیم کر دیا یہ اخلاق پیغمبرون کے سوا اور لوگون میں بہت کم ہوتے ہیں **باب إذا قيل للرجل هل صليت هل يقول** کا جب کسی شخص سے پوچھا جاوے تو نماز پڑھ چکا وہ کہہ سکتا ہے میں نے نہیں پڑھی **عن جابر** بن عبد الله أن عمر بن الخطاب يوم
الخندق بعد ما غربت الشمس جعل يسب كفار قريش قال يا رسول الله صلى الله عليه وسلم ما كدت

اَنْ اُصَلِّيَ عَصْرًا كَادَتِ الشَّمْسُ تَغْرُبُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ مَا صَلَّيْتُهَا فَقُمْنَا مَعَهُ
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى بُطْحَانَ فَتَوَضَّأَ لِلصَّلٰوةِ وَتَوَضَّأْنَا فَصَلّٰى الْعَصْرَ بَعْدَ مَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ
ثُمَّ صَلّٰى بَعْدَهَا الْمَغْرِبَ ترجمہ جابر بن عبداللہ سے روایت ہے حضرت عمرؓ نے جنگ خندق کے روز جب آفتاب ڈوب گیا
کافروں کو برا کہنا شروع کیا اور کہا یا رسول اللہ میں نماز نہ پڑھ سکا یہانتک کہ آفتاب ڈوبنے کو تھا آپنے فرمایا قسم خدا کی میں نے
تو اب تک نہیں پڑھی پھر ہم اوتھے آپکے ساتھ بطحان میں اور وضو کیا آپنے نماز کے لیے ہم نے بھی وضو کیا پھر آپ نے
عصر کی نماز پڑھی آفتاب ڈوبنے کے بعد پھر مغرب کی نماز پڑھی اخر کتاب التشہد والسلام والتسہو تمام ہوئی کتاب

شہد اور سلام اور سہو کی کتاب الجمعۃ

کتاب جمعہ کے بیان میں

ایجاب الجمعۃ جمعہ کا واجب ہونا عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
نَحْنُ الْاٰخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ بَيْدَ اَنَّهُمْ اُوْتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِنَا وَاُوْتِيْنَاهُ مِنْ بَعْدِهِمْ وَهٰذَا الْيَوْمُ الَّذِيْ
كَتَبَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْهِمْ فَاخْتَلَفُوْا فِيْهِ فَهَدَانَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ يَعْنِيْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَالنَّاسُ فِيْهِ
تَبَعٌ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم پیچھے آئے ہیں دنیا میں لیکن پہلے ہونگے قیامت میں
(یہود اور نصاریٰ سے درجہ اور مرتبہ میں) صرف اتنی بات ہے کہ انکو ہم سے پہلے کتاب ملی اور ہم کو بعد میں یہ وہ دن ہے (یعنی
جمعہ کا دن) کہ اللہ تعالیٰ نے اوسدن انپر عبادت فرض کی تھی مگر وہنوں نے اختلاف کیا اور ہمیں یہود نے ہفتے کا دن
تجویز کیا اور نصاریٰ نے اتوار کا) اور اللہ نے ہم کو ہدایت کردی اس دن کی اور لوگ تابع ہیں ہمارے (اس لیے کہ جمعہ ابتدا کی تخلیق
کا روز ہے) **اليهود غدا** وَالنَّصَارٰى بَعْدَ غَدٍ یہود ایک دن ہمارے بعد ہیں اور نصاریٰ ہمارے دو دن بعد ہیں
عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَضَلَّ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنِ الْجُمُعَةِ مَنْ كَانَ قَبْلَنَا
فَكَانَ لِلْيَهُوْدِ يَوْمُ السَّبْتِ وَكَانَ لِلنَّصَارٰى يَوْمُ الْاَحَدِ فَجَاءَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِنَا فَهَدَانَا لِيَوْمِ الْجُمُعَةِ فَجَعَلَ
الْجُمُعَةَ وَالسَّبْتَ وَالْاَحَدَ وَكَذٰلِكَ هُمْ تَبَعٌ لَنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ نَحْنُ الْاٰخِرُوْنَ مِنْ اَهْلِ الدُّنْيَا وَالْاَوَّلُوْنَ
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الْمَقْضِيُّ لَهُمْ قَبْلَ الْخَلَائِقِ ترجمہ حذیفہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گمراہ کردیا اللہ نے
اگلے لوگوں کو جمعہ سے تو یہودیوں نے ہفتے کا دن مقرر کیا اور نصاریٰ نے اتوار کا دن تجویز کیا پھر اللہ نے ہم کو لوگوں کو پیدا کیا تو
جمعہ کا دن بتلایا اب پہلا جمعہ ہوا ہفتہ پھر اتوار تو یہود و نصاریٰ ہمارے تابع ہوں گے قیامت کے روز اور ہم لوگ دنیا والوں
میں پیچھے ہیں لیکن قیامت کے روز سب سے پہلے ہوں گے یعنی سب مخلوقات سے پہلے ہمارا فیصلہ ہوگا۔ **التشديد**
فی التخلف عن الجمعۃ جمعہ کو ترک کرنیکی بہت تاکید عَنْ اَبِي الْجَعْدِ الضَّمْرِيِّ وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَرَكَ ثَلٰثَ جُمَعٍ تَهَاوُنًا بِهَا طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قَلْبِهٖ ترجمہ ابوالجعد ضمری سے روایت ہے وہ

ضحاکی تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص چھوڑ دیوے تین جمعے سستی سے اللہ تعالیٰ سخت کر دیگا اوس کے دل پر
ف یعنی بند کر دیگا اوس کے دل کو خیر اور ہدایت کے قبول کرنے سے **عن** ابن عباس وابن عمر یحدث ان رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم قال وھو علی اعواد منبرہ لینتھین اقوام عن ودعھم الجمعات او لیختمن اللہ
علی قلوبھم ولیکونن من الغافلین ترجمہ ابن عباس اور ابن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا اپنے منبر کی لکڑیوں پر لوگوں کو بازآنا چاہیے جمعہ چھوڑنے سے نہیں تو اللہ دلوں کے دلوں پر مہر کر دیگا پھر ہو جاوینگے
غافلوں میں سے **عن** حفصۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال رواح
الجمعۃ واجب علی کل محتلم ترجمہ ام المومنین حفصہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ کو جانا واجب
ہے ہر بالغ مرد پر **باب کفارۃ** من ترک الجمعۃ من غیر عذر جو شخص جمعہ کو بغیر عذر کے ترک کرے اوسکا کفارہ
کیا ہے **عن** سمرۃ بن جندب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ترک الجمعۃ من غیر عذر
فلیتصدق بدینار فان لم یجد فبنصف دینار ترجمہ سمر بن جندب سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا جو شخص جمعہ کو بغیر عذر کے ترک کرے تو ایک دینار خیرات دیوے اگر ایک دینار نہ ملے تو آدھا دینار دیوے **باب**
ذکر فضل الجمعۃ جمعہ کی فضیلت کا بیان **عن** ابی ھریرۃ یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر
یوم طلعت فیہ الشمس یوم الجمعۃ فیہ خلق آدم علیہ السلام وفیہ ادخل الجنۃ وفیہ اخرج منھا
ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہتر دن جسمیں آفتاب نکلا جمعہ کا دن ہے اوسی دن آدم علیہ السلام
پیدا ہوئے اوسی دن جنت میں پہونچائے گئے اوسی دن جنت سے نکالے گئے **اکثار الصلوۃ** علی النبی
صلی اللہ علیہ وسلم یوم الجمعۃ جمعہ کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر زیادہ درود بھیجنا **عن** اوس بن
اوس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان من افضل ایامکم یوم الجمعۃ فیہ خلق آدم علیہ السلام
وفیہ قبض وفیہ النفخۃ وفیہ الصعقۃ فاکثروا علی من الصلوۃ فان صلوتکم معروضۃ علی
قالوا یا رسول اللہ کیف تعرض صلوتنا علیک وقد رمت ای یقولون قد بلیت قال ان اللہ عز وجل
قد حرم علی الارض ان تاکل اجساد الانبیاء علیھم السلام ترجمہ اوس بن اوس سے روایت ہے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب دنوں میں تمہارے افضل دن جمعہ کا ہے اوسی دن آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اور اوسی دن اونکے
روح قبض ہوئے اور اوسی دن صور پھونکا جاویگا اور لوگ بیہوش ہو جاوینگے تو اوس دن بہت درود بھیجو مجھپر کیونکہ تم
جو درود بھیجوگے وہ میرے سامنے لائی جاویگی صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیونکر ہماری درود آپ پر پیش کیجاویگی حالانکہ
آپ گل جاوینگے گویعنی قبر میں ہم آپکو فرمایا اللہ عزوجل نے حرام کیا ہے زمین پر انبیا کے بدنوں کو یعنی زمین اونکو نہیں کھا سکتی
میں قبر میں زندہ ہونگے **باب** الامر بالسواک یوم الجمعۃ جمعہ کے دن مسواک کرنیکا حکم **عن** ابی سعید

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْغُسْلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ عَلَى كُلِّ مُحْتَلِمٍ وَالسِّوَاكُ وَيَمَسُّ مِنَ الطِّيبِ مَا قَدَرَ عَلَيْهِ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ إِلَّا إِنَّ بُكَيْرَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَقَالَ فِي الطِّيبِ وَلَوْ مِنْ طِيبِ الْمَرْأَةِ ترجمہ ابوسعید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ کا غسل ہر بالغ پر (مرد ہو یا عورت) اور مسواک کرنا اور خوشبو لگانا مقدور کے موافق ایک روایت میں ہے اگرچہ عورت کی خوشبو ہو **قَالَ** نیز جس میں رنگ ہو اور بہتر مردوں کی خوشبو ہے جس میں رنگ نہ ہو جیسے عطر اور مشک اور گلاب وغیرہ **إِيجَابُ الْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ** جمعہ کا غسل واجب ہے **عَنِ** ابن عمر أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا جَاءَ أَحَدُكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی جمعہ میں آوے تو غسل کرلیا کرے **بَابُ الْأَمْرِ بِالْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ** جمعہ کے دن غسل کرنیکا حکم **عَنْ** أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ غُسْلُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلَى كُلِّ مُحْتَلِمٍ ترجمہ ابوسعید خدری سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ کے دن غسل کرنا واجب ہے ہر بالغ پر **عَنْ** جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى كُلِّ رَجُلٍ مُسْلِمٍ فِي كُلِّ سَبْعَةِ أَيَّامٍ غُسْلُ يَوْمٍ وَهُوَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ ترجمہ جابر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر مسلمان پر ہر سات دن میں ایک دن غسل کرنا ضرور ہے اور وہ جمعہ کا دن ہے **بَابُ الرُّخْصَةِ فِي تَرْكِ الْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ** جمعہ کے دن اگر غسل نہ کرے تو کیسا ہے **عَنِ** الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ أَنَّهُمْ ذَكَرُوا الْغُسْلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ عِنْدَ عَائِشَةَ فَقَالَتْ إِنَّمَا كَانَ النَّاسُ يَكْتَنِفُونَ الْعَالِيَةَ فَيَحْضُرُونَ الْجُمُعَةَ وَيَرُوحُ وَتَنِّخُ فَإِذَا أَصَابَهُمُ الرَّوْحُ سَطَعَتْ أَرْوَاحُهُمْ فَيَتَأَذَّى بِهَا النَّاسُ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَفَلَا تَغْتَسِلُونَ ترجمہ قاسم بن محمد بن ابی بکر سے روایت ہے لوگوں نے ام المؤمنین عائشہ رضہ پاس جمعہ کے غسل کا ذکر کیا انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں لوگ عالیہ (عالیہ وہ دیہات ہیں جو مدینہ سے قریب بلندی پر واقع ہیں) اور وہ جمعہ میں آتے میلے کچیلے تو جب ہوا چلتی تو وہ انکے بدن کی بو میں اڑا کر لیجاتی اوسکی وجہ سے لوگوں کو تکلیف ہوتی جب اسکا ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آیا آپنے فرمایا تم غسل کیوں نہیں کرتے **عَنْ** سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّأَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَبِهَا وَنِعْمَتْ وَمَنِ اغْتَسَلَ فَالْغُسْلُ أَفْضَلُ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحَسَنُ عَنْ سَمُرَةَ كِتَابًا وَلَمْ يَسْمَعِ الْحَسَنُ مِنْ سَمُرَةَ إِلَّا حَدِيثَ الْعَقِيقَةِ وَاللّٰهُ تَعَالَى أَعْلَمُ ترجمہ سمرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے وضو کیا جمعہ کی روز تو اچھا کیا اور جس نے غسل کیا تو غسل تو افضل ہے) امام ابوداؤد نے کہا حسن نے سمرہ سے اس حدیث کو سمرہ سے نقل کیا کتاب سے اسلیے کہ حسن نے سمرہ سے نہیں سنا مگر عقیقہ کی حدیث کو اور اللہ خوب جانتا ہے **فَضْلُ غُسْلِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ** جمعہ کے غسل کی فضیلت **عَنْ** أَوْسِ بْنِ أَوْسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قَالَ مَنْ غَسَّلَ وَاغْتَسَلَ وَغَدَا وَابْتَكَرَ وَدَنَا مِنَ الْإِمَامِ وَلَمْ يَلْغُ كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ عَمَلُ سَنَةٍ صِيَامُهَا وَقِيَامُهَا ترجمہ اوس بن اوس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی نہلاوی جمعہ کو (اپنی عورت کو یعنی اوس سے صحبت کرے) اور خود بھی نہاوے اور سویرے جاوے اور امام سے نزدیک بیٹھے اور بیہودہ نہ بکے اوسکو ہر قدم کے بدلے ایک برس کے روزے اور عبادت کا ثواب ملیگا **بَابُ لِبَاسِ الْجُمُعَةِ** جمعہ کے لباس کیسا چاہیے **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَأَى حُلَّةً فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَوِ اشْتَرَيْتَ هٰذِهِ فَلَبِسْتَهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَلِلْوَفْدِ إِذَا قَدِمُوا عَلَيْكَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا يَلْبَسُ هٰذِهِ مَنْ لَا خَلَاقَ لَهُ فِي الْآخِرَةِ ثُمَّ جَاءَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهَا فَأَعْطَى عُمَرَ مِنْهَا حُلَّةً فَقَالَ عُمَرُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَسَوْتَنِيهَا وَقَدْ قُلْتَ فِي حُلَّةِ عُطَارِدٍ مَا قُلْتَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ أَكْسُكَهَا لِتَلْبَسَهَا فَكَسَاهَا عُمَرُ أَخًا لَهُ مُشْرِكًا بِمَكَّةَ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے حضرت عمرؓ نے ایک جوڑا کپڑا بکتے دیکھا (وہ ریشمی تھا جسکو عطارد بن حاجب بیچتا تھا) تو عرض کیا یا رسول اللہ کاش آپ اسکو خرید لیویں اور جمعہ کے دن اور جب دن باہر کے لوگ آپ پاس آیا کریں آپ اسکو پہنا کریں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسکو وہ پہنے گا جسکو آخرت میں کچھ حصہ نہیں ہے (یعنی کافر) پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس اوسی قسم کے جوڑے آئے آپ نے انمیں سے ایک جوڑا حضرت عمرؓ کو دیا حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ مجھے یہ کپڑا پہناتے ہیں اور پہلے آپنے عطارد کے جوڑے میں کیا فرمایا تھا آپ نے فرمایا میں نے تجھے یہ جوڑا پہننے کو نہیں دیا ہے پھر حضرت عمرؓ نے وہ جوڑا اپنے ایک بھائی کو پہنا دیا جو مشرک تھا مکہ میں **عَنْ** أَبِي سَعِيدٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَنَّ الْغُسْلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ عَلَى كُلِّ مُحْتَلِمٍ وَالسِّوَاكَ وَأَنْ يَمَسَّ مِنَ الطِّيبِ مَا يَقْدِرُ عَلَيْهِ ترجمہ ابو سعید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ کا غسل واجب ہے ہر بالغ پر اسی طرح مسواک کرنا اور جو خوشبو لگانا اپنے مقدور کے موافق **فَضْلُ الْمَشْيِ إِلَى الْجُمُعَةِ** جمعہ کو جانیکی فضیلت **عَنْ** أَوْسِ بْنِ أَوْسٍ صَاحِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَغَسَّلَ وَغَدَا وَابْتَكَرَ وَمَشَى وَلَمْ يَرْكَبْ وَدَنَا مِنَ الْإِمَامِ وَأَنْصَتَ وَلَمْ يَلْغُ كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ عَمَلُ سَنَةٍ ترجمہ اوس بن اوس سے روایت ہے جو صحابی تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص غسل کرے جمعہ کے دن اور غسل کرادے اپنی بی بی کو اور سویرے چلے اور پیدل چلے سوار نہ ہو اور امام سے نزدیک بیٹھے اور چپ رہے اور بیہودہ نہ بکے تو اوسکو ہر قدم پر ایک برس کی عبادت کا ثواب ملیگا **الْتَّبْكِيرُ إِلَى الْجُمُعَةِ** جمعہ کو سویرے جانے کی فضیلت **عَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ قَعَدَتِ الْمَلَائِكَةُ عَلَى أَبْوَابِ الْمَسْجِدِ فَكَتَبُوا مَنْ جَاءَ إِلَى الْجُمُعَةِ فَإِذَا خَرَجَ الْإِمَامُ طَوَتِ الْمَلَائِكَةُ الصُّحُفَ قَالَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُبَكِّرُ إِلَى الْجُمُعَةِ

کَالْمُهْدِیْ بِبَدَنَةٍ یَعْنِیْ بَدَنَةً ثُمَّ کَالْمُهْدِیْ بَقَرَةً ثُمَّ کَالْمُهْدِیْ شَاةً ثُمَّ کَالْمُهْدِیْ دَجَاجَةً ثُمَّ کَالْمُهْدِیْ بَیْضَةً ترجمہ ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب جمعہ کا روز ہوتا ہے تو فرشتے مسجد کے دروازے پر ہوتے ہیں اور جو کوئی جمعہ کے لیے آتا ہے اوسکا نام لکھتے ہیں پھر جب امام نکلتا ہے (خطبہ پڑھنے کو) تو فرشتے کتابیں لپیٹ دیتے ہیں اسپر فرمایا جو سب سے پہلے جمعہ کو آتا ہے وہ تو ایسا ہے جیسی کسینی ایک اونٹ (کہ ہیں) قربانی کی لیی بھیجا پھر جیسی کسینی گائی بھیجی پھر جیسی کسینی بکری بھیجی پھر جیسی کسینی لیڈ بھیجی پھر جیسے کسی نے مرغی بھیجی پھر جیسی کسینی انڈا بھیجا **عن** اَبِیْ هُرَیْرَةَ یَبْلُغُ بِهٖ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا کَانَ یَوْمُ الْجُمُعَةِ کَانَ عَلٰی کُلِّ بَابٍ مِّنْ اَبْوَابِ الْمَسْجِدِ مَلَائِکَةٌ یَکْتُبُوْنَ النَّاسَ عَلٰی مَنَازِلِهِمُ الْاَوَّلَ فَالْاَوَّلَ فَاِذَا خَرَجَ الْاِمَامُ طُوِیَتِ الصُّحُفُ فَاسْتَمَعُوا الْخُطْبَةَ فَالْمُهَجِّرُ اِلَی الْجُمُعَةِ کَالْمُهْدِیْ بَدَنَةً ثُمَّ الَّذِیْ یَلِیْهِ کَالْمُهْدِیْ بَقَرَةً ثُمَّ الَّذِیْ یَلِیْهِ کَالْمُهْدِیْ کَبْشًا حَتّٰی ذَکَرَ الدَّجَاجَ وَالْبَیْضَةَ ترجمہ ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب جمعہ کا دن ہوتا ہے تو مسجد کے ہر دروازے پر فرشتے لوگوں کو لکھتے ہیں جو پہلے آتا ہے اوسکو پہلے پھر جو اوس کے بعد آتا ہے اوسکو بعد لکھتے ہیں اسی طرح جب امام نکلتا ہے تو کتابیں لپیٹ دی جاتیں ہیں اور فرشتے خطبہ سننے لگتے ہیں پھر جو کوئی سب سے پہلے جمعہ کو سویرے آتا ہے اوسکی مثال ایسی ہے جیسے کسینی ایک اونٹ قربانی کی لیی بھیجا پھر جو اوس کے بعد ہے وہ ایسا ہے جیسی کسینی ایک گائی قربانی کے لیے بھیجا یہانتک کہ ذکر کیا آپ نے مرغی اور انڈی کا **عن** اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَقْعُدُ الْمَلَائِکَةُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ عَلٰی اَبْوَابِ الْمَسْجِدِ یَکْتُبُوْنَ النَّاسَ عَلٰی مَنَازِلِهِمْ فَالنَّاسُ فِیْهِ کَرَجُلٍ قَدَّمَ بَدَنَةً وَکَرَجُلٍ قَدَّمَ بَدَنَةً وَکَرَجُلٍ قَدَّمَ بَقَرَةً وَکَرَجُلٍ قَدَّمَ بَقَرَةً وَکَرَجُلٍ قَدَّمَ شَاةً وَکَرَجُلٍ قَدَّمَ شَاةً وَکَرَجُلٍ قَدَّمَ دَجَاجَةً وَکَرَجُلٍ قَدَّمَ دَجَاجَةً وَکَرَجُلٍ قَدَّمَ عُصْفُوْرًا وَکَرَجُلٍ قَدَّمَ عُصْفُوْرًا وَکَرَجُلٍ قَدَّمَ بَیْضَةً ترجمہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فرشتے جمعہ کے روز مسجد کے دروازوں پر بیٹھتے ہیں اور لوگوں کو اونکے درجوں کیموافق (یعنی ترتیب سے) لکھتے ہیں بعضے لوگ ایسے ہوتے ہیں جیسے کسی نے ایک اونٹ قربانی کی لیے بھیجا ایک اونٹ قربانی کی بھیجا اور بعضے ایسے ہوتے ہیں جیسی کسی نے ایک گائی قربانی کی لیے بھیجی ایک گائی قربانی کی لیی بھیجی اور بعضے ایسے ہوتے ہیں جیسے کسی نے ایک بکری قربانی کی لیی بھیجی ایک بکری قربانی کے لیے بھیجی اور بعضے ایسے ہوتے ہیں جیسے کسی نے ایک مرغی قربانی کی لیی بھیجی ایک مرغی قربانی کے لیے بھیجی اور بعضے ایسے ہوتے ہیں جیسے کسی نے ایک چڑیا قربانی کے لیی بھیجی ایک چڑیا قربانی کی لیی بھیجی اور بعضے ایسے ہوتے ہیں جیسے کسی نے ایک انڈا بھیجا ایک انڈا بھیجا **وقت الجمعہ** جمعہ کو کس وقت جانا بہتر ہے **عن** اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اغْتَسَلَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ غُسْلَ الْجَنَابَةِ ثُمَّ رَاحَ فَکَاَنَّمَا قَرَّبَ بَدَنَةً وَمَنْ رَاحَ فِی السَّاعَةِ الثَّانِیَةِ فَکَاَنَّمَا قَرَّبَ بَقَرَةً وَمَنْ رَاحَ فِی السَّاعَةِ الثَّالِثَةِ فَکَاَنَّمَا قَرَّبَ کَبْشًا وَمَنْ رَاحَ

فِي السَّاعَةِ الرَّابِعَةِ فَكَأَنَّمَا قَرَّبَ دَجَاجَةً وَمَنْ رَاحَ فِي السَّاعَةِ الْخَامِسَةِ فَكَأَنَّمَا قَرَّبَ بَيْضَةً فَإِذَا خَرَجَ الْإِمَامُ حَضَرَتِ الْمَلَائِكَةُ يَسْتَمِعُونَ الذِّكْرَ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جمعہ کے دن جنابت کا غسل کرے اور چلا جاوے (زوال ہوتے ہی پہلی گھڑی میں) اوس نے گویا ایک اونٹ بھیجا (قربانی کو) اور جو دوسری گھڑی میں جاوے اوس نے گویا ایک گائے بھیجی اور جو تیسری گھڑی میں جاوے اوس نے گویا ایک بکری بھیجی اور جو چوتھی گھڑی میں جاوے اوس نے گویا ایک مرغی بھیجی اور جو پانچویں گھڑی میں جاوے اوس نے گویا ایک انڈا بھیجا پھر جب امام خطبہ کو نکلتا ہے تو فرشتے آجاتے ہیں اور خطبہ سنتے ہیں **عَنْ جَابِرِ** بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ اِثْنَا عَشَرَ سَاعَةً لَا يُوْجَدُ عَبْدٌ مُسْلِمٌ يَسْأَلُ اللّٰهَ شَيْئًا اِلَّا آتَاهُ اِيَّاهُ فَالْتَمِسُوْهَا آخِرَ سَاعَةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ ترجمہ جابر بن عبداللہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ کا دن بارہ گھنٹے کا ہے جو بندہ مسلمان اللہ سے کچھ مانگے اللہ اوسکو دیگا تو ڈھونڈھو اوسکو آخر گھنٹے میں بعد عصر کے ف کیونکہ یہ ساعت وہ ہے جسمیں دعا قبول ہوتی ہے دوسری روایت میں یوں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ میں ایسی ساعت ایسی ہے اگر کوئی بندہ مسلمان اللہ سے کچھ مانگے اوس ساعت میں تو اللہ اوسکو دیگا اور خلاف اس ساعت میں بعضے کہتے ہیں عصر سے غروب تک بعضے کہتے ہیں جب سے نماز کے لیے تکبیر ہو نماز سے فراغت تک بعضے کہتے ہیں جب سے امام منبر پر بیٹھے نماز سے فارغ ہوتی تک بعضے کہتے ہیں اخیر ساعت جمعہ کے بعضے کہتے ہیں زوال ہوتے ہی بعضے کہتے ہیں زوال سے سایہ ایک ماثل ہونے تک بعضے کہتے ہیں وہ ساعت پوشیدہ ہے جمعہ میں جیسی شب قدر راتوں میں بعضے کہتے ہیں فجر سے طلوع آفتاب تک نووی نے کہا صحیح اور صواب یہ ہے کہ وہ ساعت امام کے خطبے کے لیے بیٹھنے سے نماز سے فراغت تک ہے جیسے مسلم نے ابوموسیٰ سے روایت کیا واللہ اعلم **عَنْ جَابِرِ** بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنَّا نُصَلِّي مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُمُعَةَ ثُمَّ نَرْجِعُ فَنُرِيْحُ نَوَاضِحَنَا قُلْتُ اَيَّةُ سَاعَةٍ قَالَ زَوَالُ الشَّمْسِ ترجمہ جابر بن عبداللہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جمعہ پڑھتے پھر لوٹ کر آتے اور اپنے اونٹوں کو آرام دیتے امام محمد باقر نے کہا میں نے جابر سے پوچھا کونسا وقت ہوتا اونہوں نے کہا آفتاب ڈھلتا ہے **عَنْ** سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ كُنَّا نُصَلِّي مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُمُعَةَ ثُمَّ نَرْجِعُ وَلَيْسَ لِلْحِيْطَانِ فَيْءٌ نَسْتَظِلُّ بِهٖ ترجمہ سلمہ بن الاکوع سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھتے جب لوٹ کر آتے تو دیوار وں کا سایہ نہ ہوتا کہ دن کے سایے میں ہم ٹھہریں **بَابُ الْاَذَانِ لِلْجُمُعَةِ** جمعہ کی اذان کا بیان **عَنِ** السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ اَنَّ الْاَذَانَ كَانَ اَوَّلُ حِيْنَ يَجْلِسُ الْاِمَامُ عَلَى الْمِنْبَرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ فَلَمَّا كَانَ خِلَافَةُ عُثْمَانَ وَكَثُرَ النَّاسُ اَمَرَ عُثْمَانُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ بِالْاَذَانِ الثَّالِثِ فَاُذِّنَ بِهٖ عَلَى الزَّوْرَاءِ فَثَبَتَ الْاَمْرُ عَلٰى ذٰلِكَ ترجمہ سائب بن یزید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر اور عمر کے زمانے میں پہلے اذان جمعہ کی اوسوقت ہوتی جب امام منبر پر بیٹھتا جب حضرت عثمان کی خلافت ہوئی

اور لوگ بہت ہو گئے تو انہوں نے تیسری اذان کا جمعہ کے دن حکم کیا (یعنی سیت تین اذانیں ہو گئیں) تو اذان دی گئی زوراء پر (زوراء ایک مقام کا نام ہے مدینہ میں) پھر یہی حکم قایم رہا اگرچہ اس اذان کو حضرت عثمان نے نکالا مگر اور صحابہ نے قبول کیا اور کسی نے انکار نہیں کیا پس اجماع ہو گیا اور اجماع حجت ہے شرع میں خصوصاً اجماع صحابہ کرام کا اور جو اجماع کا خیال نہ کریں تب بھی خلفاء راشدین کا فعل سنت ہے بموجب حدیث تمسکوا بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین عن السائب بن یزید قال انما امر بالنداء الثالث عثمان حین کثر اھل المدینۃ ولم یکن لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غیر اذان واحد وکان النداء یوم الجمعۃ حین یجلس الامام ترجمہ سائب بن یزید سے روایت ہے کہ تیسری اذان کا حکم حضرت عثمان نے دیا جب مدینہ میں لوگ زیادہ ہو گئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک ہی اذان تھی یعنی جب امام منبر پر بیٹھتا تھا عن السائب بن یزید قال کان بلال یؤذن اذا جلس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی المنبر یوم الجمعۃ فاذا نزل اقام فکذلک علی عھد النبی صلی اللہ علیہ وسلم وابی بکر وعمر رضی اللہ عنہما ترجمہ سائب بن یزید سے روایت ہے بلال اذان دیتے تھے جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر بیٹھتے پھر جب آپ منبر پر سے اترتے تو تکبیر کہتے اور ایسا ہی تھا حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کے زمانے میں قائم الصلوٰۃ یوم الجمعۃ حین جاء وقد خرج الامام امام خطبہ کے لیے نکل چکا ہو اور وقت کوئی مسجد میں آوے تو سنت پڑھے یا نہیں عن جابر بن عبد اللہ یقول ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا جاء احدکم وقد خرج الامام فلیصل رکعتین قال شعبۃ یوم الجمعۃ ترجمہ جابر بن عبد اللہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی آوے اور امام نکل چکا ہو خطبہ کو تو دو رکعتیں پڑھ لیوے (تحیۃ المسجد کی) جمعہ کے دن ما یقال فی الخطبۃ امام خطبہ کے لیے کیا کہے عن جابر بن عبد اللہ یقول کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا خطب یستند الی جذع فلما صنع المنبر وانتقل علیہ اضطربت تلک الجذیۃ حتی سمعھا اھل المسجد حتی نزل الیھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاستنھا فسکنت ترجمہ جابر بن عبد اللہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب خطبہ پڑھتے تو مسجد کے ایک ستون پر جو کھجور کی کڑی کا تھا ٹیکا لگاتے جب منبر بنگیا اور آپ اس پر چڑھنے لگی تو وہ ستون بیقرار ہوا اور اس میں سے آواز پیدا ہوئی جیسے اونٹنی روتی ہے وہ ستون آپ کے جدائی پر رونے لگا یہاں تک کہ اس آواز کو سب مسجد والوں نے سنا آپ اس کے پاس گئے اور اس کو گلے سے لگایا وہ چپ ہو رہا عن کعب بن عجرۃ انہ دخل المسجد وعبد الرحمن بن ام الحکم یخطب قاعدا فقال انظروا الی ھذا الخبیث یخطب قاعدا وقد قال اللہ عز وجل واذا رأوا تجارۃ او لھوا انفضوا الیھا وترکوک قائما ترجمہ کعب بن عجرہ مسجد میں گئے عبد الرحمن بن ام الحکم کو دیکھا بیٹھے خطبہ پڑھتے ہوئے انہوں نے کہا دیکھو اس کو اور مسلم کی روایت میں ہے دیکھو اس خبیث کو بیٹھ کر خطبہ پڑھتا ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جب وقت دیکھتے ہیں سوداگری یا کھیل دوڑ جاتے ہیں اور سلف اور تجھ کو کھڑا چھوڑ دیتے ہیں (پس معلوم ہوا کہ خطبہ کھڑے ہو کر پڑھنا چاہیے) باب الفضل فی الدنو من الامام اس سے

نزدیک بیٹھنے کی فضیلت عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ الثَّقَفِیِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ غَسَّلَ وَاغْتَسَلَ وَابْتَکَرَ وَغَدَا وَدَنَا مِنَ الْاِمَامِ وَاَنْصَتَ ثُمَّ لَمْ یَلْغُ کَانَ لَہٗ بِکُلِّ خُطْوَۃٍ کَاَجْرِ سَنَۃٍ صِیَامُہَا وَقِیَامُہَا ترجمہ اوس بن اوس ثقفی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص نہلا دے اور نہاوے اور سویرے جاوے اور امام کے نزدیک بیٹھے اور چپ رہے بیہودہ نہ بکے اوسکو ہر قدم پر ایک برس کی روزہ اور عبادت کا ثواب ملیگا **اَلنَّہْیُ عَنْ تَخَطِّیْ رِقَابِ النَّاسِ وَالْاِمَامُ یُصَلِّی لِلنَّبِیِّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ** امام جب منبر پر خطبہ پڑھ رہا ہو تو لوگوں کی گردنیں پھاندنا منع ہے عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ بُسْرٍ قَالَ کُنْتُ جَالِسًا اِلٰی جَانِبِہٖ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ فَقَالَ جَاءَ رَجُلٌ یَتَخَطَّی رِقَابَ النَّاسِ فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِجْلِسْ فَقَدْ اٰذَیْتَ ترجمہ عبداللہ بن بسر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک شخص آیا لوگوں کی گردنیں پھاندتا ہوا آپنے فرمایا ارے بیٹھ جا تو نے ستایا لوگوں کو **بَابُ الصَّلٰوۃِ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ لِمَنْ جَاءَ وَالْاِمَامُ یَخْطُبُ** امام خطبہ پڑھ رہا ہو اور کوئی اوسوقت آوے تو نماز پڑھے یا نہیں عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ یَقُوْلُ جَاءَ رَجُلٌ وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَی الْمِنْبَرِ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ فَقَالَ لَہٗ اَرَکَعْتَ رَکْعَتَیْنِ قَالَ لَا قَالَ فَارْکَعْ ترجمہ جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ شخص آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تھے جمعہ کے روز آپنے فرمایا تو نے دو رکعتیں پڑھیں (تحیۃ المسجد یا جمعہ کی) بولا نہیں آپنے فرمایا پڑھ لے **بَابُ الْاِنْصَاتِ لِلْخُطْبَۃِ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ** جب خطبہ ہوتا ہو تو چپ رہے کسی سے بھی نہ کہے کہ چپ رہ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ لِصَاحِبِہٖ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ وَالْاِمَامُ یَخْطُبُ اَنْصِتْ فَقَدْ لَغَا ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے ساتھی سے جمعہ کے روز کہے چپ اور امام خطبہ پڑھ رہا ہو تو اوس نے بھی بیہودہ کہا (کیونکہ چپ رہنے کا حکم ہے تو کسی بات کرنیکا پھر کسی سے یہ کہنا چپ رہ یہ بھی ایک بات ہے البتہ اگر اشارہ سے چپ کرے تو قباحت نہیں ہے) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِذَا قُلْتَ لِصَاحِبِکَ اَنْصِتْ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ وَالْاِمَامُ یَخْطُبُ فَقَدْ لَغَوْتَ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جب تو خطبہ کیوقت اپنے ساتھی سے کہے چپ رہ تو تو نے بیہودہ بکا **بَابُ فَضْلِ الْاِنْصَاتِ وَتَرْکِ اللَّغْوِ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ** چپ رہنے کی فضیلت عَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ رَجُلٍ یَتَطَھَّرُ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ کَمَا اُمِرَ ثُمَّ یَخْرُجُ مِنْ بَیْتِہٖ حَتّٰی یَاْتِیَ الْجُمُعَۃَ وَیُنْصِتُ حَتّٰی یَقْضِیَ صَلٰوتَہٗ اِلَّا کَانَ کَفَّارَۃً لِمَا قَبْلَہٗ مِنَ الْجُمُعَۃِ ترجمہ سلمان سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا جو شخص جمعہ کے روز طہارت کرے حکم کیموافق پھر اپنے گھر سے نکلے اور جمعہ کو آوے اور چپ رہے نماز ہو تک اوسکے اگلے جمعہ کے گناہ معاف ہو جاوینگے **بَابُ کَیْفَ الْخُطْبَۃُ** خطبہ کیونکر پڑھنا چاہیے عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ کُلُّ خُطْبَۃٍ لَیْسَ فِیْھَا تَشَھُّدٌ فَھِیَ کَالْبَیْتِ الْخَرِبِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ

فَلَا مُضِلَّ لَهُ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهُ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ ثُمَّ قَرَأَ ثَلٰثَ آيَاتٍ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلَا تَمُوْتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَاءً وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَاءَلُوْنَ بِهٖ وَالْأَرْحَامَ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ترجمہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو خطبہ حاجت کا (یعنی نکاح وغیرہ کا) یوں سکھلایا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ آخر تک یعنی سب تعریف ہے اللہ کو ہی ہم اللہ کو ہی ہم مدد چاہتے ہیں اور اسی سے بخشش مانگتے ہیں اور پناہ مانگتے ہیں ہم اپنے اللہ کی اور اپنے دلوں کی برائی سے جسکو اللہ راہ بتلادے اوسکو بھکانیوالا کوئی نہیں اور جسکو وہ بھکادے اوسکو بتلانے والا کوئی نہیں گواہی دیتا ہوں میں اس بات کی کوئی معبود برحق نہیں سوا اللہ کے اور گواہی دیتا ہوں میں اس بات کی کہ حضرت محمد اوسکے بندے ہیں اور اوسکے بھیجے ہوئے ہیں پھر تین آیتیں پڑھیں اے ایمان والو ڈرو اللہ سے جیسے چاہیے اوس سے ڈرنا اور مت مرو مگر اسلام پر۔ اے ایمان والو ڈرو اپنے پروردگار سے جسنے تمکو ایک جان سے پیدا کیا پھر اوسی سے اوسکا جوڑا بنایا پھر ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلا دیں اور ڈرو اللہ سے جسکے نام پر تم مانگتے ہو اور ڈرو اپس کے ناتوں سے۔ اے ایمان والو ڈرو اللہ سے اور مضبوط بات کہو۔ امام نسائی نے کہا یہ حدیث منقطع ہے اسلیئے کہ ابوعبیدہ نے عبداللہ بن مسعود سے نہیں سنا نہ عبدالرحمن نے عبداللہ سے سنا نہ عبدالجبار بن وائل نے اپنے باپ وائل بن حجر سے سنا **باب حَثِّ الْإِمَامِ فِيْ خُطْبَتِهٖ عَلَى الْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ** جمعہ کے خطبے میں غسل کی ترغیب دینا **عَنِ ابْنِ عُمَرَ** قَالَ خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِذَا رَاحَ أَحَدُكُمْ إِلَى الْجُمُعَةِ فَلْيَغْتَسِلْ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ پڑھا تو فرمایا تم میں سے جب کوئی جمعہ کو جانے لگے تو غسل کرے **عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ نَشِيْطٍ** انہ سَأَلَ ابْنَ شِهَابٍ أَحَسَنٌ الْغُسْلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَالَ سُنَّةٌ وَقَدْ حَدَّثَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَكَلَّمَ بِهَا عَلَى الْمِنْبَرِ ترجمہ ابراہیم بن نشیط نے ابن شہاب سے پوچھا جمعہ کی دن غسل کرنیکو انہوں نے سنت ہے پھر کہا مجھ سے سالم بن عبداللہ نے بیان کیا انہوں نے اپنے باپ عبداللہ بن عمر سے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو منبر پر بیان کیا **عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ** عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهٗ قَالَ وَهُوَ قَائِمٌ عَلَى الْمِنْبَرِ مَنْ جَاءَ مِنْكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر کھڑے ہو کر فرمایا جو شخص تم میں سے جمعہ کو آوے وہ غسل کرے **باب حَثِّ الْإِمَامِ عَلَى الصَّدَقَةِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ** امام جمعہ کے دن لوگوں کو صدقے کی ترغیب دیوے **عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ** الْخُدْرِيِّ يَقُوْلُ جَاءَ رَجُلٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ بِهَيْئَةٍ بَذَّةٍ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصَلَّيْتَ قَالَ لَا قَالَ صَلِّ رَكْعَتَيْنِ وَحَثَّ

ع قال ابو عبد الرحمن ابو عبيدة لم يسمع من ابيه عبد الله بن مسعود شيئا وانما سمع من اخيه عتبة وابو عبيدة اسمه عامر بن عبد الله بن مسعود

النَّاسَ عَلَى الصَّدَقَةِ فَأَلْقَوْا ثِيَابَهُمْ فَأَعْطَاهُ مِنْهَا ثَوْبَيْنِ فَلَمَّا كَانَتِ الْجُمُعَةُ الثَّانِيَةُ جَاءَ وَرَسُولُ اللَّهِ
صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ حَثَّ النَّاسَ عَلَى الصَّدَقَةِ قَالَ فَأَلْقَى أَحَدُ ثَوْبَيْهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى
اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ هَذَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ بِهَيْئَةٍ بَذَّةٍ فَأَمَرْتُ النَّاسَ بِالصَّدَقَةِ فَأَلْقَوْا ثِيَابًا فَأَمَرْتُ
لَهُ مِنْهَا بِثَوْبَيْنِ ثُمَّ جَاءَ الْآنَ فَأَمَرْتُ النَّاسَ بِالصَّدَقَةِ فَأَلْقَى أَحَدَهُمَا فَانْتَهَرْتُهُ وَقَالَ خُذْ ثَوْبَكَ

ترجمہ ابوسعید خدری سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھ رہے تھے جمعہ کو انمیں ایک شخص آیا پھٹے حال میں (یعنی میلے کچیلے پرانے کپڑے پہنے ہوئے) آپ نے فرمایا اوس سے تو نماز پڑھ چکا وہ بولا نہیں آپ نے فرمایا دو رکعتیں پڑھ لے اور لوگوں کو رغبت دلائی آپ نے صدقہ دینے کی اونہوں نے کپڑے ڈالنا شروع کیے آپ نے اوس شخص کو دو کپڑے دیے جب دوسرا جمعہ ہوا تو پھر وہ آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھ رہے تھے آپ نے لوگوں کو رغبت دلائی صدقہ کی اوس شخص نے اون دو کپڑوں میں سے (جو اگلے جمعے میں اوسکو ملی تھی) ایک کپڑا ڈال دیا (یعنی صدقہ دینے لگا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابھی اوس جمعے کو تو یہ پھٹے حال میں آیا تھا میں نے لوگوں کو صدقے کا حکم دیا جب اونہوں نے کپڑے ڈالے تو میں نے اسکو دو کپڑے دلائے پھر یہ آیا اسلیے میں نے پھر لوگوں کو صدقے کا حکم دیا تو اس نے خود اپنا ایک کپڑا ڈال دیا آپ نے اوسکو جھڑکا اور فرمایا اوٹھا لے اپنا کپڑا **ف** یعنی تو خود محتاج ہے ابھی گئے جمعے کو خدا کے نام پر دو کپڑے ملی تھے پھر اوسمیں سے کیا دیتا ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ انسان جب خود محتاج ہو تو پہلے اپنی حاجت رفع کرے پھر اگر بچے تو صدقہ دیوے **مخاطبۃ الامام رعیتہ وھو علی المنبر** امام منبر پر اپنی رعیت سے مخاطب ہو **عن جابر بن عبد اللہ قال بینا النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوم یخطب الجمعۃ اذ جاء رجل فقال لہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلیت قال لا قال قم فارکع**

ترجمہ جابر بن عبد اللہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعے کی دن خطبہ پڑھ رہے تھے انمیں ایک شخص آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس سے پوچھا تو نے نماز پڑھی وہ بولا نہیں آپ نے فرمایا نماز پڑھ **عن ابی بکرۃ یقول لقد رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی المنبر والحسن معہ وھو یقبل علی الناس مرۃ وعلیہ مرۃ ویقول ان ابنی ھذا سید ولعل اللہ ان یصلح بہ بین فئتین من المسلمین عظیمتین** ترجمہ ابوبکرہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر دیکھا امام حسن علیہ السلام اون کے ساتھ تھے آپ کبھی لوگوں کی طرف متوجہ ہوتے کبھی اونکی طرف فرماتے میرا یہ بیٹا سردار ہے شاید اللہ اسکی وجہ سے صلح کردے مسلمانوں کی دو بڑی گروہوں میں **باب القراءۃ فی الخطبۃ** خطبے میں قرآن پڑھنا **عن عمارۃ بن النعمان قالت حفظت ق والقرآن المجید من فی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو علی المنبر یوم الجمعۃ** ترجمہ حارثہ بن نعمان سے روایت ہے میں سورہ قاف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ سے سنکر یاد کی آپ اوسکو پڑھتے تھے منبر پر جمعے کے روز **باب الاشارۃ فی الخطبۃ** خطبے میں اشارہ کرنا **عن حصین ان بشر بن مروان رفع یدیہ یوم الجمعۃ علی المنبر فسبہ عمارۃ بن رویبۃ الثقفی**

وقال ما زاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی ھذا واشار باصبعیہ السبابۃ ترجمہ حصین سے روایت ہے بشر بن مروان نے دونوں ہاتھ اپنے اوپر اٹھائے جمعہ کے دن منبر پر تو عمارہ بن رویبہ نے اوسکو برا کہا اور انہوں نے کہا برا کرے اللہ ان دونوں ہاتھوں کو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نے نہیں زیادہ کیا اسپر اشارہ کیا اور انہوں نے اپنی انگلی کے

باب نزول الامام عن المنبر قبل قراءۃ من الخطبۃ یوم الجمعۃ خطبہ کو تمام کرنے سے پہلے منبر سے اوترنا کسی کے لیے درست ہے

عن بریدۃ قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یخطب فجاء الحسن والحسین رضی اللہ عنہما وعلیہما قمیصان احمران یعثران فیہما فنزل النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقطع کلامہ ثم حملہما ثم عاد الی المنبر قال صدق اللہ انما اموالکم واولادکم فتنۃ رأیت ھذین یعثران فی قمیصیہما فلم اصبر حتی قطعت کلامی فحملتہما ترجمہ بریدہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھ رہے تھے کہ حسن اور حسین علیہما السلام تشریف لائے دونوں لال کرتے پہنے ہوئے تھے اور گرتے پڑتے چلے آتے تھے آپ منبر سے اوترے اور خطبہ موقوف کر دیا اور دونوں کو گود میں اوٹھا لیا پھر منبر پر تشریف لیگئے اور فرمایا اللہ جل جلالہ نے سچ فرمایا تمہارے مال اور اولاد فتنہ ہیں میں نے ان دونوں کو دیکھا کہ اپنے کرتے میں گرتے آتے ہیں تو مجھ سے صبر نہ ہو سکا یہاں تک کہ میں نے خطبہ موقوف کیا اور انکو اوٹھا لیا

باب ما یستحب من تقصیر الخطبۃ خطبہ چھوٹا پڑھنا بہتر ہے

عن عبد اللہ بن ابی اوفی یقول کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکثر الذکر ویقصر الخطبۃ ترجمہ عبد اللہ بن ابی اوفی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذکر الٰہی بہت کرتے اور بیکار باتیں کم کرتے اور نماز کو لمبا کرتے اور خطبہ کو چھوٹا کرتے اور بیوہ اور مسکینوں کے ساتھ چلنے میں اور انکا کام کر دینے میں نہیں شرماتے

باب خطبۃ یوم الجمعۃ جمعہ کے دن کا خطبہ

عن جابر بن سمرۃ قال کانت للنبی صلی اللہ علیہ وسلم نمرۃ یخطب فیہا قائما ویجلس فلا یقوم ویخطب الخطبۃ الاخرۃ ترجمہ جابر بن سمرہ سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہا میں نے نہیں دیکھا آپ کو خطبہ پڑھتے ہوئے مگر کھڑے ہو کر اور آپ بیٹھتے تھے پھر کھڑے ہوتے تھے اور دوسرا خطبہ پڑھتے تھے

باب الفصل بین الخطبتین بالجلوس دونوں خطبوں کے بیچ میں بیٹھنا

عن عبد اللہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یخطب الخطبتین وھو قائم ثم کان یفصل بینہما بجلوس ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو خطبے پڑھتے تھے کھڑے ہو کر اور بیچ میں دونوں کے بیٹھتے تھے

باب الکلام فی الفصل بین الخطبتین دو خطبوں کے بیچ میں جب بیٹھے تو جیب سے

عن جابر بن سمرۃ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخطب یوم الجمعۃ قائما ثم یقعد قعدۃ لا یتکلم ثم یقوم فیخطب خطبۃ اخری فمن حدثکم ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یخطب جالسا فقد کذب ترجمہ جابر بن

سمرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جمعہ کے دن کھڑے ہو کر خطبہ پڑھتے دیکھا پھر آپ بیٹھتے لیکن بات نہ کرتے پھر کھڑے ہوتے اور دوسرا خطبہ پڑھتے اب جو کوئی تم سے کہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ کر خطبہ پڑھتے تھے اس نے غلط کہا **بَابُ الْقِرَاءَةِ فِي الْخُطْبَةِ الثَّانِيَةِ وَالذِّكْرِ فِيهَا** دوسرے خطبے میں کلام اللہ پڑھنا اور اللہ کا ذکر کرنا **عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ** قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ قَائِمًا ثُمَّ يَجْلِسُ ثُمَّ يَقُومُ وَيَقْرَأُ آيَاتٍ وَيُذَكِّرُ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ وَكَانَتْ خُطْبَتُهُ قَصْدًا وَصَلٰوتُهُ قَصْدًا ترجمہ جابر بن سمرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو کر خطبہ پڑھتے تھے پھر بیٹھتے تھے پھر کھڑے ہوتے تھے اور چند آیتیں کلام اللہ کی پڑھتے اور اللہ جل جلالہ کی یاد کرتے اور خطبہ آپکا متوسط ہوتا زیادہ بڑا نہ بہت چھوٹا اسی طرح نماز بھی متوسط ہوتی **اَلْكَلَامُ وَالْقِيَامُ بَعْدَ النُّزُولِ عَنِ الْمِنْبَرِ** منبر سے اتر کر کھڑے ہونا یا کسی سے بات کرنا **عَنْ اَنَسٍ** قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْزِلُ عَنِ الْمِنْبَرِ فَيُعْرَضُ لَهُ الرَّجُلُ فَيُكَلِّمُهُ فَيَقُومُ مَعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى يَقْضِيَ حَاجَتَهُ ثُمَّ يَتَقَدَّمُ اِلَى الْمُصَلّٰى فَيُصَلِّي ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر سے خطبہ پڑھ کر اترتے پھر جو کوئی شخص سامنے آجاتا تو اس سے باتیں کرتے کھڑے رہتے جب باتیں ختم ہو چکتیں تو نماز کی جگہ پر بڑھتے اور نماز پڑھاتے **عَدَدُ صَلٰوةِ الْجُمُعَةِ** جمعہ کی نماز کتنی رکعتیں ہیں **عَنْ** عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى قَالَ قَالَ عُمَرُ صَلٰوةُ الْجُمُعَةِ رَكْعَتَانِ وَصَلٰوةُ الْفِطْرِ رَكْعَتَانِ وَصَلٰوةُ الْاَضْحٰى رَكْعَتَانِ وَصَلٰوةُ السَّفَرِ رَكْعَتَانِ تَمَامٌ غَيْرُ قَصْرٍ عَلٰى لِسَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُو عِيْسٰى اِنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ اَبِي لَيْلٰى لَمْ يَسْمَعْ عَنْ عُمَرَ ترجمہ عبدالرحمن بن ابی لیلی سے روایت ہے حضرت عمرؓ نے فرمایا جمعہ کی دو رکعتیں ہیں اور عید الفطر کی دو رکعتیں ہیں اور عید الضحی کی دو رکعتیں ہیں اور سفر کی نماز کی دو رکعتیں ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر سب پوری ہیں ان میں کمی نہیں یہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی معلوم ہوا۔ امام نسائی نے کہا عبدالرحمن بن ابی لیلی نے حضرت عمر سے نہیں سنا **اَلْقِرَاءَةُ فِي صَلٰوةِ الْاِمَامِ فِي الْجُمُعَةِ وَالْمُنَافِقِيْنَ** جمعہ کی نماز میں سورہ جمعہ اور منافقون پڑھنا **عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ** اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَأُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فِي صَلٰوةِ الصُّبْحِ الٓمٓ تَنْزِيلُ وَهَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ وَفِي صَلٰوةِ الْجُمُعَةِ بِسُوْرَةِ الْجُمُعَةِ وَالْمُنَافِقُوْنَ ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن فجر کی نماز میں الم تنزیل السجدہ پڑھتے تھے اور ہل اتی علی الانسان اور جمعہ کی نماز میں سورہ جمعہ اور منافقون **اَلْقِرَاءَةُ فِي صَلٰوةِ الْجُمُعَةِ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى وَهَلْ اَتٰكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ** جمعہ کی نماز میں سبح اسم ربک الاعلی اور ہل اتاک حدیث الغاشیہ پڑھنا **عَنْ سَمُرَةَ** قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي صَلٰوةِ الْجُمُعَةِ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى وَهَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ترجمہ سمرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کی نماز میں سبح اسم ربک الاعلی اور ہل اتاک حدیث الغاشیہ پڑھتے تھے **ذِكْرُ الْاِخْتِلَافِ عَلَى النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ فِي الْقِرَاءَةِ فِي صَلٰوةِ الْجُمُعَةِ** نعمان بن بشیر سے روایات کا اختلاف

جمعہ کی تراویح میں عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ سَأَلَ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ مَاذَا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ عَلَى إِثْرِ سُورَةِ الْجُمُعَةِ قَالَ كَانَ يَقْرَأُ هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ ترجمہ ضحاک بن قیس نے نعمان بن بشیر سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن سورہ جمعہ کے بعد کونسی سورت پڑھتے تو انہوں نے کہا ہل اتاک حدیث الغاشیہ عَنْ حَبِيبِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْجُمُعَةِ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى وَهَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ وَرُبَّمَا اجْتَمَعَ الْعِيدُ وَالْجُمُعَةُ فَيَقْرَأُ بِهِمَا جَمِيعًا ترجمہ حبیب بن سالم نے نعمان بن بشیر سے روایت کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کی نماز میں سبح اسم ربک الاعلی اور ہل اتاک حدیث الغاشیہ پڑھتے تھے اللہ کبھی عید اور جمعہ ایک ہی روز آجاتے تو دونوں میں یہی سورتیں پڑھتے مَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً مِنْ صَلَاةِ الْجُمُعَةِ جس نے جمعہ کی نماز کی ایک رکعت امام کے ساتھ پائی اس نے جمعہ پالیا عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَدْرَكَ مِنْ صَلَاةِ الْجُمُعَةِ رَكْعَةً فَقَدْ أَدْرَكَ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جمعہ کی نماز کی ایک رکعت پائے اس نے جمعہ پالیا عَدَدُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ فِي الْمَسْجِدِ جمعہ کے بعد مسجد میں کتنی رکعتیں پڑھے عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيُصَلِّ بَعْدَهَا أَرْبَعًا ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی تم میں سے جمعہ پڑھ چکے تو اس کے بعد چار رکعتیں پڑھے (سنتوں کی) صَلَاةُ الْإِمَامِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ امام جمعہ کی بعد نماز کہاں پڑھے عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يُصَلِّي بَعْدَ الْجُمُعَةِ حَتَّى يَنْصَرِفَ فَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کی بعد نماز نہیں پڑھتے تھے یہاں تک کہ اپنے گھر میں لوٹ آتے تھے پھر دو رکعتیں پڑھتے عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بَعْدَ الْجُمُعَةِ رَكْعَتَيْنِ فِي بَيْتِهِ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کی بعد دو رکعتیں اپنے گھر میں پڑھتے تھے بَابُ إِطَالَةِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ جمعہ کی بعد دو رکعتیں لمبی پڑھنا عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي بَعْدَ الْجُمُعَةِ رَكْعَتَيْنِ يُطِيلُ فِيهِمَا وَيَقُولُ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے وہ جمعہ کی بعد دو رکعتیں لمبی پڑھتے تھے اور کہتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا ہی کرتے تھے السَّاعَةُ الَّتِي يُسْتَجَابُ فِيهَا الدُّعَاءُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ جمعہ میں اس ساعت کا بیان جس میں دعا قبول ہوتی ہے عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ لَقِيتُ الطُّورَ هُوَ حَدَّثَ هُوَ ثُمَّ كَعْبًا فَكُنْتُ أَنَا وَهُوَ يَوْمًا أُحَدِّثُهُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيُحَدِّثُنِي عَنِ التَّوْرَاةِ فَقُلْتُ لَهُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ يَوْمٍ طَلَعَتْ فِيهِ الشَّمْسُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ فِيهِ خُلِقَ آدَمُ وَفِيهِ أُهْبِطَ وَفِيهِ تِيبَ عَلَيْهِ وَفِيهِ قُبِضَ وَفِيهِ تَقُومُ السَّاعَةُ مَا عَلَى الْأَرْضِ مِنْ دَابَّةٍ إِلَّا وَهِيَ تُصْبِحُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مُصِيخَةً حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ شَفَقًا مِنَ السَّاعَةِ إِلَّا ابْنَ آدَمَ وَفِيهِ سَاعَةٌ لَا يُوَافِقُهَا

مؤمن وهو في الصلوة يسأل الله شيئا إلا اعطاه إياه قال كعب ذلك يوم في كل سنة فقلت
بل هي في كل جمعة فقرأ كعب التوراة فقال صدق رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت
ثم لقيت بصرة بن ابي بصرة الغفاري فقال من اين جئت فقلت من الطور قال
لو لقيتك قبل ان تاتيه لما اتيته قلت له ولم قال اني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا
تشد الرحال الا الى ثلثة مساجد المسجد الحرام ومسجدي ومسجد بيت المقدس فلقيت عبد الله بن
سلام فقلت لو رايتني مررت بالطور فلقيت كعبا فمكثت عنده يوما احدثه عن رسول الله صلى
الله عليه وسلم ويحدثني عن التوراة فقلت له قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير يوم طلعت
فيه الشمس يوم الجمعة فيه خلق ادم وفيه اهبط وفيه تيب عليه وفيه قبض وفيه تقوم الساعة
ما على الارض من دابة الا وهي تصيح يوم الجمعة مصيخة حتى تطلع الشمس شفقا من الساعة الا ابن ادم
وفيه ساعة لا يصادفها عبد مؤمن وهو في الصلوة يسأل الله شيئا الا اعطاه اياه قال كعب ذلك
يوم في كل سنة فقال عبد الله بن سلام كذب كعب قلت ثم قرأ كعب فقال صدق رسول الله صلى
الله عليه وسلم هو في كل جمعة فقال عبد الله صدق كعب اني لاعلم وما تلك الساعة فقلت يا اخي
حدثني بها قال هي آخر ساعة من يوم الجمعة قبل ان تغيب الشمس فقلت اليس قد سمعت رسول الله
صلى الله عليه وسلم يقول لا يصادفها مؤمن وهو في الصلوة وليست تلك الساعة صلوة قال اليس
قد سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من صلى وجلس ينتظر الصلاة فهو في صلوة حتى تاتيه
الصلوة التي تليها قلت بلى قال فهو كذلك ترجمہ ابوہریرہ رضی سے روایت ہے میں کوہ طور پر گیا وہاں کعب احبار ملی
بڑے عالم تھے اہل کتاب کے پہلے مسلمان ہو گئے تھے میں اور وہ ایک دن ساتھ رہے میں نے اونسے حدیثیں بیان کیں رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سے اور اونھوں نے مجھ سے حدیثیں بیان کیں توراۃ شریف سے میں نے اونسے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا سب دنوں میں جنمیں آفتاب نکلا ہر جمعہ کا دن ہے اسی میں آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اور اسی دن بہشت سے اوتارے گئے اور اسی
دن انکی توبہ قبول ہوئی اور اسی میں قیامت قایم ہوگی زمین پر کوئی جانور ایسا نہیں ہے جو جمعہ کے روز صبح کو کان نہ لگائے ہو
آفتاب نکلنے تک قیامت کے ڈر سے مگر آدمی اور جمعہ کے دن ایک ساعت ایسی ہے جب مسلمان کو وہ ساعت نماز میں ملے اور وہ اللہ سے
اس ساعت میں کچھ مانگے تو اللہ اسکو ضرور دیگا کعب نے کہا ایسا دن ہر سال میں ایکبار آتا ہے میں نے کہا نہیں یہ ساعت ہر جمعہ میں آتی
ہے پھر کعب نے پڑھ کر دیکھا تو کہا سچ فرمایا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ساعت ہر جمعہ میں ہوتی ہے عبد اللہ کہتے ہیں میں کوہ طور سے نکلا راہ
میں مجھکو بصرہ بن ابی بصرہ غفاری ملے انھوں نے پوچھا تم کہاں سے آتے ہو میں نے کہا طور سے انھوں نے کہا اگر تم مجھ سے طور جانے سے پہلے
ملتے تو وہاں نہ جاتے میں نے کہا کیوں انھوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ فرماتے تھے نہ کلام لیا جاوے نہ خیرات
سے (یعنی سفر کیا جاوے) مگر تین مسجدوں کیطرف ایک مسجد حرام دوسری میری مسجد (یعنی مدینہ کی مسجد نبوی) تیسری مسجد بیت المقدس

ف پس سوا ان تین مقاموں کے اور کسی متبرک مقام کی زیارت کے لیے خواہ وہ قبر ہو یا مسجد یا اور کچھ سفر کرنا درست نہیں اور دلیل اسکی یہ ہے کہ بصرہ نے کہا اگر تم کو یہ حدیث معلوم ہوتی تو کو وطور نہ جاتے ف پھر من عبد اللہ بن سلام سے طاؤس نے کہا کوش تجھے دیکھا ہوتا طور جاتے ہوئے میں ان کعب سے ملا اور ایک دن میں اور وہ ساتھ رہے میں نے ان سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیثیں بیان کیں میں نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بہترین سب دنوں میں جن میں آفتاب نکلا جمعہ کا دن ہے اوسی دن آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اور اوسی دن اوتارے گئے اور اوسی دن انکی توبہ قبول ہوئی اور اوسی دن انکی وفات ہوئی اور اوسی دن قیامت قایم ہوگی زمین پر کوئی جانور ایسا نہیں ہے جو جمعہ کے دن صبح سے کان نہ لگائے ہے قیامت کے ڈر سے آفتاب نکلے تک سوا آدمی کے (وہی غافل ہے اور سب ہوشیار ہیں) جمعہ میں ایک ساعت ایسی ہے جس مسلمان کو وہ ساعت نماز میں ملجاوے اور وہ اللہ سے کچھ مانگے تو اللہ اوسکو دیگا۔ کعب نے کہا ایسا دن ہر سال میں ایک بار ہے عبد اللہ بن سلام نے کہا کعب نے غلط کہا میں نے کہا پھر کعب نے پڑھ کر دیکھا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سچ فرمایا بیشک ایسا دن ہر جمعہ ہے عبد اللہ بن سلام نے کہا کعب نے سچ کہا اور میں اس ساعت کو جانتا ہوں میں نے کہا میرے بھائی مجھ تبادو انہوں نے کہا وہ اخیر ساعت ہے جمعہ کے دن کی آفتاب ڈوبنے سے پہلے میں نے کہا کیا تم نے نہیں سنا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول کو آپنے فرمایا جو مسلمان اوس ساعت کو نماز میں پاوے اور یہ ساعت نماز کی نہیں ہے عبد اللہ بن سلام نے کہا کیا تم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے نہیں سنا آپنے فرمایا جو شخص نماز پڑھ کر بیٹھا رہے نماز کی انتظار میں وہ نماز ہی میں ہے یہاں تک کہ دوسری نماز کا وقت آوے میں نے کہا کیوں نہیں ہے عبد اللہ نے کہا بس یہی مراد ہے ف اپکی نماز سے کہ وہ نماز کی انتظار میں بیٹھا ہو تو گویا نماز ہی میں ہے

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ فِي الْجُمُعَةِ سَاعَةً لَا يُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ يَسْأَلُ اللهَ فِيهَا شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِيَّاهُ ترجمہ ابو ہریرہ رض سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ میں ایک ساعت ایسی ہے اگر کوئی مسلمان اوس ساعت کو پاکر اللہ سے کچھ مانگے تو اللہ اوسکو ضرور دیگا

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ فِي الْجُمُعَةِ سَاعَةً لَا يُوَافِقُهَا مُسْلِمٌ قَائِمٌ يُصَلِّي يَسْأَلُ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِيَّاهُ قُلْنَا يَقُلْهَا لَنَا يُقَلِّلُهَا لَنَا ترجمہ ابو ہریرہ رض سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ میں ایک ساعت ایسی ہے اگر اوسکو مسلمان نماز میں کھڑا ہوا پاوے پھر اللہ سے کچھ مانگے تو اللہ ضرور عنایت کریگا ہم نے کہا آپ فرماتے تھے یہ ساعت تھوڑی ہے اور اشارہ کرتی تھے اپنی پور کو انکلی کے بیچ میں یا چھنگلیا پر پھر کہا ف اگر بیچ میں کہا تو اشارہ ہے کہ یہ ساعت جمعہ کے بیچ میں ہے اور چھنگلیا پر کہنے سے یہ غرض ہے کہ یہ ساعت اخیر دن میں ہے

آخر کتاب الجمعۃ

تمام ہوئی کتاب جمعہ کی

کتاب التقصیر الصلوٰۃ فی السفر کتاب نماز قصر کرنے کی سفر میں

عَنْ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ قَالَ قُلْتُ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَقْصُرُوا مِنَ الصَّلَاةِ إِنْ خِفْتُمْ أَنْ يَفْتِنَكُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَقَدْ أَمِنَ النَّاسُ فَقَالَ عُمَرُ عَجِبْتُ مِمَّا عَجِبْتَ مِنْهُ فَسَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ صَدَقَةٌ تَصَدَّقَ اللّٰهُ بِهَا عَلَيْكُمْ فَاقْبَلُوا صَدَقَتَهُ ترجمہ یعلی بن امیہ سے روایت ہے میں نے حضرت عمر رضی سے کہا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تم پر گناہ نہیں نماز کا کم کرنا اگر ڈر ہو کافروں کے فساد سے (اس سے معلوم ہوا کہ قصر جب ہی چاہیے جب خوف ہو) اب تو لوگ مامن ہو گیا (تو چاہیے کہ سفر میں قصر نہ کریں) حضرت عمر نے کہا میں نے بھی تعجب کیا تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا آپ نے فرمایا قصر صدقہ ہے اللہ کا جو دیا ہے تم کو تو قبول کرو صدقہ اوسکا ف یعنی اگرچہ قرآن سے قصر کا جائز ہونا اسی سفر میں معلوم ہوتا ہے جہاں خوف ہو پر اللہ تعالیٰ نے اپنی عنایت اور فضل سے ہر سفر میں قصر جائز کر دیا تو تم قبول کرو فضل اوسکا عَنْ اُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ اَنَّهٗ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِنَّا نَجِدُ صَلٰوةَ الْحَضَرِ وَصَلٰوةَ الْخَوْفِ فِي الْقُرْاٰنِ وَلَا نَجِدُ صَلٰوةَ السَّفَرِ فِي الْقُرْاٰنِ فَقَالَ لَهٗ ابْنُ عُمَرَ يَا ابْنَ اَخِي اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ بَعَثَ اِلَيْنَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا نَعْلَمُ شَيْئًا وَاِنَّمَا نَفْعَلُ كَمَا رَاَيْنَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ ترجمہ اُمیہ بن عبداللہ بن خالد نے عبداللہ بن عمر سے کہا ہم حضر اور خوف کی نماز قرآن میں پاتے ہیں لیکن سفر کی نماز قرآن میں نہیں پاتے۔ عبداللہ بن عمر نے کہا اس سے بھائی کے بیٹے اللہ عزوجل نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اوس وقت ہمارے پاس بھیجا جب ہم کچھ نہ جانتے تھے پھر جیسا آپ نے کیا ویسا ہی ہم بھی کرتے ہیں اور آپ نے سفر میں قصر کیا پس ہم کو بھی کرنا چاہیے اگرچہ قرآن میں اوسکا ذکر نہ ہو کیونکہ قرآن میں بہت مسائل کا ذکر نہیں ہے اور وہ حدیث سے معلوم ہوتے ہیں اور جیسے قرآن کی پیروی ضرور ہے ویسی ہی حدیث کی تابعداری بھی ضرور ہے) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنْ مَكَّةَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَا يَخَافُ اِلَّا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ ترجمہ عبداللہ بن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے مدینہ کو چلے راہ میں آپ کو سوا خدا کے کسی کا ڈر نہ تھا اور آپ دو رکعتیں پڑھتے تھے (یعنی قصر کرتے تھے) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنَّا نُسِيْرُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ لَا نَخَافُ اِلَّا اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ نُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ ترجمہ عبداللہ بن عباس سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کرتے تھے مکہ اور مدینہ کے بیچ میں اور ہمیں کسی کا ڈر نہ تھا سوا اللہ تعالیٰ کے مگر ہم دو رکعتیں پڑھتے تھے عَنِ ابْنِ السَّمْطِ قَالَ رَاَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يُصَلِّيْ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ فَسَاَلْتُهٗ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ اَنَا اَفْعَلُ كَمَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ ترجمہ ابن السمط سے روایت ہے میں نے عمر بن خطاب کو ذوالحلیفہ (جو مدینہ سے تین کوس پر ہے) میں دو رکعتیں پڑھتے دیکھا میں نے اوسے پوچھا اونہوں نے کہا میں ویسا ہی کرتا ہوں جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کرتے تھے عَنْ اَنَسٍ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ اِلٰى مَكَّةَ فَكَانَ لَا يُصَلِّيْ اِلَّا رَكْعَتَيْنِ حَتّٰى رَجَعَ فَاَقَامَ بِهَا عَشْرًا ترجمہ انس سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ سے مکہ گیا آپ جبتک وہاں رہے قصر کرتے رہے یہانتک کہ لوٹے اور دس دن آپ وہاں رہے عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّفَرِ رَكْعَتَيْنِ وَمَعَ اَبِيْ بَكْرٍ رَكْعَتَيْنِ وَمَعَ عُمَرَ رَكْعَتَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ترجمہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں دو رکعتیں پڑھیں اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے

ساتھ دو رکعتیں پڑھیں اور عمر کے ساتھ دو رکعتیں پڑھیں اضحی ہو الفطر دونوں ہی عن عمر قال صلوۃ الجمعۃ رکعتان والفطر رکعتان والاضحی رکعتان والسفر رکعتان تمام غیر قصر علی لسان النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ترجمہ حضرت عمر رضی فرمایا جمعہ کی نماز دو رکعتیں ہیں اور عید الفطر کی دو رکعتیں ہیں اور عید الضحی کی دو رکعتیں ہیں اور سفر کی دو رکعتیں ہیں اور یہ سب پوری ہیں ان میں کمی نہیں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زبان کے موافق یعنی یہ نہیں ہے کہ پوری چار رکعتیں ہوں اور قصر ہے دو رکعتیں بلکہ دو ہی رکعتیں ہیں اور چار پڑھنا درست نہیں عن ابن عباس قال فرضت صلوۃ المقیم علی لسان نبیکم صلی اللہ علیہ وسلم اربعا وصلوۃ السفر رکعتین وصلوۃ الخوف رکعۃ

ترجمہ عبد اللہ بن عباس نے کہا حضر کی نماز فرض ہوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پر چار رکعتیں اور سفر کی دو رکعتیں اور خوف کی ایک رکعت فقہ یعنی امام کے ساتھ ایک رکعت اور ایک رکعت اکیلا یا صرف ایک ہی رکعت جیسے بعض سلف کا قول ہے عن ابن عباس قال ان اللہ عز وجل فرض الصلوۃ علی لسان نبیکم صلی اللہ علیہ وسلم فی الحضر اربعا وفی السفر رکعتین وفی الخوف رکعۃ

ترجمہ عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے اللہ جل جلالہ نے فرض کیا تمہارے پیغمبر کی زبان پر حضر میں چار رکعتیں اور سفر میں دو رکعتیں اور خوف میں ایک رکعت الصلوۃ بمکۃ یعنی مکہ مدینہ کا رہنے والا مکہ میں قصر کرے عن موسی وھو ابن مسلمۃ قال قلت لابن عباس کیف اصلی بمکۃ اذا لم اصل فی جماعۃ قال رکعتین سنۃ ابی القاسم صلی اللہ علیہ وسلم

ترجمہ موسی بن مسلمہ نے کہا میں نے ابن عباس سے پوچھا میں مکہ میں اگر جماعت کے ساتھ نہ ہوں تو کتنی رکعتیں پڑھوں انہوں نے کہا دو رکعتیں یہی سنت ہیں ابو القاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی عن موسی بن مسلمۃ انہ سال ابن عباس کیف نصلی الصلوۃ فی جماعۃ وانا فی بیتنا بمکۃ قال رکعتین لسنۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ترجمہ موسی بن مسلمہ سے روایت ہے میں نے ابن عباس سے پوچھا جماعت قضا ہو جاتی ہے اور میں بطحا میں ہوتا ہوں (یعنی مکہ میں) تو کتنی رکعتیں پڑھوں انہوں نے کہا دو رکعتیں سنت ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی (اوس شخص کے لیے جو مکہ میں سا رہو) الصلوۃ بمنی منا میں قصر کرنے کا بیان عن حارثۃ بن وھب الخزاعی قال صلیت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم بمنی امن ما کان الناس واکثرہ رکعتین

ترجمہ حارثہ بن وہب خزاعی سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ منا میں دو رکعتیں پڑھیں جبکہ لوگ بہت تھے اور سب طرح امن تھا (کسی قسم کا خوف نہ تھا) عن حارثۃ بن وھب قال صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بمنی اکثر ما کان الناس وامنہ رکعتین

ترجمہ حارثہ بن وہب سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منا میں بہت لوگ ہوتے ہوئی اور سب طرح امن ہوتے ہوئے دو رکعتیں پڑھیں عن انس بن مالک انہ قال صلیت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بمنی ومع ابی بکر وعمر رکعتین ومع عثمان رکعتین صدرا من امارتہ

ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اور ابو بکر اور عمر کے ساتھ اور عثمان کے ساتھ ان کے

شروع خلافت میں منا میں دو رکعتیں پڑھیں عن عبداللہ قال صلیت بمنی مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رکعتین ترجمہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ منا میں دو رکعتیں پڑھیں عن عبدالرحمن بن یزید قال صلی عثمان بمنی اربعا حتی بلغہ ذلک عبداللہ فقال لقد صلیت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رکعتین ترجمہ عبدالرحمان بن یزید سے روایت ہے عثمان نے منا میں چار رکعتیں پڑھیں یہ خبر عبداللہ بن مسعود کو پہونچی انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دو رکعتیں پڑھیں عن ابن عمر قال صلیت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم بمنی رکعتین ومع ابی بکر رکعتین ومع عمر رکعتین ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ منا میں دو رکعتیں پڑھیں اور ابوبکر صدیق کے ساتھ دو رکعتیں اور عمر فاروق کے ساتھ بھی دو رکعتیں عن عبداللہ بن محمد قال صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بمنی رکعتین وصلاہا عمر رکعتین وصلاہا عثمان صدرا من خلافتہ ترجمہ عبداللہ بن محمد سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منا میں دو رکعتیں پڑھیں اور ابوبکر صدیق نے بھی دو رکعتیں پڑھیں اور عمر نے بھی دو رکعتیں پڑھیں اور عثمان نے بھی شروع خلافت میں دو پڑھیں (پھر چار پڑھنے لگے اسوجہ سے کہ وہ بنیت اقامت کی کرتے تھے یہ حکمین اور بعضوں نے کہا انہوں نے وہاں نکاح کر لیا تھا واللہ اعلم) المقام الذی یقصر بمثلہ الصلوٰۃ کتنے دن کی اقامت تک قصر کرنا چاہیے عن انس بن مالک قال خرجنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من المدینۃ الی مکۃ فکان یصلی رکعتین رکعتین حتی رجعنا قلت هل اقام بمکۃ قال نعم اقمنا بها عشرا ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے مدینہ سے مکہ کیطرف تو آپ دو رکعتیں پڑھتے تھے یہانتک کہ لوٹے ہم ابو اسحاق نے کہا میں نے انس سے پوچھا کیا آپ کچھ دن ٹھہرے تھے مکہ میں انس نے کہا ہاں ہم وہاں دس دن تک رہے تھے عن ابن عباس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اقام بمکۃ خمس عشرۃ یصلی رکعتین رکعتین ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکے میں پندرہ دن تک رہے دو دو رکعتیں پڑھتے رہے عن العلاء بن الحضرمی یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یمکث المهاجر بعد قضاء نسکہ ثلثا ترجمہ علاء بن حضرمی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (جب مکہ میں تشریف لیگئے حج کرنیکو) جو شخص مکے سے ہجرت کر چکا ہے وہ جب کہ ارکان حج سے کر لے تین دن تک رہے عن العلاء بن الحضرمی قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم یمکث المهاجر بمکۃ بعد نسکہ ثلثا ترجمہ علاء بن حضرمی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہجرت کر چکا ہے وہ حج کے ارکان پورے کر کے مکے میں تین دن تک رہے عن عائشۃ انها اعتمرت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من المدینۃ الی مکۃ حتی اذا قدمت مکۃ قالت یا رسول اللہ بابی انت وامی قصرت واتممت وافطرت وصمت قال احسنت یا عائشۃ وما عاب علی ترجمہ ام المومنین عائشہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے عمرہ کیا رسول اللہ صلے

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ سے مکے کو گئیں جب مکے پہونچیں تو کہنے لگیں یا رسول اللہ میری ماں باپ آپ پر قربان ہوں میں نے نماز میں قصر کیا اور پوری بھی پڑھی اور فطر بھی کیا اور روزہ بھی کہہ آپ نے فرمایا اچھا کیا تو نے اے عائشہ اور کچھ عیب نہیں کیا ہم کہتے ہیں حدیث سے معلوم ہوا کہ مسافر میں نماز کو تمام کرنا بھی سنت ہے جیسے شافعی اور مالک رح کا قول ہے اور بعض شافعیہ کے نزدیک اتمام افضل ہے لیکن اکثر کے نزدیک قصر افضل ہے اور ابو حنیفہ کے نزدیک قصر واجب ہے اور اتمام درست نہیں ہے **ترک التطوع فی السفر** سفر میں نفل نہ پڑھنا **عن** وبرۃ بن عبد الرحمن قال کان ابن عمر لا یزید فی السفر علی رکعتین لا یصلی قبلھا ولا بعدھا فقیل لہ ما ھذا قال ھکذا رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصنع ترجمہ وبرہ بن عبد الرحمن سے روایت ہے عبد اللہ بن عمر سفر میں دو رکعت فرض سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے نہ فرض سے پہلے سنت پڑھتے نہ فرض کے بعد ایک شخص نے پوچھا یہ کیا ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا ہی کرتے دیکھا ہے **عن** حفص بن عاصم قال کنت مع ابن عمر فی سفر فصلی الظھر والعصر رکعتین ثم انصرف فرأی قوما یسبحون فقال ما یصنع ھؤلاء قلت یسبحون قال لو کنت مسبحا لاتممت صلاتی قلت فما یمنعک وقد صحبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فکان لا یزید فی السفر علی رکعتین وابا بکر حتی قبض وعمر وعثمان رضی اللہ عنھم کذلک ترجمہ حفص بن عاصم سے روایت ہے میں عبد اللہ بن عمر کے ساتھ تھا ایک سفر میں انہوں نے ظہر اور عصر کی دو دو رکعتیں پڑھیں پھر اپنے ڈیرے میں چلے گئے لوگوں کو دیکھا نماز پڑھ رہے ہیں تو پوچھا یہ لوگ کیا کرتے ہیں میں نے کہا نفل پڑھتے ہیں (یعنی سنتیں) عبد اللہ بن عمر نے کہا اگر میں فرض سے پہلے یا بعد نفل پڑھتا تو فرض ہی کو پورا کرتا (قصر کیوں کرتا) میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا انہوں کی وفات تک اور عمر و عثمان کے ساتھ تھا انہوں نے اللہ دان سے انہوں نے بھی ایسا ہی کیا **ف** یعنی معمولی سنتیں سفر میں کبھی نہ پڑھتا تھا لیکن مطلق نوافل سفر میں پڑھنا ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے ثابت ہے اور کئی حدیثوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے **کتاب الکسوف** گہن کا بیان **کسوف القمر والشمس** چاند گہن اور سورج گہن کا بیان **عن** ابی بکرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الشمس والقمر آیتان من آیات اللہ تعالی لا ینکسفان لموت احد ولا لحیوتہ ولکن اللہ عز وجل یخوف بھما عبادہ ترجمہ ابو بکرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورج اور چاند دو نشانیاں ہیں اللہ کی اوسکی نشانیوں میں سے کسی کے مرنے یا جینے کی وجہ سے گہن نہیں لگتا لیکن اللہ جل جلالہ ڈراتا ہے اوسکی وجہ سے اپنے بندوں کو **ف** کہ اتنی بڑی بڑی جسم اور ایسی مضبوط تسخیر کے قابل ہیں پس انسان ضعیف البنیان کی کیا بساط ہے چاند کو دیکھو اوسکا قطر دو ہزار ایک سو آٹھ میل کا ہے اور آفتاب کا قطر سات لاکھ بیاسی ہزار میل کا۔ آفتاب اوس زمین سے جسپر ہم بستے ہیں کئی ہزار حصہ بڑا ہے کیونکہ زمین کا قطر آٹھ ہزار میل کے قریب ہے **التسبیح والتکبیر** **والدعاء عند کسوف الشمس** جب آفتاب میں گہن لگے تو تسبیح اور تکبیر کہنا اور دعا مانگنا **عن** عبد الرحمن بن سمرۃ قال بینما انا اترامی بأسھم لی بالمدینۃ اذا الکسفت

الشمس فجمعت انتبي وصلت لا اظنك ما احدثته رسول الله صلى الله عليه وسلم في كسوف
الشمس فاتيته مما يلي ظهره وهو في المسجد فصل بهم ركعتين ويدعو حتى حسر عنها قال
ثم قام فصلى ركعتين واربع سجدات ترجمہ عبدالرحمن بن سمرہ سے روایت ہے میں پانچ تیروں سے کمان لے کر
مدینہ میں آفتاب کو گہن لگا میں نے پانچ تیروں کو اکٹھا کیا اور کہا دیکھوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا
نئی بات کی ہے آفتاب کے گہن میں میں آپ پاس آیا آپ کے پیٹ کیطرف سے آپ مسجد میں تھے تسبیح اور تکبیر کہہ رہے تھے اور دعا
مانگ رہے تھے یہانتک کہ آفتاب صاف ہو گیا پھر آپ کھڑے ہوئے اور دو رکعتیں پڑھیں اور چار سجدے کیے ف ظاہر
حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نماز ہی بعد آفتاب صاف ہو جانے کے حالانکہ گہن کی نماز بعد صاف ہو جانیکے درست نہیں
تو مراد یہ ہے کہ عبدالرحمن نے آپ کو نماز ہی میں کھڑا پایا اور تسبیح اور تکبیر آپ نماز ہی میں کہہ رہے تھے جیسے مسلم کی ایک روایت
میں ہے فاتيته وهو قائم في الصلوة رافع يديه فجعل يسبح ويحمد ويهلل ويكبر ويدعو اور
بعضوں نے کہا کہ دو رکعتیں الگ نہیں سو نماز کسوف کے بطور شکر کسوف کے آفتاب کے صاف ہو جانے پر واللہ اعلم

باب الأمر بالصلوة عند كسوف الشمس جب آفتاب میں گہن ہو تو نماز پڑھنے کا حکم عن عبدالله
بن عمر عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان الشمس والقمر لا يخسفان لموت احد ولا لحيوته
ولكنهما اية من اٰيات الله تعالى فاذا رايتموهما فصلوا ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورج اور چاند میں کسی کے مرنے یا جینے کی لئے گہن نہیں ہوتا بلکہ یہ ایک نشانی ہے اللہ کی نشانیوں
میں سے جب تم اوسکو دیکھو تو نماز پڑھو **باب الأمر بالصلوة عند كسوف القمر** چاند گہن کے وقت نماز پڑھنے
کا حکم عن ابي مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الشمس والقمر لا يخسفان
لموت احد ولا لحيوته اٰيتان من اٰيات الله عز وجل فاذا رايتموهما فصلوا ترجمہ ابومسعود سے روایت ہے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورج اور چاند کسی کے مرنے کے لئے نہیں گہناتے وہ دونو نشانیاں ہیں اللہ جل جلالہ
کی نشانیوں میں سے جب تم اوسکو دیکھو تو نماز پڑھو **باب الأمر بالصلوة عند الكسوف حتى تجلى** جب آفتاب
میں گہن ہو تو یہانتک نماز پڑھے کہ آفتاب صاف ہو جاوے عن ابي بكرة قال قال رسول الله صلى الله عليه
وسلم ان الشمس والقمر اٰيتان من اٰيات الله وانهما لا يخسفان لموت احد ولا لحيوته فاذا
رايتم ذلك فصلوا حتى تجلى ترجمہ ابوبکرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورج اور چاند دونو
اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں اور وہ کسی کے مرنے یا جینے کی لئے نہیں گہناتے جب تم اوسکو گہناتے دیکھو تو نماز پڑھو
یہانتک کہ آفتاب صاف ہو جاوے عن ابي بكرة قال كنا جلوسا عند النبي صلى الله عليه وسلم فكسفت
الشمس فوثب يجر ثوبه فصلى ركعتين حتى انجلت ترجمہ ابوبکرہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم کے پاس مسجد ہی تھی اتنے میں آفتاب میں گہن لگا آپ جلدی اٹھے اپنا کپڑا گھسیٹتے ہوئے اور دوڑ کر تین جگہ میں کھڑے ہوئے تک کہ آفتاب صاف ہو گیا **باب** الامر بالنداء لصلوٰۃ الکسوف سورج گہن کی نماز کے لیے لوگوں کو پکارنا

عن عائشۃ قالت خسفت الشمس علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فامر النبی صلی اللہ علیہ وسلم منادیا ینادی فنادی ان الصلوٰۃ جامعۃ فاجتمعوا واصطفوا فصلی رکعتین فی رکعۃ وأربع سجدات ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے سورج گہن ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں آپ نے حکم دیا ایک پکارنے والے کو وہ پکارا کہ نماز کے لیے جمع ہو جاؤ سب لوگ جمع ہو گئے اور صفیں باندھیں آپ دو رکعتیں پڑھیں چار رکوع اور چار سجدہ دن میں **باب** الصفوف فی صلوٰۃ الکسوف سورج گہن کی نماز میں صفیں باندھنا

عن عائشۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم قالت کسفت الشمس فی حیاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فخرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی المسجد فقام فکبر وصف الناس وراءہ فاقترأ قراءۃ طویلۃ ثم کبر فرکع رکوعا طویلا ثم رفع رأسہ فقال سمع اللہ لمن حمدہ ربنا ولک الحمد فقام وکبر وصف الناس وراءہ فاستکمل أربع رکعات وأربع سجدات وانجلت الشمس قبل أن ینصرف ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے آفتاب کو گہن لگا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں تو آپ نکلے مسجد کی طرف اور کھڑے ہو کر تکبیر کہی اور سب لوگوں نے آپ کے پیچھے صفیں باندھیں آپ نے چار رکوع اور چار سجدے کیے اور آفتاب صاف ہو گیا آپ کے فارغ ہونے سے پہلے **صفۃ** صلوٰۃ الکسوف گہن کی نماز کیونکر پڑھنا چاہیے

عن ابن عباس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلی الکسوف الشمس ثمانی رکعات وأربع سجدات وقال علی مثل ذلک ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج گہن کی نماز میں آٹھ رکوع کیے ہر رکعت میں چار رکوع) اور چار سجدے کیے۔ علما نے بھی ابن عباس سے ایسا ہی روایت کیا

عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ صلی فی کسوف فقرأ ثم رکع ثم قرأ ثم رکع ثم قرأ ثم رکع ثم قرأ ثم رکع ثم سجد والأخری مثلہا ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج گہن کی نماز پڑھائی تو قراءت کی پھر رکوع کیا پھر قراءت کی پھر رکوع کیا پھر قراءت کی پھر رکوع کیا پھر قراءت کی پھر رکوع کیا پھر سجدہ کیا اور دوسری رکعت میں بھی ایسا ہی کیا **نوع آخر** من صلوٰۃ الکسوف

عن ابن عباس ابن عباس سے دوسری طرح سورج گہن کے نماز کی روایت عن عبد اللہ بن عباس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلی یوم کسفت الشمس أربع رکعات فی رکعتین وأربع سجدات ترجمہ عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس دن سورج گہن ہوا چار رکوع کیے دو رکعتوں میں اور چار سجدے (تو ہر رکعت میں دو رکوع کیے) **نوع آخر** من صلوٰۃ الکسوف ایک اور طرح سورج گہن کی نماز

عن عطاء قال سمعت عبید بن عمیر یحدث قال سمعت من أصدق فظننت انہ یرید عائشۃ انہا قالت کسفت الشمس علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقام بالناس قیاما شدیدا یقوم قیاما ثم رکع رکوعا ثم یقوم

ثُمَّ يَرْكَعُ ثُمَّ يَقُومُ ثُمَّ يَرْكَعُ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ ثَلَاثَ رَكَعَاتٍ رَكَعَ الثَّالِثَةَ ثُمَّ سَجَدَ حَتَّى إِنَّ رِجَالًا يَوْمَئِذٍ يُغْشَى عَلَيْهِمْ حَتَّى إِنَّ يَسَارَ الْمَاءِ لَتُصِيبُ عَلَيْهِمْ مِمَّا قَامَ بِهِمْ يَقُولُ إِذَا رَكَعَ اللَّهُ أَكْبَرُ وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَلَمْ يَنْصَرِفْ حَتَّى انْجَلَتِ الشَّمْسُ فَقَامَ فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ وَقَالَ إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ وَلَكِنَّ إِيَّاهُمَا مِنْ آيَاتِ اللَّهِ يُخَوِّفُ بِهِمَا فَإِذَا كَسَفَا فَافْزَعُوا إِلَى ذِكْرِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ حَتَّى يُنْجَلِيَا ترجمہ عطا سے روایت ہے میں نے عبید بن عمیر سے سنا انہوں نے کہا مجھے حدیث بیان کی اوس شخص نے جسکو میں سچا جانتا ہوں میرا گمان ہے کہ مراد اوس کی حضرت عائشہ تھیں انہوں نے کہا سورج گہن ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں آپ لوگوں کو لیکر بڑی دیر تک کھڑے رہے کھڑے ہوتے ہی پھر رکوع کرتے تھے پھر کھڑے ہوتے تھے پھر رکوع کرتے تھے پھر کھڑے ہوتے تھے پھر رکوع کرتے تھے تو دو رکعتیں پڑھیں ہر رکعت میں تین رکوع کیئے تیسری رکوع کے بعد سجدہ کیا یہانتک کہ بعض لوگوں کو غش آگیا اور اون پر پانی کے ڈول ڈالے گئے کھڑے کھڑے (یا خوف سے) آپ جب رکوع کرتی تھے تو فرماتے تھے اللہ اکبر اور جب سر اوٹھاتے تو فرماتے سمع اللہ لمن حمدہ پھر آپ نہیں فارغ ہوئے نماز سے یہانتک کہ سورج صاف ہوگیا اوسوقت آپ کھڑے ہوئے اور اللہ کی تعریف کی اور فرمایا بیشک سورج اور چاند کسی کے موت سے کیلئے نہیں گہناتے وہ تو اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں تم کو ڈراتا ہے اونکی وجہ سے تو جب گہن لگے اون میں تو اللہ کی یاد کیلئے یہانتک کہ صاف ہوجاوے عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى سِتَّ رَكَعَاتٍ فِي أَرْبَعِ سَجَدَاتٍ فَعَلَ ذَلِكَ بَعْدَ أَنْ قَضَى صَلَاتَهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَشْهَدُ وَلَا مِرْيَةَ ترجمہ ام المومنین عائشہ فرماتی ہیں رسول صلعم نے چھ رکوع کیے چار سجدوں میں یہ کیا

نَحْوَ حَدِيثِهِ عَنْ عَائِشَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَسَفَتِ الشَّمْسُ فِي حَيَاةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ فَكَبَّرَ وَصَفَّ النَّاسُ وَرَاءَهُ فَقَرَأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِرَاءَةً طَوِيلَةً ثُمَّ كَبَّرَ فَرَكَعَ رُكُوعًا طَوِيلًا ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ فَقَرَأَ ثُمَّ قَامَ فَقَرَأَ قِرَاءَةً طَوِيلَةً هِيَ أَدْنَى مِنَ الْقِرَاءَةِ الْأُولَى ثُمَّ كَبَّرَ فَرَكَعَ رُكُوعًا طَوِيلًا هِيَ أَدْنَى مِنَ الرُّكُوعِ الْأَوَّلِ ثُمَّ قَالَ سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ ثُمَّ سَجَدَ ثُمَّ فَعَلَ فِي الرَّكْعَةِ الْأُخْرَى مِثْلَ ذَلِكَ فَاسْتَكْمَلَ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ وَأَرْبَعَ سَجَدَاتٍ وَانْجَلَتِ الشَّمْسُ قَبْلَ أَنْ يَنْصَرِفَ ثُمَّ قَامَ فَخَطَبَ النَّاسَ فَأَثْنَى عَلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ تَعَالَى لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ فَإِذَا رَأَيْتُمُوهَا فَصَلُّوا حَتَّى يُفْرَجَ عَنْكُمْ وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَيْتُ فِي مَقَامِي هَذَا كُلَّ شَيْءٍ وُعِدْتُهُ لَقَدْ رَأَيْتُمُونِي أَرَدْتُ أَنْ أَخُذَ قِطْفًا مِنَ الْجَنَّةِ حِينَ رَأَيْتُمُونِي جَعَلْتُ أَتَقَدَّمُ وَلَقَدْ رَأَيْتُ جَهَنَّمَ يَحْطِمُ بَعْضُهَا بَعْضًا حِينَ رَأَيْتُمُونِي تَأَخَّرْتُ وَرَأَيْتُ فِيهَا ابْنَ لُحَيٍّ وَهُوَ الَّذِي سَيَّبَ السَّوَائِبَ ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں آفتاب کو گہن لگا آپ کھڑے ہوئے اور تکبیر کہی لوگوں نے آپ کو پیچھے

صف باندھی پہلے آپ نے ایک بڑی لمبی چوڑی قرات کی پھر تکبیر کہی اور رکوع کیا ایک لمبا رکوع پھر سر اوٹھایا اور فرمایا سمع اللہ لمن حمدہ ربنا ولک الحمد پھر قرات شروع کی تو ایک لمبی چوڑی قرات کی لیکن پہلے سے کچھ کم پھر تکبیر کہی اور رکوع کیا ایک لمبا رکوع لیکن پہلے رکوع سے کچھ کم پھر فرمایا سمع اللہ لمن حمدہ ربنا لک الحمد پھر سجدہ کیا پھر دوسری رکعت میں بھی ایسا ہی کیا تو چار رکوع کئے اور چار سجدے اور آفتاب صاف ہو گیا آپ کے فارغ ہونے سے پہلے پھر کھڑی ہوئی سو آپ نے خطبہ سنایا لوگوں کو پہلے اللہ کی تعریف کی جیسی لائق ہے اوسکو پھر فرمایا سورج اور چاند دونوں اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں کسی کی موت یا زیست کے لئے ان میں گہن نہیں لگتا جب تم ایسا دیکھو تو نماز پڑھو یہاں تک کہ اللہ دور کرے اوسکو تم سے آپ نے فرمایا میں نے اسجگہ سب چیزیں دیکھ لیں جسکا تم کو وعدہ ہوا ہے تم نے دیکھا میں نے چاہا کہ جنت کے میووں میں سے ایک گچھا تو لوں جب تم نے دیکھا میں آگے بڑھا تھا اور میں نے جہنم کو دیکھا وہ اوٹ پٹ رہا تھا (جیسے سمندر موج مارتا ہے) اور میں نے جہنم میں عمرو بن لحی کو دیکھا اوسی نے سب سے پہلے سایبہ زکالا ف جسکا ذکر کلام اللہ میں ہے وہ یہ ہے کہ جب کوئی شخص بحیرہ لایا اوسکا کوئی مقصود پورا ہوتا تو اپنی اونٹنی کا سایبہ کر دیتا یعنی وہ چھٹی پھرتی نہ اوس پر سواری ہوتی نہ اوسکا دودھ دوہتے

عن عائشۃ قالت خسفت الشمس علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقام فصلی بالصلوٰۃ جامعۃ فاجتمع الناس فصلی بہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اربع رکعات فی رکعتین واربع سجدات

ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ گہن ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تو آواز دی گئی کہ نماز جماعت ہوگی لوگ جمع ہوئے آپ نے نماز پڑھائی دو رکعتیں پڑھیں دو میں چار رکوع کئے اور چار سجدے

عن عائشۃ قالت خسفت الشمس فی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالناس فقام فاطال القیام ثم رکع فاطال الرکوع ثم قام فاطال القیام ثم رکع فاطال الرکوع ثم قام فاطال القیام وھو دون القیام الاول ثم رکع فاطال الرکوع وھو دون الرکوع الاول ثم رفع فسجد ثم فعل ذلک فی الرکعۃ الاخری مثل ذلک ثم انصرف وقد انجلت الشمس فخطب الناس فحمد اللہ واثنی علیہ ثم قال ان الشمس والقمر ایتان من ایات اللہ لا یخسفان لموت احد ولا لحیوتہ فاذا رایتم ذلک فادعوا اللہ عز وجل وکبروا وصلوا وتصدقوا ثم قال یا امۃ محمد واللہ ما من احد اغیر من اللہ عز وجل ان یزنی عبدہ او تزنی امتہ یا امۃ محمد واللہ لو تعلمون ما اعلم لضحکتم قلیلا ولبکیتم کثیرا

ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے سورج گہن ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں آپ نماز پڑھائی تو کھڑی ہوئے بڑی دیر تک پھر رکوع کیا بڑی دیر تک پھر کھڑی ہوئی بڑی دیر تک لیکن پہلے سے کچھ کم پھر رکوع کیا بڑی دیر تک لیکن پہلے رکوع سے کچھ کم پھر سر اوٹھایا اور سجدہ کیا پھر دوسری رکعت میں بھی ایسا ہی کیا بعد اوس کے فارغ ہوئی تو آفتاب صاف ہو گیا تھا آپ خطبہ سنایا لوگوں کو اللہ کی تعریف اور ثنا کی پھر فرمایا سورج اور چاند دونوں نشانیوں میں اللہ کی نشانیوں میں سے کسی کی موت یا زیست کے لیے

ان میں گہن نہیں لگتا جب تم دیکھو ان میں گہن لگا ہے تو دعا مانگو اللہ جل جلالہ سے اور تکبیر کہو اور صدقہ دو پھر فرمایا
اے امت محمد کی اللہ سے زیادہ کوئی غیرت والا نہیں ہے اس بات پر کہ اوسکا غلام یا اوسکی لونڈی زنا کری یعنی اگر تم میں
سے کسیکا غلام یا لونڈی زنا کرے تو کسقدر غیرت تم کو ہوگی پھر خدا تو سب سے زیادہ غیرت مند ہے اوسکو تمہارا زنا کرنا کتنا
برا معلوم ہوگا اے امت محمد کی قسم ہے اللہ کی اگر تم کو اوتنا علم ہو جتنا میں جانتا ہوں تو تم بہت کم ہنسو اور بہت رویا کرو عن
عائشۃ ان یہودیۃ اتتہا فقالت اجارک اللہ من عذاب القبر قالت عائشۃ یا رسول اللہ ان
الناس لیعذبون فی القبور فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عاذا باللہ قالت عائشۃ ثم ان
النبی صلی اللہ علیہ وسلم خرج خرجا فخسف الشمس فخرجنا الی الحجرۃ فاجتمع الینا نساء و اقبل
الینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وذلک ضحوۃ فقام قیاما طویلا ثم رکع رکوعا طویلا ثم رفع
رأسہ فقام دون القیام الاول ثم رکع دون رکوعہ ثم سجد ثم قام الثانیۃ فصنع مثل ذلک
الا ان رکوعہ و قیامہ دون الرکعۃ الاولی ثم سجد والجلت الشمس فلما انصرف قعد علی المنبر
فقال فیما یقول ان الناس یفتنون فی قبورھم کفتنۃ الدجال قالت عائشۃ کنا نسمعہ بعد
ذلک یتعوذ من عذاب القبر ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے ایک عورت یہودی اون کے پاس آئی اور کہنے لگی
اللہ تم کو قبر کے عذاب سے بچاوے حضرت عائشہ نے کہا یا رسول اللہ کیا لوگون کو قبر میں بھی عذاب ہوگا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا پناہ مانگتا ہون میں اللہ کی قبر کے عذاب سے حضرت عائشہ نے کہا پھر آپ کہیں باہر نکلی اتنے میں سورج کو
گہن لگا ہم سب حجرہ میں چلی آئی اور عورتیں ہمارے پاس اکٹھا ہوگئیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اوس وقت
پھر دن چڑھا ہوگا آپ بڑی دیر تک کھڑے رہے رکوع کیا بڑی دیر تک پھر سر اوٹھایا اور کھڑے رہے لیکن پہلے سے کچھ کم پھر رکوع
کیا لیکن پہلے رکوع سے کچھ کم پھر سجدہ کیا پھر دوسری رکعت کے لئے کھڑے ہوئے اوس میں بھی ایسا ہی کیا لیکن رکوع اور قیام
اوسکا پہلی رکعت سے کم تھا پھر سجدہ کیا اور سورج صاف ہوگیا جب نماز سے فارغ ہوئے تو منبر پر بیٹھے اور فرمایا لوگ قبر میں ایسی
آزمائے جاوینگے جیسے دجال کے سامنے آزمائے جاوینگے حضرت عائشہ نے کہا اوس دن سے ہم سنتے ہیں آپ پناہ مانگا کرتے تھے اللہ کے
قبر کے عذاب سے عن عائشۃ تقول جاءتنی یہودیۃ تسألنی فقالت اعاذک اللہ من عذاب القبر فلما جاء
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قلت یا رسول اللہ ایعذب الناس فی القبور قال عاذا باللہ فرکب
مرکبا یعنی فانخسفت الشمس فکنت بین الحجر مع نسوۃ فجاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من مرکبہ
فاتی مصلاہ فصلی بالناس فقام فاطال القیام ثم رکع فاطال الرکوع ثم رفع رأسہ فاطال القیام ثم
رکع فاطال الرکوع ثم رفع رأسہ فاطال القیام ثم سجد فاطال السجود ثم قام قیاما ایسر من قیامہ
الاول ثم رکع ایسر من رکوعہ الاول ثم رفع رأسہ فقام ایسر من قیامہ الاول ثم رکع ایسر من رکوعہ

الاوّل ثم رفع راسه فقام اطول من قیامه الاوّل فکانت اربع رکعات واربع سجدات وانجلت الشمس فقال انکم تفتنون فی القبور کفتنة الدجال قالت عائشة فسمعته یقول ذلک یتعوذ من عذاب القبر ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے میرے پاس ایک یہودی عورت آئی اور کہنے لگی اللہ تم کو قبر کے عذاب سے بچاوے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے میں نے کہا یا رسول اللہ کیا لوگوں کو قبر میں بھی عذاب ہوگا آپ نے فرمایا پناہ اللہ کی پھر آپ سوار ہوگئے اور سورج کو گہن لگا میں حجروں میں عورتوں کے ساتھ بیٹھی تھی آخر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سواری سے اترے اور نماز پڑھنے کی جگہ میں گئے آپ نے لوگوں کے ساتھ نماز پڑھنی شروع کی تو کھڑے ہوئے بڑی دیر تک پھر رکوع کیا بڑی دیر تک پھر سر اوٹھایا اور کھڑے رہے بڑی دیر تک پھر رکوع کیا بڑی دیر تک پھر سر اوٹھایا اور کھڑے رہے بڑی دیر تک پھر سجدہ کیا بڑی دیر تک پھر کھڑے ہوئے لیکن پہلی رکعت کے قیام سے کم پھر رکوع کیا پہلی رکعت کے رکوع سے کم پھر سر اوٹھایا اور کھڑے ہوئے پہلی رکعت کے قیام سے کم پھر رکوع کیا پہلی رکعت کے رکوع سے کم تو سب چار رکوع ہوئے اور چار سجدے اتنے میں آفتاب صاف ہوگیا آپ نے فرمایا قبر میں تمہاری آزمایش ہوگی جیسے دجال کی سامنے آزمایش ہوگی حضرت عائشہ نے کہا پھر میں نے سنا آپ سے آپ پناہ مانگا کرتے تھے قبر کے عذاب سے عن عائشة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم صلی فی کسوف فی صفة رضم اربع رکعات فی اربع سجدات ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سو بہ گہن کی نماز پڑھی زنرم کے پاس (وادی کے کنارے میں) اوس میں چار رکوع کیے اور چار سجدے عن جابر قال کسفت الشمس علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم فی یوم شدید الحر فصلی رسول الله صلی الله علیه وسلم باصحابه فاطال القیام حتی جعلوا یخرون ثم رکع فاطال ثم رفع فاطال ثم رکع فاطال ثم رفع فاطال ثم سجد سجدتین ثم قام فصنع نحوا من ذلک وجعل یتقدم ثم تاخر وکانت اربع رکعات واربع سجدات کانوا یقولون ان الشمس والقمر لا ینخسفان لموت عظیم من عظماء الناس وانهما ایتان من ایات الله یریکموهما فاذا انخسفت فصلوا حتی تنجلی ترجمہ جابر سے روایت ہے سو بہ گہن ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں بڑی گرمی کے دنوں میں آپ اپنی اصحاب کے ساتھ نماز پڑھی تو بہت دیر تک کھڑے رہے یہاں تک کہ لوگ گرنے لگے پھر آپ نے رکوع کیا بڑی دیر تک پھر سر اوٹھایا بڑی دیر تک پھر رکوع میں بڑی دیر تک پھر سر اوٹھایا بڑی دیر تک پھر دو سجدے کیے پھر کھڑے ہوئے اور دوسری رکعت میں بھی ایسا ہی کیا آپ آگے بڑھتے تھے پھر ہٹتے تھے ساری نماز میں چار رکوع اور چار سجدے کیے آپ نے فرمایا کہ لوگ کہتے تھے سورج اور چاند میں گہن نہیں لگتا مگر کسی بڑے آدمی کے مرنے کو لیکن حالانکہ ان دونوں کا گہن اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں جب ایسا ہو تو نماز پڑھو یہاں تک کہ سورج یا چاند صاف ہو جاوے **نوع آخر** ایک اور طرح گہن کی نماز عن عبد الله بن عمرو قال خسفت الشمس علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم فقام فنودی الصلوة جامعة فصلی رسول الله

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ رَكْعَتَيْنِ وَسَجْدَةً ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ وَسَجْدَةً قَالَتْ عَائِشَةُ مَا رَكَعْتُ رُكُوعًا قَطُّ وَلَا سَجَدْتُ سُجُودًا قَطُّ كَانَ أَطْوَلَ مِنْهُ ترجمہ عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے آفتاب میں گہن لگا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں آپ نے حکم دیا منادی ہوئی کہ نماز جماعت ہوگی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکوع کیے اور ایک سجدہ پھر کھڑی ہوئی اور دو رکوع کیے اور ایک سجدہ حضرت عائشہ نے کہا میں نے کبھی اتنا لمبا رکوع نہیں کیا اور نہ کبھی اتنا لمبا سجدہ کیا (امام نسائی نے کہا کہ اس حدیث کو مروان نے معاویہ بن سلام سے روایت کیا اور اوس کی مخالفت کی محمد بن حمیر نے جیسا کہ آگے ابن حمیر کی روایت مذکور ہوتی ہے عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ كَسَفَتِ الشَّمْسُ فَرَكَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ وَسَجْدَتَيْنِ ثُمَّ قَامَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ وَسَجْدَتَيْنِ ثُمَّ جَلَّى عَنِ الشَّمْسِ وَكَانَتْ عَائِشَةُ تَقُولُ مَا سَجَدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُجُودًا وَلَا رَكَعَ رُكُوعًا أَطْوَلَ مِنْهُ ترجمہ عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے آفتاب میں گہن لگا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (نماز پڑھی اوسمیں پہلی رکعت میں) دو رکوع کیے اور دو سجدے پھر کھڑی ہوئی اور دو رکوع کیے اور دو سجدے پھر آفتاب صاف ہو گیا حضرت عائشہ کہتی تھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی سجدہ اور رکوع اوس سے زیادہ لمبا نہیں کیا (خلاف کیا ابن حمیر کا علی بن مبارک نے اوسکی روایت آگے آتی ہے عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهُ لَمَّا كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُودِيَ أَنَّ الصَّلَاةَ جَامِعَةٌ فَقَامَ فَاطَالَ الْقِيَامَ فِي صَلَاتِهِ قَالَتْ عَائِشَةُ فَجِئْتُ فِرَاسُودَةَ الْبِقْرَةِ ثُمَّ رَكَعَ فَاطَالَ الرُّكُوعَ ثُمَّ قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ ثُمَّ قَامَ مِثْلَ مَا قَامَ وَلَمْ يَسْجُدْ ثُمَّ رَكَعَ فَيَسْجُدُ ثُمَّ قَامَ فَصَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعَ رَكْعَتَيْنِ وَسَجَدَ ثُمَّ جَلَسَ وَجُلِّيَ عَنِ الشَّمْسِ ترجمہ ام المومنین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے سورج گہن ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں آپ نے وضو کیا اور حکم کیا تو پکارا گیا کہ نماز جماعت سے ہونیوالی ہے پھر آپ کھڑی ہوئی اور دیر تک کھڑی رہی نماز میں میں سمجھتی ہوں کہ آپ نے سورہ بقر پڑھی ہوگی پھر رکوع کیا تو دیر تک رکوع میں رہی پھر سمع اللہ لمن حمدہ کہا اور اتنی ہی دیر تک کھڑی رہی جتنی دیر تک رکوع کیا پھر سجدہ نہیں کیا پھر رکوع کیا پھر سجدے میں گئی پھر کھڑی ہو کر ایسا ہی کیا یعنی دو رکوع کیے پھر سجدہ کیا بعد اوسکے دیکھا تو سورج صاف ہو گیا تھا فَرَجَعَ أَحْمَدُ ایک اور طرح سے گہن کی نماز عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الصَّلَاةِ وَقَامَ الَّذِينَ مَعَهُ فَقَامَ قِيَامًا فَاطَالَ الْقِيَامَ ثُمَّ رَكَعَ فَاطَالَ الرُّكُوعَ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ وَسَجَدَ فَاطَالَ السُّجُودَ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ وَجَلَسَ فَاطَالَ الْجُلُوسَ ثُمَّ سَجَدَ فَاطَالَ السُّجُودَ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ وَقَامَ فَصَنَعَ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ مِثْلَ مَا صَنَعَ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولَى مِنَ الْقِيَامِ وَالرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ وَالْجُلُوسِ فَجَعَلَ يَنْفُخُ فِي آخِرِ سُجُودِهِ مِنَ الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ وَيَبْكِي وَيَقُولُ لَمْ تَعِدْنِي هٰذَا وَأَنَا فِيهِمْ لَمْ تَعِدْنِي هٰذَا وَنَحْنُ نَسْتَغْفِرُكَ ....

ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ وَانْجَلَتِ الشَّمْسُ فَقَامَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَ النَّاسَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ
إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ فَإِذَا رَأَيْتُمْ كُسُوفَ أَحَدِهِمَا فَاسْعَوْا إِلَى ذِكْرِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ
وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَقَدْ دُنِيَتْ مِنِّي الْجَنَّةُ حَتَّى لَوْ بَسَطْتُ يَدِي لَتَنَاوَلْتُ مِنْ قُطُوفِهَا وَ
لَقَدْ دُنِيَتِ النَّارُ مِنِّي حَتَّى لَقَدْ جَعَلْتُ أَتَّقِيهَا خَشْيَةَ أَنْ تَغْشَاكُمْ حَتَّى رَأَيْتُ فِيهَا امْرَأَةً مِنْ حِمْيَرَ
تُعَذَّبُ فِي هِرَّةٍ رَبَطَتْهَا فَلَمْ تَدَعْهَا تَأْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْأَرْضِ فَلَا هِيَ أَطْعَمَتْهَا وَلَا هِيَ سَقَتْهَا حَتَّى مَاتَتْ
فَلَقَدْ رَأَيْتُهَا تَنْهَشُهَا إِذَا أَقْبَلَتْ وَإِذَا وَلَّتْ تَنْهَشُ لَيْتَهَا وَحَتَّى رَأَيْتُ فِيهَا صَاحِبَ السَّيْبَتَيْنِ يَجُرُّ
بِنَجِّ اللهُ عَدْعٍ يَدْفَعُ بِعَصَاتَيْنِ شُعْبَتَيْنِ فِي النَّارِ وَحَتَّى رَأَيْتُ فِيهَا صَاحِبَ الْمِحْجَنِ الَّذِي كَانَ يَسْرِقُ الْحَاجَّ
بِمِحْجَنِهِ مُتَكَعِّكًا عَلَى مِحْجَنٍ فِي النَّارِ يَقُولُ أَنَا سَارِقُ الْمِحْجَنِ تَرْجَمَهُ عبد اسد بن عمر سے روایت ہے سورج گہن ہوا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے مین آپ نماز کی لئی کہڑے ہوئے اور آپ کے ساتھ جو لوگ تہے وہ بہی کہڑے ہوئے آپ بڑی دیر تک کہڑے
رہے پہر رکوع کیا بڑی دیر تک پہر سر اوٹہایا اور سجدہ کیا بڑی دیر تک پہر سر اوٹہا کر بیٹہے رہے بڑی دیر تک پہر سجدہ کیا بڑی دیر
تک پہر سر اوٹہایا اور کہڑے ہوئے اور دوسری رکعت مین بہی ایسا ہی کیا جیسا پہلی رکعت مین کیا تہا یعنی قیام اور رکوع اور سجود
اور جلوس بہت دیر تک کئی پہر دوسری رکعت کے اخیر سجدے مین آپ ہانپنے لگی اور رونے لگے فرماتے تہے تو نے مجہسے یہ وعدہ نہین
کیا تہا (یعنی عذاب کا) حالانکہ مین ان لوگون مین موجود ہون اور تو خود فرماتا ہے اپنی کلام مین اللہ نہین عذاب کرنیوالا
اون کو جب تو اون مین موجود ہے) تو نے مجہسے یہ وعدہ نہین کیا تہا اور ہم تجہسے بخشش چاہتے ہین اور تو خود فرماتا ہے
اپنی کلام مین اللہ اونکو عذاب کرنیوالا نہین جیسا وہ اپنے گناہون کی بخشش چاہتے ہین) پہر آپ نے سر اوٹہایا تو سورج
صاف ہو گیا تہا اوسوقت آپ کہڑے ہوئے اور لوگون کو خطبہ سنایا اللہ کی تعریف کی پہر فرمایا سورج اور چاند دو اللہ
کی نشانیون مین سے دو نشانیان ہین جب تم دیکہو ان مین گہن لگا ہے تو دوڑو اللہ کی یاد کی طرف قسم ہے اوس شخص کی جسکے ہاتہ
محمد کی جان ہے (یعنی اللہ تعالیٰ کی) جنت مجہسے اتنی قریب کر دی گئی تہی اگر مین ہاتہ پہیلاتا تو اوس کے پہل خوشی لیتا اور جہنم
مجہسے اتنا نزدیک ہو گیا کہ مین اوس سے بچنے لگا مین ڈرتا تہا کہین تمھین ڈبا نہ لیوے مین نے اوسمین حمیر ایک قبیلہ کا نام ہے
کی عورت کو دیکہا جسکو ایک بلی کیوجہ سے عذاب ہو رہا تہا اوس نے بلی کو باندہ دیا تہا پہر نہ چہوڑا اوسکو یہانتک کہ وہ زمین کے
کیڑے مکوڑے کہانے لگے نہ اوسکو کہانا دیا نہ پانی دیا آخر وہ مر گئی (بہوک پیاس سے) مین نے دیکہا وہ بلی اوس عورت کو نوچتی تہی
جب وہ سامنے آتی اور جب پیٹہ پہیرتی تو اوس کے سرین کو نوچتی اور مین نے اوس مین دو جوتیون والیکو دیکہا جو بنی دعدع مین سے
تہا (وہ لوگون کی جوتیان چرا یا کرتا) ایک لکڑی دو شاخی سے مار کر جہنم مین ٹہکیلا جاتا تہا اور مین نے اوسمین عمرو بن لحی کو دیکہا جو جہنم مین
آنتین گھسیٹتا پہرتا تہا (اگر کسیکو معلوم ہو گیا تو کہتا میری لکڑی مین اٹک گیا تہا مین تو بہی بہاگ گیا) وہ اپنی لکڑی
پر تکیہ لگائے کہڑا تہا مین لکڑی کا چور ہون عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

علیہ وسلم قام فصلی للناس فاطال القیام ثم رکع فاطال الرکوع ثم قام فاطال القیام وھو دون
القیام الاول ثم رکع فاطال الرکوع وھو دون الرکوع الاول ثم سجد فاطال السجود ثم رفع ثم سجد
فاطال السجود وھو دون السجود الاول ثم قام فصلی رکعتین وفعل فیھما مثل ذلک ثم سجد سجدتین
یفعل فیھما مثل ذلک حتی فرغ من صلوتہ ثم قال ان الشمس والقمر ایتان من ایات اللہ وانھما
لا ینکسفان لموت احد ولا لحیوتہ فاذا رایتم ذلک فافزعوا الی ذکر اللہ عزوجل والی الصلوۃ

ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے سو بے گہن ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں آپ کھڑے ہوئے اور نماز پڑھائی بڑی دیر تک قیام کیا پھر بڑی دیر تک رکوع کیا پھر بڑی دیر تک قیام کیا لیکن پہلے قیام سے کچھ کم پھر بڑی دیر تک رکوع کیا لیکن پہلے رکوع سے کم پھر بڑی دیر تک سجدہ کیا پھر سر اوٹھایا پھر سجدہ کیا بڑی دیر تک لیکن پہلے سجدے سے کم پھر کھڑے ہوئے اور دو رکوع کیے اور ان میں بھی ایسا ہی کیا پھر دو سجدے کیے اور ان میں بھی ایسا ہی کیا یہاں تک کہ نماز سے فارغ ہوئے پھر فرمایا سورج اور چاند اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں کسی کی موت یا زیست کی لیئے اور میں گہن نہیں لگتا جب تم ایسا دیکھو تو اللہ کی یاد کے لیئے دوڑو اور نماز کے لیئے **نوع آخر** ایک اور طرح گہن کے نماز عن ثعلبۃ بن عباد العبدی من اھل البصرۃ انہ شھد خطبۃ یوما لسمرۃ بن جندب فذکر فی خطبتہ حدیثا عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال سمرۃ بن جندب بینا انا یومئذ وغلام من الانصار نرمی غرضین لنا حتی اذا کنا رشقین رشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی اذا کانت الشمس قید رمحین او ثلاثۃ فی عین الناظر من الافق اسودت فقال احدنا لصاحبہ انطلق بنا الی المسجد فوا للہ لیطلعن الشمس الساعۃ علی امر شان ھذہ الشمس لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی امتہ حدثا قال فدفعنا الی المسجد قال فوافینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین خرج الی الناس قال فاستقدم فصلی فقام کاطول قیام ما قام بنا فی صلوۃ قط ما نسمع لہ صوتا ثم رکع بنا کاطول رکوع ما رکع بنا فی صلوۃ قط ما نسمع لہ صوتا ثم سجد بنا کاطول سجود ما سجد بنا فی صلوۃ قط ما نسمع لہ صوتا ثم فعل ذلک فی الرکعۃ الثانیۃ مثل ذلک قال فوافق تجلی الشمس جلوسہ فی الرکعۃ الثانیۃ فسلم فحمد اللہ واثنی علیہ وشھد ان لا الہ الا اللہ وشھد انہ عبد اللہ ورسولہ مختصر

ترجمہ ثعلبہ بن عباد عبدی سے روایت ہے جو بصرہ کا رہنے والا تھا اس نے ایک دن خطبہ سنا سمرہ بن جندب سے اور انہوں نے ایک حدیث بیان کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا اسی دن میں اور ایک لڑکا انصار کا نشانہ لگا رہے تھے (تیر کا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں جب آفتاب دیکھنے والی کی نگاہ میں دو یا تین نیزے برابر بلند ہوا ایکا ایک سیاہ ہو گیا ہم نے ایک دوسرے سے کہا چلو مسجد کو آفتاب کا یہ حال ضرور کوئی نئی بات پیدا کرائیگا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اپنی امت کی لیئے ہم مسجد کو چلے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو نکلتے ہوئے ملے آپ گئے تھے اور نماز پڑھی آپ نے

دیر تک کھڑے رہے جیسی کہ ویسا کسی نماز میں نہیں کھڑے رہے تھے ہم آپ کی آواز نہیں سنتے تھے پھر آپ رکوع کیا اتنا بڑا ویسا رکوع کسی نماز میں کبھی نہیں کیا تھا ہم نے آپکی آواز نہیں سنی پھر سجدہ کیا اتنا بڑا ویسا سجدہ کسی نماز میں کبھی نہیں کیا تھا ہم نے آپ کی آواز نہیں سنی پھر دوسری رکعت میں بھی ایسا ہی کیا جب آپ دوسری رکعت کو بیٹھے تو آفتاب صاف ہو گیا آپ نے سلام پھیرا اور اللہ کی تعریف کی اور اوس کی ثنا بیان کی اور گواہی دی اس بات کی کہ کوئی سچا معبود نہیں ہے سوا اللہ کے اور گواہی دی اس بات کی کہ میں اللہ کا بندہ اور بھیجا ہوا ہوں حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ بَشِيرٍ قَالَ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ يَجُرُّ ثَوْبَهُ فَزِعًا حَتَّى أَتَى الْمَسْجِدَ فَلَمْ يَزَلْ يُصَلِّي بِنَا حَتَّى انْجَلَتْ فَلَمَّا انْجَلَتْ قَالَ إِنَّ نَاسًا يَزْعُمُونَ أَنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا يَنْكَسِفَانِ إِلَّا لِمَوْتِ عَظِيمٍ مِنَ الْعُظَمَاءِ وَلَيْسَ كَذَلِكَ إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ وَلَكِنَّهُمَا آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ إِذَا بَدَا لِشَيْءٍ مِنْ خَلْقِهِ خَشَعَ لَهُ فَإِذَا رَأَيْتُمْ ذَلِكَ فَصَلُّوا كَأَحْدَثِ صَلَاةٍ صَلَّيْتُمُوهَا مِنَ الْمَكْتُوبَةِ ترجمہ نعمان بن بشیر سے روایت ہے سورج گہن ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں آپ نگہبرا کر اپنا کپڑا سمیٹتے ہوئے یہاں تک کہ مسجد میں آئے اور برابر ہمارے ساتھ نماز پڑھتے رہے یہاں تک کہ آفتاب صاف ہو گیا جب صاف ہو گیا تو آپ نے فرمایا بعض لوگ گمان کرتے ہیں کہ سورج اور چاند میں گہن نہیں لگتا مگر کسی بڑی شخص کے مرنیکے لیئے حالانکہ ایسا نہیں ہے سورج اور چاند میں گہن نہیں لگتا کسی کے موت یا زیست کے لیئے وہ تو اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں بیشک اللہ جل جلالہ جب کسی اپنی مخلوق پر تجلی کرتا ہے تو وہ اوسکی بعد رہ جاتی ہے جب تم ایسا دیکھو تو نماز پڑھو مثل اوس فرض نماز کی جو نئی تم نے پڑھی ہو یعنی جسکے بعد گہن ہوا گر فجر کے بعد ہو تو دو رکعتیں پڑھو اگر ظہر یا عصر یا عشا کے بعد ہو تو چار پڑھو حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ بْنُ مُخَارِقٍ فِي إِهْلَالِهِ قَالَ كَسَفَتِ الشَّمْسُ فَخَرَجَ ذَاكَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ فَخَرَجَ يَجُرُّ ثَوْبَهُ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ أَطَالَهُمَا فَوَافَقَ انْجِلَاءَ الشَّمْسِ فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ وَإِنَّهُمَا لَا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ فَإِذَا رَأَيْتُمْ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا فَصَلُّوا كَأَحْدَثِ صَلَاةٍ تُصَلُّونَهَا مَكْتُوبَةٍ صَلَّيْتُمُوهَا ترجمہ قبیصہ بن مخارق ہلالی سے روایت ہے سورج گہن ہوا ہم اوسوقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے مدینہ میں آپ گھبرا کر اپنا کپڑا گھسیٹتے ہوئے نکلے دو رکعتیں آپنے پڑھیں لمبی پڑھیں پھر آپ کا نماز سے فارغ ہونا اور سورج کا صاف ہونا ساتھ ہوا آپنے اللہ کی تعریف کی اور اوسکی ثنا بیان کی پھر فرمایا سورج اور چاند دونوں اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں اور دونوں میں کسی کی موت یا زیست کے لیئے گہن نہیں لگتا جب تم اون میں گہن دیکھو تو جو فرض نماز نئی پڑھی ہو اسی طرح نماز پڑھو حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ الْهِلَالِيُّ إِنَّ الشَّمْسَ انْخَسَفَتْ فَصَلَّى بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ كَسَّرَ فِيهِمَا حَتَّى انْجَلَتْ ثُمَّ قَالَ إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَكِنَّهُمَا مَخْلُوقَانِ مِنْ خَلْقِ اللَّهِ وَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يُحْدِثُ

فِي خَلْقِهِ مَا شَاءَ وَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ إِذَا تَجَلَّى لِشَيْءٍ مِنْ خَلْقِهِ خَشَعَ لَهُ فَإِنَّهُمَا حَدَثَ فَصَلُّوا حَتَّى يُنْجِيَ
أَوْ يُحْدِثَ اللَّهُ أَمْرًا ترجمہ شعیب ہالی سورہ روایت ہے سورج میں گہن لگا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتیں
پڑھیں یہانتک کہ آفتاب صاف ہو گیا پھر فرمایا سورج اور چاند میں کسیکے مرنے کے لیئے گہن نہیں لگتا وہ تو اللہ کی پیدا کی
ہوئیں چیزوں میں سے دو چیزیں ہیں بیشک اللہ جل جلالہ اپنی پیدا کی ہوئی چیزوں میں جو چاہتا ہے نئی بات پیدا کرتا
ہے اور اللہ عزوجل جب اپنی مخلوقات میں سے کسی چیز پر تجلی فرماتا ہے تو وہ چیز اس کی تابعداری کرتی ہے جب سورج گہن ہو
یا چاند گہن تو نماز پڑھو یہانتک کہ صاف ہو جاوے یا اللہ کوئی نئی بات پیدا کرے عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى
اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا خَسَفَتِ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ فَصَلُّوا كَأَحْدَثِ صَلَاةٍ صَلَّيْتُمُوهَا ترجمہ نعمان
بن بشیر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب سورج اور چاند میں گہن لگے تو نئی فرض کی طرح نماز پڑھو۔
عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى حِينَ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ مِثْلَ صَلَاتِنَا أَيْ كُسُوفٍ
وَسُجُودٍ ترجمہ نعمان بن بشیر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی سورج گہن کی وقت جیسے ہم پڑھتے ہیں
رکوع اور سجدہ کرتی تھی عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ خَرَجَ يَوْمًا مُسْتَعْجِلًا إِلَى
الْمَسْجِدِ وَقَدِ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ فَصَلَّى حَتَّى انْجَلَتْ ثُمَّ قَالَ إِنَّ أَهْلَ الْجَاهِلِيَّةِ كَانُوا يَقُولُونَ إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ
لَا يَنْخَسِفَانِ إِلَّا لِمَوْتِ عَظِيمٍ مِنْ عُظَمَاءِ أَهْلِ الْأَرْضِ وَإِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا يَنْخَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ
وَإِنَّهُمَا خَلِيقَتَانِ مِنْ خَلْقِ اللَّهِ يُحْدِثُ اللَّهُ فِي خَلْقِهِ مَا يَشَاءُ فَإِنَّهُمَا انْخَسَفَ فَصَلُّوا حَتَّى يَنْجَلِيَ أَوْ يُحْدِثَ
اللَّهُ أَمْرًا ترجمہ نعمان بن بشیر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز جلدی کرتی ہوئے مسجد کو نکلی اوسوقت سورج
میں گہن لگا تھا آپ نے نماز پڑھی یہانتک کہ سورج صاف ہو گیا پھر فرمایا جاہلیت کے لوگ کہا کرتے تھے سورج اور چاند میں
گہن نہیں لگتا مگر کسی بڑے آدمی کے مرنے کے لیئے زمین کی بڑے آدمیوں میں سے حالانکہ سورج اور چاند میں کسی کے مرنے
یا جینے کے لیئے گہن نہیں لگتا لیکن وہ دونوں اللہ کے مخلوق میں سے دو مخلوق ہیں اور اللہ جو چاہتا ہے اپنی مخلوق میں
نئی بات پیدا کرتا ہے پھر اگر دونوں میں سے جب گہن لگے نماز پڑھو یہانتک کہ صاف ہو جاوے یا اللہ نئی بات پیدا کرے عَنْ
أَبِي بَكْرَةَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْكَسَفَتِ الشَّمْسُ فَخَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجُرُّ رِدَاءَهُ حَتَّى انْتَهَى إِلَى الْمَسْجِدِ وَثَابَ إِلَيْهِ النَّاسُ فَصَلَّى بِنَا رَكْعَتَيْنِ فَلَمَّا انْكَشَفَتْ قَالَ إِنَّ
الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ يُخَوِّفُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِمَا عِبَادَهُ وَإِنَّهُمَا لَا يَنْخَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ
وَلَا لِحَيَاتِهِ فَإِذَا رَأَيْتُمْ ذَلِكَ فَصَلُّوا حَتَّى يُكْشَفَ مَا بِكُمْ وَذَلِكَ أَنَّ ابْنًا لَهُ مَاتَ يُقَالُ لَهُ إِبْرَاهِيمُ
فَقَالَ نَاسٌ فِي ذَلِكَ ترجمہ ابوبکرہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے اتنے میں سورج کو گہن لگا آپ
اپنی چادر گھسیٹتے ہوئے باہر نکلے یہانتک کہ مسجد میں پہنچے اور لوگ دوڑ کر جمع ہو گئے آپ نے ہمارے ساتھ دو رکعتیں پڑھیں

جب سورج صاف ہو گیا تو فرمایا سورج اور چاند اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں جنکی وجہ سے اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے اور ان میں کسی کی موت یا زیست کے لئے گہن نہیں لگتا جب تم ایسا دیکھو تو نماز پڑھو یہاں تک کہ گہن جاتا رہے پھر آپ نے اس لیے فرمایا کہ (اوسی روز) آپ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم کا انتقال ہوا لوگوں نے کہا (کہ اسی وجہ سے آفتاب کو گہن لگا تھا

عن ابی بکرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلی رکعتین مثل صلوتکم ھذہ وذکر الکسوف الشمس ترجمہ ابوبکر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتیں پڑھیں مثل تمہاری نماز کی سورج گہن میں

قدر القراءۃ فی صلوۃ الکسوف سورج گہن میں کتنی قرات کرے

عن ابن عباس قال خسفت الشمس فصلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والناس معہ فقام قیاما طویلا قرأ نحوا من سورۃ البقرۃ قال ثم رکع رکوعا طویلا ثم رفع فقام قیاما طویلا وھو دون القیام الاول ثم رکع رکوعا طویلا وھو دون الرکوع الاول ثم سجد ثم قام قیاما طویلا وھو دون القیام الاول ثم رکع رکوعا طویلا وھو دون الرکوع الاول ثم رفع فقام قیاما طویلا وھو دون القیام الاول ثم رکع رکوعا طویلا وھو دون الرکوع الاول ثم سجد ثم انصرف وقد تجلت الشمس فقال ان الشمس والقمر اٰیتان من اٰیات اللہ لا یخسفان لموت احد ولا لحیوتہ فاذا رایتم ذلک فاذکروا اللہ عز وجل قالوا یا رسول اللہ رایناک تناولت شیئا فی مقامک ھذا ثم رایناک تکعکعت قال انی رایت الجنۃ او اریت الجنۃ فتناولت منھا عنقودا ولو اخذتہ لاکلتم منہ ما بقیت الدنیا واریت النار فلم ار کالیوم منظرا قط ورایت اکثر اھلھا النساء قالوا لم یا رسول اللہ قال بکفرھن قیل یکفرن باللہ قال یکفرن العشیر ویکفرن الاحسان لو احسنت الی احداھن الدھر ثم رات منک شیئا قالت ما رایت منک خیرا قط ترجمہ عبداللہ بن عباس سے روایت ہے سورج گہن لگا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی اور آپ کے ساتھ لوگوں نے بھی نماز پڑھی آپ بڑی دیر تک کھڑے رہے قریب قریب سورہ بقر کے پھر قرات کی پھر ایک لمبا رکوع کیا پھر سر اوٹھایا پھر بڑی دیر تک کھڑے رہے لیکن پہلے سے کم پھر ایک لمبا رکوع کیا لیکن پہلے رکوع سے کم پھر سجدہ کیا پھر بڑی دیر تک کھڑے رہے لیکن پہلے سے کم پھر ایک لمبا رکوع کیا لیکن پہلے سے کم پھر سر اوٹھایا پھر بڑی دیر تک کھڑے رہے لیکن پہلے سے کم پھر ایک لمبا رکوع کیا لیکن پہلے سے کم پھر سجدہ کیا پھر نماز سے فارغ ہوئے تو سورج صاف ہو گیا تھا آپ نے فرمایا سورج اور چاند اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں ان میں کسی کے مرنے یا جینے کے لیے گہن نہیں لگتا جب تم ایسا دیکھو تو اللہ عزوجل کی یاد کرو لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہمنے آپ کو دیکھا آپ کسی چیز کو پکڑ کر لیتے ہو اپنی جگہ میں پھر ہم نے دیکھا آپ پیچھے ہٹ گئے آپ نے فرمایا میں نے جنت کو دیکھا یا جنت مجھکو دکھلائی گئی میں نے اوسمیں سے ایک خوشہ جنت کے میوہ کا لینا چاہا اگر میں اوس کو لیتا تو جبتک دنیا قایم رہتی تم اوسمیں سے کھایا کرتے اور وہ ختم نہ ہوتا اس لیے

کہ جنت کے میوہ کو فنا نہیں ہے کھلہا دایم وظلہا (سایہ دایمی ہے) پھر جہنم مجھکو دکھلایا گیا میں نے آجتک ایسی ناپسند چیز نہیں دیکھی اور میں نے دیکھا اوسمیں عورتیں بہت ہیں صحابہ نے عرض کیا کیوں یارسول اللہ آپنے فرمایا اونکی کفر کیوجہ سے لوگوں نے عرض کیا کیا اللہ کے ساتھ کفر کرنے سے آپنے فرمایا خاوند کا کفر کرتے ہیں (یعنے اوسکی ناشکری کرتے ہیں) اور احسان نہیں مانتیں اگر تو کسی عورت کے ساتھ عمر بھر احسان کرے پھر ایک بات تیری بری دیکھی تو کہنے لگتی ہے میں نے کبھی تجھسے بھلائی نہ پائی۔

باب الجہر بالقراءۃ فی صلوۃ الکسوف سورج گہن کی نماز میں پکار کر قرات کرنا

عن عائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ صلی اربع رکعات فی اربع سجدات وجہر فیھما بالقراءۃ فلما رفع راسہ قال سمع اللہ لمن حمدہ ربنا ولک الحمد **ترجمہ** ام المومنین عائشہ رض سے روایت ہے رسول اللہ صلعم نے گہن کے نماز میں چار رکوع کیئے اور چار سجدے اور دو رکعتوں میں پکار کر قرات کی جب رکوع سے سر اوٹہاتے تو آپ فرماتے سمع اللہ لمن حمدہ ربنا ولک الحمد **ف** یہہ جمہور علما کے نزدیک محمول ہے چاند گہن پر اسلیئے کہ امام مالک اور شافعی اور ابو حنیفہ اور لیث اور جمہور فقہا کے نزدیک سورج گہن کی نماز میں آہستہ قرات کرنا چاہیے اور چاند گہن کے نماز میں پکار کر کے اور ابو یوسف اور محمد اور احمد اور اسحاق کے نزدیک دونوں نمازوں میں پکار کر قرات کرنا چاہیے **فوائد**

الجہر فیھما سورج گہن کے نماز میں قرات پکار کر نا **عن** سمرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلوا بھم فی کسوف الشمس لا نسمع لہ صوتا **ترجمہ** سمرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج گہن کی نماز پڑہائی ہم آپ کی آواز نہیں سنتے تھے (یعنی قرات آپ کی)

باب القول فی السجود فی صلوۃ الکسوف گہن کی نماز میں سجدے میں کیا کہے **عن** عبد اللہ بن عمرو قال کسفت الشمس علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاطال القیام ثم رکع فاطال الرکوع ثم رفع فاطال قال شعبۃ وحسبہ قال فی السجود نحو ذلک وجعل ینکی فی سجودہ وینفخ ویقول رب لم تعدنی فی ھذا وانا استغفرک لم تعدنی فی ھذا وانا فیھم فلما صلی قال عرضت علی الجنۃ حتی لو مددت یدی تناولت من قطوفھا وعرضت علی النار فجعلت اتقی حشیۃ ان یغشاکم حرھا ورایت فیھا سارق بدنۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ورایت فیھا اخا بنی دلیع سارق المجمر فاذا فطن لہ قال ھذا عمل المجن ورایت فیھا امراۃ طویلۃ سوداء تعذب فی ھرۃ ربطتھا فلم تطعمھا ولم تسقھا ولم تدعھا تاکل من خشاش الارض حتی ماتت وان الشمس والقمر لا ینکسفان لموت احد ولا لحیوتہ وربما قال ھما ایتان من ایات اللہ فاذا انکسفتا عند ذلک او قال فصل احدھما شیئا من ذلک فاسرعوا الی ذکر اللہ عز وجل **ترجمہ** عبد اللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ گہن ہوا رسول اللہ صلعم کے زمانے میں آپ نے نماز پڑہائی تو ایک لمبا قیام کیا پھر ایک لمبا رکوع کیا پھر سر اوٹہایا شعبہ نے کہا میں سمجھتا ہوں عطاء نے سجدہ میں بھی ایسا

سجدہ کیا پھر سر اوٹھایا پھر سجدہ کیا پھر سر اوٹھایا اور کھا سمع اللہ لمن حمدہ پھر تکبیر کہی اور سجدہ کیا
لنبا رکوع کے برابر یا اس سے بھی بڑا پھر تکبیر کہی اور سر اوٹھایا پھر تکبیر کہی اور سجدہ کیا پھر تکبیر کہی اور کھڑے
ہوئے اور ایک لنبی قرات کی لیکن پہلی قرات سے کم پھر تکبیر کہی اور ایک رکوع کیا لیکن پہلے رکوع سے کم پھر سر اوٹھایا۔ اور
سمع اللہ لمن حمدہ کہا پھر ایک لنبی قرات کی لیکن پہلی قرات سے (یعنی جو دوسری رکعت میں کی تھی) کم پھر تکبیر کہی اور ایک لنبا رکوع
کیا پھر تکبیر کہی اور سر اوٹھایا اور سمع اللہ لمن حمدہ کہا پھر تکبیر کہی اور سجدہ کیا لیکن پہلے سجدے سے کم پھر تشہد پڑھا پھر سلام
پھیرا یعنی اوس کے کھڑے ہوئے اور اللہ عزوجل کی حمد اور ثنا بیان کی پھر فرمایا سورج اور چاند کسی کی موت یا زیست کے لیے
نہیں گہناتے وہ دونو نشانیاں ہیں اللہ کی نشانیوں میں سے جب اون میں سے کسی کو گہن لگے تو دوڑو اللہ کیطرف
نماز کے ساتھ (یعنی جلدی نماز پڑہو) عن اسماء بنت ابی بکر قالت صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
فی الکسوف فقام فاطال القیام ثم رکع فاطال الرکوع ثم رفع فاطال القیام ثم رکع فاطال الرکوع
ثم رفع ثم سجد فاطال السجود ثم رفع ثم سجد فاطال السجود ثم قام فاطال القیام ثم رفع
فاطال الرکوع ثم رفع فاطال القیام ثم رکع فاطال الرکوع ثم رفع ثم سجد فاطال السجود ثم رفع
ثم انصرف ترجمہ اسماء بنت ابی بکرؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گہن کی نماز پڑہی تو کھڑے ہوئے
بڑی دیر تک پھر رکوع کیا بڑی دیر تک پھر سر اوٹھایا اور کھڑے رہے بڑی دیر تک پھر رکوع کیا بڑی دیر تک پھر سر اوٹھایا اور
سجدہ کیا بڑی دیر تک پھر سر اوٹھایا اور سجدہ کیا بڑی دیر تک پھر کھڑے ہوئے اور قیام کیا بڑی دیر تک پھر رکوع کیا بڑی
دیر تک پھر سر اوٹھایا اور کھڑے رہے بڑی دیر تک پھر رکوع کیا بڑی دیر تک پھر سر اٹھایا اور سجدہ کیا بڑی دیر تک پھر
اوٹھایا پھر نماز سے فارغ ہوئے **باب** الصلوٰۃ علی المنبر بعد صلوٰۃ الکسوف گہن کی نماز کے بعد منبر
پر بیٹھنا عن عائشۃ قالت ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم خرج مخرجا فخسفت الشمس فرجع حتی
ابصر فاجتمع الیہ الناس وقیل الیہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وذالک ضحوۃ فقام فیہا فاثنی
علی اللہ بما ہو اہلہ ثم قال ما من شیء لم اکن رایتہ الا وقد رایتہ فی مقامی ہذا حتی الجنۃ والنار
ولقد اوحی الی انکم تفتنون فی القبور قریبا او مثل الدجال لا ادری ایتہما قال اسماء فیوتی
احدکم فیقال ما علمک بہذا الرجل فاما المؤمن او الموقن لا ادری ایتہما قالت اسماء فیقول ہو
محمد رسول اللہ جاءنا بالبینات والہدی فاجبنا واتبعنا ہو محمد ثلاثا فیقال لہ نم صالحا قد علمنا
انک مؤمن بہ وانتم فی ریب منہ واما المنافق او المرتاب لا ادری ایتہما قالت اسماء فیقول سمعت
الناس یقولون قولا فقلتہ لا ادری ما ہو ترجمہ اسماء بنت ابی بکرؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے جانے کو تھے کہ گہن
لگا ہم حجرے میں چلے آئے اور عورتیں ہمارے پاس جمع ہوگئیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اوسوقت پھر جتنا ہوا
ہوگا آپ کھڑے ہوئے بڑی دیر تک پھر ایک لنبا رکوع کیا پھر سر اوٹھایا اور کھڑے رہے لیکن پہلے قیام سے کم پھر رکوع کیا لیکن
پہلے رکوع سے کم پھر سجدہ کیا پھر دوسری رکعت کے لیے کھڑے ہوئے اور ایسا ہی کیا مگر اوس میں رکوع اور قیام پہلے رکعت سے

کہ کہ پھر سجدہ کیا اللہ سورج صاف ہو گیا جب نماز سے فارغ ہوئے تو آپ منبر پر بیٹھے اور فرمایا اور باتوں میں یہ بھی کہ لوگوں کی آزمائش ہوگی قبروں میں جیسے دجال کے ساتھ آزمائش ہوگی یہ حدیث مختصر ہے بڑی حدیث سے (جو اوپر گزر چکی) باب کیف الخطبۃ فی الکسوف کہن کی نماز میں خطبہ کیونکر پڑھے عن عائشۃ قالت خسفت الشمس علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقام فصلی فاطال القیام جدا وھو دون القیام الاول ثم رکع فاطال الرکوع وھو دون الرکوع الاول ثم سجد ثم رفع راسہ فاطال القیام وھو دون القیام الاول ثم رکع فاطال الرکوع وھو دون الرکوع الاول ثم سجد فقرغ من صلاتہ وقد تجلی عن الشمس فخطب الناس فحمد اللہ واثنی علیہ ثم قال ان الشمس والقمر لا یخسفان لموت احد ولا لحیاتہ فاذا رایتم ذلک فصلوا وتصدقوا واذکروا اللہ عزوجل وقال یا امۃ محمد واللہ عزوجل ما من احد اغیر من اللہ عزوجل ان یزنی عبدہ او امتہ یا امۃ محمد لو تعلمون ما اعلم لضحکتم قلیلا ولبکیتم کثیرا ترجمہ ام المومنین عائشہ رضی سے روایت ہے سورج گہن لگا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں آپ کھڑے ہوئے اور نماز پڑھی تو بڑی دیر تک قیام کیا پھر بڑی دیر تک رکوع کیا پھر سر اوٹھایا اور بڑی دیر تک قیام کیا لیکن پہلے قیام سے کم پھر رکوع کیا بڑی دیر تک لیکن پہلے رکوع سے کم پھر سجدہ کیا پھر سر اوٹھایا اور بڑی دیر تک قیام کیا لیکن پہلے قیام سے کم پھر رکوع کیا بڑی دیر تک لیکن پہلے رکوع سے کم پھر سر اوٹھایا اور بڑی دیر تک قیام کیا پھر رکوع کیا بڑی دیر تک لیکن پہلے رکوع سے کم پھر سجدہ کیا اور نماز سے فارغ ہوئے اس وقت سورج صاف ہو گیا تھا پھر خطبہ سنایا لوگوں کو تو اللہ کی حمد اور ثنا بیان کی پھر فرمایا کہ سورج اور چاند میں کسی کے مرنے یا جینے کے لیے گہن نہیں لگتا جب تم ایسا دیکھو تو نماز پڑھو اور صدقہ دو اور یاد کرو اللہ عزوجل کی اور فرمایا اے امت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے اللہ سے زیادہ کسی کو غیرت نہیں ہے اوس کے غلام اور لونڈی کے زنا کرنے سے (یعنے اگر تمہارا غلام یا لونڈی زنا کرے تو ضرور تم کو غیرت آوے گی پھر اللہ کا کوئی غلام یا اللہ کی کوئی لونڈی زنا کرے تو اوسکو کتنا غیرت آتی ہوگی) اور فرمایا اے امت محمد کے اگر تم کو اتنا علم ہو جتنا مجھ کو ہے تو بہت تھوڑا ہنسو اور بہت رو

حدیث سمرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم خطب حین انکسفت الشمس فقال اما بعد ترجمہ سمرہ رضی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج گہن میں خطبہ پڑھا تو فرمایا بعد حمد اور ثنا کے (یعنے پہلے اللہ کی حمد اور ثنا کی پھر اما بعد کہہ کے خطبہ شروع کیا اس میں تعلیم ہے اس بات کی کہ خطبہ کیونکر پڑھنا چاہیے) باب الامر بالدعاء فی الکسوف سورج گہن میں دعا کرنے کا حکم عن ابی بکرۃ قال کنا عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فانکسفت الشمس فقام الی المسجد یمر رداءہ من العجلۃ فقام الیہ الناس فصلی رکعتین کما یصلون فانجلت فخطبنا فقال ان الشمس والقمر ایتان من ایات اللہ یخوف بھما عبادہ وانھما لا ینکسفان لموت احد ولا لحیاتہ فاذا رایتم کسوف احدھما فصلوا وادعوا حتی ینکشف ما بکم ترجمہ ابوبکرہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹے ابراہیم کی وفات ہوئی تو سورج کو گہن لگا آپ مسجد کیطرف چلے اپنی چادر گھسیٹتے ہوئے جلدی سے لوگ بھی آپکے ساتھ چلے آپ نے دو رکعتیں پڑھیں جیسے لوگ پڑھتے ہیں جب سورج صاف ہوگیا تو ہم کو خطبہ سنایا اور فرمایا سورج اور چاند اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں جیسے ڈراتا ہے وہ اپنے بندوں کو ان میں کسی کے مرنے کے لیے گہن نہیں لگتا جب تم دیکھو ان میں سے کسیکو گہن لگا ہے تو نماز پڑھو اور دعا کرو یہانتک کہ گہن صاف ہو جاوے

الامر بالاستغفار فی الکسوف

سورج گہن میں استغفار کرنیکا حکم عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ فَقَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَرِعًا یَخْشٰی اَنْ تَکُوْنَ السَّاعَۃُ فَقَامَ حَتّٰی اَتَی الْمَسْجِدَ فَقَامَ یُصَلِّیْ بِاَطْوَلِ قِیَامٍ وَرُکُوْعٍ وَسُجُوْدٍ مَا رَاَیْتُہٗ یَفْعَلُہٗ فِیْ صَلٰوۃٍ قَطُّ ثُمَّ قَالَ اِنَّ ھٰذِہِ الْاٰیَاتِ الَّتِیْ یُرْسِلُ اللّٰہُ لَا تَکُوْنُ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَلَا لِحَیٰوتِہٖ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ یُرْسِلُھَا یُخَوِّفُ بِھَا عِبَادَہٗ فَاِذَا رَاَیْتُمْ مِنْھَا شَیْئًا فَافْزَعُوْا اِلَی الذِّکْرِ وَدُعَائِہٖ وَالْاِسْتِغْفَارِ ترجمہ ابو موسے سے روایت ہے سورج میں گہن لگا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھبرا کر اوٹھے قیامت کے خوف سے آپ کھڑے ہوئے اور مسجد میں آئے اور نماز پڑھی بہت لمبی لمبی قیام اور رکوع اور سجود سے ویسی لمبی کسی نماز میں آپ کرتے نہیں دیکھا پھر فرمایا یہ وہ نشانیاں ہیں جنکو اللہ بھیجتا ہے کسی کے مرنے یا جینے کے لیے نہیں ہوتیں لیکن اللہ انکو اپنے بندوں کے ڈرانے کے لیے بھیجتا ہے جب تم میں سے کسیکو دیکھو تو دوڑو اللہ کی یاد کیلیے اور اس سے دعا اور استغفار کرنے کے لیے

کتاب الاستسقاء

استسقا کی نماز کا بیان

جب پانی کم برسے اور لوگوں پر تباہی کا خوف ہو تو حاکم اسلام کو چاہیے کہ رعایا کے ساتھ بستی سے باہر نکلکر نماز پڑھے اور دعا اور استغفار کرے

صفۃ یستسقی الامام

امام اسلام استسقا کیلیے کب نکلے عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ھَلَکَتِ الْمَوَاشِیْ وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ فَادْعُ اللّٰہَ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَمُطِرْنَا مِنَ الْجُمُعَۃِ اِلَی الْجُمُعَۃِ فَجَآءَ رَجُلٌ اِلَی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ تَھَدَّمَتِ الْبُیُوْتُ وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ وَھَلَکَتِ الْمَوَاشِیْ فَقَالَ اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا وَبُطُوْنَ الْاَوْدِیَۃِ وَمَنَابِتَ الشَّجَرِ فَانْجَابَتْ عَنِ الْمَدِیْنَۃِ اِنْجِیَابَ الثَّوْبِ ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے ایکشخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ جانور مر گئی اور راستے بند ہوگئے (پانی نہ ہونے سے) آپ اللہ سے دعا کیجیے پانی برسنے کی لیے آپنے دعا کی تو اوس جمعہ سے لیکر وہ سر جمعہ تک پانی برسا کیا پھر ایک شخص آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ گھر گر گئے اور راستے بند ہوگئی اور جانور مر گئے (بہت پانی برسنے سے) آپنے فرمایا یا اللہ برسا پہاڑوں کی چوٹیوں پر اور ٹیلوں پر اور نالوں اور درختوں میں اوگنے کی جگہ پر بدلیں سب پھٹ گیا جیسے کپڑا پھٹ جاتا ہے

خروج الامام الی المصلی للاستسقاء

امام کا نکلنا استسقا کے لیے عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ زَیْدٍ اَلَّذِیْ اُرِیَ النِّدَآءَ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

خَرَجَ إِلَى الْمُصَلَّى يَسْتَسْقِي فَاسْتَقْبَلَ وَقَلَّبَ رِدَاءَهُ وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ ترجمہ عبداللہ بن یزید سے روایت ہے (انہوں نے خواب میں اذان سنی تھی) کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مصلی کیطرف نکلے (یعنی جنگل میں جہاں عید کی نماز پڑھتے تھے) استسقا کیلئے آپنے قبلہ کیطرف منہ کیا اور چادر کو الٹا اور دو رکعتیں پڑھیں قتیبہ امام نسائی نے کہا یہ غلطی ہے سفیان بن عیینہ کی عبداللہ بن یزید جنکو خواب میں اذان کی تعلیم ہوئی تھی وہ عبداللہ بن یزید بن عاصم ہیں اور یہ عبداللہ بن یزید بن عاصم مازنی ہیں جو استسقا کی حدیث روایت کرتے ہیں

بَابُ اسْتِحْبَابِ تَحْوِيلِ الرِّدَاءِ

يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ أَنْ يَكُونَ عَلَيْهِمَا إِذَا خَرَجَ امام کو کس حال میں نکلنا چاہیے عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ كِنَانَةَ قَالَ أَرْسَلَنِي فُلَانٌ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ أَسْأَلُهُ عَنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الِاسْتِسْقَاءِ فَقَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَوَاضِعًا مُتَبَذِّلًا مُتَضَرِّعًا فَلَمْ يَخْطُبْ خُطْبَتَكُمْ هَذِهِ وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ ترجمہ اسحاق بن عبداللہ بن کنانہ سے روایت ہے مجھکو فلان شخص نے عبداللہ بن عباس کیپاس بھیجا یہ پوچھنے کو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استسقا کی نماز کیونکر پڑھتے تھے انہوں نے کہا آپ استسقا کیلئے نکلے عاجزی کرتے ہوئے انکسار سے بغیر آرایش اور زینت کے زاری کرتے اللہ کی درگاہ میں محتاجی ظاہر ہوتے اور دو رکعتیں پڑھیں جیسے تم پڑھتے ہو اور خطبہ نہیں پڑھا جیسے تم پڑھتے ہو

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زَيْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَسْقَى وَعَلَيْهِ خَمِيصَةٌ سَوْدَاءُ ترجمہ عبداللہ بن یزید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے استسقا کی نماز کیلئے ایک سیاہ چادر اوڑھی تھی

بَابُ جُلُوسِ الْإِمَامِ عَلَى الْمِنْبَرِ لِلِاسْتِسْقَاءِ

عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ كِنَانَةَ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الِاسْتِسْقَاءِ فَقَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَبَذِّلًا مُتَوَاضِعًا مُتَضَرِّعًا فَجَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَلَمْ يَخْطُبْ خُطْبَتَكُمْ هَذِهِ وَلَكِنْ لَمْ يَزَلْ فِي الدُّعَاءِ وَالتَّضَرُّعِ وَالتَّكْبِيرِ وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ كَمَا كَانَ يُصَلِّي فِي الْعِيدَيْنِ ترجمہ اسحاق بن عبداللہ بن کنانہ سے روایت ہے میں نے ابن عباس سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استسقا کی نماز کیونکر پڑھتے تھے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استسقا کیلئے نکلے عاجزی اور تضرع اور زاری سے بغیر زینت اور آرائش کے پھر منبر پر بیٹھے لیکن تمہاری طرح خطبہ نہیں پڑھا بلکہ برابر دعا اور عاجزی کرتے رہے اور تکبیر کہتے رہے اور دو رکعتیں پڑھیں جیسی عیدین میں پڑھتے تھے

تَحْوِيلُ الْإِمَامِ ظَهْرَهُ إِلَى النَّاسِ عِنْدَ الدُّعَاءِ فِي الِاسْتِسْقَاءِ

امام جب استسقا میں دعا مانگے تو اپنی پیٹھ لوگوں کیطرف کرے عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ أَنَّ عَمَّهُ حَدَّثَهُ أَنَّهُ خَرَجَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَسْقِي فَحَوَّلَ رِدَاءَهُ وَحَوَّلَ النَّاسُ ظُهُورَهُمْ وَدَعَا ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ فَقَرَأَ فِيهِمَا ترجمہ عباد بن تمیم نے اپنے چچا سے روایت کیا وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے استسقا کیلئے اپنی چادر الٹی اور لوگوں کیطرف پیٹھ پھیر دی اور دعا کی پھر دو رکعتیں پڑھیں اونچی قرأت پکار کے کی

تقلیب الامام الرداء عند الاستسقاء استسقا کے وقت امام کا چادر الٹنا **عن عباد بن تمیم** عباد بن تمیم سے
عن عمه انه النبی صلی اللہ علیہ وسلم استسقی وصلی رکعتین وقلب رداءه ترجمہ عباد بن تمیم سے روایت
ہے انہوں نے اپنے چچا سے سنا (عبداللہ بن زید بن عاصم سے) کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استسقا کے لیے نکلے آپ نے
دو رکعتیں پڑھیں اور چادر کو الٹا **ف** اسطرح کہ داہنا کونا اوسکا بائیں مونڈھے پر کیا اور بایاں اوسکا داہنے مونڈھے پر کیا جیسا
ابوداؤد کی روایت میں ہے مقصود اس سے فال نیک ہے کہ فصل کی حالت بھی اسیطرح الٹ جاویگی قحط اور گرانی کے بدلے بارش
اور ارزانی ہوگی **حتی یحول الامام رداءه** امام اپنی چادر کب الٹی **عن عبداللہ بن زید یقول** خرجنا مع
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاستسقی وحول رداءه حین استقبل القبلة ترجمہ عبداللہ بن زید سے
روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے آپنے پانی کے لیے دعا کی اور چادر الٹی جب قبلہ کیطرف منہ کیا **رفع**
الامام یدیه امام کا ہاتھ اوٹھانا دعا کے لیے **استسقاء عن عباد بن تمیم عن عمه انه رای رسول اللہ صلی**
اللہ علیہ وسلم فی الاستسقاء استقبل القبلة وقلب الرداء ورفع یدیه ترجمہ عباد بن تمیم سے روایت
ہے انہوں نے اپنے چچا سے سنا (عبداللہ بن زید سے) انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا استسقا میں آپنے
قبلہ کیطرف منہ کیا اور چادر الٹی اور ہاتھ اوٹھائے دونوں **ف** آسمان کیطرف دعا کی لیکن ہتھیلیاں نیچے کیطرف
رکھیں اور انکی پشت اوپر کی **ینضح** الٹی جیسے مسلم کی روایت میں ہے نووی نے کہا اجماعت نے ہمارے اصحاب میں سے کہا ہے
کہ جب دعا کیجاوے کسی بلا کے اوٹھنے کے لیے جیسے قحط وغیرہ تو ہاتھوں کی پشت اوپر رکھی اور جب دعا کیجاوے کسی چیز کے مانگنے
کے لیے تو ہتھیلیاں اوپر رکھے **باب کیف یرفع** یرفع ہاتھوں کو کہانتک اوٹھاوے **عن انس قال کان**
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یرفع یدیه فی شیء من دعائه الا فی الاستسقاء فانه کان یرفع
یدیه حتی یرای بیاض ابطیه ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی دعا میں ہاتھ نہیں اوٹھاتے
تھے مگر استسقا میں سیانتک اوٹھاتے کہ آپ کی بغلوں کی سفیدی دکھلائی دیتی **ف** نووی نے کہا حدیث کی تاویل یہ ہے
کہ بہت بلند نہ اوٹھاتے تھے مگر استسقا میں اسلیے کہ اور دعاؤں میں بھی ہاتھ کا اٹھانا آپ سے ثابت ہوا ہے **عن ابی اللحم**
انه رای رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم عند احجار الزیت یستسقی وهو مقنع یکفیه یدیه ترجمہ
ابواللحم سے روایت ہے اوس نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پانی کے لیے دعا کرتے ہوئے احجار الزیت (ایک جگہ کا نام
ہے مدینہ میں وہاں کے پتھر سیاہ اور چکنے ہیں) میں آپ دونوں ہتھیلیاں اوٹھائے ہوئے **عن انس بن مالک یقول**
بینما نحن فی المسجد یوم الجمعة ورسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یخطب الناس قام رجل فقال یا
رسول اللہ انقطعت السبل وهلکت الاموال وتجدب البلاد فادع اللہ ان یسقینا فرفع رسول اللہ
صلی اللہ علیه وسلم یدیه حذاء وجهه فقال اللهم اسقنا فوا للہ ما نزل رسول اللہ صلی اللہ علیه

وسلم من المنبر حتى قوسنا مطرنا وما نظرنا ذلك اليوم الى الجمعة التي تليها فجاء رجل فقال يا رسول الله هو
الذي قال لرسول الله صلى الله عليه وسلم استسق لنا فقال رجل يا رسول الله انقطعت السبل
وهلكت الاموال من كثرة الماء فادع الله ان يمسك عنا الماء فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم
اللهم حوالينا ولا علينا وكان على الجبال ومنابت الشجر قال والله ما هو الا ان تكلم رسول
الله صلى الله عليه وسلم بذلك تمزق السحاب حتى ما نرى منه شيئا ثم حدثنا شريك عن انس بن مالك قال بينما
مسجد میں بیٹھے تھے جمعہ کے روز اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ سنا رہے تھے لوگوں کو اتنے میں ایک شخص کھڑا ہوا اور کہنے
لگا یا رسول اللہ راستے بند ہو گئے اور اونٹ مر گئے اور شہروں میں قحط ہو گیا (پانی نہ برسنے سے) آپ اللہ سے دعا کیجیے پانی برسا دے
رسول اللہ یہ سنکر دونوں ہاتھ اپنے منہ کے سامنے اٹھائے اور فرمایا یا اللہ پانی پلا ہم کو تو قسم خدا کی آپ منبر پر سے نہیں اترے تھے
کہ پانی زور کا برس گیا اور برابر برسا کیا اور سدن ہی لیکر دوسرے جمعہ تک پھر ایک شخص بولا (لیکن مجھے یاد نہیں ہے کہ شخص تو جس نے
پہلے کہا تھا یا رسول اللہ دعا کیجیے اللہ پانی برسا دے یا دوسرا شخص تھا) یا رسول اللہ راستے بند ہو گئے اور اونٹ مر گئے پانی کی شدت
سے تو دعا کیجیے اللہ پانی کو روک لیوے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یا اللہ ہماری گرداگرد (ہمارے اوپر نہیں) برسے لیکن
ہمیں برسو انس نے کہا قسم خدا کی آپکا یہ کہنا تھا کہ ابر پھٹ گیا یہانتک کہ ہم کو دکھلائی نہ دیا **ذکر الاستسقاء**
استسقا میں کیا دعا مانگے **عن** انس بن مالک ان النبی صلی الله عليه وسلم قال اللهم اسقنا ثم حدثنا شريك عن انس بن
مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی اللھم اسقنا یعنی یا اللہ پانی پلا ہم کو **عن** انس قال كان
النبي صلى الله عليه وسلم يخطب يوم الجمعة فقام اليه الناس فصاحوا فقالوا يا نبي الله تحطت المطر
وهلكت البهائم فادع الله ان يسقينا قال اللهم اسقنا اللهم اسقنا وايم الله ما نرى في السماء قزعة
من سحاب قال فانشأت سحابة فانتشرت ثم امطرت ونزل رسول الله صلى الله عليه وسلم فصلى
وانصرف فلم تزل تمطر الى الجمعة الاخرى فلما قام رسول الله صلى الله عليه وسلم يخطب صاحوا
اليه فقالوا يا نبي الله تهدمت البيوت وبقطعت السبل فادع الله يحبسها عنا فتبسم رسول الله صلى
الله عليه وسلم وقال اللهم حوالينا ولا علينا فانقشعت عن المدينة فجعلت تمطر حولها
وما تمطر بالمدينة قطرة فنظرت الى المدينة وانها لفي مثل الاكليل ثم حدثنا انس ہی سے روایت ہے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھ رہے تھے جمعہ کے روز اتنے میں لوگ کھڑے ہوئے اور چلانے لگے کہنے لگے یا نبی اللہ کے پانی رک گیا ہے اور
جانور مر گئے تو اللہ سے دعا کیجیے پس آپ نے فرمایا یا اللہ پانی پلا ہم کو قسم خدا کی اسوقت آسمان میں ہم کو ایک ٹکڑا بھی
ابر کا دکھلائی نہ دیتا تھا اتنے میں ابر کا ایک ٹکڑا پیدا ہوا اور وہ پھیل گیا پھر پانی برسنے لگا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر سے
اتر کر نماز پڑھ کر فارغ ہوئے پھر پانی برسا کیا دوسرے جمعہ تک جب دوسرا جمعہ کو آپ منبر پر کھڑے ہوئے خطبہ پڑھنے کو لوگ چلانے لگے

لوگون کے ساتھ مین جنکو تو نے راہ دکھلائی اور تندرست رکھ مجھکو اون لوگون کے ساتھ مین جنکو تو نے تندرست رکھا اور نگہبانی کر میری اون لوگون کے ساتھ مین جنکی تو نے نگہبانی کی اور برکت دی اُس مین جو تو نے مجھکو دیا ہے اور بچا مجھ کو برائی سے اوس کے جو تو نے ٹھہرایا ہے جو تجھہ سے دوستی کرے وہ ذلیل نہین ہوتا بڑی برکت والا ہے تو اور اونچا ہے **عن** الحسن بن علی قال علمنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم هؤلاء الكلمات في الوتر قال قل ترجمہ امام حسن بن علی رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو یہ کلمات سکھائے وتر مین اینچ فرمایا کہہ اللهم اهدني فيمن هديت وعافني فيمن عافيت وتولني فيمن توليت وقني شر ما قضيت فانك تقضي ولا يقضى عليك وانه لا يذل من واليت تباركت ربنا وتعاليت وصلى الله على النبي محمد **عن** علي بن ابي طالب ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يقول في آخر وتره اللهم اني اعوذ برضاك من سخطك وبمعافاتك من عقوبتك واعوذ بك منك لا احصي ثناء عليك انت كما اثنيت على نفسك ترجمہ حضرت علی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے وتر کے اخیر مین فرماتے اللھم انی اعوذ برضاک من سخطک اخیر تک یعنے یا اللہ مین پناہ مانگتا ہون تیری خوشی کی تیری غصہ سے اور تیری بچاؤ کی تیری عذاب سے اور پناہ مانگتا ہون تیری تجھہ سے مین تیری تعریف نہین کر سکتا تو ایسا ہے جیسے تو نے اپنے آپ کی تعریف کی **ترک** رفع اليدين في الدعاء في الوتر وترمین دعا قنوت پڑھتے وقت ہاتھہ نہ اوٹھانا **عن** انس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم لا يرفع يديه في شيء من دعائه الا في الاستسقاء قال شعبة فقلت لثابت انت سمعته من انس قال سبحان الله قلت سمعته قال سبحان الله ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی دعا مین ہاتھہ نہین اوٹھاتے تھے مگر پانی مانگنے وقت شعبہ نے کہا میرے ثابت سے پوچھا تم نے یہ حدیث انس سے سنی ہے اونہون نے کہا سبحان اللہ مین نے کہا سنی ہے اونہون نے کہا سبحان اللہ یہ اونہون نے تعجب سے کہا یعنے سنی کیون نہین اگرچہ اسحدیث مین ہاتھہ کا اوٹھانا اور دعا مین ثابت نہین ہوتا لیکن اور حدیثون سے ہاتھہ کا اوٹھانا اور مقامات مین بھی ہے اور شاید انس کو اس کی خبر نہ ہوگی یا مقصود اون کا مبالغہ ہے یعنے بہت لمبا کر کے نہین اوٹھاتے تھے جیسی استسقا مین اوٹھاتے تھے **باب** قدر التسبيح بعد الوتر وتر کے بعد کتنا بڑا سجدہ کرے **عن** عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي احدى عشرة ركعة فيما بين ان يفرغ من صلوة العشاء الى الفجر يسلم بين كل ركعتين ويسجد قدر ما يقرأ احدكم خمسين آية ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گیارہ رکعتین پڑھتے عشا کی نماز سے فارغ ہو کر فجر تک سو فجر کے دو سنتون کو اور سجدہ کرتے تھے اتنی دیر تک جتنی دیر مین تم مین سو کوئی پچاس آیتین پڑھے **التسبيح** بعد الفراغ من الوتر وتر سے فارغ ہو کر تسبیح کہنا **عن** عبد الرحمن بن ابزى عن النبي صلى الله عليه وسلم انه كان يوتر بتسبيح اسم ربك الاعلى وقل يا ايها الكافرون وقل هو الله احد ويقول بعد ما يسلم سبحان الملك

القدوس ثلث مرات یرفع بها صوته ترجمہ عبدالرحمن بن ابزی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر میں سبح اسم ربک الاعلی اور قل یا ایہا الکافرون اور قل ہو اللہ احد پڑھتے اور سلام کے بعد تین بار بلند آواز سے سبحان الملک القدوس

ربک الاعلی اور قل یا ایہا الکافرون اور قل ہو اللہ احد پڑھتے اور سلام پھیرتے تو تین بار سبحان الملک القدوس کہتے اور تیسری بار بلند آواز سے کہتے پھر ابقی

واقل یا ایہا الکافرون وقل ہو اللہ احد فاذا فرغ قال سبحان الملک القدوس ترجمہ عبدالرحمن بن ابزی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر میں سبح اسم ربک الاعلی اور قل یا ایہا الکافرون اور قل ہو اللہ احد پڑھتے جب فارغ ہوتے تو سبحان الملک القدوس کہتے ایما حدیث اصح

پہچیں نفل پڑھنا درست ہے عن ابی سلمۃ بن عبدالرحمن انہ سال عائشۃ عن صلوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اللیل فقالت کان یصلی ثلث عشرۃ رکعۃ تسع رکعات ثم یوتر فیسمع ودکعتین جالسا فاذا اراد ان یرکع قام فرکع ویسجد ویفعل ذلک بعد الوتر فاذا سمع نداء الصبح قام فرکع رکعتین خفیفتین ترجمہ ابوسلمہ بن عبدالرحمان سے روایت ہے انہوں نے حضرت عائشہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کو پوچھا رات میں حضرت عائشہ نے کہا آپ کا تیرہ رکعتیں پڑھتے نو رکعتیں کھڑے ہو کر اور وتر ہوتا اور دو رکعتیں بیٹھ کر جب رکوع کرنے لگے تو کھڑے ہوتے اور دو رکعتیں ہلکی پڑھتے (یعنی فجر کی سنتیں) المحافظۃ علی الرکعتین قبل الفجر فجر کی سنتوں کی تاکید عن عائشۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان لیدع اربع رکعات قبل الظہر وربع رکعتین قبل الفجر ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی نہیں چھوڑتے تھے ظہر سے پہلے چار رکعتیں کو اور فجر سے پہلے دو رکعتوں کو عن عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیدع اربعا قبل الظہر

فرکعتین قبل الصبح ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں چھوڑتے تھے ظہر سے پہلے چار رکعتوں کو اور فجر سے پہلے دو رکعتوں کو عن عائشۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال رکعتا الفجر خیر من الدنیا وما فیہا ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فجر کی دو رکعتیں بہتر ہیں دنیا سے اور جو دنیا میں ہے وقت رکعتی الفجر فجر کی دو رکعتوں کا وقت عن حفصۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ کان اذا نودی للصلوۃ الصبح رکع رکعتین خفیفتین قبل ان یقوم الی الصلوۃ ترجمہ ام المومنین حفصہ سے روایت ہے جب فجر کی اذان ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کو جانے سے پہلے دو رکعتیں ہلکی ہلکی پڑھتے عن حفصۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا اضاء لہ الفجر صلی رکعتین ترجمہ ام المومنین حفصہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب فجر کی روشنی معلوم ہوتی تو دو رکعتیں پڑھتے الاضطجاع بعد رکعتی الفجر علی الشق الایمن فجر کی سنتیں پڑھ کر داہنی کروٹ پر لیٹنا عن عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا سکت المؤذن بلالا اول ما یبدأ من صلوۃ الفجر قام فرکع رکعتین خفیفتین قبل صلوۃ الفجر بعد ان یتبین الفجر ثم یضطجع علی شقہ الایمن ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے جب فجر کی اذان دینے والے مؤذن چپ ہو رہتا تو آپ اٹھتے اور دو رکعتیں ہلکی ہلکی پڑھتے فرض سے پہلے لیکن فجر کی روشنی ہو جانے کے بعد پھر داہنی کروٹ پر لیٹتے باب ذکر من ترک لیلہ قیام اللیل جو شخص رات کو عبادت کرتا ہو پھر چھوڑ دے اس کی مذمت عن عبد اللہ بن عمرو قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تکن مثل فلان کان یقوم اللیل ثم ترک قیام اللیل ترجمہ عبد اللہ بن عمرو سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا مت ہو مثل فلانے کے پہلے وہ رات کو عبادت کرتا تھا پھر چھوڑ دی عن عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تکن یا عبد اللہ مثل فلان کان یقوم اللیل فترک قیامہ اللیل ترجمہ عبد اللہ بن عمرو سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت ہو اے عبد اللہ مثل اس شخص کے جو پہلے رات کو عبادت کرتا تھا پھر چھوڑ دی باب وقت رکعتی الفجر فجر کی رکعتوں کا وقت عن حفصۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ کان یصلی رکعتی الفجر رکعتین خفیفتین ترجمہ ام المومنین حفصہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی دو رکعتیں ہلکی ہلکی پڑھتے عن حفصۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یرکع رکعتین خفیفتین بین النداء والاقامۃ من صلوۃ الفجر ترجمہ حفصہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعتیں ہلکی ہلکی پڑھتے تھے اذان اور تکبیر کے بیچ میں فجر کی نماز کے عن حفصۃ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یرکع بین النداء والاقامۃ رکعتین خفیفتین ترجمہ حفصہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم درمیان میں اذان اور نماز کی دو رکعتیں ہلکی ہلکی پڑھتے عن حفصۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یصلی بین النداء والاقامۃ رکعتین خفیفتین رکعتی الفجر

ترجمہ ام المومنین حفصہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعتیں ہلکی پڑھتے اذان اور تکبیر کے بیچ فجر کی عن حفصة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان ليصلي ركعتين بين النداء والاقامة من صلوة الصبح

ترجمہ پس گذرا عن حفصة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يصلي قبل الصبح ركعتين ترجمہ حفصہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح سے پہلے دو رکعتیں پڑھتے عن حفصة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا اذن المؤذن لصلوة الصبح سجد سجدتين قبل صلوة الصبح ترجمہ

فجر کی اذان ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو سجدے کرتے (یعنی دو رکعتیں پڑھتے) فجر کی نماز سے پہلی عن حفصة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا سكت المؤذن صلى ركعتين خفيفتين ترجمہ حفصہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعتیں ہلکی پہلے پڑھتے جب مؤذن چپ ہو رہتا اذان دیکر عن حفصة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا سكت المؤذن من الاذان لصلوة الصبح وبدا الصبح صلى ركعتين خفيفتين قبل ان تقام الصلوة ترجمہ ام المومنین حفصہ سے روایت ہے جب مؤذن فجر کی اذان دیکر چپ ہو رہتا اور نماز کو کھڑی نکلتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعتیں ہلکی پڑھتے نماز کھڑی ہونے سے پہلے عن حفصة انه كان يصلي قبل الفجر ركعتين خفيفتين ترجمہ حفصہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجر سے پہلے دو رکعتیں ہلکی پہلی پڑھتے عن حفصة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يصلي ركعتين اذا طلع الفجر ترجمہ حفصہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعتیں پڑھتے جب فجر نمودار ہوتی عن حفصة انها قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا طلع الفجر لا يصلي الا ركعتين خفيفتين ترجمہ حفصہ سے روایت ہے جب فجر نمودار ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں پڑھتے مگر دو رکعتیں ہلکی پہلی عن حفصة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم انه كان اذا نودي لصلوة الصبح ركع ركعتين خفيفتين قبل ان تقوم الى الصلوة ترجمہ حفصہ سے روایت ہے جب فجر کی اذان ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعتیں ہلکی پڑھتے نماز کو کھڑی ہونے سے پہلی عن حفصة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يركع ركعتين قبل الفجر وذلك بعد ما يطلع الفجر ترجمہ حفصہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز سے پہلے دو رکعتیں پڑھتے جب فجر نمودار ہو جاتی عن حفصة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا اضاء له الفجر صلى ركعتين ترجمہ حفصہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب فجر کی روشنی معلوم ہوتی تو دو رکعتیں پڑھتے عن عائشة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يصلي ركعتين خفيفتين بين النداء والاقامة من صلوة الفجر ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعتیں ہلکی پڑھتے درمیان اذان اور اقامت کے فجر کی وقت عن ابي سلمة انه سال عائشة عن صلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم بالليل قالت كان يصلي بالليل عشر ركعات ويسجد سجدة يقدر احدكم اذا رفع راسه ان يقرا خمسين اية قبل ان يركع ويصلي ركعتين قبل صلوة الفجر ثم يضطجع على شقه الايمن حتى ياتيه المؤذن فيصلي ركعتين خفيفتين ثم يخرج فيصلي بالناس ترجمہ ابوسلمہ سے روایت ہے میں نے

اونہون نے حضرت عائشہ سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی نماز کو اونہون نے کہا تیرہ رکعتین پہلے آٹھ رکعتین پڑھتے پھر وتر پڑھتے پھر دو رکعتین بیٹھ کر پڑھتے جب رکوع کرنے لگتے تو کھڑے ہو جاتے اور دو رکعتین اذان اور اقامت کے بیچمین پڑھتے فجر کی نماز کے **عَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ إِذَا سَمِعَ الْأَذَانَ وَيُخَفِّفُهُمَا ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی سنتین اذان سنکر پڑھتے اور ہلکا کرتے اونکو۔ امام نسائی نے کہا یہ حدیث منکر ہے **عَنِ** السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ أَنَّ سَعْدَ بْنَ أَيْهَمَ الْحِضْرَمِيَّ ذُكِرَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَوَسَّدُ الْقُرْآنَ ترجمہ سائب بن یزید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس شریح حضرمی کا ذکر آیا آپنے فرمایا وہ توسد نہین کرتا قرآنکا **ف** توسد کے معنے تکیہ لگانا اور قرآن کے توسد نہ کرنیکو دو معنی ہین۔ ایک تو یہ کہ وہ رات کو سوتا نہین بلکہ رات بھر عبادت کرتا ہے اگر سوتا اور تکیہ پر سر رکھتا تو قرآن بھی اوس کے ساتھ نہین رہتا اگر پہلے معنے مراد ہین تو تعریف ہے شریح کی اور جو دوسرے معنے مراد ہین تو مذمت ہے واللہ اعلم **بَابُ** مَنْ كَانَ لَهُ صَلَاةٌ بِاللَّيْلِ فَغَلَبَتْهُ عَلَيْهَا النَّوْمُ ایک شخص رات کو تہجد پڑھتا ہو اور ایک رات نیند کے سبب سے نہ پڑھ سکے **عَنْ** عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنِ امْرِئٍ تَكُونُ لَهُ صَلَاةٌ بِاللَّيْلِ فَغَلَبَتْهُ عَلَيْهَا نَوْمَةٌ إِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ أَجْرَ صَلَاتِهِ وَكَانَ نَوْمُهُ صَدَقَةً عَلَيْهِ ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رات کو نماز پڑھا کرتا ہو پھر وہ نیند کیوجہ سے پڑھ نہ سکے تو اللہ نماز کا ثواب اوسی دیگا اور اوسکا سونا صدقہ ہو جاویگا اوس پر (یعنی اللہ جل جلالہ سونیکو معاف کردیگا) **عَنْ** عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهُ صَلَاةٌ صَلَّاهَا مِنَ اللَّيْلِ فَنَامَ عَنْهَا كَانَ ذٰلِكَ صَدَقَةً تَصَدَّقَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْهِ وَكُتِبَ لَهُ أَجْرُ صَلَاتِهِ ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رات کو کوئی نماز پڑھا کرتا ہو پھر سو جاوے اور نماز نہ پڑھ سکے تو یہ صدقہ ہوگا اللہ کا اوسپر اور لکھا جاویگا اوس کے لیئے نماز کا ثواب **عَنْ** عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر ایسا ہی بیان کیا جیسے اوپر گزرا۔ امام نسائی نے کہا اس روایت کے اسناد مین ابو جعفر رازی ہے جو قوی نہین ہے حدیث مین **بَابُ** مَنْ أَتَى فِرَاشَهُ وَهُوَ يَنْوِي الْقِيَامَ فَنَامَ ایک شخص اپنے بچھونے پر آیا اور نیت رکھتا تہا رات کو اوٹھنے کی لیکن سو گیا اور اوٹھ نہ سکا **عَنْ** أَبِي الدَّرْدَاءِ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَتَى فِرَاشَهُ وَهُوَ يَنْوِي أَنْ يَقُومَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ فَغَلَبَتْهُ عَيْنَاهُ حَتَّى أَصْبَحَ كُتِبَ لَهُ مَا نَوَى وَكَانَ نَوْمُهُ صَدَقَةً عَلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ ترجمہ ابو الدرداء سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے بچھونے پر آوے (سونیکو) لیکن نیت رکھتا ہو رات کو اوٹھنے کی اور نماز پڑھنے کی پھر اوسکی آنکھ لگجاوے صبح تک

تو اوسکو نیت کا ثواب ہوگا اور اوسکا سونا ایک صدقہ ہوگا اوسکی پروردگار کیطرف سے۔ امام نسائی نے کہا مخالفت کے
حبیب بن ابی ثابت کی سفیان ثوری نے اور روایت کیا اوسکو عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ مَوْقُوْفًا ابوالدرداء سے قول اوسکا
نہ قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا **بَابُ** باب **مَنْ نَامَ عَنْ صَلٰوتِهٖ اَوْ مَنَعَهٗ وَجَعٌ** کہ کوئی شخص نیند یا
بیماری کیوجہ سے رات کی نماز نہ پڑھ سکے تو دن کو کتنی رکعتیں پڑھے عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
كَانَ اِذَا لَمْ يُصَلِّ مِنَ اللَّيْلِ مَنَعَهٗ ذٰلِكَ نَوْمٌ اَوْ وَجَعٌ صَلّٰى مِنَ النَّهَارِ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً ترجمہ ام المومنین عائشہ
سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو نماز نہ پڑھ سکے نیند یا بیماری کیوجہ سے تو دن کو بارہ رکعتیں پڑھتے تھے **بَابُ**
مَتٰى يَقْضِيْ مَنْ نَامَ عَنْ حِزْبِهٖ مِنَ اللَّيْلِ جو شخص اپنا وظیفہ رات کو نہ پڑھ سکے تو وہ دن کو کس وقت پڑھے عَنْ عُمَرَ بْنِ
الْخَطَّابِ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَامَ عَنْ حِزْبِهٖ اَوْ عَنْ شَيْءٍ مِنْهُ فَقَرَاَهُ فِيْمَا
بَيْنَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَصَلٰوةِ الظُّهْرِ كُتِبَ لَهٗ كَاَنَّمَا قَرَاَهُ مِنَ اللَّيْلِ ترجمہ حضرت عمرؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنا ورد پورا یا کچھ اوسمیں سے رات کو نہ پڑھ سکا اور سو جاوے پھر فجر کی نماز سے لیکر ظہر تک اوسکو
پڑھ لیوے تو گویا اوس نے رات میں ہی پڑھا دیسا ہی ویسا ہی ثواب اوسکا لکھا جاویگا عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهٗ قَالَ
مَنْ نَامَ عَنْ حِزْبِهٖ اَوْ عَنْ شَيْءٍ مِنْهُ مِنَ اللَّيْلِ فَقَرَاَهُ فِيْمَا بَيْنَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ اِلٰى صَلٰوةِ الظُّهْرِ كُتِبَ لَهٗ كَاَنَّمَا قَرَاَهُ
مِنَ اللَّيْلِ ترجمہ حضرت عمرؓ نے کہا جو شخص اپنے وظیفہ یا رات کے ایک حصے سے سو جاوے پھر اوسکو صبح کی نماز سے لیکر ظہر تک پڑھ لیوے تو
گویا اوس نے رات ہی کو پڑھا عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ مَنْ فَاتَهٗ حِزْبُهٗ مِنَ اللَّيْلِ فَقَرَاَهُ حِيْنَ تَزُوْلُ الشَّمْسُ اِلٰى
صَلٰوةِ الظُّهْرِ فَاِنَّهٗ لَمْ يَفُتْهُ اَوْ كَاَنَّهٗ اَدْرَكَهٗ ترجمہ حضرت عمرؓ سے روایت ہے اونہوں نے کہا جس شخص کا رات
کا وظیفہ قضا ہو جاوے پھر وہ آفتاب کے ڈھلنے سے ظہر کیوقت تک اوسکو پڑھ لیوے تو گویا قضا ہی نہیں ہوا یا گویا اوس نے وہ وظیفہ
بِاللَّيْلِ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ مَنْ فَاتَهٗ وِرْدُهٗ مِنَ اللَّيْلِ فَقَرَاَهُ فِيْ صَلٰوةٍ قَبْلَ الظُّهْرِ فَاِنَّهٗ تَعْدِلُ
صَلٰوةُ اللَّيْلِ ترجمہ حمید بن عبدالرحمان نے کہا جس شخص کا رات کا وظیفہ قضا ہو جاوے پھر اوسکو ظہر سے پہلے پڑھ لیوے تو رات
کی نماز کے برابر ہوگا **بَابُ** باب **كَمْ يُصَلِّيْ فِيْ الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ مِنْ رَكْعَةٍ سِوَى الْمَكْتُوْبَةِ** عَنْ
عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ ثَابَرَ عَلٰى اِثْنَتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ دَخَلَ
الْجَنَّةَ اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَهَا وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ
ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہمیشہ پڑھے بارہ رکعتوں کو رات دن میں جنت میں
جاویگا چار رکعتیں ظہر سے پہلے اور دو رکعتیں ظہر کے بعد اور دو رکعتیں مغرب کے بعد اور دو رکعتیں عشا کے بعد اور دو رکعتیں فجر سے
پہلے عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ ثَابَرَ عَلٰى اِثْنَتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً بَنَى اللّٰهُ لَهٗ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ وَرَكْعَتَيْنِ

قبل الفجر ترجمہ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہمیشہ بارہ رکعتوں کو اللہ عزوجل
اوسکے لیے ایک گھر بنا دیگا جنت میں چار رکعتیں ظہر سے پہلے اور دو ظہر کے بعد اور دو مغرب کے بعد اور دو عشا کے بعد اور دو
فجر سے پہلے عنبسۃ بن ابی سفیان قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من رکع فی یوم
عشرۃ رکعۃ فی یومہ ولیلتہ سوی المکتوبۃ بنی اللہ لہ بیتا فی الجنۃ ترجمہ ام حبیبہ بنت ابی سفیان سے روایت ہے
میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے ہیں جو شخص بارہ رکعتیں پڑھے ہر دن اور رات میں سوا فرض کے اللہ
اوس کے لیے ایک گھر بنا دیگا جنت میں عنبسۃ ابن ابی سفیان قال قلت لعلماء بلغنی انک ترکع قبل الجمعۃ اثنی عشرۃ
رکعۃ فما بلغک فی ذالک قال اخبرت ان ام حبیبۃ حدثت عنبسۃ بن ابی سفیان ان النبی صلی اللہ علیہ
وسلم قال من رکع اثنتی عشرۃ رکعۃ فی الیوم واللیلۃ سوی المکتوبۃ بنی اللہ لہ عزوجل بیتا فی الجنۃ
ترجمہ ابن جریج سے روایت ہے میں نے عطا سے کہا مجھ کو خبر پہونچی ہے تم جمعہ سے پہلے بارہ رکعتیں پڑھتے ہو اس باب میں تمنے کیا سنا ہے
اونہوں نے کہا میں نے سنا ہے کہ ام حبیبہ نے عنبسہ بن ابی سفیان سے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بارہ
رکعتیں پڑھے رات اور دن میں سوا فرض کے تو اللہ تعالی اوس کے لیے جنت میں ایک گھر بنا دیگا عنبسۃ ام حبیبۃ قالت
سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من صلی فی یوم اثنتی عشرۃ رکعۃ بنی اللہ عزوجل لہ بیتا
فی الجنۃ ترجمہ ام حبیبہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے ہیں جو شخص اکیدن میں بارہ رکعتیں پڑھے اللہ
اوس کے لیے ایک گھر بنا دیگا جنت میں عنبسۃ بن امیۃ قال قدمت الطائفۃ فدخلت علی عنبسۃ بن ابی
سفیان وھو یموت فرایت منہ جزعا فقلت انک علی خیر فقال الخیر ثنی اخبرتنی ام حبیبۃ ان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم قال من صلی اثنتی عشرۃ رکعۃ بالنھار او باللیل بنی اللہ عزوجل بیتا فی الجنۃ
ترجمہ عنبسہ بن امیہ سے روایت ہے میں طائف میں گیا تو عنبسہ ابن ابی سفیان کو مرتا ہوا پایا اور میں نے دیکھا وہ بیقرار ہیں میں نے
کہا تم تو اچھے آدمی ہو اونہوں نے کہا مجھ سے میری بہن ام حبیبہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص
بارہ رکعتیں پڑھے دن کو یا رات کو اللہ تعالی اوس کے لیے ایک گھر بنا دیگا جنت میں عنبسۃ ام حبیبۃ بنت ابی سفیان قالت
من صلی اثنتی عشرۃ رکعۃ فی یوم فصلی قبل الظھر اربعا بعدھا رکعتین وبعد المغرب رکعتین وقبل الغداۃ
رکعتین بعد الفجر ترجمہ ام حبیبہ سے روایت ہے اونہوں نے کہا جو شخص بارہ رکعتیں اکیدن میں پڑھا جاتا ہے ظہر سے پہلے اور دو اوس کے بعد اور دو مغرب کے اور دو عشا کے اور دو فجر سے پہلے اللہ تعالی اوس کے لیے ایک گھر بنا دیگا

عنبسۃ ام حبیبۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اثنتی عشرۃ رکعۃ من صلی بنی لہ بیت فی الجنۃ
اربع رکعات قبل الظھر ورکعتین بعد الظھر ورکعتین قبل العصر ورکعتین بعد المغرب ورکعتین
قبل صلوۃ الصبح ترجمہ ام حبیبہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بارہ رکعتیں ہیں جو اونکو پڑھیگا اوس کے
لیے ایک گھر بنایا جاویگا جنت میں چار ظہر سے پہلے اور دو ظہر کے بعد اور دو عصر سے پہلے اور دو مغرب کے بعد اور دو فجر سے پہلے عنبسۃ

أُمِّ حَبِيبَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً بَنَى اللَّهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ
أَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ وَثِنْتَيْنِ بَعْدَهَا وَثِنْتَيْنِ قَبْلَ الْعَصْرِ وَثِنْتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ وَاثْنَتَيْنِ قَبْلَ الصُّبْحِ ترجمہ
ام حبیبہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بارہ رکعتیں پڑھے اللہ اوس کے لیے ایک گھر بنا دیگا جنت
میں چار ظہر سے پہلے اور دو ظہر کے بعد اور دو عصر سے پہلے اور دو مغرب کے بعد اور دو فجر سے پہلے عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ قَالَتْ
مَنْ صَلَّى فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً سِوَى الْمَكْتُوبَةِ بَنَى لَهُ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ أَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ
وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَهَا وَثِنْتَيْنِ قَبْلَ الْعَصْرِ وَثِنْتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ وَثِنْتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ ترجمہ ام حبیبہ سے روایت ہے
اونہون نے کہا جس شخص نے رات دن مین بارہ رکعتین پڑہین فرض کے سوا اوس نے اپنا گھر جنت مین بنایا چار ظہر سے پہلے
اور دو ظہر کے بعد اور دو عصر سے پہلے اور دو مغرب کے بعد اور دو فجر سے پہلے عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ مَنْ صَلَّى فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً بُنِيَ لَهُ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ ترجمہ ام حبیبہ سے روایت ہے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے رات دن مین بارہ رکعتین پڑہین اوس نے اپنا گھر جنت مین عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ
قَالَتْ مَنْ صَلَّى فِي النَّهَارِ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً سِوَى الْمَكْتُوبَةِ بُنِيَ لَهُ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ ترجمہ ام حبیبہ سے روایت ہے
اونہون نے کہا جس شخص نے رات دن مین بارہ رکعتین پڑہین سوا فرض کے اوسکے لیے بنایا جاویگا ایک گھر جنت مین
عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ قَالَتْ مَنْ صَلَّى فِي يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً سِوَى الْمَكْتُوبَةِ بَنَى اللَّهُ لَهُ عَزَّ وَجَلَّ
بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ ترجمہ ام حبیبہ سے روایت ہے جس شخص نے رات دن مین بارہ رکعتین پڑہین سوا فرض کے اللہ تعالی اوسکے لیے ایک
گھر بنا دیگا جنت مین عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ أَنَّهُ مَنْ صَلَّى فِي يَوْمٍ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً بُنِيَ لَهُ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ ترجمہ
ام حبیبہ نے کہا جو شخص ایکدن مین بارہ رکعتین پڑہے اوس کے لیے ایک گھر بنایا جاویگا جنت مین عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ قَالَتْ
قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى فِي يَوْمٍ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً سِوَى الْفَرِيضَةِ بَنَى اللَّهُ لَهُ أَوْ بُنِيَ لَهُ
بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ ترجمہ ام حبیبہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ایکدن مین بارہ رکعتین پڑہے سوا فرض
کے اللہ اوسکے لیے ایک گھر بنا دیگا یا اوسکے لیے ایک گھر بنایا جاویگا جنت مین عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَلَّى ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً فِي يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ بَنَى اللَّهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ ترجمہ ام حبیبہ سے روایت ہے رسول
اللہ صلعم نے فرمایا جو شخص بارہ رکعتین پڑہے ایک دن رات مین اللہ تعالی اوس کے لیے ایک گھر بنا دیگا جنت مین عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ
قَالَتْ مَنْ صَلَّى فِي يَوْمٍ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً بُنِيَ لَهُ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ ترجمہ ام حبیبہ سے روایت ہے اونہون نے کہا جو شخص
ایک دن مین بارہ رکعتین پڑہے اوسکے واسطے ایک گھر بنایا جاویگا جنت مین عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ مَنْ صَلَّى فِي يَوْمٍ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً سِوَى الْفَرِيضَةِ بَنَى اللَّهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ایک دن مین بارہ رکعتین پڑہے سوا فرض کے اللہ اوس کے لیے ایک گھر جنت مین بنا دیگا عَنْ

حسان بن عطیۃ قال لما نزل بعنبسۃ جعل یتصوب فقیل لہ فقال لما انی سمعت ام حبیبۃ زوج النبی
صلی اللہ علیہ وسلم تحدث عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ من رکع اربع رکعات قبل الظہر واربعا
بعدہا حرمہا اللہ عز وجل لحمہ علی النار فما ترکتہن منذ سمعتہن من ترجمہ حسان بن عطیہ سے روایت
ہے جب عنبسہ کی وفات قریب ہوئی تو وہ تڑپ رہے تھے لوگوں نے اون سے کہا (یعنی اونکو تسکین دی) اونہوں نے کہا نے
ام حبیبہ سے سنا جو نبی کی بی بی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آپنے فرمایا جو شخص چار رکعتیں ظہر سے پہلے اور چار ظہر کے
بعد اللہ اوسکا گوشت حرام کریگا جہنم پر اوس روز سے میں نے اونکو نہیں چھوڑا جب سے میں نے عن ام حبیبۃ زوج النبی
صلی اللہ علیہ وسلم انہا حدثتہا ان ابا القاسم صلی اللہ علیہ وسلم اخبرہا ما من عبد مؤمن یصلی اربع
رکعات بعد الظہر فلا تمسہ النار بجلدۃ ابدا ان شاء اللہ عز وجل ترجمہ ام حبیبہ سے روایت ہے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی بی بی ہیں کہ اونکی حبیب ابو القاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے اون سے فرمایا جو بندہ مسلمان چار رکعتیں
پڑھے ظہر کے بعد تو جہنم کی آگ اگر خدا چاہے اوسکی بدن سے نہ لگیگی کبھی عن ام حبیبۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کان یقول من صلی اربع رکعات قبل الظہر واربعا بعدہا حرمہ اللہ عز وجل علی النار ترجمہ ام حبیبہ سے
روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے جو شخص چار رکعتیں ظہر سے پہلے پڑھے اور چار رکعتیں ظہر کے بعد اللہ اوس کو
حرام کریگا جہنم پر عن محمد بن ابی سفیان قال لما نزل بہ الموت اخذہ امر شدید فقال حدثتنی اختی ام حبیبۃ
بنت ابی سفیان قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من حافظ علی اربع رکعات قبل الظہر واربع بعدہا
حرمہ اللہ تعالی علی النار ترجمہ محمد بن ابی سفیان سے روایت ہے جب اونکو موت آنے لگی تو بڑی بیقراری ہوئی اونہوں
نے کہا مجھ سے حدیث بیان کی ام حبیبہ بنت ابی سفیان نے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص محافظت کریگا
ظہر سے پہلے چار رکعتوں پر اور ظہر کے بعد چار رکعتوں پر تو حرام کریگا اللہ اوسکو جہنم پر عن ام حبیبۃ عن النبی
صلی اللہ علیہ وسلم قال من صلی اربعا قبل الظہر واربعا بعدہا لم تمسہ النار ترجمہ ام حبیبہ سے روایت ہے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص چار رکعتیں پڑھے ظہر سے پہلے اور چار ظہر کے بعد اوس کو جہنم کی آگ نہ لگیگی

اخر کتاب الصلوۃ تمام ہوئی کتاب نماز کی باب تمنی الموت موت کی آرزو کرنا کیسا ہے

عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یتمنین احدکم الموت
اما محسنا فلعلہ ان یزداد خیرا واما مسیئا فلعلہ ان یستعتب ترجمہ ابو ہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی آرزو نہ کرے تم میں سے موت کی اسلیے کہ وہ نیک ہے شاید زیادہ نیکی کرے اور جو بد ہے تو شاید بدی
سے توبہ کرے (بہرحال جینا بہتر ہے اوس کے لیے) عن ابی ہریرۃ یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا
یتمنین احدکم الموت اما محسنا فلعلہ ان یزداد خیرا ولعل یزداد خیرا لہ واما مسیئا فلعلہ

أن يستحب ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی تم میں موت کی آرزو نہ کرے اسلیے کہ اگر وہ نیک ہے تو شاید جیئے اور بھلائی زیادہ کرے اور گنہگار ہے تو شاید توبہ کرے عن انس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یتمنین احدکم الموت بضر نزل بہ فی الدنیا ولکن لیقل اللھم احینی ما کانت الحیوۃ خیرا لی وتوفنی ان کانت الوفاۃ خیرا لی ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی تم میں موت کی آرزو نہ کرے اوس مصیبت سے جو دنیا میں اوسکو پہونچی لیکن یوں کہے یا اللہ جلا مجھکو جبتک جینا میرے لیے بہتر ہو اور مار مجھکو اگر مرنا میرے لیے بہتر ہو **الدعاء بما للموت** موت کی دعا کرنا کیسا ہے عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یتمنین احدکم الموت ولا یدع بہ من قبل ان یاتیہ انہ اذا مات احدکم انقطع عملہ وانہ لا یزید المؤمن عمرہ الا خیرا فلیعمل المؤمن ما احیینی ما کانت الحیوۃ خیرا لی وتوفنی اذا کانت الوفاۃ خیرا لی ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں کوئی موت کی آرزو نہ کرے اور نہ موت کی دعا کرے موت کے آنے سے پہلے اسلیے کہ جب تم میں کوئی مرتا ہے اوسکا عمل بند ہو جاتا ہے اور مومن کی عمر اوسکے حق میں بہتری ہی بڑھاتی ہے پس مومن کو چاہیے کہ عمل کرے جبتک جینا اوسکے لیے بہتر ہو اور مار مجھکو جب مرنا میرے لیے بہتر ہو **عن قیس** قال دخلت علی خباب وقد اکتوی فی بطنہ سبعا وقال لولا ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نھانا ان ندعو بالموت دعوت بہ ترجمہ قیس سے روایت ہے میں خباب پاس گیا اونہوں نے اپنے پیٹ پر سات داغ لیے تھے وہ کہنے لگے اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو منع نکیا ہوتا تو میں دعا کرتا موت کی زور و شدت اور تکلیف سے **کثرۃ ذکر الموت** موت کی بہت یاد کرنا عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثروا ذکر ھاذم اللذات ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہت یاد کرو لذتوں کو مٹانیوالی اور کام شہوت والی کو **ف** یعنی موت کی فایدہ اوسکا یہ ہے کہ انسان موت کو یاد کرکے کاموں میں جلدی کو کم کرتا ہے اور بری کاموں سے توبہ کرتا ہے اور دوسری یہ ہے کہ اکثر وقت غفلت اور خوشی میں گزرتا ہے پھر اگر کسی وقت فکر اور رنج تھوڑے رنج کی عادت جاتی رہے گی اور جب ایک بار کوئی رنج ہوگا تو ہلاکت کا خوف ہے اسی واسطے انسان کے لیے ضرور ہے کہ وہ خوشی اور رنج دونوں کا مزہ اوٹھاتا رہے تیسری یہ ہے کہ موت کی یاد فکر و شہوت مٹاتی ہے اور دنیا دی رنجوں جو فلاں نے تنگدستی یا اور سبب سے ہوں دور کرتی ہے اور خلک وحسد کی مادی کو قطع کرتی ہے عن ام سلمۃ قالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اذا حضرتم المریض فقولوا خیرا فان الملائکۃ یؤمنون علی ما تقولون قلما مات ابو سلمۃ قلت یا رسول اللہ کیف اقول قال قولی اللھم اغفر لنا ولہ واعقبنی منہ عقبی حسنۃ فاعقبنی اللہ عز وجل محمد صلی اللہ علیہ وسلم ترجمہ ام المومنین ام سلمہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جب تم مریض کے پاس (یعنی جو بیمار موت کے قریب ہو) تو اچھی بات کہو یعنی دعا کرو اوس کے لیے مغفرت کی) اس لیے کہ فرشتے آمین کہتے ہیں تمہاری بات پر جب ابوسلمہ میرے خاوند مر گئے میں نے کہا یا رسول اللہ میں کیا کہوں آپنے فرمایا کہہ یا اللہ بخشدے ہم کو اور اوسکو اور اوس کے بعد اوس سے بہتر کر دے تو اللہ نے اوس کے بعد مجھکو دیا محمد رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم کو (جو بہتر ہیں ام سلمہ سے یعنی اپنے مجوسی نکاح کیا) **باب تلقین المیت** میت کو سکھلانا لا الٰہ الا اللہ کا

ابی سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لقنوا موتاکم لا الٰہ الا اللہ ترجمہ ابو سعید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سکھلاؤ اپنے مردوں کو (یعنی جو مرنے کے قریب ہوں) لا الٰہ الا اللہ یعنی اس کلمہ کو اوسوقت پڑھو تاکہ وہ بھی سنکر پڑھ لیں **عن عائشۃ** قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لقنوا موتاکم لا الٰہ الا اللہ ترجمہ وہی جو اوپر گزرا **باب علامۃ موت المؤمن** مومن کے مرنیکی نشانی **عن بریدۃ** ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال موت المؤمن بعرق الجبین ترجمہ بریدہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان کا مرنا پیشانی کے پسینے سے ہوتا ہے **ف** یعنی مسلمان پر موتی وقت اتنی شدت ہوتی ہے کہ پیشانی پر پسینا آجاتا ہے اور یہ سختی اس لئے ہوتی ہے کہ اوسکے گناہ دنیا میں مٹجاویں اور وہ اللہ کے پاس پاک اور صاف ہوکر جاوے **عن** بریدۃ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول المؤمن یموت بعرق الجبین ترجمہ بریدہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے مسلمان مرتا ہے پیشانی کے پسینے سے **شدۃ الموت** موت کی سختی کا بیان **عن عائشۃ** قالت مات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانہ لبین حاقنتی وذاقنتی فلا اکره شدۃ الموت لاحد بعدہ ما رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات میری جگنی اور ٹھوڑی کے بیچمیں ہوئی (یعنی میں اچھی دیکھ بھی نہ سکی) اب میں کسی کی موت کی سختی برا نہیں سمجھتی) جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا **ف** کہ آپ پر موت کی بہت سختی ہوئی پس معلوم ہوا کہ موت کی سختی کچھ برائی کی دلیل نہیں ہے بلکہ بہتر ہے اور باعث ہے ترقی درجات اور مغفرت ذنوب کی **الموت یوم الاثنین** پیر کے دن مرنا **عن انس** قال اخر نظرۃ نظرتها الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کشف الستارۃ والناس صفوف خلف ابی بکر رض فاراد ابو بکر ان یرتد فاشار الیهم ان اثبتوا والقی الستر فتوفی من یومه ذلک یوم الاثنین ترجمہ انس سے روایت ہے میں نے آخر بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جب آپ نے پردہ اوٹھایا اور لوگ ابو بکر کے پیچھے صف باندھے ہوئے تھے ابو بکر نے چاہا پیچھے ہٹنا آپ نے اشارہ کیا اپنی جگہ پر رہو اور پردہ ڈال لیا پھر اوسی روز اخیر دن میں آپکا انتقال ہوا اور وہ پیر کا دن تھا **الموت بغیر مولدہ** وطن کے سوا اور کہیں مرنے کی فضیلت **عن** عبد اللہ بن عمرو قال مات رجل بالمدینۃ ممن ولد بها فصلی علیه رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا لیتہ مات بغیر مولدہ قالوا ولم ذاک یا رسول اللہ قال ان الرجل اذا مات بغیر مولدہ قیس له من مولدہ الی منقطع اثرہ فی الجنۃ ترجمہ عبد اللہ بن عمرو سے روایت ہے ایک شخص جو مدینے کی پیدایش تھا مدینے میں مرا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسپر نماز پڑھی پھر فرمایا کاش کہ وہ اور کہیں مرتا لوگوں نے عرض کیا کیوں یا رسول اللہ آپنے فرمایا آدمی جب اپنے وطن کے اور کہیں مرتا ہے تو اوسکو

کر جنت میں دیں گے بدلا اس کے کہ اللہ سے لیسکر اوسکو خیر مانگنے کی نشان تک (یعنی تو مرنیکی جگہ تک) ف اس حدیث سے فضیلت مسافرت اور غربت کی معلوم ہوئی جب وہ بری کام کے لیئے نہ ہو بلکہ جہاد کے لیئے ہو یا اپنے لوگوں مالوں کو معاش پیدا کرنے کے لیئے **باب ما یلقی المؤمن من الکرامۃ عند خروج نفسہ** مرنے کیوقت مومن کی کیسی عزت ہوتی ہے **عن** ابی ہریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا حضر المؤمن اتتہ ملائکۃ الرحمۃ بحریرۃ بیضاء فیقولون اخرجی راضیۃ مرضیا عنک الی روح اللہ وریحان ورب غیر غضبان فتخرج کاطیب ریح المسک حتی انہ لیناولہ بعضہم بعضا حتی یاتون بہ باب السماء فیقولون ما اطیب ھذا الریح الذی جاءکم من الارض ویاتون بہ ارواح المؤمنین فلھم اشد فرحا بہ من احدکم بغائبہ یقدم علیکم فیسالونہ ماذا فعل فلان فیقولون دعوہ فانہ کان فی غم الدنیا فاذا قال اما اتاکم قالوا ذھب بہ الی امہ الھاویۃ وان الکافر اذا حضر اتتہ ملائکۃ العذاب بمسح فیقولون اخرجی ساخطۃ مسخوطا علیک الی عذاب اللہ عزوجل فتخرج کانتن ریح خبیثۃ حتی یاتون بہ باب الارض فیقولون ما انتن ھذا الریح حتی یاتون بہ ارواح الکفار ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مومن کی موت نزدیک ہوتی ہے تو فرشتے رحمت کے سفید ریشمی کپڑے لیکر آتے ہیں اور کہتے ہیں نکل راضی ہو تو اللہ سے اور اللہ تجھسے راضی ہے اللہ کی رحمت کیطرف اور اوس کے رزق کیطرف اور اپنے پروردگار کیطرف جو غصہ نہیں ہے (فرشتے روح سے کہتے ہیں) پھر وہ نکلتی ہے جیسے عمدہ خوشبودار مشک اور ہاتھوں ہاتھ فرشتے اوس کو اوٹھاتے ہیں اور آسمان کے دروازے پر لیجاتے ہیں اور کہتے ہیں کیا خوشبو ہے یہ جو زمین سے آئی ہے پھر اوس کو لاتے ہیں اور مومنوں کی روحوں پاس وہ خوش ہوتے ہیں اوس سے زیادہ جو تم کو کسی گئی ہوئی شخص کے آنے سے ہوتی ہے اور اوس سے پوچھتے ہیں فلان شخص (یعنے جسکو وہ دنیا میں چھوڑ گئے تھے) اب کیسی کام کرتا ہے پھر روحیں کہتے ہیں ابھی ٹھہرو چھوڑو اسکو دنیا کے غم میں ہے پھر وہ کہتی ہے کیا وہ شخص تمہارے پاس نہیں آیا (وہ تو مر گیا تھا) روحیں کہتی ہیں وہ دوزخ میں گیا ہوگا اور کافر کی جب موت آتی ہے تو عذاب کے فرشتے ایک ٹاٹ کا ٹکڑا لیکر آتے ہیں اور کہتے ہیں نکل تو ناراض ہے اللہ سے اور اللہ تجھسے ناراض ہے اللہ کے عذاب کیطرف پھر وہ نکلتی ہے جیسی بری مردار کی بو یہانتک کہ زمین کے دروازے پر لاتی ہیں (حوالہ پر ہے جہاں سے آسمان کی حد شروع ہوتی ہے اور نیچی ہے اسفل السافلین میں) اور کہتے ہیں کیا بدبو ہے پھر لیجاتی ہیں اوسکو کافروں کی روحوں میں **فیمن احب لقاء اللہ** اللہ کی ملاقات جو شخص چاہے **عن** ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من احب لقاء اللہ احب اللہ لقاءہ ومن کرہ لقاء اللہ کرہ اللہ لقاءہ قال شریح فاتیت عائشۃ فقلت یا ام المؤمنین سمعت ابا ھریرۃ یذکر عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حدیثا ان کان کذلک فقد ھلکنا قالت وما ذاک فقال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من احب لقاء اللہ احب اللہ لقاءہ ومن کرہ لقاء اللہ کرہ اللہ لقاءہ ولکن لیس ذاک ولکن اذا حضر المؤت قالت فقد قالہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولیس

بِالَّذِي تَذْهَبُ إِلَيْهِ وَلَكِنْ إِذَا ظَهَرَ الْبَيَاضُ وَخَرَجَ الصَّدْرُ وَاقْشَعَرَّ الْجِلْدُ فَعِنْدَ ذَلِكَ مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللَّهِ أَحَبَّ اللَّهُ لِقَاءَهُ وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللَّهِ كَرِهَ اللَّهُ لِقَاءَهُ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ سے ملنا چاہے اللہ اس سے ملنا چاہے گا اور جو شخص اللہ سے ملنا برا جانتا ہے اللہ بھی اس سے ملنا برا جانتا ہے شریح نے کہا میں حضرت عائشہ پاس گیا اور عرض کیا اے ام المومنین ابوہریرہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک حدیث بیان کی ہے اگر ایسا ہو تو ہم سب تباہ ہو جاویں گے انہوں نے پوچھا کیا میں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ سے ملنا چاہے اللہ بھی اس سے ملنا چاہتا ہے اور جو شخص اللہ سے ملاقات کو برا جانے اللہ بھی اسکی ملاقات کو برا جانتا ہے لیکن ہم میں سے کوئی ایسا نہیں ہے جو موت کو برا نہ جانے حضرت عائشہ نے کہا بیشک یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لیکن اسکا مطلب یہ نہیں جو تم سمجھے ہو بلکہ مطلب یہ ہے جب بینائی مٹ جاوے اور چھاتی میں دم آ جاوے اور رونگٹے کھڑے ہو جاویں اس وقت جو اللہ سے ملنا چاہے اللہ بھی اس سے ملنا چاہے گا اور جو اللہ سے ملنا نہ چاہے اللہ بھی اس سے ملنا نہ چاہے گا یعنی جب موت قریب ہوتی ہے اس وقت مومن کو خوشی ہوتی ہے اللہ سے ملنے کی اور کافر بہت ڈرتا ہے اور گھبراتا ہے عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللَّهُ تَعَالَى إِذَا أَحَبَّ عَبْدِي لِقَائِي أَحْبَبْتُ لِقَاءَهُ وَإِذَا كَرِهَ لِقَائِي كَرِهْتُ لِقَاءَهُ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جب کوئی بندہ میرا محب ہے ملنا چاہتا ہے میں اس سے ملنا چاہتا ہوں اور جب وہ میرا ملنا برا جانتا ہے میں اس سے ملنا برا جانتا ہوں عَنْ عُبَادَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللَّهِ أَحَبَّ اللَّهُ لِقَاءَهُ وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللَّهِ كَرِهَ اللَّهُ لِقَاءَهُ ترجمہ عبادہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کی ملاقات چاہے گا اللہ بھی اس سے ملنا چاہے گا اور جو اللہ سے ملنے کو برا جانیگا اللہ بھی اس سے ملنے کو برا جانیگا عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللَّهِ أَحَبَّ اللَّهُ لِقَاءَهُ وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللَّهِ كَرِهَ اللَّهُ لِقَاءَهُ وَزَادَ عُمَرُ وَفِي حَدِيثِهِ فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ كَرَاهِيَةُ لِقَاءِ اللَّهِ كَرَاهِيَةُ الْمَوْتِ كُلُّنَا نَكْرَهُ الْمَوْتَ قَالَ ذَاكَ عِنْدَ مَوْتِهِ إِذَا بُشِّرَ بِرَحْمَةِ اللَّهِ وَمَغْفِرَتِهِ أَحَبَّ لِقَاءَ اللَّهِ وَأَحَبَّ اللَّهُ لِقَاءَهُ وَإِذَا بُشِّرَ بِعَذَابِ اللَّهِ كَرِهَ لِقَاءَ اللَّهِ وَكَرِهَ اللَّهُ لِقَاءَهُ ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ سے ملنا چاہتا ہے اللہ بھی اس سے ملنا چاہتا ہے اور جو شخص اللہ سے ملنا برا جانتا ہے اللہ بھی اس سے ملنا برا جانتا ہے لوگوں نے کہا یا رسول اللہ اللہ سے ملنا کیا ہے موت سے ملنا اور موت سے ملنا تو ہر شخص ہم میں سے برا جانتا ہے آپ نے فرمایا نہیں یہ مراد نہیں ہے جب فرشتے کسی کو خوشخبری دیتے ہیں اللہ کی رحمت اور مغفرت کے ساتھ تو وہ اللہ سے ملنا چاہتا ہے اور اللہ بھی اس سے ملنا چاہتا ہے اور جب اس کو خبر دیتے ہیں اللہ کے عذاب کی تو وہ اللہ سے ملنا برا جانتا ہے اور اللہ بھی اس سے ملنا برا جانتا ہے **تقبیل المیت** میت کو بوسہ دینا عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ قَبَّلَ بَيْنَ عَيْنَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

وسلم کو دھلنے میت ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے ابوبکر صدیق نے بوسہ دیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں کے بیچ میں اور آپ کی وفات ہو چکی تھی عن ابن عباس وعن عائشۃ ان ابا بکر قبل النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو میت ترجمہ عبداللہ بن عباس سے اور حضرت عائشہ سے روایت ہے ابوبکر صدیق نے بوسہ دیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اور آپ کی وفات ہو چکی تھی عن عائشۃ ان ابا بکر اقبل علی فرس من مسکنہ بالسنح حتی نزل فدخل المسجد فلم یکلم الناس حتی دخل علی عائشۃ ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجی ببرد حبرۃ فکشف عن وجہہ فاکب علیہ فقبلہ ثم بکی ثم قال بابی انت وامی واللہ لا یجمع اللہ علیک موتتین ابدا اما الموتۃ التی کتبت علیک فقد متہا ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے ابوبکر صدیق نے ایک گھوڑے پر اپنے مکان سے جو سنح میں تھا (سنح ایک موضع کا نام ہے طرف عوالی مدینہ میں) یہاں تک کہ اترے اور مسجد میں گئے اور کسی سے بات نہیں کی اور حضرت عائشہ کے حجرے میں گئے اور سوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک مخطط یعنی کھیروان دار جس میں سرخ یا سیاہ لکیریں ہیں) چادر سے ڈھانپ دیا تھا اور آپ کی وفات ہو چکی تھی) ابوبکر نے پکا منہ کھولا اور جھک پڑے آپ پر اور بوسہ دیا اور رونے لگے پھر کہا ذبیح ہوں آپ پر باپ میرے قسم اللہ کی اللہ آپ کو دو بار نہ مارے گا موت یعنی اب اس کے بعد آپ کو موت نہیں ہے لیکن حیات ہے اور اللہ جل جلالہ کی حمت اور عنایت اور الطاف میں آپ ہمیشہ زندہ رہیں گے جنت میں لیکن جو موت آپ کے لیے لکھ گئی تھی وہ ہو چکی **تسجیۃ المیت** میت کو ڈھانپ دینا عن جابر یقول جیئ بابی یوم احد قد مثل بہ فوضع بفناء النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقد بجی بثوب فجعلت ارید ان اکشف عنہ فنہانی قومی فامر النبی صلی اللہ علیہ وسلم فرفع فسمعت صوت باکیۃ فقال من ھذہ فقالوا ابنۃ عمرو او اخت عمرو قال فلا تبکی او فلم تبکی ما زالت تظلہ باجنحتہا حتی رفع ترجمہ جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت ہے میرے باپ کو احد کے دن لائے اور کافروں نے اونکے ساتھ مثلہ کیا تھا یعنی اون کی کان ناک کاٹ ڈالے تو سامنے رکھی گئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور اون پر ایک کپڑا ڈھنپا ہوا تھا میں نے قصد کیا کھولنے کا لوگوں نے منع کیا اس خیال سے کہ یہ بیٹا ہے باپ کو اس حال میں دیکھ کر زیادہ بیقرار نہ ہو) پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا اور اٹھا لے گئے جب اونکو اٹھایا تو ایک عورت کے رونے کی آواز سنی آپنے پوچھا یہ کون ہے لوگوں نے کہا عمرو کی بیٹی یا بہن آپنے فرمایا مت رو یا کیوں روتی ہے فرشتے برابر پر اس پر سایہ کیے ہیں یہاں تک کہ اوٹھایا گیا **فی البکاء علی المیت** میت پر رونا کیسا ہے عن ابن عباس قال لما حضرت بنت لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صغیرۃ ظنوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فضمہا الی صدرہ ثم وضع یدیہ علیہا فقبضت وھی بین یدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فبکت ام ایمن فقال لہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا ام ایمن اتبکین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عندک فقالت مالی لا ابکی ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یبکی فقال رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان لست ابکی ولکنہا رحمۃ ثم قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المؤمن بخیر
علی کل حال ینزع نفسہ من بین جنبیہ وہو یحمد اللہ عزوجل ترجمہ عبداللہ بن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم کی ایک چھوٹی لڑکی مرنے لگی آپ نے اوسکو اٹھا کر اپنے سینہ سے لگایا پھر دونوں ہاتھ اپنے اوپر رکھدیے وہ مرگئی
آپ کی سامنے ام ایمن رونے لگیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ام ایمن تم روتی ہو اور میں تمہارے پاس موجود ہوں
ام ایمن نے کہا میں کیوں نہ روؤں جب اللہ کے رسول روتے ہیں آپنے فرمایا میں روتا نہیں لیکن یہ اللہ کی رحمت ہے (یعنی
آہستہ رونا اور صرف آنسو نکلنا اللہ کا رحم ہے بندے پر) پھر آپنے فرمایا مسلمان کی ہر حال میں بہتری ہے اوسکی جان نکلتی ہے
پسینو لیکن وہ اللہ جل جلالہ کا شکر کرتا ہے عن انس ان فاطمۃ بکت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین
مات فقالت یا ابتاہ من ربہ ما ادناہ یا ابتاہ الی جبریل ننعاہ یا ابتاہ جنۃ الفردوس مأواہ ترجمہ انس سے
روایت ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوا تو حضرت فاطمہ نے آپ پر رو کر کہنی لگیں اے باپ میرے تم اپنے
پروردگار سے نزدیک ہوگئے اے باپ میں تمہاری نیکی خبر جبرئیل کو پہونچاتی ہوں اے باپ میرے تمہارا ٹھکانا جنت الفردوس
میں ہے عن جابر ان اباہ قتل یوم احد فجعلت اکشف عن وجہہ واکبی والناس ینہونی ورسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا ینہانی وجعلت عمتی تبکیہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تبکیہ
ما زالت الملائکۃ تظلہ باجنحتہا حتی رفعتموہ ترجمہ جابر سے روایت ہے میرے باپ احد کی لڑائی میں قتل ہوئے
اوسکا منہ کھولتا اور روتا لوگ مجھے منع کرتے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے منع نہ کرتے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکو مت رو اوسپر برابر فرشتے اوپر اپنے بازو ان سے
سایہ کیے رہے یہانتک کہ تم نے اوسکو اوٹھایا۔ النہی عن البکاء کے کو نسا رونا منع ہے عن جابر بن عتیک
اخبرہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم جاء یعود عبداللہ بن ثابت فوجدہ قد غلب علیہ فصاح بہ فلم یجبہ
فاسترجع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقال قد غلبنا علیک یا ابا الربیع فصحن النساء وبکین فجعل ابن عتیک
یسکتہن فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعہن فاذا وجبت فلا تبکین باکیۃ قالوا وما الوجوب
یا رسول اللہ قال الموت قالت ابنتہ ان کنت لارجو ان تکون شہیدا قد کنت قضیت جہازک قال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فان اللہ عزوجل قد اوقع اجرہ علی قدر نیتہا وما تعدون الشہادۃ قالوا
القتل فی سبیل اللہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الشہادۃ سبع سوی القتل فی سبیل اللہ عزوجل المطعون
شہید والمبطون شہید والغریق شہید وصاحب الہدم شہید وصاحب ذات الجنب شہید وصاحب
الحرق شہید والمرأۃ تموت بجمع شہیدۃ ترجمہ جابر بن عتیک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبداللہ بن ثابت
کی عیادت (بیمار پرسی) کو آئے دیکھا تو بیماری اون پر غالب ہے آپ نے اونکو زور سے پکارا اونہوں نے جواب نہ دیا آپنے فرمایا انا للہ
وانا الیہ راجعون اور فرمایا ہم مغلوب ہوگئے تم پر اے ابوالربیع (ابوالربیع کنیت ہے عبداللہ بن ثابت کی) یعنی تقدیر ہماری ارادی پر غالب

النیاحۃ علی المیت میت پر نوحہ کرنا کیسا ہے (یعنی مردی پر چلا کر رونا اور اسکے اوصاف کا بیان کرنا) عن قتیبۃ بن عاصم قال لا تناح علی فان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لم یناح علیہ ترجمہ قتیبہ بن عاصم سے روایت ہے انہوں نے کہا میرے نوحہ کرنا اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نوحہ نہیں ہوا عن ام عطیۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اخذ علینا فی البیعۃ حین بایعھن ان لا ینحن فقلن یا رسول اللہ ان نساء اسعدننا فی الجاھلیۃ فنسعدھن فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا اسعاد فی الاسلام ترجمہ ام عطیہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب عورتوں سے بیعت لی تو قرار کرایا نوحہ نہ کرنے کا اونہوں نے کہا یا رسول اللہ بعضے عورتوں نے ہماری مدد کی ہے جاہلیت کے زمانے میں (یعنی رونے پیٹنے میں شریک ہوئیں ہم بھی انکی مدد کریں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ بات اسلام میں نہیں ہو سکتی عن عمر قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول المیت یعذب فی قبرہ بما نیح علیہ ترجمہ حضرت عمر سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے مردی کو عذاب ہوتا ہے قبر میں جب لوگ اوسپر نوحہ کرتے ہیں عن عمران بن حصین قال المیت یعذب ببکاء اھلہ علیہ فقال لہ رجل ارایت رجلا مات بخراسان وناح اھلہ علیہ ھھنا کان یعذب ببکاء اھلہ علیہ قال صدق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکذبت انت ترجمہ عمران بن حصین سے روایت ہے اونہوں نے کہا مردی کو عذاب ہوتا ہے اوسکے گھر والوں کے چلا کر رونے سے ایک شخص بولا کیا اگر کوئی خراسان (ایک ولایت کا نام ہے ایران میں ہے اور اوسکے گھر والے یہاں اوسپر نوحہ کریں تو اوسکو عذاب ہوگا اوسکے گھر والوں کے نوحہ کرنے سے (یہ امر قیاس سے بعید ہے) عمران نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ فرمایا ہے اور تو جھوٹا ہے (یہی جواب ہے اوس شخص کا جو قیاس کو حدیث کے سامنے لاوے) عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان المیت لیعذب ببکاء اھلہ علیہ وذکر ذلک لعائشۃ فقالت وھل انما مر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بقبر فقال ان صاحب ھذا القبر لیعذب وان اھلہ لیبکون علیہ ثم قرات ولا تزر وازرۃ وزر اخری ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مردی پر عذاب ہوتا ہے اوسکے گھر والوں کے رونے سے یہ حضرت عائشہ سے بیان کیا گیا اونہوں نے کہا بھول گئے عبد اللہ بن عمر اصل یوں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک قبر پر گزرے اور فرمایا اس قبر والے پر عذاب ہوتا ہے اور اس کے گھر والے اوسپر رو رہے ہیں پھر اس آیت کو پڑھا ولا تزر وازرۃ وزر اخری (یعنی کوئی دوسرے کا بوجھ نہ اوٹھاویگا پھر کہا وجہ ہے کہ اوسپر رونے سے مردی پر عذاب ہو جواب یہ ہے کہ مردی کا قصور اوسکے عذاب کا باعث ہے اس لیے کہ جو وہ جانتا تھا نہیں گھر والوں کی جہالت کو تو کیوں نہیں وصیت کی کہ مجھ پر نوحہ نہ کرنا چلا کر نہ رونا عن عائشۃ ذکر لھا ان عبد اللہ بن عمر یقول ان المیت لیعذب ببکاء الحی علیہ قالت عائشۃ یغفر اللہ لابی عبد الرحمن اما انہ لم یکذب ولکن نسی او اخطا انما مر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی یھودیۃ یبکی علیھا فقال انھم لیبکون علیھا وانھا لتعذب

ترجمہ ام المومنین عائشہ کے سامنے ذکر ہوا کہ عبد اللہ بن عمر کہتے ہیں مردہ کو عذاب ہوتا ہے زندہ کے رونے سے انہوں نے کہا رحم کرے اللہ ابو عبد الرحمان پر (کنیت ہے عبد اللہ بن عمر کی) وہ جھوٹ نہیں بولے لیکن بھول یا چوک گئے ہیں یا مسئلہ سمجھے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک یہودی عورت پر گزرے جس کو لوگ اوپر رو رہے تھے تو آپ نے فرمایا وہ تو یہ رو رہے ہیں اور اس کو عذاب ہو رہا ہے عن عائشۃ انما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ عز وجل یزید الکافر عذابا ببکاء اھلہ علیہ ترجمہ ام المومنین عائشہ روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ جل جلالہ کافر کو عذاب زیادہ کرتا ہے اوس کے گھر والوں کے رونے کے سبب سے عن ابن ابی ملیکۃ یقول لما ھلکت ام کلثوم حفدت مع النساء شبیث بن عبد اللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان فقال ابن عمر الا تنھین عن ھؤلاء البکاء فانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان المیت لیعذب ببعض بکاء اھلہ علیہ فقال ابن عباس قد کان عمر یقول بعض ذلک ثم حدث عمر حتی اذا کنا بالبیداء اذا ھو بکب تحت شجرۃ فقال انظر من الراکب فذھبت فاذا صھیب فاخبرتہ فقال ادعہ لی فرجعت الیہ فقلت یا امیر المومنین ھذا صھیب معہ اھلہ فقال علی بصھیب فلما دخلت المدینۃ اصیب عمر فدخل صھیب یبکی عندہ یقول واخیاہ واصاحباہ فقال عمر یا صھیب اتبکی علی وقد سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان المیت لیعذب ببعض بکاء اھلہ علیہ قال فذکرت ذلک لعائشۃ فقالت ما وھل واللہ ما حدث ھذا الحدیث عن کاذبین ولکن السمع یخطیء ولکن انکم فی القرآن ما یشفیکم ولا تزر وازرۃ وزر اخری یعنی کوئی دوسرے کا بوجھ نہیں اوٹھاوے گا) لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ

کافر کو عذاب زیادہ کریگا اوسکے گھر والون کو رونے سے **ف** مگر اس صورت مین بھی آیت کی مخالفت باقی رہیگی اور شاید ارادہ کافر ہو جو اپنے اوپر رونے پیٹنے کا حکم کر جاوے **باب** الرُّخْصَةِ فِي الْبُكَاءِ عَلَى الْمَيِّتِ رونے کی اجازت مذکور ہے **عن** أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ مَاتَ الْمَيِّتُ مِنْ آلِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاجْتَمَعَ النِّسَاءُ يَبْكِينَ عَلَيْهِ فَقَامَ عُمَرُ يَنْهَاهُنَّ وَيَطْرُدُهُنَّ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُنَّ يَا عُمَرُ فَإِنَّ الْعَيْنَ دَامِعَةٌ وَالْقَلْبَ مُصَابٌ وَالْعَهْدَ قَرِيبٌ ترجمہ ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل مین سے ایک شخص مرگیا (یعنے حضرت زینب صاحبزادی آپکی) عورتین جمع ہو کر رونے لگین حضرت عمر کھڑے ہوئے اور منع کرنے لگے اور مارنے لگے رسول اللہ صلعم نے فرمایا جانے دو ہی عمر اسلیے کہ آنکھ رونیوالی ہے اور دل پر رنج ہے اور زمانہ نزدیک ہے **ف** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دی رونیکی اسلیے کہ وہ آہستہ روتی تھین اور اگر زور مین تو دل کا بخار آنکھون سے باہر نکلتا اور ایک مرض پیدا کرتا **وَعَوِيلٌ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ** جاہلیت کیطرح چلانا اور پکار کر رونا منع ہے **عن** عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُودَ وَشَقَّ الْجُيُوبَ وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ ترجمہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم مین سے نہین ہین یعنے مسلمان نہین ہی وہ شخص جو گال پیٹے اور گریبان پھاڑے اور جاہلیت کیطرح پکارے (یعنے میت پر نوحہ کرے) **الساق** چلا کر رونا منع ہے **عن** صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ قَالَ أُغْمِيَ عَلَى أَبِي مُوسَى فَبَكَتْ عَلَيْهِ فَقَالَ أَبْرَأُ إِلَيْكُمْ كَمَا بَرِئَ إِلَيْكُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ حَلَقَ وَلَا خَرَقَ وَلَا سَلَقَ ترجمہ صفوان بن محرز سے روایت ہے ابوموسیٰ اشعری بیہوش ہو گئے لوگ رونے لگی انہون نے کہا مین بری ہوتا ہون جسسے (یعنے تمکو نصیحت کر دیتا ہون) جیسے بری ہوئے ہم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم مین سے نہین ہے جو سر منڈوا دے (یعنے مصیبت مین ہندون کیطرح) اور کپڑے پھاڑے اور چلا کر روے **ضرب الخدود** گالون پر مارنا منع ہے **عن** عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُودَ وَشَقَّ الْجُيُوبَ وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ ترجمہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم مین سے نہین ہے، وہ شخص جو گالون کو مارے اور گریبان پھاڑے اور جاہلیت کیطرح پکارے **الحالق** سر منڈانا مصیبت مین منع ہے **عن** عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ وَأَبِي بُرْدَةَ قَالَا لَمَّا ثَقُلَ أَبُو مُوسَى أَقْبَلَتْ امْرَأَتُهُ تَصِيحُ فَلَمْ يَسْتَطِعْ فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ أَلَمْ أُخْبِرْكِ أَنِّي بَرِيءٌ مِمَّنْ بَرِئَ مِنْهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا وَكَانَ يُحَدِّثُهَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَنَا بَرِيءٌ مِمَّنْ حَلَقَ وَخَرَقَ وَسَلَقَ ترجمہ عبدالرحمن بن یزید اور ابوبردہ سے روایت ہے جب ابوموسیٰ اشعری کی بیماری سخت ہوئی تو انکی عورت آئین چلاتی ہوئین ابوموسے ہوش مین آئے اور کہا مین بیزار ہون اوس سے جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیزار ہوئے دونون نے کہا ابوموسیٰ ہم سے حدیث بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مین بیزار ہون اوس شخص سے جو سر منڈوا دے اور کپڑے پھاڑے اور چلا کر روے **شق الجيوب** گریبان پھاڑنا منع ہے **عن** عَبْدِ اللَّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قال لیس منا من ضرب الخدود وشق الجیوب ودعا بدعوی الجاهلیة ترجمہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم میں سے نہیں ہے جو شخص منہ پیٹے اور گریبان پھاڑے اور جاہلیت کیطرح چلاوے عن ابی موسی
انه اغمی علیہ فحلقت امرأة له فلما افاق قال لها اما بلغك ما قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فانا
منه فقالت قال لیس منا من سلق وحلق وخرق ترجمہ ابوموسی سے روایت ہے وہ بیہوش ہوگئے اونکی لونڈی ام ولد (جنکے
بچہ کی ماں) رونے لگے جب انکو ہوش آیا تو کہنے لگی کیا تم کو خبر نہیں پہنچی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم میں سے نہیں
فرمایا وہ بولیں فرمایا نہیں ہے ہم میں سے جو چلاوے اور منہ نوچ ڈالے اور کپڑے پھاڑے عن ابی موسی قال قال رسول الله
صلی الله علیه وسلم لیس منا من حلق وسلق وخرق ترجمہ ابوموسی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
نہیں ہم میں سے جو بال منڈاوے یا چلاوے یا کپڑے پھاڑے عن القرثع قال ما ثقل ابو موسی صاحت امرأته فقال
أما علمت ما قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قالت بلی ثم سکتت فقیل لها بعد ذلك ما شأنك قالت
قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لعن من حلق او سلق او خرق ترجمہ قرثع سے روایت ہے جب ابوموسی بہت بیمار ہوئے
تو انکی بی بی نے چیخ ماری ابوموسی نے کہا تو نہیں جانتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا بولی ہاں کیوں نہیں جانتی
پھر جب ہوش ہوئی لوگوں نے اوس سے پوچھا کہ کیا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بولی تحقیق رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم نے لعنت کی اوس شخص پر جو بال منڈاوے یا پکار کر چلاوے یا کپڑے پھاڑے اما ترضی اذا اصیب احدکم
عند المصیبة ان یصبر ویحتسب فان لله ما اخذ وله ما اعطی وکل شیء عنده باجل مسمی فلتصبر ولتحتسب فارسلت الیه تقسم علیه لیاتینها فقام ومعه سعد بن
عبادة ومعاذ بن جبل وابی بن کعب وزید بن ثابت ورجال فرفع الی رسول الله صلی الله علیه وسلم الصبی ونفسه تقعقع ففاضت عیناه فقال سعد یا رسول الله ما هذا قال هذا رحمة یجعلها الله فی قلوب عباده
وانما یرحم الله من عباده الرحماء ترجمہ اسامہ بن زید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی (زینب) نے آپ پاس کہلا بھیجا کہ میرا لڑکا مرنیکو ہے آپ تشریف لائیں آپنے جواب میں کہلا بھیجا اللہ کا مال ہے جولی اور جو دی اور
ہر چیز کی مدت اوسکے پاس مقرر ہے چاہیئے صبر کرنا اور اللہ سے ثواب مانگنا اونہوں نے پھر قسم دیکر کہلا بھیجا آپ تشریف لائیے
اوسوقت آپ کھڑے ہوئے اور آپکے ساتھ سعد بن عبادہ اور معاذ بن جبل اور ابی بن کعب اور زید بن ثابت اور اور لوگ تھے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے وہ بچہ لایا گیا اوسکی سانس ٹوٹ رہی تھی آپ کی آنکھیں بھر آئیں سعد نے کہا یا رسول اللہ
کیا ہے آپنے فرمایا یہ رحمت ہے جو اللہ نے بندوں کے دلوں میں رکھتا ہے اور اللہ اونہی بندوں پر رحم کرتا ہے جو رحم کرتے ہیں عن
انس یقول قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الصبر عند الصدمة الاولی ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صبر وہی ہے جو صدمہ پہونچتے ہی ہو اور روپیٹ کر تو سب کو صبر آجاتا ہے **عن** انس ان
رجلا اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وسعد بن لہ فقال تعست فقال لا تقل ذلک فانک اذا قلت تعس تعاظم حتی یکون
فقال عنہ فقال ما یسرنی انہ لم یاتنی بابا من ابواب الجنۃ الا وجدتہ عندہ یستفرغ لقدمک ترجمہ انس سے
سے روایت ہے ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور سکے ساتھ اوسکا بیٹا تھا آپنے پوچھا کیا تو اوسکو چاہتا ہے اوس نے
کہا اللہ کو چاہیے بیٹے مین اوسکو چاہتا ہون پھر وہ لڑکا مرگیا آپ نے اوسکو نہ دیکھا اوسکے باپ سے پوچھا معلوم ہوا وہ
مرگیا آپنے (اوسکے باپ سے) فرمایا کیا تو خوش نہین ہوتا اسبات سے تو جس دروازے پر جنت کے جاویگا اوسپر بچہ کو پاوی گا
وہ تیرے لیے کوشش کریگا دروازہ کھولے گا **ثواب من صبر واحتسب** جو شخص صبر کرے اور خدا سے اجر چاہے اوسکا
ثواب **عن** عمرو بن شعیب کتب الی عبد اللہ بن عبد الرحمان بن ابی حسین یعزیہ بابن لہ ھلک وذکر
فی کتابہ انہ سمع اباہ یحدث عن جدہ عبد اللہ بن عمرو بن العاص قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم ان اللہ لا یرضی لعبدہ المؤمن اذا ذھب بصفیہ من اھل الارض فصبر واحتسب بثواب دون
الجنۃ ترجمہ عمرو بن شعیب سے روایت ہے اونہون نے عبد اللہ بن عبد الرحمان کو ایک خط لکھا اون کے بچہ کی تعزیت مین جو
مرگیا تھا اور اوس خط مین یہ لکھا کہ مین نے اپنے باپ سے سنا اونہون نے اپنے دادا عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ راضی نہین ہوتا اپنے بندہ مومن کے لیے کسی ثواب سے جب اوسکی لڑکی کو لیجاتا ہے اور وہ صبر کرتا ہے
اور ثواب چاہتا ہے سوا جنت کے (یعنے جنت کے سوا دوسری چیز سے راضی نہین ہوتا) **ثواب من احتسب ثلاثۃ من**
صلبہ جس شخص کے تین لڑکے مرجاوین اوسکا ثواب **عن** انس عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من احتسب ثلاثۃ من
صلبہ دخل الجنۃ فقامت امرأۃ فقالت او اثنان قال واثنان قالت المرأۃ یا لیتنی قلت واحد قال
ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص تین لڑکون کو مرنے پر جو اوسکی لصلب سے ہون ثواب رکھی
وہ جنت مین جاویگا ایک عورت کھڑی ہوئی اور بولے یا دو لڑکون کے مرنے پر آپ نے فرمایا یا دو لڑکون کو مرنے پر عورت نے
کہا کاش مین ایک لڑکا کہتی **من یتوفی لہ ثلاثۃ** جسکے تین لڑکے مرجاوین **عن** انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم ما من مسلم یتوفی لہ ثلاثۃ لم یبلغوا الحنث الا ادخلہ اللہ الجنۃ بفضل رحمتہ ایاھم ترجمہ انس
سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی مسلمان ایسا نہین ہے جسکے تین لڑکے مرجاوین جو ان ہونے پہلے مگر اللہ اوس کو
جنت مین داخل کریگا اپنی رحمت کے فضل سے **عن** ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من مسلمین
یموت بینھما ثلاثۃ اولاد لم یبلغوا الحنث الا غفر اللہ لھما بفضل رحمتہ ایاھم ترجمہ ابوذر سے روایت ہے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب دو مسلمان مرین کہ (یعنے باپ اور مان کی) تین اولاد جو بلوغ سے پہلے تو اللہ اون دونو کو بخشدیگا اپنی
رحمت کے فضل سے **عن** ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یموت لاحد من المسلمین ثلاثۃ من

الْوَالِدِ فَقَدَ النَّارَ لَا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی مسلمان کے تین لڑکے نہیں مرتے جس پر دوزخ میں آگ لگے مگر قسم پوری ہونے کی (وہ قسم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وان منکم الا واردہا تم میں سے کوئی ایسا نہیں ہے جو جہنم پر سے نہ جاوے) عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَمُوتُ بَيْنَهُمَا ثَلَاثَةٌ أَوْ كَادَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ إِلَّا أَدْخَلَهُمَا اللَّهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ قَالَ يُقَالُ لَهُمْ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ فَيَقُولُونَ حَتَّى يَدْخُلَ آبَاؤُنَا فَيُقَالُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنْتُمْ وَآبَاؤُكُمْ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب دو مسلمانوں کی تین اولاد جوانی سے پہلے مرجاویں تو اللہ انکو جنت میں لیجاویگا اپنی رحمت کی فضل سے پہلی لڑکوں سے کہا جاویگا جنت میں جاؤ وہ کہینگے ہم نہیں جاتے جبتک ہمارے ماں باپ نہ جاویں پھر کہا جاویگا جاؤ تم بھی اور تمہاری ماں باپ عَنْ قَدَّمَ ثَلَاثَةً جو شخص تین لڑکے آگے بھیج چکا ہو عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِابْنٍ لَهَا تَسْتَشْفِي فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ لَخَافُ عَلَيْهِ وَقَدْ قَدَّمْتُ ثَلَاثَةً فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدِ احْتَظَرْتِ بِحِظَارٍ شَدِيدٍ مِنَ النَّارِ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی ایک لڑکا لیکر جو بیمار تھا اور بولی یا رسول اللہ میں ڈرتی ہوں اسکی مرجانیسے اور پہلی میری تین لڑکے مرگئے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو نے مضبوط روک کرلی ہے جہنم کی آگ سے اَلْمَيِّتِ موت کی خبر پہونچانا عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَى زَيْدًا وَجَعْفَرًا قَبْلَ أَنْ يَجِيءَ خَبَرُهُمْ فَنَعَاهُمْ وَعَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زید اور جعفر کی موت کی خبر دی قبل اوسکی خبر آنیکے تو جب خبر دی آپکی آنکھیں بھر رہی تھیں یعنی آنسو نکل رہے تھے عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَى لَهُمُ النَّجَاشِيَّ صَاحِبَ الْحَبَشَةِ الْيَوْمَ الَّذِي مَاتَ فِيهِ وَقَالَ اسْتَغْفِرُوا لِأَخِيكُمْ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی بادشاہ حبش کے مرنے کی خبر دی جس روز وہ مرا اور فرمایا بخشش چاہو اپنے بھائی کے لیئے عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ نَسِيرُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ بَصُرَ بِامْرَأَةٍ لَا نَظُنُّ إِلَّا عَرَفَهَا فَلَمَّا تَوَسَّطَ الطَّرِيقَ وَقَفَ حَتَّى أَشْهَقَتْ إِلَيْهِ فَإِذَا فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا مَا سَلَكَكِ مَسْلَكَكِ هَذَا قَالَتْ أَتَيْتُ أَهْلَ هَذَا الْمَيِّتِ فَرَحِمْتُ الْيَوْمَ وَعَزَّيْتُهُمْ بِمُصِيبَتِهِمْ قَالَ لَعَلَّكِ بَلَغْتِ مَعَهُمُ الْكُدَى قَالَتْ مَعَاذَ اللَّهِ أَنْ أَكُونَ بَلَغْتُهَا وَقَدْ سَمِعْتُكَ تَذْكُرُ فِي ذَلِكَ مَا تَذْكُرُ فَقَالَ لَوْ بَلَغْتِهَا مَعَهُمْ مَا رَأَيْتِ الْجَنَّةَ حَتَّى يَرَاهَا جَدُّ أَبِيكِ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے ایک روز ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جارہے تھے تو انہوں نے ایک عورت کو دیکھا ہمارے سمجھ میں آپنے اوسکو نہیں پہچانا جب پہنچے رستہ میں پہونچکر تو آپ کھڑے ہوگئے یہانتک کہ وہ عورت آپکے پاس آگئی اوسوقت معلوم ہوا کہ حضرت فاطمہ زہرا ہیں آپکی صاحبزادی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے فاطمہ تم اپنے گھر سے کیوں نکلیں اوہنوں نے کہا میں اس میت کے گھر والوں کے پاس گئی تھی اوسپر رحمت کی اور اونکی مصیبت کی تعزیت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم اونکے ساتھ قبرستان تک

کفین تہین اونہون نے کہا اللہ کی پناہ مین قبرستان تک کیون جاتی اور آپ سے سن چکی ہی جو آپ نے فرمایا تہا اس
مین آپنے فرمایا اگر تو اونکے ساتھ قبرستان تک جاتی تو جنت کو نہ دیکہتی یہانتک کہ تہاری باپ کے دادا یعنی عبدالمطلب
نہ دیکہتی (اور وہ تو کبھی نہ دیکہینگی اسلیئے کہ اونکی موت کفر پر ہوئی ہی پہر تو بہی نہ دیکہوگی) ف احدیث سے معلوم ہوا
کہ عورتون کو بہی قبرستان مین جانا منع ہے **غسل المیت بالماء والسدر** میت کو پانی اور بیری کی پتی سے غسل
دینا **عن** اُمِّ عَطِیَّةَ الْاَنْصَارِیَّةِ قَالَتْ دَخَلَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حِیْنَ تُوُفِّیَتْ
ابْنَتُہٗ فَقَالَ اغْسِلْنَہَا ثَلٰثًا اَوْ خَمْسًا اَوْ اَکْثَرَ مِنْ ذٰلِکَ اِنْ رَاَیْتُنَّ ذٰلِکَ بِمَاءٍ وَّسِدْرٍ وَّاجْعَلْنَ فِی الْاٰخِرَۃِ
کَافُوْرًا اَوْ شَیْئًا مِّنْ کَافُوْرٍ فَاِذَا فَرَغْتُنَّ فَاٰذِنَّنِیْ فَلَمَّا فَرَغْنَا اٰذَنَّاہُ فَاَعْطَانَا حِقْوَہٗ فَقَالَ اَشْعِرْنَہَا
اِیَّاہُ ترجمہ ام عطیہ انصاری سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے جب آپکی صاحبزادی زینب رضی اللہ عنہا
فوت ہوگئی کیا آپنے فرمایا غسل دو اونکو تین بار یا پانچ بار یا اس سے زیادہ اگر مناسب دیکہو یعنی جبتک خوب طہارت ہو جائے
اور بیری سے اور اخیر کے غسل مین تہوڑا کافور ملا دو جب تم غسل سے فارغ ہو تو مجہ کو خبر کرو جب ہم فارغ ہوئے تو ہم نے خبر دی
آپنے اپنا تہبند دیا اور فرمایا یہ اونکے بدن پر لپیٹ دو یعنی کفن کے نیچے برکت کے لیئے **غسل المیت بالحمیم**
گرم پانی سے غسل کرنا **عن** اُمِّ قَیْسٍ قَالَتْ تُوُفِّیَتِ ابْنَۃٌ لِیْ فَحَضَرْتُ عَلَیْہَا فَقُلْتُ لِلَّذِیْ یَغْسِلُہَا لَا تَغْسِلِ ابْنَتِیْ بِالْمَاءِ
الْبَارِدِ فَقَتَلَہٗ فَانْطَلَقْتُ عُکَّاشَۃُ بْنُ مِحْصَنٍ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَہٗ بِقَوْلِہَا فَتَبَسَّمَ
ثُمَّ قَالَ مَا قَالَتْ قَالَ عُمْرُہَا قَالَ لَا تَعْلَمُ اِمْرَاَۃٌ مِنْ اُمَّتِہٖ عُمِّرَتْ مَا عُمِّرَتْ ترجمہ ام قیس سے روایت ہی میری بیٹی مر گئی
اُسپر روئی لگی تو مین نے اوس شخص سے کہا جو غسل دیتا تہا مت غسل دے میری بیٹی کو ٹہنڈے پانی سے مت اور اوسکو بیٹہنے سے عکاشہ
بن محصن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا اور آپ سے بیان کیا قول ام قیس کا آپنے تبسم فرمایا اور کہا کیا کہا ام قیس نے
دراز ہو عمر اوسکی پہر نہین جانتی ہم کسی عورت کی اتنی عمر ہوئی ہو جتنی ام قیس کی ہوئی ربوجہ دعا دینے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کے **غسل میت کے سر کو دہونا** **عن** حَفْصَۃَ تَقُوْلُ حَدَّثَتْنَا اُمُّ عَطِیَّۃَ اَنَّہُنَّ
یَغْسِلْنَ رَاْسَ بِنْتِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَۃَ قُرُوْنٍ قُلْتُ نَقَضْنَہٗ وَجَعَلْنَہٗ ثَلَاثَۃَ قُرُوْنٍ قَالَتْ
نَعَمْ ترجمہ ام المومنین حفصہ سے روایت ہی ہمسے ام عطیہ نے بیان کیا کہ اون عورتون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی
صاحبزادی کے سر کو تین چوٹیون پر تقسیم کیا مین نے کہا بالوںکو کہولکر تین چوٹیان کردین اونہون نے کہا ہان **غسل**
میت من المیت وموضع الوضوء منہ میت کی داہنی طرف سے غسل شروع کرنا اور وضو کے مقامات کو پہلے دہونا **عن**
اُمِّ عَطِیَّۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فِیْ غُسْلِ ابْنَتِہٖ اِبْدَاْنَ بِمَیَامِنِہَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنْہَا
ترجمہ ام عطیہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی کے غسل مین فرمایا پہلے داہنی طرف کے اعضا سے
اور وضو کے مقامات سے شروع کرو **غسل المیت وتوالیت کو طاق بار غسل دینا** **عن** اُمِّ عَطِیَّۃَ قَالَتْ مَاتَتْ اِحْدٰی

بِبَنَاتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَرْسَلَ إِلَيْنَا قَالَ اغْسِلْنَهَا بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَاغْسِلْنَهَا وِتْرًا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا
أَوْ سَبْعًا إِنْ رَأَيْتُنَّ ذٰلِكَ وَاجْعَلْنَ فِي الْآخِرَةِ شَيْئًا مِنْ كَافُورٍ فَإِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِي فَلَمَّا فَرَغْنَا آذَنَّاهُ
فَأَلْقَى إِلَيْنَا حِقْوَهُ وَقَالَ أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ وَمَشَطْنَاهَا ثَلَاثَةَ قُرُونٍ وَأَلْقَيْنَاهَا مِنْ خَلْفِهَا ترجمہ ام عطیہ سے
روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک صاحبزادی گئیں آپنے ہم کو بلا بھیجا اور فرمایا انکو غسل دو پانی اور بیری
سے اور تین بار یا پانچ بار یا سات بار ان کو غسل دو اگر تم مناسب دیکھو اور جنمیں میں تھوڑا کافور ملا دو جب غسل سے فارغ ہو
تو مجھکو خبر کرو جب ہم فارغ ہوئے تو انکو خبر دی آپنے اپنی تہبند ہماری طرف پھینکی اور فرمایا یہ دان کے بدن پر لپیٹ دو عن
أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ تُوُفِّيَتْ إِحْدَى بَنَاتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَرْسَلَ إِلَيْنَا فَقَالَ اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا
أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّ ذٰلِكَ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَاجْعَلْنَ فِي الْآخِرَةِ كَافُورًا أَوْ شَيْئًا مِنْ كَافُورٍ فَإِذَا فَرَغْتُنَّ
فَآذِنَّنِي فَلَمَّا فَرَغْنَا آذَنَّاهُ فَأَلْقَى إِلَيْنَا حِقْوَهُ وَقَالَ أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ ترجمہ ام عطیہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی نے انتقال کیا آپنے ہم کو بلا بھیجا اور فرمایا غسل دو اسکو تین بار یا پانچ بار یا اس سے زیادہ اگر تم کو ضرورت
معلوم ہو پانی اور بیری سے اور جنمیں میں کافور شریک کرو جب ہم غسل سے فارغ ہو تو مجھکو خبر کرو جب ہم غسل دیچکے تو آپ کو خبر کی
آپنے اپنا تہبند دیا اور فرمایا یہ اسکو بدن پر لپیٹ دو دوسری روایت میں بھی ایسا ہی ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ سَبْعًا أَوْ
أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّ ذٰلِكَ میں تین بار یا پانچ بار یا سات بار غسل دو یا اس سے زیادہ اگر تم کو مناسب معلوم ہو عن
أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ تُوُفِّيَتْ ابْنَةٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ بِغَسْلِهَا فَقَالَ اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا
أَوْ سَبْعًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّهُ قُلْتُ وِتْرًا قَالَ نَعَمْ وَاجْعَلْنَ فِي الْآخِرَةِ كَافُورًا أَوْ شَيْئًا مِنْ
كَافُورٍ فَإِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِي فَلَمَّا فَرَغْنَا آذَنَّاهُ فَأَعْطَانَا حِقْوَهُ فَقَالَ أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ ترجمہ ام عطیہ سے روایت ہے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی نے انتقال کیا آپنے حکم کیا اونکو غسل دینے کا تو فرمایا غسل دو تین بار یا پانچ بار یا سات
بار یا اس سے زیادہ اگر مناسب دیکھو میں نے طاق بار فرمایا ہاں اور جنمیں میں کافور یا تھوڑا کافور شریک کرو جب غسل دیچکو تو مجھکو خبر
کرو جب ہم غسل دیچکے تو آپ کو خبر دی آپنے اپنا تہبند دیا اور فرمایا پھر اون کے بدن پر لپیٹ دو الکافور
غسل المیت میت کے غسل میں کافور شریک کرنا عن أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ كُنَّا نُغَسِّلُ ابْنَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ
نَغْسِلُهَا فَقَالَ اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّ ذٰلِكَ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَاجْعَلْنَ فِي الْآخِرَةِ
كَافُورًا أَوْ شَيْئًا مِنْ كَافُورٍ فَإِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِي فَلَمَّا فَرَغْنَا آذَنَّاهُ فَأَلْقَى إِلَيْنَا حِقْوَهُ فَقَالَ أَشْعِرْنَهَا
إِيَّاهُ قَالَ وَقَالَتْ حَفْصَةُ اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ سَبْعًا قَالَ وَقَالَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ مَشَطْنَاهَا ثَلَاثَةَ قُرُونٍ
ترجمہ ام عطیہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور ہم غسل دے رہی تھیں اونکی صاحبزادی کو آپنے فرمایا غسل دو ان کو
تین بار یا پانچ بار یا اس سے زیادہ اگر مناسب دیکھو پانی اور بیری کر کے سو اور جنمیں میں تھوڑا کافور شریک کرو جب غسل دیچکو تو

تو مجھ بھی اطلاع کر دجب ہم غسل دے چکے تو آپ کو خبر کی آپنے اپنا تہبند پہنکا اور فرمایا یہ اوان کو اندر کا دو حفصہ نے کہا غسل دو اوکو تین بار یا پانچ بار یا سات بار کہا ام عطیہ نے ہمنے اونکی بالون کی تین چوٹیان کر دین ایک رہنے دین ہم وجعلنا راسہا ثلثۃ قرون یعنی ہم نے اونکے بالون اونکے سر کو تین چوٹیان کر دین **الاشعث** اندر ایک کیڑا ہے **عن محمد** بن سیرین یقول کانت ام عطیۃ امراۃ من الانصار قد مات ابنا لہا فلم تبک حدثنا قالت دخل النبی صلی اللہ علیہ وسلم علینا ونحن نغسل ابنتہ فقال اغسلنہا ثلثا او خمسا او اکثر من ذلک ان رایتن بماء وسدر واجعلن فی الاخرۃ کافورا او شیئا من کافور فاذا فرغتن فاذننی فلما فرغنا القی الینا حقوہ فقال اشعرنہا ایاہ وکان یرید بذلک قال لا ادری ای بناتہ قال قلت ما قولہ اشعرنہا ایاہ او زرنہ بہ قال لا ارادہ الا ان یقول الفہا فیہ ترجمہ محمد بن سیرین سے روایت ہے ام عطیہ ایک انصاری عورت تہی وہ کہتی ہی (بصرہ مین) اپنی بیٹی کو دیکھنے کو ایئی لیکن نہ پایا اوسکو (وہ مرگیا) یا چلا گیا) تو اوسی عورت نے ہم سے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور ہم غسل دے رہے تہے آپ کی صاحبزادی کو آپنے فرمایا غسل دو اوکو تین بار یا پانچ بار یا اس سے زیادہ اگر مناسب دیکھو پانی اور بیری سے اور آخر مین تہوڑا کافور شریک کرو جب غسل سے فارغ ہو تو مجھ خبر دو جب ہم فارغ ہوئے تو آپنے انا تہبند پہنکا اور فرمایا یہ اون کو بدن پر لپیٹ دو اس سے زیادہ نہین بیان کیا اور کہا مین نہین جانتا کونسی صاحبزادی آنحضرت کی تہین مین نے کہا اشعار سے کیا مراد ہے کیا ازار پہنانا مقصود ہے اور نہون نے کہا مین یہ سمجہتا ہون لپیٹ دینا مقصد ہے یہ کیڑا آپنے کفن کے اندر تبرک کی لیئے لپیٹ دیا **عن ام عطیۃ** قالت قرونا راسہا یعنی بنات النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال اغسلنہا ثلثا او خمسا او اکثر من ذلک ان رایتن ذلک واغسلنہا بالسدر والماء واجعلن فی اخر ذلک کافورا او شیئا من کافور فاذا فرغتن فاذننی قالت فاذنا ہ فالقی الینا حقوہ فقال اشعرنہا ایاہ ترجمہ ام عطیہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ایک صاحبزادی نے انتقال کیا تو آپنے فرمایا اوکو تین بار یا پانچ بار یا زیادہ غسل دو اگر تم مناسب دیکھو اور بیری اور پانی سے دھوؤ اور اخیر مین تہوڑا کافور شریک کرو جب غسل سے فارغ ہو تو مجھکو خبر کرو ہم نے خبر دی آپکو آپنے اپنا تہبند پہنکا اور فرمایا یہ اوس کے بدن پر لپیٹ دو **الامر بتحسین الکفن** کفن اچہا دینے کا حکم **عن جابر** یقول خطب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فذکر رجلا من اصحابہ مات فقبر لیلا وکفن فی کفن غیر طائل فزجر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یقبر الانسان لیلا الا ان تضطر الی ذلک وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا ولی احدکم اخاہ فلیحسن کفنہ ترجمہ جابر سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خطبہ پڑہا آپنے ایک صحابی کا ذکر کیا جو مرگیا تہا اور رات ہی کو دفن کیا گیا ایک سیرل (ناقص) کفن مین آپنے منع کیا رات کو دفن کرنے سے (اس لیئے کہ لوگ نماز کو کم آوینگے یا کفن کا عیب چہپانیکو لیئے) مگر جب ضرورت ہو اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم مین سے

کوئی بیجا بہانی کا دانست ہو تو کفن اوسکو چہا دیوے ف یعنی صاف اور پورا پاک سنت کیموافق نہ اوسمین اسراف کرے نہ کمی بلکہ جیسا وہ زندگی مین پہنتا تہا اوسی کپڑے کا دیوے عن ابی کفن خیر کونسا کفن بہتر ہے عن سمرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال البسوا من ثیابکم البیاض فانہا اطہر واطیب وکفنوا فیہا موتاکم ترجمہ سمرہ روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سفید کپڑے پہنا کرو وہ پاکیزہ اور عمدہ ہین اور اونہی مین کفن دیا کرو اور مردونکو کم کفن النبی صلی اللہ علیہ وسلم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتنے کپڑون مین کفن دیگئے عن عائشۃ قالت کفن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی ثلثۃ اثواب سحولیۃ بیض ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کفن دیگئے سحول (ایک گانو کا نام ہے یمن مین) کے سفید تین کپڑون مین عن عائشۃ قالت کفن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ثلاثۃ اثواب یمانیۃ کرسف لیس فیہا قمیص ولا عمامۃ قد کرہا عائشۃ فقولہا فی ثوبین وبردہ حبرۃ فقالت قد اتی بالبرد ولکنہم ردوہ ولم یکفنوہ فیہ ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کفن دیگئے یمن کے تین کپڑونمین جو روئی کے تہے نہ ان مین کرتہ تہا نہ عمامہ ف بلکہ ایک ازار تہی اور ایک کفنی اور ایک لفافہ جمہور علما کا یہی قول ہے کہ کفن مین یہی تین کپڑے سنت ہین اور عمامہ اور قمیص خلاف سنت ہے اور مالک اور ابو حنیفہ رح کے نزدیک قمیص اور عمامہ مستحب ہے ف پھر حضرت عائشہ سے ذکر ہوا کہ دو کپڑے اور ایک چادر تھی یمن کی اونہون نے کہا یمن کے چادر آئی تہی لیکن لوگون نے اوسکو پھیر دیا اور آپ کو کفن مین نہین دی القمیص فی الکفن کفن مین قمیص ہونا عن عبد اللہ بن عمر قال لما مات عبد اللہ بن ابی جاء ابنہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال اعطنی قمیصک حتی اکفنہ فیہ وصل علیہ واستغفر لہ فاعطاہ قمیصہ ثم قال فاذنونی اصلی علیہ فاذنوہ فاصلی علیہ فجذبہ عمر وقال قد نہاک اللہ ان تصلی علی المنافقین فقال انا بین خیرتین استغفرلہم او لا استغفرلہم فصلی علیہ فانزل اللہ تعالی ولا تصل علی احد منہم مات ابدا ولا تقم علی قبرہ فترک الصلوۃ علیہم ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے جب عبد اللہ بن ابی (منافق) مرگیا تو اوسکا بیٹا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کیا مجھے اپنا کرتہ دیجیے تاکہ اوسمین کفن دون اپنے باپ کو اور آپ اوس پر نماز پڑہیے اور بخشش مانگیے اوسکے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا قمیص اوسکو دیا پھر فرمایا جب تم فارغ ہو غسل اور کفن سے تو مجھے خبر کرنا میں نماز پڑہونگا اور پھر حضرت عمر نے یہہ سنکر اوسکو کہینچا اور کہا اللہ نے آپکو منع کیا ہے منافقون پر نماز پڑہنے سے آپنے فرمایا مجھے اختیار دیا ہے کہ اون کے لیے بخشش مانگون یا نہ مانگون پھر آپنے اوپر نماز پڑہی تب اللہ تعالی نے حضرت عمر کی رائے کے موافق) یہ آیت اوتاری ولا تصل علی احد منہم مات ابدا ولا تقم علی قبرہ یعنی مت نماز پڑہ اون مین سے کسی پر کبھی جب وہ جاوے اور مت کہڑا ہو اوسکی قبر پر یعنی آپنے منافقون پر نماز پڑہنا چہوڑدی عن جابر یقول اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم قبر عبد اللہ بن ابی وقد وضع فی حفرتہ فوقف علیہ فامر بہ فاخرج لہ فوضعہ علی

ل اس سے ثابت ہوا کہ دو کپڑے کا کفن بھی سنت ہے مصنف

رُكْبَتَيْهِ وَأَلْبَسَهُ قَمِيصَهُ وَكَفَّنَ عَلَيْهِ مِرْدَعَتَهُ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ ترجمہ جابر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبداللہ بن ابی کی قبر پر آئے وہ قبر میں رکھ دیا گیا تھا آپ کہڑے ہوئے اور حکم کیا وہ نکالا گیا آپ نے اوسکو بٹھایا اوسکے گھٹنوں پر پھر اپنا کرتہ بنایا اور تھوک اپنا سر پر ڈالا ف شاید یہ دوسرا کرتہ ہوگا کیونکہ پہلا کرتہ تو آپ دے چکے تھے یہ اوس کرتہ کا عوض ہے جو اوسنے حضرت عباس کو دیا تھا اگر منافق کا احسان نہ رہے عَنْ جَابِرٍ يَقُولُ وَكَانَ الْعَبَّاسُ بِالْمَدِينَةِ فَطُلِبَتْ الْأَنْصَارُ ثَوْبًا يَكْسُونَهُ فَلَمْ يَجِدُوا قَمِيصًا يَصْلُحُ عَلَيْهِ إِلَّا قَمِيصَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ فَكَسَوْهُ إِيَّاهُ ترجمہ جابر سے روایت ہے حضرت عباس مدینہ میں تھے انصار نے ایک کرتہ اون کے پہننے کے لیئے ڈھونڈھا تو نہیں ملا مگر عبداللہ بن ابی کا کرتہ ٹھیک آیا وہی اونکو پہنا دیا عَنْ خَبَّابٍ قَالَ هَاجَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبْتَغِي وَجْهَ اللّٰهِ فَوَجَبَ أَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ فَمِنَّا مَنْ مَاتَ لَمْ يَأْكُلْ مِنْ أَجْرِهِ شَيْئًا مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ فَلَمْ نَجِدْ شَيْئًا نُكَفِّنُهُ فِيهِ إِلَّا نَمِرَةً كُنَّا إِذَا غَطَّيْنَا رَأْسَهُ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ وَإِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَأْسُهُ فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نُغَطِّيَ بِهَا رَأْسَهُ وَنَجْعَلَ عَلَى رِجْلَيْهِ إِذْخِرًا وَمِنَّا مَنْ أَيْنَعَتْ لَهُ ثَمَرَتُهُ فَهُوَ يَهْدِبُهَا ترجمہ خباب بن الارت سے روایت ہے ہمنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہجرت کی اللہ کیواسطے تو ثابت ہوگیا اجر ہمارا اللہ پر لیکن کوئی ہم مین سے مرگیا اور اوس نے اپنے اجر مین سے کچھ نہ کھایا نہ کہا یا بلکہ سب آخرت مین ہے اون مین سے مصعب بن عمیر تھے جو مارے گئے احد کے روز اور اون کو کفن کو لیے ہمنے کچھ نہ پایا مگر ایک کملی جب اوسکو ہم اون کے سر پر رکھتے تو پانوں باہر نکل آتے اور جب پانوں پر رکھتے تو سر نکل آتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا ہم کو اوکا سر چھپا دو اور پانوں پر اذخر (ایک قسم کی گھاس ہے) ڈالدو۔ اور کوئی ہم مین سے ایسا بھی جسکی پھل پکے اوسوہ اوسکو چنتا ہے (یعنی باغات رکھتا ہے) كَيْفَ يُكَفَّنُ الْمُحْرِمُ إِذَا مَاتَ محرم جب مرجاوے تو اوسکو کیونکر کفن دین عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْسِلُوا الْمَيِّتَ فِي ثَوْبَيْهِ الَّذِينَ أَحْرَمَ فِيهِمَا وَاغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَكَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْهِ وَلَا تُمِسُّوهُ بِطِيبٍ وَلَا تُخَمِّرُوا رَأْسَهُ فَإِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُحْرِمًا ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میت کو غسل دو اوسکے دو کپڑون مین جنمین اوسنے احرام باندھا تھا اور غسل دو اوسکو پانی اور بیری سے اور کفن دو اوسکو اوسی دو کپڑون مین اور خوشبو مت لگاؤ اور سر مت ڈھانپو وہ قیامت مین احرام باندھے ہوئے اوٹھے گا اَلْمِسْكُ مشک کا بیان عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِزَاجُ طِينَتِكُمُ الْمِسْكُ ترجمہ ابوسعید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خوشبو تمہاری مشک ہے عَنْ أَبِي سَعِيدٍ مِثْلَهُ اَلْأَذَانُ بِالْجَنَازَةِ جنازہ کی خبر کرنا عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ أَنَّ مِسْكِينَةً مَرِضَتْ فَأَخْبَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَرَضِهَا فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُ الْمَسَاكِينَ وَيَسْأَلُ عَنْهُمْ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا مَاتَتْ فَآذِنُونِي

فاخرج بجنازتها ليلا وكرهوا ان يوقظوا رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما اصبح رسول الله صلى الله عليه وسلم اخبر بالذي كان منها فقال الا اذنتموني بها قالوا يا رسول الله كرهنا ان نوقظك ليلا فخرج رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى صفت بالناس على قبرها وكبر اربع تكبيرات

ترجمہ ابوامامہ بن سہل بن حنیف سے روایت ہے ایک مسکین عورت بیمار ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسکی خبر ہوئی آپ مسکینوں کی بیمار پرسی کرتے تھے اور انکا حال پوچھتے رہتے آپ نے فرمایا جب یہ جاوے تو مجھے خبر کرنا (وہ مر گئی) اور سکا جنازہ رات کو نکلا لوگوں نے رات کو اپکا جگانا مناسب نہ جانا (اور اوسکو دفن کر دیا) جب صبح ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حال بیان کیا آپنے فرمایا میں نے تم کو حکم نہیں دیا تھا کہ مجھے خبر کرنا لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ رات تھی آپکے آرام کا خیال تھا لیکن آپکو برا معلوم ہوا آپ کو جگانا رات میں پھر نکلکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی کہ صف بندی لوگوں کی اوس نے چار تکبیریں کہیں

المسرعة بالجنازة جنازہ کو جلدی لیچلنا

عن ابي هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اذا وضع الرجل الصالح على سريره قال قدموني قدموني واذا وضع الرجل السوء على سريره قال يا ويلتى اين تذهبون بي

ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جب نیک بندہ چارپائی پر رکھا جاتا ہے تو وہ کہتا ہے لیچلو مجھکو اور جب برا آدمی رکھا جاتا ہے چارپائی پر تو وہ کہتا ہے خرابی ہو کہاں لیجاتی ہو مجھکو

عن ابي سعيد الخدري يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا وضعت الجنازة فاحتملها الرجال على اعناقهم فان كانت صالحة قالت قدموني قدموني وان كانت غير صالحة قالت يا ويلها اين تذهبون بها يسمع صوته كل شيء الا الانسان ولو سمعها الانسان لصعق

ترجمہ ابوسعید خدری سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب جنازہ رکھا جاتا ہے پھر لوگ اوسکو اوٹھاتے ہیں اور گردنوں پر تو اگر نیک ہوتا ہے وہ کہتا ہے مجھے آگے لیچلو لیچلو اور جو نیک نہیں ہوتا تو کہتا ہے خرابی ہو کہاں لیجاتے ہو ہر ایک سننے والا اوسکی آواز سنتا ہے سوا آدمی کے اگر آدمی سنے تو بیہوش ہو جاوے

عن ابي هريرة يبلغ به النبي صلى الله عليه وسلم قال اسرعوا بالجنازة فان تك صالحة خير تقدمونها اليه وان تك غير ذلك شر تضعونه عن رقابكم

ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جلدی لیچلو جنازہ کو اگر نیک ہے تو اوسکو نیکی کی طرف لیجاتے ہو اور جو نیک نہیں ہے تو بد کو جلدی گردنوں سے اوتارنا چاہیے

عن ابي هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اسرعوا بالجنازة فان تك صالحة قدمتموها الى الخير وان كانت غير ذلك كانت شرا تضعونه عن رقابكم

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا

عن عبد الرحمن بن يونس قال شهدت جنازة عبد الرحمن بن سمرة وخرج زياد يمشي يتريد به السرير فجعل رجال من اهل عبد الرحمن ومواليهم يستقبلون السرير ويمشون على اعقابهم ويقولون رويدا بارك الله فيكم فكانوا يدبون دبيبا حتى اذا كنا

بِبَعْضِ الطَّرِيقِ الرَّبَذَةِ لَحِقَنَا أَبُو بَكْرَةَ عَلَى بَغْلَةٍ فَتَمَارَى الَّذِينَ يَمْشُونَ حَوْلَ عَلَيْهِمْ بِبَغْلَتِهِ فَاهْوَى إِلَيْهِمْ بِالسَّوْطِ وَقَالَ خَلُّوا فَوَالَّذِي أَكْرَمَ وَجْهَ أَبِي الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ رَأَيْتُنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنَّ كَادَ لَيَرْمُلُ بِهَا رَمَلًا فَانْبَسَطَ الْقَوْمُ ترجمہ عبدالرحمن بن یونس سے روایت ہے مدینہ عبدالرحمن بن سمرہ کے جنازہ کے ساتھ تھا اور زیادہ آگے چل رہے تھے تخت کے سامنے تو چند لوگوں نے عبدالرحمن کے عزیزوں اور اوان کے غلاموں میں سے تخت کو آگے چلنا شروع کیا اپنی گردنوں پر اور کہنے لگے آہستہ آہستہ چلو برکت دے اللہ تم کو تو وہ آہستہ چل رہی تھی یہاں تک کہ جب ہم مربد کی راستے میں تھے تو ابوبکرہ اپنی خچر پر سوار ملے جب انہوں نے یہ حال دیکھا تو خچر کو اوہر لیکے اور کوڑے سے اشارہ کیا اور کہا ہٹو قسم اوس شخص کے جسنے عزت دی ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ کو تم نے نہ دیکھا ہم نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قریب دوڑنے کے جنازہ کو لیجانے میں سنکہ لوگ خوش ہو گئے **عَنْ أَبِي بَكْرَةَ** قَالَ لَقَدْ رَأَيْتُنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنَّ كَادَ لَيَرْمُلُ بِهَا رَمَلًا ترجمہ ابوبکرہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رمل کرنے لگتے جنازہ میں **ف** رمل ایک قسم کی دوڑ ہے یعنی جلدی جلدی قریب لے جانے کے **عَنْ** أَبِي سَعِيدٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا مَرَّتْ بِكُمْ جَنَازَةٌ فَقُومُوا لَهَا فَمَنْ تَبِعَهَا فَلَا يَقْعُدْ حَتَّى تُوضَعَ ترجمہ ابوسعید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تمہارے سامنے جنازہ گزرے تو کھڑے ہو جاؤ اور جو جنازہ کے ساتھ جاوے وہ نہ بیٹھے جبتک جنازہ زمین پر نہ رکھا جاوے **الاَمْرُ بِالْقِيَامِ لِلْجَنَازَةِ** جنازہ کیلئے کھڑے ہونیکا حکم **عَنْ** عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا رَأَى أَحَدُكُمُ الْجَنَازَةَ فَلْيَكُنْ مَاشِيًا مَعَهَا فَلْيَقُمْ حَتَّى تُخَلِّفَهُ أَوْ تُوضَعَ مِنْ قَبْلِ أَنْ تُخَلِّفَهُ ترجمہ عامر بن ربیعہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے جنازہ کو دیکھو اور اوس کے ساتھ نہ چلتے تو کھڑا رہے یہاں تک کہ جنازہ آگے نکل جاوے یا زمین پر رکھا جاوے اگر جانے پہلے **عَنْ** عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ الْعَدَوِيِّ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ إِذَا رَأَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُومُوا حَتَّى تُخَلِّفَكُمْ أَوْ تُوضَعَ ترجمہ عامر بن ربیعہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم جنازہ کو دیکھو تو کھڑے رہو یہاں تک کہ جنازہ آگے نکل جاوے یا زمین پر رکھا جاوے **عَنْ** أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُومُوا ثُمَّ مَنْ تَبِعَهَا فَلَا يَقْعُدْ حَتَّى تُوضَعَ ترجمہ ابوسعید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم جنازہ کو دیکھو تو کھڑے ہو جو شخص ساتھ جاوے وہ نہ بیٹھے جبتک جنازہ زمین پر نہ رکھا جاوے **عَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ وَأَبِي سَعِيدٍ قَالَا مَا رَأَيْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهِدَ جَنَازَةً قَطُّ فَجَلَسَ حَتَّى تُوضَعَ ترجمہ ابوہریرہ اور ابوسعید سے روایت ہے ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا بیٹھے ہوئے جنازہ میں جبتک وہ زمین پر نہ رکھا جاوے **عَنْ** أَبِي سَعِيدٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَيْهِ بِجَنَازَةٍ فَقَامَ وَقَالَ عُمَرُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتْ بِهِ جَنَازَةٌ فَقَامَ ترجمہ ابوسعید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر لوگ ایک جنازہ

نہ ہوتے تو کھڑی ہو کر اور ابو سعید کی روایت میں ہے کہ کہا ہم یہودی کا جنازہ ہے کہا کہ ہو جائے گا عن یزید بن ثابت
انہ رای جنازۃ فقام وقعد فجلس فقام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقلت جنازۃ فقام رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم وقمنا معہ فقلنا یا رسول اللہ انما ھی جنازۃ یھودیۃ فقال ان للموت فزعا فاذا رایتم الجنازۃ فقوموا
یزید بن ثابت سے روایت ہے کہ جنازہ دیکھا تو بیٹھ گئے پھر کھڑے ہو گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو گئے ہم بھی آپ کے ساتھ کھڑے
ہو گئے ہم نے کہا یا رسول اللہ یہ جنازہ یہودی کا ہے فرمایا موت کا ڈر ہے جب جنازہ دیکھو تو کھڑے ہو جاؤ **القیام** لجنازۃ المشرکین مشرکوں کے جنازہ کو کھڑا ہونا عن
عبد الرحمن بن ابی لیلی قال قام قیس بن سعد وسھل بن حنیف بالقادسیۃ فمر علیھما بجنازۃ فقاما فقیل لھما
انھا من اھل الارض فقالا مرت برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بجنازۃ فقام فقیل لہ انہ یھودی فقال
الیست نفسا ترحمہ عبد الرحمن ابی لیلی سے روایت ہے کہ سہل بن حنیف اور قیس بن سعد بن عبادہ قادسیہ میں کھڑے تھے ایک جنازہ
ان پر سے گزرا وہ کھڑے ہو گئے لوگوں نے کہا یہ بھی ایک زمین کا رہنے والا ہے پھر کھڑے ہو گئے ہم تھے کہ ہم پر سے ایک جنازہ
گزرا آپ کھڑے ہو گئے لوگوں نے کہا یہ جنازہ یہودی کا تھا فرمایا کہ کیا یہ نفس نہیں ہے عن جابر بن عبد اللہ
قال مرت بنا جنازۃ فقام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقمنا معہ فقلنا یا رسول اللہ انھا جنازۃ یھودی فقال ان للموت فزعا فاذا رایتم الجنازۃ فقوموا
جابر بن عبد اللہ سے روایت ہے کہ ہمارے سامنے سے ایک جنازہ نکلا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو گئے ہم بھی آپ کے ساتھ کھڑے
ہو گئے ہم نے کہا یا رسول اللہ یہ جنازہ ایک یہودی عورت کا ہے فرمایا موت ایک قسم کی مصیبت ہے جب تم جنازہ کو دیکھو تو کھڑے
ہو جاؤ **الرخصۃ** فی ترک القیام لجنازۃ کے لئے کھڑا نہ ہونا عن ابی معمر قال کنا عند خباب فمرت بہ جنازۃ
فقاموا لھا فقال علی ما ھذا فقالوا امر ابو موسی فقال انما قام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لجنازۃ
یھودیۃ وکانہ یعد بعدہ لک ابو معمر سے روایت ہے ہم حضرت خباب کے پاس تھے ان میں ایک جنازہ نکلا لوگ کھڑے ہو گئے
حضرت علی نے کہا یہ کیا ہے کہا ابو موسیٰ نے کہا حکم ہے ابو موسیٰ کا (یعنی ابو موسیٰ نے کہا ہے جنازہ دیکھ کر کھڑے ہونے کو) حضرت
علی نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک یہودی عورت کے جنازہ کو دیکھ کر کھڑے ہوئے پھر اس کے بعد کبھی نہیں کھڑے ہوئے
تو وہ حکم موقوف ہو گیا عن محمد ان جنازۃ مرت بالحسن بن علی وابن عباس فقام الحسن ولم یقم
ابن عباس فقال الحسن الیس قد قام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لجنازۃ یھودی قال
ابن عباس نعم ثم جلس ترجمہ محمد سے روایت ہے ایک جنازہ نکلا حسن بن علی اور ابن عباس کے سامنے تو حسن کھڑے ہو گئے
اور ابن عباس نہیں کھڑے ہوئے حسن نے کہا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک یہودی کا جنازہ دیکھ کر کھڑے نہیں ہوئے تھے
ابن عباس نے کہا ان کچھ بیٹھ رہنے لگے (یعنی پھر اس کے بعد جنازہ کو دیکھ کر کھڑے نہیں ہوئے) عن ابن سیرین قال مر
جنازۃ علی الحسن بن علی وابن عباس فقام الحسن ولم یقم ابن عباس فقال الحسن اما قام لھا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ابن عباس فقمنا ترجمہ ابن سیرین سے روایت ہے ایک جنازہ نکلا امام حسن رضی اللہ عنہ اور ابن عباس کے سامنے امام حسن کھڑے ہو گئے اور ابن عباس نہیں کھڑے ہوئے امام حسن نے کہا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنازے کی لیئے نہیں کھڑے ہوئے ابن عباس نے کہا ان کھڑے ہوئے تھے پھر بیٹھ گئے عن ابی مخلد عن ابن عباس والحسین بن علی مرت بہما جنازۃ فقام احدھما وقعد الآخر فقال الذی قام اما واللہ لقد علمت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد قام قال الذی جلس لقد علمت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد جلس ترجمہ ابو مخلد سے روایت ہے ابن عباس اور امام حسن کے سامنے ایک جنازہ نکلا ایک کھڑے ہو گئے اور ایک بیٹھ رہے جو کھڑے ہوئے تھے اونہوں نے کہا دوسرے سے کیا تم کو معلوم نہیں قسم خدا کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے تھے جو بیٹھے تھے اونہوں نے کہا تم کو معلوم نہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ گئے تھے عن جعفر بن محمد عن ابیہ ان الحسن بن علی کان جالسا فمر علیہ بجنازۃ فقام الناس حتی جاوزت الجنازۃ فقال الحسن انما مر بجنازۃ یہودی وکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی طریقہا جالسا فکرہ ان تعلو رأس جنازۃ یہودی فقام ترجمہ امام جعفر صادق سے روایت ہے اونہوں نے اپنے باپ امام محمد باقر رضی اللہ عنہ سے کہ امام حسن بن علی بیٹھے تھے اتنے میں ایک جنازہ نکلا لوگ کھڑے ہو گئے یہانتک کہ جنازہ پار ہو گیا امام حسن نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک یہودی کا جنازہ نکلا آپ راستے میں بیٹھے تھے آپکو برا معلوم ہوا کہ اوپر سے یہودی کا جنازہ جائے اسلیئے آپ کھڑے ہو گئے عن جابر یقول قام النبی صلی اللہ علیہ وسلم لجنازۃ مرت بہ حتی توارت ترجمہ جابر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک جنازے کی لیئے کھڑے ہوئے یہانتک کہ وہ نظر سے غائب ہو گیا دوسری روایت میں یوں ہے قام النبی صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ لجنازۃ یہودی حتی توارت یعنے کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپکے اصحاب ایک یہودی کے جنازے کی لیئے یہانتک کہ وہ چھپ گیا یعنے دور نکل گیا عن انس ان جنازۃ مرت برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقام فقیل انہا جنازۃ یہودی فقال انما قمنا للملائکۃ ترجمہ انس سے روایت ہے ایک جنازہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے نکلا آپ کھڑے ہو گئے لوگوں نے کہا یا رسول اللہ یہ جنازہ یہودی کا ہے آپنے فرمایا ہم فرشتوں کے لیئے کھڑے ہوئے استراح المؤمن الموت مومن کا موت سے آرام پانا عن ابی قتادۃ بن ربعی انہ کان یحدث ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مر علیہ بجنازۃ فقال مستریح او مستراح منہ قالوا وما المستریح ومن المستراح قال العبد المؤمن یستریح من تعب الدنیا واذاھا والعبد الفاجر یستریح منہ العباد والبلاد والشجر والدواب ترجمہ ابو قتادہ بن ربعی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک جنازہ نکلا آپنے فرمایا آرام پانے والا ہے یا آرام دینے والا صحابہ نے عرض کیا اسکا کیا مطلب ہے آپنے فرمایا مسلمان بندہ (جب مرجاتا ہے) تو دنیا کی تکلیفوں اور صدموں سے چھٹ کر آرام پاتا ہے اور کافر جب مرجاتا ہے تو دنیا سے بندے اور بستیاں

اور درخت و جانور آرام پاتے ہیں رکیونکہ وہ ستاتا ہے اللہ بندوں کو اور وہ جاتا ہے بستیوں کو اور کاٹتا ہے درختوں کو اور مارتا ہے جانور کو (بخاری و مسلم) عن ابی قتادۃ قال کنا جلوسا عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذ طلعت جنازۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مستریح ومستراح منہ قالوا یا رسول اللہ ما المستریح والمستراح منہ قال العبد المؤمن یستریح من نصب الدنیا وأذاھا والفاجر یستریح منہ العباد والبلاد والشجر والدواب ترجمہ ابو قتادہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے اتنے میں ایک جنازہ نکلا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آرام پانے والا ہے یا آرام دیا گیا ہے (یعنی نیک بندہ گناہوں سے پاک) جب مرتا ہے تو دنیا کی تکلیف اور صدمہ اور رنجوں سے آرام پاتا ہے اور فاجر یعنی گنہگار ظالم یا جب مرتا ہے تو اس سے بندے اور شہر اور درخت اور جانور بھی آرام پا جاتے ہیں (بخاری و مسلم) باب الثناء علی المیت وذکر ما جاء فی الثناء مردے کی تعریف کرنا عن انس قال مر بجنازۃ فاثنی علیھا خیرا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم وجبت ومر بجنازۃ اخری فاثنی علیھا شرا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم وجبت فقال عمر فداک ابی وامی مر بجنازۃ فاثنی علیھا خیرا فقلت وجبت ومر بجنازۃ فاثنی علیھا شرا فقلت وجبت فقال من اثنیتم علیہ خیرا وجبت لہ الجنۃ ومن اثنیتم علیہ شرا وجبت لہ النار انتم شھداء اللہ فی الارض ترجمہ انس سے روایت ہے ایک جنازہ نکلا تو لوگوں نے اوسکی تعریف کی (اچھا شخص تھا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا واجب ہو گئی پھر دوسرا جنازہ نکلا لوگوں نے اوسکی برائی بیان کی آپ نے فرمایا واجب ہو گئی حضرت عمر نے کہا قربان ہوں آپ پر ماں باپ میرے ایک جنازہ گزرا لوگوں نے اوس کی تعریف کی آپ نے فرمایا واجب ہو گئی پھر دوسرا جنازہ نکلا لوگوں نے اوسکی برائی کی آپ نے فرمایا واجب ہو گئی (اس سے کیا مراد ہے) آپ نے فرمایا جسکی تم تعریف کی اوس کے لیے جنت واجب ہو گئی اور جسکی تم نے برائی کی اوسکے لیے دوزخ واجب ہو گئی تم اللہ کے گواہ ہو زمین میں عن ابی ھریرۃ قال مروا بجنازۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاثنوا علیھا خیرا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم وجبت ثم مروا بجنازۃ اخری فاثنوا علیھا شرا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم وجبت قالوا یا رسول اللہ قولک الاول وجبت قال انہ من یشھد لہ اربعۃ بخیر ادخلہ اللہ الجنۃ قلنا وثلاثۃ قال وثلاثۃ قلنا واثنان قال واثنان ثم لم نسألہ عن الواحد ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے ایک جنازہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے نکلا لوگوں نے اوس کی تعریف کی آپ نے فرمایا واجب ہو گئی پھر دوسرا جنازہ نکلا لوگوں نے اوسکی برائی کی آپ نے فرمایا واجب ہو گئی صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ پہلی آپ نے کیا فرمایا پھر کیا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسکے گواہ ہوں چار شخص اللہ کے گواہ ہیں آسمان میں اور تم اللہ کے گواہ ہو زمین میں عن ابی الاسود الدئلی قال اتیت المدینۃ فجلست الی عمر بن الخطاب فمر بجنازۃ فاثنی علی صاحبھا خیرا فقال عمر وجبت ثم مر بالثالثۃ فاثنی علی صاحبھا شرا فقال عمر وجبت فقلت وما وجبت یا امیر المؤمنین قال قلت کما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایما مسلم شھد لہ اربعۃ بالخیر ادخلہ اللہ الجنۃ فقلنا وثلاثۃ قال وثلاثۃ

قُلْنَا اَوْ اثْنَانِ قَالَ اَوْ اِثْنَانِ تَرجمہ ابوالاسود دیلی سے روایت ہے میں مدینہ میں آیا تو حضرت عمرؓ کے پاس بیٹھا تھا ایک جنازہ سامنے سے گیا لوگوں نے اوسکی تعریف کی حضرت عمرؓ نے کہا واجب ہوئی پھر دوسرا جنازہ نکلا لوگوں نے اوسکی تعریف کی حضرت عمرؓ نے کہا واجب ہوئی پھر تیسرا نکلا لوگوں نے اوسکی برائی کی حضرت عمرؓ نے کہا واجب ہوئی میں نے کہا کیا چیز واجب ہوئی اے امیر المومنین اونھوں نے کہا میں نے اوسی طرح کہا جسطرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مسلمان اوسکی لیے چار آدمی تعریف کی گواہی دیں اللہ اوسکو جنت میں لیجاویگا ہم نے کہا اگر تین آدمی گواہی دیں اونھوں نے فرمایا تین ہی بھی ہم نے کہا اگر دو آدمی گواہی دیں اونھوں نے فرمایا دو ہی بھی اَلنَّهْيُ عَنْ ذِكْرِ الْهَالِكِ اِلَّا بِخَيْرٍ مردوں کا ذکر نیکی سے کرنا چاہیے عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ ذُكِرَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَالِكٌ بِسُوْءٍ فَقَالَ لَا تَذْكُرُوْا هَلْكَاكُمْ اِلَّا بِخَيْرٍ ترجمہ ام المومنین عائشہؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک شخص کا جو مر گیا تھا برائی سے ذکر ہوا آپ نے فرمایا اپنے مُردوں کا ذکر مت کرو مگر بھلائی کے ساتھ اَلنَّهْيُ عَنْ سَبِّ الْاَمْوَاتِ مردوں کے برا کہنے کی ممانعت عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوا الْاَمْوَاتَ فَاِنَّهُمْ قَدْ اَفْضَوْا اِلٰى مَا قَدَّمُوْا ترجمہ ام المومنین عائشہؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا برا مت کہو مردوں کو تو پہونچ گئی اپنے عملوں کو عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتْبَعُ الْمَيِّتَ ثَلَاثَةٌ اَهْلُهُ وَمَالُهُ وَعَمَلُهُ فَيَرْجِعُ اثْنَانِ وَيَبْقٰى وَاحِدٌ عَمَلُهُ ترجمہ انس بن مالکؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مردے کے ساتھ تین چیزیں جاتی ہیں ایک اوسکے عزیز و اقربا دوسری اوسکا مال تیسری اوسکے اعمال پھر دو لوٹ آتی ہیں عزیز و اقربا اور مال اور ایک اوسکے ساتھ رہتا ہے یعنی عمل عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْمُؤْمِنِ سِتُّ خِصَالٍ يَعُوْدُهُ اِذَا مَرِضَ وَيَشْهَدُهُ اِذَا مَاتَ وَيُجِيْبُهُ اِذَا دَعَاهُ وَيُسَلِّمُ عَلَيْهِ اِذَا لَقِيَهُ وَيُشَمِّتُهُ اِذَا عَطَسَ وَيَنْصَحُ لَهُ اِذَا غَابَ اَوْ شَهِدَ ترجمہ ابوہریرہؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن کو مومن پر چھ حق ہیں ایک تو وہ جب بیمار ہو تو اوسکی پوچھ کو جاوے دوسرے جب وہ مر جاوے تو اوسکے جنازے میں حاضر ہو تیسرے جب وہ دعوت کرے تو قبول کرے چوتھے جب وہ ملے تو اوسکو سلام کرے پانچویں جب وہ چھینکے تو اوسکا جواب دیوے چھٹے غایب اور حاضر میں اوسکا خیر خواہ رہے اَلْاَمْرُ بِاِتْبَاعِ الْجَنَائِزِ جنازوں کے ساتھ جانیکا حکم عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْعٍ وَنَهَانَا عَنْ سَبْعٍ اَمَرَنَا بِعِيَادَةِ الْمَرِيْضِ وَتَشْمِيْتِ الْعَاطِسِ وَاِبْرَارِ الْقَسَمِ وَنَصْرِ الْمَظْلُوْمِ وَاِفْشَاءِ السَّلَامِ وَاِجَابَةِ الدَّاعِيْ وَاِتْبَاعِ الْجَنَائِزِ وَنَهَانَا عَنْ خَوَاتِيْمِ الذَّهَبِ وَعَنْ اٰنِيَةِ الْفِضَّةِ وَعَنِ الْمَيَاثِرِ وَالْقَسِّيَّةِ وَالْاِسْتَبْرَقِ وَالْحَرِيْرِ وَالدِّيْبَاجِ ترجمہ براء بن عازبؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمکو سات باتوں کا حکم کیا ہے اور سات باتوں سے منع کیا ہے ایک تو بیمار کو پوچھنے کا دوسرے جنازے کا جواب دینے کا تیسرے قسم پورا کرنے کا چوتھے مظلوم کی مدد کرنیکا پانچویں سلام کو جاری کرنیکا چھٹی دعوت قبول کرنیکا ساتویں جنازوں کے ساتھ جانیکا

اور منع کیا ہم کو سونے کی انگوٹھی پہننے سے اور چاندی کی اور ترجمہ میں کہا فی پنجہ سے اور ریشم اور دیبا اور حریر اور دیبا کو پہننے سے ف یہ ترجمہ ہشیر کی ایک قسم کا ریشمی کپڑا ہوتا ہے اور قسی ایک کپڑا ہے ریشمی منسوب طرف قس کے جو ایک موضع ہے اور استبرق اور حریر اور دیبا سب ریشمی کپڑے مشہور ہیں **فضل من تبع جنازة** جو شخص جنازہ کے ساتھ جاوے اسکی فضیلت **عن البراء بن عازب** یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من تبع جنازة حتی یصلی علیها کان له من الاجر قیراط ومن شهد مع الجنازة حتی تدفن کان له من الاجر قیراطان والقیراط مثل احد ترجمہ براء بن عازب سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جنازہ کے ساتھ رہے نماز پڑھنے تک اوسکو ایک قیراط کے برابر ثواب ملیگا اور جو شخص جنازہ کے ساتھ جاوے دفن ہونے تک اوسکو دو قیراط برابر ثواب ملیگا اور قیراط احد پہاڑ کے برابر ہوگا (دنیا کی قیراط کیطرح) **عن عبد اللہ بن المغفل** قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من تبع جنازة حتی یفرغ منها فله قیراطان فان رجع قبل ان یفرغ منها فله قیراط ترجمہ عبد اللہ بن مغفل سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جنازہ کے ساتھ جاوے اور دفن سے فارغ ہونے تک ساتھ رہے اوسکو دو قیراط برابر ثواب ہے اگر اوس سے پہلے چلا آوے تو ایک قیراط برابر ثواب ہے) **مکان الراکب من الجنازة** جو شخص سوار ہو وہ جنازہ سے کہاں ہو **عن المغیرة بن شعبة** قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الراکب خلف الجنازة والماشی حیث شاء منها والطفل یصلی علیه ترجمہ مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوار جنازہ کے پیچھے چلے اور پیدل جہاں چاہے رہے (اگر پاس چاہے یا برابر) اور بچہ پر نماز پڑھی جاوے **مکان الماشی من الجنازة** پیدل جنازہ کے ساتھ کہاں رہے **عن المغیرة بن شعبة** قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الراکب خلف الجنازة والماشی حیث شاء والطفل یصلی علیه ترجمہ مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوار جنازہ کے پیچھے چلے اور پیدل جہاں چاہے رہے اور بچہ پر نماز پڑھی جاوے **عن ابن عمر** انه رای رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم وابا بکر وعمر یمشون امام الجنازة ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو بکر اور عمر کو دیکھا جنازہ کے آگے چلتے **عن ابن عمر** انه رای النبی صلی اللہ علیه وسلم وابا بکر وعمر وعثمان یمشون بین یدی الجنازة ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا **الامر بالصلوة علی المیت** مردہ پر نماز پڑھنے کا حکم **عن عمران بن حصین** قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ان اخاکم قد مات فقوموا فصلوا علیه ترجمہ عمران بن حصین سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارا بھائی مرگیا اوٹھو نماز پڑھو اوس پر **الصلوة علی الصبیان** بچوں پر نماز پڑھنا **عن عائشة** قالت اتی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم بصبی من صبیان الانصار یصلی علیه قالت عائشة فقلت طوبی لهذا عصفور من عصافیر الجنة لم یعمل سوءا ولم یدرکه قال اوغیر ذلک یا عائشة خلق اللہ عز وجل

الجنة وخلق لها اهلاً خلقهم في اصلاب آبائهم وخلق النار وخلق لها اهلاً خلقهم في اصلاب
آبائهم ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک بچہ انصار کا لایا گیا تاکہ آپ اس پر نماز
جنازہ پڑھیں تو ام المومنین حضرت عائشہ نے کہا خوشی ہو اسکو یہ تو ایک چڑیا ہے جنت کی چڑیوں میں سے نہ کوئی برائی کی نہ برائی کے
زمانے تک پہونچا آپ نے فرمایا اے عائشہ اور کچھ بھی ہو اللہ جل جلالہ نے جنت کو پیدا کیا اور اسکے لوگ پیدا کیے وہ
اپنے باپوں کی پشت میں تھے یعنی دنیا میں آنے سے پہلے ہی سے مقرر کر دیا ہے کہ یہ جنتی ہے اور وہ دوزخی اور جہنم کو پیدا
کیا اور اسکے لیے لوگ پیدا کیے اور وہ اپنے باپوں کی پشت میں تھے پس کیا معلوم ہے کہ یہ لڑکا جنت والوں میں سے ہے یا دوزخ
والوں میں سے

الصلوٰة على الاطفال بچوں پر نماز پڑھنا

عن المغيرة بن شعبة انه ذكر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الراكب خلف الجنازة والماشي حيث شاء منها والطفل يصلى عليه ترجمہ
مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوار جنازے کے پیچھے چلے اور پیدل جہاں چاہے چلے اور لڑکے
پر نماز پڑھی جائے

اولاد المشركين مشرکوں کی اولاد

عن ابي هريرة قال سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن اولاد المشركين فقال الله اعلم بما كانوا عاملين ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا مشرکوں کی اولاد کا حال (وہ جنت میں جاوینگے یا دوزخ میں) آپنے فرمایا اللہ خوب جانتا ہے جو وہ
عمل کرنیوالے تھے یعنی اگر بڑے ہوتے تو کیا کرتے مطلب یہ ہے کہ خداوند کریم کو اختیار ہے اون کو جنت میں لیجاوے یا دوزخ میں

عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم سئل عن اولاد المشركين فقال الله اعلم بما كانوا عاملين
ترجمہ اوپر گزر چکا

عن ابن عباس قال سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن اولاد المشركين فقال خلقهم الله حين خلقهم وهو يعلم بما كانوا عاملين ترجمہ عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
سے پوچھا گیا مشرکوں کی اولاد کا حال آپنے فرمایا اللہ تعالی نے جب انکو پیدا کیا وہ جانتا تھا جو عمل کرنیوالے تھے

عن ابن عباس قال سئل النبي صلى الله عليه وسلم عن ذراري المشركين فقال الله اعلم بما كانوا عاملين ترجمہ ابن عباس سے
روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا مشرکوں کی اولاد کو آپ نے فرمایا اللہ خوب جانتا ہے جو وہ عمل کرنیوالے تھے

الصلوٰة على الشهداء شہیدوں پر نماز پڑھنا

عن شداد بن الهاد ان رجلا من الاعراب جاء الى النبي صلى الله عليه وسلم فآمن به واتبعه ثم قال اهاجر معك فاوصى به النبي صلى الله عليه
وسلم بعض اصحابه فلما كانت غزوة غنم النبي صلى الله عليه وسلم سبيا فقسم وقسم له فاعطى اصحابه
ما قسم له وكان يرعى ظهرهم فلما جاء دفعوه اليه فقال ما هذا قالوا قسم قسمه لك النبي صلى الله عليه
وسلم فاخذه فجاء به الى النبي صلى الله عليه وسلم فقال ما هذا قال قسمته لك قال ما على هذا
اتبعتك ولكني اتبعتك على ان ارمى الى ههنا واشار الى حلقه بسهم فاموت فادخل الجنة فقال ان تصدق

اللّٰہ یصدقک فلبثوا قلیلا ثم نھضوا فی قتال العدو فاتی برأس النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم یحمل فوضعہ
بین یدیہ حیث اشار فقال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم لھو ھو قالوا نعم قال صدق اللّٰہ فصدقتہ ثم
النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم فی جبتہ ثم قدمہ فصلی علیہ فکان مما ظھر من صلوتہ اللھم ھذا عبدک
خرج مھاجرا فی سبیلک فقتل شھیدا انا شھید علی ذلک ترجمہ شداد بن الہاد سے روایت ہے ایک شخص جنگل
کا رہنے والا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا اور ایمان لایا اور آپ کے ساتھ ہوا پھر کہنے لگا میں آپکے ساتھ ہجرت کرونگا رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس کے لیے بعض صحابہ کو وصیت کی جب غزوہ غنم ہوا (یعنے جس لڑائی میں مسلمانوں کو بکریاں ہاتھ آئیں)
تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اون بکریوں کو تقسیم کیا اور اوسکا بھی حصہ لگایا آپکے اصحاب نے اوسکا حصہ اوسکو دیا وہ اونکی جانور
سواری کے چرایا کرتا تھا جب اوسکا حصہ اونکو آیا تو اوس نے پوچھا یہ کیا ہے لوگوں نے کہا یہ تیرا حصہ ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے تجھکو دیا ہے اوسنے لیا اور اوسکو لیکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کیا یہ کیا ہے آپ نے فرمایا یہ تیرا حصہ
میں نے دیا ہے اوس نے کہا میں اس لیے آپ کے ساتھ نہیں ہوا تھا بلکہ میں آپ کی پیروی اسلیے کی ہے کہ میری اسجگہ پر اوسمیں حلق کو یہاں
تیر مارا جاوے (یعنے لڑائی میں) پھر میں مروں اور جنت میں جاؤں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تو اللہ کو سچا کریگا اللہ تجھے
سچا کریگا (یعنے پورا کریگا) پھر لوگ تھوڑی دیر تک ٹھہرے بعد اوسکے دشمن سے لڑنے کے لیے اٹھے (اور لڑائی شروع ہوئی) لوگ اوسکو
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس لائے اوٹھاکر اوسکو تیر لگا تھا اوسی جگہ جہاں اوسنے بتلایا تھا آپنے فرمایا کیا یہ وہی شخص ہے لوگوں نے کہا
ہاں آپنے فرمایا اللہ کو اوس نے سچ کیا (یعنے اللہ تعالی نے جو صفات مجاہدین کی بیان فرمائی ہیں اون سبکو اوس نے سچ کیا) تو اللہ نے بھی
اسکو سچا کیا (یعنے اسکی مراد پوری ہوئی یعنے شہید ہوا) پھر آپنے اپنی جبہ کا کفن اوسکو دیا اور اوسکو آگے رکھا اور اوس پر نماز پڑھی جسمیں
آپکی نماز میں سے لوگوں کو سنائی دیا تھا وہ یہ تھا آپ فرماتے تھے یا اللہ یہ تیرا بندہ ہے تیری راہ میں ہجرت کرکے نکلا اور شہید ہوکر مارا
گیا میں اسبات کا گواہ ہوں عن عقبۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خرج یوما فصلی علی اھل احد صلوتہ
علی المیت ثم انصرف الی المنبر فقال انی فرط لکم وانا شھید علیکم ترجمہ عقبہ سے روایت ہے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز باہر نکلے (مدینے کے) پھر نماز پڑھی احد کے شہیدوں پر جیسے میت پر پڑھتے تھے پھر منبر کیطرف آئے اور فرمایا میں
تمہارا پیش خیمہ ہوں (یعنے قیامت میں تم سے پہلے اوٹھکر تمہارے لیے جنت میں جانیکی تیاری کرونگا) اور تمپر گواہ ہوں توکل
الصلوۃ علیھم شہید پر نماز پڑھنا عن جابر بن عتیک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یجمع بین
الرجلین من قتلی احد فی ثوب واحد ثم یقول ایھم اکثر اخذا للقرآن فاذا اشیر الی احدھما قدمہ فی اللحد
قال انا شھید علی ھؤلاء وامر بدفنھم بدمائھم ولم یصل علیھم ولم یغسلوا ترجمہ جابر بن عبد اللہ سے
روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو دو مردوں کو احد کے شہیدوں میں سے ایک کپڑے میں اکٹھا کرتے پھر فرماتے کون انہ دونوں میں
سے قرآن زیادہ جانتا ہے جب ایک کیطرف اشارہ کرتے اوسکو قبر میں آگے کرتے (قبلے کیطرف) پھر فرمایا میں گواہ ہوں ان لوگوں پر

اور حکم کیا اون کو دفن کرنیکا لہو لگے سو ہی نو نہ پر نماز پڑہی نہ اونکو غسل دیا **باب** ترک الصلوٰۃ علی الرجوم جو شخص زنا کی حد مین سنگسار کیا جاوی اوسپر نماز نہ پڑہین

فضل ۶۸۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اولاد آدم کا سردار ہوں گا اور میرے ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا اور آدم اور ان کے سوا سب میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے اور میں پہلا شخص ہوں گا جس کی قبر شق ہوگی اور میں پہلا شفاعت کرنے والا ہوں گا اور میری شفاعت پہلی قبول ہوگی۔

فضل ۶۹۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اولاد آدم کا سردار ہوں گا اور میرے ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا اور آدم اور ان کے سوا سب میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے اور میں پہلا شخص ہوں گا جس کی قبر شق ہوگی اور میں پہلا شفاعت کرنے والا ہوں گا اور میری شفاعت پہلی قبول ہوگی۔

فضل ۷۰۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اولاد آدم کا سردار ہوں گا اور میرے ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا اور آدم اور ان کے سوا سب میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے اور میں پہلا شخص ہوں گا جس کی قبر شق ہوگی اور میں پہلا شفاعت کرنے والا ہوں گا اور میری شفاعت پہلی قبول ہوگی۔

فضل ۷۱۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اولاد آدم کا سردار ہوں گا اور میرے ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا اور آدم اور ان کے سوا سب میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے اور میں پہلا شخص ہوں گا جس کی قبر شق ہوگی اور میں پہلا شفاعت کرنے والا ہوں گا اور میری شفاعت پہلی قبول ہوگی۔

فضل ۷۲۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اولاد آدم کا سردار ہوں گا اور میرے ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا اور آدم اور ان کے سوا سب میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے اور میں پہلا شخص ہوں گا جس کی قبر شق ہوگی اور میں پہلا شفاعت کرنے والا ہوں گا اور میری شفاعت پہلی قبول ہوگی۔

فضل ۷۳۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اولاد آدم کا سردار ہوں گا اور میرے ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا اور آدم اور ان کے سوا سب میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے اور میں پہلا شخص ہوں گا جس کی قبر شق ہوگی اور میں پہلا شفاعت کرنے والا ہوں گا اور میری شفاعت پہلی قبول ہوگی۔

فضل ۷۴۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اولاد آدم کا سردار ہوں گا اور میرے ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا اور آدم اور ان کے سوا سب میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے اور میں پہلا شخص ہوں گا جس کی قبر شق ہوگی اور میں پہلا شفاعت کرنے والا ہوں گا اور میری شفاعت پہلی قبول ہوگی۔

فضل ۷۵۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اولاد آدم کا سردار ہوں گا اور میرے ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا اور آدم اور ان کے سوا سب میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے اور میں پہلا شخص ہوں گا جس کی قبر شق ہوگی اور میں پہلا شفاعت

الربع الثالث من ترجمہ کتاب النساءی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتاب الصیام

کتاب روزہ کے بیان مین عن طلحۃ بن عبید اللہ ان اعرابیا جاء الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثائر الراس فقال یا رسول اللہ اخبرنی ماذا فرض اللہ علی من الصلوۃ قال الصلوات الخمس الا ان تطوع شیئا قال اخبرنی بما افترض اللہ علی من الصیام قال صیام شہر رمضان الا ان تطوع شیئا قال اخبرنی بما افترض اللہ علی من الزکوۃ فاخبرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شرائع الاسلام فقال والذی اکرمک لا اتطوع شیئا ولا انقص مما فرض اللہ علی شیئا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افلح ان صدق او دخل الجنۃ ان صدق ترجمہ طلحہ بن عبید اللہ سے روایت ہے کہ ایک گنوار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا جسکی بال پریشان تھے (یعنی سر بکھرا ہوا تھا) اوس نے کہا یا رسول اللہ مجھے بتلائی اللہ نے کتنی نماز مجھپر فرض کی ہے آپنے فرمایا پانچ نماز مین اوراس سے زیادہ نفل ہین پھر اوس نے کہا مجھے بتلایے اللہ نے کتنے روزے مجھپر فرض کئے ہین آپنے فرمایا رمضان کے روزے اوراس کے سوا نفل ہین پھر اوس نے کہا مجھے بتلایے زکوۃ اللہ نے کتنی فرض کی ہے آپنے اوسکو اسلام کے احکام بتلایے وہ بولا قسم اوس شخص کی جسنے آپکو بزرگی دی مین اس سے زیادہ نہین کرونگا نہ اس سے کم جتنا اللہ نے فرض کیا ہے آپنے فرمایا اگر اس نے سچ کہا تو نجات پائی یا جنت مین جاویگا ف اس حدیث سے روزہ کی فرضیت ثابت ہوئی اور کلام اللہ کی آیت بھی فمن شہد منکم الشہر فلیصمہ یعنی جو شخص تم مین سے رمضان کو پاوے وہ روزے رکھے فرضیت پر دال ہے اور اس سے منسوخ ہوگیا وہ حکم جو ابتدا اسلام مین تھا کہ جو شخص مالدار ہو وہ روزے رکھے یا فدیہ دیوے کیونکہ اللہ تعالی نے یہان اختیار نہین دیا اور جو فدیہ کا اختیار باقی ہوتا تو مریض اور سافر فدیہ کو زیادہ حقدار تھے اوکو قضا کرنے کا کیون حکم ہوا آیہ بعض ملحدون نے جو روزے کو فرض اختیاری قرار دیا ہے یہ لبطال ہے آیت اور احادیث متواترہ کا اور خرق ہے اجماع اور صحابہ اور تابعین کا عن ابن عمر قال بینما نحن فی القرآن ان نسأل النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن شیء فکان یعجبنا ان یجیء الرجل العاقل من اہل البادیۃ فیسألہ فجاء رجل من اہل البادیۃ فقال یا محمد اتانا رسولک فاخبرنا انک تزعم ان اللہ عز وجل ارسلک قال صدق قال فمن خلق السماء قال اللہ قال فمن خلق الارض قال اللہ قال فمن نصب فیہا الجبال قال اللہ قال فمن جعل فیہا المنافع قال اللہ قال فبالذی خلق السماء والارض ونصب فیہا الجبال وجعل فیہا المنافع آللہ ارسلک قال اللہم ورسولک ان علینا خمس صلوات فی کل یوم ولیلۃ قال صدق قال فبالذی ارسلک اللہ امرک بہذا قال اللہم قال ورسولک ان علینا زکوۃ اموالنا قال صدق قال فبالذی ارسلک اللہ امرک بہذا قال اللہم قال ورسولک ان علینا صوم شہر فی کل سنۃ قال

صدق قال فالذی ارسلک اللہ امرک بھذا قال نعم قال وزعم رسولک ان علینا الحج من استطاع الیہ
سبیلا قال صدق قال فالذی ارسلک اللہ امرک بھذا قال نعم قال فوالذی بعثک بالحق لا ازید علیہن
شیئا ولا انقص منہن فلما ولی قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لئن صدق لیدخلن الجنۃ ترجمہ انس سے روایت ہے کہ ہم کو منع
تھی قرآن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ پوچھنے کی (یعنی بلا ضرورت سوال کرنیکی) اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے ایمان والو مت پوچھو
عن اشیاء ان تبد لکم تسؤکم (یعنی اے ایمان والو مت پوچھو وہ باتیں کہ اگر کھولی جاویں تم پر برا لگے تم کو) تو ہم کو بھایا معلوم ہوتا اگر کوئی
شخص متعلم گانوں سے آوے اور آپ سے کچھ پوچھے اتفاقاً ایک شخص جنگل کا رہنے والا آیا اور بولا اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تمہارا پیام
پہونچانیوالا ہمارے پاس آیا اور کہنے لگا تم کہتے ہو اللہ جل جلالہ نے مجھکو بھیجا ہے آپ نے فرمایا اوسنے سچ کہا وہ شخص بولا آسمان کو کس نے
پیدا کیا آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے پھر وہ بولا زمین کو کس نے پیدا کیا آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے پھر وہ بولا پہاڑوں کو زمین میں کسنے
جمایا آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے پھر وہ بولا اون میں فایدے (یعنی طرح طرح کے پہل اور میوے) کس نے پیدا کیے آپ نے فرمایا اللہ نے پھر وہ بولا
قسم ہے اوس شخص کے جسنے آسمان اور زمین کو پیدا کیا پہاڑ زمین میں پھاڑ کھڑے کیے پھر اون میں طرح طرح کے فایدے رکھے کیا اللہ تعالیٰ نے
تم کو بھیجا ہے آپ نے فرمایا ہاں پھر وہ بولا تمہارے پیام پہونچانیوالے نے ہم سے کہا کہ ہم پر پانچ نمازیں ہیں ہر دن رات میں آپ نے فرمایا
سچ کہا وہ بولا قسم اوس شخص کی جسنے آپ کو بھیجا کیا اللہ نے آپکو حکم کیا ہے ان نمازوں کا آپ نے فرمایا ہاں وہ بولا آپ کے پیام پہونچانیوالے
نے کہا ہم پر سال میں ایک مہینے کے روزے ہیں آپ نے فرمایا سچ کہا وہ بولا قسم ہے اوس شخص کی جسنے آپ کو بھیجا کیا اللہ نے آپ کو حکم کیا ہے
روزوں کا آپ نے فرمایا ہاں پھر وہ بولا آپ کے پیام پہونچانیوالے نے ہم سے کہا ہم پر حج ہے جو استطاعت رکھے اللہ کا جو جانیکا رستہ پاوے آپ نے فرمایا سچ
کہا وہ بولا قسم اوس شخص کے جسنے آپ کو بھیجا کیا اللہ نے آپ کو حج کا حکم کیا ہے آپ نے فرمایا ہاں وہ بولا قسم اوس شخص کی جسنے آپ کو
سچا پیغمبر کر بھیجا میں ان باتوں کو پورا کرونگا نہ زیادہ نہ کم جب وہ پیٹھ موڑ کر چلا آپ نے فرمایا اگر سچ بولا تو جنت میں جاویگا ۱۲
یہ پوچھنے والا ضمام بن ثعلبہ تھا۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صرف فرائض کے ادا کرنا جنت کے استحقاق کو لیے کافی ہے اگرچہ سنت اور نوافل
ادا نہ کرے عن انس بن مالک یقول بینا نحن جلوس فی المسجد جاء رجل علی جمل فاناخہ فی المسجد ثم عقلہ
فقال لھم ایکم محمد ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم متکئ بین ظھرانیھم قلنا لہ ھذا الرجل الابیض
المتکئ فقال لہ الرجل یا ابن عبد المطلب فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد اجبتک قال الرجل لمحمد
انی سائلک فمشتد علیک فی المسألۃ فلا تجدن فی نفسک قال سل عما بدا لک قال اسئلک بربک ورب من
قبلک آللہ ارسلک الی الناس کلھم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللھم نعم قال فانشدک اللہ آللہ امرک
ان نصلی الصلوات الخمس فی الیوم واللیلۃ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللھم نعم قال فانشدک اللہ آللہ
امرک ان تاخذ ھذہ الصدقۃ من اغنیائنا فتقسمھا علی فقرائنا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللھم
نعم فقال الرجل آمنت بما جئت بہ وانا رسول من ورائی من قومی وانا ضمام بن ثعلبۃ اخو بنی سعد بن

بکر ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے وہ ہم مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں ایک شخص اونٹ پر سوار آیا اور مسجد میں اونٹ کو بٹھایا پھر اسکو باندھا پھر لوگوں سے بولا محمد تم میں سے کون ہیں اور آپ صحابہ کے بیچ میں تکیہ لگائے بیٹھے تھے ہم نے کہا یہ شخص ہیں گورے رنگ تکیہ لگائے ہوئے وہ شخص بولا اے عبدالمطلب کے بیٹے آپ نے فرمایا میں نے تجھ سے جواب دیا (یعنی میں موجود ہوں پکارنا کیا ضرور ہے) وہ شخص بولا اے محمد میں تم سے کچھ پوچھنے والا ہوں اور زور سے پوچھوں گا تو برا نہ ماننا آپ نے فرمایا پوچھ تو جو چاہے وہ بولا میں تم کو قسم دیتا ہوں تمہارے پروردگار کی اور تم سے پہلے جو لوگ گزرے انکی پروردگار کی کیا اللہ نے تم کو سب آدمیوں کیطرف بھیجا ہے آپ نے فرمایا ہاں اے خدا (یعنی خدا کو گواہ کیا اپنے اس کہنے پر) پھر وہ بولا میں تم کو قسم دیتا ہوں اللہ کی کیا اللہ نے تم کو حکم کیا ہے پانچ نمازیں پڑھنے کا دن رات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں اے خدا پھر وہ بولا میں تم کو قسم دیتا ہوں کیا اللہ نے تم کو حکم کیا ہے ہر سال اس مہینے میں (یعنی رمضان میں) روزے رکھنے کا آپ نے فرمایا ہاں اے خدا پھر وہ بولا میں تم کو قسم دیتا ہوں اللہ کی کیا اللہ نے تم کو حکم کیا ہے امیروں اور مالداروں سے زکوٰۃ لیکر فقیروں کو بانٹنے کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں تب وہ شخص بولا میں یقین کیا اوس دین پر جسکو تم لائے اور میں قاصد ہوں اپنی قوم کے لوگوں کا جو میرے پیچھے ہیں اور میں ضمام ہوں قبیلہ کا بنی سعد بن بکر کی قوم میں سے

عن ابی ہریرۃ قال بینما النبی صلی اللہ علیہ وسلم مع اصحابہ جاءھم رجل من اھل البادیۃ قال ابن عبد المطلب فقالوا ھذا الابیض المرتفق قال حمزۃ الابیض مشربا حمرۃ فقال انی سائلک فمستدخل علیک فی المسالۃ فاسئل عما بدا لک قال اسالک بربک وربّ من قبلک وربّ من بعدک آللہ ارسلک قال اللھم نعم قال فانشدک باللہ آللہ امرک ان تصلی خمس صلوات فی الیوم واللیلۃ قال اللھم نعم قال فانشدک باللہ آللہ امرک ان تاخذ من اموال اغنیائنا فترددھا علی فقرائنا قال اللھم نعم قال فانشدک باللہ آللہ امرک ان تصوم ھذا الشھر من اثنی عشر شھرا قال اللھم نعم قال فانشدک باللہ آللہ امرک ان تحج ھذا البیت من استطاع الیہ سبیلا قال اللھم نعم قال فانی امنت وصدقت واتا ضمام بن ثعلبۃ

ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے ایکبار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اصحاب کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں ایک شخص جنگل کا رہنے والا آیا اور پوچھا تم میں سے کون عبدالمطلب کا بیٹا ہے لوگوں نے کہا یہ شخص جو گورے رنگ کے سرخ تکیہ لگائے ہوئے بیٹھے ہیں وہ بولا میں تم سے کچھ پوچھنے والا ہوں اور زور سے پوچھونگا آپ نے فرمایا پوچھ جو تیرا جی چاہے وہ بولا میں آپ سے پوچھتا ہوں اوس شخص کے قسم دیکر جو آپکا پروردگار ہے اور آپ سے پہلے لوگوں کا بھی پروردگار ہے اور آپ کے بعد کے لوگوں کا بھی پروردگار ہے کیا اللہ نے آپکو بھیجا آپ نے فرمایا ہاں اے اللہ تب وہ بولا میں آپ کو قسم دیتا ہوں اوسی کی کیا اللہ نے آپ کو حکم کیا ہے ہر دن رات میں پانچ نمازیں پڑھنے کا آپ نے فرمایا ہاں اے اللہ تب پھر وہ بولا میں آپکو قسم دیتا ہوں اوسی کی کیا اللہ نے آپ کو حکم کیا ہے صدقہ لینے کا مالداروں کے مال میں سے اور فقیروں کو بانٹنے کا آپ نے فرمایا ہاں اے اللہ تب پھر وہ بولا میں آپکو قسم دیتا ہوں اوسی کی کیا اللہ نے آپ کو حکم کیا ہے کہ بیت اللہ کا حج کرے جو شخص وہاں تک جا سکے آپ نے فرمایا ہاں تب وہ بولا میں ایمان لایا اور سچ جانا اور میں ضمام ثعلبہ کا بیٹا ہوں

باب الفضل فی الجود

فی شهر رمضان رمضان میں زیادہ سخاوت کے بیان میں عن عبد الله بن عباس کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لنجواد الناس وکان اجود ما یکون فی رمضان حین یلقاه جبریل وکان جبریل یلقاه فی کل لیلة من شهر رمضان فیدارسه القرآن قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم حین یلقاه جبریل علیه السلام لنجواد بالخیر من الریح المرسلة ترجمہ عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب لوگوں سے زیادہ سخی ہوتے اور سب وقتوں سے زیادہ آپ رمضان میں سخاوت کرتے جب حضرت جبرئیل علیہ السلام آپ سے ملتے اور حضرت جبرئیل رمضان کی ہر رات میں آپ سے ملاکرتے اور قرآن کا دور کرتے۔ راوی نے کہا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت جبرئیل ملتے تو آپ سخاوت کرنے میں ہوا کی چلنے والی ہوا سے بھی زیادہ بے روک ہوا نکل جاتی ہے اسطرح مال آپ کے ہاتھ سے نکلتا رہتا جو آتا بانٹ دیتے عن عائشة قالت ما لعن رسول الله صلی الله علیه وسلم من لعنته تذکر وکان اذا کان رمضان جهد جبریل یدارسه کان لنجواد بالخیر من الریح المرسلة ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی لعنت ایسی نہیں کی جو یاد کیجاوے اور جب حضرت جبرئیل علیہ السلام کے دور کا زمانہ آتا تو آپ چھٹی ہوئی ہوا سے بھی زیادہ سخی ہوتے۔ ابو عبد الرحمن دارمی نے کہا یہ روایت غلط ہے اور صحیح یونس بن یزید کی روایت ہے جو اوپر گزری اور اس روایت میں ایک حدیث دوسری حدیث میں ملا دی ہے

فضل شہر رمضان رمضان کے فضیلت کا بیان عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال اذا دخل شهر رمضان فتحت ابواب الجنة وغلقت ابواب النار وصفدت الشیاطین ترجمہ ابو ہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو جنت کے دروازے کھولدیجاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کردیجاتے ہیں اور شیطان باندھ دیجاتے ہیں عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال اذا دخل رمضان فتحت ابواب الجنة وغلقت ابواب النار وصفدت الشیاطین ترجمہ وہی جو اوپر گزرا **ذکر** الاختلاف علی الزهری فیه احادیث میں راویوں نے زہری پر اختلاف کیا اسکا بیان عن ابی هریرة یقول قاله رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا دخل رمضان فتحت ابواب الجنة وغلقت ابواب جهنم وسلسلت الشیاطین ترجمہ وہی جو اوپر گزرا عن ابی هریرة یقول قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا جاء رمضان فتحت ابواب الرحمة وغلقت ابواب جهنم وسلسلت الشیاطین ترجمہ وہی جو اوپر گزرا لیکن بجائے جنت کے اس میں رحمت کا لفظ ہے یعنی رمضان آتا ہے تو رحمت کے دروازے کھولدیجاتے ہیں عن ابی هریرة یقول قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا کان رمضان فتحت ابواب الجنة وغلقت ابواب جهنم وسلسلت الشیاطین ترجمہ وہی جو اوپر گزرا عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال اذا دخل شهر رمضان فتحت ابواب الجنة وغلقت ابواب النار وسلسلت الشیاطین ترجمہ وہی جو اوپر گزرا عن انس بن مالک ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال هذا رمضان قد جاءکم فیه ابواب الجنة وتغلق فیه ابواب النار وتسلسل فیه الشیاطین ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ مہینہ تمہارے پاس پہنچا ہے اور اسمیں جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور شیطان زنجیروں سے باندھے جاتے ہیں **ذکر الاختلاف علی ابی ہریرۃ فی ہذا الحدیث** یعنی ابوہریرہ سے اس حدیث میں راویوں کے اختلاف کا بیان **عن ابی ہریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یرغب فی قیام رمضان من غیر عزیمۃ** وقال اذا دخل رمضان فتحت ابواب الجنۃ وغلقت ابواب الجحیم وسلسلت الشیاطین

ترجمہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رغبت دلاتے تھے رمضان میں تراویح پڑھنے کی مگر وجوب نہیں کرتے تھے اور فرماتے تھے جب رمضان آتا ہے تو جنت کے دروازے کھولدیے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور شیطان زنجیروں سے باندھے جاتے ہیں **عن ابی ہریرۃ** قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتاکم رمضان شہر مبارک فرض اللہ

عزوجل علیکم صیامہ تفتح فیہ ابواب الجنۃ وتغلق فیہ ابواب الجحیم وتغل فیہ مردۃ الشیاطین فیہ لیلۃ خیر من الف شہر من حرم خیرہا فقد حرم

ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے پاس رمضان آیا مبارک مہینہ ہے اللہ نے اوسکے روزے تم پر فرض کیے ہیں اس مہینے میں جنت کے دروازے کھولدیے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور شریر شیطان باندھے جاتے ہیں اوسمیں ایک رات ہے جو ہزار راتوں سے بہتر ہے جو شخص محروم رہا اوسکی ثواب سے وہ محروم رہا **عن عتبۃ** قال عدنا عتبۃ بن فرقد فذکرنا شہر رمضان فقال ما تذکرون فیہ قلنا نتحدث

رمضان قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول تفتح فیہ ابواب الجنۃ واغلق فیہ ابواب النار وتغل فیہ الشیاطین وینادی منادٍ کل لیلۃ یا باغی الخیر هلم ویا باغی الشر اقصر

ترجمہ عتبہ سے روایت ہے ہم عتبہ بن فرقد کی عیادت (بیمار پرسی) کو گئے وہاں رمضان کا ذکر کرنے لگے انہوں نے کہا کس چیز کا ذکر کرتی ہو ہم نے کہا رمضان کے مہینے کا اونہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے رمضان میں جنت کے دروازے کھولدیے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور شیطان باندھے جاتے ہیں اور ہر رات ایک پکارنیوالا پکارتا ہے اے نیکی کے چاہنے والے آگے بڑھ اور اے بدی کے چاہنے والے بدی کم کر۔ امام نسائی نے کہا حدیث میں خطا ہوئی ہے **عن عتبۃ** قال کنت فی بیت فیہ عتبۃ بن فرقد فاردت ان احدث بحدیث وکان رجل من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اولی بالحدیث فحدث الرجل عن

النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال فی رمضان تفتح فیہ ابواب السماء وتغلق فیہ ابواب النار ویصفد فیہ کل شیطان مارد وینادی منادٍ کل لیلۃ یا طالب الخیر هلم ویا طالب الشر انمسک

ترجمہ عتبہ سے روایت ہے میں ایک گھر میں تھا جسمیں عتبہ بن فرقد تھے تو میں چاہا ایک حدیث بیان کرنا اور ایک شخص تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے وہ زیادہ مستحق تھا حدیث بیان کرنیکا اوس نے حدیث بیان کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے انہوں نے فرمایا رمضان کے مہینہ میں کہ اوس میں آسمان کے دروازے کھولدیے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور ہر ایک شیطان سرکش قید کیا جاتا ہے اور ہر رات ایک پکارنیوالا پکارتا ہے اے نیکی چاہنے والے آگے بڑھ اور اے بدی کے چاہنے والے بدی کم کر **الرخصۃ**

وَإِنْ يُقَالُ لِشَهْرِ رَمَضَانَ رَمَضَانُ رَمَضَانُ کے مہینہ کو صرف رمضان کہنے کی اجازت ف اس مسئلہ مین تین قول ہین
ایک یہ کہ فقط رمضان نہین کہنا چاہیے بلکہ ماہ رمضان کہنا چاہیے اس لیے کہ رمضان اسد کے نامون مین سے ایک نام ہے دوسرے
یہ کہ جہان پر قرینہ ہو کہ مراد ماہ رمضان ہے وہان صرف رمضان بھی کہنا درست ہے جیسے ہم نے رمضان کو روزے رکھے اور یہ نہین کہنا
چاہیے کہ رمضان آیا یا گیا تیسری یہ کہ صرف رمضان کہنے مین کچھ قباحت نہین اور یہی مذہب ہے بخاری اور محققین علما کا عن
أَبِي بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَقُولَنَّ أَحَدُكُمْ صُمْتُ رَمَضَانَ وَلَا أَفْطَرْتُهُ كُلَّهُ وَلَا أَدْرِي مَا
التَّزْكِيَةُ أَوْ قَالَ لَا بُدَّ مِنْ غَفْلَةٍ وَيَقْظَةٍ ترجمہ ابوبکرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی تم مین سے یہ نہین
کہے کہ میں سارے رمضان روزے رکھے اور عبادت کی راوی نے کہا مین نہین جانتا اپنے یہ کہنا کیون برا جانا شاید اسوجہ سے کہ اپنی تعریف
کرنا برا سمجھا یا ضرور کچھ نہ کچھ غفلت ہوئی ہوگی (پھر ساری رمضان مین عبادت کہان ہوئی) عن ابن عباس قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم لامرأة من الانصار إذا كان رمضان فاعتمري فيه فإن عمرة فيه تعدل حجة
ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک انصاری عورت سے فرمایا جب رمضان آوے تو اوس مین عمرہ کر اس
لیے کہ رمضان مین ایک عمرہ حج کے برابر ہے ف تو ان دو حدیثون مین آپنے صرف رمضان کہا اور شہر رمضان نہین فرمایا
اختلاف أهل الآفاق في الرؤية اگر چاند کے دیکھنے مین ملکون مین اختلاف ہو عن كريب أن أم الفضل بعثته
إلى معاوية بالشام قال فقدمت الشام فقضيت حاجتها واستهل علي هلال رمضان وأنا بالشام فرأيت الهلال
ليلة الجمعة ثم قدمت المدينة في آخر الشهر فسألني عبد الله بن عباس ثم ذكر الهلال فقال متى رأيتم الهلال فقلت رأيناه
ليلة الجمعة قال أنت رأيته ليلة الجمعة قلت نعم ورآه الناس فصاموا وصام معاوية قال لكنا رأيناه ليلة السبت
فلا نزال نصوم حتى نكمل ثلاثين يوما أو نراه فقلت أولا تكتفي برؤية معاوية وصيامه قال لا هكذا أمرنا
رسول الله صلى الله عليه وسلم ترجمہ کریب سے روایت ہے ام الفضل نے اونکو معاویہ بن ابی سفیان کے پاس بھیجا شام مین انہون نے کہا
مین شام مین آیا اور اونکا کام پورا کیا اتنے مین رمضان کا چاند آیا اور مین شام ہی مین تھا تو مین نے جمعہ کی رات کو چاند دیکھا پھر مین
مدینہ مین آن پہونچا رمضان کے اخیر مین عبداللہ بن عباس نے مجھسے پوچھا اور چاند کا ذکر کیا تم نے کب چاند دیکھا مین نے کہا ہم نے
دیکھا جمعے کی رات کو انہون نے کہا تم نے جمعہ کی رات کو دیکھا مین نے کہا ہان اور لوگون نے بھی دیکھا اور روزہ رکھا معاویہ نے بھی روزہ
رکھا انہون نے کہا ہم نے تو ہفتے کی رات کو دیکھا اور ہم برابر روزے رکھے جاوینگے یہانتک کہ تیس دن پورے ہون یا چاند دکھلائی دیوے
مین نے کہا تم معاویہ اور اون کی لوگون کی چاند دیکھنے مین خیال نہ کروگے انہون نے کہا نہین ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی
حکم کیا ہے ف کہ چاند دیکھکر روزے شروع کرو اور چاند دیکھکر موقوف کرو اگر چاند نہ دکھلائی دیوے تو تیس دن پورے کرو۔ مدینے سے
شام کا ملک دو سو کوس ہے اور اتنی دور مین اختلاف ہو سکتا ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اور ملکون کی رویت کا اعتبار نہین فاصلے
پر واقع ہون البتہ اگر نزدیک ہون تو اعتبار ہو سکتا ہے باب قبول شهادة الرجل الواحد على هلال شهر رمضان

ایک شخص کی گواہی رمضان کا چاند دیکھنے پر مقبول ہے عن ابن عباس قال جاء اعرابی الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال رایت الھلال قال اتشھد ان لا الہ الا اللہ وان محمدا عبدہ ورسولہ قال نعم فادی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان صوموا ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے ایک اعرابی نون والا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا اور کہنے لگا میں نے چاند دیکھا آپ نے فرمایا تو گواہی دیتا ہے اس بات کے کہ نہیں کوئی معبود سچا سوا اللہ کے اور محمد اسکے بندے اور بھیجے ہوئے ہیں وہ بولا ہاں آپ نے منادی کروادی کہ روزہ رکھو عن ابن عباس قال جاء اعرابی الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ابصرت الھلال اللیلۃ قال اتشھد ان لا الہ الا اللہ وان محمدا عبدہ ورسولہ قال نعم قال یا بلال اذن فی الناس فلیصوموا غدا ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے ایک گنوار رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پاس آیا اور کہنے لگا میں نے رات کو چاند دیکھا آپ نے فرمایا تو گواہی دیتا ہے اس بات کی کہ کوئی سچا معبود نہیں ہے سوا اللہ کے اور حضرت محمد اس کے بندے ہیں اور بھیجے ہوئے ہیں وہ بولا ہاں آپ نے فرمایا اے بلال پکار دے لوگوں میں کل روزہ رکھیں عن عبد الرحمن بن زید بن الخطاب انہ خطب الناس فی الیوم الذی شک فیہ فقال الا انی جالست اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وسالتھم واخبرنی حدثونی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال صوموا لرؤیتہ وافطروا لرؤیتہ وانسکوا لھا فان غم علیکم فاتموا ثلاثین وان شھد شاھدان فصوموا وافطروا ترجمہ عبد الرحمن بن زید بن الخطاب نے خطبہ پڑھا شک کے روز یعنی جس دن شبہ تھا کہ پہلی تاریخ ہے یا سلخ ہے تو کہا میں صحبت میں رہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کے اور ان سے پوچھا انہوں نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ رکھو چاند دیکھ کر اور روزہ چھوڑو چاند دیکھ کر اور اسی طرح حج میں عمل کرو اگر آسمان برابر ہو تو تیس دن پورے کرلو اسی گواہی پر گواہ گواہی دیں (چاند دیکھنے کی جب آسمان برابر ہو) تو روزہ رکھو اور روزہ چھوڑو

کمال شعبان تیس دن اگر کسی نے غلطی سے روزہ رکھا اور عید کا دن نکلا تو روزہ توڑ دے اور عید پڑھے اور اگر رمضان کے تیس دن پورے کرنا اور بیان اور دنوں کے اختلاف کا ابوہریرہ سے عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صوموا لرؤیتہ وافطروا لرؤیتہ فان غم علیکم فعدوا ثلاثین ترجمہ ابوہریرہ رضی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ رکھو چاند دیکھ کر اور روزہ موقوف کرو چاند دیکھ کر اگر ابر ہو تو تیس دن پورے کرلو عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صوموا لرؤیتہ وافطروا لرؤیتہ فان غم علیکم فاقدروا ثلاثین ترجمہ وہی جو گزرا عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا رایتموہ فصوموا واذا رایتموہ فافطروا فان غم علیکم فاقدروا ثلاثین ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم چاند دیکھو تو روزہ رکھو پھر جب چاند دیکھو تو روزہ موقوف کرو اگر ابر آجاوے تو تیس روزے رکھو عن عبد اللہ بن عمر قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اذا رایتموہ فصوموا واذا رایتموہ فافطروا فان غم علیکم فاقدروا لہ ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جب چاند دیکھو تو روزہ رکھو اور جب چاند دیکھو تو موقوف کرو اگر ابر آجاوے تو اندازہ کرلو یعنی تیس دن پورے کرلو عن ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذکر رمضان فقال لا تصوموا

حتی تروہ فان لم یرہ احد فشہد عدلان صامہ وامرہ ان یفطر ترجمہ ابن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کا بیان کیا تو فرمایا مت روزہ رکھو جب تک چاند نہ دیکھو اور مت روزہ موقوف کرو جب تک چاند نہ دیکھو اگر ابر یا غبار ہو تو اندازہ کرلو ذکر الاختلاف علی عبید اللہ بن عمر فی ھذا الحدیث بیان راویوں کے اختلاف کا عبید اللہ بن عمر سے اس حدیث میں عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تصوموا حتی تروہ ولا تفطروا حتی تروہ فان غم علیکم فاقدروا لہ ترجمہ ابن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت روزہ رکھو یہاں تک کہ چاند دیکھو اور مت روزہ موقوف کرو جب تک کہ چاند دیکھو اگر ابر یا غبار ہو تو اندازہ کرلو عن ابی ھریرۃ قال ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الھلال فقال اذا رأیتموہ فصوموا واذا رأیتموہ فافطروا فان غم علیکم فعدوا ثلاثین ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاند کا ذکر کیا تو فرمایا جب تم چاند دیکھو تو روزہ رکھو اور جب چاند دیکھو تو موقوف کرو اگر چاند چھپا ہو تو تیس دن پورے کرلو ذکر الاختلاف علی عمرو بن دینار فی حدیث ابن عباس راویوں کے اختلاف کا بیان ابن عباس کی حدیث میں عمرو بن دینار سے عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صوموا لھلال لرؤیتہ وافطروا لرؤیتہ فان غم علیکم فاکملوا العدۃ ثلاثین ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ رکھو چاند دیکھ کر اور موقوف کرو چاند دیکھ کر اگر ابر یا غبار ہو تو تیس دن کا شمار پورا کرلو عن ابن عباس قال لا عجبنک من یتقدم الشھر وقد قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رأیتم الھلال فصوموا واذا رأیتموہ فافطروا فان غم علیکم فاکملوا العدۃ ثلاثین ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے وہ نہوں نے کہا میں تعجب کرتا ہوں اوس شخص سے جو مہینا ہونے سے آگے روزہ رکھتا ہے حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب چاند دیکھو تو روزہ رکھو اور جب چاند دیکھو تو موقوف کرو اگر ابر یا غبار ہو تو تیس دن کا شمار پورا کرو ذکر الاختلاف علی منصور فی حدیث ربعی فیہ راویوں کا اختلاف منصور پر ربعی کی روایت میں عن حذیفۃ بن الیمان عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تقدموا الشھر حتی تروا الھلال قبلہ او تکملوا العدۃ ثم صوموا حتی تروا الھلال او تکملوا العدۃ قبلہ ترجمہ حذیفہ بن الیمان سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت روزہ رکھو مہینا کے آگے جب تک چاند نہ دیکھو یا شعبان کے تیس دن پورے نہ کرو پھر روزہ رکھو یہاں تک کہ چاند دیکھو یا تیس روزے پورے کرو عن بعض اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تقدموا الشھر حتی تکملوا العدۃ او تروا الھلال ثم تصوموا او لا تفطروا حتی تروا الھلال او تکملوا العدۃ ثلاثین ترجمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض صحابہ سے روایت ہے آپنے فرمایا مت روزہ رکھو رمضان کے آگے جب تک شمار پورا نہ کرو یا چاند دیکھو پھر روزہ رکھو اور موقوف مت کرو روزوں کو جب تک چاند نہ دیکھو یا شمار پورا کرو عن ربعی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رأیتم الھلال فصوموا واذا رأیتموہ فافطروا فان حیل دونکم فاعدوا شعبان ثلاثین الا ان تروا الھلال قبل ذلک ثم صوموا رمضان ثلاثین الا ان تروا الھلال قبل ذلک ترجمہ ربعی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم چاند دیکھو تو روزہ رکھو اور جب پھر چاند دیکھو تو

موقوف کرو اگر چاند چھپ جاوے تو شعبان کے تیس دن پورے کرلو مگر جب چاند اوس سے پہلے دیکھو پھر رمضان کے تیس روزے رکھو مگر یہ چاند
اوس سے پہلے دیکھو عن ابن عباس عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال صوموا لرؤیتہ وافطروا لرؤیتہ فان حالت بینکم وبینہ سحاب فاکملوا العدۃ ولا تستقبلوا الشھر استقبالا ترجمہ ابن عباس سے روایت
ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزے رکھو چاند دیکھکر اور موقوف کرو چاند دیکھکر اگر تمھارے اور چاند کے بیچمیں ابر آجاوے
تو تیس دن کا شمار پورا کرلو اور مہینے کے آگے مت روزے رکھو عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
لا تصوموا قبل رمضان صوموا لرؤیتہ وافطروا لرؤیتہ فان حالت دونہ غیابۃ فاکملوا ثلاثین ترجمہ
ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت روزے رکھو رمضان سے پہلے (ایکدو روز رمضان کی استقبال کے
لیئے) بلکہ روزے رکھو چاند دیکھکر اور موقوف کرو چاند دیکھکر اگر ابر حائل ہوجاوے تو تیس دن پورے کرلو حکم الشھر
مہینا کتنے روز کا ہوتا ہے وذکر الاختلاف علی الزھری فی الخبر عن عائشۃ بیان اختلاف کا راویون کے زہری حضرت
عائشہ کی حدیث مین عن عائشۃ قالت اقسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان لا یدخل علی نسائہ شھرا فلبث
تسعا وعشرین فقلت الیس قد کنت الیت شھرا فغدوت او ایام تسعا وعشرین قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم الشھر تسع وعشرون ترجمہ ام المومنین عائشہ رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم کہائی کہ اپنی عورتون کے پاس نہ
جاوین گے ایک مہینے تک پھر آپ انتیس روز تک ٹھہرے رہے میں کہا آپنے قسم کہائی تھی ایک مہینے کی لیکن اوس شمار سے ابھی انتیس روز ہوئے
ہین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ انتیس روز کا ہوتا ہے ف ایکبار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بھید کی بات
حضرت ام المومنین حفصہ سے کہی اور اون سے کہا کسی سے ظاہر نہ کرنا اونہون نے حضرت عائشہ سے کہدی اور فرط غصہ وہ بات فاش
ہوگئی اللہ تعالی نے اپکو بتلادیا کہ ام المومنین حفصہ نے اسبات کو ظاہر کردیا آپ بہت ناراض ہوے اور ام المومنین عائشہ اور خصوصہ
دونون کو توبہ کا حکم ہوا۔ وہ بات یہ تھی کہ حضرت نے اپنی لونڈی کو اپنے اوپر حرام کرلیا تھا۔ یا خلافت کی بات تھی کہ بعد میرے
ابوبکر کو خلافت ہوگی پھر عمر کو عن ابن عباس قال لم ازل حریصا ان اسأل عمر عن المرأتین من ازواج
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللتین قال اللہ لھما ان تتوبا الی اللہ فقد صغت قلوبکما وساق الحدیث وقال فیہ
فاعتزلھن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تسعا من اجل ذلک الحدیث حین افشتہ حفصۃ الی عائشۃ تسعا وعشرین
لیلۃ قالت عائشۃ وکان قال ما انا بداخل علیھن شھرا من شدۃ موجدتہ علیھن حین عاتبہ اللہ عز وجل حرم
فلما مضت تسع وعشرون لیلۃ دخل علی عائشۃ فبدأ بھا فقالت لہ عائشۃ انک قد کنت الیت یا رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم انک لا تدخل علینا شھرا وانا اصبحنا من تسع وعشرین لیلۃ نعدھا عدا فقال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم الشھر تسع وعشرون لیلۃ ترجمہ ابن عباس رضہ سے روایت ہے میں نہایت مشتاق تھا کہ حضرت عمر سے پوچھون ان دو بی بیون
کو جنکا ذکر اللہ تعالی نے اس آیت مین کہا ہے ان تتوبا الی اللہ فقد صغت قلوبکما یعنی اگر تم توبہ کرو اللہ کیطرف تو تمہارے دل جھکے ہین

اور بیان کیا حدیث کو خرشک اور کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دیا ہے عورتوں کو اوس بات کی وجہ سے جو حضرت حضرت نے ظاہر کردی
حضرت عائشہ سے انتیس راتوں تک حضرت عائشہ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں ان عورتوں پاس نہیں جاؤنگا ایک مہینے
یک اسلیئے کہ آپ کو بہت غصہ تھا اوس پر جب اللہ نے اوس کا حال آپکو بتلا دیا جب انتیس راتیں گزریں تو رسول اللہ صلعم سب سے پہلے حضرت عائشہ
پاس گئے وہ نے کہا یا رسول اللہ آپ نے تو قسم کھائی تھی ایک مہینہ تک نہ آنے کی اور ابھی انتیسویں رات کی صبح ہوئی ہے ہم گنتے جاتے تھے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ انتیس روز کا ہوتا ہے **ذکر** خبر ابن عباس فیہ ابن عباس کی حدیث کا بیان
اسباب میں **عن** ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اتانی جبریل علیہ السلام فقال الشہر تسع وعشرون
یوما ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت جبرئیل علیہ السلام میرے پاس شریف لائے انہوں نے
کہا مہینہ انتیس روز کا ہوتا ہے **عن** ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الشہر تسع وعشرون یوما ترجمہ
ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ انتیس روز کا ہوتا ہے **عن** سعد بن ابی وقاص عن النبی صلی اللہ علیہ
وسلم انہ ضرب بیدیہ علی اخری وقال الشہر ہکذا وہکذا وہکذا ونقص فی الثالثۃ اصبعا ترجمہ
سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ دوسرے ہاتھ پر مارا اور فرمایا مہینہ ایسا ایسا اور ایسا ہے اور تیسری بار میں ایک انگلی کم کرلی **ف** یعنی انتیس روز کا **عن** سعد بن ابی وقاص قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الشہر ہکذا وہکذا وہکذا یعنی تسعۃ وعشرون ترجمہ سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
مہینہ ایسا ایسا اور ایسا ہے اور یہ کہہ کر اپنے انگلیوں سے بتلایا اور تیسری بار میں ایک انگلی کو کم کرلیا یعنی انتیس روز کا **عن** محمد بن
سعد بن ابی وقاص قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الشہر ہکذا وہکذا وصفق محمد بن عبید بیدیہ
تسعۃ وہکذا ثم قبض فی الثالثۃ الابہام فالتسعۃ ترجمہ محمد بن سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا مہینہ ایسا ایسا اور ایسا ہے محمد بن عبید احد راوی نے دونوں ہاتھوں کو ملا کر تین بار بتلایا پھر تیسری بار میں انگوٹھے ہاتھ کا
اگوٹھا بند کرلیا **عن** ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الشہر یکون تسعۃ وعشرین وثلاثین
فاذا رأیتموہ فصوموا واذا رأیتموہ فافطروا فان غم علیکم فاکملوا العدۃ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ انتیس روز کا ہوتا ہے اور تیس روز کا ہوتا ہے جب تم چاند دیکھو تو روزہ رکھو اور جب چاند دیکھو تو روزہ چھوڑ دو
کر اگر ابر کا ہو تو شمار پورا کرلو **عن** عبداللہ بن عمر یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول الشہر تسع وعشرون
ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے سنا آپ فرماتے تھے مہینہ انتیس روز کا ہوتا ہے **عن** ابن عمر عن النبی
صلی اللہ علیہ وسلم قال انا امۃ امیۃ لا نکتب ولا نحسب الشہر ہکذا وہکذا وہکذا الا انا حتی ذکر تسعا وعشرین
ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم امی ہیں (یعنی ان پڑھ ہیں) نہ لکھتے ہیں نہ حساب کرتے ہیں مہینہ
ایسا اور ایسا ہے اور یہ کہہ کر انتیس دفعہ کو فرمایا **عن** ابن عمر حدث عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انا امۃ امیۃ لا نکتب

وَلَا نَكْتُبُ وَالشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا وَعَقَدَ الْاِبْهَامَ فِي الثَّالِثَةِ وَالشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا تَمَامُ الثَّلٰثِيْنَ

ترجمہ ابن عمرؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم لوگ امی ہیں نہ لکھتے ہیں نہ حساب کرتے ہیں مہینہ یہ ہوا اور یہ یہ اور تیسری بار میں انگھوٹھی کو بند کر لیا اور مہینہ یہ ہوا اور یہ پورے تیس تب تو ہے یعنی کبھی انتیس دن کا ہوتا ہے اور کبھی تیس روز کا ہوتا ہے

عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الشَّهْرُ هٰكَذَا وَوَصَفَ شُعْبَةُ عَنْ وَصْفَةَ جَبَلَةَ عَنْ وَصْفَةَ بْنِ عُمَرَ اَنَّهُ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ فَمَا حَكَى مِنْ صَنِيْعِهٖ مَرَّتَيْنِ بِاَصَابِعِ يَدَيْهِ وَنَقَصَ فِي الثَّالِثَةِ اِصْبَعًا مِنْ اَصَابِعِ يَدَيْهِ ترجمہ ابن عمرؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مہینہ یہ ہوا اور شعبہ نے جبلہ بن سحیم سے نقل کیا انہوں نے ابن عمرؓ سے مہینہ انتیس روز کا ہے سطرح پر کہ دو بار انہوں نے اپنے دونوں کی انگلیوں سے اشارہ کیا اور تیسری بار میں ایک انگلی بند کر لی عَنِ ابْنِ عُمَرَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ ترجمہ ابن عمرؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ انتیس روز کا ہوتا ہے اَلسَّحُوْرُ عَلَى السَّحُوْرِ سحری کہانیکی فضیلت عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَحَّرُوْا فَاِنَّ فِي السَّحُوْرِ بَرَكَةً ترجمہ عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سحری کرو اسلیے کہ سحری میں برکت ہے عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ تَسَحَّرُوْا ترجمہ اس روایت میں یہ عبداللہ بن مسعود کا قول بیان کیا ہے کہ انہوں نے کہا سحری کرو عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَحَّرُوْا فَاِنَّ فِي السَّحُوْرِ بَرَكَةً ترجمہ وہی جو اوپر گزرا عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَحَّرُوْا فَاِنَّ فِي السَّحُوْرِ بَرَكَةً ترجمہ وہی جو اوپر گزرا عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ تَسَحَّرُوْا فَاِنَّ فِي السَّحُوْرِ بَرَكَةً ترجمہ اس روایت میں یہ قول ابوہریرہؓ کا بیان کیا کہ سحری کرو اسلیے کہ سحری میں برکت ہے ف کیونکہ سحری کھانیسے طاقت ہوتی ہے اور روزہ خوش ہتا ہے اور سحری کا وقت عبادت اور دعا کا ہے یہی موزوں ہے عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَحَّرُوْا فَاِنَّ فِي السَّحُوْرِ بَرَكَةً ترجمہ وہی جو اوپر گزرا اَمَا يَجْزِي السَّحُوْرُ سحری میں دیر کرنیکی فضیلت عَنْ زِرٍّ قَالَ قُلْنَا لِحُذَيْفَةَ اَيَّ سَاعَةٍ تَسَحَّرْتَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هُوَ النَّهَارُ اِلَّا اَنَّ الشَّمْسَ لَمْ تَطْلُعْ ترجمہ زرؒ سے روایت ہے ہم نے حذیفہ سے کہا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کونسے وقت سحری کی انہوں نے کہا دن ہو گیا تھا مگر آفتاب نہیں نکلا تھا مطلب یہ ہے کہ فجر بہت قریب ہی گویا ہو گئی تھی اور بعضوں کے نزدیک طلوع آفتاب تک کھانا درست ہے لیکن یہ قول مردود ہے اور مخالف ہے کتاب اللہ کے عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ تَسَحَّرْتُ مَعَ حُذَيْفَةَ ثُمَّ خَرَجْنَا اِلَى الصَّلٰوةِ فَلَمَّا اَتَيْنَا الْمَسْجِدَ صَلَّيْنَا رَكْعَتَيْنِ وَاُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ وَلَمْ يَكُنْ بَيْنَهُمَا اِلَّا هُنَيْهَةٌ ترجمہ زر بن حبیش سے روایت ہے میں نے سحری کھائی حذیفہؓ کے ساتھ پھر ہم نکلے نماز کو جب مسجد میں آئے تو دو رکعتیں پڑھیں اور نماز کی تکبیر ہوئی تھوڑی دیر کا بیچ میں فاصلہ تھا عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ قَالَ تَسَحَّرْتُ مَعَ حُذَيْفَةَ ثُمَّ خَرَجْنَا اِلَى الْمَسْجِدِ فَصَلَّيْنَا رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ ثُمَّ اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَصَلَّيْنَا ترجمہ صلہ بن زفر سے روایت ہے میں نے سحری کھائی حذیفہؓ کے ساتھ پھر ہم نکلے نماز کو گئے تو فجر کی سنتیں پڑھیں اتنے میں نماز کی تکبیر ہوئی ہم نے نماز پڑھی قَدْرُ مَا بَيْنَ السَّحُوْرِ وَبَيْنَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ فجر کی نماز اور سحری میں کتنا فاصلہ ہو عَنْ قَتَادَةَ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ

تسحرنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم قمنا الى الصلوة قلت كم كان بينهما قال قدر ما يقرأ الرجل خمسين اية ترجمہ زید بن ثابت سے روایت ہے ہم نے سحری کھائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر نماز کو کھڑے ہوئے انس نے کہا میں نے زید بن ثابت سے پوچھا نماز میں اور سحری میں کتنا فاصلہ تھا انہوں نے کہا جتنی دیر میں آدمی پچاس آیتیں پڑھے

عن زید بن ثابت قال تسحرنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم قمنا الى الصلوة قلت زعم ان انسا قال لما كان بينهما قال قدر ما يقرأ الرجل خمسين اية ترجمہ زید بن ثابت سے روایت ہے ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سحری کی پھر ہم نماز کو اٹھے شاید انس نے کہا کتنا فاصلہ دونوں میں تھا انہوں نے کہا اتنا جتنی دیر میں آدمی پچاس آیتیں پڑھے

عن انس قال تسحر رسول الله صلى الله عليه وسلم وزيد بن ثابت ثم قام فصلى فقام رجل فصلى الصبح فقلت كم كان بين فراغهما وقوله في الصلوة قال قدر ما يقرأ الانسان خمسين اية ترجمہ انس سے روایت ہے زید بن ثابت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سحری کی پھر دونوں کھڑے ہوئے اور صبح کی نماز پڑھنے لگے قتادہ نے کہا میں نے انس سے پوچھا کتنا فاصلہ تھا کہا کسی قدر اور نماز میں انہوں نے کہا اتنا جتنی دیر میں آدمی پچاس آیتیں پڑھے

عن ابی عطية قالت لعائشة فينا رجلان من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم احدهما يعجل الافطار ويؤخر السحور والاخر يؤخر الافطار ويعجل السحور قالت ايهما الذي يعجل الافطار ويؤخر السحور قلت عبد الله قالت هكذا كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصنع ترجمہ ابو عطیہ سے روایت ہے کہتی حضرت عائشہ سے کہا ہم میں دو آدمی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ایک تو روزہ جلدی افطار کرتا ہے اور سحری دیر میں کھاتا ہے (یعنی قریب فجر کے) اور دوسرا افطار دیر میں کرتا ہے اور سحری جلد کھاتا ہے انہوں نے کہا وہ کون شخص ہے جو افطار جلدی کرتا ہے اور سحری دیر میں کھاتا ہے میں نے کہا عبد اللہ بن مسعود انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا ہی کرتے تھے

عن ابی عطية قال قلت لعائشة فينا رجلان من اصحاب محمد صلى الله عليه وسلم احدهما يعجل الافطار ويؤخر السحور والاخر يؤخر الافطار ويعجل السحور قالت ايهما الذي يعجل الافطار ويعجل السحور قلت عبد الله بن مسعود قالت هكذا كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصنع ترجمہ ابو عطیہ سے روایت ہے کہتی حضرت عائشہ سے کہا ہم میں دو آدمی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ایک تو روزہ جلدی افطار کرتا ہے اور سحری دیر میں کھاتا ہے اور دوسرا افطار دیر میں کرتا ہے اور سحری جلد کھاتا ہے انہوں نے کہا وہ کون شخص ہے جو افطار جلدی کرتا ہے اور سحری دیر میں کھاتا ہے میں نے کہا عبد اللہ بن مسعود انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا ہی کرتے تھے

عن ابی عطية قال دخلت انا ومسروق على عائشة فقال لها مسروق رجلان من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم كلاهما لا يالو عن الخير احدهما يؤخر الصلوة والنظر والاخر يعجل الصلوة والنظر فقالت عائشة ايهما الذي يعجل الصلوة والنظر قال مسروق عبد الله فقالت عائشة هكذا كان يصنع رسول الله صلى الله عليه وسلم ترجمہ ابو عطیہ سے روایت ہے میں اور مسروق دونوں حضرت عائشہ پاس گئے مسروق نے کہا دو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ہیں اور دونوں نیک کام میں کوتاہی نہیں کرتے لیکن ایک نماز بھی دیر سے پڑھتا ہے اور روزہ بھی دیر سے افطار کرتا ہے اور دوسرا نماز بھی جلدی پڑھتا ہے اور روزہ بھی جلد افطار کرتا ہے حضرت عائشہ نے کہا وہ کون شخص ہے جو نماز بھی جلد پڑھتا ہے اور روزہ بھی جلد افطار کرتا ہے مسروق نے کہا عبد اللہ بن مسعود حضرت عائشہ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسا ہی کرتے تھے

عن ابی عطية قال دخلت انا

وَمَسْرُوقٌ عَلَى عَائِشَةَ فَقُلْتُ لَهَا يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ رَجُلَانِ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدُهُمَا يُعَجِّلُ الْإِفْطَارَ وَيُعَجِّلُ الصَّلَاةَ وَالْآخَرُ يُؤَخِّرُ الْإِفْطَارَ وَيُؤَخِّرُ الصَّلَاةَ فَقَالَتْ أَيُّهُمَا يُعَجِّلُ الْإِفْطَارَ وَيُعَجِّلُ الصَّلَاةَ قُلْنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَتْ هَكَذَا كَانَ يَصْنَعُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْآخَرُ أَبُو مُوسَى

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا اتنا زیادہ ہے کہ دوسرے صحابی ابو موسیٰ اشعری تھے **فَضْلُ التَّسَحُّرِ** سحری کھانے کی فضیلت عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَتَسَحَّرُ فَقَالَ إِنَّهَا بَرَكَةٌ أَعْطَاكُمُ اللَّهُ إِيَّاهَا فَلَا تَدَعُوهُ

ترجمہ ایک صحابی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس گیا آپ سحری کھا رہے تھے آپ نے فرمایا یہ برکت ہے جو اللہ نے تم کو دی ہے تو مت چھوڑو اس کو **دَعْوَةُ التَّسَحُّرِ** سحری کھانے کی دعا عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَدْعُو إِلَى السَّحُورِ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ قَالَ هَلُمُّوا إِلَى الْغَدَاءِ الْمُبَارَكِ

ترجمہ عرباض بن ساریہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ بلاتے تھے سحری کے لیے رمضان کے مہینے میں تو فرماتے آؤ صبح کے مبارک کھانے کی طرف **تَسْمِيَةُ السَّحُورِ غَدَاءً** سحری کو صبح کا کھانا کہنا عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَلَيْكُمْ بِغَدَاءِ السَّحُورِ فَإِنَّهُ هُوَ الْغَدَاءُ الْمُبَارَكُ

ترجمہ مقدام بن معدیکرب سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لازم کرو اپنے اوپر صبح کا کھانا یعنی سحری کا کیونکہ وہ مبارک کھانا ہے صبح کا عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ هَلُمَّ إِلَى الْغَدَاءِ الْمُبَارَكِ يَعْنِي السَّحُورَ

ترجمہ خالد بن معدان سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص سے آؤ صبح کا کھانے کے لیے جو مبارک ہے یعنی سحری کے لیے **فَصْلُ مَا بَيْنَ صِيَامِنَا وَصِيَامِ أَهْلِ الْكِتَابِ** ہمارے اور اہل کتاب یعنی یہود و نصاریٰ کے روزے میں کیا فرق ہے عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ فَصْلَ مَا بَيْنَ صِيَامِنَا وَصِيَامِ أَهْلِ الْكِتَابِ أَكْلَةُ السَّحَرِ

ترجمہ عمرو بن العاص سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمارے اور اہل کتاب کے روزے میں فرق یہی ہے سحری کھانا وہ سحری نہیں کہلاتے **اَلسَّحُوْرُ بِالسَّوِيْقِ وَالتَّمْرِ** ستو اور کھجور کھا کر سحری کرنا عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَلِكَ عِنْدَ السَّحُورِ يَا أَنَسُ إِنِّي أُرِيدُ الصِّيَامَ أَطْعِمْنِي شَيْئًا فَأَتَيْتُهُ بِتَمْرٍ وَإِنَاءٍ فِيهِ مَاءٌ وَذَلِكَ بَعْدَ مَا أُذِّنَ بِلَالٌ فَقَالَ يَا أَنَسُ انْظُرْ رَجُلًا يَأْكُلْ مَعِي فَدَعَوْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَجَاءَ فَقَالَ إِنِّي قَدْ شَرِبْتُ شَرْبَةَ سَوِيقٍ وَأَنَا أُرِيدُ الصِّيَامَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أُرِيدُ الصِّيَامَ فَتَسَحَّرَ مَعَهُ ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الصَّلَاةِ

ترجمہ انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سحری کی وقت اس سحری کہا اے انس میں روزہ رکھنا چاہتا ہوں مجھ کچھ کھلا میں کھجور لایا اور ایک برتن پانی کا اس وقت بلال اذان دے چکے تھے آپ نے فرمایا اے انس کسی شخص کو ڈھونڈھ جو میری ساتھ کھاوے میں نے زید بن ثابت کو بلایا وہ آئے انہوں نے کہا میں نے ایک گھونٹ ستو کا پیا ہے اور میرا نیت روزہ کی ہے آپ نے فرمایا میری بھی نیت روزہ کی ہے پھر زید نے آپ کے ساتھ سحری کھائی بعد اس کے آپ اٹھے اور دو رکعتیں پڑھیں پھر

ہار کے ہو گئے تاویل قول اللہ تعالی کلوا واشربوا حتی یتبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود من الفجر
اس آیت کی تفسیر کلوا واشربوا حتی یتبین لکم الخیط الابیض اخیر تک عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ أَنَّ أَحَدَهُمْ كَانَ إِذَا نَامَ قَبْلَ أَنْ
يَتَعَشَّى لَمْ يَحِلَّ لَهُ أَنْ يَأْكُلَ شَيْئًا وَلَا يَشْرَبَ لَيْلَتَهُ وَيَوْمَهُ مِنَ الْغَدِ حَتَّى تَغْرُبَ الشَّمْسُ حَتَّى نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ
كُلُوا وَاشْرَبُوا إِلَى الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ وَقَالَ وَنَزَلَتْ فِي أَبِي قَيْسِ بْنِ عَمْرٍو أَتَى أَهْلَهُ وَهُوَ صَائِمٌ بَعْدَ الْمَغْرِبِ فَقَالَ هَلْ مِنْ شَيْءٍ
فَقَالَتِ امْرَأَتُهُ مَا عِنْدَنَا شَيْءٌ وَلَكِنْ أَخْرُجُ أَلْتَمِسُ لَكَ عَشَاءً فَخَرَجَتْ وَوَضَعَ رَأْسَهُ فَنَامَ فَرَجَعَتْ إِلَيْهِ فَوَجَدَتْهُ
نَائِمًا وَأَيْقَظَتْهُ فَلَمْ يَطْعَمْ شَيْئًا وَبَاتَ وَأَصْبَحَ صَائِمًا حَتَّى انْتَصَفَ النَّهَارُ فَغُشِيَ عَلَيْهِ وَذَلِكَ قَبْلَ أَنْ تَنْزِلَ هَذِهِ
الْآيَةُ فَأَنْزَلَ اللَّهُ فِيهِ ترجمہ براء بن عازبؓ سے روایت ہے کہ پہلے یہ دستور تھا کہ اگر روزہ دار شام کو کھانا کھانے سے پہلے سو جاتا
پھر وہ ساری رات پھر کھانا اور پینا درست نہ ہوتا دوسرے دن آفتاب کے ڈوبنے تک یہاں تک کہ یہ آیت اتری کلوا واشربوا حتی یتبین
لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود من الفجر یعنی کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ دکھلائی دیوے تم کو سفید دھاری فجر کی سیاہ دھاری سے تو اتر
ی کہا یہ آیت ابوقیس بن عمرو کے باب میں اتری وہ اپنی بی بی کے پاس آئے مغرب کے بعد اور وہ روزہ سے تھے پوچھا کچھ کھانے کو ہے
بی بی نے کہا ہمارے پاس کچھ نہیں ہے لیکن میں جاتی ہوں تیرے لیے کچھ کھانا ڈھونڈ لاتی ہوں وہ باہر گئی اور یہ لیٹ کر سو گئے جب
وہ لوٹ کر آئی تو ان کو دیکھا سو رہے ہیں اس نے جگایا لیکن انہوں نے کچھ نہ کھایا اس وجہ سے کہ سونے کے بعد کھانا پینا درست نہ تھا اور رات
بھر یوں ہی رہے پھر صبح کو روزہ رکھا جب دوپہر ہوئی تو ان کو غش آگیا (اسی بھوک اور پیاس کے) اس وقت تک یہ آیت نہیں اتری تھی
تب اللہ تعالی نے یہ آیت اتاری عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ أَنَّهُ سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِهِ حَتَّى يَتَبَيَّنَ
لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ قَالَ هُوَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَبَيَاضُ النَّهَارِ ترجمہ عدی بن حاتم سے روایت ہے انہوں نے رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا سفید دھاری اور سیاہ دھاری سے کیا مراد ہے اس آیت میں حتی یتبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود
آپ نے فرمایا سیاہ دھاری رات کی سیاہی ہے اور سفید دھاری دن کی سفیدی كَيْفَ الْفَجْرُ یعنی فجر کیونکر نکلتی ہے عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ
عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ بِلَالًا يُؤَذِّنُ بِاللَّيْلِ لِيُنَبِّهَ نَائِمَكُمْ وَيَرْجِعَ قَائِمَكُمْ وَلَيْسَ الْفَجْرُ أَنْ يَقُولَ هَكَذَا
وَأَشَارَ بِكَفِّهِ وَلَكِنِ الْفَجْرُ أَنْ يَقُولَ هَكَذَا وَأَشَارَ بِالسَّبَّابَتَيْنِ ترجمہ ابن مسعودؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا بلال رات کو اذان دیتے ہیں (یعنی رات باقی رہتی ہے) تاکہ تم میں سے جو سوتا ہے وہ ہوشیار ہو (تہجد پڑھے یا سحری کھا لے) اور جو جاگتا
ہے وہ لوٹ جاوے (تھوڑی دیر سو رہے یا کھانا کھانے کے لیے یا وتر پڑھ لے) اور فجر اس طرح نہیں ہے اور اشارہ کیا اپنی ہتھیلی
بلکہ فجر اس طرح ہے اور اشارہ کیا دونوں کلمہ کی انگلیوں سے ف پہلی ایک روشنی لمبی ہوتی ہے بھیڑیے کے دم کی طرح وہ فجر نہیں ہے بلکہ
صبح کاذب ہے اس وقت روزہ دار کو کھانا پینا درست ہے دوسری روشنی آسمان کے کنارے میں پورب کی طرف پھیلی ہوئی نکلتی ہے وہ صبح
صادق ہے اس وقت روزہ دار کو کھانا پینا منع ہوتا ہے عَنْ سَمُرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَغُرَّنَّكُمْ
أَذَانُ بِلَالٍ وَلَا هَذَا الْبَيَاضُ حَتَّى يَنْفَجِرَ الْفَجْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا يَعْنِي مُعْتَرِضًا قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَبَسَطَ يَدَيْهِ يَمِينًا وَشِمَالًا

مناد ابدیہ ترجمہ ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت دھوکا دیوے تم کو بلال کی اذان اور نہ یہ سفیدی جبتک فجر کی روشنی نہ ہوئے اسطرح یعنی چوڑان میں ابوداؤد نے کہا شعبہ نے اپنے دونوں ہاتھ اپنے اور بائیں پھیلائے کہنیکر **التقدم** قبل شهر رمضان رمضان کا استقبال کرنا کیسا ہے **عن** ابی هریرة عن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا تقدموا قبل الشهر بصیام الا رجل کان یصوم صیاما فلیصمه ترجمہ ابو ہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت روزہ رکھو مہینے سے پہلے مگر وہ شخص کہ جسکا دن روزہ کا آجاوے یعنی کوئی شخص کے عادت تھی ایکدن روزہ رکھنے کی اب وہ دن رمضان سے پہلے آن پہنچا تو روزہ رکھ لے اسلیے کہ اوسکی نیت استقبال کے نہیں ہے **عن** ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا یتقدمن احدکم الشهر بیوم ولا یومین الا احد کان یصوم صیاما فلیصمه ترجمہ ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت روزہ رکھو کوئی رمضان سے ایک روز یا دو روز آگے مگر وہ شخص جو پہلے سے اوسدن روزہ رکھا کرتا تھا وہ رکھے **عن** ابن عباس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تقدموا الشهر بصیام یوم ولا یومین الا ان یوافق ذلک یوما کان یصوم احدکم ترجمہ ابن عباس رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت روزہ رکھو رمضان سے ایک دن یا دو دن پہلے مگر جب وہ دن آجاوے جو تم میں سے کوئی روزہ رکھا کرتا تھا تو روزہ رکھے۔ امام نسائی نے کہا حدیث خطا ہے **عن** ام سلمة قالت ما رایت رسول الله صلی الله علیه وسلم یصوم شهرین متتابعین الا انه کان یصل شعبان برمضان ترجمہ ام سلمہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پورے دو مہینے کے روزے رکھتے نہیں دیکھا مگر آپ شعبان کو رمضان سے ملا دیتے یعنی شعبان میں برابر روزے رکھتے کہ وہ رمضان کے روزوں سے متصل ہو جاتا **عن** ام سلمة قالت کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصل شعبان برمضان ترجمہ ام سلمہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شعبان کو رمضان سے ملا دیتے **عن** ابی سلمة بن عبد الرحمن انه سال عائشة عن صیام رسول الله صلی الله علیه وسلم فقالت کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصوم حتی نقول لا یفطر ویفطر حتی نقول لا یصوم وکان یصوم شعبان او عامة شعبان ترجمہ ابو سلمہ بن عبد الرحمن نے حضرت عائشہ سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روزے کیسے تھے انہوں نے کہا آپ روزے رکھتے تھے یہانتک کہ ہم کہتے تھے اب افطار نہ کریں گے پھر افطار کرتے تھے یہانتک کہ ہم کہتے تھے روزے نہ رکھینگے اور آپ ساری شعبان یا اکثر شعبان میں روزے رکھتے تھے **عن** عائشة قالت لقد کانت احدانا تفطر فی رمضان فما تقدر ان تقضی حتی یدخل شعبان وما کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصوم فی شهر ما یصوم فی شعبان کان یصومه کله الا قلیلا بل کان یصومه کله ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے ہم میں سے (یعنی حضرت کی بی بیوں میں سے) رمضان میں کوئی افطار کرتے) یعنی روزے رکھتی پھر اوسکو قضا کرنے کی مہلت نہ ملتی یہانتک کہ شعبان آتا اور جتنے روزے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شعبان میں رکھتے تھے میں کسی مہینے میں نہ رکھتے آپ کا شعبان بلکہ سارے شعبان میں روزے رکھتے **عن** ابی سلمة قال سالت عائشة فقلت اخبرینی عن صیام رسول الله صلی الله علیه وسلم قالت کان

یصوم حتی نقول قد صام ویفطر حتی نقول قد افطر ولم یکن یصوم شهرا اکثر من شعبان کان یصوم شعبان
الا قلیلا کان یصوم شعبان کله ترجمہ ابوسلمہ سے روایت ہے میں حضرت عائشہ سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے
روزہ رکھنے کو انہوں نے کہا آپ روزہ رکھتے یہانتک کہ ہم کہتے اب روزہ ہی رکھی جاویں گے اور افطار کرتے یہانتک کہ ہم کہتی اب افطار
ہی کریں گے اور کسی مہینہ میں آپ شعبان سے زیادہ روزے نہ رکھتے آپ کا شعبان میں کل شعبان میں روزہ رکھتے عن عائشۃ قالت
لم یکن من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی شهر من السنة اکثر صیاما منه فی شعبان کان یصوم شعبان
کله ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سال کے کسی مہینہ میں شعبان سے زیادہ روزے نہ رکھتے آپ شعبان کے
سارے مہینہ میں روزے رکھتے عن عائشۃ قالت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصوم شعبان ترجمہ ام المومنین عائشہ
سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شعبان میں روزے رکھتے عن عائشۃ قالت لا اعلم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
قرأ القرآن کله فی لیلة ولا قام لیلة حتی الصباح ولا صام شهرا قط کاملا ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے میں نہیں
جانتی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی ایک رات میں سارا قرآن پڑھا ہو یا کسی رات میں ساری رات عبادت کی ہو یا کسی مہینے کے پورے
روزے رکھے ہوں سوا رمضان کے ف پھر اوپر کی حدیثوں میں جو آیا ہے کہ آپ سارے شعبان کا روزہ رکھتے مراد اس سے یہ ہے کہ اکثر دنوں میں رکھتے
اور بہت کم ناغہ کرتے عن عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصوم حتی نقول قد صام ویفطر حتی نقول
قد افطر ولم یصم شهرا تاما منذ قدم المدینة الا ان یکون رمضان ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم روزے رکھتے یہانتک کہ ہم کہتی اب روزے رکھے جاویں گے اور افطار کرتے یہانتک کہ ہم کہتی اب افطار کیے جاویں گے اور آپ نے کسی مہینے کے
پورے روزے نہیں رکھے جب سے مدینہ میں آئے مگر رمضان میں عن عبد اللہ بن شقیق قال قلت لعائشة اکان رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم یصلی صلوة الضحی قالت لا الا ان یجیئ من مغیبة قلت هل کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یصوم شهرا کله قال ما علمت صام شهرا کله الا رمضان ویفطر حتی یصوم منه حتی مضی لسبیله ترجمہ عبد اللہ
بن شقیق سے روایت ہے میں نے حضرت عائشہ سے کہا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز پڑھا کرتے انہوں نے کہا نہیں مگر
جب باہر سے آتے (یعنی سفر سے) میں نے کہا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی مہینے کے پورے روزے رکھتے انہوں نے کہا نہیں مگر رمضان کے
اور نہ کسی مہینے میں افطار کرتے (یعنی ایک روزہ بھی نہ رکھتے) یہانتک کہ وفات ہوئی آپ کی) عن عبد اللہ بن شقیق قال
قلت لعائشة اکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی صلوة الضحی قالت لا الا ان یجیئ من مغیبة قلت
بنے یہ آیت پڑھی ولا تحسبن الذین یبخلون الآیۃ (یعنی بخیل نہ سمجھیں کہ بخیلی اونکے لیے بہتر ہے بلکہ بری ہے اون کے لیے قیامت کے روز جس مال سے بخیلی کرتے تھے وہی اونکا طوق ہوگا **عَنْ** ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس فیما دون خمسۃ اوساق من تمر صدقۃ ترجمہ ابوسعید خدری سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ وسق غلے سے کم مین پانچ وسق کھجور سے کم مین زکوۃ نہین ہے **باب** زکوۃ الحنطۃ کیہون کی زکوۃ کا بیان **عَنْ** ابی سعید عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تجب فی البر والتمر زکوۃ حتی یبلغ خمسۃ اوسق ولا تجب فی الورق زکوۃ حتی تبلغ خمس اواق ولا تجب فی ابل زکوۃ حتی تبلغ خمس ذود ترجمہ ابوسعید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گیہون اور کھجور مین زکوۃ نہین ہوتی جبتک پانچ وسق نہ ہون اور چاندی مین زکوۃ نہین ہوتی جبتک پانچ اوقیہ نہ ہو اور اونٹون مین زکوۃ نہین ہوتی جبتک پانچ اونٹ نہ ہون **ترکۃ الحبوب** غلون کی زکوۃ کا بیان **عَنْ** ابی سعید الخدری ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لیس فی حب ولا تمر صدقۃ حتی یبلغ خمسۃ اوسق ولا فیما دون خمس ذود ترجمہ ابوسعید خدری سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی دانے اور کھجور مین صدقہ (زکوۃ) نہین جبتک پانچ وسق نہون اور پانچ اونٹون سے کم مین اور پانچ اوقیے سے کم چاندی مین زکوۃ نہین ہے **العدد** الذی تجب فیہ الصدقۃ من المال مین زکوۃ واجب ہے **عَنْ** ابی سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس فیما دون خمس اواق صدقۃ ترجمہ ابوسعید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ اوقیے سے کم مین زکوۃ نہین ہے **عَنْ** ابی سعید الخدری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لیس فیما دون خمس اواق صدقۃ ولا فیما دون خمس ذود صدقۃ ولیس فیما دون خمسۃ اوسق صدقۃ ترجمہ ابوسعید خدری سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ اوقیے سے کم مین زکوۃ نہین ہے (یعنی چاندی مین اور پانچ اونٹون سے کم مین زکوۃ نہین ہے اور پانچ وسق غلے سے کم مین زکوۃ نہین ہے **ما یوجب** العشر ما یوجب نصف العشر وسوان حصہ کسمین ہے اور بیسوان حصہ کس مین ہے **عَنْ** ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فیما سقت السماء والانہار والعیون او کان بعلا العشر وما سقی بالسواقی والنضح نصف العشر ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو غلہ بارش اور نہر اور چشمون کے پانی سے پیدا ہو یا زمین کے تری سے پیدا ہو اوسمین سے دسوان حصہ لیا جاویگا اور جو اونٹون سے سینچا جاوی یا ڈولون سے اوس مین سے بیسوان حصہ لیا جاویگا **عَنْ** جابر بن عبداللہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فیما سقت السماء وفی الانہار والعیون العشر وما سقی بالسانیۃ نصف العشر ترجمہ جابر بن عبداللہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو پیدا ہوا آسمان (بغیر) چشمون کے پانی سے ہو اوس مین سے دسوان حصہ لیا جاوی ہے اور جو پیدا ہوا جانورون کے پانی سے (یعنی) ہو اوس مین سے بیسوان حصہ **عَنْ** معاذ قال بعثنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی الیمن فامرنی ان اخذ مما سقت السماء العشر

وَفِيمَا سُقِيَ بِالدَّالِيَةِ وَالنَّضْحِ نِصْفُ الْعُشْرِ ترجمہ یہ ہے دوسری روایت ہے مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن کی طرف بھیجا اور حکم کیا جو بارش کے پانی سے پیدا ہوا اوسمیں سے دسواں حصہ لینے کا اور جو ڈولوں کے پانی سے پیدا ہوا اوس میں سے بیسواں حصہ لینے کا کام یعنی لگان کے کاشتکار صرف اندازہ کرنیوالا کتنا چھوڑے سے عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَرَصْتُمْ فَخُذُوا وَدَعُوا الثُّلُثَ فَإِنْ لَمْ تَأْخُذُوا أَوْ تَدَعُوا الثُّلُثَ شَكَّ شُعْبَةُ فَدَعُوا الرُّبُعَ ترجمہ سہل بن ابی حثمہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اندازہ کرو (پھلوں کا درختوں پر معمول ہے کہ جب پھل درخت پر ہوتے ہیں تو انکا اندازہ کرتے ہیں اور ترنے کو تو تیسرا حصہ چھوڑ دو اگر تیسرا حصہ نہ چھوڑو تو چوتھا حصہ چھوڑ دو (روایت کے طور پر تاکہ مالک کو گنجائش رہے ہمسایوں دوستوں کو کھلانے کی) **بَابُ** قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنْفِقُونَ اس آیت کی تفسیر عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ فِي الْآيَةِ الَّتِي قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنْفِقُونَ قَالَ هُوَ الْجُعْرُورُ وَلَوْنٌ حُبَيْقٌ فَنَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُعْمَدَ فِي الصَّدَقَةِ الرِّذَالَةُ ترجمہ ابوامامہ بن سہل بن حنیف سے روایت ہے اس آیت میں لا تیمموا الخبیث منہ تنفقون یعنی قصد کرو بری مال کے دینے کا اوس کو خرچ کرتے ہو لیکن لینے نہیں اخیر تک انہوں نے کہا خبیث سے مراد جعرور اور لون حبیق ہیں (یہ دونو قسمیں ہیں کھجور کی جو بہت خراب ہوتی ہیں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا زکوۃ میں بری مال کے لینے سے عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِيَدِهِ عَصًا وَقَدْ عَلَّقَ رَجُلٌ قِنْوَ حَشَفٍ فَجَعَلَ يَطْعُنُ فِي ذَلِكَ الْقِنْوِ فَقَالَ لَوْ شَاءَ رَبُّ هَذِهِ الصَّدَقَةِ تَصَدَّقَ بِأَطْيَبَ مِنْ هَذَا إِنَّ رَبَّ هَذِهِ الصَّدَقَةِ يَأْكُلُ حَشَفًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ترجمہ عوف بن مالک سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے آپ کے ہاتھ میں لکڑی تھی ایک شخص سوکھی بری کھجور لٹکا گیا تھا (مسجد میں دستور تھا کہ صدقے کی کھجور کو مسجد میں لٹکا دیتے مسکین لوگ کھانے) آپ اس گچھی میں لکڑی مارتے تھے اور فرماتی اگر اسکا مالک چاہتا تو اچھی کھجور دیسکتا تھا بیشک اسکا مالک قیامت کے روز ایسی ہی خراب کھجور کھاوے گا **الْمَعْدِنُ** کان کا بیان عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اللُّقَطَةِ فَقَالَ مَا كَانَ فِي طَرِيقٍ مَأْتِيٍّ أَوْ فِي قَرْيَةٍ عَامِرَةٍ فَعَرِّفْهَا سَنَةً فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا وَإِلَّا فَهُوَ مَالُكَ وَمَا لَمْ يَكُنْ فِي طَرِيقٍ مَأْتِيٍّ وَلَا فِي قَرْيَةٍ عَامِرَةٍ فَفِيهِ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ ترجمہ عبداللہ بن عمرو بن العاص سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا پڑی ہوئی چیز کو آپ نے فرمایا جو راہ رفت کی راہ میں یا آباد گانوں میں ملی تو ایک برس تک اوسکو تلاش کرے اگر اوس کا مالک آوے دیدی نہیں تو تیری ہے اور جو راستہ آباد نہ ہو یا گانوں آباد نہ ہو تو اوس میں سے اور کان میں سے پانچواں حصہ لیا جاویگا (باقی مالک کا ہے) عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ وَالْبِئْرُ جُبَارٌ وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جانور کے زخم کا بدلہ نہیں اور کنواں کھودنے میں کوئی مزدور مر جاوے تو بدلہ نہیں اور اگر کان کھودنے میں مزدور مر جاوے تو بدلہ نہیں اور کافروں کے گڑی خزانی میں (یا کان میں) پانچواں حصہ ہے بیت المال کا **ف** یعنی اگر کسی کا جانور بلا تقدی مالک کے کسی کو مار ڈالے یا زخمی کرے تو اوس کے مالک پر تاوان نہیں اور اگر مزدور

علم ہوا دوسری کا دسواں حصہ لگان کا لیتے ہیں یا بیس حصہ

کنوان کھودتے یا کان کھودتے میں اگر کنوان یا کھان بہت پڑی یا گر پڑے اور مزدور دب کر مرجاوے یا اگر مرجاوے تو کہنیوالے پر کچھ تاوان نہیں ہے عن ابی ھریرۃ مثلہ عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال الجرح العجماء جبار والبئر جبار والمعدن جبار وفی الرکاز الخمس عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم العجماء جبار والبئر جبار والمعدن جبار وفی الرکاز الخمس ترجمہ وہی جو اوپر گزرا **زکوٰۃ النحل** شہد کی مہتوں کی زکوٰۃ کا بیان عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ قال جاء ھلال الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بشنوء نحل لہ وسأل ان یحمی لہ وادیا فحمی لہ سلبۃ فلما ولی عمر بن الخطاب کتب سفیان بن وھب الی عمر بن الخطاب یسألہ فکتب عمر ان ادی الیک ما کان یؤدی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من عشر نحلہ فاحم لہ سلبۃ ذلک وانما ذباب غیث یأکلہ من شاء ترجمہ عبداللہ بن عمرو بن العاص سے روایت ہے ہلال آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس شہد کا دسواں حصہ لیکر اور درخواست کی آپ ایک جنگل مقرر کردینے کی جسکا نام سلبۃ تھا اپنے لیے رہنے اور کوئی وہاں کی چھتے نہ لے سکے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ جنگل اوس کے لیے مقرر کردیا جب حضرت عمر خلیفہ ہوئے تو سفیان بن وہب نے اونکو لکھا پوچھتے ہے (اسی بات کو کہ وہ جنگل اوسپر مقرر ہے یا نہیں) حضرت عمر نے جواب لکھا اگر وہ تجھکو دیتا ہے دسواں حصہ شہد کا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیتا تھا تو وہ جنگل اوسی کو عنایت میں ہے دے اور جو وہ دیوی تو مکھیاں بارش کی شہد دیتی ہیں جسکا جی چاہے اوسی کھاوے (بارش کی مکھیاں اس لیے کہ وہ بارش سے جو پھول اور گھاس اور درخت اگتے ہیں اونکو کھاتی ہیں پھر اونکے منہ سے شہد نکلتا ہے) **فرض زکوٰۃ رمضان** رمضان کی زکوٰۃ (یعنی صدقہ فطر) کا بیان عن ابن عمر قال فرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زکوٰۃ رمضان علی الحر والعبد والذکر والانثی صاعا من تمر او صاعا من شعیر قال فعدل الناس بہ نصف صاع من بر ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کی زکوٰۃ فرض کی آزاد اور غلام اور مرد اور عورت پر ایک صاع جو کا یا ایک صاع جو کا پھر لوگوں نے آدھا صاع گیہوں کا ٹھہرالیا (کیونکہ وہ قیمت میں جو کے ایک صاع کے برابر ہے) اور ابن عمر کا جو مذہب ہے اوپر ایک روایت میں گیہوں کا آدھا صاع حضرت سے بھی منقول ہے **باب فرض زکوٰۃ رمضان علی المملوک** غلام لونڈی پر زکوٰۃ رمضان کی فرض ہے عن ابن عمر قال فرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صدقۃ الفطر علی الذکر والانثی والحر والمملوک صاعا من تمر او صاعا من شعیر قال فعدل الناس الی نصف صاع من بر ترجمہ وہی جو اوپر گزرا **زکوٰۃ رمضان علی الصغیر** چھوٹے نابالغ پر رمضان کی زکوٰۃ عن ابن عمر قال فرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زکوٰۃ رمضان علی کل صغیر وکبیر حر وعبد وذکر وانثی صاعا من تمر او صاعا من شعیر ترجمہ ابن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرض کی رمضان کی زکوٰۃ ہر چھوٹے اور بڑے آزاد اور غلام مرد اور عورت پر ایک صاع کھجور سے یا ایک صاع جو سے (لیکن نابالغ اگر مالدار ہو تو اوس کے مال میں سے زکوٰۃ دیجاوے اور جو مفلس ہو تو اوسکا ولی دیوے اسیطرح لونڈی غلام کی طرف سے

وسکہ مالک دینوی فرض زکوٰۃ رمضان علی المسلمین وفی المعاهدین رمضان کی زکوٰۃ مسلمانوں پر ہے ذمہ کے ذمیوں پر عن
ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرض زکوٰۃ الفطر من رمضان علی الناس صاعا من تمر او صاعا من شعیر
علی کل حر او عبد ذکر او انثی من المسلمین ترجمہ ابن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ فطر فرض کیا
لوگوں پر ایک صاع کھجور یا ایک صاع جو ہر آزاد و غلام مرد و عورت پر مسلمانوں میں سے ف اگر غلام لونڈی کا ذمیوں اور ان کی طرف
سے صدقہ دینا ضرور نہیں عن ابن عمر قال فرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زکوٰۃ الفطر صاعا من تمر او صاعا
من شعیر علی الحر والعبد والذکر والانثی والصغیر والکبیر من المسلمین وامر بها ان تؤدی قبل خروج
الناس الی الصلوٰۃ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فطر کی زکوٰۃ مقرر کی ایک صاع کھجور کا یا
ایک صاع جو کا آزاد اور غلام اور مرد اور عورت اور چھوٹے اور بڑے پر مسلمانوں میں سے اور حکم کیا اوس کو ادا کرنے کا عید کی نماز کو جانے
سے پہلے عن ابن عمر قال فرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صدقة الفطر علی الصغیر والکبیر والذکر والانثی
والحر والعبد صاعا من تمر او صاعا من شعیر ترجمہ اوپر گزر چکا فرض صدقة الفطر قبل نزول الزکوٰۃ زکوٰۃ
فرض ہونے سے پہلے صدقہ فطر فرض تھا عن قیس بن سعد بن عبادة قال کنا نصوم عاشوراء وتؤدی زکوٰة
الفطر فلما نزل رمضان ونزلت الزکوٰة لم نؤمر به ولم ننه عنه وکنا نفعله ترجمہ قیس بن سعد بن عبادہ سے
روایت ہے ہم عاشورہ کا روزہ رکھتے اور عید الفطر کا صدقہ ادا کرتے یہاں تک کہ رمضان کے روزے فرض ہوئے اور زکوٰۃ فرض ہوئی اور
روزے نہ ہم کو حکم ہوا عاشورہ کے روزے اور صدقہ فطر کا نہ ممانعت ہوئی ف بلکہ دونوں چیزیں سنت ہیں گو بعض جمیر علما
کا مذہب ہے لیکن جمہور علما کے نزدیک صدقہ فطر کی فرضیت باقی ہے اور ابو حنیفہ کے نزدیک واجب ہے عن قیس بن سعد
قال امرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بصدقة الفطر قبل ان تنزل الزکوٰة فلما نزلت الزکوٰة لم یامرنا
ولم ینهنا ونحن نفعله ترجمہ قیس بن سعد سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو حکم کیا صدقہ فطر کا زکوٰۃ فرض
ہونے سے پہلے پھر جب زکوٰۃ فرض ہوئی تو نہ ہم کو حکم کیا نہ منع کیا ہم اوسی کو کرتے ہے **مسئلہ** زکوٰۃ الفطر صدقہ فطر
میں کتنا اناج دینا چاہیے عن الحسن قال قال ابن عباس فرضها من فرضها من البصرة فی اول الشهر اخرجوا زکوٰة صومکم
فنظر الناس بعضهم الی بعض فقال من ههنا من اهل المدینة قوموا فعلموا اخوانکم فانهم لا یعلمون ان هذا
الزکوٰة فرضها رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی کل ذکر وانثی حر ومملوک صاعا من شعیر او قمح او
نصف صاع من قمح فقام الناس ترجمہ حسن بصری رح سے روایت ہے عبداللہ بن عباس جب امیر تھے بصرے کے تو اہنوں نے مہینہ کے
آخر مہینہ میں کہا اپنے روزوں کی زکوٰۃ نکالو لوگوں نے دیکھنا شروع کیا ایک کو ایک نے اوہنوں نے کہا یہاں مدینہ والوں میں سے
کون ہے اوہنوں نے اپنے بھائیوں کو سکھلاؤ وہ نہیں جانتے اس زکوٰۃ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرض کیا ہے ہر مرد اور عورت آزاد
اور غلام پر ایک صاع جو سے اور ایک صاع کھجور سے یا دو صاع گیہوں سے پھر وہ لوگ اوٹھے (سب لوگوں کو سمجھانے کے لیے) عن

ف ہمارے امام اعظم ابو حنیفہ رح کے نزدیک صدقہ فطر واجب ہے

ابن سیرین عن ابن عباس قال ذکر فی صدقۃ الفطر قال صاعا من بر او صاعا من تمر او صاعا من شعیر
او صاعا من سلت ترجمہ ابن سیرین سے روایت ہے ابن عباس نے صدقہ فطر مین بیان کیا ایک صاع گیہون کا یا ایک صاع کھجور کا
یا ایک صاع جو کا یا ایک صاع سلت کا (ایک قسم ہے جو کی) عن ابی جاء قال سمعت ابن عباس یخطب علی منبرکم یعنی
منبر البصرۃ یقول صدقۃ الفطر صاع من طعام ترجمہ ابو رجا سے روایت ہے ابن عباس سے مین نے سنا وہ خطبہ
پڑھتے تھے تمہارے منبر پر یعنی بصرہ کے منبر پر کہتے تھے صدقہ فطر ایک صاع ہے غلہ کا باب التمر فی زکوۃ الفطر صدقہ
فطر مین کھجور دینا عن ابی سعید الخدری قال فرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صدقۃ الفطر صاعا من
شعیر او صاعا من تمر او صاعا من اقط ترجمہ ابو سعید خدری سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ
فطر مقرر کیا ایک صاع جو سے یا ایک صاع کھجور سے یا ایک صاع پنیر کا الزبیب انگور صدقہ فطر مین دینا عن ابی سعید
قال کنا نخرج زکوۃ الفطر اذا کان فینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صاعا من طعام او صاعا من شعیر
او صاعا من تمر او صاعا من زبیب او صاعا من اقط ترجمہ ابو سعید سے روایت ہے ہم صدقہ فطر کا لاتے تھے جب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ہم مین موجود تھے ایک صاع گیہون کا یا ایک صاع جو کا یا ایک صاع انگور کا یا ایک صاع پنیر کا ف طعام کا
ترجمہ گیہون صحیح ہے اس لیے کہ اہل حجاز کی عرف مین طعام گیہون کو کہتے ہین اور جمہور علما جیسے شافعی اور مالک وغیرہم کا یہی قول ہے
کہ صدقہ فطر ایک صاع سے کم نہین ہے اگرچہ گیہون یا انگور ہون اور ابو حنیفہ رح کے نزدیک گیہون اور انگور مین نصف صاع اور
باقی چیزون مین ایک صاع ہے عن ابی سعید قال کنا نخرج صدقۃ الفطر اذا کان فینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم صاعا من طعام او صاعا من تمر او صاعا من شعیر او صاعا من اقط فلم نزل کذلک حتی قدم
معاویۃ حاجا او معتمرا فکان فیما کلم الناس انی لا ارى مدین من سمراء الشام تعدل صاعا من
هذا فقال فاخذ الناس بذلک ترجمہ ابو سعید سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے زکوۃ کالتے تھے
ایک صاع گیہون سے یا ایک صاع کھجور سے یا ایک صاع جو سے یا ایک صاع پنیر سے ہر ہمیشہ ایسی ہی کرتے رہے یہانتک کہ معاویہ
شام سے آئے اور انھون نے لوگون سے جو کہا یا اوس مین یہ بھی ایک تھا کہ شام کے گیہون کے دو مد (یعنی نصف صاع کیونکہ صاع
کے چار مد ہوتے ہین اس کے ایک صاع کے برابر ہین) جسکو قیمت کالتے ہو قیمت مین) اوس روز سے لوگون نے اسپر عمل شروع کیا
(گیہون کا آدھا صاع دینے لگے) الدقیق آٹا صدقہ فطر مین دینا عن ابی سعید الخدری قال کنا نخرج علی
عهد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم الفطر صاعا من طعام صاعا من شعیر او صاعا من زبیب او صاعا من
دقیق او صاعا من اقط او صاعا من سلت لا نشک شعبان وقال دقیق او سلت ترجمہ ابو سعید خدری سے روایت
ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے مین نہین نکالتے تھے صدقہ فطر مین مگر ایک صاع کھجور کا یا ایک صاع جو کا یا ایک صاع
خشک انگور کا یا ایک صاع آٹے کا یا ایک صاع پنیر کا یا ایک صاع جو کا الحنطۃ صدقہ فطر مین گیہون دینا عن

یہان حاشیہ نے سرد بات مین ہم ان تمن روایتون سے

ابن عباس خطب بالبصرة فقال ادوا زكوة صومكم فجعل الناس ينظر بعضهم الى بعض فقال من ههنا من اهل المدينة قوموا الى اخوانكم فعلموهم فانهم لا يعلمون ان رسول الله صلى الله عليه وسلم فرض صدقة الفطر على الصغير والكبير والحر والعبد والذكر والانثى نصف صاع من بر او صاعا من تمر او شعير فقال الحسن فقال علي اما اذ اوسع الله فاوسعوا اصاعا من بر او غيره ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے انہوں نے خطبہ پڑھا بصرہ میں تو کہا ادا کرو زکوۃ اپنے روزوں کی لوگ یہ سنکر ایکدوسرے کیطرف دیکھنے لگے (حیران ہوکر کہ روزوں کی زکوۃ کیسی) انہوں نے کہا یہاں مدینہ والوں میں کون کون ہے اٹھو اور اپنے بھائیوں کو سکھلاؤ وہ نہیں جانتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرض کیا صدقہ فطر کو چھوٹی اور بڑی اور آزاد اور غلام پر اور مرد اور عورت پر آدھا صاع گیہوں کا یا ایک صاع کھجور کا یا جو کا۔ حسن نے کہا حضرت علی نے کہا جب اللہ نے (تم کو گنجایش دی تو تم بھی گنجایش کرو ایک صاع دو گیہوں کا یا اور چیزوں کا **السلت** سلت (ایک قسم کا جو ہے سفید اور سکو یوست نہیں ہوتا) صدقہ فطر میں دینا **عن ابن عمر** قال كان الناس يخرجون عن صدقة الفطر في عهد النبي صلى الله عليه وسلم صاعا من شعير او تمر او سلت او زبيب ترجمہ ابن عمر سے روایت ہے لوگ صدقہ فطر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں نکالتے تھے ایکصاع جو یا ایک صاع کھجور یا ایک صاع خشک انگور **الشعير** جو صدقہ فطر میں دینا **عن ابي سعيد الخدري** قال كنا نخرج في عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم صاعا من شعير او تمر او زبيب او اقط فلم نزل كذلك حتى كان في عهد معاوية قال ادى مدين من سمراء الشام ما تعدل صاعا من شعير ترجمہ ابوسعید خدری سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک صاع جو یا کھجور یا انگور یا پنیر کا نکالتے پھر ایسا ہی کرتے رہے یہانتک کہ معاویہ کا زمانہ ہوا انہوں نے کہا میرے نزدیک شام کے گیہوں کے دو مد (یعنی نصف صاع) جو کے ایک صاع کے برابر ہے **الاقط** صدقہ فطر میں پنیر دینا **عن ابي سعيد الخدري** قال كنا نخرج في عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم صاعا من تمر او صاعا من شعير او صاعا من اقط او صاعا من زبيب ترجمہ ابوسعید خدری سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایکصاع کھجور کا نکالتے یا ایک صاع جو کا یا ایک صاع پنیر کا (صدقہ فطر میں) ان کے سوا اور چیزیں نہ دیتے **کم الصاع** صاع کتنا ہوتا ہے **عن السائب بن يزيد** قال كان الصاع على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم مدكم اليوم وقد زيد فيه ترجمہ سائب بن یزید سے روایت ہے صاع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تمہاری ایک مد اور تہائی مد کا اب مد زیادہ ہوگیا ہے **ف** صاع دو میں ایک حجازی ایک عراقی ہر ایک صاع چار مد کا ہوتا ہے لیکن ابوحنیفہ رح کے نزدیک عراقی مد کا اعتبار ہے اور جمہور علما کے نزدیک وہی مد معتبر ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تھا۔ آپ کے زمانے میں ہر ایک رطل اور تہائی رطل کا تھا جسکے تخمیناً اوڑھائی تولے چھ ماشے ہوئے اس حساب سے صاع دو سو چونتیس تولہ کا ہوا یعنی اسی تولہ کے سیر سے چھ تولے کم تین سیر تین سیر رکھنا اسلیے کہ کبھی تولہ اا ماشہ کا ہوتا ہے اور کبھی سیر اسی روپیہ کا اور روپیہ تولے سے کم ہوتا ہے۔ ابوحنیفہ رح

کے نزدیک مرد وطل کا ہوتا ہے تو صاع کے آٹھ رطل ہوئے یعنی چار سیر۔ حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ اب بڑھ گیا ہے تمہارے ہاتھ میں آنا صاع نبوی ایک مد اور تہائی مد کا ہو گیا **عَنِ** ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمِكْيَالُ مِكْيَالُ أَهْلِ الْمَدِينَةِ وَالْوَزْنُ وَزْنُ أَهْلِ مَكَّةَ **ترجمہ** عبید اللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ماپ مدینہ کا معتبر ہے اور تول مکے والوں کے **بَابُ** الْوَقْتِ الَّذِي يُسْتَحَبُّ أَنْ تُؤَدَّى صَدَقَةُ الْفِطْرِ فِيهِ کونسی وقت صدقہ فطر ادا کرنا بہتر ہے **عَنِ** ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِصَدَقَةِ الْفِطْرِ أَنْ تُؤَدَّى قَبْلَ خُرُوجِ النَّاسِ إِلَى الصَّلٰوةِ **ترجمہ** عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا صدقہ فطر ادا کرنے کا نماز کو جانے سے پہلے **بَابُ** الزَّكٰوةِ مِنْ بَلَدٍ إِلَى بَلَدٍ ایک شہر کی زکوٰۃ دوسرے شہر میں بھیجنا کیسا ہے **عَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ إِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ إِنَّكَ تَأْتِي قَوْمًا أَهْلَ كِتَابٍ فَادْعُهُمْ إِلَى شَهَادَةِ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوكَ فَأَعْلِمْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِي كُلِّ يَوْمٍ فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوكَ فَأَعْلِمْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً فِي أَمْوَالِهِمْ تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِيَائِهِمْ فَتُوضَعُ فِي فُقَرَائِهِمْ فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوكَ لِذٰلِكَ فَإِيَّاكَ وَكَرَائِمَ أَمْوَالِهِمْ وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ فَإِنَّهَا لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ حِجَابٌ **ترجمہ** ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معاذ بن جبل کو یمن کی طرف بھیجا اور فرمایا تم جاتے ہو ایک قوم پاس جو اہل کتاب ہیں تو بلانا اونکو گواہی دین میں اس بات کی کوئی معبود برحق نہیں ہے سوا اللہ کے اور میں اللہ کا رسول ہوں اگر وہ تیرا کہنا مان لیں پھر اونکو بتلا کہ اللہ نے اون پر پانچ نمازیں فرض کیں ہیں ہر دن اور رات میں اگر وہ مان لیں پھر اونکو بتلا کہ اللہ نے اون پر صدقہ فرض کیا ہے اون کے مالوں میں جو لیا جاوے گا اون کے مالدار لوگوں سے اور دیا جاویگا اون کے محتاجوں کو **فت** اس سے معلوم ہوا کہ ہر ملک اور شہر کی زکوٰۃ وہیں کے محتاجوں کو دینا بہتر ہے البتہ دوسری شہر میں بھیجی گرو ان محتاج نہ ہوں یا اون سے بھی زیادہ مستحق ہوں **فت** اگر وہ ان لیں اسکو تو بچو انکے عمدہ مالوں سے اور ہر مظلوم کے بددعا سے اسلیے کہ مظلوم کی دعا اور اللہ تعالیٰ کے بیچ میں کوئی آڑ نہیں ہے **بَابُ** إِذَا أَعْطَاهَا حَائِضًا وَهُوَ يَشْعُرُ جب زکوٰۃ مالدار کو دیدے اور معلوم نہ ہو کہ یہ مالدار ہے **عَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ بِهِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لَأَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدِ سَارِقٍ فَأَصْبَحُوا يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ عَلَى سَارِقٍ فَقَالَ اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلَى سَارِقٍ لَأَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدِ زَانِيَةٍ فَأَصْبَحُوا يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلَى زَانِيَةٍ فَقَالَ اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلَى زَانِيَةٍ لَأَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدِ غَنِيٍّ فَأَصْبَحُوا يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ عَلَى غَنِيٍّ فَقَالَ اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلَى زَانِيَةٍ وَعَلَى سَارِقٍ وَعَلَى غَنِيٍّ فَأُتِيَ فَقِيلَ لَهُ أَمَّا صَدَقَتُكَ فَقَدْ تُقُبِّلَتْ أَمَّا الزَّانِيَةُ فَلَعَلَّهَا أَنْ تَسْتَعِفَّ بِهِ عَنْ زِنَاهَا وَلَعَلَّ السَّارِقَ أَنْ يَسْتَعِفَّ بِهِ عَنْ سَرِقَتِهِ وَلَعَلَّ الْغَنِيَّ أَنْ يَعْتَبِرَ فَيُنْفِقَ مِمَّا أَعْطَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ **ترجمہ** ابوہریرہ سے روایت ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص نے کہا میں صدقہ دونگا پھر وہ اپنا صدقہ لیکر نکلا اور ایک چور کے ہاتھ میں رکھ آیا صبح کو لوگ کہنے لگے چور کو صدقہ ملا وہ شخص بولا یا اللہ تیرا شکر ہے چور کے صدقہ پر (یعنی اگرچہ چور کو پہونچا پر میں تیرا شکر کرتا ہوں تو نے مجھکو صدقے کی توفیق دی) میں اور صدقہ دونگا پھر وہ اپنا صدقہ لیکر نکلا اور ایک بدکار عورت کے ہاتھ میں رکھ آیا صبح کو لوگ کہنے لگے جو رات کو ایک بدکار عورت کو صدقہ ملا وہ شخص بولا یا اللہ تیرا شکر ہے بدکار عورت کے صدقے پر میں اور ایک صدقہ دونگا پھر وہ صدقہ لیکر نکلا اور ایک مالدار کے ہاتھ میں رکھ آیا صبح کو لوگ کہنے لگے ایک مالدار کو صدقہ ملا اوس شخص نے کہا یا اللہ تیرا شکر ہے بدکار اور چور اور مالدار کی خیرات پر پھر خواب میں اوس سے کہا گیا تیرا صدقہ قبول ہوا کیا بدکار کا اس لئے کہ شاید وہ سوچی اور شرماوے اور چوری کرنی اوس مال میں سے جو اللہ نے اوسکو دیا ہے **ف** معلوم ہوا کہ صدقے اور خیرات کا ثواب کیسطرح ضائع نہیں ہوتا اگرچہ ناواقفی سے غیر مستحق کو دیدیوے بشرطیکہ نیت خالص ہو **باب** الصَّدَقَةِ مِنَ الْغُلُوْلِ چوری کے مال میں سے صدقہ دینا

عَنْ اَبِی الْمَلِیْحِ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ لَا یَقْبَلُ صَلٰوۃً بِغَیْرِ طُھُوْرٍ وَّلَا صَدَقَۃً مِّنْ غُلُوْلٍ **ترجمہ** ابوالملیح سے روایت ہے اوہنوں نے سنا اپنے باپ سے اہنوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے اللہ جل جلالہ نہیں قبول کرتا نماز بغیر طہارت کے اور نہ صدقہ چوری کے مال میں سے

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا تَصَدَّقَ اَحَدٌ بِصَدَقَۃٍ مِّنْ طَیِّبٍ وَلَا یَقْبَلُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ اِلَّا الطَّیِّبَ اِلَّا اَخَذَھَا الرَّحْمٰنُ عَزَّ وَجَلَّ بِیَمِیْنِہٖ وَاِنْ کَانَتْ تَمْرَۃً فَتَرْبُوْ فِیْ کَفِّ الرَّحْمٰنِ حَتّٰی تَکُوْنَ اَعْظَمَ مِنَ الْجَبَلِ کَمَا یُرَبِّیْ اَحَدُکُمْ فَلُوَّہٗ اَوْ فَصِیْلَہٗ **ترجمہ** ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی صدقہ دیوے حلال میں سے اور اللہ نہیں قبول کرتا مگر حلال مال کو تو پروردگار اوسکو اپنے داہنے ہاتھ میں لیتا ہے اگرچہ ایک ہی کھجور ہو پھر وہ بڑھتا ہے اوسکی مٹھی میں یہانتک کہ پہاڑ سے بڑا ہو جاتا ہے جیسے کوئی تم میں سے اپنے بچھیرے کو یا بچھیری کو پالتا ہے **ف** یعنی اگر حلال مال تھوڑا سا بھی خدا کی راہ میں دیوے تو اوسکا ثواب بہت ہے **جُھْدُ الْمُقِلِّ** کم مال والا کوشش کرے صدقہ دینے کی تو اوسکا ثواب

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ حُبْشِیٍّ الْخَثْعَمِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سُئِلَ اَیُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ اِیْمَانٌ لَّا شَکَّ فِیْہِ وَجِھَادٌ لَا غُلُوْلَ فِیْہِ وَحَجَّۃٌ مَبْرُوْرَۃٌ قِیْلَ فَاَیُّ الصَّلٰوۃِ اَفْضَلُ قَالَ طُوْلُ الْقُنُوْتِ قِیْلَ فَاَیُّ الصَّدَقَۃِ اَفْضَلُ قَالَ جُھْدُ الْمُقِلِّ قِیْلَ فَاَیُّ الْھِجْرَۃِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ ھَجَرَ مَا حَرَّمَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ قِیْلَ فَاَیُّ الْجِھَادِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ جَاھَدَ الْمُشْرِکِیْنَ بِمَالِہٖ وَنَفْسِہٖ قِیْلَ فَاَیُّ الْقَتْلِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ اُھْرِیْقَ دَمُہٗ وَعُقِرَ جَوَادُہٗ **ترجمہ** عبداللہ بن حبشی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کونسا کام افضل ہے آپنے فرمایا ایمان جس میں کسی طرح شک نہ ہو اور جہاد جس میں چوری نہ ہو غنیمت کے مال کے اور حج مبرور (یعنی جسمیں گناہ نہ ہو) پھر پوچھا گیا کون سی نماز افضل ہے آپنے فرمایا جس میں قیام دیر تک ہو پھر پوچھا گیا کونسا صدقہ افضل ہے آپنے فرمایا جو کم مال والا (غریب) محنت اوٹھاکر دیوے پھر پوچھا گیا کون سی ہجرت افضل ہے آپنے فرمایا جو چھوڑدی حرام کاموں کو پوچھا گیا کونسا جہاد افضل ہے فرمایا جو شخص جہاد کرے مشرکوں سے اپنے مال اور جان کو صرف کرکے اور

ام المومنین رضی اللہ عنہا کی حدیث سے معلوم ہوا کہ صدقہ کا ثواب اوسکو ملتا ہے جو صدقہ کرتا ہے اور اوسکے مالک کو بھی ثواب ملتا ہے کہ اوسکے مال سے صدقہ کیا گیا اور مالدار کا ثواب اسلئے کہ وہ اپنے مال سے صدقہ کرتا ہے

ام المومنین رضی اللہ عنہا کی حدیث سے معلوم ہوا کہ صدقہ کا ثواب اوسکو ملتا ہے جو صدقہ کرتا ہے اور اوسکے مالک کو بھی ثواب ملتا ہے کہ اوسکے مال سے صدقہ کیا گیا اور مالدار کا ثواب اسلئے کہ وہ اپنے مال سے صدقہ کرتا ہے

پوچھا گیا کونسا پانی اچھا ہے فرمایا جسکا خون بہایا گیا اور اوسکا کہنا رائگاں گیا عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله
علیه وسلم قال سبق درهم مائة الف درهم قالوا کیف قال کان لرجل درهمان تصدق باحدهما و
انطلق رجل الی عرض ماله فاخذ منه مائة الف درهم فتصدق بها ترجمہ ابوہریرہ رضی سے روایت ہے رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک درم لاکھ درم سے زیادہ ہے لوگون نے کہا کیسے آپنے فرمایا ایک شخص کے دو درم ہون اور وہ ایک
درم صدقہ دیوے (تو یہ ایک درم بہتر ہے) اور ایک شخص اپنے مال کی ایکطرف جاوے اور لاکھ درم نکالے اور صدقہ دیوے
یعنے مالدار آدمی کے لاکھ درم کے برابر محتاج کا ایک درم ہے) عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم
سبق درهم مائة الف قالوا یا رسول الله وکیف قال رجل له درهمان فاخذ احدهما فتصدق به و
رجل له مال کثیر فاخذ من عرض ماله مائة الف فتصدق بها ترجمہ ابوہریرہ رضی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا ایک درم لاکھ درم سے بڑھ گیا لوگون نے عرض کیا یارسول اللہ کیونکر آپنے فرمایا ایک شخص کے پاس دو درم تھے اوس نے
ایکدرم لیکر صدقہ دیا اور ایک شخص کے پاس بہت مال تھا اوس نے اپنے مال کے ایک حصہ مین سے لاکھ درم اوٹھائے اور صدقہ دیئے
(تو اس کے لاکھ درم سے اوسکا ایک درم بہتر ہے) عن ابی مسعود قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یامرنا بالصدقة
فما یجد احدنا شیئا یتصدق به حتی ینطلق الی السوق فیحمل علی ظهره فیجیئ بالمد فیعطیه رسول الله صلی الله
علیه وسلم انی لاعرف الیوم رجلا له مائة الف ما کان له یومئذ درهم ترجمہ ابومسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم ہم کو صدقے کا حکم کرتے اور ہمارے پاس کچھ نہوتا جو صدقہ دین تو ہم مین سے کوئی بازار مین جاتا اور بوجھ اوٹھاتا پھر ایکمد کہانا
لاتا (مزدوری کرکے) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیتا - ابومسعود نے کہا مین ایک شخص کو جانتا ہون جسکے پاس اب
ایک لاکھ درم ہین اور اوسوقت ایک درم نہتھا) عن ابی مسعود قال لما امرنا رسول الله صلی الله علیه وسلم بالصدقة
فتصدق ابو عقیل بنصف صاع وجاء انسان بشیء اکثر منه فقال المنافقون ان الله عز وجل لغنی
عن صدقة هذا وما فعل هذا الاخر الا رئاء فنزلت الذین یلمزون المطوعین من المؤمنین فی الصدقات
والذین لا یجدون الا جهدهم الآیة ترجمہ ابومسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہمکو صدقے کا حکم کیا
تو ابوعقیل نصف صاع لیکر آئے اور ایک شخص زیادہ لیکر آیا منافقون نے کہا اس کے (یعنے ابوعقیل) کے صدقے سے تو اللہ غنی
ہے یعنی تھوڑے صدقے کا اوسکو کیا پرواہ ہے) اور دوسرے نے لوگون کو دکھلانے کے لئے صدقہ دیا ہے تب یہ آیت پڑھی الذین
یلمزون المطوعین آخر تک یعنی جو لوگ طعن کرتے ہین دل کھولکر خیرات دینے والے مسلمانون پر اور اون پر جو نہین کہتے مگر اپنی
محنت اور مزدوری پھر اون پر ٹھٹھے کرتے ہین اللہ نے اون سے ٹھٹھا کیا اور اونکو دکھ کی مار کی ف وہ دوسرا شخص عبدالرحمن بن عوف
تھے جو چار ہزار درم لیکر آئے تھے کافرون نے کہا دیہون نے ریا کے لئے دیا ہے الید العلیا اوپر والا ہاتھ (یعنے دینے والا ہاتھ)
ایسا ہے عن حکیم بن حزام یقول سالت رسول الله صلی الله علیه وسلم فاعطانی ثم سالته فاعطانی ثم سالته

فَاعْطَانِي ثُمَّ قَالَ إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ مَنْ أَخَذَهُ بِطِيبِ نَفْسٍ بُورِكَ لَهُ فِيهِ وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ وَكَانَ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى ترجمہ حکیم بن حزام سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مانگا آپ نے مجھ کو دیا پھر مانگا پھر آپ نے دیا پھر فرمایا مال سرسبز اور شیریں ہے جو شخص اسکو خوشی سے لیگا اوسکو برکت ہوگی اور جو شخص حرص سے لیگا (یعنی اوسکا انتظار کرکے طمع سے) اوسکو برکت نہ ہوگی وہ اوسکی ایسا ہوگا جو کھاتا ہی لیکن اوسکا پیٹ نہیں بھرتا اور اوپر والا ہاتھ (دینے والا) نیچے کے ہاتھ (لینے والے) سے بہتر ہے ف بخاری میں ہے حضرت نے جب یہ حدیث فرمائی تو میں نے کہا قسم ہے اوسکی جس نے آپ کو پیغمبر کیا میں زندگی بھر کسی سے کچھ نہ مانگونگا چنانچہ حکیم نے اپنا حصہ شیار مار سے بھی نہ لیا ابوبکر اور عمر اپنی اپنی خلافت میں انکو بلاتے حصہ لینے کو اور وہ نہ لیتے **بَابُ** اَلْيَدُ الْعُلْيَا اوپر والا ہاتھ کو کہتا ہے **عَنْ** طَارِقٍ الْمُحَارِبِيِّ قَالَ قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ عَلَى الْمِنْبَرِ يَخْطُبُ النَّاسَ وَهُوَ يَقُولُ يَدُ الْمُعْطِي الْعُلْيَا وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُولُ أُمَّكَ وَأَبَاكَ وَأُخْتَكَ وَأَخَاكَ ثُمَّ أَدْنَاكَ أَدْنَاكَ مختصر ترجمہ طارق محاربی سے روایت ہے ہم مدینہ میں آئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر کھڑے ہوئے خطبہ پڑھ رہے تھے آپ فرماتے تھے دینے والے کا ہاتھ اوپر اور اونچا ہے اور جو خرچ کرے ان کی اور باپ کی اور بہن کے اور بھائی کی پھر سیدھا اور نزدیک کے (یہ حدیث مختصر ہے بڑی حدیث سے) **اَلْيَدُ السُّفْلَى** نیچے والا ہاتھ **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَهُوَ يَذْكُرُ الصَّدَقَةَ وَالتَّعَفُّفَ عَنِ الْمَسْأَلَةِ الْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى وَالْيَدُ الْعُلْيَا الْمُنْفِقَةُ وَالْيَدُ السُّفْلَى السَّائِلَةُ ترجمہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صدقے کا ذکر کرتے تھے اور سوال سے بچنے کا تو فرمایا اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے اور اوپر والا ہاتھ وہ ہے جو خیرات کرے اور نیچا ہاتھ وہ ہے جو مانگے **اَلصَّدَقَةُ** عَنْ ظَهْرِ غِنًى ایسا صدقہ دینا کہ آدمی مالدار رہے بہتر ہے **عَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُولُ ترجمہ ابوہریرہؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہتر صدقہ وہ ہے جو آدمی اوس کے بعد مالدار رہے (یعنی سب مال نہ دیوے بلکہ بقدر اپنی حاجت کے رکھ لیوے تاخود اوسکو مانگنا نہ پڑے) اور بلند ہاتھ نیچے کی ہاتھ سے بہتر ہے اور شروع کر اوس سے جسکی پرورش تجھ پر ہے **تَفْسِيرُ ذٰلِكَ** اس حدیث کی تفسیر **عَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقُوا فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ عِنْدِي دِينَارٌ قَالَ تَصَدَّقْ بِهِ عَلَى نَفْسِكَ قَالَ عِنْدِي آخَرُ قَالَ تَصَدَّقْ بِهِ عَلَى زَوْجَتِكَ قَالَ عِنْدِي آخَرُ قَالَ تَصَدَّقْ بِهِ عَلَى وَلَدِكَ قَالَ عِنْدِي آخَرُ قَالَ تَصَدَّقْ بِهِ عَلَى خَادِمِكَ قَالَ عِنْدِي آخَرُ قَالَ أَنْتَ أَبْصَرُ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صدقہ دو ایک شخص بولا یا رسول اللہ میرے پاس ایک اشرفی ہے آپ نے فرمایا صدقہ کر اپنی اوپر (یعنی اپنے کاموں میں صرف کر) وہ بولا ایک اور ہے آپ نے فرمایا صدقہ کر اپنی بی بی پر وہ بولا ایک اور ہے آپ نے فرمایا صدقہ کر اپنے لڑکے پر وہ بولا ایک اور ہے آپ نے فرمایا صدقہ کر اپنے خدمتگار پر وہ بولا ایک اور ہے آپ نے فرمایا اب تو خود سمجھ لے (یعنی جو مستحق ہو اوسکو دے) **بَابُ** وَإِذَا تَصَدَّقَ

وهو محتاج اليه هل يرد عليه اگر کوئی شخص صدقہ دیوے اور خود محتاج ہو تو صدقہ اوسکا پھیر دیا جاوے عن ابی سعید ان رجلا دخل المسجد يوم الجمعة ورسول الله صلى الله عليه وسلم يخطب فقال صل ركعتين ثم جاء الجمعة الثانية والنبي صلى الله عليه وسلم يخطب فقال صل ركعتين ثم قال تصدقوا فتصدقوا فاعطاه ثوبين ثم جاء الجمعة الثالثة والنبي صلى الله عليه وسلم يخطب فقال صل ركعتين ثم قال تصدقوا فتصدقوا فاعطاه ثوبين ثم قال تصدقوا فطرح احد ثوبيه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم الم تر الى هذا انه دخل المسجد رثا هيئته بذية فرجوت ان لقطوا له فتصدقوا عليه فلم يفعلوا فقلت تصدقوا عليه فلم يفعلوا فقلت تصدقوا فتصدقتم فاعطيته ثوبين ثم قلت تصدقوا فطرح احد ثوبيه خذ ثوبك وانتهرته ترجمہ ابو سعید سے روایت ہے ایک شخص مسجد مین آیا جمعہ کی روز اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھ رہے تھے آپ نے فرمایا دو رکعتین پڑھ پھر دوسری جمعہ مین آیا اور آپ خطبہ پڑھ رہے تھے آپنے فرمایا دو رکعتین پڑھ پھر تیسری جمعہ مین آیا آپ نے فرمایا دو رکعتین پڑھ پھر فرمایا صدقہ دو لوگون نے صدقہ دیا آپنے اوس شخص کو دو کپڑے دی پھر آپنے لوگون سے فرمایا صدقہ دو اوس شخص نے ایک کپڑا نکال کر ڈالدیا اون دو کپڑون مین سے جو بھی آپنے اوسکو دی تھی آپنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم تین دفعہ اس شخص کو یہ مسجد مین آیا بہتے حال سے تو مین سمجھا تم اوسکا حال دیکھ کر پہچان لوگے اور اوسکو صدقہ دوگے لیکن تمنے نہ دیا تو مین ہی نے کہا صدقہ دو جب تم نے صدقہ دیا تو مین نے اوسکو دو کپڑے دیے پہننے کو پھر مین نے کہا صدقہ دو تو اوس نے ایک کپڑا نکال کر ڈالا لے اپنا کپڑا اوٹھایا اور جھڑکا آپ نے اوس کو ف اسوجہ سے کہ وہ خود محتاج تھا اوس کے پاس کپڑے نہ تھے پھر اوسکو صدقہ دینا بیجا تھا کیونکہ پہلے اپنی ضرورت رفع کرنا ضرور ہے صدقة العبد غلام صدقہ دیوے عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان رجلا اتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال ان لي دينارا قال انفقه على نفسك قال ان لي دينارا آخر قال انفقه على ولدك قال ان لي دينارا آخر قال انفقه على خادمك قال ان لي دينارا آخر قال انت ابصر به ترجمہ عمرو سے روایت ہے جو غلام تھا ابی اللحم کا مجھکو میری مالک نے حکم کیا گوشت بہونچا نیکا تمنی مین ایک مسکین آیا مین نے اوسکو تہوڑا گوشت کہلایا جب مالک کو یہ خبر ہوئی تو اوس نے مجھکو مارا مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا آپ نے میرے مالک کو بلا بھیجا اور پوچھا تو کیون اوسکو مارا اوس وہ بولا میرا کہا مانا لوگون کو کھلا دیتا ہے بغیر میری پوچھے یا بغیر میری حکم کے آپنے فرمایا ثواب اوسکا تم دونون کو ملیگا یعنی جب غلام مالک کے مال مین سے اجور و خاوند کے مال مین سے صدقہ دیوے تو ثواب غلام اور مالک اور جورو اور خاوند دونون کو ملیگا عن ابي موسى عن النبي صلى الله عليه وسلم قال على كل مسلم صدقة قيل ارايت ان لم يجد ها قال يعتمل بيديه فينفع نفسه فيتصدق قيل ارايت ان لم يفعل قال يعين ذا الحاجة الملهوف قيل فان لم يفعل قال يامر بالخير قيل ارايت ان لم يفعل قال يمسك عن الشر فانها صدقة ترجمہ ابو موسی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر مسلمان پر صدقہ ہے لوگون نے کہا یا رسول اللہ اگر نہ پاوے (یعنی مقدور نہ ہو) آپنے فرمایا اپنے ہاتھون سے محنت کرے پھر آپنے تئین فایدہ پہونچاوے یہ بھی صدقہ ہے آپنے نفس پر لوگون نے کہا یا رسول اللہ اگر ایسا بھی نہ کرے آپنے فرمایا مدد کرے محتاج پریشان کی لوگون نے کہا اگر ایسا بھی نہ کرے آپنے فرمایا حکم کرے نیک بات کا لوگون نے کہا اگر یہ بھی نہ کرے فرمایا باز رہے برائیون سے یہ بھی ایک صدقہ ہے صدقة المراة

مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا عورت اپنے خاوند کے مال سے صدقہ دیوے عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا تَصَدَّقَتِ
الْمَرْأَةُ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا كَانَ لَهَا أَجْرُهَا وَلِلزَّوْجِ مِثْلُ ذٰلِكَ وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ وَلَا يَنْقُصُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ
مِنْ أَجْرِ صَاحِبِهِ شَيْئًا لِلزَّوْجِ بِمَا كَسَبَ وَلَهَا بِمَا أَنْفَقَتْ ترجمہ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا جب عورت اپنے خاوند کے مال میں سے صدقہ دیوے تو اسکو ثواب ملیگا اور اتنا ہی ثواب اوس کے خاوند کو ملیگا اور اوتنا ہی ثواب
خزانچی کو ملیگا اور کوئی انمیں سے دوسرے کا ثواب کم نہ کریگا خاوند کو کمانیکی وجہ سے اور عورت کو خرچنیکی وجہ سے ثواب ملیگا
عطیۃ الْمَرْأَةُ بِغَيْرِ إِذْنِ زَوْجِهَا عورت بغیر اجازت خاوند کے نہ دیوے عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ لَمَّا فَتَحَ رَسُولُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ قَامَ خَطِيبًا فَقَالَ فِي خُطْبَتِهِ لَا يَجُوزُ لِامْرَأَةٍ عَطِيَّةٌ إِلَّا بِإِذْنِ زَوْجِهَا ترجمہ عبداللہ بن عمرو
سے روایت ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ کو فتح کیا تو خطبے کے لئے کھڑے ہوئے اور فرمایا خطبے میں عورت کو صدقہ دینا جائز نہیں
ہے مگر اپنی خاوند کی اجازت سے فضل الصَّدَقَةِ صدقے کی فضیلت عَنْ عَائِشَةَ رض قَالَتْ إِنَّ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْتَمَعْنَ عِنْدَهُ فَقُلْنَا أَيَّتُنَا بِكَ أَسْرَعُ لُحُوقًا فَقَالَ أَطْوَلُكُنَّ يَدًا فَأَخَذْنَ قَصَبَةً فَجَعَلْنَ يَذْرَعْنَهَا
فَكَانَتْ سَوْدَةُ أَطْوَلَهُنَّ يَدًا وَكَانَتْ أَطْوَلُهُنَّ يَدًا فَكَانَ ذٰلِكَ مِنْ كَثْرَةِ الصَّدَقَةِ ترجمہ ام المومنین عائشہ
سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بی بیان آپکے پاس اکٹھی ہوئیں ہمنے کہا کون بی بی آپسے جلد ملیگی آپنے فرمایا جو تم سے لمبے ہاتھ والی ہے (یعنی بہت سخی ہے) اونہوں نے ایک لکڑی لی اور ہاتھ ناپنے لگیں (وہ سمجھیں کہ مراد آپکی یہی ہے جسکا ہاتھ لمبا ہو) تو سب سے جلدی (حضرت کی بی بیون میں) سودہ آپسے ملیں (یعنی اونکی وفات سب بی بیون سے پہلی ہوئی) سو انمیں لمبے ہاتھ والی تھیں (یعنی صدقہ بہت دیتی تھیں لیکن دوسری روایتون میں ہے کہ سب بی بیون میں پہلے آنحضرت کے حضرت زینب کا انتقال ہوا اور وہ سب میں زیادہ سخی تھیں اور یہی صحیح ہے) باب وَأَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ کونسا
صدقہ افضل ہے عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ قَالَ أَنْ تَصَدَّقَ وَأَنْتَ صَحِيحٌ
شَحِيحٌ تَأْمُلُ الْعَيْشَ وَتَخْشَى الْفَقْرَ ترجمہ ابوہریرہ رضی سے روایت ہے ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ کونسا صدقہ بہتر ہے آپنے فرمایا
تیرا صدقہ دینا اوس وقت جب تندرست ہو مال کی حرص رکھتا ہو عیش کی آرزو رکھتا ہو محتاجی سے ڈرتا ہو ف اور یہ نہیں تو ہمارے
مرنے کے وقت جب سب ارمان پوری ہو جاتی ہیں سب ہی صدقہ دیتے ہیں عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْضَلُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُولُ
ترجمہ حکیم بن حزام سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہتر صدقہ وہ ہے جسکے بعد آدمی مالدار رہے اور اوپر والا ہاتھ
بہتر ہے نیچے والے ہاتھ سے اور شروع کر صدقہ اون سے جنکی پرورش تجھپر ہے عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ إِذَا أَنْفَقَ الرَّجُلُ عَلَى أَهْلِهِ وَهُوَ يَحْتَسِبُهَا كَانَتْ لَهُ صَدَقَةً ترجمہ ابومسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلعم نے
فرمایا جب مرد صرچ کرے اپنی بی بی پر ثواب کے واسطے (یعنی خدا کی حکم کو بجا لانے کی نیت سے) تو اوسکے صدقے کا ثواب حاصل ہوگا عَنْ

اَبِی هُرَیْرَةَ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَیْرُ الصَّدَقَةِ مَا کَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًی وَابْدَاْ بِمَنْ تَعُوْلُ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہتر صدقہ وہ ہے جسکے بعد آدمی مالدار رہے اور شروع کر صدقہ اُس سے جسکی پرورش تجھپر ہے **عن** جَابِرٍ قَالَ اَعْتَقَ رَجُلٌ مِّنَّا غُلَامًا عَنْ دُبُرٍ فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلَكَ مَالٌ غَیْرُهٗ قَالَ لَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ یَّشْتَرِیْهِ مِنِّیْ فَاشْتَرَاهُ نُعَیْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَدَوِیُّ بِثَمَانِ مِائَةِ دِرْهَمٍ فَجَاءَ بِهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَدَفَعَهَا اِلَیْهِ ثُمَّ قَالَ اِبْدَاْ بِنَفْسِكَ فَتَصَدَّقْ عَلَیْهَا فَاِنْ فَضَلَ شَیْءٌ فَلِاَهْلِكَ فَاِنْ فَضَلَ شَیْءٌ عَنْ اَهْلِكَ فَلِذِیْ قَرَابَتِكَ فَاِنْ فَضَلَ عَنْ ذِیْ قَرَابَتِكَ شَیْءٌ فَهٰهُنَا وَهٰهُنَا یَقُوْلُ بَیْنَ یَدَیْكَ وَعَنْ یَّمِیْنِكَ وَعَنْ شِمَالِكَ ترجمہ جابر رضی سے روایت ہے ایک شخص نے بنی عذرہ میں سے اپنے غلام کو آزاد کیا اپنے مرنے کے بعد یہ خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہونچی آپنے فرمایا تیرے پاس اور کچھ مال ہی سوا اس غلام کے وہ بولا نہیں آپنے فرمایا کون خریدتا ہی اس غلام کو نعیم بن عبداللہ نے آٹھسو درہمون کو وہ غلام خریدا آپ اون درہمون کو اوس شخص پاس لائے دینے کو (جسکا غلام تھا) پھر فرمایا شروع کر اپنی ذات سے پہلے اوسپر صدقہ کر (یعنی اپنے نفس کو آرام دے) اگر اوس سے کچھ بچے تو اپنی بی بی کو دے اگر اوس سے کچھ بچے تو اپنے ناتے والے کو دے اگر اوس سے کچھ بچے تو اسطرح اور اسطرح یعنے سامنے سے اور دہنی طرف سے اور بائین طرف سے (فقیرون کو دے) **صَدَقَةُ الْبَخِیْلِ** بخیل کے صدقے کا بیان **عن** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مَثَلَ الْمُنْفِقِ الْمُتَصَدِّقِ وَالْبَخِیْلِ كَمَثَلِ رَجُلَیْنِ عَلَیْهِمَا جُبَّتَانِ اَوْ جُنَّتَانِ مِنْ حَدِیْدٍ مِّنْ لَّدُنْ ثُدِیِّهِمَا اِلٰی تَرَاقِیْهِمَا فَاِذَا اَرَادَ الْمُنْفِقُ اَنْ یُّنْفِقَ اتَّسَعَتْ عَلَیْهِ اَوْ مَرَّتْ حَتّٰی تُجَنَّ بَنَانَهٗ وَتَعْفُوَ اَثَرَهٗ وَاِذَا اَرَادَ الْبَخِیْلُ اَنْ یُّنْفِقَ قَلَصَتْ وَلَزِمَتْ كُلُّ حَلْقَةٍ مَّوْضِعَهَا حَتّٰی اَخَذَتْ بِتَرْقُوَتِهٖ اَوْ بِرَقَبَتِهٖ یَقُوْلُ اَبُوْ هُرَیْرَةَ اَشْهَدُ اَنَّهٗ رَاٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُوَسِّعُهَا فَلَا تَتَّسِعُ قَالَ طَاؤُسٌ سَمِعْتُ اَبَا هُرَیْرَةَ یُشِیْرُ بِیَدَیْهِ وَهُوَ یُوَسِّعُهَا وَلَا تَتَّسِعُ ترجمہ ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خرچنی والی خیرات کرنیوالی کے اور بخیل کی مثال ایسی ہے جیسے دو مردون کی جن پر دو کرتے یا دو زرہین لوہے کی چھاتی سے لیکر ہنسلی تک اب خرچنی والا (سخی) جب خرچنا چاہتا ہے تو اوسکی زرہ کشادہ ہو جاتی ہے اور چلی جاتی ہے یہانتک کہ اوسکے پورون کو ڈھانپ لیتی ہے پھر اوسکے چلنے کا نشان مٹ جاتا ہی (یعنی جو خرچ اوسکے ذمے ہونیکے تھے زمین پر اُسکے قدم کا نشان نہین رہتا) اور بخیل جب خرچنی کا قصد کرتا ہے تو وہ زرہ سمٹ جاتی ہے اور ہر ایک چھلہ اوسکا دوسرے چھلے کو پکڑ لیتا ہے یہانتک کہ اوسکی ہنسلی یا گردن پکڑ لیتی ہے۔ ابوہریرہ نے کہا مین گواہی دیتا ہون مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ اوسکو کشادہ کرتے تھے وہ کشادہ ہوتی نہ تھی طاؤس نے کہا مین نے ابوہریرہ سے سنا دونون ہاتھ سے اشارہ کرتے تھے کشادہ کرنیکے لئے وہ کشادہ ہوتی نہ تھی **فائدہ** اس حدیث کے الفاظ اور معانی مین اور ترتیب مین راویون کا بہت اختلاف ہوا ہے یہانتک کہ بعضی راویون مین بوجہ تقدیم اور تاخیر اور تحریف الفاظ کے مطلب بگڑ گیا ہے مگر جو روایت اوپر مذکور ہوئی قریب

ہی معاف کے اور حاصل اوسکا یہ ہی کہ سخی خرچ کرنیمین خوش رہتا ہی اور دل اوسکا کشادہ ہوتا ہے اور نشان مٹھی سی یہہ غرض ہے کہ مال کا نقصان صدقہ ہی سے مٹ جاتا ہی اور وہ مال بڑہ کر ویسا ہی یا اوس سے بھی زیادہ ہو جاتا ہے برخلاف بخیل کے وہ خرچ کرنیمین دل تنگ ہوتا ہی بقول شخصے کہ ہڈی جائے پر دمڑی نہ جائے **عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال مثل البخیل والمتصدق** مثل رجلین علیھما جبتان من حدید قد اضطرت ایدیھما الی تراقیھما فکلما ھم المتصدق بصدقۃ اتسعت علیہ حتی تعفی اثرہ وکلما ھم البخیل بصدقۃ تقبضت کل حلقۃ الی صاحبتھا وتقلصت علیہ وانضمت یدہ الی تراقیہ وسمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول فبینما ھما کذلک اذ یوسعھا فلا تتسع **ترجمہ** ابوہریرہ رضی سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مثال بخیل کے اور صدقہ دینے والے کی (یعنی سخی کی) اون دو شخصونکی سی ہی جو لوہے کی دو جبے پہنے ہون اور اون کے ہاتھ چھاتی گئی ہون ہنسلی سے تو جب صدقہ دینے والا قصد کرتا ہی صدقہ دینے کا وہ جبہ کشادہ ہو جاتا ہی یہانتک کہ اوسکے پانوں کا نشان مٹتا ہی (بوجہ کشادہ ہونے کے اور زمین پر لگنے کے) اور جب بخیل قصد کرتا ہی صدقے کا تو ہر ایک حلقہ اوس کا دوسری سے پیوست ہو جاتا ہی اور جبہ سمٹ جاتا ہی اور دونون ہاتھونکو ہنسلی پر جوڑ دیتا ہی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے وہ کوشش کرتا ہی کشادہ کرنے کی لیکن کشادہ نہین ہوتا **عن ابی امامۃ بن سھل بن حنیف** قال کنا یوما فی المجلد جلوسا ونفر من المھاجرین وانا نصار فارسلنا رجلا الی عائشۃ یستاذن فدخلنا علیھا قالت دخل علی سائل منذ وعندی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فامرت لہ بشیء ثم دعوت بہ فنظرت الیہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اما ما ان یدین ان لا یدخل بیتک شیء وانت تعرفین بہ یعلم قلت نعم قال فارضاک یا عائشۃ ارضی فضی اللہ عز وجل علیک **ترجمہ** ابوامامہ بن سہل بن حنیف سے روایت ہی ہم ایک روز مسجد میں بیٹھے تھے اور کئی مہاجر اور انصار بیٹھے تھے ایک شخص کو ہم نے بھیجا حضرت عائشہ کے پاس اجازت چاہنے کو پھر ہم گئے اون کے پاس اونہون نے کہا ایک بار ایک فقیر میرے پاس آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے تھے میں نے حکم کیا اوسکو کچھ دینے کا پھر میں نے منگوا کر اوسکو دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو چاہتی ہی تیرے گھر میں کچھ نہ آوے نہ جاوے بغیر تیری جانے ہوئے میں نے کہا ہان اپنے فرمایا چھوڑ اے عائشہ مت گن پھر اللہ بھی گن کر تجھ دیگا (یعنی بیحساب اپنی گرہ سے تجھ دیگی) **عن اسماء بنت ابی بکر** ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لھا لا تحصی فیحصی اللہ عز وجل علیک **ترجمہ** اسماء بنت ابی بکر سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اون سے فرمایا مت گن نہیں تو اللہ بھی گن کر تجھ دیگا **عن اسماء بنت ابی بکر** انھا جاءت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالت یا نبی اللہ لیس لی شیء الا ما ادخل علی الزبیر فھل علی جناح ان ارضخ مما یدخل علی فقال ارضخی ما استطعت ولا توکی فیوکی اللہ عز وجل علیک **ترجمہ** اسماء بنت ابی بکر سے روایت ہی وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پاس آئین اور کہنے لگین ای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری پاس کچھ نہین ہی مگر جو زبیر اون کے خاوند مجھ دیتے ہین کیا فی کو یا خرچ کو) کیا مجھ گناہ ہوگا اگر میں اوس سے کچھ دیا کروں (فقیروں اور محتاجون کو) آپ نے فرمایا دیا کر وجہانتک تجھ سے ہو سکے اور مت اونٹ لگا (یعنی مت روک) نہیں تو اللہ بھی گا تجھ پر **القلیل فی الصدقۃ** تھوڑی ہی صدقہ کا بیان **عن خدیج عن النبی**

صلی اللہ علیہ وسلم قال اتقوا النار ولو بشق تمرۃ ۔ ترجمہ عدی بن حاتم سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بچو تم جہنم سے صدقہ دیکر اگرچہ کھجور کا ایک ٹکڑا ہو عن عدی بن حاتم قال ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم النار فاشاح بوجھہ وتعوذ منھا ثم ذکر شعبۃ مرۃ اخری انہ فعل ثلاث مرات ثم قال اتقوا النار ولو بشق تمرۃ فان لم تجدوا فبکلمۃ طیبۃ ۔ ترجمہ عدی بن حاتم سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہنم کا ذکر کیا تو اپنی منہ کو سکیڑا یا ہم سمجھے کہ آپ جہنم کو دیکھ رہے ہیں) اور پناہ مانگی جہنم سے شعبہ نے کہا تین بار آپ نے ایسا ہی کیا پھر فرمایا بچو تم انگار سے اگرچہ کھجور کا ٹکڑا دیکر اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو اچھی بات کہہ کر ف یعنی سائل جب سوال کرے اگرچہ میسر ہو تو دینا ہے تھوڑا ہو یا بہت جو کچھ نہ ہو سکے تو جواب دینا نرمی سے کہ سائل کا جی خوش رہے اس میں بھی صدقے کا ثواب ہے باب الترغیب علی الصدقۃ صدقے کی فضیلت عن جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال کنا عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی صدر النہار فجاء قوم عراۃ حفاۃ مقلدی السیوف عامتھم من مضر فلما رای بھم من الفاقۃ تمعر وجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما رای بھم من الفاقۃ فدخل ثم خرج فامر بلالا فاذن فاقام الصلوٰۃ فصلی ثم خطب فقال یا ایھا الناس اتقوا ربکم الذی خلقکم من نفس واحدۃ وخلق منھا زوجھا وبث منھما رجالا کثیرا ونساء ۲ واتقوا اللہ الذی تساءلون بہ والارحام ان اللہ کان علیکم رقیبا ط واتقوا اللہ ولتنظر نفس ما قدمت لغد تصدق رجل من دینارہ من درھمہ من ثوبہ من صاع برہ من صاع تمرہ حتی قال ولو بشق تمرۃ فجاء رجل من الانصار بصرۃ کادت کفہ تعجز عنھا بل قد عجزت ثم تتابع الناس حتی رایت کومین من طعام وثیاب حتی رایت وجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتھلل کانہ مذھبۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من سن فی الاسلام سنۃ حسنۃ فلہ اجرھا واجر من عمل بھا من غیر ان ینقص من اجورھم شیئا ومن سن فی الاسلام سنۃ سیئۃ فعلیہ وزرھا ووزر من عمل بھا من غیر ان ینقص من اوزارھم شیئا ۔ ترجمہ جریر بن عبد اللہ روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے ابھی دن بہت نہ چڑھا تھا اتنے میں کچھ لوگ آئے ننگے بدن ننگے پاؤں تلوار لٹکائے ہوئے اکثر ان میں مضر کے قبیلے سے تھے بلکہ سب مضر ہی تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ بدل گیا ان کی محتاجی کچھ کر پہلے آپ اندر گئے پھر نکلے پھر بلال کو حکم دیا اذان دینے کا اور نہوں نے اذان دی نماز تیار ہوئی آپ نے نماز پڑھی پھر خطبہ پڑھا اور فرمایا یا ایھا الناس اتقوا ربکم الذی خلقکم اخیر تک اے ایمان والو ڈرو اپنے مالک سے جسنے تم کو پیدا کیا ایک جان سے پھر اوس کے بی بی اوسی میں سے پیدا کی پھر پھیلایا ان دونوں سے بہت مردوں اور عورتوں کو (مطلب یہ ہے کہ انسانی اولاد دی پر لوگ متعدد ہوئے یہ خیال کر کے کہ آدمی سب ایکدوسرے کے بھائی ہیں) ڈرو اوس اللہ سے جسکے نام کے ذریعے تم مانگتے ہو ایک دوسرے سے اور ناتوں کے ذریعے سے بیشک اللہ تم کو دیکھ رہا ہے ڈرو اللہ سے اور دیکھتی ہر آدمی جو اوس نے بھیجا ہے کل کے روز کے لیے (یعنی قیامت کے لیے کیا سامان کیا ہے) صدقہ دو آدمی کا اشرفی سے ہے روپیہ سے ہے کپڑے سے ہے ایک صاع گیہوں سے ہے ایک صاع جو سے ہے یہاں تک کہ کھجور

کے کپڑے سے پھر ایک شخص انصاری ایک تھیلی (روپیون کی) لایا جو اوسکی تھیلی مین نہین سماتی تھی پھر اور لوگون کی تار بندھ گئی یہانتک کہ دو ڈھیر اونچے اونچے کپڑے کے ہوگئے مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مُنہ کو دیکھا جیسے ہاتھا جیسے سونا خوشی سے اور فرحت سے اسلئے کہ آپ کی نصیحت کی تاثیر ہوئی اور غریبون کا کام نکلا واسطے نصاحت اور بلاغت اسی کا نام ہے جو آپ مین تھی) تب آپنے فرمایا جو شخص اسلام مین نیک دستور نکالے (جس سے مسلمانون کا فایدہ ہو اسلام کی ترقی ہو) اوسکو اوسکے لئے نیکی کا ثواب ہے اور اون لوگون کا ثواب ہے جو اوسپر عمل کرینگے بغیر اسکے کہ عمل کرنیوالیکا ثواب کچھ کم ہوگا اور جو شخص اسلام مین بری بات نکالے (جس سے مسلمانون کو نقصان ہو یا جو اسلام کو ضعیف کرے) تو اوسپر اوس بری بات نکالنے کا عذاب ہے اور اون لوگون کا عذاب بھی اوسی پر ہوگا جو اوسپر عمل کرینگے بغیر اسکے کہ عمل کرنیوالون کا عذاب کم ہوگا ف یہان ہی انصاری نے راہ نکالی کہ سب سے پہلے صدقہ لایا پھر اور لوگ بھی اوسکے دیکھا دیکھی لائے چونکہ یہہ بات نیک تھی اون انصاری کو اپنے صدقے کا ثواب بھی ملا اور دون کا بھی ثواب ہوا

عن جَارِيَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ تَصَدَّقُوا فَإِنَّهُ سَيَأْتِي عَلَيْكُمْ زَمَانٌ يَمْشِي الرَّجُلُ بِصَدَقَتِهِ فَيَقُولُ الَّذِي يُعْطَاهَا لَوْ جِئْتَ بِهَا بِالْأَمْسِ قَبِلْتُهَا فَأَمَّا الْيَوْمَ فَلَا

ترجمہ جارثہ بن وہب سے روایت ہے مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے صدقہ کرو اس لئے کہ ایک زمانہ ایسا آویگا جب کوئی اپنا صدقہ ایک شخص کو دینے جاویگا وہ کہیگا کل لاتا تو مین لے لیتا آج نہین لونگا (اس لئے کہ آج مالدار ہوگیا ہون مطلب یہہ ہے کہ روپیہ خیر زمانی مین بہت جلد ہاتھ آویگا بوجہ بی انتظامی اور لوٹ پوٹ اور فسادکی بازارین کے خزانے کھلجاوین گے اور دولت کو بہت ترقی ہوگی لیکن دینے والے کم ہون گے

عن أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْفَعُوا تُشَفَّعُوا وَيَقْضِي اللهُ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ مَا شَاءَ

ترجمہ ابوموسیٰ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سفارش کرو اور سفارش قبول کرو (کسی مسلمان کے فایدے کی) اللہ اپنی پیغمبر کی زبان سے جو چاہیگا حکم کریگا (یعنی ہوگا وہی جو خدا کا حکم ہے پھر سفارش مین کیا نقصان ہے)

عن مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الرَّجُلَ يَسْأَلُنِي الشَّيْءَ فَأَمْنَعُهُ حَتَّى تَشْفَعُوا إِلَيَّ فَتُؤْجَرُوا وَإِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اشْفَعُوا تُؤْجَرُوا

ترجمہ معاویہ بن ابی سفیان سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھسے کوئی شخص مانگتا ہے مین نہین دیتا جبتک تم سفارش نہین کرتے جب تم سفارش کرتے ہو تم کو ثواب ہوتا ہے سفارش کرو ثواب پاؤ گے

الاختيال في الصدقة صدقے مین فخر کرنا

الانصاری عن ابیہ قال عدل الی عبد اللہ بن عمر وانا نازل بضجنان بمرتین بمکۃ فقال ما انزلک ھذہ الشجرۃ فقلت انزلنی ظلھا فقال عن ھذا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کنت بین الاخشبین من منی ونفخ بیدہ نحو المشرق فان ھناک وادیا یقال لہ السرر بہ وفی حدیث الحارث یقال لہ السرر بہ سرحۃ سرحتھا سبعون نبیا ترجمہ محمد بن عمرو انصاری سے روایت ہے انہوں نے سنا اپنے باپ سے میں طرف مڑی عبد اللہ بن عمر اور میں ایک درخت کی تلے اور تراتھا مکہ کے راہ میں انہوں نے کہا تم اس درخت کی تلے کیوں تھہرے ہو میں نے کہا سایہ کے لیے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تو دو پہاڑوں کی بیچ میں ہو منا کے اور اشارہ کیا مشرق کیطرف تو وہاں ایک وادی (راہ دو پہاڑوں کی بیچ میں) ہے جس کو سربہ یا سرر کہتے ہیں وہاں ایک درخت ہے اوس کے تلے ستر پیغمبر دن کی اتول کاٹی گئی ہے عن عبد الرحمن بن معاذ قال خطبنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بمنی فنضر اللہ امرأ سمع منا حدیثا فحفظہ حتی یبلغہ غیرہ فرب حامل فقہ لیس بفقیہ ورب حامل فقہ الی من ھو افقہ منہ ثلاث لا یغل علیھن قلب امرئ مسلم اخلاص العمل للہ ومناصحۃ ولاۃ الامر واللزوم لجماعتھم فان دعوتھم تحیط من ورائھم المھاجرون منازلنا فطفق النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعلمھم مناسکھم حتی بلغ الجمار فقال بحصی الخذف ولم المھاجرین ان ینزلوا فی مقدم المسجد وعرصۃ الانصار ان ینزلوا فی مؤخر المسجد ترجمہ عبد الرحمن بن معاذ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ پڑھا منا میں تو ہمنے ہماری کان کھولدیں جو آپ فرماتے تھے وہ ہم سنتے ہیں اپنے اپنے ٹھکانوں سے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شروع کیا انکو بتلانا جو کہ طریقہ یہانتک کہ جمرات کی باتیں پہونچیں تو پہونچی چودی کنکریاں مارنی انگلیوں سے اور حکم کیا مہاجرین کو مسجد میں آگے اترنیکا اور انصار کو پیچھے اترنے کا این صلی الامام الظھر یوم الترویۃ آٹھویں تاریخ کو امام ظہر کی نماز کہاں پڑھے عن عبد العزیز بن رفیع قال سألت انس بن مالک قلت اخبرنی بشیء حفظتہ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم این صلی الظھر یوم الترویۃ قال بمنی قلت این صلی العصر من النفر قال بالابطح ترجمہ عبد العزیز بن رفیع سے روایت ہے میں انس بن مالک سے پوچھا تم مجھ سے وہ بات بیان کرو جو تم کو یاد ہو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اپنے ظہر کہاں پڑھی آٹھویں تاریخ او نہوں نے کہا منا میں میں نے کہا کوچ کے دن عصر کہاں پڑھی او نہوں نے کہا ابطح میں (یعنے محصب میں جو ایک مقام ہے مکہ سے ایک میل کے فاصلہ پر) التلبیۃ من منی الی عرفات کہنا حج عرفات کو جاتا عن ابن عمر قال غدونا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من منی الی عرفۃ منا الملبی ومنا المکبر ترجمہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چلی منا سے عرفے کو کوئی ہم میں سے تکبیر کہتا اور کوئی لبیک کہتا عن ابن عمر قال غدونا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی عرفات منا الملبی ومنا المکبر ترجمہ وہی جو اوپر گزرا التکبیر فی المسیر الی عرفۃ عرفات کو جاتی ہوئی تکبیر کہنا عن محمد بن ابی بکر الثقفی قال قلت لانس وعن غادیان من منی الی عرفات ما کنتم تصنعون فی التلبیۃ مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ھذا الیوم قال کان الملبی یلبی فلا ینکر علیہ ویکبر المکبر

فَلَا يُنْكَرُ عَلَيْهِ ترجمہ محمد بن ابی بکر ثقفی سے روایت ہی مین نے انس سے کہا اور ہم دونون چلے آتے تھے عرفات کو منا سے تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آج کے دن لبیک مین کیا کرتے تھے انہون نے کہا کوئی لبیک کہتا تو برا نہ جانتا اور جو تکبیر کہتا تو برا نہ جانتے (کیونکہ مقصود اللہ کا ذکر ہی) اَلتَّلْبِيَةُ تُرْفَعُ عرفات کو جاتی ہوئی لبیک کہنا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ وَهُوَ الثَّقَفِيُّ قَالَ قُلْتُ لِأَنَسٍ غَدَاةَ عَرَفَةَ مَا تَقُولُ فِي التَّلْبِيَةِ فِي هَذَا الْيَوْمِ قَالَ رَأَيْتُ هَذَا الْمَسِيرَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ وَكَانَ مِنْهُمُ الْمُهِلُّ وَمِنْهُمُ الْمُكَبِّرُ فَلَا يُنْكِرُ أَحَدٌ مِنْهُمْ عَلَى صَاحِبِهِ ترجمہ محمد بن ابی بکر ثقفی سے روایت ہی مین نے انس سے کہا نویں ذی الحجہ کو تم لبیک مین کیا کہتے ہو آج کے روز انہون نے کہا مین آج کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپکے اصحاب کے ساتھ چلا ہون کوئی ان مین سے لبیک پکارتا کوئی تکبیر کہتا اور دونون مین کوئی دوسری پر اعتراض نہ کرتا اُذْكُرُوا فِي يَوْمِ عَرَفَةَ عرفے کے دن کی فضیلت عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ قَالَ يَهُودِيٌّ يَوْمَ كَذَا لَوْ عَلَيْنَا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ لَاتَّخَذْنَاهُ عِيدًا - اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ - قَالَ عُمَرُ قَدْ عَلِمْتُ الْيَوْمَ الَّذِي أُنْزِلَتْ فِيهِ وَاللَّيْلَةَ الَّتِي أُنْزِلَتْ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ وَهُمَا وَاللَّهِ بِعَرَفَاتٍ وَهُمَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَاتٍ ترجمہ طارق بن شہاب سے روایت ہی ایک یہودی نے حضرت عمر سے کہا اگر ہمارے اوپر یہ آیت اترتی - اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ - یعنی آج مین نے تمہارا دین پورا کیا تو ہم اوسدن کو عید کرلیتے (خوشی سی) حضرت عمر نے کہا مین جانتا ہون جسدن یہ آیت اتری اور جس رات اتری وہ جمعے کی رات تھی اور ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے عرفات مین عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ يَوْمٍ أَكْثَرَ مِنْ أَنْ يُعْتِقَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيهِ عَبْدًا أَوْ أَمَةً مِنَ النَّارِ مِنْ يَوْمِ عَرَفَةَ وَإِنَّهُ لَيَدْنُو ثُمَّ يُبَاهِي بِهِمُ الْمَلَائِكَةَ وَيَقُولُ مَا أَرَادَ هَؤُلَاءِ ترجمہ ام المومنین عائشہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی دن اتنے غلام اور لونڈی اللہ آزاد نہین کرتا جہنم سے جتنے عرفے کے دن (یعنی نویں تاریخ ذیحجہ کی) آزاد کرتا ہے مقرر حق تعالے اوسدن نزدیک ہوتا ہے اپنے بندون سے پھر فخر کرتا ہے اپنے بندون سے فرشتون پر اور فرماتا ہے (رعایت سی) یہ لوگ کیا چاہتے ہین (مین نے انکو بخشدیا مراد وہ بندے ہین جو حج کو جاتے ہین اور عرفات مین جمع ہوتے ہین اَلنَّهْيُ عَنْ صَوْمِ يَوْمِ عَرَفَةَ عرفے کے دن روزہ رکھنے کی ممانعت عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ يَوْمَ عَرَفَةَ وَيَوْمَ النَّحْرِ وَأَيَّامَ التَّشْرِيقِ عِيدُنَا أَهْلَ الْإِسْلَامِ وَهِيَ أَيَّامُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ ترجمہ عقبہ بن عامر رضہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک عرفے کا دن اور بقر عید کا دن اور ایام تشریق (یعنی ۱۱ - ۱۲ - ۱۳ - ذیحجہ کے) یہ ہماری مسلمانون کے عید کے دن ہین اور یہ دن کہانے پینے کے ہین (لیکن عرفے کے دن روزہ رکھنا حرام نہین ہی اور باقی دونون مین حرام ہی اور بعضون کے نزدیک حاجی کو عرفے کے دن روزہ رکھنا مکروہ ہی تاکہ ارکان حج مین خلل نہ پڑے اور جو حاجی نہ ہو اوس کو درست ہی) اَلرَّوَاحُ يَوْمَ عَرَفَةَ

عرفے کے دن جلدی عرفات پر پہنچنا عن سالم بن عبد اللہ قال کتب عبد الملک بن مروان الی الحجاج بن یوسف یامرہ ان لا یخالف ابن عمر فی الحج فلما کان یوم عرفۃ جاءہ ابن عمر حین زالت الشمس وانا معہ فصاح عند سرادقہ این ھذا فخرج الیہ احتجاج وعلیہ ملحفۃ معصفرۃ فقال کیف انت یا مالک یا ابا عبد الرحمن قال الرواح ان کنت تریدالسنۃ قال لہ ھذہ الساعۃ قال لہ نعم قال فانظر علی ثم اخرج الیک فانتظرہ حتی خرج فسار بینی وبین ابی فقلت ان کنت تریدان تصیب السنۃ فقصر الخطبۃ وعجل الوقوف فجعل ینظر الی ابن عمر کیما یسمع ذلک منہ فلما رای ذلک ابن عمر قال صدق ترجمہ سالم بن عبد اللہ سے روایت ہے عبد الملک بن مروان نے (جو خصفا ہی بنی امیہ میں سے تھا) حجاج بن یوسف کو لکھا (جو حاکم مکہ کا عبد الملک کیطرف سے) کہ مخالفت نکرے عبد اللہ بن عمر رضی کی حج کے کاموں میں جب عرفے کا دن ہوا تو عبد اللہ بن عمر دوپہر ڈھلتی ہی اوس کے پاس آئے میں بھی ان کے ساتھ تھا اور اوسکی پردے کے پاس آکر پکارا کہاں ہے یہ حجاج نکلا ایک کسم کے رنگ کا تہبند باندھے ہوئے اور کہنے لگا کیا کہتے ہو اے ابا عبد الرحمن اونہوں نے کہا چلو اگر سنت کی پیروی چاہتے ہو حجاج نے کہا ابھی ہی اونہوں نے کہا ہاں کہا پانی ڈال لوں اپنے اوپر پھر نکلتا ہوں عبد اللہ بن عمر اوسکا انتظار کرتے رہے یہانتک کہ نکلا اور میری اور باپ کے بیچ میں چلا میں نے کہا اگر تو سنت کی پیروی چاہتا ہی تو خطبہ چھوٹا پڑھ اور عرفات میں جلدی کر ٹھہرنے کے لیی وہ ابن عمر کیطرف دیکھنے لگا اون سے سننے کی لیی اونہوں نے کہا سچ کہتا ہی **التلبیۃ بعرفۃ** عرفات میں لبیک کہنا عن سعید بن جبیر قال کنت مع ابن عباس بعرفات فقال مالی لا اسمع الناس یلبون قلت یخافون من معاویۃ فخرج ابن عباس من فسطاطہ فقال لبیک اللھم لبیک لبیک فانھم قد ترکوا السنۃ من بغض علی ترجمہ سعید بن جبیر سے روایت ہے میں عبد اللہ بن عباس کے ساتھ تھا عرفات میں اونہوں نے کہا کیا سبب ہے جو لبیک کی آواز نہیں آتی میں نے کہا لوگ معاویہ سے ڈرتی ہیں (اونہوں نے لبیک کہنے سے منع کیا ہی) یہ سنکر عبد اللہ بن عباس اپنے ڈیرے سے نکلے اور کہا لبیک اللھم لبیک لبیک لوگوں نے سنت کو چھوڑ دیا حضرت علی کی عداوت میں (اور معاویہ کی محبت میں) **الخطبۃ بعرفۃ قبل الصلوٰۃ** عرفات میں نماز سے پہلے خطبہ پڑھنا عن سلمۃ بن نبیط عن ابیہ قال رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخطب علی جمل احمر بعرفۃ قبل الصلوٰۃ ترجمہ سلمہ بن نبیط سے روایت ہے اونہوں نے اپنے باپ سے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا خطبہ پڑھتے ہوئے عرفات میں ایک لال اونٹ پر نماز سے پہلے **الخطبۃ یوم عرفۃ علی الناقۃ** عرفات کے دن اونٹ پر سوار ہو کر خطبہ پڑھنا عن سلمۃ بن نبیط عن ابیہ قال رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخطب یوم عرفۃ علی جمل احمر ترجمہ اوپر گزر چکا **قصر الخطبۃ بعرفۃ** عرفات میں خطبہ مختصر پڑھنا عن سالم بن عبد اللہ ان عبد اللہ بن عمر جاء الی الحجاج بن یوسف یوم عرفۃ حین زالت الشمس وانا معہ فقال

الرواح ان کنت تریدالسنة فقال ھذہ الساعة قال نعم قال سالم فقلت للحجاج ان کنت تریدان تصیب الیوم السنة فاقصر الخطبة وعجل الصلوٰة فقال عبداللہ بن عمر صدق ترجمہ سالم بن عبداللہ سے روایت ہی عبداللہ بن عمر حجاج بن یوسف کے پاس آئے اور کہا چل اگر سنت کی پیروی چاہتا ہے اوس نے کہا ابھی عبداللہ بن عمر نے کہا ہان سالم نے کہا ہین حجاج سے بولا اگر تو آجکے دن سنت پر چلنا چاہتا ہی تو خطبہ مختصر پڑہ اور نماز جلدی پڑہ عبداللہ بن عمر نے کہا سچ کہتا ہے **باب** الجمع بین الظہر والعصر بعرفة عرفات مین ظہر اور عصر ملا کر پڑہنا عن عبداللہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی الصلوٰة لوقتھا الا بجمع وعرفات ترجمہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کو اپنے وقت پر پڑہتے مگر مزدلفہ اور عرفات مین (عرفات مین ظہر اور عصر دونون ظہر کیوقت پڑہ لیتے اور مزدلفہ مین مغرب اور عشا دونون عشا کیوقت پڑہتی **باب** رفع الیدین فی الدعاء بعرفة عرفات مین ہاتھ اوٹھاکر دعا مانگنا عن اسامة بن زید کنت ردیف النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعرفات فرفع یدیہ یدعو فمالت بہ ناقتہ فسقط خطامھا فتناول الخطام باحدی یدیہ وھو رافع یدہ الاخری ترجمہ اسامہ بن زید سے روایت ہی مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تہا عرفات مین اپنے دونون ہاتھ اوٹھاے دعا مانگنے کو اتنے مین اونٹنی مڑے تو اوسکی نکیل چوٹ پڑی اپنے ایک ہاتھ سے نکیل تہامی اور ایک ہاتھ اوٹھاے رہی عن عائشة قالت کانت قریش تقف بالمزدلفة ویسمون الحمس وسائر العرب تقف بعرفة فامر اللہ تبارک وتعالیٰ نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یقف بعرفة ثم یدفع منھا فانزل اللہ عزوجل ثم افیضوا من حیث افاض الناس ترجمہ حضرت عائشہ سے روایت ہی قریش کے لوگ مزدلفہ مین ٹہرتے اور باقی عرب کے لوگ عرفات مین ٹہرتے اور قریش کو حمس کہتے کیونکہ حمس اُس کی جمع ہی اور احمس قریشی کو کہتے ہین اسلیے کہ وہ اپنے دین مین سخت ہوتا ہی اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر کو حکم دیا عرفات مین ٹہرنیکا پھر عرفات سے لوٹنے کا اور فرمایا لوٹو جہان سے لوگ لوٹتے ہین لوگ عن جبیر بن مطعم قال ضللت بعیرلی فذھبت اطلبہ یوم عرفة فرایت النبی صلی اللہ علیہ وسلم واقفا فقلت ما شان ھذا انہ لمن الحمس ترجمہ جبیر بن مطعم سے روایت ہی میرا ایک اونٹ کہو گیا مین اوسکو ڈہونڈہنے چلا گیا عرفات پر عرفے کے دن مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پایا وہان ٹہرے ہوے مینے کہا ان کو یہ کیا ہوا یہ تو حمس مین سے ہین (یعنی قریش کے لوگون مین سے انکو تو مزدلفہ مین ٹہرنا تہا جو حرم کے اندر ہی نہ عرفات مین قریش کہتے ہم اللہ کے لوگ ہین تو اللہ کے حرم سے باہر نہ ٹہرینگے) عن یزید بن شیبان قال کنا وقوفا بعرفة مکانا بعیدا من الموقف فاتانا ابن مربع الانصاری فقال انی رسول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الیکم یقول کونوا علی مشاعرکم فانکم علی ارث من ارث ابیکم ابراھیم علیہ السلام ترجمہ یزید بن شیبان سے روایت ہی ہم عرفات مین ٹہرنے کی جگہ سے دور تہے انہ مین ابن مربع ہماری پاس آیا اور کہنے لگا مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بہیجا ہوا ہون آپ فرماتے ہین

اپنی اپنی ٹہکانوں پر (جو اگلے زمانے سے مقرر ہیں) رہو اس لیے کہ تم وارث ہو اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کے **عن** جعفر بن محمد حدثني ابي قال اتينا جابر بن عبد الله فسألناه عن حجة النبي صلى الله عليه وسلم فحدثنا ان نبي الله صلى الله عليه وسلم قال عرفة كلها موقف **ترجمہ** امام جعفر صادق سے روایت ہے میں نے اپنے باپ سے سنا وہ کہتے تھے میں جابر بن عبد اللہ انصاری پاس گیا اور ان سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حج کو انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عرفات سارا ٹھہرنے کی جگہ ہے **فرض** الوقوف بعرفة عرفات میں ٹھہرنا فرض ہے **عن** عبد الرحمن بن يعمر قال شهدت رسول الله صلى الله عليه وسلم فاتاه ناس فسألوه عن الحج فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم الحج عرفة من ادرك ليلة عرفة قبل طلوع الفجر من ليلة جمع فقد ادرك الحج **ترجمہ** عبد الرحمن بن یعمر سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس موجود تھا اتنے میں کچھ لوگ آئے اور حج کو پوچھنے لگے آپ نے فرمایا حج عرفات میں ٹھہرنا ہے جس شخص نے عرفے کی رات پائی مزدلفہ کی رات کی صبح ہونے سے پہلے (یعنی دسویں تاریخ کی صبح سے پہلے) اوسکا حج پورا ہو گیا (اگرچہ ایکساعت ہی اوسوقت کے اندر عرفات میں ٹھہرا ہو) **عن** الفضل بن عباس قال افاض رسول الله صلى الله عليه وسلم من عرفات وردفه اسامة بن زيد فما زال يسير على هيئته حتى انتهى الى جمع **ترجمہ** فضل بن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عرفات سے لوٹے اور آپکے ساتھ اسامہ بن زید سوار تھے تو اونٹنی آپ کو لیکر چلی اور آپ اپنے دونوں ہاتھ اوٹھائے تھے (دعا کے لیے) لیکن سیدھی اونٹنی تھی پھر اسی حالت سے آپ چلتے رہے یہانتک کہ مزدلفہ میں پہونچے **عن** ابن عباس ان اسامة بن زيد قال افاض رسول الله صلى الله عليه وسلم من عرفة وانا رديفه فجعل يكبح راحلته حتى ان ذفراها ليكاد يصيب قادمة الرحل وهو يقول يا ايها الناس عليكم بالسكينة وكلما وقر افاض البر اكيش في بطاح **ترجمہ** ابن عباس سے روایت ہے اسامہ بن زید نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرفات سے لوٹے میں آپکے ساتھ سوار تھا آپ اپنی اونٹنی کے نکیل کھینچنے لگے (آہستہ چلانے کے لیے) یہانتک کہ اوسکا کانوں کی جڑ پالان کے برابر آنے لگیں اور آپ فرماتے تھے ای لوگو لازم کرو اپنی اوپر آہستگی اور نرمی کو (یعنی سہولت سے چلو) کیونکہ اونٹ دوڑانا کچھ نیکی نہیں ہے بلکہ دوڑنے میں خوف ہے لوگوں کو ایذا پہونچنے کا اس لیے کہ ہجوم بہت ہوتا ہے) **امر** بالسكينة في افاضة من عرفة عرفات سے لوٹتے وقت آہستہ چلنے کا حکم **عن** ابن عباس يقول لما دفع رسول الله صلى الله عليه وسلم شنق ناقته حتى ان رأسها ليصيب مورك رحله وهو يقول للناس السكينة السكينة عشية عرفة **ترجمہ** ابن عباس سے روایت ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عرفات سے لوٹے تو اپنے اونٹنی کے نکیل کھینچی یہانتک کہ سر اوسکا پالان کے لکڑی سے چھونے لگا اور آپ فرماتے تھے لوگوں سے آہستہ آہستہ چلو عرفے کی شام کو **عن** الفضل بن عباس كان رديف رسول الله صلى الله عليه وسلم ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال في عشية عرفة وغداة جمع للناس حين دفعوا

عَلَيْكُمُ السَّكِينَةَ وَهُوَ كَافٌّ نَاقَتَهُ حَتَّى إِذَا دَخَلَ مُحَسِّرًا وَهُوَ مِنْ مِنًى قَالَ عَلَيْكُمْ بِحَصَى الْخَذْفِ الَّذِي يُرْمَى بِهِ فَلَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ ترجمہ فضل بن عباس سے روایت ہی وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سوار تھے آپ نے فرمایا عرفے کی شام کو اور مزدلفہ کی صبح کو جب لوگ چلے اس لوگو آرام پکڑو اور آپ کے تھے اپنی اونٹنی کو یہانتک کہ بطن محسر میں آئے جو منا میں ہی فرمایا لازم پکڑو چھوٹی چھوٹی کنکریاں پھر آپ لبیک کہتے رہے یہانتک کہ جمرہ عقبہ کو مارا اوسوقت سے لبیک موقوف کی عن جابر قال افاض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلیہ السکینۃ واوضع فی وادی محسر وامرھم ان یرموا الجمرۃ بمثل حصی الخذف ترجمہ جابر رض سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عرفات سے لوٹے اطمینان سے اور جلدی چلایا اونٹ کو بطن محسر میں (جو ایک وادی ہی درمیان منا اور مزدلفی کے) اور حکم کیا لوگون کو چھوٹی چھوٹی کنکریان مارنیکا عن جابر رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم افاض من عرفۃ جعل یقول السکینۃ عباد اللہ یقول بیدہ ھکذا واشار ایوب بباطن کفیہ الی السماء ترجمہ جابر رض سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عرفات سے لوٹے فرماتے تھے اطمینان سے چلو ہے بندو اللہ کے ہاتھ سے اشارہ کرتے تھے۔ ایوب نے جو راوی ہی اس حدیث کا اپنی ہتیلی سے اشارہ کیا آسمان کیطرف **کیف** السیر من عرفۃ عرفات سے کیونکر چلنا چاہیے عن اسامۃ بن زید انہ سئل عن مسیر النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی حجۃ الوداع قال کان یسیر العنق فاذا وجد فجوۃ نص والنص فوق العنق ترجمہ اسامہ بن زید سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع میں کیونکر چلتے تھے اونہون نے کہا عنق سے (جو ایک متوسط چال ہی نہ جلدی نہ دیر) جب جگہ پاتے تو نص کرتے اور نص عنق سے زیادہ ہی عن اسامۃ بن زید ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم حین افاض من عرفۃ مال الی الشعب قال فقلت لہ اتصلی المغرب قال المصلی امامک ترجمہ اسامہ بن زید سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب عرفات سے لوٹے تو پہاڑ کی گھاٹی کیطرف چلے مینے کہا میں مغرب کی نماز پڑھ لون آپنے فرمایا نماز کی جگہ آگے ہے عن اسامۃ بن زید قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نزل الشعب الذی ینزلہ الامراء فبال ثم توضأ ولم یسبغ وضوءہ خفیفا فقلت یا رسول اللہ الصلوۃ قال الصلوۃ امامک فلما اتینا المزدلفۃ لصلی ثم اناخ الناس حتی صلی ترجمہ اسامہ بن زید رض سے روایت ہی رسول اللہ صلعم اوس گھاٹی میں اترے جہان سردار اترتے ہین اور پیشاب کیا پھر ایک ہلکا وضو کیا میں نے کہا یا رسول اللہ نماز آپ نے فرمایا نماز آگے ہے جب ہم مزدلفہ میں آئے تو آپ نے خیمہ کے لوگ اوتری ہی نہ تھے آپ نے نماز پڑھ لی **الجمع بین الصلاتین بالمزدلفۃ** مزدلفی میں دو نمازین ملاکر پڑھنا عن ابی ایوب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمع بین المغرب والعشاء بجمع ترجمہ ابو ایوب سے روایت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمع کیا مغرب اور عشا کو مزدلفی میں (یعنی دو نمازین عشا کیوقت پڑھین) عن ابن مسعود ان النبی صلی اللہ علیہ

وسلم جمع بين المغرب والعشاء بجمع ترجمہ ابن سوید سلمی سے روایت ہے عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم جمع بين المغرب والعشاء بجمع بإقامة واحدة لم يسبح بينهما ولا على إثر كل واحدة منهما ترجمہ ابن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمع کیا مغرب اور عشا کو ایک تکبیر سے مزدلفہ میں دونوں کے بیچ میں نفل نہیں پڑھا اور دونوں میں ایک کے بعد نفل پڑھا عن عبيد الله بن عبد الله ان اباه قال جمع رسول الله صلى الله عليه وسلم بين المغرب والعشاء ليس بينهما سجدة صلى المغرب ثلث ركعات وصلى العشاء ركعتين وكان عبد الله بن عمر يجمع كذلك حتى لحق بالله عز وجل ترجمہ عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے انکے باپ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمع کیا مغرب اور عشا کو ان دونوں کے بیچ میں کوئی نماز نہ پڑھی مغرب کے تین رکعتیں پڑھیں پھر عشا کی دو رکعتیں پڑھیں اور عبد اللہ بن عمر بھی اسیطرح جمع کرتے رہے یہانتک کہ اللہ جل جلالہ سے جا ملے عن ابن عمر قال صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم المغرب والعشاء بجمع بإقامة والصلاة ترجمہ ابن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب اور عشا کو مزدلفہ میں ایک تکبیر سے پڑھی عن كريب قال سألت أسامة بن زيد وكان رديف رسول الله صلى الله عليه وسلم عشية عرفة فقلت كيف فعلتم قال أقبلنا نسير حتى تعنا الرائد فأناخ فصلى المغرب ثم ربعت إلى القوم فأناخوا في منازلهم فلم يحلوا حتى صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم العشاء الآخرة ثم حل الناس فنزلوا فلما اصبحنا انطلقت على رجلي في سباق قريش وردفه الفضل ترجمہ کریب سے روایت ہے انہوں نے اسامہ بن زید سے پوچھا اور وہ سواری کا ساتھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عرفے کی شام کو میں نے کہا تم نے کیا کیا انہوں نے کہا ہم چلتے رہے وعرفات ہی یہانتک کہ مزدلفہ میں آئے وہاں اپنے اونٹ بٹھایا پھر مغرب کی نماز پڑھی اور لوگوں کو کہلا بھیجا ان سب نے اپنے اپنے ٹھکانوں میں اونٹ بٹھائے ہی وہ سب اور تو چکے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عشا کی نماز پڑھی پھر لوگ اترے جب صبح ہوئی تو میں پیدل چلا قریش کے آگے چلنے والوں کے ساتھ اور فضل بن عباس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سوار ہوئے فقدم النساء والصبيان إلى منازلهم بمزدلفة عورتوں اور بچوں کو آگے بھیج دیا مزدلفہ میں تاکہ ہجوم میں انکو تکلیف نہ ہو عن ابن عباس يقول أنا ممن قدم النبي صلى الله عليه وسلم ليلة المزدلفة في ضعفة أهله ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے میں ان لوگوں میں تھا جنکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے لوگوں میں سے ضعیف سمجھ کر آگے بھیج دیا تھا مزدلفہ کی رات کو عن ابن عباس قال كنت فيمن قدم النبي صلى الله عليه وسلم ليلة المزدلفة في ضعفة أهله ترجمہ وہی جو اوپر گزرا عن الفضل ان النبي صلى الله عليه وسلم أمر ضعفة بني هاشم أن ينفروا من جمع بليل ترجمہ فضل بن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی ہاشم کے ضعیف لوگوں کو (یعنی عورتوں بچوں کو) حکم کیا مزدلفہ سے رات ہی کو چلے جانے کا (منا کو تاکہ وہاں میں ہجوم سے تکلیف نہ ہو) عن أم حبيبة أن النبي صلى الله عليه وسلم رخص أن تغلس من جمع الرعي ترجمہ ام حبیبہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم نے انکو حکم کیا مزدلفہ سے چلے جانیکا اندھیرے منہ منا کو عَنْ اُمِّ حَبِيبَةَ قَالَتْ كُنَّا نُغَلَّسُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ إِلَى مِنًى ترجمہ ام المومنین ام حبیبہ نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے مین مزدلفہ سے اندھیرے منہ منا کو چلے آتے تھے الرُّخْصَةُ لِلنِّسَاءِ فِي أَفَاضَةٍ مِنْ جَمْعٍ قَبْلَ الصُّبْحِ عورتون کو مزدلفہ سے لوٹنے کی اجازت فجر ہونے سے پہلے عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّمَا أَذِنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَوْدَةَ فِي الْإِفَاضَةِ قَبْلَ الصُّبْحِ مِنْ جَمْعٍ لِأَنَّهَا كَانَتِ امْرَأَةً ثَبِطَةً ترجمہ ام المومنین عائشہ رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دی سودہ کو مزدلفہ سے لوٹنے کی فجر ہونے سے پہلے اس لیے کہ وہ موٹی عورت تھین الْوَقْتُ الَّذِي يُصَلِّي فِيهِ الصُّبْحَ بِالْمُزْدَلِفَةِ مزدلفہ مین فجر کی نماز کس وقت پڑہی عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى صَلَاةً قَطُّ إِلَّا لِمِيقَاتِهَا إِلَّا صَلَاةَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِجَمْعٍ وَصَلَاةَ الْفَجْرِ يَوْمَئِذٍ قَبْلَ مِيقَاتِهَا ترجمہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی نہین دیکھا کسی نماز کو بے وقت پڑہتے ہوے مگر مغرب اور عشا کی نماز مزدلفہ مین اور فجر کی نماز بھی اوسدن وقت سے پہلی پڑہی ف یعنی جو وقت مقرر تھا اوس سے پہلے پڑہی نہ یہ کہ طلوع فجر سے پہلے پڑہی اور حنفیہ نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے فجر کو دیر سے پڑہنے کا حالانکہ یہ استدلال اس حدیث سے تمام نہین ہوتا کیونکہ حدیث مین تصریح نہین ہے کہ ہمیشہ آپ فجر کی نماز روشنی مین پڑہا کرتے فَمَنْ لَمْ يُدْرِكْ صَلَاةَ الصُّبْحِ مَعَ الْإِمَامِ بِالْمُزْدَلِفَةِ جس شخص کو مزدلفہ مین فجر کی نماز امام کے ساتھ نہ ملے عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفًا بِالْمُزْدَلِفَةِ فَقَالَ مَنْ صَلَّى مَعَنَا صَلَاتَنَا هَذِهِ هَهُنَا ثُمَّ أَقَامَ مَعَنَا وَقَدْ وَقَفَ قَبْلَ ذَلِكَ بِعَرَفَةَ لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَقَدْ تَمَّ حَجُّهُ ترجمہ عروہ بن مضرس سے روایت ہے مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا مزدلفہ مین ٹھہرے ہوے آپنے فرمایا جس نے ہمارے ساتھ یہ نماز (فجر کی) اس جگہ پڑہی پھر ہمارے ساتھ ٹھہرا رہا اور اوس سے پہلے رات یا دن مین (نویں تاریخ کو) عرفات مین ٹھہرا اوسکا حج پورا ہوگیا عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَدْرَكَ جَمْعًا مَعَ الْإِمَامِ وَالنَّاسِ حَتَّى يُفِيضَ مِنْهَا فَقَدْ أَدْرَكَ الْحَجَّ وَمَنْ لَمْ يُدْرِكْ مَعَ النَّاسِ وَلَا الْإِمَامِ فَلَمْ يُدْرِكْ ترجمہ عروہ بن مضرس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے مزدلفہ امام اور لوگون کے ساتھ پایا وہان سے لوٹنے تک اوس نے حج پایا اور جسنے امام اور لوگون کے ساتھ نہ پایا اوس نے حج نہ پایا عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَمْعٍ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي أَقْبَلْتُ مِنْ جَبَلَيْ طَيِّئٍ لَقَدْ أَدْلَعْتُ جَبَلَيْهِمَا إِلَّا وَقَفْتُ عَلَيْهِ فَهَلْ لِي مِنْ حَجٍّ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى هَذِهِ الصَّلَاةَ مَعَنَا وَقَدْ وَقَفَ قَبْلَ ذَلِكَ بِعَرَفَةَ لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَقَدْ تَمَّ حَجُّهُ وَقَضَى تَفَثَهُ ترجمہ عروہ بن مضرس سے روایت ہے مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امام مزدلفہ مین آیا اور مینے کہا یا رسول اللہ مین طے کے پہاڑون سے آتا ہون مینے کوئی ٹیلہ نہین چھوڑا جسپر ٹھہرا ہون تو کیا حج میرا ہوگیا آپنے فرمایا جس شخص نے ہمارے ساتھ یہ نماز (یعنی فجر کی نماز) پڑہی اور اس سے پہلے وہ عرفات مین (دسوین) یا نوین ※

دن چڑھ آیا اور سکاج پورا ہو گیا اور اوس نے اپنا میل کچیل صاف کیا **عَنْ** عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ لَامٍ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَمْعٍ فَقُلْتُ هَلْ لِي مِنْ حَجٍّ فَقَالَ مَنْ صَلَّى هٰذِهِ الصَّلٰوةَ مَعَنَا وَوَقَفَ هٰذَا الْمَوْقِفَ حَتّٰى يُفِيضَ وَأَفَاضَ قَبْلَ ذٰلِكَ مِنْ عَرَفَاتٍ لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَقَدْ تَمَّ حَجُّهُ وَقَضٰى تَفَثَهُ ترجمہ وہی جو اوپر گزرا **عَنْ** عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ الطَّائِيِّ قَالَ أَتَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ أَتَيْتُكَ مِنْ جَبَلَيْ طَيِّءٍ أَكْلَلْتُ مَطِيَّتِي وَأَتْعَبْتُ نَفْسِي مَا بَقِيَ مِنْ حَبْلٍ إِلَّا وَقَفْتُ عَلَيْهِ فَهَلْ لِي مِنْ حَجٍّ فَقَالَ مَنْ صَلّٰى صَلٰوةَ الْغَدَاةِ هٰهُنَا مَعَنَا وَقَدْ أَتٰى عَرَفَةَ قَبْلَ ذٰلِكَ فَقَدْ قَضٰى تَفَثَهُ وَتَمَّ حَجُّهُ ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔ اتنا زیادہ ہے کہ میں طی کے پہاڑوں سے آیا ہوں میں نے اپنی اونٹنی کو تھکایا اور اپنی جان کو تھکایا **عَنْ** عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْمُرَ الدِّيلِيِّ قَالَ شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَةَ وَأَتَاهُ نَاسٌ مِنْ نَجْدٍ فَأَمَرُوا رَجُلًا سَأَلَهُ عَنِ الْحَجِّ فَقَالَ الْحَجُّ عَرَفَةُ مَنْ جَاءَ لَيْلَةَ جَمْعٍ قَبْلَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ فَقَدْ أَدْرَكَ حَجَّهُ أَيَّامُ مِنًى ثَلٰثَةُ أَيَّامٍ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِي يَوْمَيْنِ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ وَمَنْ تَأَخَّرَ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ثُمَّ أَرْدَفَ رَجُلًا فَجَعَلَ يُنَادِي بِهَا فِي النَّاسِ ترجمہ عبدالرحمن بن یعمر دیلی سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ موجود تھا عرفہ میں کچھ لوگ نجد کے آئے تھے انہوں نے ایک شخص سے کہا آپ سے پوچھیے حج کو آپ نے فرمایا حج کیا ہے عرفات میں ٹھہرنا جو شخص دسویں رات تک بھی فجر نکلنے سے پہلے عرفات میں آجاوے اوس نے حج پالیا اور منا میں رہنے کے تین دن ہیں جو جلدی کرے دو دن میں چلا جاوے اوس پر گناہ نہیں اور جو دیر کر کے جاوے اوس پر بھی گناہ نہیں پھر آپ نے ایک شخص کو اپنی ساتھ سوار کر لیا کہ لوگوں میں اوسکو پکار دیوے **عَنْ** جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُزْدَلِفَةُ كُلُّهَا مَوْقِفٌ ترجمہ جابر بن عبداللہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مزدلفہ تمام کا تمام ٹھہرنے کی جگہ ہے **التَّلْبِيَةُ** ثُمَّ دَفَعَ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ مُلَبِّيًا ترجمہ مزدلفہ میں لبیک کہنا **عَنْ** عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ وَنَحْنُ بِجَمْعٍ سَمِعْتُ الَّذِي أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ يَقُولُ فِي هٰذَا الْمَكَانِ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ ترجمہ عبدالرحمن بن یزید سے روایت ہے عبداللہ بن مسعود نے کہا اور ہم مزدلفہ میں تھے میں نے سنا اوس شخص سے جس پر سورہ بقر اتری اس جگہ فرماتا تھا لبیک اللھم لبیک **وَقْتُ** الْإِفَاضَةِ مِنْ جَمْعٍ مزدلفہ سے کوچ کرنے کا وقت **عَنْ** عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ يَقُولُ شَهِدْتُ عُمَرَ وَبِجَمْعٍ فَقَالَ إِنَّ أَهْلَ الْجَاهِلِيَّةِ كَانُوا لَا يُفِيضُونَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَيَقُولُونَ أَشْرِقْ ثَبِيرُ وَإِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالَفَهُمْ ثُمَّ أَفَاضَ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ ترجمہ عمرو بن میمون سے روایت ہے میں حضرت عمرؓ کے ساتھ موجود تھا مزدلفہ میں اوہنوں نے کہا جاہلیت کے لوگ مزدلفہ سے نہیں لوٹتے تھے جبتک آفتاب نہ نکلتا اور کہتے چمک جا اے ثبیر (جو ایک پہاڑ کا نام ہے مزدلفہ میں) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اون کا خلاف کیا آپ لوٹے آفتاب نکلنے سے پہلے **الرُّخْصَةُ** لِلضَّعَفَةِ أَنْ يُصَلُّوا يَوْمَ النَّحْرِ الصُّبْحَ بِمِنًى ضعیف لوگوں کو رخصت ہے کہ (مزدلفہ سے رات ہی کو لوٹ جاویں) صبح کی نماز منا میں آکر دسویں تاریخ کو **عَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ يَقُولُ أَرْسَلَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ضَعَفَةِ أَهْلِهِ فَصَلَّيْنَا الصُّبْحَ بِمِنًى وَرَمَيْنَا الْجَمْرَةَ ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنی ضعیف لوگون کے ساتھ (یعنی عورتون بچون کے) روانہ کر دیا تو ہم نے صبح کی نماز منا میں پڑھی اور کنکریان ماریں **عن** ام المؤمنین عائشۃ قالت وددت انی استاذنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کما استاذنتہ سودۃ فصلیت الفجر بجمع قبل ان یاتی الناس وکانت سودۃ امراۃ ثبیلۃ ثبطۃ فاستاذنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاذن لہا فصلت الفجر بمنی ودمت قبل ان یاتی الناس ترجمہ ام المؤمنین عائشہ رضہ سے روایت ہے میں نے چاہا کہ میں بھی اجازت لیتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جیسے اجازت لی تھی سودہ نے اور فجر کی نماز منا میں پڑھتی لوگون کے آنے سے پہلے اور سودہ تو ایک بھاری بھرکم عورت تھیں انہون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی آپنے اجازت دی انہون نے فجر کی نماز منا میں پڑھی اور لوگون کے آنے سے پہلے کنکریان ماریں **عن** مولاۃ لاسماء بنت ابی بکر قال حججت مع اسماء بنت ابی بکر رمینا بلیل فقلت لہا لقد حبسنا منا بقلیل فقالت قد کنا نصنع ہذا مع من ہو خیر منک ترجمہ اسماء بنت ابی بکر کے ایک غلام سے روایت ہے میں اسماء کے ساتھ منا میں آیا اندھیری میں میں نے کہا ہم منا میں پہونچی اندھیری رات میں (حالانکہ دن کو آنا چاہیے) اسماء نے کہا ہم ایسا ہی کرتے تھے اوس شخص کے ساتھ جو تجھ سے بہتر تھا **عن** عروۃ قال سئل اسامۃ بن زید وانا جالس معہ کیف کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یسیر فی حجۃ الوداع حین دفع قال کان یسیر العنق فاذا وجد فجوۃ نص ترجمہ عروہ سے روایت ہے یعنی اسامہ بن زید سے پوچھا اور میں اونکے ساتھ بیٹھا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع میں کیونکر چلتے تھے مزدلفہ سے لوٹتے وقت اونہون نے کہا آپ چلاتی تھی اونٹنی کو لیکن جب جگہ پاتے تو دوڑاتے **عن** الفضل بن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للناس حین دفعوا عشیۃ عرفۃ وغداۃ بجمع علیکم بالسکینۃ وہو کاف ناقتہ حتی اذا دخل منی ہبط حین ہبط محسرا قال علیکم بحصی الخذف الذی یرمی بہ الجمرۃ قال وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم یشیر بیدہ کما یخذف الانسان ترجمہ فضل بن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب عرفے کی شام کو لوٹے اور مزدلفی کی صبح کو تو فرمایا اے لوگو اطمینان سے چلو اور آپ روکے ہوئے تھے اونٹنی کو جب منا میں آئے اور بطن محسر میں اوترے تو فرمایا پھوٹی چھوٹی کنکریان مارو جمرے پر اور اپنی ہاتھ سے اشارہ کیا جیسے آدمی کنکری مارتا ہے **لا یضاع** فی وادی محسر بطن محسر میں اونٹ جلدی دوڑانا **عن** جابر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اوضع فی وادی محسر ترجمہ جابر رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جلدی اونٹ دوڑایا وادی محسر میں (جو ایک مقام ہے قریب منا کی مزدلفی سے آتے ہوئے اوسکو محسر اسلیے کہتے ہیں کہ وہان اصحاب الفیل کا ہاتھی تھک کر گر گیا تھا **عن** جعفر بن محمد عن ابیہ قال دخلنا علی جابر بن عبد اللہ فقلت اخبرنی عن حجۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دفع من المزدلفۃ قبل ان تطلع الشمس واردف الفضل بن عباس حتی اتی محسرا حرک قلیلا ثم سلک الطریق الوسطی التی تخرج علی الجمرۃ

الکبری حتی فی الجمرۃ التی عند الشجرۃ فرماہ بسبع حصیات یکبر مع کل حصاۃ منہا حصی الخذف رمی من بطن الوادی ترجمہ امام جعفر صادق سے روایت ہے انہوں نے سنا اپنے باپ امام محمد باقر سے کہا ہم جابر بن عبداللہ پاس گئے اور پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حج کا حال انہوں نے کہا رسول اللہ صلعم مزدلفی سے لوٹے آفتاب نکلنے سے پہلے اور فضل بن عباس کو اپنے ساتھ بٹھالیا جب محسر میں آئے تو اونٹ کو ذرا تیز کیا پھر بیچ کی سیدھی سے چلے جہاں سے جمرہ کبریٰ پر نکلتے ہیں یہاں تک کہ اس جمرے کے پاس آئے جو درخت کے پاس ہے اور سات کنکریاں ایسی ہر کنکری کو ساتھ تکبیر کہی چھوٹی کنکریاں وادی کے اندر کیطرف سے **التلبیۃ** فی السیر چلتے وقت لبیک کہنا **عن** الفضل بن عباس رضی اللہ عنہ کان ردیف النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلم یزل یلبی حتی رمی الجمرۃ ترجمہ فضل بن عباس سے روایت ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سوار تھے آپ لبیک کہتے ہی یہاں تک کہ جمرہ کو مارا۔ **القطا** الحصی کنکریاں چنا **عن** ابی العالیۃ قال قال ابن عباس قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غداۃ العقبۃ وھو علی راحلتہ ہاتی القط لی فلقطت لہ حصیات ھن حصی الخذف فلما وضعتھن فی یدہ قال بامثال ھؤلاء وایاکم والغلو فی الدین فانما اھلک من کان قبلکم الغلو فی الدین ترجمہ ابوالعالیہ سے روایت ہے مجھسے ابن عباس نے کہا کہ مجھسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکریاں مارنے کی صبح کو فرمایا اور آپ اپنی اونٹنی پر تھی آپ سے میں نے کنکریاں چنیں میں کنکریاں چنیں چھوٹی چھوٹی (جنکو دو انگلیوں سے پھینکتے ہیں) جب میں نے وہ کنکریاں آپکے ہاتھ میں رکھیں تو آپنے فرمایا ہاں اسیطرح کی کنکریاں مارو اور دین میں سختی کرنیسے پہلے جو تم سے لوگ تباہ ہوگئی دین میں تشدد (سختی اور حد سے زیادہ بڑھانے) سے **من این** یلقط الحصی کنکریاں کہاں سے چنی جاویں **عن** الفضل بن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للناس حین دفعوا عشیۃ عرفۃ وغداۃ جمع علیکم بالسکینۃ وھو کاف ناقتہ حتی اذا دخل منی فسبط حین ھبط محسرا قال علیکم بحصی الخذف الذی ترمی بہ الجمرۃ قال والنبی صلی اللہ علیہ وسلم یشیر بیدہ کما یخذف الانسان ترجمہ فضل بن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب لوگ عرفے کی شام کو اور مزدلفی کی صبح کو لوٹے سو لوگو ٹھہر ٹھہر کر اطمینان سے چلو اور آپ اپنی اونٹنی کو روکے ہوئے تھے جب منی میں آئے اور وادی محسر میں اترے تو فرمایا لازم کرو اپنی اوپر چھوٹی چھوٹی کنکریاں جن سے جمرہ کو مارتی ہیں اور آپ اپنے ہاتھ سے اشارہ کرتی تھے جیسی انسان کنکری پھینکتا ہے **قدر** حصی الرمی کتنی بڑی کنکریاں مارے **عن** ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غداۃ العقبۃ وھو واقف علی راحلتہ القط لی فلقطت لہ حصیات ھن حصی الخذف فوضعتھن فی یدہ وجعل یقول بامثال ھؤلاء ووصف یحیی خضخضھن فی یدہ بامثال ھؤلاء ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکریاں مارنے کے دن صبح کو مجھسے فرمایا آپ اونٹ پر تھی کنکریاں چن میرے لیے میں نے کنکریاں چنیں چھوٹی چھوٹی اور آپ کے ہاتھ میں رکھیں آپ اون کو ہاتھ میں ہلاتی تھے یحیی

نے جو راوی ہے اس حدیث کا بیان کیا (اسطرح ہلاتے تھے) اور فرماتے تھے ہاتھ سے اسطرح کی کنکریاں مارو **الرکوب**
الی الجمار واستقبال المحرم سوار ہو کر کنکریاں مارنا اور محرم پر سایہ کرنا **عن** ام حصین قالت حججت فی حجۃ
النبی صلی اللہ علیہ وسلم فرایت بلالا یقود بخطام راحلتہ واسامۃ بن زید رافع علیہ ثوبہ یظلہ من الحر
وھو محرم حتی رمی جمرۃ العقبۃ ثم خطب الناس فحمد اللہ واثنی علیہ وذکر قولا کثیرا ترجمہ ام حصین سے روایت ہے
یعنی حج کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تو بلال کو دیکھا وہ آپ کی اونٹنی کی مہار کھینچ رہے تھے اور اسامہ بن زید اپنی
کپڑے سے آپ پر سایہ کیے تھے آپ احرام باندھے ہوئے تھے یہاں تک کہ انہوں نے کنکریاں ماریں جمرہ عقبہ کو پھر خطبہ سنایا لوگوں کو اور
اللہ کی تعریف اور ثنا کی اور بہت باتیں فرمائیں **عن** قدامۃ بن عبداللہ قال رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم یرمی جمرۃ العقبۃ یوم النحر علی ناقۃ لہ صہباء لا ضرب ولا طرد ولا الیک الیک ترجمہ قدامہ بن
عبداللہ سے روایت ہے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا دن نحر کے جمرہ عقبہ کو کنکریاں مارتے ہوئے آپ ایک
اونٹنی پر سوار تھے جو سرخ اور سفید تھی نہ مارتے تھے نہ ہانکتے تھے نہ ہٹو ہٹو کہتے تھے **عن** جابر بن عبداللہ یقول رایت رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یرمی الجمرۃ وھو علی بعیرہ وھو یقول یا ایھا الناس خذوا مناسککم فانی لا
ادری لعلی لا احج بعد عامی ھذا ترجمہ جابر بن عبداللہ سے روایت ہے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جمرہ
کو مارتے تھے اونٹ پر سوار اور فرماتے تھے اے لوگو اپنے حج کے کام سیکھ لو اس لیے کہ شاید اس سال کے بعد پھر میں حج نہ کروں (ایسا ہی
ہوا پھر آپ کی وفات ہو گئی) **وقت** رمی جمرۃ العقبۃ یوم النحر جمرہ عقبہ دسویں تاریخ کو وقت مارنے **عن**
جابر قال رمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الجمرۃ یوم النحر ضحی ورمی بعد یوم النحر اذا زالت الشمس ترجمہ
جابر رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دسویں تاریخ کنکریاں ماریں آفتاب نکلنے کے بعد اور بعد دسویں تاریخ کے (
گیارہویں بارہویں کو) دوپہر ڈھلے **النہی** عن رمی جمرۃ العقبۃ قبل طلوع الشمس آفتاب نکلنے سے پہلے کنکریاں مارنے
کی ممانعت **عن** ابن عباس قال بعثنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اغیلمۃ بنی عبدالمطلب علی حمرات لنا نلطح
افخاذنا ویقول ایبنی لا ترموا جمرۃ العقبۃ حتی تطلع الشمس ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے ہم لڑکوں کو عبدالمطلب کے گدھوں پر سوار کر کے روانہ کیا ہماری رانوں پر مارتے تھے اور فرماتے تھے اے بیٹو
سورج جمرہ عقبہ پر کنکریاں نہ مارنا یہاں تک کہ آفتاب نکلے **عن** ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قدم اھلہ
فامرھم ان لا یرموا الجمرۃ حتی تطلع الشمس ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے
گھر کے لوگوں کو آگے بھیجدیا اور حکم کیا کہ کنکریاں نہ ماریں جبتک آفتاب نہ نکلے **الرخصۃ** فی ذلک للنساء
عورتوں کو آفتاب نکلنے سے پہلے کنکریاں مارنے کی اجازت **عن** عائشۃ ام المومنین ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم امر خدری نسائہ ان تنفرن من جمع لیلۃ بجمع فمضین فی جمرۃ العقبۃ فرمینھا وتصبح فی منزلھا وکان

عَصَاهُ يَعْقِلُهُ حَتَّى مَاتَ ترجمہ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ایک بی بی کو حکم کیا تھا کہ اپنے سی کو جہ کر جانیکا اوسی رات کو اور جمرہ عقبہ پاس انکر رمی کرنیکا پھر اپنی جگہ پر آنیکا عطا بھی ایسا ہی کرتے تھے یہانتک کہ گئے الرمی بعد المسا شام ہوی پر رمی کرنا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْئَلُ أَيَّامَ مِنًى فَيَقُولُ لَا حَرَجَ فَسَأَلَهُ رَجُلٌ فَقَالَ حَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ أَذْبَحَ قَالَ لَا حَرَجَ فَقَالَ رَجُلٌ رَمَيْتُ بَعْدَ مَا أَمْسَيْتُ قَالَ لَا حَرَجَ ترجمہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لوگ پوچھتے تھے منا کے دنوں میں (حج کے مسائل کو آپ ذبح سے پہلے تو کچھ حرج نہیں ایک شخص نے کہا میں نے سر منڈایا قربانی سے پہلے آپنے فرمایا کچھ حرج نہیں دوسرا بولا میں نے کنکریاں اندھیرا ہونے کے پیچھے آپنے فرمایا کچھ حرج نہیں رَمْيِ الرِّعَاءِ اونٹ چرانیوالوں کی رمی کا بیان عَنْ أَبِي الْبَدَّاحِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لِلرِّعَاءِ أَنْ يَرْمُوا يَوْمًا وَيَدَعُوا يَوْمًا ترجمہ ابو البداح بن عاصم اپنے باپ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دی اونٹ چرانیوالوں کو ایک دن رمی کی اور ایک دن رمی نہ کی اس لیے کہ وہی ہر روز منی میں نہیں آسکتے اپنے اونٹوں کو دور لیجا کر چرانے کو لیے عَنْ عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لِلرِّعَاءِ فِي الْبَيْتُوتَةِ يَرْمُونَ يَوْمَ النَّحْرِ وَالْيَوْمَيْنِ اللَّذَيْنِ بَعْدَهُ يَجْمَعُونَهُمَا فِي أَحَدِهِمَا ترجمہ عاصم بن عدی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رخصت دی چرواہوں کو منا میں رات کو نہ رہنے کی وہ رمی کرلیں دن نحر کے اور دو دن تاریخ پھر دونوں کو ایک دن کرلیں الْمَكَانُ الَّذِي يُرْمَى مِنْهُ جَمْرَةُ الْعَقَبَةِ جمرہ عقبہ کی رمی کہاں سے کریں عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ يَعْنِي ابْنَ يَزِيدَ قَالَ قِيلَ لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ إِنَّ نَاسًا يَرْمُونَ الْجَمْرَةَ مِنْ فَوْقِ الْعَقَبَةِ قَالَ فَرَمَى عَبْدُ اللَّهِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِي ثُمَّ قَالَ مِنْ هَهُنَا وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ رَمَى الَّذِي أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ ترجمہ عبد الرحمن بن یزید سے روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہا لوگ جمرہ کی رمی گھاٹی کے اوپر سے کرتے ہیں عبد اللہ نے گھاٹی کے اندر سے رمی کی اور کہا قسم اوسکی جسکے سوا کوئی سچا معبود نہیں ہے یہیں سے رمی کی اوس شخص نے جسپر سورہ بقرہ اوتری یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ رَمَى عَبْدُ اللَّهِ الْجَمْرَةَ بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ جَعَلَ الْبَيْتَ عَنْ يَسَارِهِ وَعَرَفَةَ عَنْ يَمِينِهِ وَقَالَ هَهُنَا مَقَامُ الَّذِي أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ ترجمہ عبد الرحمن بن یزید سے روایت ہے عبد اللہ بن مسعود نے کنکریاں اترین سات خانہ کعبہ اون کے بائیں طرف کھڑا اور عرفات داہنی طرف اور کہا یہ مقام ہے اوسکا جس پر سورہ بقرہ اوتری عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ رَأَيْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِي ثُمَّ قَالَ هَهُنَا وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ مَقَامُ الَّذِي أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ ترجمہ وہی جو اوپر گزرا عَنْ أَنَّ عُمَرَ سَمِعَ صِيَاحَ النَّاسِ يَقُولُ لَا تَقُولُوا سُورَةُ الْبَقَرَةِ قُولُوا السُّورَةُ الَّتِي يُذْكَرُ فِيهَا الْبَقَرَةُ وَذَكَرَتْ ذَلِكَ لِإِبْرَاهِيمَ فَقَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ أَنَّهُ كَانَ مَعَ عَبْدِ اللَّهِ حِينَ رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ فَاسْتَبْطَنَ الْوَادِي وَاسْتَعْرَضَهَا يَعْنِي الْجَمْرَةَ فَرَمَاهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ وَكَبَّرَ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ فَقُلْتُ إِنَّ نَاسًا

يَسْعَدُ فِي الْجَبَلِ فَقَالَ لَهُمْ هَذَا وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ رَأَيْتُ الَّذِي أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ رَمَى تَرجمہ اعمش نے کہا میں نے حجاج سے سنا اوہنوں نی کہا مت کہو سورہ بقر لیکن یوں کہو وہ سورت جسمیں بقر کا ذکر ہے میں نے ابراہیم سے بیان کیا اوہنوں نے کہا مجھ سے عبدالرحمن بن یزید نے کہا وہ عبداللہ بن مسعود کے ساتھ تھے جب اوہنوں نے جمرہ عقبہ کی وہ وادی کے اندر آئے اور جمرہ کو سامنے کیا اور سات کنکریاں اوس پر کنکری کے ساتھ تکبیر کہی ہن نے کہا بعضے لوگ یہاں پر پیر بیٹھے ہیں (کنکریاں مارنے کو) اوہنوں نے کہا قسم ہے اوس کی جسکے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے میں نے اوس شخص کو دیکھا جسپر سورہ بقر اوتری یہیں سے رمی کی ف تو عبداللہ بن مسعود نے سوہ بقر کہا پس معلوم ہوا کہ سورہ بقر کہنا درست ہے اور حجاج کا خیال غلط تھا عَنْ جَابِرٍ أَتَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَى الْجَمْرَةَ بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمِي الْجِمَارَ بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ ترجمہ جابر سے روایت ہے میں نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک چھوٹی چھوٹی کنکریاں مارتے تھے عَادَ الْحَصَى الَّتِي يُرْمَى بِهَا الْجِمَارَ کتنی کنکریاں مارے عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ دَخَلْنَا عَلَى جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ فَسَأَلْتُ أَخْبِرْنِي عَنْ حَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَى الْجَمْرَةَ الَّتِي عِنْدَ الشَّجَرَةِ بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ مِنْهَا حَصَى الْخَذْفِ رَمَى مِنْ بَطْنِ الْوَادِي ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى الْمَنْحَرِ فَنَحَرَ ترجمہ نام محمد باقر نامی سے روایت ہے میں نے جابر سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حج کا حال اوہنوں نی کہا آپنے چھوٹی چھوٹی سات کنکریاں مارین اوس جمرے پر جو درخت کے پاس ہے ہر کنکری مارتے وقت تکبیر کہی وادی کے اندر سے پھر قربانی کی گئی پر آئے اور قربانی کی عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ لَقَدْ رَجَمْنَا فِي الْحَجَّةِ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَعْضُنَا يَقُولُ رَمَيْتُ بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ وَبَعْضُنَا يَقُولُ رَمَيْتُ بِسَبْعٍ فَلَمْ يَعِبْ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ ترجمہ مجاہد سے روایت ہے سفیان نے کہا ہم لوگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج کر کے کوئی کہتا تھا میں نے برسات کنکریاں ماریں کوئی کہتا تھا میں نے چھ کنکریاں ماریں اور کسی نے دوسرے پر عیب نہ کیا عَنْ أَبِي الْجَلْدِ يَقُولُ سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ شَيْءٍ مِنْ أَمْرِ الْجِمَارِ فَقَالَ مَا أَدْرِي رَمَاهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْعٍ أَوْ بِسَبْعٍ ترجمہ ابوالجلد نے کہا میں نے ابن عباس سے کنکریوں کو پوچھا اوہنوں نے کہا مجھے یاد نہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھ کنکریاں ماریں یا سات اَلتَّكْبِيرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ ہر کنکری کے ساتھ تکبیر کہنا عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنْتُ رِدْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَزَلْ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ رَمَاهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ ترجمہ فضل بن عباس سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوار تھا آپ لبیک کہتے رہے یہانتک کہ کنکریاں ماریں جمرہ عقبہ پر سات ہر کنکری سے تکبیر کہی قَطَعَ الْمُحْرِمُ التَّلْبِيَةَ إِذَا رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ کنکریاں مارتے ہی لبیک موقوف کرا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ كُنْتُ رِدْفَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا زِلْتُ أَسْمَعُهُ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ فَلَمَّا رَمَى قَطَعَ التَّلْبِيَةَ ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے

فضل بن عباس نے کہا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سوار تھا میں منتظر تھا آپ لبیک کہی جاتی تھی یہاں تک کہ کنکریاں ماریں جمرہ عقبہ پر اوس وقت لبیک موقوف کی عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ الْفَضْلَ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ كَانَ رَدِيْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَّهٗ لَمْ يَزَلْ يُلَبِّيْ حَتّٰى رَمَى الْجَمْرَةَ ترجمہ وہی جو اوپر گزرا عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ كَانَ رَدِيْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَزَلْ يُلَبِّيْ حَتّٰى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ ترجمہ وہی جو اوپر گزرا اَلدُّعَاءُ بَعْدَ رَمْيِ الْجِمَارِ کنکریاں مارنے کے بعد دعا کرنا عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَبْلَغَنَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رَمَى الْجَمْرَةَ الَّتِيْ تَلِي الْمَسْجِدَ مُتَرَسِّلًا رَمَاهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ ثُمَّ تَقَدَّمَ اَمَامَهَا فَوَقَفَ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ رَافِعًا يَدَيْهِ يَدْعُوْ طَوِيْلًا الْوُقُوْفَ ثُمَّ مَاشَى الْجَمْرَةَ الثَّانِيَةَ فَرَمَاهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ كُلَّمَا رَمَى بِحَصَاةٍ ثُمَّ يَخِيْدُ ذَاتَ الشِّمَالِ فَيَقِفُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ رَافِعًا يَدَيْهِ يَدْعُوْ ثُمَّ يَاْتِي الْجَمْرَةَ الَّتِيْ عِنْدَ الْعَقَبَةِ فَيَرْمِيْهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ وَلَا يَقِفُ عِنْدَهَا قَالَ الزُّهْرِيُّ سَمِعْتُ سَالِمًا يُحَدِّثُ بِهٰذَا عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهٗ ترجمہ ابن شہاب زہری سے روایت ہے ہمکو پہونچا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رمی کرتے اوس جمرہ کی جو مسجد کی نزدیک ہے تو سات کنکریاں اور مارتے ہر کنکری مارتے وقت تکبیر کہتے پھر آگے بڑھتے اور قبلہ کیطرف منہ کرکے کھڑے ہوتے دونوں ہاتھ اوٹھاتے (دعا کیلیے) بڑی دیر تک کھڑے رہتے پھر دوسرے جمرہ پاس آتے اوسکو سات کنکریاں مارتے ہر کنکری پر تکبیر کہتے پھر بائیں طرف ٹرتے اور قبلہ کو سامنے منہ کرکے کھڑے ہوتے دونوں ہاتھ اوٹھاکر دعا کرتے پھر جمرہ عقبہ پاس آتے (جو سب کے آخر میں ہے مسجد سے) اوسپر سات کنکریاں مارتے وہاں نہیں ٹھہرتے زہری نے کہا میں نے یہ حدیث سالم سے سنی وہ اپنے باپ ابن عمر سے نقل کرتے تھے ابن عمر ایسا ہی کرتے تھے (یہ گیارہویں بارہویں کے رمی کا بیان ہے کیونکہ دسویں تاریخ صرف جمرہ عقبہ کی رمی کرتے ہیں) بَابُ صَابِطِ لِلْمُحْرِمِ بَعْدَ رَمْيِ الْجِمَارِ محرم جب کنکریاں مار چکی تو اوسکو کیا درست ہوگا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِذَا رَمَى الْجَمْرَةَ فَقَدْ حَلَّ لَهٗ كُلُّ شَيْءٍ اِلَّا النِّسَاءَ قِيْلَ وَالطِّيْبَ قَالَ اَمَّا اَنَا فَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْضَمِّخُ بِالْمِسْكِ اَفَطِيْبٌ هُوَ ترجمہ ابن عباس نے کہا جب کنکریاں مارلیں تو سب چیزیں درست ہوگئیں (جو احرام میں منع تھیں) مگر عورتوں سے صحبت کرنا وہ بعد طواف الزیارۃ کے درست ہوگا) ایک شخص نے کہا خوشبو درست ہے اونہوں نے کہا میں نے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ مشک لپیٹتے تھے مشک خوشبو کہا ہے

آخر المناسک جج کے احکام تمام ہوئے ۱۲ الحمد للہ خدا کے فضل اور امداد سے ربع ثانی پورا ہوگیا کتاب مقدس سنن نسائی شریف کا یعنی نصف اول تمام ہوا اب خدا سے امید ہے کہ وہ اسی طرح نصف ثانی کو بھی تمام کردیگا اپنے فضل و احسان سے

واللہ المستعان وعلیہ التکلان

تم النصف الاول من کتاب النساء ویتلوہ النصف الثانی ان شاء اللہ تعالیٰ